(*c*) the steps the Government have undertaken or intend to undertake in order to eliminate this disease.

The Honourable Makhdumzada Syed Muhammad Alamdar Hussain Shah Gilani:

(*a*) 1,30,000.

(*b*) 15,00,000.

(*c*) Every possible effort has been, and is being made to reduce the incidence of the disease and anti-malaria work is being simultaneously carried out in the rural as well as urban areas.

In the rural areas a five years plan was introduced in 1952 and intensive measures were adopted in the worst affected localities. The plan, when completed will have covered the entire area where the incidence of the disease is high enough to be a matter of concern. As for the urban areas, anti-malaria schemes have been introduced in Lahore, Sheikhupura, Lyallpur, Multan, Jaranwala, Montgomery, Rawalpindi, Sialkot and Sargodha with the co-operation of local bodies. Besides preventive schemes, anti-malaria drugs have been distributed in the rural areas on a vast scale as a routine measure. In addition to this, all hospitals and dispensaries are well supplied with anti-malaria drugs and facilities of treatment.

Mr. C. E. Gibbon: Could the Honourable Minister of Health inform the House if the scheme started in 1952 was so ineffective that fifteen lakhs of people still continue to suffer from this disease ?

Mr. Speaker: What is the questin ?

Mr. C. E. Gibbon: Sir, my question is that could the Honourable Minister of Health inform the House about the number of people suffering from this disease when the scheme was started.

Mr. Speaker: The Honourable Minister cannot give the answer straightaway.

Mr. C. E. Gibbon: This scheme which was started in 1952-53-54, did it have any material effect in reducing the number of people suffering from Malaria ?

Minister : The incidence of disease has been reduced below normal.

Mr. C. E. Gibbon: Will the Honourable Minister inform the House what is the incidence of Malaria in the Province ?

Mr. Speaker: Disallowed.

Rana Gul Muhammad Noon: May I ask the Honourable Minister of Health whether it is a fact that Malaria is on the increase since this scheme was started and it has had no effect on reducing the disease?

Minister: No.

TONGAS, BICYCLES AND RAIRAWALAS.

*3448. **Mian Muhammad Shafi:** Will the Honourable Minister of Health be pleased to state :—

(*a*) the number of Tongas, in Lahore in the year 1955;

(*b*) the number of bicycles in Lahore in the year 1955;

(*c*) the number of rairawalas in Lahore in the year 1955;

(*d*) the number of the vehicles mentioned in part (*a*), (*b*), and (*c*) above separately, immediately before partition.

The Honourable Syed Makhdumzada Muhammad Alamdar Hussain Shah Gilani:

(*a*) 3,227.

(*b*) F'gures not available.

(*c*) 1,953.

(*d*) (*a*) 3,961 (*b*) Figures not available (*c*) 1,354.

RATE PER MAUND OF SUGAR MANUFACTURED AT MARDAN.

*3367. **Mr. C. E. Gibbon:** Arising out of the answer given to starred question No. 445, asked by Sardar Muhammad Zafrullah, M. L. A. on 29th February, 1952, will the Honourable Minister of Development be pleased to state the rate per maund at which sugar manufactured at Mardan (Premier Sugar Mills) was purchased by the Punjab Government ?

Parliamentary Secretary: (MR. SHAMIM AHMAD KHAN) : The Policy in 1952, was that the Punjab Government did not make purchases direct from the sugar mills at Mardan. Whatever quantity was allocated by the Central Government to this Province, it was re-allocated to the whole-sale dealers of the various districts, who used to make purchases by making payments direct to the mills at the rate of Rs. 42 per maund.

Mr. C. E. Gibbon: Would it be possible for the Parliamentary Secretary to say why during the war years sugar was available in Lahore at forty rupees a maund and sugar is now available at forty-two rupees ?

Parliamentary Secretary: I require fresh notice for it.

Mian Muhammad Shafi: Is it correct to say that sugar is imported into Pakistan at the rate of eighteen rupees per maund ?

Parliamentary Secretary: No.

Mian Muhammad Shafi: Is the Parliamentary Secretary prepared to accept a challenge that the price of sugar imported into Pakistan is eighteen rupees ?

Parliamentary Secretary : That is quite wrong.

سید محی الدین لال بادشاہ: کیا میں دریافت کر سکتا ہوں کہ حکومت اس وقت فیکٹری والوں کو کیا قیمت دے رہی ہے اور لوگوں سے کیا قیمت وصول کر رہی ہے ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری : سوال ۱۹۵۲ کے متعلق پوچھا گیا ہے ۔

سید محی الدین لال بادشاہ: ۱۹۵۲ء کے متعلق ہی فرما دیجئے کہ کیا قیمت دی گئی تھی اور کیا وصول کی گئی تھی ۔ منافع کتنا تھا ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری: اس کے لئے نوٹس کی ضرورت ہے ۔

Saiyad Amir Hussain Shah : If the Parliamentary Secretary cannot give information relating to 1952, is he prepared to give the same information relating to 1954-55 ?

Parliamentary Secretary : If due notice is given, I will give the information.

LEAVE OF ABSENCE

Mr. Speaker: I have received the following telegram from Mr. Salehon Muhammad, M. L. A. :—

"ILL CANNOT ATTEND".

The question is—

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

Mr. Speaker: I have received the following application from Syed Haji Shah Qadri Gilani, M. L. A. :—

"گذارش ہے کہ مورخہ ۷ مارچ ۱۹۵۵ء کو پنجاب لیجسلیٹو اسمبلی کا جو اجلاس لاہور میں شروع ہو رہا ہے میں اس میں بوجہ علالت طبع و کمزوری کے حاضر ہونے سے قاصر ہوں ۔لہذا درخواست ہے کہ تا اختتام اجلاس رخصت عطا فرمائی جاوے۔"

The question is—

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

Mr. Speaker: I have received the following application from Chaudhri Muhammad Sadiq Wahla, M. L. A. :—

"I am suffering from liver and stomach troubles and therefore, cannot attend the Assembly Sessions. It is requested that I may be exempted from attending this session and oblige"

The question is—

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

Mr. Speaker: I have received the following telegram from Malik Nur Muhammad, M. L. A. :—

"MOTHER DIED CANNOT ATTEND".

The question is—

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

THE PUNJAB DEVELOPMENT FUND CESS BILL.

Minister of Revenue: (The Honourable Mr. Muzaffar Ali Khan Qizilbash) Sir, I beg to move—

That the Punjab Development Fund Cess Bill be taken into consideration at once.

Mr. Speaker : Motion moved is—

That the PunjabFund Cess Bill be taken into consideration at once.

Mr. C. E. Gibbon : (PAKISTANI CHRISTIAN AND ANGLO-PAKISTANI III): Sir, I beg to move—

That the Punjab Development Fund Cess Bill be circulated for the purpose of eliciting public opinion thereon by the 31st March, 1955.

Sir, it was brought to the notice of the House in the year 1947-48, when a resolution was passed by this House, that there should be a Muhajir Fund Cess in order that funds should be made available to meet the situation arising out of the influx of refugees. We were then assurred that this was a very temporary sort of measure and that as soon as the refugees or their immediate requirements were met, this form of taxation i. e., in the form of cess, would not be imposed once again on the citizens. Now that happened after the passing of that resolution. The Bill was introduced in the House and I see from the previous reports that there was hardly the slightest opposition to the measure. for the very simple reason that at that time we considered it to be a good measure. Funds were needed, funds had to be obtained and we felt that this was the only way in the circumstances which then existed to raise the required money. Again, in the year following, the Muhajir Fuud Cess Bill was brought before the House. I see in the year following the same arguments were advanced, the same reasons were given for imposing the cess and so it is going on from year to year, from Ministry to Ministry until it came up last year in the form of a Development Fund Cess Bill. But the statement of objects and reasons happens to be exactly the same as the statement of objects and reasons of the Muhajir Fund Cess Bill and I then pointed out, Sir, that this was not the way for a stable administration or a stable Government to raise money ostensibly for development or for the settlement of displaced persons but actually in order to balance the budget deficiency. It had also been noticed that in the budget presented in previous years, loans taken from the public had not been shown on the deficit side of the budget. It was a good thing but in the last presentation of the budget those public loans were shown. But if public loan is to be taken as part and parcel of public deficit, then all that I can say is for you to balance your deficit from another public fund. To come before this House each year with this sort of a bill in one garb or the other and tell us that it is required for some sort of development, such as schools, primary schools, roads and what not, is in fact to go on throwing dust in our eyes. Let us turn to your statement of objects and reasons for bringing forward this Bill again this year. Now you pass on to another stage. You say that the ever increasing population of the Province necessitates development of all available resources for providing food, work and amenities of life for the residents of the Punjab. Well now, Sir, I ask if that is not the fundamental performance of a democratic form of Government and if that is the argument which is advanced in this year for re-imposing this cess, all that I can say is that this Government is completely devoid of any sense of decency and is barren of any sense of effective administration. (Voices from Opposition: Shame, Shame). If I may use an old saying that leopards cannot change their nature's the picture of the form of Government usually follows from those who constitute its personnel. If it is a lanlord's government, as it obviously is, it follows the landlord practice and procedure of squeezing the last drop of blood out of the veins of tenants.If it is purely an industrial government, it follows exactly the same line by taking the last ounce of sweat out of the worker. But if it is a people's government, it reverses the policy by taking the blood out of the capitalists, the landlords and the men with leisure, who earn lakhs of rupees without doing any work at all. Now, Sir, if this landlord government is so keen to find funds for the basic essentials of a good Government, i. e., providing food, providing work and providing amenities of life for the people, let them tax the rich to provide food for the poor. Let these people, who do not work but earn large : amount of money from the sweat and

toil of the peasants go into the towns and cities and set up factories and industries where they caneasily give work to hundreds of unemployed citizens. But why should they do so when with their group of majority they can come forward year rafter year with this sort of measure of taxing the poor. Sir, I do not know whether or not this is to he the last of the sessions of this Legislature (Voices: No, no) but if it were so or found to be so, and if we are to be inflicted with this sort of Government for the rest of the years to come, then I would suggest that this Legislature be dissolved to-day. (Voices: Hear, hear). We cannot afford to go on having this sort of taxation forced upon us year after year merely because we have a large number of landlords sitting on the other side of the House. I have no personal quarrel with the landlords, no personal quarrel with the industrialists but I, no doubt, have a quarrel with the system which is employed for extracting money out of the workers. If only they could put their money to some better uses instead of wasting on wine and women, if only they could set up factories and industries where people could find work and food and shelter, it would not be necessary to come year after year with this type of legislation to strain the blood out of the veins of the poor peasants Letus consider the statement of objects and reasons and see how these people thoroughly expose themselves. The strange thing about it is that they appear to be so clever on the surface but so ignorant inwardly. Substantial amounts of money are being spent on the improvement of irrigation facilities, reclamation of land, provision of new schools and hospitals and construction of roads, etc. etc. Sir, I address myself to the Honourable Minister-in-charge of the Bill. You talk about food and basic essentials of life and try to justify that by throwing dust into our eyes. It has been admitted on the floor of this House only yesterday by an Honourable Minister that they do not have sufficient money to construct a road because the Central Government did not oblige. It has been admitted by the Honourable Minister of Health in the last session and even now that he has not got sufficient doctors and that the dispensaries are not properly equipped, etc. etc. Now, you want to impose this tax merely to balance the budget and in order to show to the people that you know how to make two and two four.

Mr. Speaker: Motion under consideration, amendment moved is—

That the Punjab Development Fund Cess Bill be Circulated for the purpose of eliciting public opinion thereon by the 31st March 1955.

چودھری محمد افضل چیمہ (لائل پور-۹-مسلم): حضور والا میری استدعا یہ ہے کہ Punjab Development Fund Cess Bill کو رائے عامہ دریافت کرنے کے لئے مشتہر کیا جائے۔

جیسا کہ آنریبل مسٹر گبن اس ایوان کے سامنے وضاحت فرما چکے ہیں کہ یہ بل حقیقت میں سابقہ مہاجر ٹیکس کا دوسرا نام ہے پچھلے بجٹ سیشن کے دوران میں وزیر اعلیٰ صاحب نے بڑے معذرت خواہانہ اور apologetic انداز میں اس بات کا اظہار فرمایا تھا کہ وہ بجٹ کے خسارہ کو پورا کرنے کے لئے مہاجر ٹیکس کو جاری رکھنے پر مجبور ہو گئے ہیں۔ لیکن اب کسی اور ہی طریق سے اس کے اجرأ کو جائز قرار دینے کی کوشش کی گئی ہے—

حضور والا۔ اس بل کے اغراض و وجوہ میں یہ بتایا گیا ہے کہ نئے نئے ہسپتالوں کا اجر ہوگا اور نئے نئے ترقیاتی منصوبوں کے ذریعہ سے ملک کی حالت بہتر بنائی جائے گی لیکن اس میں taxation کے ان اصولوں کو نظر انداز کر دیا گیا ہے جو دنیا بھر میں مسلمہ حیثیت رکھتے ہیں۔

اور جن کے سمجھنے کے لئے غیر معمولی ذہانت یا دقت نظر کی ضرورت نہیں ہوتی - جیسا کہ مجھ سے پہلے بیان کیا جا چکا ہے - اس سے غریب اور امیر کے امتیاز کو بالائے طاق رکھتے ہوئے سب لوگوں کو ایک ہی لاٹھی سے ہانکنے کی کوشش کی گئی ہے - اس میں ادنیٰ اور اعلیٰ کی تمیز روا نہیں رکھی گئی بلکہ اس میں تمام ایسے لوگوں کو جو صاحب استطاعت ہیں - جو بڑے تعیش و تجمل کی زندگی بسر کر رہے ہیں جنہیں زندگی کی تمام سہولتیں اور آسائشیں میسر ہیں اور ان لوگوں کو جو غریب اور مفلس ہیں سب کو ایک ہی نگاہ سے دیکھا گیا ہے اور ان کے مابین کوئی امتیاز روا نہیں رکھا گیا - حضور والا - یہ حقیقت ہے کہ ہماری ۸۰ فیصدی آبادی انتہائی غربت اور افلاس کی زندگی بسر کر رہی ہے - یہ لوگ یا تو شہروں کے مزدور ہیں یا دیہاتی آبادی کے غریب باشندے ہیں اور آپ ہی کے کہنے کے مطابق یہ قوم کی ریڑھ کی ہڈی ہیں اور جن کو مضبوط کرنے کے لئے آپ نے کبھی کوشش نہیں کی - حضور والا یہ وہ لوگ ہیں جن کو بنیادی ضروریات زندگی تک میسر نہیں ہیں - چہ جائیکہ آپ ان کا کا معیار زندگی بلند کرنے کی کوشش کرتے اور ان کی ترقی کے لئے تجاویز پیش کرتے آپ نے ان پر یہ بار عظیم ڈال دیا ہے اور پھر اسے موجودہ فصل خریف سے نافذ کرنے کی کوشش کی ہے -

حضور والا - فصلوں کی موجودہ حالت کسی لحاظ سے بھی اچھی نہیں - بارش کے فقدان کے باعث - طویل نہری بندیوں کی وجہ سے اور پھر مزارعین کی بے دخلی کے اعتبار سے، غرضیکہ ہر نقطہ نگاہ سے یہ لوگ اس بار گراں کے متحمل ہونے کے قابل نہیں ہیں - اس کے برعکس آپ کو چاہیئے تھا کہ آپ ان کی بجائے سگ نواز امرأ پر اس کا بار ڈالتے ان کے پاس زندگی بسر کرنے کے لئے تمام قسم کی آسائشیں میسر ہیں - حضور والا - یہاں ایسے لوگ موجود ہیں جو شکاری کتوں کی پرورش پر ہزارہا روپیہ صرف کرتے ہیں اور ایسے لوگ موجود ہیں جو گھوڑوں کو ناچ سکھانے کے لئے ہزارہا روپیہ خرچ کرتے ہیں اور ایسے لوگ بھی ہیں جن کے پاس کئی کئی موٹریں ہیں - اس لئے آپ کو چاہیئے تھا کہ سب لوگوں کو ایک ہی ڈنڈے سے ہانکنے کی بجائے ان میں مناسب امتیاز قائم رکھتے -

حضور والا - میں نے خاص طور پر اس مرحلہ پر یہ استدعا کی ہے کہ اس مسودہ قانون کو رائے عامہ دریافت کرنے کے لئے مشتہر کیا جائے - کیونکہ اس ایوان کے معزز اراکین کچھ عرصہ کے بعد ان لوگوں کے سامنے

پھر ووٹوں کی بھیک مانگنے کے لئے جائیں گے۔ جنہیں وہ آج تک تاش کے پتوں اور شطرنج کے مہروں سے زیادہ وقعت نہیں دیتے رہے۔ اور جن سے اب فریب دھی سے وہ پھر ووٹ حاصل کریں گے۔ اس لئے میں ان سے استدعا کرتا ہوں کہ آج وقت ہے کہ آپ دیانتداری سے ان لوگوں کی نمائندگی کریں۔ آج آپ کے لئے سنہری موقع ہے اگر آپ کو ان کی تکالیف کا احساس ہے اور آپ میں کچھ اخلاص موجود ہے تو آپ ان لوگوں کو سہولتیں بہم پہنچائیں اور حکومت کا ساتھ نہ دیں۔

حضور والا۔ اس سلسلہ میں دوسری چیز جو میں عرض کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ عوام کو اطمینان دلانے کے لئے حکومت نے اس بل میں ایسی کوئی شق نہیں رکھی جس سے ان کو اس بات کا یقین ہو کہ جو رقوم اس ٹیکس سے فراہم ہونگی انہیں اسی مقصد کے لئے صرف کیا جائیگا جسکے لئے وہ فراہم کی جائینگی اس مسودہ قانون میں اس امر کی کسی جگہ ضمانت نہیں دی گئی کہ جن لوگوں سے یہ رقوم فراہم کی جائینگی انہیں انہی کی فلاح و بہبود اور ترقی کے لئے استعمال کیا جائیگا۔ ایک اور چیز بھی میں عرض کرنا چاہتا ہوں اور وہ یہ ہے کہ معاملہ اراضی کے ساتھ کسی ٹیکس کا لگا دینا ایک ایسی temptation ہے جس کا شکار ملک کی ہر حکومت رہی ہے۔ اس طریقہ سے روپیہ کی فراہمی سہولت اور آسانی سے ہو جاتی ہے۔ جب شاہی مسجد کے لئے چندہ کی فراہمی کا سوال پیدا ہوا تھا تو معاملہ اراضی کے ساتھ دو پیسہ فی روپیہ ٹیکس لگا دیا گیا اور جب وار فنڈ کی ضرورت ہوئی تو پھر معاملہ اراضی کے ساتھ ٹیکس لگا دیا۔ اور جب مہاجرین کی آباد کاری کا مسئلہ پیش آیا تو معاملہ اراضی کے ساتھ ٹیکس لگا دیا گیا۔

میاں عبدالباری (لائلپور۔۷۔مسلم) : جناب صدر۔ میں نے یہ ترمیم محض اس لئے پیش کی ہے کہ اس سیس کے خلاف صدائے احتجاج بلند کرنے کے لئے قانونی نقطہ نگاہ سے اس کے سوا اور کوئی چارہ کار نہ تھا۔ حقیقت میں اگر اس سیس کی ماہیت اور حقیقت کو دیکھا جائے تو اس لحاظ سے اگر میں ایسا کر سکتا تو یہ تجویز پیش کرتا کہ اس بل کو اس ہاؤس کے سامنے کبھی پیش ہی نہ کیا جائے۔ جناب والا۔ اس مقتدر ایوان کے اکثر اراکین کا یہی خیال ہوگا اور انکا ضمیر محسوس کرتا ہوگا کہ قانون سازی کی تاریخ میں عوام پر شائد ایسا ''فریب،، کبھی مسلط نہیں کیا گیا جس طرح ڈویلپمنٹ سیس بل کو ڈویلپمنٹ کا نام

دیکر مسلط کیا جا رہا ہے۔ آپ سب جانتے ہیں کہ یہی ٹیکس آج سے سات سال پہلے مہاجر سیس کے نام سے پنجاب کے عوام پر لگایا گیا تھا جسوقت کہ قیامت برپا تھی یہ ٹیکس اس قیامت کا مقابلہ کرنے کے لئے لگایا گیا تھا اور پنجاب کے عوام نے خوشی خوشی اس چیز کو اس وقت منظور کیا۔ لیکن جناب والا مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ نون منسٹری نے جس سے ہمیں بہت سی توقعات وابستہ تھیں اس کا نام بدل کر ڈویلپمنٹ سیس بل رکھ دیا۔ اس سے ان کا مقصد یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس کو دائمی رنگ دے دیا جائے۔ جو بار زمیندار نے پہلے اٹھا لیا تھا اس کو مداومت دینے کے لئے اس کا نام ڈویلپمنٹ سیس بل رکھ دیا گیا ہے۔ دنیا میں کون سا ملک ایسا ہے جہاں ڈویلپمنٹس نہیں ہوئیں۔ ہر ملک میں ڈویلپمنٹس ہوتی رہی ہیں اور ہوتی رہینگی۔ کوئی پل بنانا ہوتا ہے۔ کوئی ریل کی لائن بچھائی ہوتی ہے اور کوئی ہسپتال بنانا ہوتا ہے لیکن اس طرح اکابرین حکومت کو اس کا پورا جواز حاصل ہو جائیگا کہ وہ ڈویلپمنٹ کا نام لیکر اس ٹیکس کو ملک کے عوام پر لگا دیں۔ جناب والا۔ یہ ٹیکس ایک ایسی آباد پر لگایا جا رہا ہے جن پر مالیہ اور آبیانہ کے سوا اور جن کے پاس بارانی زمینیں ہیں ان پر مالیہ کے سوا کوئی اور ٹیکس لگانا انتہائی قسم کی حماقت۔ انتہائی قسم کی بیوقوفی اور انتہائی قسم کی بد اخلاقی ہے۔ اس کی وجہ جناب والا یہ ہے کہ تجارت اور صنعت و حرفت سے آمدنی کی مقدار مقرر کی گئی ہے کہ اسقدر آمدنی پر ٹیکس نہیں لگایا جائیگا لیکن زرعی آمدنی پر ایک غریب سے غریب پر بھی ٹیکس لگایا جاتا ہے۔ جس کے پاس ایک کنال زمین ہو اور وہ اس کی کاشت کرے تو اس سے بھی یہ ٹیکس وصول کیا جاتا ہے اور اس چیز کی پرواہ نہیں کی جاتی کہ وہ اپنے بال بچوں کا پیٹ کیسے پالے گا۔ اندریں حالات بارانی زمین والے کو بھی اس میں شامل کیا گیا ہے۔ اور جن کے پاس زیادہ اراضی ہے ان میں مہاجرین بھی شامل ہیں اور وہ لوگ بھی شامل ہیں جو مقرر کردہ مالیہ کا چھ گنا لگان دے رہے ہیں۔ یہ ٹیکس کس لئے لگایا جاتا ہے۔ یہ ٹیکس جناب والا اس لئے لگایا جاتا ہے کہ وزراً صاحبان جب جھنگ جائیں تو ہوائی جہاز میں جائیں اور موٹر پر واپس آئیں۔ یہ ٹیکس ان کی آسائیشوں کے لئے اور کولروں coolers پر خرچ کرنے کے لئے لگایا جا رہا ہے۔ سیکریٹرئیٹ میں کتنے کولر چل رہے ہیں۔ ان لوگوں کو شرم نہیں آتی کہ انہوں نے آج سات سال کے بعد مہاجر سیس کا نام بدل کر ڈویلپمنٹ سیس بل رکھ دیا ہے۔ یہ ہماری اس وزارت کا پہلا کارنامہ ہے۔ ان کو

خیال نہیں آتا کہ ہم کیا کر رہے ہیں ۔ یہ لوگ انگریزی عہد کی پرانی روایات پر عمل کر رہے ہیں جن کا یہ مقصد ہوتا تھا کہ اونٹ جس قدر بوجھ اٹھاتا جائے اس پر لادتے جاؤ۔

جناب والا ۔ مجھے ایک فقرہ عرض کرنے کی اجازت دیجیئے او، وہ یہ کہ پچھلے سال اسمبلی میں کوئی تجویز پیش کئے بغیر انہوں نے بیک جنبش قلم باغات پر معاملہ دگنا کر دیا ۔ اور ان سے پوچھنے والا کوئی نہیں ۔ جناب والا ۔ یہ ایوان ایک رسی میں بندھا ہوا ہے او، وہ ہل نہیں سکتے ورنہ سب کے ضمیر میرے ساتھ ہیں (قہقہہ)

جناب والا ۔ بالاخر میں صرف یہ کہنا چاہتا ہوں کہ انگریز ہمارے ہمدرد نہیں تھے لیکن ان کو اتنی عقل اور شعور تھا او، وہ عوام پر اس قدر بوجھ ڈالتے تھے جس قدر کہ وہ اٹھا سکتے تھے وہ عوام پر اس قدر بوجھ نہیں ڈالتے تھے جس سے ان کی کمر دوھری ہو جائے اور وہ شدت درد اور تکلیف سے حکمران کی گردن مروڑ دیں ۔ ۔ دو سال کی غلامی کی وجہ سے انکو یہ بھی معلوم نہیں ہو سکا کہ حکومت کس طرح کی جاتی ہے ۔ میں حکومت کو متنبہ کرتا ہوں کہ اگر آپ نے اس چیز کا احساس نہ کیا تو اسکا نتیجہ یقیناً آپکو بھگتنا پڑیگا اور اگر عوام میں کمیونزم آیا تو اسکے ذمہ دار آپ ہونگے ۔ مجھے یقین ہے کہ اس ایوان کے معزز ممبران مجھ سے پوری طرح متفق ہونگے کہ اس ٹیکس سے زیادہ ظالمانہ ٹیکس اور کوئی نہیں ہو سکتا ۔

میاں محمد شفیع منٹگمری نمبر۷-مسلم مخصوص نشست) : جناب والا ۔ میں اپنی معروضات کا آغاز میر کے اس شعر سے کرنا چاہتا ہوں :—

چشم خوں بستہ سے کل رات لہو پھر ٹپکا
ہم تو سمجھے تھے کہ اے میر یہ آزار ہے کیا

حضور والا ۔ پنجاب کے زیرک ۔ فہمیدہ او، جہاندیدہ وزیر مال نے جب یہ بل پیش کیا تو میں حیران تھا کہ انہوں ۔ اس بل کے متعلق اپنے دل کی بات کیوں نہ کہی ۔ انہوں نے اس قسم کی بے سروپا ۔ لا یعنی اور بے معنی تقریر کیوں کی اور فرمایا کہ یہ بل پنجاب کی ترقیات کا بل ہے ۔ حضور والا ۔ میں اس بل کی حقیقت بیان کرنے سے پہلے اسکے ایک پس منظر کو جو کہ یونیورسل پس منظر ہے پیش کرنا چاہتا ہوں ۔ ۱۹۳۹ء میں دوسری جنگ عظیم شروع ہوئی اس میں یورپ روس اور چین کو شدید نقصان پہنچا ۔ وہ جنگ ۱۹۴۵ء میں ختم ہوئی ۔ آپکو معلوم ہے کہ جنگ ختم ہونے کے بعد ان ممالک کے لوگوں نے جو اس سے متاثر ہوئے تھے اپنی سوشل او، اقتصادی

زندگی کی تمام رعنائیوں کو دوبارہ حاصل کرنے کے لئے باقاعدہ منصوبے بنائے اور انتہائی محنت و کاوش اور زندگی کی کم سے کم ضروریات سے آشنا رکھنے کے لئے کچھ قربانیاں دیں۔ چنانچہ آپ نے دیکھا کہ یورپ میں جہاں بے حد مہنگائی تھی اور جہاں زندگی کی ضروریات مفقود تھیں۔ جرمنی میں جہاں لوگ تلاش رزق کیلئے صبح سے شام تک بھٹکتے پھرتے تھے اور جہاں سگریٹ کے لئے عصمتیں فروخت ہوتی تھیں وہاں ان لوگوں نے محنت، کاوش، منصوبہ بندی اور دیانتداری سے اپنے آپکو اس غار سے باہر نکالا۔ اور آج وہ ملک پھر زندگی کی تمام رفعتوں اور قدروں سے آشنا ہیں۔ وہ لوگ صنعتی میدان میں اور اقتصادی زندگی کے میدان میں از سر نو اپنا مقام حاصل کر چکے ہیں۔ اسی طرح ہندوستان پر بھی ایک بڑا زبردست دھماکا آیا اور وہ تقسیم کا دھماکہ تھا۔ اس دھماکے نے مشرقی پنجاب اور مغربی پنجاب کے نظام کو درہم برہم کر دیا۔ میں ذاتیات میں نہیں جاؤنگا۔ حضور والا۔ آپکو معلوم ہے کہ متحدہ پنجاب کی اینٹ سے اینٹ بج گئی اور ہم بھی کم و بیش ان حالات سے دو چار ہوئے جن سے کہ یورپ کے ممالک۔ روس اور دوسرے ممالک ہوئے۔ کیا ہمارے حکام نے ٹھنڈے دل سے واقعات کا جائزہ لیا۔ کیا انہوں نے یہ سوچا کہ ہمارے عوام کی ضروریات کیا ہیں۔ کیا انہوں نے یہ سوچا کہ ایڈمنسٹریشن کس طرح بہتر بنائی جا سکتی ہے۔ اور جو ۷۰ لاکھ مہاجرین یہاں آئے ہیں انکے بچاؤ کی کیا صورت ہے۔ قائد حزب اختلاف کے ارشادات سنکر میرا سینہ فخر سے چوڑا ہو گیا جب انہوں نے کہا کہ اس وقت لوگ زندگی اور موت کی کشمکش میں گرفتار ہیں اور ہمارے وزراً لکھوکھہا روپیہ کے خرچ سے اپنے کمروں میں cooling plants نصب فرما رہے ہیں۔ اسکے برعکس آپ ہندوستان کی حالت ملاحظہ فرمائیے۔ جنہیں ہم نفرت سے دھوتی پوش اور کافر کہتے تھے۔ مشرقی پنجاب کی حالت مغربی پنجاب سے خراب تر تھی۔ ان کے مسائل ہم سے بھی زیادہ کٹھن اور تلخ تھے۔ وہاں ایک نیا دارالحکومت بنا لیا گیا ہے۔ اگر آپ چاہیں تو میں ان کی کتابوں سے حوالے دے سکتا ہوں جو میں نے مشرقی پنجاب سے منگائی ہیں۔

حضور والا۔ یہ درست ہے کہ انکی پشت پر ہندوستان کی بڑی مضبوط حکومت تھی اور انکو اس سے مراعات بھی ملی تھیں لیکن میرے پاس facts and figures ہیں جن سے ثابت ہوتا ہے کہ انہوں نے کم سے کم امداد لی اور جو لی وہ بھی loan کی صورت میں لی۔ چنانچہ آج آپ واگہ پار کریں اور گڑگاؤں تک چلے جائیں تو آپ چپے چپے زمین پر دیکھیں گے کہ لوگ از سر نو

خوشحال ہو رہے ہیں۔ لوگوں کے دلوں میں ایک نئی امنگ پیدا ہو رہی ہے اور آج ہندوستان کے عوام میں اتنی جان ہے کہ وہاں کسی شخص کو اس بات کی جرأت نہیں ہوتی کہ وہ ڈکٹیٹری یا اس قسم کی احمقانہ باتیں کر سکے۔ لیکن ہم نے ہر موقع پر اور ہر قدم پر یہی سوچا کہ ہماری اپنی ذات کو کیا فائدہ ہوگا۔ پنجاب میں ایک نہایت زیرک انسان ہے اور وہ ہے دولتانہ۔ کسی وقت وہ میرا قائد تھا۔ لیکن جب وہ ——

Mr. Speaker : I cannot allow any personal discussion. Please stick to the motion.

میاں محمد شفیع : میں نون یا قزلباش کا ذکر نہیں کر رہا۔ یہ تو اسکے مقابلے میں کوئی حقیقت نہیں رکھتے۔ میں اسکا ذکر کر رہا ہوں جو سیاست کا نچوڑ ہے۔

Mr. Speaker : Please speak to the motion.

میاں محمد شفیع : اب انہوں نے بجٹ کے خسارہ کو پورا کرنے کے لئے عوام پر یہ ٹیکس تجویز کیا ہے لیکن اپنی تنخواہوں اور T. A.'s میں کمی کی طرف کوئی خیال نہیں فرمایا۔ جیسا کہ میاں صاحب نے کہا ہے اس قسم کے اقدامات سے باز رہنے سے انکی دھاندلیوں کا دور کیونکر پورا ہوگا۔ انکی نظر قہر ہر زمیندار اور ہر کسان پر ہی پڑتی ہے۔

آپ نے محسوس کیا ہوگا کہ آج پنجاب میں گندم کا بھاؤ تیزی سے گر رہا ہے اور نئی فصل آنے تک جب گندم کی قیمت مزید کم ہو جائے گی تو غریب زمینداروں اور کسانوں کو دو آنے فی روپیہ مزید ٹیکس دینا پڑیگا۔ ان لوگوں کا زندہ رہنا مشکل ہو جائے گا۔ میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ جس وقت آپ کوئی قانون تجویز کرتے ہیں تو پہلے اس چیز کو پیش نظر رکھیں کہ جو غریب طبقہ اسکا متحمل نہیں ہو سکتا اسکو ہر حالت میں اس سے مستثنیٰ کیا جائے۔ لیکن اس ٹیکس کا بوجھ زیادہ تر مزارعین پر پڑیگا۔ کیونکہ مالکان زمین انکو اس بات پر مجبور کرتے ہیں کہ بٹائی کے ساتھ مالیہ بھی وہی ادا کریں۔ مجھے افسوس ہے کہ آپکی تنگ مزاجی نے مجھے موقع نہیں دیا کہ میں یہ ثابت کر سکتا کہ ——

Mr. Speaker: I call upon the Honourable Member to resume his seat.
Mian Muhammad Shafi: Sir, let me finish.
Mr. Speaker : No.

Saiyad Amir Hussain Shah (Gujrat IV, Muslim) : Sir, in this connection I will refer to the arguments advanced last year in the budget session by the Honourable Chief Minister in support of this Bill. Sir, he had said "I would like to point out just now facts regarding the prices of wheat and cotton. Up to 1934 the water-rate on wheat was Rs. 5-4-0 per acre. From 1934 it was reduced to Rs. 4-4-0 per acre because the price of raw materials had fallen." I suppose, Sir, this is a mistake; probably he is referring to wheat. In 1934 the price of wheat had fallen to Rs. 2-1-0 per maund. Now, Sir, I can use the same arguments with greater justification in opposing this Bill.

Mr. Speaker: The Honourable Member is here to give his reasons for eliciting public opinion.

Saiyad Amir Hussain Shah : Justifying the renewal of the Cess, the Honourable Chief Minister had argued last year that every farmer had Rs. 3 extra per maund. Now, Sir, the price of wheat to-day has fallen to Rs. 6 per maund from Rs. 12-8-0 and it is likely to fall still further as soon as the harvest comes in. Now, if a gain of Rs. 3 per maund justifies the imposition of this Cess, then, Sir, by a fall of Rs. 6 per maund the cultivator not only loses Rs. 3, he had gained but also loses another three rupees into the bargain. Now, Sir, I suppose, my other arguments have already been put forward by my noble friend Mr. C. E. Gibbon and Mian Muhammad Shafi.

Qazi Murid Ahmad (Shahpur IV Muslim): Sir, I beg to move—

That the Punjab Development Fund Cess Bill be circulated for eliciting public opinion thereon by the 1st June, 1955.

حضور والا ۔ اس ترقیاتی فنڈ کی اغراض و وجوہ کے سلسلے میں جناب منسٹر صاحب نے فرمایا ہے کہ ''صوبے کی روز افزوں آبادی اس امر کی مقتضی ہے کہ باشندگان پنجاب کی خوراك ۔ کام اور آسائش حیات کے تمام موجودہ ذرائع کو ترقی دی جائے۔ لہذا آبپاشی کی سہولتوں ۔ اراضی کی بحالی ۔ نئے مدرسوں اور شفاخانوں کے اجرا۔ سڑکوں کی تعمیر نیز صنعتوں اور زراعت وغیرہ کی ترقی پر معتدبہ رقوم صرف کی جا رہی ہیں ۔

جناب والا مجھے اس بات کا اعتراف کرنا پڑتا ہے کہ کسی حکومت کو اپنا کاروبار حکومت چلانے کے لئے یقیناً ایک معقول رقم کی ضرورت ہوتی ہے لیکن جہاں تک ٹیکس کی تشخیص کا تعلق ہے اس کا جائز اور صحیح طریقہ یہ ہے کہ جس شخص سے ٹیکس لیا جا رہا ہے وہ کس حد تک ٹیکس ادا کر سکتا ہے ۔ زیر بحث بل میں اس بات کو قطعاً مد نظر نہیں رکھا گیا کہ کون ٹیکس دینے کی طاقت رکھتا ہے اور کون نہیں رکھتا ۔ بلکہ اس کے ذریعے ایک لاٹھی ہاتھ میں لے لی گئی ہے اور جو سامنے آتا ہے اس کا سر پھوڑ دیا جاتا ہے ۔ کم و بیش ۸۰ فیصدی کے قریب دیہاتی آبادی اس ٹیکس کا شکار ہو رہی ہے مجھے اچھی طرح معلوم ہے کہ جہاں تک سڑکوں، مدرسوں اور دیگر آسائش ہائے حیات کا تعلق ہے دیہاتیوں کو بہت بری طرح نظر انداز کر دیا جاتا ہے۔ یہ بجٹ دیکھکر مجھے ایک ہم جماعت دوست کی چالاکیاں یاد آ گئیں جب میں سکول میں پڑھتا تھا تو جہاں خاں نامی ایک لڑکا اکثر گھر سے بہانے بنا کر رقمیں لے آیا کرتا تھا۔ کبھی تو وہ اپنی ماں سے کہتا کہ آج میں نے translation خریدنا ہے تین روپے دے دو اور کبھی کہتا کہ آج میں نے conversation خریدنی ہے چار روپے دے دو۔ ان پڑھ ماں بچاری کیا جانے کہ translation کیا ہوتا ہے اور conversation کیا ہوتی ہے ۔ وہ تو یہ سمجھتی تھی کہ شاید translation کوئی اہم کتاب

ھےاور conversation اس سے بھی بڑی کتاب ھے ۔ لڑکا اسی طرح گھر سے رقوم لایا کرتا اور خوب دل کھول کر عیاشی کرتا ۔ اسی طرح جناب والا کہا تو جاتا ھے کہ ھسپتالوں، مدرسوں اور سڑکوں کے لئے روپیہ درکار ھے لیکن جب وزیر تعلیم صاحب سے تعلیم کے متعلق کوئی سوال پوچھا جاتا ھے تو گول کر جاتے ھیں میں نے پوچھا تھا کہ شاہپور ڈسٹرکٹ بورڈ کے ماتحت کتنے ھائی سکول ھیں اور ان میں کتنے ٹرینڈ اساتذہ ھیں تو موصوف نے ٹھیک ٹھیک جواب دینے سے گریز کیا ۔ ڈسٹرکٹ بورڈ شاہ پور میں ھائی سکولوں کی تعلیمی حالت اس قدر ناگفتہ بہ ھے کہ وھاں اڑھائی سو طالب علموں پر بھی ایک ٹرینڈ استاد نہیں ۔ پرائمری مدارس کی حالت اور زیادہ خراب ھے ۔

جناب والا کہا تو جاتا ھے کہ مدرسوں کے لئے ۔ خوراک کی صورت بہتر بنانے کے لئے ۔ سڑکیں بنانے کے لئے حکومت کو اس ٹیکس کی ضرورت ھے۔ لیکن حقیقت یہ ھے کہ یہ سارے کا سارا روپیہ دوسرے فضول کاموں پر صرف کر دیا جائے گا ۔ جیسا کہ پہلے ھوتا رھا ھے ۔

حضور والا ۔ بات اسی لڑکے والی ھے کہ ٹیکس تو translation کے نام پر اور conversation کےنام پر وصول کیا جاتا ھے مگر اس کو خرچ ھوائی جہازوں کے سفر پر کیا جاتا ھے یا بڑی بڑی تنخواھوں والے چند افسروں پر خرچ کیا جاتا ھے ۔ اور اگر اس ٹیکس سے وصول شدہ رقم کو خرچ کرنے کے لئے کوئی مد پسند نہ آئے تو پھر بے چارے خضر حیات خاں کو اڑھائی یا تین کروڑ روپیہ دے دیا جاتا ھے ۔ جس طرح عزیز جہاں خاں translation اور conversation پر خرچ کرنے کے لئے روپیہ اپنی ماں سے لیتا تھا اور اس سے گنڈیریاں کھاتا تھا یا سینما دیکھتا تھا بعینہ ھماری حکومت اس رقم کا کافی حصہ فضول خرچ کر دیتی ھے ۔

حضور والا ۔ میں کیا عرض کروں ۔ اگر سڑکیں بنتی ھیں تو بیچارے دیہاتیوں کو ان سے محروم رکھا جاتا ھے ۔ سڑکیں تو صرف ان علاقوں میں بنتی ھیں جن میں امیروں کی کاریں چلتی ھیں ۔ کہا تو یہ جاتا ھے کہ فلاں دیہاتی علاقے میں اتنے میل لمبی سڑک بنائی جائے گی اس لئے اتنے لاکھ کی رقم بجٹ میں منظور کر دی جائے ۔ مگر بعد میں اس رقم کو شیر مادر کی طرح پی لیا جاتا ھے کسی تعمیری اور ترقیاتی کام پر صرف نہیں کیا جاتا۔ اس طرح عرام کی آنکھوں میں دھول جھونکی جا رھی ھے ۔ جناب والا جب مسلم لیگ اسمبلی پارٹی میں دیہاتی عوام کے نمائندے اگر ان

وعدوں کو پورا کرنے کا مطالبہ کرتے ہیں تو انہیں غدار کہا جاتا ہے۔ اور ان کی زبان بند کر دی جاتی ہے۔ حضور والا میں ۱۹۵۱ سے متواتر دیکھ رہا ہوں کہ سڑکوں کے لئے جو رقوم مخصوص کی جاتی ہیں وہ ساری کی ساری وزراً یا بہت بڑے صاحب اثر ایم۔ایل۔اے حضرات کے علاقوں میں صرف کر دی جاتی ہیں۔ تا کہ ان وزراً اور امراً کی Buick کاروں پر گرد و غبار نہ پڑے۔ حکومت کو دیہاتیوں کی فلاح و بہبود کی قطعاً کوئی پروا نہیں ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ نیا ٹیکس دیہاتی عوام پر ایک بار گراں ہے اور اس کا مقصد سوائے اس کے کچھ نہیں کہ اس ٹیکس کی آمدنی سے وزراً اپنے لئے عیش و عشرت کا سامان پیدا کریں جب ہمارے سابق وزیر اعظم خواجہ ناظم‌الدین صاحب سرگودھا میں دورہ پر تشریف لائے تو انہوں نے پوچھا یہاں کے لوگوں کی اصل خوراک کیا ہے؟ میں نے وہاں جو جواب دیا تھا معزز رکن میاں محمد سعید قریشی اور معزز رکن میاں ممتاز محمد خاں دولتانہ جو اس وقت وہاں موجود تھے۔ یقیناً میری تائید کرینگے کہ میں نے وہاں یہ کہا تھا کہ ضلع شاہ پور کے لوگوں کی اصل خوراک باجرے کی روٹی اور لسی ہے۔ اس پر خواجہ صاحب نے فرمایا کہ یہ بھی میرے لئے منگوا لیجیئے۔ سبحان اللہ! (قہقہہ) اب لسی اور باجرے کی روٹی منگوانے کا انتظام ڈاک بنگلہ میں اتنا آسان نہ تھا نواب زادہ صاحب اور میاں ممتاز صاحب کمرے سے باہر نکل کر میرے پیچھے پڑ گئے کہ قاضی صاحب! اب آپ ہی باجرے اور لسی کا انتظام بھی کریں۔ ہم اب کہاں سے منگوائیں میں نے کہا میں انتظام تو کردونگا لیکن جناب خواجہ صاحب کو اتنا عرض کر دو کہ اگر موصوف دو چار لقمے کھا گئے۔ تو پھر یہ روٹی اور لسی اپیل سے بھی نہیں نکلے گی۔ (قہقہہ) باجرا لسی کھانا اور اسے ہضم کرنا ہم دیہاتیوں کا ہی کام ہے۔ ہمارے وزیر مال آنریبل قزلباش صاحب مزے لے لے کر اعلان فرما رہے ہیں کہ ترقیاتی ٹیکس لگانے سے ان کا اصل مقصد بہتر خوراک مہیا کرنا۔ سڑکیں بنانا۔ سکول کھولنا اور ہسپتال قائم کرنا ہے اڑھائی سال پہلے کا ایک واقعہ عرض کرتا ہوں جب آنریبل سردار دستی صاحب خوشاب سے نوشہرہ میرے علاقہ میں جانے کے لئے تیار ہوئے تو قزلباش قبیل کے سارے صاحب بہادر خوشاب نوشہرہ سڑک کا نام سنکر فرار ہونے شروع ہو گئے البتہ جناب دستی صاحب نے فرمایا کہ میں تو پبلک کا نمائندہ ہوں اور عوام کے نمائندہ کی حیثیت سے میں ضرور سون سکیسر کا علاقہ دیکھنے جاؤنگا۔ وہ ڈٹے رہے۔ باقی کے سارے صاحب بہادر قسم کے لوگ دل چھوڑ گئے۔ کیونکہ

انہیں معلوم تھا کہ وہاں کی کچی سڑک پر چلنے سے ان کی موٹر کاریں خراب ہو جائینگی ۔ چنانچہ ڈائریکٹر صاحب بہادر اور دوسرے افسران نوشہرہ نہ گئے ۔ آنریبل دستی صاحب کو اچھی طرح معلوم ہے کہ ان کی موٹر کار کے ساتھ کیا گذری اور وہ کس بری طرح خراب ہوئی ۔ انہوں نے کہا کہ میں اپنے ایک دوست سے سون سکیسر جانے کا وعدہ کر چکا ہوں اسے ضرور پورا کرونگا ۔ چنانچہ موصوف گئے اور ان کی کار بری طرح خراب ہوئی ۔ صاحب بہادر قسم کے باقی حضرات خوشاب میں ہی رہ گئے ۔ جناب دستی صاحب اور میں نوشہرہ کے علاقہ میں گئے ۔ لیکن ہمارا جو حال ہوا وہ ہم ہی جانتے ہیں۔ سڑک خستہ اور پلیں شکستہ مگر آنریبل قزلباش صاحب کہہ رہے ہیں ہم غریبوں کے لئے سڑکیں بنانے ۔ سکول کھولنے اور ہسپتال قائم کرنے کے لئے ' روپیہ فراہم کرنا چاہتے ہیں ۔ اصل بات کچھ اور معلوم ہوتی ہے یعنی ٹیکس کا بار تو غریب آدمیوں پر پڑے گا مگر دو آڑھائی کروڑ روپیہ نحیف و کمزور ملک خضر حیات کو معاوضہ دینے پر صرف کیا جائے گا ۔ (قہقہہ) اگر وزراً صاحبان نے ایمانداری کے ساتھ کام کرنا ہے تو ٹیکس ان دولتمندوں پر لگائیں جن کی ٹرانسپورٹ کمپنیاں چار چار ہزار روپیہ یومیہ پیدا کر رہی ہیں یا جو چار چار ہزار روپے تنخواہیں پاتے ہیں ۔ نیز وزیر صاحبان اپنی تین تین چار چار ہزار روپے کی تنخواہوں میں کمی کر کے یہ خرچ برداشت کر سکتے ہیں ۔ آخر موئے کو مارنے والی پالیسی کب تک رہیگی ۔

صاحب سپیکر : آپ کا وقت ختم ہو چکا ہے ۔

Minister of Revenue (The Honourable Mr. Muzaffar Ali Khan Qizilbash) : Sir, when I saw that the members of the Opposition were getting very annoyed at the name of the.....

قاضی مرید احمد : میری تقریر باقی رہتی ہے ۔

وزیر مال : باقی بجٹ سیشن میں کر لینا ۔ (قہقہہ)

قاضی مرید احمد : میں اپوزیشن کا ممبر نہیں ہوں ۔ میں تو صرف آپ لوگوں کی اصلاح کرنا چاہتا ہوں ۔

Minister of Revenue : Sir, when I saw that.....

Minister of Revenue : No Sir I will like to speak in English.

Mr. Speaker: In that case he will have to say that he can express himself better in English.

Minister of Revenue : Yes, Sir, I can express myself better in English.

Minister of Revenue : Sir when I saw that.....

قاضی مرید احمد : پوائنٹ آف آرڈر : حضور والا ۔ پچھلے اجلاس میں وزیر مال اردو میں تقریر کرتے رہے ہیں آج کیوں نہیں کر سکتے ۔

Mr. Speaker : Could the Honourable Minister speak in Urdu.

قاضی مرید احمد : اب یہ معافی مانگ لیں تو بات بن سکتی ہے۔

Sir, by using the name of Development Cess in place of Muhajir Cess the Opposition Members think that we are trying to cheat them and by the name of Development Cess we are bringing along a new tax which was not there before and we are trying to camouflage it under a new name. So I looked up last year's speeches and found that the name, 'Development Cess' was used last year. The reason was very simple. We did this because we wanted to be most honest and show that that money which was being collected under the name of "Muhajir Cess" was not being used for Muhajirs only. It was not being used for the last five years for Muhajirs only. They were revenues which were going in the ordinary Revenue Budget and being spent on the overall expenditure of the Province since 1948. So we thought that this was a very wrong thing to do because the moment are call it "Muhajir Cess" the idea is that this money is being used for Muhajirs and it is going to be used for Muhajirs only. We found that this money was going in our new Development Budget. The budget was increasing every year. Every Government is committed to make new hospitals, new schools, new roads and new things for the masses. So we really wanted money for this expenditure. Now to call it "Muhajir Cess" was complete dishonesty and therefore, we called it "Developmnet Cess". I do not see any reason why Opposition Members object to the word "Development Cess". I will go further and, say that we have brought it only for one year and we have no intention of making it a permanent cess. But I cannot understand how future Governments which will be sitting here can possibly do without such cesses. As for the present, it is very difficult to cut them down, for the simple reason you have got to do more things. Therefore, I do not see how you are going to get the money if you have got to do more things. Money must be raised from your own country. You cannot live on borrowing. Mr. Gibbon kindly suggested that the best way to do it was to borrow money and, if the budget is not balanced, balance it by borrowing. I beg to differ. How long can you go on doing that. The only right way of balancing the budget is to see how many taxes you can raise from your own country and then according to that cut your coat.

Now, Sir, the point is that this money has to be raised. I would be the first person to suggest that the industrialists should be taxed, that the people who have got motor-cars, lorries, who are doing big businesses should be taxed. I quite agree. I am myself a farmer, an agriculturist. I know the conditions in which the villagers live. But, Sir, unfortunately, under the law we cannot tax incomes. It is only the Central Government which can tax such incomes. After all if the Provincial Government cannot do this they have got to fall back on land revenue. I for one agree that everybody should be taxed. I am all for it that there is a chance of getting more money out of cities than there is out of the rural areas. I quite agree. But unfortunately as the law stands today, as the position is, the Provincial Government cannot tax incomes.

Now, coming to the other question, Sir, that everybody has been taxed. The poor man has been taxed, the rich man has been taxed alike. The rich man should have been taxed on a different scale. Now this question has been brought up whenever there is a question of taxes, but it has been said too often: After all how many big landlords are there, and how much can you tax them. I agree that we have got the Agriculture Income-Tax and other taxes. But if we let off smaller men then there will be no income. We have to balance our budget and we have to find money for all these developments. We need something like a crore of rupees. That cannot be produced just like that. We have got to tax everybody. And, therefore, we have taxed in a way that it is evenly distributed. The expenditure has gone up and, therefore, we have to get the money from somewhere.

Now, some Opposition Members said that money was being wasted on flying by aeroplanes to Jhang and other places. Now do you want us to travel by bullock-carts as was done two hundered years back. How is it possible ? In another fifteen years time there might be so much work that there might be Government owned planes for the Ministers to tour the entire Province especially when there are much bigger districts. The idea that travelling by air is a luxury is not correct. It is neither good for the heart nor for one's mental peace. I am sorry to say, Sir, that the Leader of the Opposition should raise such a small matter as that. All over the world, in every country, the Ministers and Chief Ministers, travel about by air and it is always taken for granted that they must quickly get there and then get back to their work. So, Sir, with these words I would like to oppose the idea that the Bill be circulated for eliciting public opinion. Th thing has been there for the last seven years. Is it something new? What do they want public opinion for ? It has been there for the last so many years. I will go much further and say that the future Governments, which will be s tting on these Benches, will find it difficult to do without these taxes and other taxes also. I have said that it is only for this year and we are doing our level best to make it for this year. I may also try to explain to honourable members that as your country is developing you need more money. You need more money to do good things for your people. So my humble submission is that what is the use of eliciting public opinion. This cess has been there for the last seven years and people have paid it.

With these words I oppose the amendment under consideration.

میاں عبد الباری (لائلپور نمبر ۷ مسلم) : جناب والا ۔ آنریبل وزیر مال نے جو دلائل پیش کئے ہیں وہ سب ان الزامات کی تصدیق کرتے ہیں جو میں نے اس بل کے ذریعہ اس سیس کو مداومت دینے کے ضمن میں عائد کئے ہیں اور اس لئے اس کا نام بھی بدلا گیا ہے۔ انہوں نے یہ فرمایا ہے کہ پہلے یہ سیس اگرچہ اس کا نام مہاجر سیس تھا تاہم یہ کبھی مہاجروں پر استعمال نہیں ہوا اور اس لئے ہم نے یہ دیانتدارانہ فعل کیا ہے کہ ہم نے اس کا نام ڈویلپمنٹ سیس رکھ دیا ہے۔ جناب والا میں یہ کہوں گا کہ یہ بیان دیانتدارانہ فعل نہیں ہے بلکہ یہ ایک نہایت ظالمانہ فعل ہے اور اس کی وجہ یہ ہے کہ اگر آپ کو کسی خاص ڈویلپمنٹ کی ضرورت ہے اور ہمارے صوبہ کو یقیناً ڈویلپمنٹ کی ضرورت ہے تو آپ ایسے ایونیوز ڈھونڈتے اور ان اشخاص پر یہ ٹیکس لگاتے جو مظلوم نہ ہوتے ۔ لیکن ملاحظہ فرمائیے آپ یہ ٹیکس ان اشخاص پر لگا رہے ہیں جو سب سے زیادہ مظلوم اور سب سے زیادہ تباہ حال ہیں۔ میں پہلے بھی عرض کر چکا ہوں کہ کیا آپ مہاجرین سے جو اپنا گھر بار چھوڑ کر آئے تین گنا مالیہ نہیں لے رہے ؟ کیا آپ مزارعین سے چھ گنا لگان نہیں لے رہے؟ کیا آپ ان لوگوں سے یہ ٹیکس صرف اس لئے لینا چاہتے ہیں کہ آپ تیزی کے کام کرتے ہیں ۔ کہیں بیچ کہیں سیچ اور کہیں کبڈی کیلئے آپ ہوائی جہاز میں جانا چاہتے ہیں۔ پھر کہتے ہیں کہ میں غلط الزام لگا رہا ہوں ۔ جن ممالک کی انہوں نے کیفیت بیان کی ہے وہاں تو جناب والا عوام کی کیفیت یہ ہے جیسے امریکہ میں ہے کہ اگر کسی شخص کو پانچ میل تک

سواری نہ میسر آ سکے تو وہ امریکہ کی حکومت پر دعویٰ کر سکتا ہے۔ ان لوگوں کی بھی تو حالت دیکھئے ۔ دیہات میں عورتوں کو تن ڈھانپنے کو کپڑا میسر نہیں آتا ۔ لیکن آپ اپنے کولروں پر ناز کر رہے ہیں ۔ آپ کو شرم کرنی چاہیے ۔

جناب والا پھر آپ یہ کہتے ہیں کہ ہم انکم ٹیکس نہیں لگا سکتے ۔ میں پوچھتا ہوں کہ کیا آپ نے کسی چیز پر ٹیکس نہیں لگایا؟ جتنی انڈسٹریز ہیں کیا ان میں سے کسی پر ٹیکس نہیں لگایا جا سکتا آپ تو بغیر کسی قانون کے ہر قسم کا ٹیکس لگا لیتے ہیں ۔ آپ نے پچھلے سال باغات پر ٹیکس ڈبل کر دیا اور اس ہاؤس کی منظوری کے بغیر کر دیا ۔ اس کے متعلق جب میں نے کچھ عرض کیا تو مجھے کہہ دیا گیا کہ یہ تو صرف ایک فصل کے لئے لگایا گیا ہے لیکن جناب والا اس کو متواتر جاری رکھوا گیا ہے ۔ آپ تو ٹیکس لگانے میں ید طولے رکھتے ہیں آپ کو انگریز کی شاگردی تو حاصل ہے لیکن آپ کو معلوم ہونا چاہئے کہ اس نے کبھی بھی ۔ اس وقت بھی جب کہ انگلستان کی زندگی اور موت کا سوال تھا یہ فعل نہیں کیا تھا کہ جس آبادی پر معاملہ اور آبیانہ لگایا گیا ہو اس میں ایک پائی کا بھی اضافہ کیا ہو ۔ لیکن آپ غریب سے یہ دو آنے فی روپیہ کا ٹیکس جو پہلی حکومت نے مہاجر سیس کے نام سے لگایا تھا آپ اس کا نام ڈویلپمنٹ سیس رکھ کر اس کو مداومت دے رہے ہیں کہ چونکہ ترقی کی ضرورت ہے اس لئے ہم اسے ضرور لگائیں گے ۔ میں آپ کو مطلع کر دینا چاہتا ہوں کہ آپ کی یہ باتیں خود کیمونزم کو پھلائینگی ۔ آپ نے یہ ٹیکس ان عوام پر لگایا ہے جن کو اپنی ضروریات بھی میسر نہیں ہیں ۔ آپ کی استاد حکومت تو اس بات کو خوب سمجھتی تھی اور اس لئے اس نے یہ سمجھ کر کہ کہیں یہاں بغاوت نہ ہو جائے اور کیمونزم نہ آ جائے اور لوگ حکمرانوں کی گردن نہ توڑ دیں کبھی ایسا اقدام نہیں کیا تھا ۔ لیکن آپ تو اس سے بھی آگے جا رہے ہیں ۔ آپ نہ صرف بارانی زمینوں بلکہ تھوڑ اور سیم زدہ زمینوں کے مالکان۔ مہاجرین اور ان مزارعین پر بھی یہ ٹیکس لگا رہے ہیں جن کو اپنی روٹی بھی میسر نہیں ۔ آپ ان پر دو آنے فی روپیہ کا ٹیکس لگا رہے ہیں اس لئے کہ آپ یہاں ڈویلپمنٹ چاہتے ہیں یاد رکھئے کہ جو ڈویلپمنٹ غریب کو فاقہ کشی کرا کر اور مزدور کا پیٹ کاٹ کر کی جائیگی وہ تباہی کا باعث ہوگی اور وہ کبھی ترقی کا باعث نہیں ہو سکتی اس لئے کہ وہ عوام جن کو اپنی ضروریات زندگی بھی میسر نہیں آسکتیں اور نہ

آسکیں گی ان کی آپ اس غربت میں ڈویلپمنٹ کریں گے بھی تو کیا ۔ وہ آخر دعونا ان الحمدللہ رب العالمین ۔

Mr. Speaker : The question is—

That the Punjab Development Cess Bill be circulated for the purpose of eliciting public opinion thereon by the 31st March 1955.

The motion was lost.

Mr. Speaker: Let me put the other motions also formally as the dates are different. The question is—

That the Punjab Development Fund Cess Bill be circulated for eliciting public opinion thereon by the 1st May 1955.

The motion was lost.

Mr. Speaker: The question is—

That the Punjab Development Fund Cess Bill be circulated for eliciting public opinion thereon by the 1st June 1955.

The motion was lost.

Mr. Speaker: The question is—

That the Punjab Development Fund Cess Bill be circulated for eliciting Public opinion thereon by October 1955.

The motion was lost.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema (Lyallpur IX, Muslim) : Sir, I beg to move—

That the Punjab Development Fund Cess Bill be referred to a Select Committee consisting of the following members with instructions to report by the 1st May 1955.

(1) The Hon'ble Minister of Development ;
(2) Mian Abdul Bari ;
(3) Mr. C. E. Gibbon ; and
(4) The Mover.

حضور والا—در حقیقت ایسے تمام مسودات قانون کو جو بڑے پیچیدہ اور فنی مسائل یا معاملات سے تعلق رکھتے ہوں بالعموم مجالس منتخبہ کے سپرد کیا جاتا ہے ۔ یا کیا جانا چاہئے ۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ بظاہر یہ معاملہ پیچیدہ معلوم نہیں ہوتا ۔ نہ اس میں کوئی الجھن نظر آتی ہے ۔ نہ یہ کوئی دقیق یا ادق مسئلہ معلوم ہوتا ہے ۔ لیکن حقیقت یہی ہے کہ یہ مسئلہ فنی نوعیت کا ہے ۔ یہی وجہ ہے کہ میں نے اس تحریک کے ذریعے حکومت سے پھر ایک مرتبہ اس استدعا کا اعادہ کیا ہے کہ وہ خواہ مخواہ ایک غلط بات پر اصرار نہ کریں ۔ نیکی کے معاملہ میں آدمی کسی وقت بھی تائب ہو جائے ۔ ناجائز فعل کے ارتکاب سے آدمی کسی وقت بھی باز آ جائے تو اچھا ہے ۔ مزارعین اضلاع مالکان اور زمینداروں پر بلا امتیاز محاصل عائد کرنے کے لئے حکومت کو سب سے بڑی ترغیب یہ ہوتی ہے کہ یہ سہل الحصول ہوتے ہیں اور ان کی وصولی میں کوئی روکاوٹ یا مزاحمت نہیں ہوتی ۔ پھر اس قسم کے محاصل میں حساب کتاب کی بھی کوئی پیچیدگی نہیں ہوتی ۔ یہی وجہ ہے کہ جب کبھی حکومت کو زائد رقم کی ضرورت پڑتی رہی ہے وہ

فوراً کوئی کاوش کئے بغیر بیک جنبش قلم اس قسم کے حربے استعمال کرتی رہی ہے ۔ مثلاً جب وار فنڈ کے لئے چندے کی ضرورت پڑی تو اس وقت ایک روپیہ فی ایکڑ فلیٹ ریٹ کے حساب سے رقم حاصل کر لی گئی ۔

حکومت کے اس حربہ کو استعمال کرنے کی ایک اور وجہ یہ ہے کہ یہ محصول ان لوگوں پر عائد ہوتا ہے جن کی کوئی تنظیم نہیں جن کی کوئی آواز نہیں اور جن کی آواز میں کوئی اثر نہیں ۔ جو حکومت کے اس قسم کے ناجائز اقدامات کے خلاف کوئی موثر احتجاج نہیں کر سکتے ۔ اس کے برعکس اگر حکومت تعلیم یافتہ طبقے یا شہری لوگوں پر کوئی معمولی سا ٹیکس لگانے کا خیال بھی کرے تو وہ ! تجاجی جلسوں سے ایک طوفان برپا کر دیتے ہیں ۔ اپنے نمائندوں کو جا پکڑتے ہیں۔ اخبارات اور پریس کے ذریعے سے نکتہ چینی کرتے ہیں ۔ اس لئے حکومت شہریوں یا دوسرے طبقوں پر ٹیکس عائد کرنے سے احتراز کرتی ہے اور ان عوام ''کالانعام،، اور بے چارے بے بس قسم کے لوگوں پر ٹیکس عائد کر کے اپنی ضروریات پوری کرتی ہے ۔ یہی وجہ ہے کہ حکومت کو اپنی ان غلط کاریوں کے خطرناک نتائج کا کوئی خدشہ باقی نہیں ۔ بلکہ انعام و وحوش کے لئے صرف ایک قانون موجود ہے جس کے ماتحت ان لوگوں کے خلاف بھی کارروائی کی جا سکتی ہے جو چوپایوں کے ساتھ بے رحمی سے پیش آئیں لیکن یہ دیہاتی آبادی جو ساری آبادی کا ۸۰ فیصد ہے اس کی حالت زار کو ہماری حکومت نے کبھی اس قابل نہیں سمجھا کہ ان کی طرف کوئی توجہ دے ۔

میں ان کی خدمت میں ادنے سے تصرف کے ساتھ گولڈ سمتھ کے یہ اشعار پیش کروں گا :—

Ministers and Members may flourish or may fade ;
A breath can make them as a breath h s made ;
But a bold peasantery, its country's pride ;
When once destroyed can never be supplied.

میں یہ محسوس کرتا ہوں کہ آپ اپنی قوم کی اور ملک کی ریڑھ کی ہڈی کو تباہ و برباد کرنے کے درپے ہیں اور مجھے سب سے زیادہ افسوس اس بات کا ہوا کہ خود وزیر مال نے جو زراعت سے تعلق رکھتے ہیں اور مزارعین کا حال زار جن سے مخفی اور پوشیدہ نہیں ہے انہوں نے پورا علم اور واقفیت رکھنے کے باوجود بلا امتیاز یہ محصول سب پر عائد کر دیا ہے اور پھر اس ظلم پر توہین کا اضافہ کیا جب

انہوں نے بڑی جرات کے ساتھ یہ فرمایا کہ "It will not be felt" مجھے یہ سن کر بڑا تعجب ہوا اور افسوس ہوا جب انہوں نے یہ فرمایا کہ اس ٹیکسیشن کا بوجھ لوگوں کو زیادہ ناگوار نہ ہو گا اور اس کا احساس انہیں کچھ زیادہ شدت سے نہیں ہو گا ۔ میں حضور کی وساطت سے ممبران سے دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ کیا اس سے زیادہ بعید از حقیقت اور خلاف واقعہ کوئی بات ہو سکتی ہے ۔ بظاہر جس اصول پر وہ محصول عائد کر رہے ہیں اس سے معلوم ہوتا ہے کہ تمام ڈولپمنٹ اور ترقیات عوام کے لئے نہیں ہونگی بلکہ عوام ان ترقیات کے لئے وقف کئے جائیں گے ۔ ترقیات وزراء کے لئے ہوں گی اور عوام ترقیات کے لئے ۔ میں کہوں گا کہ ایسی سڑکیں جو آپ انسانی لاشوں پر تعمیر کرنا چاہتے ہیں اور ایسی عالیشان عمارتیں جو آپ لوگوں کے خون کے آخری قطرے تک نچوڑ کر تعمیر کرنا چاہتے ہیں ان سے وہ جھونپڑیاں بدرجہا بہتر ہیں جہاں زندگی کی کچھ رمق باقی ہو ۔ حضور والا ! اس سے پیشتر بھی پچھلے سال میں نے عرض کیا تھا اور اب حضور کی اجازت سے اس کا اعادہ کرتا ہوں کہ آپ کی ساری منصوبہ بندی کی شکل کچھ اس طرح نظر آتی ہے کہ جیسے آپ لوگوں کے جسم سے اور ان کی رگوں سے جہاں خون پہلے ہی کم ہے آخری قطرے نچوڑ کر ایک بلڈ بینک میں جمع کرنا چاہتے ہوں اور پھر انہیں کہتے ہیں کہ ہم یہ خون بلڈ بینک میں جمع کر کے اسے تمہاری رگوں میں جان پیدا کرنے کے لئے انجکشن کے ذریعے داخل کریں گے اور تمہیں زندگی کے ٹیکے لگائیں گے ۔ لیکن آپ یہ نہیں سمجھتے کہ جن لوگوں کے جسموں سے آپ خون کے آخری قطرے نچوڑ رہے ہیں ان میں دوبارہ زندگی پیدا کرنے کے ذرائع آپ کے پاس موجود بھی ہیں ؟

حضور والا ! میں نے اس دوسرے طریقے کی آڑ لینے کی کوشش کی ہے ۔ یعنی درخواست کی ہے کہ اسے مجلس منتخبہ کے پاس بھیج دیا جائے ۔ کیونکہ میں یہ محسوس کرتا ہوں کہ اگر آپ کو ان لوگوں کے ساتھ ہمدردی نہیں ہے جن پر آپ یہ ظلم روا رکھنا چاہتے ہیں تو کم از کم اپنی شہرت اور اپنے سیاسی مستقبل کا احساس کیجیئے ۔ آپ کیوں یہ کلنک کا ٹیکہ اپنے ساتھ لے جانا چاہتے ہیں ۔ حضور والا ! قاعدہ یہ ہے کہ بڑے بڑے جابر اور ظالم لوگوں کی زندگی بھی جب قریب الاختتام ہوتی ہے تو ان کی طبیعت میں نرمی اور رقت پیدا ہو جاتی ہے لیکن میں حیران ہوں کہ ہماری حکومت جس کی زندگی کے دن ختم ہو رہے ہیں جو چراغ سحری نہیں تو چراغ مفلس ضرور ہے اس کو اب بھی اس بات کا

احساس نہیں ہو رہا اور اس کے دل میں اب بھی نرمی اور رقت پیدا نہیں ہو رہی ۔

Mr. Speaker : Motion under consideration, amendment moved is :

That the Punjab Development Fund Cess Bill be referred to a Select Committee consisting of the following members with instructions to report by the 1st May 1955 :—

(1) The Hon'ble Minister of Development ;

(2) Mian Abdul Bari ;

(3) Mr. C. E. Gibbon ; and

(4) The Mover.

Qazi Murid Ahmad (Shahpur IV, Muslim): Sir, I beg to move—

That the Punjab Development Fund Cess Bill be referred to a Select Committee consisting of the following members with instructions to report with in two weeks :—

(1) The Hon'ble Minister of Development ;

(2) Mian Abdul Bari ;

(3) Mian Muhammad Shafi ;

(4) Chaudhri Wali Muhammad Bosal ; and

(5) The Mover.

ضور والا ! ترقیاتی سیس کے متعلق اس ایوان میں بہت کچھ کہا جا چکا ہے میں نہایت دیانتداری کے ساتھ کسی جوش میں نہیں بلکہ پورے ہوش کے ساتھ جناب وزیر مال کی خدمت میں یہ گذارش کرونگا کہ اس سیس سے دیہاتی عوام پر بہت ہی زیادہ بوجھ پڑ جائیگا ۔ مجھے نہایت افسوس کے ساتھ کہنا پڑھتا ہے کہ جناب وزیر مال دیہات سے اور دیہات کے حالات و کوائف سے واقف نہیں ۔ انہیں معلوم نہیں کہ دیہاتی عوام کو دو دو آنے کی خاطر کتنی تکلیفیں اور مصیبتیں جھیلنی پڑتی ہیں ۔ بچے کے لئے اگر دو آنے کی کاپی یا کتاب کی ضرورت ہو تو بڑی مشکل سے ایک دونی میسر ہوتی ہے ۔ دیہاتی لوگ بچوں کے علاج کے لئے محض تعویز اور گنڈوں پر گذارہ کر لیتے ہیں ۔ وہ جانتے ہیں کہ ان میں کچھ نہیں ہے مگر ع دل کے بہلانے کو غالب یہ خیال اچھا ہے ۔ وہ بیچارے پلوڈرین اور کونین پر تو پیسے خرچ نہیں کر سکتے اس لئے تعویزوں پر گذارہ کرتے ہیں ۔ اگر جناب وزیر صاحب زحمت گوارا فرمائیں اور دیہات میں جائیں تو انہیں ایسی نوجوان لڑکیاں ملیں گی جن کو ستر پوشی کے لئے موٹا اور ردی کپڑا بھی پوری طرح میسر نہیں آتا ۔ ایسی آبادی جس کے پاس اپنے علاج کے لئے چار آنے، بچوں کی فیس اور قلم دوات کے لئے پیسے نہیں ہوتے، جس کے پاس سر چھپانے کے لئے ایسی جھونپڑیاں ہیں جن میں بیل ۔ گائے ۔ بچے ۔ بیوی اور خورد و نوش کا سامان سب اکٹھا ہوتا ہے . . . . . اس پر بھی اگر آپ یہ کلہاڑا چلائیں تو ان کا خدا حافظ ۔

وزیر مال :—ایسی آبادی پر ٹیکس بھی نہیں ہے ۔

قاضی مرید احمد—یہ غلط ہے ۔ اس پر بھی یہ ٹیکس ہے ۔ کیمبلپور اور شاہپور کے زمیندار جو اڑھائی کنال زمین پر اگر کچھ کاشت کر لیتے ہیں تو ان کو بھی اس ٹیکس سے مستثنےٰ نہیں رکھا گیا ۔ جو شخص ایک روپیہ دیتا ہے اسے اٹھارہ آنے دینے پڑینگے ۔ میں یہ کہتا ہوں کہ راولپنڈی ڈویژن جو آپ کی فوج کی جان ہے آپ اسے بھی تباہ و برباد کر رہے ہیں ۔ آپ کا فرض تھا کہ آپ سوچتے کہ جس حد تک کوئی بوجھ اٹھا سکتا ہے اس حد تک اس پر بوجھ ڈالا جائے اگر کوئی پہلے ہی اپنی زندگی سے تنگ ہے تو اس پر آپ کو مزید بوجھ ڈالنا کیونکر زیب دیتا ہے ۔ میں نے پہلے بھی عرض کیا تھا کہ جو مالکان اراضی اپنا گذارہ چلانے کے علاوہ کچھ زمین رکھتے ہوں ان پر یہ ٹیکس لگایا جائے تو کوئی بری بات نہ ہوگی ۔ لیکن اس طرح اندھے کی لاٹھی سے سب کو ہانکنا ایک انتہا درجے کی بے انصافی ہے۔ میں نے اس سلسلہ میں یہ تجویز پیش کی ہے کہ اس بل کو ایک مجلس منتخبہ کے سپرد کیا جائے جو پانچ ارکان پر مشتمل ہو ۔ اس میں حزب مخالف کے ارکان بھی ہوں اور مسلم لیگ کے بھی ۔ اور یہ کمیٹی دو ہفتے کے اندر اندر اس کے نشیب و فراز پر غور کر کے جس نتیجے پر پہنچے اسے اس ایوان کے سامنے پیش کر دے ۔ ہمیں آپ سے کوئی دشمنی نہیں ہے اور نہ ہمارا یہ منشاء ہے کہ ہم آپ کی ہر چیز کی مخالفت کریں ۔ نیک و بد کی نشان دھی کرنا میں اپنا فرض سمجھتا ہوں ۔ اثر کرے نہ کرے سن تو لے میری فریاد ۔

اس سلسلے میں میری گذارش یہ ہے کہ پانچ آدمیوں پر مشتمل ایک کمیٹی بنائی جائے جو دو ہفتے اس بل پر غور و خوض کرنے کے بعد رپورٹ اس ایوان کے سامنے پیش کرے ۔ اس سلسلے میں جناب وزیر متعلقہ اور دیگر ممبران کے نام میں نے تجویز کر دیئے ہیں ۔ میں پھر نہایت ادب سے بغیر لمبی چوڑی تقریر کئے یہ عرض کروں گا کہ اس ٹیکس کا بوجھ زیادہ تر دیہاتی آبادی پر پڑیگا جو پہلے ہی مالی کمزوریوں کی وجہ سے ذلیل و خوار ہو رہی ہے ۔ لہذا مہربانی فرما کر اس ٹیکس کا مزید بوجھ اس بے یار و مددگار آبادی پر ڈال کر اسے اور ذلیل نہ کیا جائے ۔

Mian Muhammad Shafi (Montgomery VII, Muslim Reserved seat) : Sir, I beg to move—

That the Punjab Development Fund Cess Bill be referred to a Select Committee consisting of the following members with instructions to report by the 31st March 1955 :—

(1) The Hon'ble Minister Incharge ;
(2) Syed Naubahar Shah ;
(3) Nawabzada Nasrullah Khan ;
(4) Mian Mumtaz Muhammad Khan Daultana ; and
(5) The Mover.

میں اس موقع پر ایوان کا ایک منٹ بھی ضائع کرنا نہیں چاہتا لہذا میں وہ دلائل ہرگز نہ دہراؤنگا جو اس معزز ایوان میں پیش کئے جا چکے ہیں ۔ وجہ یہ ہے کہ جناب وزیر اعلےٰ اس ایوان کے سامنے ان اعتراضات کا جواب دینا چاہتے ہیں جو یہاں پیش کئے گئے ہیں ۔

ایک بات جو میں خاص طور پر عرض کرنا چاہتا ہوں یہ ہے کہ اس وقت ہمارے صوبہ میں گندم کی قیمت روز بروز گر رہی ہے۔ ابھی پچھلے دنوں جب میں اپنے گاؤں گیا تو معلوم ہوا کہ وہاں گندم چھ ساڑھے چھ روپے من بک رہی ہے جس سے لازماً یہ خیال پیدا ہوا کہ نئی فصل آنے پر اس کی قیمت میں اور کمی واقع ہو جانے کا امکان ہے ۔ اب آپ اس بات پر غور فرمائیں کہ اس ٹیکس کا اثر جو آپ نے تجویز کیا ہے صوبہ کے ان کڑوڑھا عوام پر کیا ہوگا جن کی چند کنال یا چند گھماؤں زمین ان کے ذریعہ معاش کی حامل ہے ۔ ان لوگوں کی حالت یہ ہے کہ اول تو انکا گذارہ ہی بمشکل ہوتا ہے اور اگر ممکن بھی ہو تو ان کے پاس اتنی گنجائش نہیں ہوتی کہ سرکاری مالیہ ادا کر سکیں ۔ وزیر اعلیٰ صاحب غریب کسانوں اور مفلوک الحال طبقوں سے بہت زیادہ ہمدردی رکھتے ہیں وہ جانتے ہیں کہ ان طبقوں کی اقتصادی حالت اس قابل نہیں کہ ان پر کسی قسم کا بوجھ ڈالا جائے جب صورت حال یہ ہو اور صوبے کی اقتصادی حالت اس قابل نہ ہو کہ عام ذرائع سے آمدنی اور خرچ پورا ہو سکے یا صوبے کا بجٹ متوازن کیا جا سکے تو اس ٹیکس کے بوجھ کا جو ان غریبوں پر محض بجٹ متوازن کرنے کی غرض سے ڈالا جانے والا ہے ان کے پاس کیا جواز ہے ۔ ان گزارشات کے ساتھ میں وزیر اعلیٰ صاحب سے درخواست کرونگا کہ وہ ان اعتراضات کا جواب اس معزز ایوان کے سامنے فرمائیں جو اب تک یہاں پیش کئے گئے ہیں —

وزیر اعلیٰ (عزت مآب ملک محمد فیروز خاں نون)—حضور والا— یہ بل دراصل مجھے خود پیش کرنا چاہئیے تھا کیونکہ یہ ایک Finance Bill ہے ۔ میں وزیر مال کا بے حد مشکور ہوں کہ انہوں نے میری غیر حاضری میں یہ بل اس معزز ایوان میں پیش کیا —

میں اس وقت اس معزز ایوان کے سامنے صرف ایک دو باتوں کے متعلق ہی کچھ عرض کرنے پر اکتفا کرونگا ۔ سب سے پہلے یہ کہ اگر کوئی اپوزیشن بر سراقتدار جماعت کی کسی تجویز کی اس وجہ سے مخالفت کرے کہ وہ اپنے ملک میں اچھے اچھے کام کر کے زیادہ ہردلعزیز نہ ہو جائے تو یہ بات کم از کم میرے ماننے ہی میں نہیں آ سکتی اور موجودہ حزب اختلاف کے متعلق میں پورے یقین سے کہہ سکتا ہوں کہ اس کے دل میں یہ ادنے خواہش ہرگز پیدا نہیں ہو سکتی کہ مسلم لیگ پارٹی کی یہ حکومت اس رویے سے عوام کی بہتری اور بہبود ی کے کام سر انجام دے کر عوام کے نزدیک زیادہ پسندیدہ نہ ہو جائے ۔ لیکن جہاں تک قوم اور ملک پر ٹیکسوں کے بوجھ کا تعلق ہے اگر کوئی شخص نیک نیتی سے اس بوجھ کو کم کرنے کے خیال سے کوئی تجویز پیش کرتا ہے تو وہ بیشک ہماری ہمدردی اور تائید کا مستحق ہے۔

جہانتک اس Cess کا تعلق ہے یہ تو عرصہ سات سال سے چلا آرہا ہے ۔ پچھلے سال بھی میں نے عرض کیا تھا اس کے بغیر بجٹ متوازن نہیں ہو سکتا اس لئے آپ لوگوں نے اسے منظور کر لیا ۔ بجٹ کا متوازن کر لینا کوئی مشکل بات نہیں ہوا کرتی۔ کیونکہ جہاں اس وقت بیس کروڑ روپے کا خرچ ہے اسے گھٹا کر دس کروڑ کیا جا سکتا ہے ۔ مگر اس صورت میں حکومت اپنے فرائض سے پوری طرح عہدہ برآ نہیں ہو سکتی ۔ حکومت کا فرض ہے کہ وہ اپنی قوم کی خدمت بھی کرے اور اس کے ساتھ ہی متوازن بجٹ بھی پیش کرے ۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ آیا آپ اپنے ملک کو ترقی دینا چاہتے ہیں یا اس کی ترقی کو روکنا چاہتے ہیں ۔ میرے معزز دوست قاضی مرید احمد نے فرمایا ہے کہ ایک ایک ۔ دو دو کنال والے لوگوں پر کوئی ٹیکس یا مالیہ نہیں ہونا چاہیئے ۔ میں مانتا ہوں کہ ایسا ہی ہونا چاہیئے ۔ لیکن اس کے ساتھ ہی انہیں یاد رکھنا چاہیئے کہ ان لوگوں کی حالت اس کے بغیر بہتر کیسے ہو سکتی ہے ۔ اگر ان کی حالت بغیر روپیہ خرچ کئے بہتر ہو سکتی ہے تو وہ ہمیں ایسی ترکیب بتائیں ۔ ہم بصد خوشی اس پر عمل کرینگے ۔ خدا کا شکر ہے کہ پچھلے دنوں کچھ بارش ہو گئی ورنہ راولپنڈی ۔ جہلم ۔اور کیمبلپور کے اضلاع میں سخت قحط سالی کا اندیشہ تھا ۔ وہاں لوگوں نے اپنی سبز گندم کاٹ کاٹ کر مویشیوں کو کھلانی شروع کر دی تھی ۔ خدا کا شکر ہے کہ بارش کی وجہ سے ان تین ضلعوں میں اب صورت حال بہتر ہو گئی ہے ۔ اور قحط سالی کا خطرہ ٹل گیا ہے ۔ تحصیل کھاریاں سے میرے دوست

بھی اب بالکل مطمئن نظر آتے ہیں حکومت کا ارادہ ہے آئیندہ سال بارانی علاقوں میں پچیس لاکھ روپے کے خرچ سے ٹیوب ویل لگائے جائیں تا کہ وہاں کے غریب کسانوں اور کاشتکاروں کے لئے پانی کی سہولت کا بندوبست کیا جا سکے ۔ اب اس کے لئے روپیہ درکار ہے اگر آپ روپیہ بہم نہ پہنچائینگے ۔ اور اس پچیس لاکھ روپے کی رقم کو کاٹ دینگے تو یقیناً وہ لوگ پانی کی ان سہولتوں سے محروم ہو جائینگے ۔

آپ جانتے ہیں کہ اس وقت لوگ حکومت سے یہ مطالبہ کرتے ہیں کہ دیہات میں ترقی ہونی چاہیئے ۔ ہماری خواہش بھی ہے کہ ایسا ہونا چاہیئے ۔ لیکن یہ اس وقت تک ممکن نہیں جب تک دیہات کے رہنے والے تھوڑے بہت تعلیم یافتہ نہ ہوں۔ آپ لاکھ Village Aid سکیمیں بناتے اور رائج کرتے رہیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ دیہات میں اس وقت تک ترقی نہیں ہو سکتی جب تک وہاں کم از کم پرائمری تعلیم رائج نہ ہو جائے۔ لہذا مختلف طریقوں سے دیہاتی ترقی کے اس پہلو کو عملی جامہ پہنانے کے لئے روپیہ چاہیئے ۔ چنانچہ ہم نے آئیندہ مالی سال میں دیہاتی تعلیم کے پروگرام کو وسعت دینے کے لئے پچیس لاکھ روپے کی منظوری کا مطالبہ کیا ہے ۔ اگر آپ دیہات میں تعلیم پھیلانا نہیں چاہتے تو آپ اسے کاٹ سکتے ہیں ۔ اس صورت میں آپ ہم سے دیہاتی ترقی کا مطالبہ نہ کر سکینگے ۔ کیونکہ بغیر روپے کے دیہاتی ترقی ناممکن ہے ۔ جب تک آپ ہمارے ساتھ تعاون نہ کرینگے اور اپنے دیہاتی عوام کی مالی حالت بہتر بنانے کی کوشش نہ کرینگے ان کا معیار زندگی کبھی بلند نہ ہو سکے گا ۔ ہم نے اپنے ملک کو ترقی کی منازل خود طے کرانا ہے ۔ کسی نے باہر سے آ کر تو ہمارا یہ کام کرنا نہیں ۔ یہ حکومت انتہائی کوشش کر رہی ہے کہ مختلف سکیموں کو عملی جامہ پہنانے میں ایک پیسہ بھی ضائع نہ ہونے پائے ۔

حضور والا—قائد حزب اختلاف میاں عبدالباری صاحب نے فرمایا ہے کہ میں ہوائی جہاز کے ذریعے صوبے کے مختلف اضلاع کا دورہ کرتا ہوں میں ان کی اطلاع کے لئے عرض کردوں کہ آج کل ہوائی جہاز کے ذریعے سفر کرنا سستا رہتا ہے ۔ اس Single Engine کے ہوائی جہاز کا سفر آٹھ آنے فی میل پڑتا ہے جو کسی صورت میں بھی زیادہ نہیں ۔ کیونکہ کار یا ریل گاڑی کے ذریعے سفر کرنے سے وزیر ۔ اس کے عملے اور پھر Gunman وغیرہ کے اخراجات ملا کر اس سے کہیں زیادہ ہو جاتے ہیں ۔ پھر میں ان کی اطلاع کے لئے یہ بھی عرض کر دوں کہ ہر ایک آدمی ہوائی جہاز

پر چڑھنے کے لئے تیار نہیں ہوتا - میرے پاس بعض لوگ آ کر کہتے ہیں کہ اس قسم کے ہوائی جہاز میں سفر کرنا بہت خطرناک ہے - آپ کیوں اپنی جان خطرے میں ڈالتے ہیں - مگر میں انہیں یہی جواب دیتا ہوں کہ اللہ حافظ ہے جب تک زندگی لکھی ہے مجھے کسی قسم کا خطرہ نہیں - میری خواہش ہے کہ میں اپنی زندگی کے باقی دن اپنی قوم کی خدمت میں گذاروں - میں مولانا صاحب کی خدمت میں یہ بھی عرض کر دوں کہ آج کل ہوائی جہاز کے بغیر کام کرنا بہت مشکل ہے- میں ہوائی جہاز پر شوق سے نہیں چڑھتا بلکہ مجبوراً چڑھتا ہوں - قوم کی خدمت کا بوجھ جو میرے کندھوں پر ہے مجھے مجبور کرتا ہے کہ میں کم سے کم وقت میں زیادہ سے زیادہ کام کروں - ورنہ مجھے کیا پڑی ہے کہ میں صبح و شام مارا مارا پھرتا رہوں - مجھے بھی آپ کی طرح کوٹھی میں آرام سے بیٹھنے اور حقہ پینے کا طریقہ اچھی طرح معلوم ہے - کیا آپ چاہتے ہیں کہ میں اس چودھویں صدی اور ہوائی جہاز کے زمانہ میں پرانے وقتوں کی طرح بیل گاڑی میں سوار ہو کر صوبے کے مختلف اضلاع کا دورہ کیا کروں —

جناب والا—ہوائی جہاز میں ہم کوئی شوق سے نہیں بیٹھتے - ہم تو سفر کی تکلیف اٹھاتے ہیں اور اپنے آپ کو insure بھی نہیں کراتے - ہم تو فقط اللہ کے پاس insured ہوتے ہیں -

جناب والا—قوم کے لئے ہم کوئی ایسا فیصلہ کرنا نہیں چاہتے جو نا مناسب ہو اور نہ ہم عوام پر کوئی ناجائز بوجھ ڈالنا چاہتے ہیں - بجٹ آپ کے سامنے آرہا ہے - میں آپ کے سامنے بیٹھا ہوں آپ ہمارے ساتھ بیٹھ کر فیصلہ کریں اور جو مناسب تجاویز آپ پیش کریں گے وہ ہم قبول کریں گے - چشم ما روشن دل ما شاد -

آپ کی جائز سفارشات کو عملی جامہ پہنایا جائیگا - آپ قوم کے لیڈر ہیں - میرے دل میں قوم کے لئے وہی بات ہے جو آپ کے دل میں ہے - میں آپ سے جو بات کروں گا لیڈر آف دی اپوزیشن سمجھ کر نہیں کروں گا بلکہ اپنا دوست سمجھ کر قوم کے لیڈر کی حیثیت سے آپ جو تجاویز پیش کریں گے ان کا پورا پورا لحاظ رکھوں گا - آپ قوم کا پیسہ بچانا چاہتے ہیں مجھے اس کے متعلق آپ سے کوئی اختلاف نہیں ہونا چاہئیے - بجائے اس کے کہ آپ تقریریں کریں آپ میرے پاس آئیں اور میں آپ کی تجاویز بسر و چشم قبول کرلوں گا - اگر آپ لوگوں پر اور کوئی ٹیکس

لگانا چاہیں گے تو میں آپ کی suggestions مانوں گا ۔ لیکن میں یہ ضرور کہوں گا کہ آپ کو جذبات کی رو میں نہیں بہ جانا چاہئے بلکہ صوبے کی اقتصادی ضروریات کو ضرور مد نظر رکھنا چاہئیے ۔

اس کے بعد گندم کے متعلق میں یہ عرض کروں گا کہ حکومت نے شروع میں ہی کہہ دیا تھا کہ جس شخص کے پاس گندم ہو اور وہ بیچنا چاہے تو وہ بیچ سکتا ہے ۔ اس غرض کے لئے ایک دوکان کھولی گئی ہے جو ایک خاص عرصے کے بعد بند ہوجائے گی ۔ بعض لوگ جو امیر تھے انہوں نے اپنی گندم روک لی اور یہ سوچا کہ اکتوبر یا نومبر میں بیچ لیں گے کیونکہ اس وقت اس کی قیمت بارہ یا چودہ روپیہ فی من ہوگی ۔ لیکن وہ نہ بیچ سکے اور گندم پڑی رہی ۔ میرے پاس ایک شخص آیا جس کے پاس پندرہ ہزار من گندم پڑی تھی ۔ میں نے اسے صاف طور پر کہہ دیا کہ تم بے ایمان ہو کیونکہ تم نے وقت پر گندم نہیں بیچی ۔ خدا کرے تمہاری گندم خراب ہو ۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا اور اب وہ اپنی گندم بیچنے کے لئے بھٹکتا پھرتا ہے ۔ یہ گندم جو چھ روپیہ من بک رہی ہے یہ ایسے ہی لوگوں کی بچی ہوئی گندم ہے ۔ جو خراب ہے اور اس کو کیڑا لگا ہوا ہے ۔ جن غریب لوگوں کے پاس فالتو گندم تھی انہوں نے بیچ دی لیکن جن لوگوں نے ذخیرہ کیا ان کی گندم خراب ہوگئی اور کیڑا لگ گیا ۔ مجھے ایسے لوگوں سے کوئی ہمدردی نہیں ہے ۔

جناب والا ۔ legislation کے لئے ہمارے پاس تین دن تھے ۔ کل کا دن تو یونہی گذر گیا ۔ اگر کچھ کام ہوتا تو اس بل پر کل بحث ہو سکتی تھی اس لئے میں حزب اختلاف سے یہ اپیل کرتا ہوں کہ خدا کے لئے صرف اپوزیشن میں ہونے کی وجہ سے ان بلوں کو oppose نہ کریں بلکہ ان بلوں کو با آسانی پاس ہونے دیں ۔ کیونکہ معلوم نہیں اس سشن کے بعد کیا ہوجائے ۔ چونکہ ان بلوں میں قوم کا فائدہ ہے اس لئے آپ اپنی ترامیم کے متعلق ایوان سے باہر میرے ساتھ فیصلہ کرکے یہاں آجائیں تاکہ یہ کام جلدی ختم ہوسکے ۔ میں یقین سے کہتا ہوں کہ جو قانون ہم نافذ کررہے ہیں وہ قوم کے لئے فائدہ مند ہیں ۔

میاں عبدالباری (لائل پور—۷—مسلم) ۔ جناب صدر ۔ وزیر اعلی صاحب نے میرے متعلق جو کچھ ارشاد فرمایا ہے ۔ اس کے لئے میں ان کا شکریہ ادا کرتا ہوں ۔ یہ ان کا حسن ظن ہے اور جو الفاظ انہوں نے

میرے متعلق ارشاد فرمائے ہیں اور اس قدر اعتماد کا اظہار کیا ہے اس سے مجھے یقین ہے کہ وہ میری باتوں پر ضرور غور فرمائیں گے۔

جناب صدر — جو تجویز پیش کی جاچکی ہے۔ وہ یہ ہے کہ اس بل کو سیلیکٹ کمیٹی کے پاس بھیجا جائے تاکہ وہ اس پر غور کرسکے۔ پھر وزیر اعلیٰ صاحب نے فرمایا ہے کہ ہم اس سشن میں نمائشی اور لمبی تقریریں نہ کریں۔ بلکہ باہم مشورہ کریں اور پھر اس کے مطابق فیصلہ کرلیں۔ اس سلسلہ میں صرف اتنا عرض کروں گا کہ ایک طرف تو مجھ پر یہ اعتماد ہے کہ جو تجویز بھی میں پیش کروں گا وہ اسے قبول فرمائیں گے اور دوسری طرف یہ کیفیت ہے کہ انہیں شبہ ہے کہ جو تقریر ہم کریں گے وہ نمائشی ہوگی۔ یہ ان کی self contradiction ہے۔ میں نے جو کچھ کہا ہے اس کا ایک ایک لفظ عقیدت اور ایمان پر مبنی ہے۔ میں جناب وزیر اعلیٰ صاحب کی توجہ اس امر کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں اور یہ بات ان کے ذہن نشیں کرانا چاہتا ہوں کہ اس Cess Bill سے قوم پر انتہائی ظلم ہوگا۔ چونکہ انہوں نے یہ فرمایا ہے کہ ہمیں مشورہ دیا جائے اور یہ وعدہ کیا ہے کہ جو مناسب تجویز ہم پیش کریں گے وہ قبول فرمائیں گے اس لئے میں یہ عرض کروں گا اور ساری پارٹی کی طرف سے آپ کی وساطت سے ان کی خدمت میں یہ مخلصانہ درخواست کروں گا کہ اس ایوان میں اس وعدہ کو ایفا کریں اور خدا اور رسول کے سامنے اور عوام کے سامنے سرخرو ہوں۔ میری درخواست یہ ہے کہ اس مسودہ قانون کو سیلیکٹ کمیٹی کے سپرد کردیں اگر وہ اسے منظور کرلے تو بڑی خوشی سے نافذ کردیں اور اگر وہ منظور نہ کرے تو ممکن ہے آپ کو صحیح راستہ پر لاسکے۔ اور اس طرح غریب طبقہ کے لوگوں کو بچا سکے جن پر آپ اس قانون کے ذریعہ سے انتہائی ظلم کررہے ہیں۔

آپ اس ٹیکس کو مالیہ کے ساتھ عائد کرکے عوام کو فریب دے رہے ہیں۔ یہ چیز ہندوستان کی تاریخ میں کبھی نہیں ہوئی۔ نہ مسلمانوں کے وقت میں کبھی ایسا ہوا اور نہ انگریزی عہد میں ایسا کیا گیا۔ آپ اپنا وعدہ ایفا کریں۔ اگر آپ نے میرے ساتھ وعدہ کیا ہے تو میں یہ درخواست کروں گا کہ صرف دو ماہ کے لئے اسے ملتوی کر دیا جائے۔ اب پاکستان بن گیا ہے۔ یہ انگریز کا زمانہ نہیں ہے۔ چلو دو ماہ نہیں ایک مہینہ کے لئے ہی اسے ملتوی کردیں۔ میں یہ حسن عقیدت سے عرض کررہا ہوں۔ میرے اور آپ کے مخلصانہ تعلقات

کئی سالوں سے ہیں ۔ اب سیاسی چالاکیاں چھوڑ دیجیئے۔ یہ آپ کا اپنا ملک ہے ۔ اسی ہیرا پھیری میں سات سال گذر گئے ہیں ۔ میں وزیر اعلی صاحب کی خدمت میں مخلصانہ درخواست کروں گا کہ اگر آپ نے وعدہ ایفا کرنا ہے تو اسے ایک ماہ کے لئے ملتوی کردیں ۔ ہم اکھٹے ہوکر اس پر غور کریں گے اور کوئی ایسی کوشش کریں گے جس سے غربا بھی بچ سکیں اور ہمارا کام بھی نکل آئے ۔

وزیر اعلی : میں دس تاریخ کو بجٹ پیش کررہا ہوں جس میں یہ ٹیکس شامل کرنا ہے تو اس صورت میں یہ ملتوی کیسے کیا جا سکتا ہے ؟

میاں عبد الباری : کچھ کیجئے میں نے تو آپ کے وعدہ کے پیش جواب میں یہ تجویز پیش کی ہے ۔

Mr. Speaker: The question is—

That the Punjab Development Fund Cess Bill be referred to a Select Committee consisting of the following members with instructions to report by the 1st May, 1955:—

(1) The Hon'ble Minister of Development;
(2) Mian Abd l Bari ;
(3) Mr. C. E. Gibbon ; and
(4) The Mover. (Chaudhry Muhammad Afzal Cheema.)

The motion was lost.

Mr. Speaker : The question is—

That the Punjab Development Fund Cess Bill be referred to a Select Committee consisting of the following members with instructions to report within two weeks :—

(1) The Hon'ble Minister of Development ;
(2) Mian Abdul Bari ;
(3) Mian Muhammad Shafi ;
(4) Chaudhry Wali Muhammad Bosal; and
(5) The Mover. (Qazi Murid Ahmad).

The motion was lost.

Mr. Speaker: The question is—

That the Punjab Development Fund Cess Bill be referred to a Select Committee consisting of the following members with instructions to report by the 31st March, 1955:—

(1) The Hon'ble Minister Incharge ;
(2) Syed Naubahar Shah ;
(3) Nawabzada Nasru'lah Khan ;
(4) Mian Mumtaz Muhammad Khan Daultana ; and
(5) The Mover, (Mian Muhammad Shafi.)

The motion was lost.

Mr. Speaker : The question is—

That the Punjab Development Fund Cess Bill be taken on to consideration at once.

Mr. C. E. Gibbon (Pakistani Christian and Anglo-Pakistani III) : Sir, the speech made by the Honourable Minister of Revenue has not so much force in it as the speech made by the Chief Minister last year. He has proposed the consideration of this Bill for the simple reason that the charge which I held out when I sought that the Bill be circulated for eliciting public opinion thereon has

been proved to the hilt. This is an absolute fraud on the people. What the majority are concerned about is their own allotments and their interests. They do not care at all whether the people live or die. Now let me quote what you said, Sir, when last year you changed the name of this Bill from Muhajir Fund Cess Bill to Development Fund Cess Bill and you gave a reason for that. You said that one of the reasons why you changed the name of this Bill was that it was not put to proper use or that it was not used for the purposes for which it was collected. Now, Sir, let us see what the Chief Minister had stated on that occasion. He said, Sir, that his Ministry wanted to be more honest when actually they have proved to be thoroughly dishonest. I have no hesitation in saying to-day that the Daultana Ministry and the Mamdot Ministry were more honest than the present Ministry. Whether the Mamdot Ministry or Daultana Ministry was successful or not that is a different thing. As far as honesty and integrity are concerned, those two Ministries have a little bit more to their credit than the present. You said, Sir, that you changed the name of the Bill and gave reasons for it but you did not change the objects and reasons. Now, Sir, apart from the question of calling it a Development Fund Cess Bill, every word, every full-stop, every comma is exactly the same as that of the Muhajir Fund Cess Bill. Now, tell me, Sir, where is your honesty or honesty in speech. You changed the name of the Bill; you left the statement of objects and reasons exactly as it was and now you have decided to come here and tell us that you were honest about it. If, Sir, you were keen to be honest, I think the most honest and decent thing that you can do is to do what we have asked you to do and that is, to tax the rich and leave the poor alone because as I have stated on more than one occasion on the floor of this House that you are everyday creating conditions which are spreading communism in this country. You are creating them by your actions and you are telling by your propaganda quite the opposite. If you want to be honest, first be honest to yourself before you talk about being honest. The Honourable Chief Minister said.—I will read his speech: "Muhajir Fund Cess was started in 1948-49 and ever since it has been reduced from year to year, we impose this Cess to balance the budget". I again come back to the question about balancing budgets. That is something inherent in Unionists. The question of balancing budgets does not arise in a welfare State. You must spend and spend for the welfare of the people and in order to get money you must tax and tax the rich and uplift the living standard of the poor. What you are trying to do is to suck and suck the blood of the poor. That was the policy of the Unionist Government under a foreign British Government. You must change it if you want to be honest to the people. There was one point made by the Honourable Chief Minister which requires certain amount of consideration. The Chief Minister referred to the standard of living. You have been spending money from the public exchequer to fill your bellies with 'pulao' and chicken curry while millions of people cannot take a glass of water from a Municipal pump. You talk about standard of life, I think it is a jolly good thing for yourselves. Sir, I will refer to just one observation which was made by the Honourable Minister-in-charrge of the Bill. He said; "Why should it be sent to public for eliciting their opinion". Well, Sir, the reply is simple. Why should they take care of public opinion when they do not represent the smallest section of the masses. All that they represent is the best interests of themselves.

Mr. Speaker: The question is—

That the Punjab Development Fund Cess Bill be taken into consideration at once.

The motion was carried.

CLAUSE 2

Mr. Speaker: The question is—

The Clause 2 stand part of the Bill.

The motion was carried.

CLAUSE 3

Mian Muhammad Shafi: Sir, I beg to move—

That in Clause 3, sub-clause (1) in line 1 for the words "all lands" the words "all land owners who pay land revenue at Rs. 250 or more per term" be substituted.

Sir, the opposition is not against getting money to finance your so-called development projects. The Opposition, however, is unalterably opposed to your taxing people at uniform rates without reference to the capacity of the people to pay them. The amendment, if accepted will exempt a large number of the people from the operation of the present Bill because they cannot afford to pay. Now I say that you fix the limit of Rs. 250 which shall be assessed for the purpose of this Bill. It will mean that men who have got means to pay shall be paying. Sir, in this way you will earn the gratitude of those who cannot pay and you will be making them pay who ought to pay in the interests of the State, because, Sir, the point is very simple. If you read any book on principles of taxation, it will become very clear that you must tax those who are able to pay and not those who are unable to pay. According to the law, when you make a man with limited means to pay, it hurts him for more than a man whose means are such that he can pay. Sir, I hope that the Honourable Revenue Minister, who is representing the Honourable Chief Minister, will kindly consider this proposition and in this he will have made a rich contribution towards the cause which is just.

Mr. Speaker: The question is—

That in Clause 3, sub-clause (1) in line 1 for the "all lands" the words "all land owners who pay land revenue at Rs. 250 or more per term" be substituted.

The motion was lost.

The Assembly then adjourned for Asar Prayers.

The Assembly reassembled at 4-40 p. m. of the clock. Mr. Speaker in the Chair.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema (Lyallpur IX, Muslim): Sir, I beg to move—

That in Clause 3, sub-clause (1), for the word "annas" occurring in line 2, the word "pice" be substituted.

حضور والا— یہ وہ کلاز ہے جس میں محصول کی شرح کا تعین کیا گیا ہے۔ میں نے اپنی ترمیم کے ذریعے استدعا کی ہے کہ شرح محصول کو دو آنے فی روپیہ سے کم کر کے دو پیسے فی روپیہ کر دیا جائے —

حضور والا—جب وزیر اعلے نے بڑی مخلصانہ انداز میں قائد حزب اختلاب کے ساتھ اس جلوت میں کچھ خلوت کی باتیں کیں اور اظہار عقیدت فرمایا تو مجھے بہت حد تک اس امر کی توقع پیدا ہو گئی کہ شاید اس اہم معاملہ میں مفاہمت کی کوئی صورت نکل آئیگی۔ اس حقیقت سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ حکومت کو نظم و نسق اور اپنی انتظامیہ مشینری کو چلانے کے لئے روپیہ درکار ہے اور یہ امر بھی قابل تسلیم نہیں کہ کوئی حکومت بلاوجہ ایک ایسا ظالمانہ فعل کرے جس کے جواز کی بادی النظر میں کوئی صورت پائی نہ جائے۔ وزیر اعلے صاحب نے بجٹ کے خسارے کا ذکر کرتے ہوئے ارشاد فرمایا

کہ وہ پرسوں اس ایوان کے سامنے بجٹ پیش کرنے والے ہیں اور اگر حزب اختلاف کی گذارشات مان لی جائیں تو خسارے کی جو صورت پیدا ہو جائیگی وہ کیونکر درست ہو سکے گی میں اب بڑی پورے اعتماد کے ساتھ اور پورے وثوق سے عرض کروں گا کہ اگر وہ دیانتداری سے یہ چاہتے ہیں کہ یہ کلنگ کا ٹیکہ ان کے ماتھے پر نہ لگے تو وہ اب بھی ایک باوقار طریقے سے مفاہمت کر سکتے ہیں۔ سوال یہ ہے کہ بجائے اس کے کہ آپ ایک عام مقررہ شرح کے حساب سے بلا امتیاز سب لوگوں سے دو آنے فی روپیہ کے حساب سے ٹیکس وصول کریں ۔ آپ لوگوں سے ان کی استطاعت، ان کی ملکیت اور ان کی آمدنی کے تناسب سے بعض لوگوں سے دو آنے کی بجائے دو پیسے فی روپیہ کے حساب سے وصول کریں ۔

صاحب سپیکر—آپ کی ترمیم یہ نہیں ہے آپ اپنی ترمیم کے اندر رہتے ہوئے جو کچھ کہنا چاہتے ہیں کہیئے—

چودھری محمد افضل چیمہ—میں ایک مشورے کی صورت میں . . . . . .

صاحب سپیکر—آپ نے جو ترمیم پیش کی ہے اس کے متعلق فرمائیے —

چودھری محمد افضل چیمہ—میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں اور یہ ایک روز مرہ کے مشاہدے کی بات ہے کہ بسا اوقات استدلال سے کچھ تلخی پیدا ہو جاتی ہے اور میں بڑی شدت سے اس امر کی ضرورت محسوس کرتا ہوں۔ اب بھی حکومت اپنے وقار کو یہ دھکا اپنے ہاتھوں سے نہ لگائے ۔ ورنہ مجھے معلوم ہے کہ میری ترمیم صرف دو آنے کی بجائے دو پیسے کے متعلق ہے ۔ سوال یہاں بھی پھر وہی پیدا ہو گیا ہے کہ حکومت میری ترمیم کو قبول کرے تو وہ خسارہ کیونکر پورا ہو گا ۔ میں اس کے متعلق پھر تجویز کرتا ہوں کہ خسارے کو پورا کرنے کے لئے اگرچہ آپ کے پاس وقت بہت کم ہے لیکن اب بھی اگر آپ باہمی تعاون اور اشتراک سے مخلصانہ طریق پر کام کرنا چاہتے ہوں تو یہ مشکل آسان ہو سکتی ہے اور آپ کے خسارے کو پورا کرنے کے لئے متبادل ذرائع تلاش کئے جا سکتے ہیں ۔ جس سے سانپ بھی مر جائیگا اور لاٹھی بھی بچ جائیگی ۔ بہر حال میں نے اسے ایک اھون البلیتین یا lesser evil سمجھتے ہوئے اور جبکہ میری سابقہ گذارشات درخور اعتنا تصور نہ کی گئیں تو اس صورت میں ناگزیر طور پر اور مجبوراً یہ ترمیم پیش کی ہے ۔ تاکہ یہ بوجھ

کم از کم کسی حد تک تو ہلکا ہو جائے اور وہ لوگ جو دو آنے فی روپیہ کا بوجھ برداشت کرنے کی استطاعت نہیں رکھتے وہ شاید دو پیسے فی روپیہ کا بوجھ (اگرچہ اسے بھی بہ طیب خاطر برداشت نہیں کیا جا سکتا) اٹھا سکیں۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ دو آنے لگا کر ہوی آپ نے دیکھ لیا کہ کوئی موثر احتجاج نہیں ہوا۔ آپ کی مسندوں کو کوئی خطرہ لا حق نہیں ہوا۔ کوئی تزلزل واقع نہیں ہوا۔ اس لحاظ سے آپ محفوظ ہیں لیکن اگر آپ واقعی ٹیکسیشن کے مسلمہ اصولوں کو بروئے کار لانا چاہتے ہیں۔ منصفانہ طریق محصول پر عمل کرنا چاہتے ہیں یا آپ اپنی خدمات کے صلے کے طور پر محصول عائد کرنا چاہتے ہیں تو آپ کو اس بات کا خیال رکھنا چاہیئے کہ جو لوگ جس حد تک جس قدر اور جس نسبت سے محصول برداشت کرنے کی استطاعت رکھتے ہوں اسی حد تک ان پر محصول لگایا جائے۔ دو آنے کی شرح بہت زیادہ ہے اس لئے میں درخواست کرتا ہوں کہ دو آنے کی بجائے دو پیسے کے حساب سے محصول لگایا جائے —

Mr. Speaker : The question is—

That in Clause 3, sub-clause (1), for the word "annas" occurring in line 2, the word "pice" be substituted.

The motion was lost.

Mian Abdul Bari (Lyallpur VII, Muslim) : Sir, I beg to move—

That in Clause 3, sub-clause (1), the words "the occupier's rate" occurring in line 3 be deleted.

جناب صدر—ضمن نمبر ۳ سبکلاز نمبر ۱ میں اس cess کو مزید گھٹانے کے بارہ میں بالخصوص اس قطعی انکار کے بعد جو وزیر اعلے صاحب نے کیا تا کہ وہ اپنے فیصلہ پر نظر ثانی کر سکیں میں نے یہ ترمیم پیش کی ہے کہ یہ cess صرف مالیہ اراضی پر لگایا جائے اور آبیانے پر نہ لگایا جائے اور اگر ایک دفعہ یہ بوجھ برداشت نہ ہو سکے تو آہستہ آہستہ ہم یہ اصول قائم کر سکیں کہ ایک سال میں نہیں تو دو سال میں سہی — مالیہ اراضی کے ساتھ اور کوئی ٹیکس حکومت کی طرف سے بالخصوص چھوٹے کاشتکاروں پر نہ لگایا جائے۔ اس لئے میں نے یہ ترمیم پیش کی ہے جو اس طرح پڑھی جائیگی —

3 (1) A Cess shall be levied upon all lands at the rate of two annas on each rupee or part of a rupee of the land revenue assessed and payable in respect of such land.

Mr. Speaker : The question is—

That in Clause 3, sub-clause (1), the words "the occupier's rate" occurring in line 3 be deleted.

The motion was lost.

Mian Muhammad Shafi (Montgomery VII, Muslim Reserved Seat) : Sir, I beg to move—

That in Clause 3, sub-clause (2), in line 1 for the words "by the person liable for the payment of the land revenue" the word "land owner" be substituted.

Sir, the burden of my amendment is that the onus for the payment of this tax be completely shifted to the land owner and the tenant should not be made liable for the cess. My respectful submission is this that you should tax a man who has got the capacity to pay. You know your tenant is not in a position to pay. You have protected your interests. You have not levied taxes at a higher level. I appeal to your sense of justice, if you have any, to kindly drop the existing clause and accept mine. With these words I move my amendment.

Mr. Speaker: The question is—

That in Clause 3, sub-clause (2), in line 1 for the words "by the person liable for the payment of the land revenue" the word "land owner" be substituted.

The motion was lost.

Mr. Speaker: Does Mian Abdul Bari want to move his next amendment.

میاں عبدالباری : جناب صدر میری یہ ترمیم پہلی ترمیم کے ضمن میں تھی - جس میں آبیانہ کا سوال تھا - اگر پہلی ترمیم منظور ہو جاتی تو یہ بھی منظور ہو جاتی - اب چونکہ پہلی ترمیم منظور نہیں ہوئی اس لئے اسے پیش کرنا بیکار ہے —

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema (Lyallpur IX, Muslim) : Sir, I beg to move—

That in clause 3, sub-clause (3) be deleted and the following proviso be added after changing the semi-colon occurring after the word "be" at the end of sub-clause 2.—

"Provided all tenants and land holders whose holdings do not exceed 28 acres shall be exempted from the payment of the cess".

حضور والا کلاز ۳ کی سب کلاز ۳ کے الفاظ یہ ہیں -

"The Provincial Government may by notification exempt any person or persons or class of persons from the payment of the whole or any part of the cess or reduce the rate of the cess leviable on any land or class of land".

"صوبوی حکومت کو یہ اختیار ہوگا کہ وہ سرکاری نوٹیفیکیشن کے ذریعہ کسی خاص شخص یا اشخاص یا جماعت کو قطعی طور پر یا اس ٹیکس کے کسی جزو سے مستثنے قرار دے دے - یا شرح میں تخفیف کردے"۔

اب چونکہ یہ ٹیکس گذشتہ چھ سات سال سے عائد کیا جا رہا ہے ہم مشاہدہ کی بنا پر یہ کہہ سکتے ہیں کہ اس سب کلاز ۳ کو آج تک جائز طریق پر کہیں ایک مرتبہ بھی استعمال نہیں کیا گیا —

Mian Muhammad Shafi: Sir, there is no quorum.

(At this stage the bell rang and more members came in).

Mr. Speaker: Please go on; the House is in quorum.

چودھری محمد افضل چیمہ — حضور والا میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اس سب کلاز ۳ کو گذشتہ ۶ سال سے محض کاغذی

حیثیت حاصل رہی ہے اسے کسی ایک فرد یا جماعت کے لئے آج تک ایک مرتبہ بھی استعمال نہیں کیا گیا ۔ لہذا اس بات کا یہ بین ثبوت ہے کہ حکومت محض فریب دہی کے لئے بعض اوقات اس قسم کے چکنے چپڑے الفاظ استعمال کرتی ہے تا کہ اگر اعتراض کیا جائے تو کم از کم وقتی طور پر یہ جواب دیا جا سکے کہ اس قانون میں اس امر کی گنجائش رکھی گئی ہے کیونکہ بعض نادار مفلس اور غیر مستطیع لوگ ہمارے سامنے آئیں گے ۔ ہم اس سب کلاز کو استعمال کرتے ہوئے فائدہ اٹھائیں گے ۔ چونکہ اس کو ایک مرتبہ بھی استعمال نہیں کیا گیا اس لئے میں نے یہ استدعا کی ہے کہ آپ صرف اپنے لئے رسمی اور کاغذی قسم کی کلاز میں گنجائش نہ رکھیں جسے شاید دیانتداری سے استعمال کرنے کا آپ کا ارادہ بھی نہیں اور نہ آپ نے عملاً کچھ کیا ہے ۔ اس سے زیادہ بہتر یہ تھا کہ آپ پوری وضاحت کے ساتھ مسلمہ طور پر غریب اور غیر مستطیع لوگوں کو اس محصول سے مستثنے قرار دے دیتے ۔

پچھلے سال کے میزانیہ کے مطابق اس سیس cess سے آپ کی ساری آمدنی ایک کروڑ اٹھارہ لاکھ کے قریب تھی ۔ اگر آپ ایک مربع اراضی کے مالک اور مزارعین کو مستثنے قرار دے دیں تو آپ کو کوئی ایسا نا قابل برداشت خسارہ برداشت نہیں کرنا پڑے گا ۔ آپ کے ان تخمینوں میں کوئی زیادہ فرق نہیں پڑے گا ۔ آپ محض عوام کو فاضل بجٹ پیش کر کے اس قسم کے فریب میں مبتلا کرنا چاہتے ہیں ۔ میں حیران ہوں کہ وہ کون سی وجوہات ہیں جو اس ترمیم کو قبول کرنے میں مانع ہیں ۔

حضور والا—میں نے اس ترمیم میں ایک مربع اراضی کے مالک کو اس کلاز سے مستثنے قرار دینے کی استدعا کی ہے لیکن اگر آپ سمجھتے ہیں کہ یہ درست نہیں تو میں اسے اور نرم کرنے کے لئے تیار ہوں اور درخواست کرتا ہوں اسے نصف مربع کر دیا جائے ۔ بشرطیکہ آپ دیانتداری سے اس پر عمل پیرا ہوں ۔ اگر ایک مربع کی ترمیم آپ کے لئے قابل قبول نہیں اور آپ سمجھتے ہیں کہ اس سے تخمینہ میں فرق پڑے گا تو نصف مربع کر دیجئے اس سے کوئی زیادہ فرق نہیں پڑے گا ۔

Mr. Speaker: The question is—

That in Clause 3, sub-clause (3) be deleted and the following proviso be added after changing the semi-colon occurring after the word "be" at the end of sub-clause (2) :—

"Provided all tenants and landholders whose holdings do not exceed 28 acres shall be exempted from the payment of the cess".

The motion was lost.

Mr. Speaker : The question is—
That Clause 3 stand part of the Bill.
The motion was carried.

Clause 4

Mr. Speaker: The question is—
That Clause 4 stand part of the Bill.
The motion was carried.

Clause 1

Mian Abdul Bari (Lyallpur VII, Muslim) : Sir, I beg to move—
That in Clause 1, sub-clause (1), for the words "the Punjab Development Fund Cess Act," the words "Muhajir Tax Act" be substituted.

جناب صدر — میں نے یہ ترمیم اس لئے پیش کی ہے کہ اس مسودہ قانون کو ڈویلپمنٹ فنڈ سیس بل کا نام دے کر قانون سازی کی تاریخ میں سب سے بڑا فریب کیا گیا ہے ۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ اس ٹیکس کو مداوت دیدی جائے اور اسے ہمیشہ کے لئے برقرار رکھا جائے ۔ آج وزرا کرام نے جو تقریریں کی ہیں ان سے تو یہ ظاہر ہوتا ہے کہ جب تک ملک میں کوئی نہ کوئی ڈویلپمنٹ ہوتی رہیگی اس ٹیکس کو قائم رکھا جائے گا ۔ یہ ایک ایسی چیز ہے جس کے لئے ہر شخص کو fight کرنا چاہئیے ۔ میری اس ہاؤس سے یہ درخواست ہے کہ وہ صوبہ کے عوام کو اس ظلم سے بچالے ۔ لینڈ ریونیو یا آبیانہ جس زمین پر لگا ہوا ہو اس پر سوائے زرعی انکم ٹیکس کے جو بہت بڑے زمینداروں سے وصول کیا جاتا ہے چھوٹے کاشتکاروں پر کوئی ٹیکس نہیں لگایا جاتا ۔ میں اس لحاظ سے یہ ضروری سمجھتا ہوں کہ اس کا نام بدل کر ''مہاجر ٹیکس،، رکھا جائے ۔ آنریبل وزیر بحالیات نے یہ ارشاد فرمایا تھا کہ پہلے اس بل کا نام مہاجر فنڈ سیس بل تھا لیکن اس سے وصول شدہ رقم مہاجرین کے لئے ہی استعمال نہیں ہوتی رہی اور یہ ان کی دیانتداری ہے کہ انہوں نے اس کا نام بدل کر ڈیویلپمنٹ سیس بل رکھ دیا ہے ۔ میں جناب کی وساطت سے وزیر بحالیات سے دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ کیا اس ایکٹ میں آپنے کوئی ایسی شق رکھی ہے جس میں یہ کہا گیا ہو کہ فلاں فلاں ڈویلپمنٹس میں یہ روپیہ خرچ ہوگا ۔ جس طرح پہلے ایکٹ میں آپ نے کوئی ایسی شق نہیں رکھی تھی کہ یہ روپیہ صرف مہاجرین پر خرچ ہوگا ۔ اسی طرح آپ نے اس بل میں کوئی ایسی شق نہیں رکھی جس سے یہ ظاہر ہو کہ یہ روپیہ صرف ڈویلپمنٹس پر خرچ ہوگا ۔ ایک طرف تو بہانے ڈھونڈنا اور پھر ادعائے دیانت کرنا یہ ایک آنریبل وزیر کے شایان شان نہیں ہے ۔ اس لئے میں جناب کی وساطت سے ان کی خدمت میں عرض کروں گا کہ اس مسودہ قانون کا نام مہاجر فنڈ سیس ایکٹ رکھا جائے ۔

Mr. Speaker : The question is—

That in Clause 1, sub-clause (2), for the words "the Punjab Development Fund Cess Act, the words "Muhajir Tax Act" be substituted.

The motion was lost.

Sir, I beg to move:— - (لائلپور - ے مسلم) **میاں عبدالباری**

That in Clause 1, sub-clause (2), for the words "the whole of the Punjab", the words "such canal irrigated lands as are not affected by Thur or Seem" be substituted.

جناب صدر—اس ترمیم کو پیش کرنے کا میرا مقصد یہ ہے کہ اگر آپ نے یہ ٹیکس ضرور عائد کرنا ہے تو کم سے کم آپ ایسے علاقوں کو مستثنیٰ قرار دے دیں جو بارانی ہیں اور ایسے نہری رقبے جن سے تھور اور سیم کی وجہ سے کاشتکار کو کچھ حاصل نہیں ہوتا ۔ اگر آپ اتنا بھی مان لیں تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ غنیمت ہوگا ۔ میں ان کی خدمت میں درخواست کرونگا کہ آپ میری یہ ترمیم منظور فرما کر غریب طبقے کو بچا لیں ۔

Mr. Speaker : The question is—

That in Clause 1, sub-clause (2), for the words "the whole of the Punjab", the words such canal irrigated lands as are not affected by Thur or Seem" be substituted.

The motion was lost.

میاں عبدالباری (لائلپور نمبر ے - مسلم) : جناب صدر میں یہ ترمیم پیش کرتا ہوں کہ کلاز نمبر ۱ کی سب کلاز (۳) کی proviso حذف کر دی جائے ۔

اس میں یہ الفاظ لکھے ہیں ۔

"Provided that such of the provisions of this Act or of the rules, if any, modified or made thereunder as are pertaining to the payment, collection and recovery of the cess levied under the Act shall continue in force till such time as any amount due under the said Act remains unpaid or unrealised."

جناب صدر ۔ یہ چیز اس قدر خطرناک ہے کہ اگر ان کے کچھ روپیے کی وصولی اگلے سال باقی رہ گئی تو اس کا یہ مطلب ہوگا کہ automatically بغیر اسے لیجسلیچر میں لائے یہ ٹیکس پھر عائد کر دیا جائے گا ۔ (آوازیں ۔ نہیں ۔ نہیں) ۔ آپ اسے پڑھیں ۔ اس میں یہ الفاظ درج ہیں ۔

"Provided that such of the provisions of this Act or of the rules, if any, modified or made thereunder as are pertaining to the payment, collection and recovery of the cess levied under the Act shall continue in force till such time as any amount due under the said Act remains unpaid or unrealised."

وزیر مال—صرف ان کلاز کا اطلاق ہوگا جو وصولی کے متعلق ہیں تا کہ بقایا وصول ہو سکے ۔

Mr. Speaker: The question is—

That in Clause 1, sub-clause (3), the proviso be deleted.

The motion was lost.

Mr. Speaker : The question is—
That Clause 1 stand part of the Bill.
The motion was carried.

Preamble

Mr. Speaker : The question is—
That Preamble be the Preamble of the Bill.
The motion was carried.

Title

Mr. Speaker: The question is—
That Short Title be the Short Title of the Bill.
The motion was carried.

Minister of Revenue (The Honourable Mr. Muzaffar Ali Khan Qizilbash): Sir, I beg to move—
That the Punjab Development Fund Cess Bill be passed.

Mr. Speaker: Motion moved is—
That the Punjab Development Fund Cess Bill be passed.

چودھری محمد افضل چیمہ (لائلپور۔ نمبر ۹ ۔ مسلم) : حضور والا—ہمیں افسوس ہے کہ ارتکاب جرم ہو چکا ہے ۔ ہاتھی گزر گیا ہے اور دم باقی ہے ۔ اس طرف سے اتمام حجت کے تمام ذرائع اختیار کر لئے گئے ہیں اور ہم سمجھتے ہیں کہ ہم نے اپنا اخلاقی اور منصبی فرض ادا کر دیا ہے ۔

اگر بینی کہ نابینا و چاہ است ۔ وگر خاموش بہ نشینی گنہ است

عجلو باالتوبتہ قبل الفوت ۔ عجلو باالتوبتہ قبل الفوت

ابھی وقت ہے کہ یہ تائب ہو جائیں ۔ آپ ان لوگوں پر ٹیکس لگا رہے ہیں جو آپ کی افواج کے لئے man-power مہیا کرتے ہیں ۔ آپ ان پر ٹیکس لگا رہے ہیں جو آپ کے لئے رزق پیدا کرتے ہیں ۔ آپ ان پر ٹیکس لگا رہے ہیں جنہوں نے آپ کو ووٹ دیکر ممبر بنا کر اور پھر وزیر بنایا ہے ۔ میں حیران ہوں کہ آج ان کے نمائندے کہاں گئے ۔ کیا ان کو سانپ سونگھ گیا ہے ۔ وہ کس اخلاقی جرات کے ساتھ عوام کے سامنے جائیں گے اور ان کو بہر حال جانا ہے ۔ میں حیران ہوں کہ آخر ان کے پاس اس کا کیا جواب ہے ۔

حضور والا—حکومت نے اصل مسئلہ کو الجھا کر اور خلط مبحث میں مبتلا ہو کر ہمارے اصل اعتراضات کا جواب دینا مناسب نہیں سمجھا ۔ آپ خود تو عیش و عشرت کی زندگی بسر کرتے ہیں ۔ خود کفایت شعاری سے کام لیکر قوم کے لئے تھوڑا سا روپیہ بچانے کی تدابیر بھی اختیار کریں ۔ جب مثال کے طور پر ہوائی جہاز کا ذکر کیا گیا تو فرمایا گیا کہ یہ بڑے دل گردے کا کام ہے ۔ موٹر میں سفر کرنا جہاں قدم قدم پر حادثے کا خطرہ ہو اور ہوائی جہاز پر جہاں اس سے بھی زیادہ خطرات

لاحق ہوں اور بڑے بڑے محلات میں رہنا جہاں اس سے گر کر ہڈی پسلی کا بچنا ناممکن ہو اور قالینوں کے فرش پر چلنا پھرنا جہاں سے پھسل کر ٹانگ ٹوٹنے کا اندیشہ ہو یہ بڑی جرات اور ہمت کا کام ہے اور پھر یہ کہا گیا کہ دوسرے ممالک کے وزراء بھی ایسا ہی کرتے ہیں - میں ان سے یہ دریافت کرتا ہوں کہ آیا وہاں عوام کا معیار زندگی اتنا پست ہے جتنا یہاں ہے - جب آپ دوسرے ممالک کی ہمسری کا دعویٰ کرتے ہیں تو کیا وجہ ہے کہ یہاں ۸۰ فیصدی آبادی کی کیفیت یہ ہے کہ وہ بنیادی ضروریات زندگی سے محروم ہے - میں آپ سے دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ کیا آپ محاصل کی تشخیص اور اس کے مسلمہ اصولوں سے بالکل بے بہرہ اور ناآشنا ہیں - اگر آپ کے اس دو سالہ دور حکومت میں taxation کا اصول آپ کی سمجھ میں نہیں آیا اور آپ کے دماغوں میں داخل نہیں ہو سکا تو ہمارا اس میں کیا قصور ہے - ہم یہ محسوس کرتے ہیں کہ آپ کی نگاہ میں شاید اس کا جواب یہ ہے کہ

آخری وقت میں کیا خاک مسلماں ہونگے -

جب باقی معاملات میں اس طرح تساہل سے کام لیا گیا ہے تو اس آخری وقت میں اس کی تلافی کرنے کی آپ کو کیا ضرورت ہے -

بہر حال میں یہ محسوس کرتا ہوں کہ جو کچھ آپ نے کیا ہے یہ مقطع کے بند کے مترادف ہے - آپنے جو بھی کارروائی کی ہے یہ بالکل اسی نوعیت کی ہے اور اس سے ہر لحاظ سے مناسبت رکھتی ہے - آپ سے استدعا کی گئی کہ اگر آپ اس غیر منصفانہ طریق تشخیص محاصل کو چھوڑ کر ہمارے ساتھ تعاون و اشتراک سے کام کرنا چاہتے ہیں تو ہم آپ کو ایسے متبادل ذرائع بتا سکتے ہیں بلکہ میں سمجھتا ہوں کہ شاید آپ خود بھی ان باتوں سے غافل نہیں ہیں - وجہ صرف یہ ہے کہ آپ کی سیاسی مصلحتیں آپ کو کسی منصفانہ طریق کار پر عمل پیرا نہیں ہونے دیتیں - حضور والا ہر سال لائلپور میں پنجاب کورسنگ کلب کا ٹورنامنٹ ہوتا ہے اور صوبہ کے تمام سگ پرست اسرا اپنے لاو لشکر - ساز و سامان - موٹریں - کتے اور نوکر لیکر مقررہ تاریخ پر وہاں پہنچ جاتے ہیں -

صاحب سپیکر —بل کے متعلق بھی کچھ فرمائیے -

چودھری محمد افضل چیمہ —میں اس کے متعلق کہہ رہا ہوں -

صاحب سپیکر —ابھی تک تو آپ نے اس کے متعلق کچھ نہیں کہا -

چودھری محمد افضل چیمہ—میں ان کے اعتراضات کا جواب دے رہا ہیں - میں ان کو بتا رہا ہوں کہ وہ کون سے متبادل طریقے ہیں جن سے خسارے کو پورا کیا جا سکتا ہے - آپ فوری طور پر جس تجویز پر عمل کر سکتے ہیں وہ یہ ہے کہ آپ ان کتوں پر سو روپیہ یا دو سو روپیہ فی کتے کے حساب سے ٹیکس لگائیے - بٹیر بازوں پر ٹیکس لگائیے -

آنریبل وزیر مال—ان پر لگا ہوا ہے -

چودھری محمد افضل چیمہ— races پر ٹیکس لگائیے -

آنریبل وزیر مال—ان پر بھی لگا ہوا ہے -

چودھری محمد افضل چیمہ— اور زیادہ کر دیجیے - سامان تعیش پر ٹیکس لگانے کی کافی گنجائش ہے - اس پر آپ زیادہ سے زیادہ ٹیکس عائد کر سکتے ہیں - اس کے علاوہ ان گھوڑوں پر ٹیکس لگائیے جن کو آپ ناچ سکھاتے ہیں اور جو آپ لہو و لعب کا سامان پیدا کرتے ہیں اور جن حرکتوں سے آپ قوم کو لہو و لعب کی ترغیب دیتے ہیں اور اسے اس کے فرائض سے غافل کر رہے ہیں - جس طرح آپ خود اصل مسائل سے غافل ہیں اسی طرح قوم کو غفلت کی تلقین کرتے ہیں اور اس کا وقت ضائع کرتے ہیں - اگر آپ اب بھی چاہیں تو دو منٹ کے اندر اندر آپ تائب ہو سکتے ہیں -

بہر حال میں صرف یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ہماری گذارشات کو یہ کہہ کر ٹال دیا گیا کہ ہم مخالفت برائے مخالفت کے لئے یہ سب کچھ کہہ رہے ہیں - حقیقت یہ ہے کہ گذارشات ہمارے دل کی گہرائیوں سے نکلی ہیں - وہ وقت آنیوالا ہے جب آپکو اس کا خمیازہ بھگتنا پڑھیگا اور اس کی بڑی بھاری قیمت ادا کرنا پڑے گی - ہم بشرطہ زندگی اس امر کی کوشش کریں گے کہ آئندہ انتخابات میں سائے کی طرح آپ کے پیچھے چلیں - اور یہ اسی فیصدی غریب عوام کے نمائندے جن کو اب سانپ سونگھ گیا ہے اور جن کی زبان گنگ ہو گئی ہے جہاں بھی جائینگے ہم ان کا پیچھا کریں گے اور لوگوں کو اصل صورت حال سے آگاہ کریں گے -

Mian Muhammad Shafi : Sir, I also want to speak.

Mr. Speaker: I will allow one more speech tomorrow from the Opposition.

The Assembly then adjourned till 1 *p. m., on Wednesday, the 9th March,* **1955.**

94 PLA—450—15-3-56—SGPWP Lahore

PUNJAB LEGISLATIVE ASSEMBLY

TENTH SESSION OF THE FIRST PUNJAB LEGISLATIVE ASSEMBLY

Wednesday, 9th March, 1955

The Assembly met at the Assembly Chamber at 1 p.m. of the clock Mr. Speaker (the Honourable Dr. Khalifa Shuja-ud-Din) in the Chair.

Recitation from the Holy Quran.

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

SUPPLEMENTARIES TO STARRED QUESTION 3438. FOR QUESTION AND ANSWER SEE VOLUME X—NO. 2, PAGE 42

Minister of Revenue : I had replied to the question yesterday, Sir. The honourable member wanted to ask me supplementary questions, so he can do so now. I had given my reply yesterday.

Mian Muhammad Shafi : Is it correct that out of seventy-five thousand acres of land, which is equal to more than three thousand squares of land, was distributed to 295 people and none of them is a tiller of the soil ?

Mr. Speaker : What is the question ?

Mian Muhammad Shafi : Sir, my question is that he has supplied me a list of 295 people here. I am asking the Honourable Minister whether any of those people who received this land, is actually the tiller of the soil ?

Mr. Speaker : Put it in that way.

Minister of Revenue : Sir, this Crown land, which is uncommanded, was given out on twenty years lease before I took office. Since I have taken office, I have not given even one lot of land on twenty years lease yet. So, as far as this list which is before you is concerned, I am afraid, I know nothing more about it than what you know from these names given and the people to whom it has been given.

Mian Muhammad Shafi : Is it a fact that among the 295 recipients of land, forty are M. L. As. and belong to the Muslim League Assembly Party ?

Minister of Revenue : Well, if they are M. L. As.—the list is here—they are M. L. As. (Opposition Benches: Shame, Shame).

Mian Muhammad Shafi: Is it a fact that out of these 295 fortunate people, sixteen squares of land was got hold of by the then Administrator of Martial Law, Major-General Azam Khan, in the name of his sister-in-law and another lady?

(**Opposition Benches :** Shame, Shame).

Minister of Revenue: I would like to point out that the Hon'ble member is not asking supplementary questions as far as this issue is concerned. He is putting some other grievances which have nothing to do with it.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : I would like to know if the Minister of Revenue is prepared to give an assurance that if certain irregularities in the grant of leases are brought to his notice he will take action ?

Minister of Revenue: These grants have been given and people had to comply with certain conditions. When I took office I passed an order that if any condition was not satisfied or fulfilled these grants should be cancelled. I gave orders to this effect to all Deputy Commissioners in whose districts these lands are and I am sure that they are proceeding with it. Where the grantees are fulfilling the conditions nobody, neither me nor the Court of Law, can cancel these grants.

Mian Muhammad Shafi : Has Government any intention, as they announced before, that these squares of land, granted by them to their favouritis, will be auctioned. Do they stand by their earlier announcement to the effect that they intend to auction them ?

Mr. Speaker : If an announcement or assurance was given, then it is presumed that they will be auctioned. Put another question, if any.

Mian Muhammad Shafi : Does the Honourable Minister of Revenue realise that, in view of the ejectment policy pursued by the landlords in the Punjab, a vast number of people will be turned out of the land. Could he not think retrospectively and prospectively that these lands which they have given away in this way could be made available to the tenants who form themselves into co-operative societies ?

Mr. Speaker: That is a suggestion and this can only be put in the form of resolution. That question is disallowed.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : If the Honourable Minister of Revenue refers to the list supplied he will see that two grants stand in the name of Chaudhri Aziz-ud-Din, M. L. A., a favourite of the then Ministry. This is in contravention of the rules. Could he give an assurance that.....

Minister of Revenue: As I have said already, if a grant has been given and that gentleman to whom it has been given fulfils the conditions, I cannot cancel it.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : There seems to be some misunderstanding. What I mean to say is this that under the rules nobody could be eligible for more than one grant. This is obviously in contravention of the rules. It is in such cases that I am asking for an assurance from the Minister that he will take suitable action.

Minister of Revenue: As far as I know there is no such rule that Government could never give more than one lease to one person. But if there is any, and this has been done in contravention of it, I will certainly look into it.

Mian Muhammad Shafi: Is the Honourable Minister of Revenue prepared to make a statement on the floor of the House that the list supplied is correct ?

Mr. Speaker : That question is not necessary. I cannot allow that question.

Mian Muhammad Shafi : Will the Honourable Minister of Revenue kindly turn to page 6 and see item 93 and then I beg him to turn to page 12 item No. 208. Now, Sir, I put it to the Honourable Minister that the entries shown here are incorrect.

Minister of Revenue : Sir, the position is this. It appears that on page 6 is Mr. Aziz-ud-Din, M. L. A., Lyallpur, 212 acres, etc., and on page 12 it says 208 and Aziz-ud-Din, M. L. A., Jalal Sakhra.

Mian Muhammad Shafi : Is it not correct to assume that the list supplied by you is misleading ?

Minister of Revenue : I think that this is the correct list which has been supplied.

Mian Muhammad Shafi: On a point of order, Sir. It is this ; A lengthy list has been supplied by Government to an honourable member of the House in answer to his question. It has been laid on the Table of the House to which reference has been made just now by an honourable member over there. He has been pleased to state that the information supplied in that list is incorrect.

Mr. Speaker : Is the area also denied ?

A voice : One lot under 33 acres only.

Minister of Revenue : I will make enquiries about this and I will let you know. There is no reason for the office to supply a wrong list. I will find out if there is aything of that sort as far as this case is concerned.

Mian Muhammad Shafi: Is it correct to say that Chaudhri Aziz-ud-Din got 363 acres of land ?

Minister of Revenue : What happened is this that No. 93 was given to him. That is what I have just been informed here. As he did not like that lot. he took possession of it, changed over and went over to the other. May be, therefore, the office still shows it to the same person.

Mian Muhammad Shafi: Will you kindly turn to page 8 item No. 123 for Begum Mir Alam Jan, Flag Staff House, Lahore. This is a huge grant of 8 squares of land. The scandal is that the army had exploited the situation as General Azam was Commander at the time.

Mr. Speaker : I cannot allow any commments whatsoever on this subject.

Minister of Revenue : The name of the General does not appear necessary and the honourable member is bringing it unnecessarily. It does not appear in the list and he has got nothing to do with that.

Mian Muhammad Shafi : You know Flag Staff House.

Minister of Revenue : May be some relation.

Mian Muhammad Shafi: Sir, is it within the knowledge of the Honourable Minister of Revenue that several persons to whom these leases were actually granted have not installed tube-wells ? I am aware of two or three such persons of the Tehsil Toba Tek Singh, Lyallpur District.

Minister of Revenue : I have already stated, Sir, that I have passed orders that where the conditions have not been fulfilled, and if this was one of the conditions of the lease that tube-wells must be installed within a year or two, then they must have been cancelled by now; if not they will be cancelled.

The remedy is worse than the disease ltself.

مجھے تو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ حکومت عمداً اور قصداً اس قانون کو زیادہ مضر اور زیادہ نقصان دہ بنانے کی کوشش کر رہی ہے ۔ حضور والا ۔ اگر آپ اصل قانون کی دفعہ ۴ کی طرف توجہ فرمائیں تو اس کے سب سیکشن تین میں بڑی وضاحت کے ساتھ اس امر کا اہتمام کیا گیا ہے کہ کوئی آدمی جو مرکزی یا صوبائی اسمبلی کا رکن ہوگا تھل ڈویلپمنٹ اتھارٹی کا رکن نہیں ہوسکے گا۔لیکن یہاں اس چیز کو ایسی صفائی کے ساتھ . . . . .

صاحب سپیکر—آپ اس سٹیج پر تفصیلات میں نہیں جاسکتے—

چودھری محمد افضل چیمہ — جناب والا — میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس میں جو دفعات انتہائی طور پر ضروری تھیں حکومت نے ان کو عمداً حذف کر دیا ہے اور اس طرح اس مسودہ قانون کو مضر سے مضر تر بنانے کی کوشش کی ہے ۔ بجائے اس کے کہ حکومت کوئی اصلاحی قدم اٹھاتی وہ تخریب کا سامان پیدا کر رہی ہے

جناب والا—چاہئے تو یہ تھا کہ حکومت کم از کم مفید دفعات کو ضرور رکھتی اور ان میں ترامیم پیش کرتی ۔ لیکن افسوس ہے کہ حکومت نے مفید دفعات کو نکال کر زیادہ خرابی پیدا کرنے کی کوشش کی ہے ۔ اتھارٹی کی تشکیل کو آپ نے نہایت پیچیدہ اور خراب تر بنا دیا ہے ۔ اس بل میں لوگوں سے اراضی حاصل کرنے کے سلسلے میں مختلف شرائط اور حدود کا تعین کیا گیا ہے ۔ ان شرائط اور حدود میں آپ دیکھیں گے کہ لوگوں کی مشکلات اور تکالیف کا ازالہ کرنے کے لئے کوئی اقدام نہیں کیا گیا بلکہ ایسی اراضیات جو خسرہ گرداوری بابت ربیع ۱۹۵۱ء میں بطور بنجر جدید۔ بنجر قدیم یا غیر ممکن دکھائی گئی تھیں حکومت لوگوں سے حاصل کرنے کی مجاز ہوگی اور اس میں وہ تمام رقبہ جات بھی شامل ہوں گے جو اگرچہ آپ کی اس حدود۔ آبپاشی کے اندر ہوں گے لیکن جہاں آبپاشی چاہات کے زریعے سے ہو رہی ہوتی ۔

حضور والا—اس بل میں جہاں تھل ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے مختلف حکام اس کے چئرمین اور گورنمنٹ تینوں کے مابین اختیارات۔ حقوق اور فرائض کا تعین کرنے کی کوشش کی گئی ہے وہاں آپ دیکھیں گے کہ حکومت نے قدم قدم پر ہر معاملے میں بے جا مداخلت کرنے کی بھی کوشش کی ہے اور حکومت نے چند ایک نام نہاد اصول وضع کرنے کے بعد اور اس قانون میں کچھ provision رکھنے کے بعد ہر کلاز کے مقطع کا بند یہی رکھا ہے کہ ''اگر حکومت چاہے تو ان تمام چیزوں کو نظر انداز کر سکتی ہے یا افسران تھل ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے اختیارات کو منسوخ کر سکتی ہے اور اس کے برعکس عمل کر سکتی ہے''—یہ تو سیدھی سی بات ہے کہ جب حکومت سارے کے سارے اختیارات اپنے ہاتھ میں لے لے تو کام چلنا مشکل اور محال ہو جاتا ہے—حضور والا۔ اسی لئے میں یہ عرض کر رہا ہوں کہ اس بل کو رائے عامہ دریافت کرنے کے لئے مشتہر کیا جائے—

Mian Muhammad Shafi: (Montgomery VII, Muslim, (Reserved Seat) Sir, I want to speak briefly. Let me speak in English. I will speak for five minutes.

Sir, I beg to move—

That the Thal Development (Amendment) Bill be circulated for eliciting public opinion by the 31st March 1955.

My reason for doing so are that the present amending Bill is intended to provide the Government with opportunities to push the Ministerial finger in the Authority. They have been trying to fiddle with the force of the Authority and there was a strong man, Mr. Zafrul Ahsan who would not listen to them. So they sought this motion by which they can impose their authority into the affairs of the 'Authority'.

Mr. Speaker: It will be better if the honourable member does not refer to officers by name.

Mian Muhammad Shafi: Sir, as a reporter of the newspaper from 1949 onwards I was privileged to visit the Thal when it was nothing but a desert and I have been seeing how efforts made by the Chairman of the Thal Development Authority and his staff have led to conversion of this desert into a garden. There may have been mistakes. I do not deny but they were bound to be. They arose out of the fact that the soil which they wanted to reclaim was such that it would not easily be improved by artificial methods. But there is no doubt about it that through "sweat, blood and tears" they converted the sand into a 'Taj Mahal'. Now, Sir, as the land improved and as it started yielding results, the Ministers thought of resorting to their evil tactics, namely, sending chits to the Thal Authorities to provide land to their favourties but the constitution of the Thal Development Authority left no scope for such things and I have heard them say in lobbies that "we have created a dominion in Thal of which the Chairman is like a dictator". He refuses to listen to us. Sir, the constitution under which the Authority was formed, authorises the Minister to lay policies for the Authority to follow but it does not allow them to interfere into their administration. Sir, I do not deny the need of the Government exercising an overall control over the affairs of Authority. I say that for an issue which affects the lives of millions of people it would be in the fitness of things if the Government agree to circulate the

amending Bill to the public so that those affected—and their number is millions—may be able to give their opinion about it.

ملک فتح شیر جھمٹ—(میانوالی نمبر ۴ مسلم)—جناب والا میں اپنے فاضل دوست یعنی معزز رکن میاں محمد شفیع صاحب کی تائید کرنے کے لئے کھڑا ہوا ہوں اور اس سلسلے میں صرف اتنی گذارش کرنا چاہتا ہوں کہ تھل ڈویلپمنٹ ایکٹ جس کی ترمیم کرنے کے متعلق یہ بل پیش کیا گیا ہے وہ ۱۹۴۹ء میں منظور ہوا تھا اور جس علاقے پر اس کا اطلاق ہوا ہے اس کے سرسبز و آباد حصوں میں بسنے والوں لوگوں کے لئے یہ ایکٹ موجب زحمت و بربادی ثابت ہوا ہے ۔ اس لئے میں گذارش کرونگا کہ اس کی ترمیم کی بجائے اس کا منسوخ کر دینا زیادہ مناسب و موزوں ہوگا ۔ اور عجیب بات تو ہے کہ اگر ترمیم کرنا ہی مقصود تھا تو بھی اس کی بڑی بڑی خامیوں کو دور کرنا لازمی تھا ۔ جن کی وجہ سے مالکان اراضی اپنی اپنی زمینوں کو کاشت کرنا تو درکنار ہاتھ تک لگانے سے معذور ہو گئے ہیں ۔ مگر ان خامیوں کو دور کرنے یا سرے سے ایکٹ کو منسوخ کر دینے کی بجائے حکومت زیادہ سے زیادہ اختیارات تھل اتھارٹی سے چھین کر اپنے ہاتھوں میں لینے کے لئے بیتاب نظر آتی ہے ۔ اس ترمیمی بل میں عوام کا کوئی مفاد مدنظر نہیں ہے اور نہ ہی عام لوگوں کو اس کے ذریعے کوئی سہولت دینا مقصود ہے بلکہ اس کے برعکس تھوڑا بہت مفاد جو عوام اٹھا سکتے تھے اب اس ترمیم کے بعد وہ بھی عوام حاصل نہیں کر سکیں گے اس لئے اول تو میں یہ گذارش کرونگا کہ اس بل کو یک قلم منسوخ کر دیا جائے اور اگر اس کو رکھنا ہی ہے تو پھر ان نقائص اور خامیوں کو دور کرنے کے لئے جو اس میں پہلے سے موجود ہیں کوئی بہتر ترمیمی بل پیش کیا جائے ۔ جو اختیارات اور سہولتیں مالکان اراضی کے مفاد کے لئے ہیں ..... میں تقریر نہیں کر سکتا .....

Mr. Speaker : The question is—

That the Thal Development (Amendment) Bill be circulated for eliciting public opinion by the 30th April 1955.

The motion was lost.

Mr. Speaker : The question is—

That the Thal Development (Amendment) Bill be circulated for eliciting public opinion by the 1st May, 1955.

The motion was lost.

Mr. Speaker : The question is—

That the Thal Development (Amendment) Bill be circulated for eliciting public opinion by the 31st March 1955.

The motion was lost.

Mr. Speaker : There is another amendment that the Thal Development (Amendment) Bill be referred to a Select Committee.

Mr. C. E. Gibbon: (Pakistani Christian and Anglo-Pakistani III) Sir, I beg to move—

That the Thal Development (Amendment) Bill be referred to a Select Committee consisting of the following with instructions to report within two months;—

(1) The Honourable Minister of Revenue;
(2) Mian Abdul Bari;
(3) Shaikh Fazal Ilahi Piracha;
(4) Malik Qadir Bakhsh;
(5) Malik Fateh Sher Jhumat;
(6) Begum Jahan Ara Shah Nawaz; and
(7) The Mover.

Sir, you have observed that when I previously spoke on the motion for circulation the motives of the Government had been laid bare. This has been substantiated by the fact that the Bill has been taken up. Its failure will have a grave effect on the Province. I can tell you to-day, as it is about 3 0'clock, it will also contribute to the last nail in its coffin.

Sir, this Government now must go and go it shall. It is as sure as the sun rises in the East and there is a possibility that it shall go before the setting sun sets. Be that as it may, this Government in the statement of Objects and Reasons has said that during the last five years, during which this Act had been in force, a number of difficulties had been noticed in its actual working. Now, Sir, unfortunately, you have declared the word 'liar' as unparliamentary, but when I looked up past Parliamentary practice I found that it had on certain occassions been declared unparliamentary and on other occasions it has not been so declared.

Mr. Speaker : I am not going to allow it.

Mr. C. E. Gibbon : I am not going to use it then. The Thal Development Authority issued a hand-book through its Public Relations Division and I presume that this Government has taken the trouble to read this hand-book, and if it has done so and turned to page 28, it would find the following :—

" It is assumed by the Government that it would have taken eighteen years to settle the areas if no Thal Development Authority had been established an that six lakhs sixty thousand acres under the direct supervision of the Thal Development Autority will come under cultivation in a period of six years".

So these are the difficulties which they have discovered. It would have taken this Government, Sir, a century to bring under effective cultivation and production one acre of the Thal land.

The additional advantage of the project is that two lakhs and fifty thousand refugees are being settled and with their total production income in the Thal area can be considered as a net increase of the national income, Now, Sir if I may be permitted to take your memory back to the definition that the Honourable, Parliamentary Secretary gave of the national income, it was this. He said, the National income was the income of the Central Government. Actually income is the national income of the State whether it is part of the Federal or Provincial Government. But the only income this Government knows about is that which they have squeezed out of tenants. But for the Thal Development Autority this progress could not have been made. And now after this progress has been made, after the foundation has been laid, after great progress is taking place and

huge schemes are in hand this Government now desires to poke its nose in the affairs of the Thal Development Authority.

Now, Sir, my motion is that having turned down the proposal from this side of the House to circulate this Bill for eliciting public opinion, they will at least allow this Bill to go before a Select Committee. Because as I have observed earlier we are not opposed to the principle of control over the Authority, but we are certainly opposed to the methods underlying the purport of this Bill. These are certain ugly features in this amending Bill which, I am almost certain, the Select Committee would do everything in its power to remove in co-operation with the Government.

With these few words I resume my seat.

چودھری محمد افضل چیمہ (لائلپور ۹ مسلم) جناب والا!
میں یہ تحریک پیش کرتا ہوں—

کہ تھل ڈویلپمنٹ (ایمنڈمنٹ) بل مصدرہ ۱۹۵۵ء کو ایک مجلس منتخبہ کے سپرد کیا جائے جو مندرجہ ذیل ممبر صاحبان پر مشتمل ہو :—

۱ - آنریبل وزیر مال

۲ - میاں عبدالباری

۳ - ملک فتح شیر جھمٹ

۴ - مسٹر سی - ای - گبن-اور

۵ - محرک

حضور والا تھل کے ترقیاتی منصوبوں پر روپیہ پانی کی طرح بہایا گیا ہے اور بہایا جارہا ہے - موٹے سے تخمینے کے مطابق اس وقت تک تھل میں کم و بیش ۳۵ کروڑ روپیہ صرف ہو چکا ہے - یہ بھی کہا جاتا ہے اور شائد اس میں کسی حد تک صداقت بھی ہے کہ اس روپیہ کا استعمال پوری دیانتداری سے ان مخصوص اغراض و مقاصد کے حصول کے لئے نہیں ہوا جن کے لئے اتنی بڑی رقوم وقف کی گئیں تھیں یہ بھی کہا جاتا ہے کہ تھل ڈویلپمنٹ اتھارٹی نے اپنے غیر محدود اور وسیع اختیارات کا نا جائز استعمال کیا ہے اور اس میں من مانیاں اور دھاندلیاں کی ہیں - اصولی طور پر حکومت کے ماتحت کوئی ادارہ خواہ وہ کتنا ہی مفید کیوں نہ ہو یا اس کے ذمے کتنے ہی اہم فرائض کیوں نہ ہوں اسے بے لگام چھوڑ دینا مناسب نہیں حکومت کے پاس بہر حال قانونی اعتبار سے کچھ ایسے اختیارات ضرور ہونے چاہئیں جن کی رو سے غلط کار لوگوں کی کارروائیوں اور بے ضابطگیوں کی باز پرس ہو سکے - لیکن حضور والا یہاں بھی میں

سمجھتا ہوں کہ بجائے کسی متوازن اور معتدل طریق کار اختیار کرنے کے حکومت بالکل دوسری انتہا کو چلی گئی ہے ۔

اور اس میں کوئی ایسی چیز نہیں ہے کہ حکومت سہولت سے ان بڑے بڑے ترقیاتی منصوبوں پر عملدرآمد کر سکے جو اس وقت تھل میں حکومت کے زیر غور ہیں ۔ شاید حکومت نے یہ محسوس کیا ہو کہ موجودہ تھل ڈویلپمنٹ ایکٹ کی رو سے وہ پوری طرح پورے اختیارات سے مسلح نہیں ہیں کہ وہ ایسے منصوبوں کو بخوبی پایہ تکمیل تک پہنچا سکیں ۔ پچھلی بجٹ تقریر میں ہمیں یہ بتایا گیا تھا کہ کم و بیش بیس لاکھ ایکڑ بنجر اور غیر آباد زمین کو تھل کے منصوبوں کے تحت مزروعہ اور سرسبز بنانے کا کام حکومت کے زیر غور ہے ۔ لیکن سوال یہ ہے کہ آیا اس مسودہ قانون میں کہیں اس بات کا اہتمام کیا گیا ہے ۔ جہاں تک وہاں کے زمینداروں اور مالکان اراضی کا تعلق ہے تھل کے اندر سب سے بڑا مسئلہ یہ تھا کہ تمام ایسے رقبہ جات جو تھل ڈویلپمنٹ اتھارٹی نے مختلف اوقات میں ان لوگوں سے حاصل کئے تھے اور جن میں سے بعض کو حکومت انکے مالکان کے احتجاج پر واپس کرنے پر مجبور ہوئی تھی ان کے معاوضہ کے متعلق حکومت نے اب تک کیا گیا ہے اور آئندہ کیا کرنے کا ارادہ رکھتی ہے ۔ ہمیں یہ بتایا گیا تھا کہ سابقہ حکومت نے ایسی زمینوں کے لئے پونے تین روپے فی کنال کے حساب سے معاوضہ دینے کا پروگرام بنایا تھا ۔ اور موجودہ حکومت نے تمام ایسی اراضیات کو واپس کرنے کا پروگرام بنایا ہے جو حاصل کر لی گئی تھیں مگر جنہیں کسی جائز مصرف میں نہیں لایا گیا تھا سوائے اس کے کہ انہیں مختلف محکمہ جات کے مختلف حکام اور افسران کی تحویل میں دے دیا گیا ۔ لیکن اس سارے بل میں کہیں اس امر کی نشان دھی نہیں ہوتی کہ حکومت بلا ضرورت اور ناجائز طور پر حاصل شدہ اراضیات واپس دلانا چاہتی ہے ۔ صرف یہ کہا گیا ہے کہ بعض صورتوں میں جہاں ٹی ۔ ڈی ۔ اے نے مناسب وقت کے اندر معاوضہ ادا نہیں کیا وہاں اسے مجبور کیا جائیگا کہ وہ خاص مدت کے اندر اندر معاوضہ ادا کرے ۔

حضور والا آنریبل ملک فتح شیر جھمٹ کے سوالات سے یہ امر بخوبی واضح ہے کہ ٹی ۔ ڈی ۔ اے نے بہت سی اراضیات لوگوں سے حاصل کر کے انہیں اپنے ماتحت عملہ جنگلات کے سپرد کر دیا ہے ۔

لوگوں کو نقصان پہنچا کر ان سے وہ رقبے لے لئے ہیں اور انہیں یا تو اپنے مقربین کے نام فی‌الحقیقت بیع کر دیا ہے اور یا انہیں لمبے عرصہ کے لئے پٹہ پر دے دیا ہے - جس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہاں ادنے مالکان اراضی کی بہت حق تلفی ہوئی ہے - لیکن جب ہم اس بل کو دیکھتے ہیں تو اس میں ہمیں اس کی تلافی کا کوئی سامان نظر نہیں آتا - جہاں تک تھل کے مالکان اراضی کا تعلق ہے - انکے نکتہ نگاہ سے اہم ترین مسئلہ یہ ہے کہ چھوٹے مالکان اراضی کی جو حق تلفی ہوئی ہے - اور انہیں جس طرح بیک جنبش قلم انکے واحد ذریعہ معاش اور سرمایہ حیات سے محروم کر دیا گیا ہے جہاں تک کہ اب انکا کرنی پرسان حال بھی نہیں اس کے متعلق کوئی تسلی بخش قدم اٹھایا جائے - لیکن اس بل میں ہمیں اس مسئلے کا کوئی حل نظر نہیں آتا - ہاں یہ ضرور ہے کہ اس بل میں حکومت نے بتدریج اپنے اختیارات میں اضافہ کر لیا ہے -

اسلئے حضور والا میں یہ درخواست کرتا ہوں کہ اس بل کو ایک مجلس منتخبہ کے سپرد کیا جائے جو ایسے لوگوں پر مشتمل ہو جو اس علاقے سے تعلق رکھتے ہوں اور وہاں کے تمام مسائل سے آگاہ اور واقف ہوں - جو سابقہ قانون سے متاثر ہوں اور اسکے نقائص کو پوری طرح سمجھتے ہوں - تاکہ حکومت کو کل پھر اس کے لئے کسی اور ترمیمی بل کی ضرورت پیش نہ آئے - کیا یہ بہتر نہیں کہ موجودہ سرسری اور سطحی اقدام کی بجائے ایک ہی بار ایک جامع اور مکمل قسم کا اقدام کیا جائے اور اسے تھل کے گزشتہ سات سال کے تجربہ کی روشنی میں مرتب کیا جائے - لیکن یہ اسی صورت میں ممکن ہے جب اس بل کو منتخب کمیٹی کے سپرد کر دیا جائے جو تجربہ کار ممبروں پر مشتمل ہو اور وہ اس معاملے کے تمام پہلوؤں کو سمجھ کر اور ان پر اچھی طرح سے غور کر کے اس کے متعلق اپنی سفارشات پیش کرے -

میاں محمد شفیع—(منٹگمری-ے-مسلم مخصوص نشست)—

کیونکر اس کی نگہ ناز سے جینا ہوگا

زہر دے اس پہ یہ تاکید کہ پینا ہوگا

حضور والا میں جناب کے ارشاد عالی کے مطابق اپنی گزارشات اردو میں پیش کرتا ہوں ۔ میری درخواست ہے ۔ کہ اس بل کو ایک سیلیکٹ کمیٹی کے سپرد کیا جائے جو اپنی رپورٹ یکم اپریل سنہ ۵۰ تک پیش کرے اور مندرجہ ذیل ممبران پر مشتمل ہو—

۱—آنریبل وزیر انچارج

۲—ملک فتح شیر جھمٹ

۳—بیگم جہان آرا شاہنواز

۴—رائے نصراللہ خان اور

۵—محرک

حضور والا تھل ڈیولپمنٹ ایکٹ ۱۹۴۹ میں معرض وجود میں آیا تھا ۔ اس کے ماتحت ایک ماہ کے اندر اندر تھل ڈیولپمنٹ اتھارٹی کا قیام ہوا ۔ اس اتھارٹی کے پیش نظر تین اہم مسائل تھے—

(1) Acquisition of land for development as laid down in the Project.

(2) Assessment of payment as compensation for acquisition.

(3) the role different departments of the Punjab Government would be required to play in the development of the Thal area.

اس اتھارٹی کے اختیارات یہ تھے—

The Authority was empowered to buy tractors, farming machinery to lease out, level and break up land, to construct village link roads, to construct temporary shelters and houses for the colonists and provide other amenities, such as schools, dispensaries, etc., for the colonists and inhabitants of the area. The Authority was entitled to acquire land which was surplus to the requirements of the local inhabitants in order to re-settle refugees and others whose lands had been rendered uncultivable due to the action of rivers, Sem Thur, etc., and thus to relieve pressure in the more congested districts.

حضور والا حکومت جس ایکٹ کی ترمیم کرنا چاہتی ہے اس میں صراحتاً اور بداہتاً مذکور ہے کہ حکومت اپنی مرضی سے جسکو چاہے اس اتھارٹی کا چیئرمین مقرر کر سکتی ہے اور اگر وہ اسکا حکم نہ مانے تو اسے وہاں سے نکال سکتی ہے اور اس کی جگہ اپنا منظور نظر چیئر مین مقرر کر سکتی ہے ۔ اس کے ساتھ ہی ساتھ اس ایکٹ کے ماتحت حکومت کو یہ اختیارات بھی حاصل ہیں کہ وہ اتھارٹی کے حسابات کی جانچ پڑتال بھی کر سکتی ہے—

Minister of Revenue: There was great delay in the payment of compensation and there was no control on the expenditure.

صاحب سپیکر :—ان کا اعتراض یہ تھا کہ خرچ پر کنٹرول نہیں تھا ۔ اگر اس کے متعلق آپ کے پاس کچھ ہے تو وہ پڑھیئے

میاں محمد شفیع :—کیا وزیر مال مجھ سے اس بات پر اتفاق کریں گے کہ حساب کی جانچ پڑتال کرنے کا اختیار آن کے پاس تھا ؟

صاحب سپیکر :—بحث نہ کیجیئے ۔ تقریر کیجئیے ۔

میاں محمد شفیع :—حضور والا میں یہ عرض کرنا چاھتا ھوں کہ اس ترمیمی بل کو لانے سے حکومت کا مقصد صرف اس قدر ھے کہ اگر اس ملک میں انتخابات ھوں اور اگر کبھی ھوئے تو جہاں اس کے پاس ٹیوب ویل سکیم کے ماتحت ووٹروں کو ورغلانے کے لئے زمینیں ھوں وھاں تہل کے پچاس لاکھ ایکڑ بھی اس کے تصرف میں آجائیں ۔ لہذا اگر آپ اس بل کو مجلس منتخبہ کے پاس بھیجیں تو اس میں جو نقائص رہ گئے ھیں اور جن میں حکومت کی بدنیتی کو دخل ھے ان کو دور کرنے کے امکانات پیدا ھو جائیں گے ۔ میں نے اس کمیٹی میں دو نام خاص طور پر رکھے ھیں ۔ ایک میری محترمہ آپا جہاں آرا بیگم کا ھے جنھوں نے تہل میں کوڑیوں کے مول زمینیں خریدیں اور جو آج اس بات پر مضطرب ھیں کہ ان کو پورا معاوضہ نہیں دیا گیا اور دوسرے . . . . .

ملک فتح شیر جھمٹ :—(میانوالی — نمبر ۴ — مسلم)

حضور والا ۔ میں یہ گذارش کروں گا کہ اس بل کو مجلس منتخبہ کے سپرد کیا جائے ۔ کیونکہ مشاھدہ ھمیں ایسا کرنے کے لئے مجبور کرتا ھے ۔ یہ ایک حقیقت ھے کہ جس علاقہ کے لئے یہ منصوبہ بندی کی جارھی ھے اس علاقہ کی آبادی برباد ھو چکی ھے — اور تعجب اس بات کا ھے کہ گورنمنٹ اس چیز سے واقف ھے اور اسے اس بات کا علم ھے — ملک فیروزخان نون ۱۸ جنوری کو جب بھکر تشریف لے گئے تو ان کی خدمت میں ساڑھے چار گھنٹے چیئرمین تہل ڈولپمنٹ اتھارٹی اور تمام ڈیپارٹمنٹ کی موجودگی میں یہ تمام چیزیں پیش کی گئیں اور انھوں نے ان تمام چیزوں کو تسلیم کیا اور جتنی وجوھات پیش کی گئیں ان کو تسلیم کیا مگر پھر گورنمنٹ کو کئی مجبوریاں درپیش ھوگئیں اور وہ اپنے اعلان پر قائم نہ رہ سکی — اٹھارہ لاکھ ایکڑ رقبہ گورنمنٹ کا موجود ھے مگر عوام کی بھترین اراضی کا بائیس لاکھ ایکڑ رقبہ

اور لے لیا گیا ہے اور یہ کام اب بھی جاری ہے اور جو لوگ کاشتکاری کرتے تھے وہ اب تھوڑے پیسوں میں اپنی زمینوں کو ضائع کر رہے ہیں کاشتکاری ختم ہو چکی ہے — کوئی زمیندار اپنا رقبہ کاشت نہیں کرتا کیونکہ جو بہترین رقبہ تھا وہ اتھارٹی نے حاصل کر لیا ہے اور باقی جس قدر آباد کرتا ہے وہ حاصل کر لیا جاتا ہے — لہذا اسے اطمینان نہیں کہ وہ جس رقبہ کو آباد کرے گا وہ اس کے پاس رہے گا اور محفوظ رہیگا — اس لئے جس ایکٹ کی رو سے یہ بربادی ظہور پذیر ہوئی ہے اس کی ترمیم کے لئے جو بل پیش کیا گیا ہے وہ بالکل ناکافی ہے اس میں تو صرف اختیارات کا مسئلہ ہے۔ اصل مسئلہ کو نظر انداز کر دیا گیا ہے۔ لہذا اسکا مجلس منتخبہ کے سپرد کیا جانا انتہائی ضروری ہے۔ جو حالات و کوائف کا جائزہ لے کر اس بل میں مناسب ترامیم کر سکے —

Mr. Speaker: Any reply.

Minister of Revenue: No. Sir.

Mr. Speaker: The question is—

That the Thal Development (Amendment) Bill be referred to a Select Committee consisting of the following with instructions to report within two months:—

(1) The Honourable Minister of Revenue;
(2) Mian Abdul Bari;
(3) Shaikh Fazal Ilahi Piracha;
(4) Malik Qadir Bakhsh;
(5) Malik Fateh Sher Jhumat;
(6) Begum Jahan Ara Shah Nawaz; and
(7) The Mover, Mr. C. E. Gibbon;

The motion was lost.

Mr. Speaker: The question is—

That the Thal Development (Amendment) Bill, 1955 be referred to a Select Committee consisting of the following members:—

(1) The Honourable Minister of Revenue;
(2) Mian Abdul Bari;
(3) Malik Fateh Sher Jhumat.
(4) Mr. C. E. Gibbon; and
(5) The mover, Chaudhri Muhammad Afzal Cheema.

The motion was lost.

Mr. Speaker: The question is—

That the Thal Development (Amendment) Bill be referred to a Select Committee consisting of the following members with instructions to report by the 1st April 1955:—

(1) The Honourable Minister Incharge;
(2) Malik Fateh Sher Jhumat;
(3) Begum Jahan Ara Shah Nawaz;
(4) Rai Nasrullah Khan; and
(5) The Mover, Mian Muhammad Shafi.

The motion was lost.

Mr. Speaker: The question is—

That the Thal Development (Amendment) Bill, 1955 be taken into consideration at once.

Mr. C. E. Gibbon: (Pakistani Christian and Anglo-Pakistani III) : Sir, I am addressing to oppose the motion that the Bill be taken into consideration at once. As a matter of fact now I am convinced in my mind that this Government should be publicly tried for treason; Every man in the street seems to hold that opinion to-day because they have incurred the wrath and displeasure of the people in that particular direction.

It really surpasses my comprehension how people who have no right to land can talk about delay in being paid compensation for land which they never owned. What is the delay which is taking place in paying compensation to these big landlords.

Chief Minister: On a point of order, Sir. Under the Thal Development Act certain powers are conferred on the Chairman and on the Thal Development Authority and the Government has absolutely no power to take any action in that direction. Therefore, the honourable member is not in order in criticising the Government for something done under the Act by somebody else.

Mr. Speaker : He is criticising the principles underlying the new Bill.

Chief Minister : He is saying things that have been done in the past.

Mr. Speaker : The Honourable Member should please confine himself to the principles of the Bill in general discussion.

Mr. C. E. Gibbon: Sir, it has fixed compensation for waste lands that should not have been paid for at all for the simple reason that they were acquired through dishonest means. But those big landlords whose lands have been affected by payment of that compensation now feel that there should be some sort of control over this Authority. I feel that we would be addressing ourselves to deaf ears on the other side of the House and it is because those people have closed their ears to the voice of the people that they are going to suffer in the not too distant future.

Mr. Speaker : The question is—

That the Thal Development (Amendment) Bill, 1955, be taken into consideration at once.

The motion was carried.

Clause 2

Chaudhry Muhammad Afzal Cheema : Sir, I beg to move —

That in clause 2, sub-clause (1) the words "in the opinion of the provincial Government" occurring in lines 2 and 3 of the proposed first proviso to subsection (1) of section 4 of the Thal Development Act, 1949, be deleted.

حضور والا — اصل ترمیمی کلاز یہ ہے کہ تھل ڈویلپمنٹ ایکٹ ۱۹۴۹ء کی ضمنی دفعہ کے بعد یہ proviso شامل کی جائے ۔ حضور کی اجازت سے میں اصل دفعہ نمبر ۴ کی ضمنی کلاز نمبر ۱ پڑھ دینا چاہتا ہوں ۔ تاکہ اس کے بعد اس proviso کا مفہوم سمجھ میں آجائے —

حضور والا — عام طور پر proviso وغیرہ کا مقصد کسی قانون میں یہ ہوتا ہے کہ کسی عمومیت سے استثنیٰ پیدا کیا جائے ۔ اصل دفعہ نمبر ۴ تھل ڈیویلپمنٹ اتھارٹی کی تشکیل کا ذکر کرتی ہے اور اس تشکیل کے طریق کار کی وضاحت کرتی ہے ۔ وہ حسب ذیل ہے—

(1) The Authority shall consist of not more than seven members appointed by the Provincial Government by notification.

(2) One of the Members shall be appointed by the Provincial Government as Chairman.

(3) No person who is a Member of the Central or the Provincial Legislature shall be eligible for being appointed as a Member of the Authority and none shall be appointed, who would, if he were a member, be liable to removal under section 9; and a person shall cease to be a Member of the Authority if he is elected a member of the Provincial or Central Legislature

جناب والا — کلاز ۴ تھل ڈیویلپمنٹ اتھارٹی کے ممبران کے متعلق ہے ۔ جن کو حکومت مقرر کرے گی بشرطیکہ ان میں سے ایک ممبر ایسا آدمی ہوگا جو حکومت کے خیال میں اتھارٹی کے مالیات کا انچارج بنانے کے لئے مناسب qualifications رکھتا ہو۔ اس کا تقرر چئرمین کے مشورہ سے کیا جائے گا —

حضور والا — میں نے یہ درخواست کی ہے کہ الفاظ "in the opinion of the Provincial Government" کو حذف کر دیا جائے ۔ ہمیں اس امر کی افادیت سے انکار نہیں کہ جب حکومت تھل ڈیویلپمنٹ اتھارٹی کو کروڑھا روپے دیگی تو اس کے ارکان میں ایک آدمی ایسا ہونا چاہئے جو مالیات کے متعلق پوری واقفیت رکھتا ہو—

صاحب سپیکر—اس ممبر کی تقرری کون کرے گا۔

چودھری محمد افضل چیمہ - حکومت

صاحب سپیکر—اگر آپ کی ترمیم منظور ہوجائے تو پھر اس سے کیا فرق پڑے گا

چودھری محمد افضل چیمہ—حضور والا—فرق کچھ اتنا باریک اور اتنا لطیف نہیں کہ اس کے سمجھنے کے لئے کچھ زیادہ دقت نظر کی ضرورت ہو۔ سوال صرف یہ ہے کہ اس شخص کی qualifications مسلمہ ۔ واضح اور بدیہی ہوں جیسا کہ کسی ماہر مالیات کی ہونی چاہئیں ۔ اس سے حکومت کے اختیارات پر کوئی ضرب نہیں لگتی کیونکہ حکومت اس امر کی مجاز ہوگی کہ اس کی تقرری عمل میں لائے ۔ اگر آپ اجازت دیں تو سعدی کے ایک مقولہ کا حوالہ دے کر اس کی وضاحت کر دوں ۔ مجھے یاد ہے کہ بچپن میں جب ہم گلستان پڑھا کرتے تھے تو اس کے باب ہشتم میں ایک جگہ یہ پڑھا کہ ''بر دوستی بادشاہان و بآواز خوش کودکان اعتماد نتوان کرد،، یعنی بادشاہوں کی دوستی اور بچوں کی خوش آوازی پر اعتماد نہیں کیا جا سکتا ۔ کیونکہ بادشاہ فوراً اپنے خیال کو بدل سکتا ہے—

حضور والا — یہ حاکم لوگ بادشاہ ہی ہوتے ہیں ۔ جو ہر طرح سے بے نیاز ہوتے ہیں اور ہر قسم کی حدود و قیود سے بالاتر ہوتے ہیں ۔ بادشاہوں کو بدلتے دیر نہیں لگتی ان کے نزدیک کئی سیاسی مصلحتیں ہوتی ہوں اور کئی قسم کی مجبوریاں ہوتی ہیں ۔ اس لئے میں نے یہ عرض

کیا ہے کہ اگر qualification اپنی جگہ موجود ہوں اور جو مناسب اہلیت اور علمی استعداد اور قابلیت رکھتے ہوں ان کا تقرر کیا جائے ۔ یہ تو بجا ہے لیکن اگر یہ کہہ دیں کہ حکومت کی رائے عالیہ کے مطابق جو مناسب فنی استعداد رکھتا ہو اس کو مقرر کیا جائے تو اس طرح حکومت کو بے جا مداخلت کا موقع مل جائے گا ۔ جو بالکل بے جا اور ناجائز ہے اگر حکومت کسی ایسے آدمی کو نوازنا چاہیگی جو ریٹائیر ہو چکا ہو جس کے نہ منہ میں دانت اور نہ پیٹ میں آنت ہو ۔ تو وہ ان الفاظ سے فائدہ اٹھاتے ہوئے اس قسم کے کسی آدمی کا تقرر کر سکیگی اور فنی سکیم کے امتحانات کے لئے کسی دارالعلوم کو مساوی درجہ دے دیگی ۔ یہ کہا جاسکیگا کہ فلاں فلاں یونیورسٹیوں کے فلاں امتحانات کا درجہ مساوی ہوگا ۔ ان الفاظ سے حکومت کو حق حاصل ہوگا کہ وہ ادنیٰ استعداد کو کسی اعلیٰ استعداد کے برابر درجہ دے دے ۔ بلکہ اس سے بہتر ہونے کا درجہ دے دے ۔ حضور کا خیال ہے کہ اس سے خاص فرق نہیں پڑتا ۔ حالانکہ فرق بالکل عیاں ہے ۔ میں نہیں سمجھا کہ اس چھوٹی سی ترمیم کے منظور کرنے میں کونسی وجوہات مانع ہیں ۔ میں تو یہی عرض کروں گا کہ ان الفاظ کو بدل دیں کیونکہ حکومت نے بعض اوقات اسی قسم کی بے نیازی سے خرد کا نام جنوں رکھ دیا جنوں کا خرد ۔

Mr. Speaker : The question is—

That in clause 2, sub-clause (I) the words "in the opinion of the Provincial Government" occurring in lines 2 and 3 of the proposed first proviso to subsection (I) of section 4 of the Thal Development Act, 1949, be deleted.

The motion was lost.

Mian Abdul Bari : (Lyallpur VII, Muslim): Sir, I beg to move—

That in clause 2, sub-clause (2) for the words "for subsection (3) of section 4 of the said Act the following shall be substituted," the following be substituted "to subsection (3) of section 4 of the said Act the following new sub-clause be added".

جناب صدر — اس ترمیم کے پیش کرنے سے میرا مقصد صرف یہ ہے کہ کلاز ۲ کی سب کلاز ۲ کی رو سے مندرجہ ذیل الفاظ جو حذف کئے گئے ہیں وہ حذف نہ کئے جائیں ۔

No person who is a Member of the Central or the Provincial Legislature shall be eligible for being appointed as a Member of the Authority and none shall be appointed, who would if he were a Member, be liable to removal under section 9, and a person shall cease to be a Member of the Authority if he is elected a Member of Provincial or Central Legislature.

جناب صدر — یہ ایک اختلافی مسئلہ ہے ۔ فی الواقع اگر تھل ڈیلوپمنٹ اتھارٹی کے لئے کوئی ممبر مقرر کیا جائے تو یہ دیکھنا ہے کہ اس کو کس قدر اختیارات حاصل ہونے چاہیں ۔ جن سے نہ تو اتھارٹی کے روز مرہ کے کام میں مداخلت ہو اور نہ ہی اس میں اس قدر آمریت آ جائے ۔ اس وقت تک تھل ڈیلوپمنٹ پر تقریباً پنتیس چالیس کروڑ روپیہ خرچ ہو گیا ہے

وزیر اعلیٰ – نہیں ۔ صرف ڈیڑھ کروڑ روپیہ ۔

صاحب سپیکر – آنریبل ممبر نے فرمایا ہے کہ اس وقت تک کل اتنا خرچ ہوا ہے۔

وزیر اعلیٰ – یہ ٹھیک ہے ۔

میاں عبدالباری – میں تسلیم کرتاہوں۔ کہ یہ ایسا اختلافی مسئلہ ہے جس کا فیصلہ کرنا نہایت ضروری ہے ۔ تھل میں گذشتہ سات سال میں جو کچھ ہوا۔ آج بھی اس کی وہی کیفیت ہے ۔ بہتر ہوتا کہ آنریبل وزیر متعلقہ ہاؤس کو آگاہ کرنے کے لئے اس وقت اس کی وضاحت فرما دیتے ۔ کیونکہ ہاؤس میں اکثریت ایسے ممبران کی ہے جن کا براہ راست تھل سے کوئی تعلق نہیں اس لئے شاید وہ توجہ نہ دے سکیں میں تمام ممبران کی خدمت میں عرض کرونگا کہ اس ترمیم کا مقصد یہ ہے کہ تھل اتھارٹی جو اب تک آمرانہ طریق پر کام کرتی رہی ہے ۔ اور سات سال تک اپنے فنانس کو کنٹرول نہیں کر سکی ۔ اس پر حکومت کو اختیار حاصل ہوتا کہ وہ ان کے کاموں میں رہبری کر سکے اور ان کے کام کو نبھا سکے ۔ اس حد تک تو میں جائز سمجھتا ہوں کہ تھل ڈیویلپمنٹ (ترمیمی) بل کو اھل تھل کے مشورہ کے لئے بھیج دیا جائے ۔ کیونکہ اس میں کوئی ایسی چیز نہیں جو نا مناسب ہو ۔ البتہ اس شق سے مجھے یہ پتہ چلتا ہے کہ جن چند آنریبل ممبران نے اپنے خدشات کا اظہار کیا ہے حکومت کا مقصد ہے کہ اس ترمیم کے ذریعہ اُن کی تسلی و تشفی کی جائے ۔ تا کہ سیاسی مقاصد اور سیاسی مفاد حاصل کئے جا سکیں ۔

وزیر اعلیٰ – ہماری کوئی ایسی intention نہیں ۔

اس شق سے جو شبہات پیدا ہوتے ہیں ان کے علاج کے لئے سوائے اس کے اور کوئی چارہ کار نہیں کہ میری اس ترمیم کو منظور کر لیا جائے جو میں نے آپ کی خدمت میں پیش کی ہے ۔ میرے خیال میں کسی دیانتدار شخص کو اس چیز سے کوئی اختلاف نہیں ہو سکتا کہ تھل ڈویلپمنٹ جیسے اہم انتظامی کام کے متعلق جس میں ہزاروں ایکڑ زمین کی تقسیم ۔ ہزارہا ایکڑ زمین کا دوسروں سے لینا ۔ اس کے علاوہ کروڑوں روپیہ کا خرچ ۔ ایسے اہم انتظامی کام میں سیاسیات کو لانا میرے خیال میں سیاسیات کو بھی تباہ کرنے کے مترادف ہے اور اس کام کو بھی تباہ کرنے کے مترادف ہے۔ پہلے جس شق کو حذف کرنے کے

لئے کہا گیا تھا وہ یہ تھی کہ اس اتھارٹی کا کوئی ممبر ایسا نہیں ہوگا ۔ جو کسی لیجسلیچر کا ممبر ہو ۔ لیجسلیچر کے ممبر کو اتھارٹی میں رکھنے سے جو نقائص پیدا ہو سکتے ہیں اس کا علم وزیر اعلیٰ صاحب آنریبل وزیر بحالیات اور باقی آنریبل ممبران کو ہے ۔

Chief Minister : I have better opinion of M. L. As. than the honourable member.

میاں عبدالباری You know it better than me جناب والا ۔ میری صرف یہ گزارش ہے ۔ کہ آپ ان اختیارات کو محض اس لئے لینا چاہتے ہیں کہ آپ ان سے سیاسی مقاصد کو بروئے کار لائیں اور آپ یہ اختیارات اپنے حاشیہ نشینوں کو فائیدہ پہنچانے کے لئے لے رہے ہیں ۔ اگر یہ بات ہے تو پھر اس شق کو ضرور قائم رکھئیں ۔ جیسا کہ آپ موجودہ سیاسیات میں الجھ کر سیاسی گندگی کا شکار ہو رہے ہیں (آوازیں ۔شیم ۔ شیم) ۔ اگر آپ یہ چاہتے ہیں کہ آپ خود اس بھنور میں پھنس کر اس سیاسی گندگی کا شکار ہو جائیں تو بیشک اس شق کو قائم رکھیں اور اگر اپنے آپ کو اس عفونت سے بچانا چاہتے ہیں تو پھر اسے ضرور حذف کر دیا جائے ۔ اگر اب بھی آپ اس چیز کو نہیں سمجھ سکتے تو وما علیناالاالبلاغ آپ کی مرضی ۔

Mr. Speaker : Clause under consideration, amendment moved is—

That in clause 2, sub-clause (2) for the words "for subsection (3) of section 4 of the said Act the following shall be substituted", the following be substituted" to subsection (3) of section 4 of the said Act the following new sub-clause be added".

ملک فتح شیر جھٹ—(میانوالی ۔ م مسلم)۔ جناب والا ۔ حکومت نے سیاسی مقاصد کے حصول کے لئے اس شق کو یہاں پیش کیا ہے ۔ اس سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ حکومت کا منشاء کیا ہے ۔ (آوازیں ۔ کچھ سنائی نہیں دیتا) ۔

صاحب سپیکر — آپ کا گلا خراب ہے تو آپ مائیکروفون استعمال کیجئے ۔

ملک فتح شیر جھٹ — حکومت جو یہ اختیار خود سنبھال رہی ہے بجز سیاسی مقاصد کی تکمیل کے اور اسکا کچھ مطلب نہیں ہو سکتا ۔ حکومت چاہتی ہے کہ سیاسی مقاصد کے حصول کے لئے ممبر خود منتخب کرے ۔

صاحب سپیکر — یہ دلائل آپ کے لیڈر ابھی پیش کر چکے ہیں آپ انہیں دہرا رہے ہیں۔

Mr. Speaker : The question is—

That in clause 2, sub-clause (2) for the words "for subsection (3) of section 4 of the said Act the following shall be substituted", the following be substituted "to subsection (3) of section 4 of the said Act the following new sub-clause be added"

The motion was lost.

Mr. Speaker : The question is—

That clause 2 stand part of the Bill.

The motion was carried.

The Assembly then adjourned for Asar Prayers.

The Assembly reassembled after Asar Prayers at 4-30 p. m. of the clock. Mr. Speaker in the Chair.

Clause 3

Mr. Speaker: The question is—

That clause 3 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 4

Mr. Speaker : The question is—

That clause 4 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 5

Mr. Speaker : The question is—

That clause 5 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 6

Mr. Speaker : The question is—

That clause 6 stands part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 7

Mr. Speaker : The question is—

That clause 7 stands part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 8

Mr. Speaker : The question is—

That clause 8 stands part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 9

Mr. Speaker : The question is—

That clause 9 stands part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 10

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : I want to appose it Sir.

چودھری محمد افضل چیمہ - (لائلپور-۹-مسلم) — حضوروالا

میں یہ چاہتا ہوں کہ کلاز ۱۰ کو ڈلیٹ کر دیا جائے -

اس کلاز کے ذریعہ اصل ایکٹ کے سیکشن ۹ ؛ کے بعد ایک نیا جملہ

ایزاد کیا جارہا ہے - جسکے الفاظ یہ ہیں—

Provided that when the Chairman delegates any powers, duties or functions under this sub-section, the delegation shall be subject to the approval of the Authority.

اس پرووائزو کا منشا یہ ھے کہ جب اتھارٹی کا صدر اپنی مرضی سے کوئی اختیارات اتھارٹی کے کسی رکن کو تفویض کرنا چاھے تو وہ حکومت کی مرضی یا ایماء کے بغیر ایسا نہیں کر سکتا ۔ اسکے لئے حکومت کی منظوری ضروری ھوگی ۔

Mr. Speaker : The question is—

That clause 10 stands part of the Bill.

The motion was carried.

Causel 11

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : (Lyallpur IX, Muslim): Sir, I beg to move—

That in clause 11, subsection (2) of the proposed section 20-A of the Thal Development Act, 1949, be deleted.

اس سب سیکشن کے الفاظ یہ ھیں —

Without prejudice to the generality of the provisions of subsection (1), the Provincial Government may, by order in wirting, suspend the execution of any resolution order of the Authority, or prohibit the doing of any act which is to be done, or is being done under this Act or the rules made thereunder, or in persuance of any sanction or permission granted by the Authority in the exercise of its powers under this Act or the said rules, or if such act has been accomplished, may order its ratification in such manner as may be specified , if, in its opinion, the said resolution, or oder, or act is in excess of the powers conferred by law.

میرے نزدیک اس میں قابل اعتراض بات یہ ھے ۔ اولاً یہ کہ ھر قدم پر اتھارٹی اور چیئرمین کے اختیارات کو محدود کرنے کی کوشش کی گئی ھے ۔ اور ان کے اختیارات سے متعلق ھر کلاز میں ایک قسم کی قدغن عائد کر دی گئی ھے ۔ کہ حکومت کی منظوری یا اس کے ایما کے بغیر اتھارٹی کوئی کارروائی نہ کرے ۔ کلاز بائی کلاز ھر معاملہ میں حکومت کو مداخلت کا اختیار دینے کے بعد اس سب سیکشن کو یہاں پر اس مقصد کے لئے رکھا گیا ھے کہ پہلے سب سیکشن میں جن باتوں کا اھتمام کر دیا گیا ھے ۔ ان پر اثر انداز ھوئے بغیر بالعموم اگر اتھارٹی نے کوئی ایسا حکم نافذ کیا ھے یا کوئی ایسی قرارداد منظور کی ھے یا اس پر عمل کرتے ھوئے کوئی ایسا اقدام کیا ھے ۔ جو حکومت کے خیال میں خلاف قواعد تھا یا ایسا تھا جس میں اس نے اپنی قانونی حدود سے تجاوز کیا ھے ۔ تو حکومت اس حکم کو منسوخ کر سکیگی ۔ نیز اگر ایسی قرار داد یا حکم کی تعمیل میں کوئی ایسا فعل صادر ھو چکا ھے تو اس کی درستی کا اھتمام بھی کیا جائیگا ۔ اگر بات صرف اتنی ھوتی کہ کسی قاعدہ ۔ ضابطہ یا قانون کی خلاف ورزی کی صورت میں حکومت کو (یہ اختیار تفویض کیا جاتا کہ وہ کسی ایسی قرارداد کو کالعدم یا حکم کو منسوخ کر سکتی تو یہ الگ بات تھی ۔ اور بظاھر بڑی معقول اور واجب بات تھی ۔ اور اگر اتھارٹی نے واقعی کسی واضح اور بین قاعدے اور ضابطے کو بالائے

طاق رکھا ھے تو اس صورت میں اس کا حکم ناجائز تصور کیا جائے ۔ لیکن یہاں پر الفاظ یہ ھیں کہ کوئی چیز جو کی جائے ۔

or is being done under this Act or the rules made thereunder, or in pursuance of any sanction or permission granted by the Authority in the exercise of its powers under this Act or the said rules, or if such act has been accomplished, may order its rectification in such manner as may be specified, if, in its opinion, the said resolution, or order, or act is in excess of the powers conferred by law.

کوئی چیز جو قواعد کے ماتحت کی جائے جو ضابطہ کے مطابق ھو۔ اور اتھارٹی کی باقاعدہ منظوری حاصل کرنے کے بعد کی جائے اور اس ایکٹ کی رو سے جو اختیارات اس کو تفویض کئے گئے ھوں۔ ان کے مطابق ھو تو پھر بھی ان ساری چیزوں کے باوجود حکومت اس ساری کارروائی کو کالعدم قرار دے سکتی ھے ۔ حضور والا بڑے تعجب کی بات ھے کہ سب سے پہلے تو اتھارٹی حکومت کی مقرر کردہ ھوگی ۔ اور حکومت کی ھدایات کے مطابق معرض وجود میں لائی گئی ھوگی۔ اس کے بعد قواعد و ضوابط مقرر اور متیعن ھونگے اور ننانوے فیصدی معاملات میں یہ آسانی سے قیاس کیا جا سکتا ھے کہ اتھارٹی کی تمام کارروائی کسی ضابطے اور قاعدے کی پابند ھوگی اور اس کے ماتحت ھوگی ۔ لیکن اگر آپ نے صرف اس امر کا استثنیٰ کیا ھوتا کہ محض ان صورتوں میں جبکہ قاعدے اور ضابطے کی خلاف ورزی کی گئی ھو تو کارروائی کو منسوخ کیا جائیگا تو یہ اور بات تھی۔ یہاں پر دو الگ الگ صورتوں کا ذکر کیا گیا ھے ۔ ایک ایسے حالات کا ذکر کیا گیا ھے کہ جہاں قاعدے اور ضابطے کے مطابق عمل کیا گیا ھو اور ایک ایسی صورت ھے جہاں قاعدے اور ضابطے کو بالائے طاق رکھا گیا ھو ۔ تعجب کی بات یہ ھے کہ جب تمام کارروائی قاعدے اور ضابطے کے مطابق ھر تو پھر بھی آپ اسے منسوخ کرنے کا حق کیوں رکھنا چاھتے ھیں یا تو یہ ھو کہ قواعد اور ضوابط کے باوجود اگر آپ قبل از وقت اتھارٹی کو متنبہ کر دیتے ھیں اور آگاہ کر دیتے ھیں کہ وہ فلاں قاعدے کے ماتحت وقتی طور پر اور عارضی طو ر پر کوئی کارروائی عمل میں نہ لائے اور اگر آپ کی ساری ھدایات اور فرمائشات کے باوجود آپ کے حکم کی خلاف ورزی ھوتی ھے تو آپ کہہ سکتے تھے کہ ھمارے حکم کی تعمیل نہیں ھوئی اور اس کی خلاف ورزی ھوئی ھے ۔ لہذا کارروائی منسوخ کی جاتی ھے ۔ لیکن جب قواعد و ضوابط موجود ھوں اور تمام کارروائی آپ کی ھدایات کے مطابق ھو اور قواعد و ضوابط کے ماتحت ھو تو پھر آپ اسے کیوں منسوخ کرنا چاھتے ھیں ۔ اس کے لئے آپ کے پاس کیا جواز ھے ۔ البتہ دوسری صورت جو آپ نے پیش کی ھے ۔ وہ یہ ھے کہ اگر قاعدے اور ضابطے کی تعمیل میں یا اس کے مطابق کوئی ایسی کارروائی ھو چکی ھو جو گورنمنٹ کی رائے میں تفویض شدہ

اختیارات سے تجاوز کا حکم رکھتی ہو تو اس صورت میں آپ اسے بدل سکتے ہیں ۔ جہاں تک اس بات کا تعلق ہے یہ کوئی قابل اعتراض بات نہیں اگر واقعی آپ کے خیال میں کوئی بات خلاف قاعدہ یا خلاف قانون ہوئی ہے یا اختیارات سے تجاوز کر کے کی گئی ہے ۔ تو آپ بے شک اسے کالعدم قرار دے دیں ۔ لیکن آپ نے تو بالکل ڈنڈے کا اور آمرانہ طریق کار اختیار کیا ہے کہ اگر واضح احکام کی موجودگی میں اور ان کی تعمیل میں کچھ کیا گیا ہو لیکن آپ سمجھتے ہوں کہ وہ آپ کو Suit نہیں کرتا یا آپ کی سیاسی مصالح میں روکاوٹ پیدا کرتا ہے تو آپ اسے کالعدم قرار دے دیں اس کے لئے قانونی اعتبار سے آپ کے پاس کوئی جواز نہیں ہے ۔ ویسے تو حکومت کے ہر معاملہ میں اختیارات بڑے وسیع ہیں ۔ لیکن جب کوئی قانون پیش کیا جاتا ہے یا پاس کیا جاتا ہے تو اس کا منشا یہ ہوتا ہے کہ تمام لوگوں کے ۔ عوام کے اور حکام کے حقوق ۔ ان کے فرائض اور ان کے اختیارات کا تعین کر دیا جائے ۔ تاکہ حکومت خود بھی ایک ضابطے کی پابند ہو جائے ۔ لیکن جب آپ ایک ضابطے کی پابندی سے گریز کرنا چاہتے ہیں تو پھر ایسے قانون کے پاس کرنے کا فائدہ ہی کیا ہے ۔ کیا اس سے بہتر یہ نہ ہوتا کہ آپ اس بل کی ترمیم میں صرف اس ایک جملہ کا اضافہ کر دیتے کہ —

Not withstanding anything contained in this Act the Authority or the Chairman shall have to comply with any order given by the Government.

Mr. Speaker : The question is—

That in clause 11, subsection (2) of the proposed section 20-A of the Thal Development Act, 1949 be deleted.

The motion was lost.

Mian Muhammad Shafi: (Montgomery VII Muslim (Reserved Seat) : Sir, I beg ro move—

That in Clause 11, the proposed section 20-A of the Thal Development, Act, 1949 be deleted.

حضور والا — میری درخواست یہ ہے کہ جہاں تک میری ترمیم کے اس حصے کا تعلق جسے اس معزز ایوان نے منظور کر دیا ہے ۔ میں اس کی مخالفت کرنا نہیں چاہتا ۔ میں صرف تحتی دفعہ ۱ کی مخالفت کرنا چاہتا ہوں ۔ میری مخالفت کی وجوہات یہ ہیں کہ حکومت جس سے میری مراد کوئی وزیر ہے ۔ جب اس امر کا فیصلہ کر لے کہ اتھارٹی کا کوئی افسر رکن یا ملازم ان کی خواہش کے مطابق کام نہیں کر رہا تو اس دفعہ کی رو سے اسے اختیار ہوگا کہ وہ افسر رکن یا عہدیدار کو حکم دے کہ وہ اس کے احکام کی تعمیل کرے ۔ نیز وہ انہیں کسی ایسے کام سے باز بھی رکھ سکے گا ۔ جو اس کے نقطہ نگاہ سے درست ہو ۔

حضور والا— میں نے دو موقعوں پر اس ایوان کے قائد اور ان کے پیروکاروں کے سامنے یہ صورت پیش کی ہے کہ سیاست کے اس دور میں جب کہ جماعتی سیاست انتہائی عروج پر ہے ہمیں کوشش کرنی چاہئے کہ ایسے ادارے جن کا تعلق قوم کی ترقی اور فلاح و بہبود سے ہو ہماری جماعتی سیاست سے بالکل محفوظ رہیں۔ کیونکہ میں سمجھتا ہوں کہ اگر آج اس ایوان کے قائد ملک محمد فیروز خان نون ہیں جو کہ نہایت ایماندار آدمی ہیں ۔ تو ہوسکتا ہے کہ کل ان کی جگہ کوئی ایسا آدمی آ بیٹھے جو ایماندار نہ ہو۔ تو اس صورت میں اگر وہ اپنی جماعت کے مقاصد کو تقویت پہنچانے کی غرض سے احکام جاری کریگا ۔ تو اس قسم کے اداروں میں جن کا تعلق ملکی ترقی سے ہو خلل پڑنے کا اندیشہ ہے ۔ اس لئے ہمیں حتی الوسع کوشش کرنی چاہئے کہ ہم سیاسی پارٹی بازی کو ایسے مفید اداروں سے دور رکھیں ۔ میں یہ نہیں کہتا اور نہ ہی یہ کہنا درست ہوگا کہ تمام وزرا بددیانت ہوتے ہیں ۔ لیکن کون نہیں جانتا کہ پارٹی بازی کی رو میں بہہ جانے سے اس امر کا احتمال یقینی ہے کہ ہم اپنے ذاتی اور جماعتی مقاصد کی تکمیل کے لئے ایسے اقدام کرنے لگ جاتے ہیں جو ملکی ترقی اور مفاد کے منافی ہوتے ہیں ۔

حضور والا—میں یہ بھی عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اگر آپ یہ وسیع اختیارات جن میں discretion حکومت کے ہاتھ میں ہو حکومت کو تفویض کر دیتے ہیں وہ کسی کے سامنے جوابدہ نہ ہوگی اور اپنی من مانی کاروائی کرنے لگے گی۔ ہو سکتا ہے کہ بعض حالتوں میں بلا وجہ اور بغیر کسی evidence کے حکم صادر کر دے کہ اتھارٹی کے فلاں رکن یا ملازم کو فلاں کام نہ کرنا چاہیے یا اس کے فلاں فلاں آدمیوں کو نکال دینا چاہیے ۔

حضور والا—میں آپ کی اجازت سے پھر اس کلاز کو بغور پڑھکر ایک نہایت اہم بات آپ کی خدمت میں پیش کرنا چاہتا ہوں ۔ فرض کیجیے کہ اتھارٹی والے یہ طے کرتے ہیں کہ ہم نے زمین کی ترقی کے لیے فلاں قسم کی مشینری درآمد کرنی ہے ۔ حکومت کا بھی اس کے متعلق ایسا خیال ہے کہ یہ مسئلہ صحیح طور پر ہوا ہے ۔ بعدازاں جب اتھارٹی اپنے ایک ریزولیوشن کی رو سے کسی ملک سے مطلوبہ مشینری درآمد کرنے کے لئے احکام صادر کرتی ہے تو حکومت کے کسی نمائندے کے دل میں یہ خیال پیدا ہوتا ہے کہ جس ادارے کو مشینری درآمد کرنے کو کہا گیا ہے اس کی معرفت نہیں بلکہ اس ادارے کی معرفت

کی جائے جس سے ان حضرات کے ذاتی مراسم ہوں - چنانچہ ایسی حالت میں بغیر کسی وجہ کے اس مشینری کی درآمد کے سلسلے میں بیجا تاخیر ہونے کا امکان پیدا ہو جاتا ہے - اس طرح آپس کی مخالفت بڑھنے کے بھی کافی امکانات ہیں - اس لئے میری درخواست یہ ہے کہ جہانتک ملکی ترقی سے متعلق اداروں کا تعلق ہے وزرا کو کم از کم اختیارات دینے چاہیں نیز انہیں پارٹی بازی سے دور رکھنے کی ہر ممکن کوشش کرنی چاہیے

Mr. Speaker: The question is—

That clause 11 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 12

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : Sir, I beg to move—

Mr. Speaker : The question is—

That in clause 12 in part (*ii*) of the proposed subsection (2) of section 21 of the Thal Development Act, 1949, for figure "15" the figure "50" be substituted.

حضور والا-میری نگاہوں میں کلاز ۱۲ اس مسودہ قانون کی اہم ترین کلازوں میں سے ہے - میں اپنے مفہوم کی وضاحت کے لئے سب سے پہلے یہ بتا دینا ضروری سمجھتا ہوں کہ مالکان اراضی سے آج تک جس قدر اراضیات حاصل کی گئی ہیں وہ صرف ڈولپمنٹ کے نام پر حاصل کی گئی ہیں اور لوگوں کو یہ بتایا گیا ہے کہ ہم تمہارے لئے ترقی کے سامان پیدا کر رہے ہیں - اس طرح سے حاصل شدہ اراضیات بعض بڑے بڑے لوگوں کو الاٹ کر دی جاتی ہیں - یا lease پر دے دی جاتی ہیں- یا ٹیوب ویل کی شرائط پر مخصوص قسم کے حضرات کو عطا کر دی جاتی ہیں-

اب اس کلاز میں ان شرائط اور حصوں کا ذکر کیا گیا ہے جن کے ماتحت حکومت آئندہ لوگوں سے اراضیات حاصل کرے گی اگر آپ اس کلاز کے ضمن (۱) کی طرف توجہ فرمائیں - اس میں ان حدود کی وضاحت کی گئی ہے جن کے ماتحت حکومت آئندہ لوگوں سے زمین لیگی مثلاً-

(۱) حکومت آبپاشی نہر سے باہر کی اراضیات نہیں لے گی

(۲) اگر ان رقبہ جات میں چاہی آبپاشی یا اس کے متوازن کوئی انتظام ہے تو حکومت انہیں نہیں لیگی -

(۳) وہ اراضیات جو ربیع ۱۹۵۱ کے خسرہ گرداوری میں بطور بنجر جدید- بنجر قدیم یا غیر ممکن درج نہیں کی گئی - اسے نہیں لیگی -

اب سوال ۱۰ اور پچاس ایکڑ کی حدود کا نہیں ہے ۔ بلکہ تمام ممکن خدشات و خطرات کو ملحوظ خاطر رکھنے کا ہے۔ جو ضمن (۱) میں پیدا ہوتے ہیں ۔ اس سے پھر میرا مقصد واضح ہو جائے گا ۔

اگر ایک کنواں چالیس ایکڑ زمین سے ملحقہ ہے اور مالک اراضی بہ یک وقت سالم کا سالم زیر کاشت نہ لا سکے یا زیر کاشت نہ لایا جا سکے ۔ یا دو تین فصل کاشت کرے اور مسلسل ۳۰ ایکڑ میں ۱۰ ایکڑ زیر کاشت نہ لا سکے ۔تو نتیجہ یہ ہوگا کہ اس زمین کو بنجر جدید درج کیا جائے گا ۔ اور اسطرح مزروعہ رقبہ ۲ فصل مسلسل زیر کاشت نہ کرایا جائے تو وہ بنجر قدیم ہو جاتا ہے۔ غیر ممکن وہ رقبہ ہے جو نہ level ہو سکے اور نہ زیرکاشت لایا جا سکے ۔ اگر آپ یہاں اس امر کی وضاحت کر دیتے کہ جس قدر رقبہ کے آبپاش ہونے کے امکانات موجود ہیں اسے کلیتاً مستثنیٰ قرار دیا جا سکتا ہے ۔ تو یہ اور بات ہے لیکن یہاں پر آپ اضافہ کرنے کا اہتمام کر رہے ہیں ۔ تاکہ تمام رقبہ جو ہموار ہو۔ قابل کاشت ہو یا اسے زیرکاشت لا چکے ہوں یا جو مزروعہ رقبہ ۳ فصل کے لئے یا ۲ فصل کے لئے زیر کاشت نہ لایا جا سکے وہ ان سے لے لیں ۔ چھین لیں اور چھین کر وہی کاروائیاں اور وہی بےضابطگیاں جاری رکھیں۔

حضور والا—یہاں ترقی کے نام پر جبراً رقبہ جات حاصل کئے گئے ۔ اور جنہیں اس سے پیشتر تلخ تجربہ ہو چکا ہے آپ انہیں یہ فرما رہے ہیں ۔ کہ اگر ان آدمیوں کا ۱۰ ایکڑ سے کم رقبہ حدود آبپاشی کے اندر رہ گیا تو وہ ان سے نہیں لیں گے ۔ میں نے یہ عرض کیا ہے ۔ کہ یہی چیز ترقیات کی منشا کے خلاف ہے۔ ترقی کے نام پر انگریز نے سالہا سال تک لوگوں کو غلامی کی زنجیروں میں جکڑے رکھا۔ اور white man's burden کی آڑ میں سالہا سال حکومت کی ۔ ترقی کی آڑ لے کر زمین چھینی اور پھر اسے سیاسی رشوتوں کے طور پر عطا کی ۔ میری استدعا ہے کہ کم از کم ۵۰ ایکڑ یعنی دو مربع اراضی کے مالک کو اس قانون کی دست برد سے بچنے کا موقع دینا چاہیے ۔ وہ کہتے ہیں خدا کے لئے ہمیں اپنے حال پر رہنے دو ہم ایسی ترقی سے باز آئے ۔

بی بلی با چوہا لنڈورا ہی بھلا ۔

اگر آپ صحیح معنوں میں ترقی دینا چاہتے ہیں تو ان حدود میں تھوڑی سی نرمی کر دیں اور دو مربع اراضی کے مالکان کو مستثنیٰ قرار دے دیں سوال یہ ہے کہ اگر ایک غیر آبپاش شدہ رقبہ جس کے لئے نہری آبپاشی کا انتظام نہیں تھا اگر وہ آپ کی کوششوں اور آپ کی محنت سے نہری

آبپاشی کی حدود میں آ جاتا ہے تو لوگوں کے نقطہ نگاہ سے انہیں ذریعہ آبپاشی میسر آ جاتا ہے یہ پابندی ناجائز ہے اور بالکل نا مناسب ہے - اس لئے میں استدعا کروں گا کہ ۱۵ ایکڑ کی حد کو بدل کر ۵۰ ایکڑ کر دیں تاکہ چھوٹے مالکان اراضی اس سے محفوظ رہ سکیں-

Mr. Speaker: The question is—

That in clause 12 in part (*ii*) of the proposed subsection (2) of section 21 of the Thal Development Act, 1949, for figure "15" the figure "50" be substituted.

The motion was lost.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : (Lyallpur IX, Muslim) : Sir, I beg to move—

That in Clause 12 in part (*iii*) of the proposed subsection (2) of section 21 of the Thal Development Act, 1949, for the figure "15" the figure "50" be substituted wherever it occurs in lines 1 and 4 and for the figure "50" in line 3, the figure "25" be substituted.

حضور والا—اس کلاز میں یہ حدود مقرر کی گئی ہیں کہ اگر کوئی آدمی ۱۵ ایکڑ سے کم اراضی کا مالک ہے تو اسے اس سے مستثنیٰ قرار دیا جائے -

میاں عبدالباری—جناب والا — یہ تمام ترامیم جو پیش کی گئی ہیں ان کا مقصد تو یہ ہے کہ ہم وزرا صاحبان کو کوشش اور محنت سے یہ بتائیں کہ ان شقوں میں کون کونسی تبدیلی کی ضرورت ہے لیکن وہ توجہ ہی نہیں دیتے- اس لئے ہماری یہ تمام باتیں بےکار ہیں -

Mr. Speaker : Order, order.

چودھری محمد افضل چیمہ—جناب والا—اس ضمن میں یہ فرمایا گیا ہے کہ جو اراضی ۱۵ ایکڑ سے زیادہ اور ۱۰۰ ایکڑ سے کم آبپاش رقبہ کی حدود میں ہو اُس رقبہ زمین کا ۵۰ فیصدی حاصل کیا جائے اب اس میں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ— (Interruptions)

حضور والا—یہ تو آپ نے آئندہ کے لئے ایک طریق کار تجویز کیا ہے - آپ آسانی سے یہ فرما سکتے تھے کہ جس قدر رقبہ حاصل کر چکے ہیں اسے آپ واپس کرنے کا ارادہ نہیں رکھتے یا آپ اس قدر مجبور ہیں کہ وہ رقبہ جات واپس نہیں کئے جا سکتے - تو وہ ایک الگ بات تھی -

وزیر اعلیٰ—آپ کو اس بات کا یقین ہونا چاہیئے کہ یہ جو بل ہم یہاں لائے ہیں اسکی ہر کلاز کا مدعا یہ ہے کہ ان لوگوں کے ساتھ انصاف کیا جائے جن کے ساتھ بے انصافی ہو چکی ہے - But we have no land to give them back. This is a fact I am telling you.

چودھری محمد افضل چیمہ—جب ہم کسی بات پر تنقید کرتے ہیں تو ہم اس خیال سے نہیں کرتے کہ ہمیں حکومت کی نیت پر شبہ ہوتا

ہے۔ بادی النظر میں ہمیں جو چیز غیر معقول نظر آتی ہے اس پر اپنی معروضات پیش کرنا ہم اپنا فرض سمجھتے ہیں ۔ اب یہ بل پاس ہوکر ایک دائمی حیثیت حاصل کر لیگا۔ اگر یہ فرض کر لیا جائے کہ آپ حضرات واقعی بڑے نیک نیت، ہمدرد اور مشفق قسم کے حکمران ہیں اور اگر اس مفروضہ یا presumption پر اس کے اسقام کو نظر انداز کر دیا جائے تو ہو سکتا ہے کہ کل یہ اختیارات ایسے لوگوں کو مل جائیں جو آپ جیسے مخلص اور ہمدرد نہ ہوں تو اس لحاظ سے آپ کے حسن نیت پر پورا پورا اعتماد کرنے کے باوجود ہم لوگ اپنا فرض سمجھتے ہیں کہ اگر کوئی چیز کھٹکنے والی ہو تو اس کی نشاندھی کر دی جائے ۔ اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ یہ جو ۱۵ ایکڑ کی آپ نے ایک حد مقرر کی ہے میں محسوس کرتا ہوں کہ اس مسودہ قانون میں کوئی دفعہ اس مضمون کی نہیں ہے کہ اس کا اطلاق with retrospective effect ہوگا۔ ماسوائے اس چیز کے کہ ایک میعاد ضرور مقرر کر دی گئی ہے کہ انہیں مقررہ وقت میں معاوضہ ادا کر دیا جائے۔ اگر موجودہ وقت میں آپ حاصل کردہ اراضیات ایک خاص میعاد کے اندر واپس نہیں کر سکتے تو کم از کم آئندہ کے لئے یہ جو آپ نے کیا ہے اس کے لئے آپ کے پاس معقول دلائل ہونے چاہیں۔ مثلاً اگر کسی کے پاس پندرہ ایکڑ رقبہ ہوگا تو یہ آپ اس سے لے لیں گے ۔ اور اگر پندرہ ایکڑ سے ایک کنال بھی کم ہوگا تو آپ اسے مستثنیٰ کر دینگے ۔ میں آپ سے یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ آخر یہ تفریق کس معقولیت پر مبنی ہے ۔ اگر آپ واقعی کارخیر کرنا چاہتے ہیں اور یہ لوگوں کے فائدہ کی بات ہے تو پھر پندرہ ایکڑ کا سوال سرے سے ہی آپ کو اڑا دینا چاہیئے۔ حضور والا—میں وزیر مال سے خاص طور پر یہ درخواست کرنا چاہتا ہوں کہ اگر آپ واقعی لوگوں کے فائدہ کی بات کر رہے ہیں تو آپ کو یہ تفریق اڑا دینی چاہیئے ۔ یہ کہاں کا انصاف ہے کہ جس شخص کی پورے پندرہ ایکڑ زمین ہو اس سے تو یہ لے لی جائے اور جسکی پونے پندرہ ایکڑ یا ایک کنال بھی کم ہو اسے مستثنیٰ کر دیا جائے۔ آخر ایک کنال کی کمی بیشی سے کیا فرق پڑ جاتا ہے؟ لہذا میں ان کی خدمت میں یہ درخواست کروں گا کہ اپنی اختتامی تقریر میں آپ اس امر کی وضاحت ضرور فرمائیں کہ یہ پندرہ ایکڑ کا معیار کس معقولیت کی بنا پر قائم کیا گیا ہے اور وہ کونسا اصول ہے جس کی بنا پر آپ اس سے کم رقبہ والے کو مستثنیٰ کرتے ہیں ۔

Mr. Speaker: The question is—

616	Ditto ..	Messrs. Muhammad Akhtar, 33, Daya Nand Road, Lahore.
617	9th October 1953 ..	Messrs. Mr. Abdul Majid Khokhar, Abbot Road, Lahore.
618	Ditto ..	Messrs. Qureshi Medical Hall, Ch. Mayo Hospital, Lahore.
619	15th October 1953 ..	Messrs. Awami Dawakhana, Gowalmandi, Lahore.
620	Ditto ..	Messrs. Corner Stores, 37, McLeod, Road Lahore.
621	Ditto ..	Messrs. Ahsan Brothers, Mcleod Road, Lahore.
622	Ditto ..	Messrs. Zaheer Sons, Druggists and Chemists, The Mall, Lahore.
623	Ditto ..	Messrs. E-Plomer & Co., The Mall, Lahore.
624	Ditto ..	Messrs. Amir Brothers, The Mall, Lahore.
625	Ditto ..	Messrs. General Electric Co. of Pakistan. Shah Din Building.
626	Ditto ..	Messrs. Khalid Agencies, Nicholson Road, Lahore.
627	Ditto ..	Messrs. Muhammad Aslam. 16 Main Bazar, Sanda Kalan, Lahore.
628	22nd October 1953 ..	Messrs. Abbot Lab. Pakistan Limited, Bank Square, Lahore.
629	Ditto ..	Messrs. Universal Allied Traders, Dhani Ram Road, Lahore.

Serial No.	Date	Name and address
630	31st October 1953 ..	Messrs. Alkhush Medical Stores, Bank Square, The Mall, Lahore.
631	7th November 1953 ..	Messrs. Matab Dawakhana, Nila Gumbad, Lahore.
632	Ditto ..	Siddiqi House, Inside Bhati Gate, Lahore.
633	Ditto ..	Messrs. Ahmad Medical Hall, Nisbet Road, Lahore.
634	9th November 1953 ..	Messrs. Prince Medical Hall, Shahalam Market, Lahore.
635	Ditto ..	Messrs. Shafistan Railway Road, Lahore.
636	Ditto ..	Messrs. Fazal Karim, Mori Gate, Lahore.
637	11th November 1953 ..	Messrs. Watan Medical Stores, Anarkali, Lahore.
638	Ditto ..	Messrs. Pakistan Chemical Pharmaceutical Mcleod Road, Lahore.
639	Ditto ..	Messrs. Fazal Din & Sons., The Mall, Lahore,
640	18th November 1953 ..	Messrs. S. N. Ahmad & Sons., Nila Gumbad, Lahore.
641	Ditto ..	Messrs. Pakistan Medicine & Co., Anarkali, Lahore.
642	Ditto ..	Messrs. Azad Medical Hall, Beadon Road, Lahore.
643	Ditto ..	Messrs. Sh. Ghulam Sarwar, Beadon Road, Lahore.
644	30th November 1953 ..	Messrs. Pakistan Lab. Supply Co., Mcleod Road, Lahore.
645	Ditto ..	Messrs. Popular Chemical Works, Old Anarkali, Lahore.
646	Ditto ..	National Lab., 20 Empress Road, Lahore.
647	Ditto ..	Messrs. Baltoor Bait-ul-kimya, Beadon Road, Lahore.
648	2nd December 1953 ..	Messrs. Qadaria Medical Hall, 27 Temple Road, Lahore.
649	2nd December 1953 ..	Messrs. Sanulson Royal Park, Mcleod Road, Lahore.
650	10th December 1953 ..	Messrs. Asmico, 27, Old Anarkali, Lahore.
651	Ditto ..	Messrs. Beuty Corner, 166 Anarkali, Lahore.
652	11th December 1953 ..	Messrs. Model Chemical Works, 20 Guru Teg Bahadur Road, Lahore.
653	Ditto ..	Messrs. Abdul Rashid General Stores, 36 Daya Nand Road, Lahore.
654	14th December 1953 ..	Messrs. Misri Dawakhana, Shah Abul Mali, Lahore.
655	Ditto ..	Messrs. Zahoor Hassan, Shah Abul Mali, Lahore.
656	Ditto ..	Messrs. Muhammad Aslam, Shah Abul Mali, Lahore.
657	Ditto ..	Messrs. Muhammad Musa, Shah Abul Mali, Lahore.
658	Ditto ..	Messrs. Nanak Ram Gali, Shah Abul Mali, Lahore.

Serial No.	Date	Name and address
659	19th December 1953 ..	Messrs. Sardar Muhammad, Shah Abdul Mali, Lahore.
660	Ditto ..	Messrs. Ghulam Muhammad, Shah Abdul Mali, Lahore.
661	Ditto ..	Messrs. Asghar Hussain, Shah Abdul Mali, Lahore.
662	Ditto ..	Messrs. Markaz Zacha bacha, Shah Abdul Mali, Lahore.
663	Ditto ..	Messrs. Rahat Zanana Hospital, Mayo Road, Lahore.
664	18th December 1953 ..	Messrs. Universal Chemical Industries, Ichhra, Lahore.
665	Ditto ..	Messrs. Aziz Medical Hall, Krishan Nagar, Lahore.
666	19th December 1953 ..	Messrs. Shaheen Chemical Industry, Mcleod Road, Lahore.
667	Ditto ..	Messrs. Vita Laboratories, Mozang, Lahore.
668	Ditto ..	Messrs. Orata Laboratories, Mohni Road, Lahore.
669	Ditto ..	Messrs. Unison Chemical Works, Gowalmandi, Lahore.
670	23rd December 1953 ..	Messrs. Khalid Rashid Co., Inside Mochi Gate, Lahore.
671	Ditto ..	Messrs. National Chemical Works Gowalmandi, Lahore.
672	12th January 1954 ..	Messrs. Exilsive Chemists and Druggists, Prem Nagar, Lahore.
673	Ditto ..	Messrs. Kashmeri Medical Hall, Inside Bhati Gate, Lahore.
674	Ditto ..	Messrs. Hanif Sheikh and Brothers, 5, Shahlam Market, Lahore.
675	Ditto ..	Messrs. Sh. Muhammad Amin, 27, Beadon Road, Lahore.
676	Ditto ..	Messrs Zulfiqar Ali Qureshi, Sheranwala Gate, Lahore.
677	13th January 1954 ..	Messrs. Ghosia Blanket Factory, Ghari Shahu, Lahore.
678	Ditto ..	Messrs. Loyal Chemical Works, Haveli Pathranwali, Mochi Gate, Lahore.
679	Ditto ..	Messrs. Billo Medical Stores, Nisbat Road, Lahore.
680	15th January 1954 ..	Messrs. Arizona, 2, Charing Cross, The Mall, Lahore.
681	Ditto ..	Messrs. Universal Medical Industries, Rahmanpura, Ichhra, Lahore.
682	Ditto ..	Messrs. Shal and Mark Pharmaceutical Works, Lahore, Cantt.
683	21st January 1954 ..	Messrs. Imperial Medical Hall, Inside Lohari Gate, Lahore.
684	Ditto ..	Messrs. Jullundur General Stores, Old Anarkali, Lahore.
685	Ditto ..	Messrs. Fazal Brothers, Old Anarkli, Lahore.
686	25th January 1954 ..	Messrs. Hakim Abdul Majid, Khudian.
687	28th January 1954 ..	Messrs. Lahore Chemical and Pharmaceutical Works, Canal Bank, Lahore.

Serial No.	Date	Name and address
688	29th January 1954 ..	Messrs. United Drug Co., Ferozepur Road, Lahore.
689	3rd February 1954 ..	Messrs. Aziz Medical Hall, Krishan Nagar, Lahore.
690	Ditto ..	Messrs. Ravi Co-operative Stores, Sant Nagar, Lahore.
691	Ditto ..	Messrs. Wahid & Sons., Arjan Road, Krishan Nagar, Lahore.
692	12th February 1954 ..	Messrs. Delux Chemists and Druggists, 18, Outside Lohari Gate, Lahore.
693	13th February 1954 ..	Messrs. Malik Ghulam Sarwar, Anarkali, Lahore.
694	Ditto ..	Messrs. Muhammad Iqbal & Co., 118, Anarkali, Lahore.
695	Ditto ..	Messrs. Hakim Khalil-ur-Rahman, Delhi Dawakhana, Paisa Akhbar, Lahore.
696	15th February 1954 ..	Messrs. Abdul Majid Khan, Chamberlain Road, Lahore.
697	Ditto ..	Messrs. Abdul Rashid Medical Stores, 87, Chamberlain Road, Lahore.
698	Ditto ..	Messrs. S. Razi-ud-Din, 41 Shahalam Market, Lahore.
699	24th February 1954 ..	Messrs. Katnak & Co., The Mall, Lahore.
700	26th February 1954 ..	Messrs. Azad Medical Hall, Beadon Road, Lahore.
701	Ditto ..	Messrs. Punjab Medical Hall, Temple Road, Lahore.
702	Ditto ..	Messrs. Public Medical Hall, Main Bazar Mozang, Lahore.
703	3rd March 1954 ..	Messrs. The Pakistan Medical Supply Laboratories, The Mall, Lahore.
704	Ditto ..	Messrs. Ahsan Ali & Sons, Mcleod Road, Lahore.
705	Ditto ..	Messrs. Dodhy's Agencies, Mcleod Road, Lahore.
706	4th March 1954 ..	Messrs. Qazi Medical Hall, Rajgarh, Lahore.
707	Ditto ..	Messrs. Hadi Medical Hall, Rajgarh, Lahore.
708	Ditto ..	Messrs. Farooqi Medical Hall, Rajgarh, Lahore.
709	6th March 1954 ..	Messrs. Muhammad Abdullah & Sons, 22, Temple Road, Lahore.
710	Ditto ..	Messrs. Qadaria Medical Hall, 22, Temple Road, Lahore.
711	Ditto ..	Messrs. Kausar Medical Hall, 22, Temple Road, Lahore.
712	Ditto ..	Messrs. Ever Health, 22, Temple Road, Lahore.
713	Ditto ..	Messrs. West Pakistan Medical Stores, 22 Temple Road, Lahore.
714	Ditto ..	Messrs. The National Laboratories, 26, Empress Road, Lahore.
715	16th March 1954 ..	Messrs. Diamond Drug House, 50 Railway Road, Lahore.
716	Ditto ..	Messrs. Shaheen Chemical Industries, Mcleod Road, Lahore.
717	19th March 1954 ..	Messrs. New Drug House, Taxali Gate, Lahore.
718	Ditto ..	Messrs. Dr. Allah Din, Ravi Road, Lahore.

Serial No.	Date	Name and address
719	19th March 1954 ..	Messrs. Hamid Khan House No. 1274/C, Inside Lohari Gate, Lahore.
720	22nd March 1954 ..	Messrs. Shecko Laboratories, 12 Hearn Road, Lahore.
721	Ditto ..	Messrs. Elbson Chemists, Anarkali, Lahore.
722	Ditto ..	Messrs. Agha, Ayub Khan, Anarkali, Lahore..
723	23rd March 1954 ..	Messrs. National Pharmaceutical Chemical Products Co., The Mall, Lahore.
724	Ditto ..	Messrs. Hakim Muhammad Shafi, Baghbanpura, Lahore.
725	Ditto ..	Messrs. National Medical Hall, Baghbanpura, Lahore.
726	Ditto ..	Messrs. Hakim Nawab Din, Ramgarh, Moghalpura, Lahore.
727	29th March 1954 ..	Messrs. Mumtaz Medical Hall, 50 Railway Road, Lahore.
728	Ditto ..	Messrs. Shah Medical Service, Circular Road, Lahore.
729	5th April 1954 ..	Messrs. Agha Abbas Ali Khan, Shahalami Gate, Lahore.
730	Ditto ..	Messrs. Jan Muhammad Fateh Sher Road, Mozang, Lahore.
731	Ditto ..	Messrs. Punjab Medical Hall, 20, Temple Road, Lahore.
732	6th April 1954 ..	Messrs. Popular Medical Stores, Outside Lohari Gate, Lahore.
732	Ditto ..	Messrs. Imperial Medical Hall, Outside Lohari Gate, Lahore.
734	Ditto ..	Messrs. Diamond Drug House, 69, Chah Miran, Lahore.
735	10th April 1954 ..	Messrs. Ameer Brothers, The Mall, Lahore.
736	Ditto ..	Messrs. Tariq & Co., Nila Gumbad, Lahore.
737	12th April 1954 ..	Messrs. Ismar Drug House, Commercial Building, Lahore.
738	Ditto ..	Messrs. Busy Bee Commercial Building, Lahore.
739	Ditto ..	Messrs. Sun Rays, Commercial Building, Lahore.
740	Ditto ..	Messrs. Time and Tide, Commercial Building, Lahore.
741	Ditto ..	Messrs. Standard Medical Hall, Commercial Building, Lahore.
742	Ditto ..	Messrs. Fazal Din & Sons., The Mall, Lahore.
743	14th April 1954 ..	Messrs. Zaheer Medical Hall, Sadar, Lahore.
744	Ditto ..	Messrs. Shah Jahan Medical Stores, Sadar, Lahore.
745	16th April 1954 ..	Messrs. Health Lines, Sadar, Lahore.
746	Ditto ..	Messrs. Mirza Medical Hall, Sadar, Lahore.
747	17th April 1954 ..	Messrs. Hakim M. Rashid Arshad, Pattoki, Lahore.
748	Ditto ..	Messrs. M. A. Malik Pattoki, Lahore.
749	Ditto ..	Messrs. Hakim Bashir Ahmad, Pattoki, Lahore.

Serial No.	Date	Name and address
750	17th April 1954 ..	Messrs. Ghulam Muhammad, Pattoki, Lahore.
751	Ditto ..	Messrs. Hakim Rai Niamat Ali, Pattoki, Lahore.
752	19th April 1954 ..	Messrs. Zaheer Sons, The Mall, Lahore.
753	Ditto ..	Messrs. Surgical Cotton Mill, Jail Road, Lahore.
754	Ditto ..	Messrs. Muller and Phipps, Nila Gumbad, Lahore.
755	Ditto ..	Messrs. International Co-operative Chemical Works, Royal Park, Lahore.
756	Ditto ..	Messrs. Pakistan Laboratories Supply Co., 69 Mcleod Road, Lahore.
757	Ditto ..	Messrs. Friends Trading Co., Sadar Bazar, Lahore Cantt.
758	3rd May 1954 ..	Messrs. Medicos Chemists and Druggists, Anarkali, Lahore.
759	Ditto ..	Messrs. Crescent Pharmaceutical Works, Jail Road, Lahore.
760	Ditto ..	Messrs. Watan Medical Stores, Anarkali, Lahore.
761	5th May 1954 ..	Messrs. General Medical Stores, 22, Beadon Road, Lahore.
762	Ditto ..	Messrs. B. A. Haqqani, 13 Nisbat Road, Lahore.
763	Ditto ..	Messrs. Anglo-Thai Corporation, The Mall, Lahore.
764	7th May 1954 ..	Messrs. Spencer & Co., 18, Empress Road, Lahore.
765	Ditto ..	Messrs. Orata Laboratories House No. 3, Haider Manzil, Mohni Road, Lahore.
766	10th May 1954 ..	Messrs. Nafees Medical Stores, outside Lohari Gate, Lahore.
767	Ditto ..	Messrs. Sadiq Medical Hall, Sant Nagar, Lahore.
768	Ditto ..	Messrs. Shahid Medical Stores, Circular Road, Lahore.
769	18th May 1954 ..	Messrs. Katrak & Co., Duni Chand Building, Lahore.
770	Ditto ..	Messrs. A. S. Ilayas & Sons., Opposite Police Station New Anarkali, Lahore.
771	19th May 1954 ..	Messrs. S. A. Sajid Proprietor, The Crescent Medical Stores, Golf Road, Lahore.
772	Ditto ..	Messrs. Diamond Medical Stores, Railway Road, Lahore.
773	20th May 1954 ..	Messrs. Matab Dawakhana, Nila Gumbad, Lahore.
774	Ditto ..	Messrs. Siddique House, Inside Bhati Gate, Lahore.
775	Ditto ..	Messrs. Mufid Medical Stores, Bhati Gate, Lahore.
776	26th May 1954 ..	Messrs. Dr. Dilawar Hussain and Sons, Circular Road, Lahore.
777	Ditto ..	Messrs. Universal Chemical Industries Windsor Park, Ichhra, Lahore.
778	Ditto ..	Messrs. Hakim Walayt Hussain, Mochi Gate, Lahore.
779	Ditto ..	Messrs. Mumtaz Medical Stores, Railway Road, Lahore.
780	27th May 1954 ..	Messrs. Dawn Medical Stores, Anarkali, Lahore.
781	Ditto ..	Messrs. Abbot Laboratories Bank Square, Lahore.

ELECTION OFFICER, LOCAL BODIES, PUNJAB.

*3661. **Sh. Muhammad Saeed:** Will the Honourable Minister of Health be pleased to state:—

(*a*) the date from which the present Election Officer, Local Bodies, Punjab has been holding this post;

(*b*) his special qualifications for the said post; and

(*c*) the reason for his prolonged stay in this office?

The Honourable Makhdoomzada Syed Muhammad Alamdar Hussain Shah Gilani : (*a*) 20th December 1951.

(*b*) He was working as O. S. D. (Elections) prior to his appointment as Elections Officer. Local Bodies, Punjab.

(*c*) The Election Officer, Local Bodies, Punjab, has been entrusted with the work of elections to the Municipal Committees of the Province and this work is still in progress. Government do not consider that a change of the incumbant of this post is necessary at this stage.

Mian Muhammad Shafi: Is no other P. C. S. officer in the Punjab available to be posted as Election Officer for local bodies with the same qualifications ?

Minister for Health: He is doing well and it is not necessary that he should be changed.

LEAVE OF ABSENCE

Mr. Speaker: I have received the following application from Mian Muhammad Khuda Yar Khan Maneka, M. L. A. :—

"گذارش ہے کہ میرے ضلع میں ڈسٹرکٹ بورڈ کا الیکشن شروع ہے ۔ جس کی وجہ سے میں وہاں مصروف ہوں ۔ مجھے مورخہ ۲۸ مارچ ۱۹۵۵ء تک اجلاس اسمبلی سے رخصت عطا فرمائی جاوے ،

The question is—

That the leave asked for be granted.

The motion was carried

Mr. Speaker: I have received the following application from Rai Nausher Khan, M. L. A.

"مودبانہ التماس ہے کہ جو اجلاس مورخہ ۷ مارچ ۱۹۵۵ء کو منعقد ہو رہا ہے ۔ اس میں بندہ حاضر نہیں ہو سکتا ۔ کیونکہ اسی تاریخ کو بندہ کے بھائی کی شادی قرار پائی ہے ۔ جس میں ایک ماہ تک میری شمولیت ضروری ہے ۔ لہذا مہربانی فرما کر تمام اجلاس کی رخصت عطا فرمائی جاوے ۔ آپکی عین نوازش ہوگی ۔"

The question is—

That the leave asked for be granted.

The motion was carried

Mr. Speaker: I have received the following application from Khan Muhammad Amin Khan Kanjun, M.L.A.

"گذارش ہے کہ بندہ اچانک بیمار ہو گیا ہے ۔ سفر کے ناقابل ہے ۔ لہذا استدعا ہے کہ تا اختتام اجلاس کونسل رخصت بیماری منظور فرمائی جائے ۔ ڈاکٹری سرٹیفکیٹ لف ہذا ہے ۔"

The question is—

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

Mr. Speaker: I have received the following application from Saiyad Naubahar Shah, M.L.A.

"بندہ کو بخار ہو گیا ہے ۔ اس لئے اسمبلی میں حاضر نہیں ہو سکتا ۔ برائے مہربانی جب تک بندہ حاضر نہ ہو سکے رخصت عطا فرمائی جاوے ۔"

The question is—
That the leave asked for be granted.
The motion was carried.

SUPPLEMENTARY ESTIMATES, 1954-55

The Hon'ble Cheif Minister: Sir, I beg to present the Supplementary Estimates for the year 1954-55. Demands made therein are on the recommendations of His Excellency the Governor.

BUDGET-GENERAL DISCUSSION

Mr. Speaker: We now proceed with the general discussion of the Budget for the year 1955-56.

میاں عبدالباری (لائلپور - ۷ - مسلم) : جناب صدر - یہ عجیب بات ہے کہ باوجود اس حسن ظن کے جس کے متعلق کئی مرتبہ جناب وزیر اعلیٰ نے اظہار خیال کیا اور باوجود اس حسن عقیدت کے جو ایک مدت سے مجھے وزیر اعلیٰ صاحب سے ہے ہم میں اختلاف رائے پایا جاتا ہے ۔ میرا خیال تھا کہ یہ بجٹ جو پیش کیا گیا ہے نہایت شاندار اور نہایت مفید ہوگا لیکن حقیقت یہ ہے کہ یہ بجٹ کسی آزاد مملکت کے کسی صوبہ کے عوام کے لئے مفید ثابت نہیں ہو سکتا ۔ میں نے اس چیز پر بڑا غور کیا اور سوچا کہ اپنے اس اختلاف کو کونسے اسلوب بیان کے ساتھ پیش کروں جس سے میری تقریر کا اصل مقصد فوت نہ ہو اور جس سے اس تقریر کو اختلاف برائے اختلاف نہ سمجھا جائے ۔ اگرچہ سابقہ تجربہ کی بنا پر نہ تو مجھے یقین ہے اور نہ لمبی چوڑی امید کہ میں اپنے نظریہ کو ان اصحاب خصوصاً Treasury Benches کے معزز اراکین کے دل گزین کرا سکوں گا اور انہیں پورا قائل کر سکوں گا لیکن اگر میں جناب وزیر اعلےٰ صاحب، وزرائے کرام اور اس معزز ایوان کے اراکین کو اس چیز پر آمادہ کرلوں جس سے میں اپنے نظریہ کی وضاحت کرنے لگا ہوں، جس کی بنا پر گذشتہ اتنے سال سے میزانیہ کی مخالفت کرتا رہا ہوں اور آج بھی جس کے پیش نظر میں اس میزانیہ کی شدت کے ساتھ مخالفت کرنا چاہتا ہوں ، تو میں سمجھوں گا کہ میں نے ایک بڑی خدمت سر انجام دی ہے

جناب والا ۔ بجٹ کے متعلق اس نظریہ کی تشریح کے لئے جس کے بدون مجھے یقین ہے کہ اب آزاد مملکت پاکستان میں کوئی بجٹ مفید ثابت نہیں ہو سکتا ۔ مجھے پہلے اس اشتراک کی تشریح کرنا ہے جس کے متعلق جناب

وزیر اعلےٰ صاحب نے بار بار اپنی تقاریر میں ارشاد فرمایا ہے وہ اشتراک Beneficient Departments کے متعلق ہے۔

حضور عالی ۔ تقسیم ملک سے پہلے انگریز کے عہد غلامی میں ایک خاص تصور پیدا ہو گیا تھا اس وقت اس ملک میں دو قسم کے محکمے تھے ایک قسم کے محکموں کا نام Beneficient Departments رکھا جاتا تھا جن کا مطلب تھا کہ وہ عوام کی رفاہ اور عوام کے مفاد کے لئے ہیں اور باقی محکموں کے متعلق یہ کہا جاتا تھا کہ وہ انتظامیہ محکمے ہیں۔ حقیقت میں ان کا مقصد کچھ اس قسم کا تھا کہ ان رفاہی محکموں سے تو ہم غلام بندے رہیں اور باقی محکموں کو یہ سمجھا جاتا تھا کہ یہ حکومت کی ملکیت ہیں اور ان کا مقصد یہ تھا کہ غیر ملکی حکمران یہاں قائم رہیں ۔ جن کے حاشیہ نشینوں کا سلسلہ نمبردار سے وزرائے کرام تک پہنچتا تھا۔ اور جس طرح بھی ہو رعب سے — ڈنڈے سے ۔ اور سختی سے ان کی حکومت کو قائم رکھا جائے —

حضور عالی ۔ عہد غلامی میں بجٹ اس طرح بنتے تھے کہ ان کے رفاہی محکموں کے لئے تھوڑا تھوڑا روپیہ مخصوص کیا جاتا تھا اور باقی میزانیہ کی تمام رقوم کو اس طرح سے تقسیم کیا جاتا تھا کہ جس کا مقصد محض یہ ہوتا تھا کہ جس طرح بھی ہو غیر ملکی حکومت اور ان کے حاشیہ نشینوں کا prestige ہر قیمت پر قائم رکھا جائے۔

حضور والا ۔ کیا میزانیہ کا ڈھانچہ اس طرح تیار کیا جاتا ہے کہ چاہے عوام کسی حالت میں رہیں ۔ چاہے کسان کسی حالت میں ہو کاشتکار کسی حالت میں رہے چاہے مخلوق سے برا سلوک ہو لیکن انتظامی محکموں میں رتی بھر کوئی ایسی چیز پیدا نہ ہو جس سے مداومت اقتدار میں کسی قسم کی کوئی کمی آئے ۔ تقسیم سے پہلے بجٹ بنانے کے لئے یہی نظریہ تھا

حضور والا ۔ بجٹ وہ ڈھانچہ ہے اور وہ آئینہ ہے جس میں حکومت کے تمام خدوخال نظر آتے ہیں ۔ کہ آئندہ سال وہ کامیاب ہو گی یا ناکام ۔ نیز اس میں ان تمام باتوں کا اظہار ہوتا ہے کہ اس میں عوام کے کیا کیا مفاد ہیں ۔ لیکن ہم دیکھتے ہیں کہ قیام پاکستان سے پہلے جو طریق تقسیم تھا اسی کی بنا پر آج چند محکموں کے نام Beneficient محکمے رکھا گیا ہے اور چند کو انتظامی محکمے کہا جاتا ہے ۔

تین سال مجھے اس مقتدر ایوان میں فنانس منسٹر صاحبان کی تقریریں سننے کا موقعہ ملا ۔ وہ اکثر اپنی تقریروں میں Beneficient Department

پر ہی زور دیکر اس ہاؤس اور صوبہ کے عوام کو مطمئن کرنے کی کوشش کرتے رہے مگر ان کی تقریریں حقائق پر مبنی نہیں ہوا کرتی تھیں۔ جناب والا۔ یہ چیز میں نے اپنے نظریہ کی وضاحت کے لئے بیان کی ہے۔ کسی شخص کی مخالفت کے خیال سے نہیں کی کیونکہ میں نے دیکھا ہے کہ پاکستان بننے کے بعد جب وزرائے کرام باہر دوروں پر جاتے ہیں تو اپنی تقریروں میں یہ کہتے ہیں کہ افسر پبلک سرونٹس ہیں اور ان کا فرض ہے کہ وہ تمہاری خدمت کریں۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ان کے قول اور فعل میں بڑا فرق ہے۔ وہ کہتے کچھ ہیں اور کرتے کچھ ہیں اور ان کا مقصد نہ پہلے عوام کی فلاح تھی نہ اب عوام کی فلاح ہے۔ اس وقت انگریز اس ملک میں اپنا اقتدار قائم رکھنا چاہتے تھے اور وہ عوام سے لاپرواہی برتتے تھے اسی اصول پر آج یہ لوگ عمل کر رہے ہیں۔ جناب والا۔ سب سے پہلے میں عدلیہ کو لیتا ہوں۔ حضور کو اس چیز کا علم ہے کہ انگلستان میں عدلیہ کا محکمہ بالکل جداگانہ ہے۔ اس سے انتظامیہ کا کوئی تعلق نہیں اور نہ پولیس اس میں مداخلت کر سکتی ہے۔ لیکن ہمارے یہاں بالائی عدلیہ یعنی چیف کورٹ اور ہائی کورٹ کو چھوڑ کر انگریز نے ابتدائی عدلیہ کو ڈپٹی کمشنر اور پولیس کے نیچے رکھا اور یہ اس لئے کیا گیا کہ اس غلام ملک میں آزادانہ۔ منصفانہ اور جلد فیصلہ کی عوام کے لئے کوئی ضرورت نہیں کیونکہ اگر حکمران نے سختی کی تو اس کو سنبھالنے کے لئے ڈی۔ سی اور پولیس کی مداخلت رکھنی ضروری ہے۔ انہیں عوام کا فائدہ مقصود نہ تھا۔ پاکستان بننے کے چھ سال بعد پہلی مرتبہ ان ترقی یافتہ لوگوں کو خیال آیا۔ جو بہت موڈرن ہیں اور موجودہ زمانے کے تقاضوں کو خوب سمجھتے ہیں اور جو تاریخ انگلستان کے مجھ سے زیادہ واقف ہیں۔ ان کو پچھلے سال یہ خیال آیا کہ عدلیہ اور انتظامیہ کو جدا کر دیا جائے۔ لیکن انہوں نے ایسے اوچھے طریقے سے اس کو سر انجام دیا کہ اس سے نہ عوام کو کوئی فائدہ پہنچا اور نہ حکومت کو ہی کوئی فائدہ ہوا۔

حضور والا—اب میں محکمہ پولیس کے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں۔

Chief Minister: Don't you like the separation of the executive and the judiciary?

Mian Abdul Bari: No interruptions please.

من چہ سرائیم و طنبورہ من چہ می سرائد۔ آپ کو پہلے سال ہی اسے جدا کر دینا چاہیئے تھا۔ اب چھ سال کے بعد آپ نے اس سلسلہ میں قدم اٹھایا

اور وہ بھی ادھورا ، نا مکمل اور بے سود ثابت ہوا۔ نہ دوسروں کو اس سے فائدہ پہنچا اور نہ آپ کو اس سے کچھ فائدہ ہوا۔ آپ نے ڈی ۔ سی کی ٹانگ پھر اس میں اڑا دی ہے۔ چاہئیے تو یہ تھا کہ سب جج سے اوپر تک سب عدالتیں انتظامیہ اور ڈپٹی کمشنر کی مداخلت سے بالکل الگ ہوتیں ۔ آپ اس کام کو مکمل نہیں کر سکے بلکہ محض اشک شوئی کی خاطر آپ نے یہ قدم اٹھایا ہے۔

اب جناب‌والا ۔ میں پولیس کے محکمہ کے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ حضور کو علم ہے کہ پولیس ایک رفاہی محکمہ ہے۔ اس محکمہ کا مقصد یہ ہے کہ عوام کی جان و مال اور عزت و آبرو کی حفاظت کی جائے ۔ پولیس میرے خیال میں بہترین رفاہی محکمہ ہے ۔ پولیس کا فرض ہے کہ وہ خدمت خلق کرے۔ انگریز انگلستان کی پولیس کو تو ایسے سانچے میں ڈھالتے تھے کہ انگلستان کا کانسٹیبل یورپ کا بہترین جینٹلمین (شریف انسان) سمجھا جاتا تھا لیکن یہاں پاکستان میں پولیس کانسٹیبل کو ایسے ڈھانچے سے نکالا جا رہا ہے کہ وہ اس سے نکل کر نہ صرف اپنے اخلاق اور اپنی عادات کو بگاڑ ڈالتا ہے بلکہ اپنی قوم کی عزت نفس کو بھی کچلنے کے لئے تیار ہو جاتا ہے۔

اس کے بعد جناب والا محکمہ مال کو لے لیجئیے ۔ ان محکموں کا ذکر کرنے سے میرا مقصد صرف وضاحت کرنے کا ہے میرا ہرگز یہ مقصد نہیں کہ کسی کو اذیت پہنچائی جائے۔ میرے کہنے کا مقصد یہ ہے کہ ان ایڈمنسٹریٹو محکموں کا یہ کام ہے کہ عوام کی فلاح و بہبود کا خیال رکھا جائے نہ کہ ان کا مقصد یہ ہو کہ حکمران اور ان کے حاشیہ نشینوں کا اقتدار قائم رکھا جائے ۔ میں پوچھتا ہوں کہ آپ نے اپنے بجٹ کو کونسا نیا رنگ دیا ہے ؟ اس کا ڈھانچہ وہی پرانا ہے۔ محکمہ مال کے متعلق میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ دنیا کے کسی ملک میں مالیہ اراضی کے متعلق وہ قوانین نہیں جو یہاں رائج ہیں۔ مالیہ کے متعلق دنیا کے ہر ملک میں یہ دستور ہے کہ آمدنی کا ایک حصہ چھوڑ کر مالیہ لگتا ہے۔ لیکن یہاں انگریز نے ایسا طریقہ رائج کیا تھا کہ کاشتکار سانس تو لیتا رہے مگر وہ مر نہ جائے ۔ لیکن اسے اتنا ہوش نہ رہے کہ وہ کسی حکمران کے سامنے آنکھ اونچی کر سکے ۔ یہی حال جناب والا کوآپریٹو ڈیپارٹمنٹ کا ہے۔ یہ سب انتظامیہ محکمے ہیں اور میں ان کا ذکر مثالاً کر رہا ہوں ۔ میں ان حضرات کی خدمت میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ سب رفاہی محکمے

ہیں۔ آپ اپنی تقریروں میں تو کہتے پھرتے ہیں کہ ملازم پبلک سرونٹس ہیں لیکن جو بجٹ آپ نے بنایا ہے اس کا ڈھانچہ اسی قسم کا ہے جیسا کہ انگریز عوام کا سر کچلنے کے لئے بنایا کرتے تھے۔ یہ آپ نے ایک ایسا کھلونا سا بنا دیا ہے جس سے نہ عوام کو کچھ فائدہ ہوا ہے اور نہ آپ کو ہی کوئی فائدہ ہوگا۔

حضور والا—مثال کے طور پر میں محکمہ صحت ہی کو لیتا ہوں۔ انگریزی دور حکومت میں اس محکمے کی کوشش یہی ہوتی تھی کہ اس ملک میں دوا سازی قطعاً نہ ہو سکے بلکہ اس سلسلے میں ہم یورپی ممالک کے دست نگر رہیں۔ اس محکمے کی کوشش یہی ہوتی تھی کہ کسی ڈاکٹر میں اتنی استطاعت پیدا ہی نہ ہونے دی جائے کہ وہ یہاں بیٹھ کر کوئی دوائی تیار کر سکے۔ البتہ چند ایک ڈگری یافتہ ڈاکٹروں کو انگلستان کا ایجنٹ بنا کر یہاں مقرر کر دیا جاتا تھا کہ وہ انگلستان سے دوائیاں منگواتے رہیں۔ انگریزی دور حکومت میں حفظان صحت کے نام سے بجٹ میں چند ہسپتالوں کا ذکر کیا جاتا تھا جو بڑے بڑے شہروں میں نمائش کے طور پر قائم تھے لیکن ان ہسپتالوں سے دیہات کی پس ماندہ آبادی کو جسکے متعلق جناب وزیر اعلیٰ صاحب نے اپنی بجٹ تقریر میں بڑی ہمدردی کا اظہار کیا ہے رتی بھر فائدہ نہ پہنچتا تھا اور میں دعوے سے کہتا ہوں کہ یہ آبادی آج تک ان ہسپتالوں سے محروم ہے۔

حضور والا اس کے بعد میں محکمہ امداد باہمی کا ذکر کرنا چاہتا ہوں۔ وہ ملک جس سے ہمارے انگریز حکمران آئے تھے اور جو اللہ کے فضل وکرم سے آج واپس جا چکے ہیں اس ملک کی ترقی کا انحصار بہت حد تک امداد باہمی پر تھا۔ لیکن افسوس کہ جن بنیادوں پر انگلستان میں اس محکمے کو قائم کیا گیا تھا انہیں بنیادوں پر ہندوستان میں اس محکمے کا ڈھانچہ تیار نہ کیا گیا۔ اس ملک میں محکمہ امداد باہمی کی غرض و غایت صرف یہ تھی کہ کاشتکار بنیئے کے چنگل سے نکل کر حکومت کے ماتحت آ جائے اور اس سے قرضہ حاصل کرے۔ اس کے علاوہ اس محکمے کے پیش نظر اور کوئی اصلاحی کام نہ تھا۔ حاصل کلام یہ کہ انگریز کے زمانے میں جتنے محکمے تھے وہ سب کے سب اس غرض کے لئے قائم کئے گئے تھے کہ غیر ملکی حکمرانوں کا اقتدار بر قرار رکھا جائے اور ان کے اقتدار کے سلاسل کو مضبوط سے مضبوط تر بنایا جائے۔ مگر افسوس کی بات ہے کہ حالات بدل جانے کے باوجود بھی ان محکموں کی کیفیت بالکل نہیں بدلی۔

حضور والا—انگریز نے دو قسم کے محکمے قائم کئے تھے۔ پہلی قسم کے محکموں کو beneficient departments یعنی رفاہی محکمے کہا جاتا تھا اور دوسری قسم کے محکموں کو administrative departments یعنی انتظامی محکمے کہا جاتا تھا۔ اول الذکر محکموں کی حیثیت تو محض کھلونوں کی سی تھی مگر موخرالذکر محکمے حکومت کا آہنی اقتدار اور رعب داب قائم رکھنے کے لئے تھے۔ ان محکموں کا یہ بھی فرض تھا کہ وہ انگریز کے حاشیہ نشینوں کا دبدبہ بھی قائم رکھیں۔ یہاں تک کہ معمولی نمبردار کا رعب قائم رکھنا بھی انہیں محکموں کے سپرد تھا۔ جب یہ حالات تھے تو مسلم عوام کی طرف سے پاکستان کا نعرہ بلند ہوا۔ اس وقت ہماری قوم کی حالت ناگفتہ بہ تھی۔ ہماری قوم ایک پسماندہ قوم تھی۔ اس کے پاس نہ روپیہ تھا نہ دولت تھی اور نہ علم تھا۔ مگر ہماری قوم اتفاق کی دولت سے مالا مال تھی۔ اسی اتفاق کی بدولت پاکستان کا نعرہ ہندوستان کے کونے کونے میں اس طریق سے بلند ہوا کہ ''پاکستان کا مطلب کیا۔ لاالہ الااللہ ،،۔ حضور والا ہماری خوش نصیبی تھی ہماری خوش بختی تھی کہ خدا وند تعالیٰ نے اپنی خاص مہربانی سے ہمیں مرحوم و مغفور قائد اعظم رحمتہ اللہ علیہ جیسی عظیم المرتبت شخصیت عطا فرمائی۔ قائد اعظم مرحوم و مغفور نہایت مستقل مزاج۔ دیانت دار اور پختہ عزم کے مالک تھے۔ وہ کسی کے ہاتھ نہ بکنے والی۔ کسی کے سامنے نہ جھکنے والی اعلیٰ و رافع شخصیت تھے۔ اس نازک دور میں پسماندہ مسلم قوم کی رہبری کرنے کے لئے جس قسم کے لیڈر کی ضرورت تھی اللہ تعالیٰ نے وہ ہمیں عطا فرمایا۔ قائد اعظم مرحوم و مغفور کے علاوہ ہمارے جتنے بھی قابل مسلمان لیڈر تھے وہ سب کے سب کانگرس میں یا جمیعتہ العلماء میں چلے گئے اور بعد میں کوئی بھی وہاں سے دامن نہ چھڑا سکا۔ پاکستان کا نعرہ بلند ہوتے ہی چاروں طرف سے اس مطالبے کی مخالفت شروع ہو گئی۔ غیر مسلموں نے اور انگریز کے حاشیہ نشین مسلمانوں نے بھی اس جائز مطالبے کی مخالفت کی۔ تمام majority provinces میں پاکستان کے مطالبے کی مخالفت ہوئی اور یہاں پنجاب میں بھی اس کی سخت مخالفت کی گئی۔ مگر مسلم عوام جن میں پاکستان حاصل کرنے کا ایک جذبہ موجزن تھا۔ جو بڑی سے بڑی قربانی دینے کے لئے تیار بیٹھے تھے اور جن کو ایک اعلیٰ اور ارفع صفات کے مالک لیڈر کی قیادت میسر تھی اپنے ارادوں میں کامیاب ہوئے اور پاکستان حاصل کر لیا۔ لیکن افسوس کہ آج ان عوام کو جنہوں نے پاکستان حاصل کیا جاہل کہا جاتا ہے اور ان پر قابو پانے کے لئے

پولیس سے جبرو تشدد کروایا جاتا ہے۔ تقسیم ہند کے موقع پر لاکھوں کی تعداد میں یہی مسلم عوام اپنا گھر بار لٹا کر بڑی کس مپرسی کی حالت میں پاکستان کی پاک سر زمین میں داخل ہوئے مگر کسی نے آہ تک نہ کی اور ان مصیبتوں کو بڑے صبر و تحمل سے برداشت کیا۔

جناب والا—تقسیم ہند کے موقع پر پاکستانی عوام کی دیانتداری کا یہ عالم تھا کہ لاہور سے لیکر لائل پور تک ہزاروں چھکڑے اور بیل کھڑے تھے۔ اس علاقے میں ایسی قومیں آباد ہیں جن کا پیشہ چوری ہے۔ اگر وہ چاہتے تو لوٹ مار کر سکتے تھے مگر انہوں نے ایسا نہیں کیا اور میں پورے وثوق کے ساتھ عرض کرتا ہوں کہ کسی کا ایک چھکڑا یا بیل بھی چوری نہیں ہوا۔ چھکڑا اور بیل تو بڑی چیزیں ہیں میں یقین سے کہتا ہوں کہ کسی کی چھوٹی سے چھوٹی چیز بھی چوری نہیں ہوئی۔

حضور والا—پاکستان بننے سے چند ماہ قبل ہم سب نے اور وزیر اعلیٰ صاحب نے مختلف ضلعوں میں جا کر پاکستان کے حق میں تقریریں کیں اور ہم سب نے یہی کہا کہ پاکستان میں کیا ہوگا لاالہ الااللہ۔ ہم اپنی تقریروں کے لئے حضرت عمر رض کی مثالیں تلاش کرتے تھے۔ ہم اپنی تقریروں میں حضرت عمر رض اور بدوکی مثال پیش کرتے تھے۔ ہم عوام سے وعدہ کرتے تھے کہ پاکستان میں اسلامی مساوات۔ جمہوریت اور آزادی کا دور دورا ہوگا۔ ہماری قوم نے ہمارے ان حسین وعدوں کے پیش نظر ہمارا ساتھ دیا اور ہر طرح کی مصیبتیں بڑی خندہ پیشانی سے برداشت کیں۔ یہ سب مصیبتیں میں نے یا آپ نے نہیں اٹھائیں بلکہ مہاجرین نے اٹھائیں اور میرے ان دوستوں نے اٹھائیں جو مشرقی پنجاب سے آئے ہوئے ہیں اور اس وقت اس معزز ایوان میں تشریف فرما ہیں۔ ہم کو تو اللہ تعالیٰ نے ان تمام مصیبتوں سے بچائے رکھا۔ ہمارا جذبہ جہاد ہی ہماری کامیابی کے لئے کافی ثابت ہوا۔ ہم لوگ تھوڑے عرصے کے لئے جیلوں میں گئے اور وہاں ہم سب ایک دوسرے سے ملے۔ وزیر اعلیٰ صاحب سے پوچھ لیجئے اور دوسرے ان لوگوں سے پوچھ لیجئے جو اس وقت ہمارے ساتھ جیلوں میں گئے کہ جیلوں میں ہمارے ساتھ عوام کی طرف سے کیا سلوک ہوا۔ یہی عوام ہمارے لئے اپنے گھروں سے بہترین سے بہترین کھانے تیار کروا کر لاتے تھے۔ عوام کا ایک ایک لاکھ اور دو دو لاکھ کا مجمع پاکستان زندہ باد۔ قائد اعظم زندہ باد کے نعرے لگاتا ہوا ہر روز شام کے وقت جیل کے باہر

آ کر جمع ہو جاتا تھا ۔ اور میں خدا کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ جب ان کے نعروں کی آواز ہمارے کانوں میں پہنچتی تھی تو ہمیں اتنا لطف آتا تھا ۔ جو بیان سے باہر ہے ۔ ہم یہ محسوس کرتے تھے کہ ان مرغن کھانوں کا اتنا لطف نہیں ہے جتنا ان نعروں کا ہے ۔ ہم ان کھانوں سے زیادہ ان نعروں میں راحت محسوس کرتے تھے ۔ لیکن افسوس کہ آج ان عوام کے لئے حکومت پولیس کے ڈنڈوں کی ضرورت محسوس کرتی ہے اور ان کو دبانے کے لئے فوج کی ضرورت محسوس کرتی ہے ۔

حضور والا ۔ ان معروضات سے میرا مقصد کسی کی دل آزاری نہیں ہے ۔ میرا مقصد صرف یہ ہے کہ میں وزارت کو بتاؤں کہ وہ قوم کے امین ہیں اور اس طرح وہ بجٹ کے ایک ایک پیسہ کے امین ہیں ۔ اگر آخرت کوئی چیز ہے اور اگر آپ کو قادر مطلق کے دربار میں پیش ہونا ہے تو یقین رکھیئے کہ وہاں آپ سے بجٹ کے ایک ایک حبہ کا حساب لیا جائے گا ۔ اس وقت خدا وند کریم کے دربار میں آپ یہ نہیں کہہ سکیں گے کہ ہم عدیم الفرصتی کے باعث بجٹ کو اچھی طرح نہیں دیکھ سکے تھے ۔

حضور والا ۔ اس بجٹ کا ڈھانچہ اسی طرح کا ہے جس طرح انگریزی بجٹ کا ہوا کرتا تھا ۔ اس بجٹ میں اور انگریز کے بجٹ میں کوئی نمایاں فرق معلوم نہیں ہوتا ۔ میں یقین سے کہتا ہوں کہ جب تک ہماری حکومت انگریزوں کے قائم کردہ اصولوں پر بجٹ تیار کرنے کا طریقہ ختم نہیں کرے گی کوئی بجٹ عوام کے لئے مفید ثابت نہیں ہو سکے گا ۔ حضور عالی بدلے ہوئے حالات اس امر کے مقتضی ہیں کہ حکومت کے تمام محکمے رفاہی محکموں کی حیثیت اختیار کر لیں اور انتظامی اور رفاہی محکموں کے درمیان غیر ملکی حکمرانوں کے قائم کردہ امتیاز کو فوراً ختم کر دیا جائے ۔ مگر یہ اس وقت تک نہیں ہو سکتا جب تک کہ ان محکموں میں انقلابی تبدیلیاں نہ کی جائیں ۔

وزیر اعلیٰ : مثلاً ۔

میاں عبدالباری : انگریز اس ملک میں غیر ملکی حکمران تھے ۔ جن کا مقصد صرف اس ملک کی فلاح و بہبود نہیں تھا ۔ انہوں نے ہر محکمے میں دو قسم کے عہدے مقرر کر رکھے تھے ۔ ایک تو اس قسم کے عہدے تھے جن پر انگریز ہی ۹۹ فیصد بلکہ ۱۰۰ فیصدی مقرر کئے جاتے تھے ۔ دوسرے عہدے اس قسم کے تھے جن پر ہندوستانی یا پنجابی افراد مقرر کئے جاتے تھے ۔ اول الذکر قسم کے عہدوں پر متمکن ہونے والے انگریز افسروں

کی تنخواهیں بڑی بڑی هوتی تهیں مگر دوسری قسم کے عهدوں پر کام کرنے والے دیسی افسروں کی تنخواهیں مقابلتاً نہایت تهوڑی هوتی تهیں - اعلیٰ ترین انگریز افسروں کی تنخواهیں بعض صورتوں میں انگلستان کے پرائم منسٹر (وزیر اعظم) کی تنخواہ سے بهی بڑھ جاتی تهیں مگر دوسرے عهدوں پر هندوستانی افسروں کی تنخواهیں اتنی تهوڑی هوتی تهیں جن میں وہ اپنا گذارہ بهی نہیں چلا سکتے تهے - اب اگر وہ بددیانتی کرکے اپنا پیٹ پالنے پر مجبور هوتے تو انگریزوں کی بلا سے ! انہیں اس امر کی مطلقاً پرواہ نہیں هوتی تهی - اخلاق بگڑتے تو دیسی لوگوں کے--کیریکٹر بگڑتا یا ذلیل هو جاتا تو هندوستانیوں کا - انگریزوں کا اس میں کوئی نقصان نہیں هوتا تها - یہ طریقہ آج تک چلا آتا هے اور همارے وزرائے کرام اسی طریقے کے ماتحت نظم و نسق کے حقائق کو نیچے اوپر کر کے دکهاتے چلے جاتے هیں - نچلا طبقہ متواتر بددیانتی کرتا هے اور اوپر والے بهی اسی رنگ میں رنگے جا رهے هیں مگر حکومت کوئی موثر اور انقلابی اقدام نہیں کرتی - میں کہونگا کہ اگر یہ مصطفیٰ کمال اتاترك کی طرح ایک دو بددیانت اشخاص کو گولی سے اڑا دیں تو پهر دیکهئے کس طرح بد دیانتی ملک سے کافور هوتی هے اور کس طرح دوسرے لوگ عبرت پکڑتے هیں اور فوراً اصلاح پر مائل هو جاتے هیں - همارے وزراً کو چاهیئے کہ خود اپنی اچهی مثالیں قائم کر کے بہتر نظم ونسق اور بہتر معاشرے کی بنیاد رکهیں - اتاترك نے زیادہ سے زیادہ تنخواهوں کی حد ۵۰۰ روپے مقرر کر دی تهی اور ایک ٹریبونل مقرر کر دیا تها جس نے ابهی صرف دو بددیانت افسروں کو هی گولی سے اڑا نے کا حکم دیا تها کہ سارا ملک بددیانتی کو چهوڑ گیا تها - مگر هماری حکومت نے تنخواهوں میں وهی پرانی ناهمواری قائم رکهی هے آج بهی پولیس کے کانسٹیبل - هیڈ کانسٹیبل - سب انسپکٹر اور انسپکٹر وغیرهم کی هی قلیل تنخواهیں هیں جو انگریزوں کے وقت میں تهیں - بهلا ان تهوڑی تنخواهوں میں ایک کانسٹیبل یا هیڈ کانسٹیبل اپنے سارے کنبے کا خرچ کس طرح چلا سکتا هے ؟ اسکے اپنے کنبے میں کئی افراد هوتے هیں - سب کے لئے روٹی کپڑا میسر کرنا پڑتا هے اور یہ کیونکر ممکن هے کہ اس زمانے میں وہ بیچارے اپنے پیٹ پر پتهر باندھ لیں اور کنبے کے افراد کے اخراجات کے کفیل بن سکیں - آج یہ تو کوئی ولی‌اللہ هی هو تو ایسا کر سکے - اب جس کے کنبے کے سات آٹھ افراد هوں وہ ان سب کو کپڑا روٹی کهانا تهوڑی تنخواہ میں کسطرح مہیا کر سکتا هے ؟ وہ لازماً بد دیانتی پر مجبور هوتا هوگا - اس لئے میں عرض کرونگا کہ جب تک آپ اس پرانی

روش میں تبدیلی پیدا نہیں کرینگے جب تک آپ تنخواہوں کو Revolutionise نہیں کرینگے ۔ صورت حال بہتر نہیں ہو سکتی ۔ اس لئے میں کہتا ہوں کہ بڑے افسروں کی تنخواہیں گھٹاؤ ۔ چھوٹے ملازموں کی تنخواہیں بڑھاؤ ۔ جس حد تک ہو سکتا ہے یہ تبدیلی جلدی پیدا کرنی چاہیئے ۔

آج آزادی کے باعث لوگوں کی توقعات بلند ہو گئی ہین ۔ ان کہ پورا کرنے کی کوشش گورنمنٹ کو کرنی چاہیئے مگر یہاں پر تو ایک Vicious circle قائم ہو چکا ہے ۔ اس سے نجات حاصل کرنے کے لئے میں کہتا ہوں کہ بڑی تنخواہوں والے ملازمین کی تنخواہیں کم کیجئے اور تھوڑی تنخواہ پانے والے ملازمین کی تنخواہیں بڑھا دیجئے ۔ اسکے باوجود بھی اگر کوئی ملازم بددیانتی کرے تو پھر ایک دو بدیانت افسرون کہ گولی سے اڑائیے ۔ اور مین پورے وثوق و یقین سے کہتا ہوں کہ بددیانتی فورا کافور ہو جائیگی ۔ آئیے اور اس قسم کی لیجسلیشن Legislation لائیے مین پہلا شخص ہوں گا جو آپ کی تائید کرونگا آئیے اس دعوت کو قبول کیجئے ۔ مگر افسوس ہے کہ یہ حضرات ٹریژری بنچوں والے آج تک اپنے عمل سے کوئی اچھی مثال قائم کرنے کی ہمت نہیں پا سکے ۔ یہ جو بڑی بڑی تنخواہیں لے رہے ہین جب تک وزراٗ خودکوئی اچھی مثال قائم نہیں کرتے لوگ بھی انہی کی پرانی قسم کی خراب مثالوں پر عمل پیرا رہیں گے ۔ میں کہونگا کہ وزراٗ کو خود اپنے عمل سے بہتر مثالیں قائم کرنی چاہیں جن پر چل کر دوسرے افسران اور ملازمین بھی بہتر عمل پیش کریں ۔ وزراٗ کی اچھی مثالیں دیکھکر عوام بھی قومی ہمدردی اور ملی فلاح و بہبود کی کوشش میں سرگرم عمل ہو جائیں گے اس صورت میں اقتصادی بہتری جلدی ہو سکے گی ۔ مگر افسوس ہے کہ وزراٗ کوئی بہتر نمونہ create کرنے کی بجائے قومی اور ملی خطرات کے سامنے اس روائتی کبوتر کی طرح آنکھیں بند کئے بیٹھے ہیں جو بلی کو دیکھکر اپنی آنکھیں بند کر لیتا ہے اور دل میں سوچتا ہے کہ بلی موجود ہی نہیں رہی ! ہر نئی قوم اور ہر نئے ملک کو نئی قسم کے خطرات کا مقابلہ کرنا پڑتا ہے اور ہم آگاہ ہیں کہ دفاع کے علاوہ اور بھی نئی قسم کے معاشی اور اقتصادی خطرات پاکستان کو در پیش ہیں اور ہمارے ملک کو نہایت ہی سخت مشکلات در پیش ہیں مگر آنکھیں بند کر لینے سے تو مشکلات ٹل نہیں جایا کرتیں ۔ ہمارے رہبروں کو اسلام کے اولین رہنماؤں کی طرف دیکھنا چاہیئے جو مشکلات کے وقت خود اپنے پیٹ پر پتھر باندہ کر صف اول میں دشمن کا پامردی سے مقابلہ کیا کرتے تھے ۔ وہی کام آج ہمارے موجودہ رہبروں کو کرنا

چاھیئے ۔ مگر حال یہ ھے کہ پہلی وزارت محض پارلیمنٹری سیکرٹریوں کے عہدے لائی تھی مگر نئی وزارت ماشاالله پرائیویٹ سیکرٹریوں کی کھیپ کی کھیپ لے آئی ھے اور اس طرح سے نئے ٹیکس گذار عوام کے سر پر مزید بوجھ لاد دیا ھے ۔ افسروں کی تنخواھوں میں اضافے کئے جا رھے ھیں ھمارے وزراً اور افسر coolers کے بغیر کام ھی نہیں کرنا چاھتے اور سمجھتے ھیں کہ وہ coolers کے بغیر کام کر ھی نہیں سکتے مگر میں پوچھتا ھوں کہ ان میں کتنے وزیر یا افسر انگلستان سے پارسل میں بند ھو کر پاکستان میں در آمد کئے گئے تھے ۔ جو یہ اب یہاں ''کولروں،، کے بغیر زندہ نہیں رہ سکتے !

وزیر اعلیٰ : یہ سارا سارا دن سوتے رھتے اور حقہ پیتے رھتے ھیں ۔ (قہقہہ)

میاں عبدالباری : میں پہلے ھی سمجھتا تھا کہ ان لوگوں میں استعداد قبولیت ھے ھی نہیں ۔ سو وہ وزیر اعلیٰ کے ارشاد گرامی سے ثابت ھو گیا کہ ان میں واقعی سچ بات کو قبول کرنے کی استعداد نہیں ۔ لیکن اگر یہ ان امور کی طرف محض توجہ کرنا ھی شروع کر دیں تو بھی ھزار غنیمت ھے ۔ شکر ھے کہ یہ غور فرمانا چاھتے ھیں ۔ میرے لئے ان کا اس بات پر غور فرمانا ھی صد غنیمت ھے ۔ اس میں سوائے ایک آدھ کے..... لو وہ بھی اٹھکر باھر چلے جا رھے ھیں ۔ کتنے اشخاص ایسے ھیں جو coolers کے بغیر گذارہ کرنے کے لئے تیار ھیں ۔ بلکہ یہ تو سب کے سب اپنی اپنی جیب میں ایک ایک cooler رکھنے کے آرزو مند ھیں چیف منسٹر کی طرح ھوائی جہاز میں دورہ کرنا چاھتے ھیں ۔ میں تو صرف ٹوکن بردار ھوں ۔ وہ عوام کو مطمئن کریں ۔

وزیر اعلیٰ : تنخواھوں کا ۷۰ فیصد روپیہ پہلے ھی ۱۰۰ روپیہ تک تنخواہ پانے والے ملازمین پر خرچ ھو رھا ھے ۔

سید مصطفیٰ شاہ خالد گیلانی : میاں صاحب تو شاید ''گدے،، پر چڑھکر اسمبلی میں آتے ھیں ۔

میاں عبدالباری : بہر حال میں کوئی مقابلہ نہیں کرنا چاھتا بلکہ میں یہ کہتا ھوں کہ اگر آپ اپنی حکومت صحیح طریق پر چلانا چاھتے ھیں اور عوام کو مطمئن کرنا چاھتے ھیں تو آپ اپنے بڑے افسروں کو اس بات پر آمادہ کریں کہ وہ انگریز کے وقت کی مقرر کردہ تنخواھیں نہ لیا کریں بلکہ وہ اتنی تنخواھیں لیا کریں جتنی کہ کسی بڑے ھندوستانی افسر کو ملنی چاھیئیں ۔ مگر یہ بات

ناممکنات میں سے ہے۔ جب تک آپ اپنی تنخواہیں کم نہ کریں۔ اپنی تنخواہیں کم کرنا تو کجا آپ نے پہلے پارلیمنٹری سیکرٹری مقرر کئے پھر پارلیمنٹری پرائیویٹ سیکرٹری۔ یہ طریق بالکل ناجائز ہے۔ جب تک آپ اپنا طریق کار نہیں بدلیں گے عوام محض آپ کی افتتاحی تقریر کے چھاپنے یا ایک خوبصورت پمفلٹ کو چھاپ دینے سے جس میں آپ کی بیس بیس روپے والی بلاک کی تصویریں چھپی ہوں کبھی مطمئن نہیں ہوں گے۔ تو میرا کہنے کا مقصد یہ ہے کہ آپ تو اس طرح کے امین ہیں کہ آپ کو ہر ایک محکمہ کی کیفیت بدلنی چاہئے۔ سوال کیا جا سکتا ہے کہ ہم پولیس کو رفاہی محکمہ کس طرح بنا سکتے ہیں؟ اس کا سیدھا جواب یہ ہے کہ اس کو اسی ڈھانچے میں ڈھالئے جس میں کہ آپ کے پیر و مرشد نے انگلستان میں پولیس کو ڈھال رکھا ہے۔ میں پوچھتا ہوں کہ آپ نے کنسٹیبل اور ہیڈ کنسٹیبل کی تنخواہوں میں کیا کچھ اضافہ کیا ہے کہ جس کی بنا پر آپ ان سے دیانتداری کی توقع رکھ سکیں دوسری بات یہ ہے کہ کیا آپ نے اس خرچ میں کوئی ایسا ادارہ قائم کرنے کیلئے رقم رکھی ہے جہاں پولیس والوں کو اخلاقیات اور دیانتداری کے طریقوں کی تعلیم دی جا سکے جیسا کہ انگلستان میں ہوتا ہے۔ (وزیر اعلےٰ۔ ایک ادارہ ہے۔) پاکستان میں تو غالباً کوئی نہیں۔ متحدہ ہندوستان میں پھلور میں ایک ایسا ادارہ ہوتا تھا۔ اس کے متعلق میں نے خود ان لوگوں کی زبانی حالات سنے ہیں۔ جو بی۔ اے پاس کر کے وہاں اے۔ ایس۔ آئی کی ٹریننگ حاصل کرنے کیلئے جاتے تھے وہاں ایک ٹریننگ ماسٹر ہوتا تھا وہ ان کے چوتڑوں پر لات مار کر ان کو گندی گالیاں دیا کرتا تھا تا کہ ان کو گالیاں دینا آجائے۔ (ایک آواز۔ کیا یہ پارلیمنٹری زبان ہے؟)

صاحب سپیکر—آپ ایسے الفاظ استعمال نہ کیجئے۔

میاں عبدالباری— جناب والا وہ کہتے ہیں کہ ایک ایسا ادارہ ہے۔ میں نے انہیں اس ادارہ کی کیفیت بتائی ہے۔

صاحب سپیکر—یہی بات شستہ زبان میں بھی بیان ہو سکتی ہے۔

میاں عبدالباری—جناب والا میں معافی چاہتا ہوں۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اس بجٹ میں کوئی ایسی رقم نہیں رکھی گئی جس سے پولیس کے ڈھانچے میں کوئی نمائیاں تبدیلی کی جا سکے۔ چاہیے تو یہ تھا کہ اس میں کوئی رقم رکھی جاتی جس سے ایک ایسا ادارہ کھولا جائے جہاں پولیس والوں کو اخلاقیات اور تفتیش کے نئے نئے طریقوں کی ٹریننگ دی

جائے۔ اس وقت آپ کی تفتیش کا کونسا طریقہ ہے؟ جناب والا اس وقت تفتیش کا طریقہ یہ ہے کہ محض شبہ کی بنا پر یا جس کسی سے ناراض ہوئے اس کو پکڑ لیا جاتا ہے اور جتنی دیر پولیس والے چاہیں اس کو بٹھایا جاتا ہے۔ اگر وہ اس پر اپنا قصور نہ مانے تو اس کو لٹا کر پیٹا جاتا ہے اور گالیاں دی جاتی ہیں۔ اگر وہ عزت والا ہے تو اسے رات کو پیٹ بھر کر روٹی کھلا کر تیز لائٹ کے لیمپ کے نیچے جگائے رکھا جاتا ہے۔ میں آپ سے پوچھتا ہوں کیا انگلستان میں ایسا ہوتا ہے کہ بغیر کسی ثبوت مہیا ہونے کے کسی کے ساتھ اس طرح سلوک کیا جائے۔ میں آپ سے اپیل کرتا ہوں کہ آپ اس پولیس کے محکمہ میں ایسی اصلاحات کریں جس سے یہ حکمرانی کا محکمہ عوامی محکمہ بن جائے۔

اس کے بعد میں یہ عرض کروں گا کہ مالیہ کا جو اصول ہے۔ (اس مرحلہ پر وزیر اعلیٰ اور وزیر مال آپس میں گفتگو فرما رہے تھے) جناب والا میری دلی خواہش ہے کہ وزیر اعلیٰ اور وزیر بحالیات میری اس معروض کو سن لیں۔ اسی لئے میں نرم نرم اور پیارے پیارے الفاظ میں یہ بات ان کے گوش گذار کر رہا ہوں لیکن چونکہ وہ محو کانفرنس ہیں اس لئے میں چاہتا ہوں کہ دو منٹ کیلئے میں بھی چپ ہو جاؤں تا کہ وہ باتیں کر لیں (دریں اثنا وزیر اعلےٰ صاحب میاں صاحب کی طرف متوجہ ہوئے) میں نے عرض کیا ہے کہ میں نے نہایت کوشش اور محنت سے یہ الفاظ ڈھونڈے ہیں تاکہ یہ آپ کی طبع نازک پر گراں نہ گزریں اس لئے نہایت پیارے انداز میں آپ سے گفتگو کر رہا ہوں لیکن آپ تو محو کانفرنس تھے۔ (وزیر اعلیٰ۔ آپ تقریر فرمائیں میں سن رہا ہوں) جناب والا میں نے بارہا اس چیز پر زور دیا ہے صرف اسی وزارت کے سامنے یہ بات نہیں کہی بلکہ میرے دوست چٹھہ صاحب جو ابھی اٹھ کر ایوان سے باہر چلے گئے ہیں ان کے زمانہ میں بھی اور حضور کی موجودگی میں اس بات پر بہت زور دیا تھا کہ مالیہ کا یہ جو اصول ہے جب تک یہ اسی ڈھنگ میں جاری ہے اس وقت تک آپ کاشتکار کی فلاح و بہبود نہیں کر سکتے۔ آپ کوشش کر کے اس کے متعلق ایک کمیٹی بٹھائیں۔ جو اس بات پر غور کرے کہ مالیہ آمدنی کی کس حد پر عائد کیا جائے۔ اس کی ابتدا دو ہزار یا تین ہزار کی آمدنی والوں سے کی جائے اگر آپ ایسا کریں تو تب ہی آپ عوام کے ساتھ جن میں اس صوبہ کے ۹۰ فیصدی لوگ شامل ہیں انصاف کر سکیں گے۔ مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ اس چیز کو کبھی در خور اتنا نہیں سمجھا گیا۔ میری اب بھی آپ سے درخواست ہے کہ

اگر آپ اس محکمہ کو عوامی یا رفاہی بنانا چاہتے ہیں تو آپ کو ایک کمیٹی بنانی چاہئے جو اس بات پر اچھی طرح غورکرے ۔ جب تک آپ اس اصول کو نہیں بدلیں گے اس وقت تک آپ کاشتکار کے ساتھ انصاف نہیں کر سکتے ۔ مشکل یہ رہی ہے کہ ہمارے کرم فرماؤں نے کبھی اس چیز پر سوچنے کی ضرورت محسوس نہیں کی بلکہ انہوں نے منفعت بخش محکموں پر تھوڑا بہت روپیہ اوپر نیچے کر کے (وزیر اعلےٰ۔ اوپر کرکے۔) میں بتلاؤں گا کہ آپ نے نیچے بھی کیا ہے۔ اسی لئے میں اوپر نیچے کر کے کہہ رہا ہوں ۔ یہ تجربہ مجھے پہلے بھی حاصل ہو چکا ہے اور اس کا تذکرہ میں گزشتہ سال بھی کر چکا ہوں ۔ اگر میں اس تقریر کا والہ دوں تو مجھے خدشہ ہے آنریبل سپیکر مجھے ایسا نہ کرنے دیں گے ۔ اس وقت بھی بہت زور شور سے یہ کہا جاتا تھا کہ حکومت منفعت بخش محکوں پر بہت روپیہ صرف کر رہی ہے لیکن جب دیکھا تو بانگ بلند کردہ و دم بستہ والا معاملہ نکلا ۔ حقیقت میں یہ سمجھتا ہوں کہ جب تک ہم اپنے آپ کو ایوان کو اور رفاہی محکموں کو غرضیکہ ہر ایک کی ذہنیت کو (میں سمجھتا ہوں کہ ہم سب اس چیز کے لئے خداتعالیٰ کے سامنے جواب دہ ہیں) ۔ اس طور پر نہ ڈھالیں گے کہ وہ سارے کے سارے عوام کی خدمت کو اپنا فرض جانیں اس وقت تک نہ آپ اپنے عمل کو پورا کرتے ہیں اور نہ شائد میں اپنے فریضہ کو پورا کرتا ہوں۔

کیونکہ جبتک اس بات کے ساتھ دل میں قومی ہمدردی نہ ہو اس وقت تک اس سے کوئی فائدہ نہیں ہو سکتا ۔ کیونکہ مسلمان کا فرض صرف تقریریں کرنا نہیں۔

حضور والا ! میری ان سے صرف یہ گذارش ہے کہ اس بجٹ کا ڈھانچہ بدلئے اور اس طریق سے بدلئے کہ انتظامیہ محکمے بیسا کہ میں پہلے کہ چکا ہوں رفاہی محکمے بن جائیں اور رفاہی محکمے محض کھلونے نہ رہیں بلکہ حقیقی طور پر رفاہی ہو جائیں۔ لیکن مجھے اندیشہ یہ ہے کہ یہاں کسی ایک وزارت یا وزراتوں پر بعض ایسے لوگ فائز ہیں جن کی طبیعت کی کیفیت اور رنگ ایسا ہے کہ وہ ''ماڈرنائزڈ،، اور انگریزی کے درس میں پڑھے ہوئے ہیں اور ان طریقوں پر ایمان اور وثوق رکھتے ہیں جو انگریز نے یہاں رائج کئے ہوئے تھے ۔ آنریبل وزیر اعلےٰ خود اپنی افتتاحی تقریر میں محکمہ تعلیم کے متعلق یہ فرما چکے ہیں کہ قبل از تقسیم ۲۹ اضلاع کیلئے تعلیم پر ۲۳۶ لاکھ روپیہ خرچ ہوتا تھا لیکن اب تعلیمی مصارف کو ۵۰۰ لاکھ روپے تک بڑھایا جا رہا ہے ۔ یہ حال

اس محکمے کا ہے جو پہلے بھی رفاہی سمجھا جاتا تھا اور اب بھی رفاہی ہے۔ لیکن اسکے باوجود حالت یہ ہے کہ اس وقت طلبا اور اساتذہ کی حالت قبل از تقسیم کے طلبا اور اساتذہ سے بہت گری ہوئی ہے۔ اس وقت نصابوں کا جو معیار ہے وہ تقسیم سے پہلے کے معیار سے کم ہے۔ ڈسٹرکٹ بورڈ کے اساتذہ جس سختی اور مصیبت میں اپنے دن گزار رہے ہیں وہ ناقابل بیان ہے۔ انکی حالت اس حد تک خراب ہو چکی ہے کہ خود حکومت اس بات پر تیار ہوگئی ہے کہ تعلیم کو انکے ہاتھ سے لے لے۔ (وزیر اعلیٰ آپکی کیا رائے ہے؟) حضور والا ! اس میں کوئی شک نہیں کہ قومیں تعلیم ہی سے بنتی ہیں اور تعلیم ہی سے گرتی ہیں لیکن ہمارے ہاں یہ حالت ہے کہ محکمہ تعلیم کے مصارف میں اس قدر اضافہ کر دینے کے باوجود یہاں کے اساتذہ غیر مطمئن ہیں۔ وزیر صاحبان انکی تنخواہوں کا مقابلہ اپنی تنخواہوں سے کر کے دیکھیں۔ آخر انکے بھی بچے ہیں۔ کیا وہ ان تنخواہوں سے اپنے کنبوں کا پیٹ پال سکتے ہیں ؟ اس پر مستزاد یہ ہے کہ ڈسٹرکٹ بورڈوں میں انہیں چھ چھ ماہ تک یہ قلیل تنخواہیں بھی ادا نہیں کی جاتیں۔ جہاں تک نصابوں کی نشر و اشاعت ۔ انکی قیمت اور انکے بازار میں ملنے کا تعلق ہے انکی حالت زمانہ قبل از تقسیم سے ہزار درجے بدتر ہے۔ جہاں تک اساتذہ اور طلبا کے ڈسپلن کا تعلق ہے سکولوں اور کالجوں میں ہر جگہ ڈسپلن کی حالت پہلے سے بہت بدتر ہے۔ اگر ہمارے وزیر صاحبان باوجود زیادہ خرچ کے ان رفاہی محکموں کو انحطاط سے نہیں بچا سکے تو وہ دوسرے محکموں کو کیسے رفاہی بنائینگے ؟ ہم تو ان باتوں کی طرف انکو توجہ دلا کر صرف اپنا فرض ادا کر رہے ہیں۔ بمصداق

نوا را تلخ تر می زن چو ذوق نغمہ کم یابی
حدی را تیز تر می خواں چو محمل را گراں بینی

حضور عالی—جناب وزیر اعلیٰ صاحب نے اس بارہ میں مجھ سے میرا خیال دریافت کیا ہے کہ آیا ڈسٹرکٹ بورڈوں کے پاس تعلیم رہنے دینی چاہئے یا اسے ان سے لے لینا چاہئے۔ جناب والا لوکل سیلف گورنمنٹ یہاں لوگوں کو حکومت کرنے کا طریق بتانے کیلئے رائج کی گئی تھی۔ تاکہ اس سے عوام کو سبق اور تجربہ حاصل ہو جائے۔ لیکن ایسے سبق کا کیا فائدہ جب قوم کی قوم اس سے تباہ ہو رہی ہو۔ کیونکہ اس تعلیم سے جو

ڈسٹرکٹ بورڈوں کی طرف سے ہمارے عوام کے بچوں کو مہیا کی جا رہی ہے ہماری آئندہ نسلیں تباہ ہو جائینگی۔ (تالیاں)۔ اسلئے ضروری ہے کہ آپ کسی جھجک کے بغیر ڈسٹرکٹ بورڈوں سے تعلیم کا انتظام واپس لے لیں۔ جب تک حکومت اس سارے نقشے کو تبدیل نہیں کریگی اس وقت تک تعلیم کے یہ نقائص رفع نہیں ہو سکینگے۔ آپ بجا طور پر مجھ سے دریافت کر سکتے ہیں کہ وہ کونسی تبدیلی ہے جس کا میں خواہاں ہوں۔ اس سلسلہ میں میں یہ عرض کرونگا کہ آپ اسلام کی ابتدائی قدسی حکومت سے پاکستان تک پہنچ جائیے۔ اور اس میں بیشک ٹرکی کی حکومت کو بھی لے آئیے جس نے پرانی چیزوں کا کبھی نام نہیں لیا تھا۔ اور دیکھئے کہ کبھی یہ ہوا ہے کہ کسی حکومت نے اپنے ابتدائی دور میں اپنی عمارتوں اور اپنی نمائشوں اور اس قسم کی باتوں پر اتنا خرچ کیا ہو؟ انگریز جن طریقوں کو چھوڑ گیا ہے آپ انہیں چھوڑ دیجئے۔ تعلیم کے لئے آپ کے پاس ہر محلہ میں ایک مسجد موجود ہے ہر محلہ میں ایک ملاء موجود ہے۔ آپ کو جتنے استادوں کی ضرورت ہے وہ محلوں میں آپ کو مل جائینگے۔ پھر ہر گاؤں میں مسجد ہے اس گاؤں کے لوگوں کے عقیدے کے مطابق ملاء بھی موجود ہے۔ آپ گاؤں والوں سے کہیئے اور وہ آپ کو ایک دو یا تین کچے کمرے بنا دیں گے جو آپ کے سکول کا کام دے سکتے ہیں آپ ان سے یہ مطالبہ نہ کیجئے کہ تم اتنے ہزار روپیہ اکٹھا کرو اور ہم سکول بنا دیتے ہیں۔ آپ خود مولویوں کو ٹریننگ دیں اور کہیں کہ جو مولوی ٹریننگ لے لے گا اور سرکاری سرٹیفیکیٹ لے لے گا ہم اس کو ہر مہینے اتنا مشاہرہ دینگے۔ اگر آپ اس طریقے پر چلینگے تو یہ کام آسانی سے ہو سکتا ہے۔ آپ پختہ عمارتوں کو چھوڑیئے۔ آپ دیکھئیے کہ کیا حال تھا اس قدسی حکومت کا جس نے قرطبہ کا نقشہ بنایا اور جس کے غلاموں نے اور کمزور غلاموں نے شاہی مسجد بنائی اور شالا مار بنایا۔

عزت مآب وزیر اعلیٰ—آپ یہ اعتراض تو نہیں کرینگے کہ ہم نے ملاء کو سرکاری ملازم بنا لیا ہے؟

میاں عبدالباری—آپ کو تو یہی بد ظنی رہے گی۔ اس کا میرے پاس کیا علاج ہے۔ حضور والا! ان کا یہ حال تھا کہ چونکہ سٹیٹ کی ابتدائی ضروریات تھیں اس لئے چھت پختہ نہیں کرتے تھے اور بارش کے وقت جب پانی نیچے ٹپکتا تھا تو حضور کی پیشانی مبارک پر پڑنے لگتا تھا۔ ایک دفعہ پہلے میں نے اس چیز کا حوالہ دیا تھا تو آواز آئی تھی کہ اب

وہ بوریا نشین نظر نہیں آتے۔ آپ مصطفٰے کمال کی طرف دیکھئیے اگر ملک کی اور قوم کی محبت دل میں ہو تو لوگ بوریا نشین بن جاتے ہیں۔ گاندھی کلمہ گو مسلمان نہیں تھا مگر اس نے قوم کا فائدہ دیکھا تو اس نے اپنا ھی حلیہ نہیں بدلا بلکہ ساری کی ساری قوم کا حلیہ بدل ڈالا۔ اور آج وھاں وزیر اعظم بھی کھدر کے کپڑے پہنتا ہے۔ اس چیز کے بغیر آپ نئی حکومت کو نہیں چلا سکتے۔ آپ نمائشی اور پختہ عمارات پر کچھ خرچ نہ کریں۔ دیہات میں آپ تعلیم اس طرح پھیلا سکتے ہیں کہ دیہات والوں سے کہیں کہ وہ سکول کے لئے دو تین کچے کمرے بنا دیں۔ مسجد کے ملا کو ٹریننگ دے کر سرٹیفیکیٹ دیں اور پھر اسے کچھ مشاہرہ دے کر تعلیم کا کام اس کے سپرد کر دیں۔ ابتدائی جماعتوں کی تعلیم میں ہوتا ھی کیا ہے۔ جمع تفریق کے سوال اور زبان کی ابتدائی تعلیم۔

حضور والا۔ میں ایک چیز پر آپ کی توجہ مبذول کرائے بغیر نہیں رہ سکتا اور وہ یہ ہے کہ باوجود اس بات کے کہ آرٹس اور لٹریچر کے لئے پچاس ہزار روپیہ دیا گیا ہے اور تیس ہزار روپیہ ڈیرہ غازیخاں کے لئے دیا گیا ہے (وہ تو خیر پس ماندہ ضلع ہے اور مجھے اس پر کوئی اعتراض نہیں ہو سکتا) آپ ایک چیز نظر انداز کر گئے ہیں اور وہ ایک نہایت اھم اور ضروری چیز تھی۔ ایک ایسی چیز جو دریا میں چلنے کے لئے ناؤ کا کام دیتی ہے۔ وہ ہماری قومی زبان ہے۔ انگریز کے عہد میں انگریزی نے جو ترقی پائی اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ دسویں جماعت تک پہنچتے پہنچتے بچے کی ذھنی صلاحتیں تباہ ہو جاتی تھیں اور اسے وہ آسائش نصیب نہ ہوتی جو کسی کو اپنی مادری زبان میں تعلیم حاصل کرنے سے ہوتی ہے۔ لیکن اب پاکستان بن چکا ہے اور یہ حقیقت ہے کہ قومی زبان کا استعمال قومی وقار کو مستحکم کرتا ہے اور غیر زبان کا استعمال قومی وقار کو تباہ و برباد کر دیتا ہے اور ہمارے تحت‌الشعور میں یہ چیز راسخ کر دیتا ہے کہ ہم کمتر اور ذلیل ہیں۔ حضور والا! تاریخ اس چیز کی شاھد ہے کہ زبان کی وجہ سے قومیں ٹکڑے ٹکڑے ہوگئیں اور زبان کی وجہ سے قومیں متحد ہو گئیں۔ الغرض یہ ایک مسلمہ امر ہے اور اس سے وزیر اعلیٰ اور باقی اصحاب واقف ہیں کہ زبان کا مسئلہ ایک نہایت اہم مسئلہ ہے۔ آرٹس اور لٹریچر کے لئے آپ نے رقم دیدی ہے اس سے ناچ ہوگا۔ گانا ہوگا اور خدا معلوم کیا کیا ہوگا۔ لیکن اردو کے لئے آپ نے کوئی رقم مخصوص نہیں کی بلکہ . . . .

عزت مآب وزیر اعلیٰ—میٹریکولیشن تک تو میڈیم اردو ہے۔

میاں عبدالباری—میں اس سلوک کا ذکر کر رہا ہوں جو آپ نے بجٹ میں اردو زبان کے ساتھ کیا ہے۔ آپ نے اردو کے لئے کوئی رقم مخصوص نہیں کی۔ حضور والا ! ۱۹۵۰ء میں سردار عبدالرب نشتر کی گورنری کے زمانے میں یہاں ایک کمیٹی بنائی گئی تھی تراجم کے لئے۔ اس کے متعلق اس وقت جو چیف سیکرٹری تھے انہوں نے محکموں میں سرکولر جاری کیا تھا کہ اب بڑی احتیاط کے ساتھ اور کوشش کے ساتھ ترجمہ کرو اور کارروائی اردو میں بدلنے کی کوشش کرو۔ وہ کمیٹی اب بھی ہے۔ چنانچہ پچھلے سال جب میں نے اس ایوان میں ''مے،، کی پارلیمنٹری پریکٹس کا ترجمہ کرنے کے لئے کہا تھا اور سوالات بھی کئے تھے اور زور دیا تھا تو مجھے بڑے وثوق کے ساتھ اطمینان دلایا گیا تھا جس طرح پرانے زمانے کے حکام غلاموں کو تسلی دیا کرتے تھے۔ لیکن اس کمیٹی کی صرف ایک سال کے لئے تجدید کی گئی ہے۔ دوسرے مجھے جس چیز پر حیرت ہوئی ہے وہ یہ ہے کہ مختلف محکموں میں جو مترجم مقرر تھے ان کو نکال دیا گیا ہے۔ لیگل ریمبرنسر اور فنانشل کمشنر کے محکموں میں سے چار مترجم نکالے گئے ہیں اور محکمہ زراعت سے اور گورنمنٹ پرنٹنگ پریس سے بھی مترجم نکال دئے گئے ہیں۔ میں یہ پوچھتا ہوں کہ اگر قومی زبان کے ساتھ آپ کو واقعی ہمدردی ہے تو پھر اس غفلت کے کیا معنی ؟ آپ اسے کیوں فروغ نہیں دیتے ؟ اس کے لئے کیوں روپیہ مخصوص نہیں کرتے ؟ زبان کا مسئلہ بڑا ضروری مسئلہ ہے اور اس کے بغیر کوئی کام نہیں ہو سکتا۔ یہ تو تھیں تعلیم کے متعلق میری معروضات ۔ اب میں محکمہ زراعت پر آپ کی توجہ مبذول کراتا ہوں۔ وزیر اعلیٰ نے بڑی شان سے یہ فرمایا تھا کہ اس محکمہ کے لئے بہت کچھ کیا گیا ہے۔ حضور والا ! یہ ایک ایسا محکمہ ہے کہ جو ایک بنیادی حیثیت رکھتا ہے۔ جس پر پاکستان اور پنجاب کی اقتصادیات کا انحصار ہے۔ مگر اس محکمہ کے ساتھ جو مالی سلوک کیا گیا ہے اس پر مجھے حیرانی ہوتی ہے یہاں بھی معاملہ وہی ہے

ہر چیز کہ در کان نمک رفت نمک شد

کیفیت اس کی یہ ہے ۱۹۵۴-۵۵ء کے تخمینہ جات سے پانچ لاکھ چھ ہزار تین سو روپیہ اس سال کم دیا گیا ہے۔ اور نظر ثانی شدہ تخمینہ جات کی نسبت پانچ لاکھ ستانوے ہزار نو سو روپیہ کم دیا گیا ہے اور یہ وہ محکمہ ہے جس کی آمدنی صفحہ ۴۶ پر چونتیس لاکھ ساٹھ ہزار روپیہ بتائی گئی ہے۔ جو محکمہ اتنا روپیہ دیتا ہے آپ اس کے ساتھ یہ سلوک کرتے ہیں کہ

اس سال اس کو جو روپیہ دیا گیا ہے وہ ۱۹۵۳-۵۴ء کی بہ نسبت یعنی سابقہ وزارت کے دور سے ۱۱ لاکھ ۵۴ ہزار چھ سو آٹھ روپے کم ہے۔

آپ کو رفاہی محکموں کی رفاہیت کا کیا احساس ہے۔ اگر آپ کو رتی بھر بھی احساس ہوتا اور اگر ان کے متعلق آپ کے دل سے کوئی بات نکلی ہوتی تو ان کے متعلق اتنی سستی اور اتنی ڈھیل سے کام نہ لیا جاتا۔ اگر آپ نے ذرا بھر بھی کوشش کی ہوتی تو آج آپ کے زراعت کے محکمے کی اتنی ابتر حالت نہ ہوتی۔

حضور والا—اس کے بعد میں جناب کی وساطت سے اس معزز ایوان اور وزرائے کرام کی توجہ ان مواعید کی طرف منعطف کراتا ہوں جن کے متعلق میں نے پچھلے سال بھی کافی حد تک وضاحت کی تھی۔ جناب والا کو معلوم ہے کہ پچھلے سال میں نے زراعت کو ایک اختلافی مسئلہ بنا کر اس کے متعلق ایک تحریک تخفیف بھی پیش کی تھی۔ چنانچہ اس کے سلسلے میں میں نے وضاحت کی تھی کہ محکمہ زراعت میں دو قسم کی آسامیوں یعنی مقدموں اور ایگریکلچر اسسٹنٹوں پر اس قدر ظلم ہو رہا ہے جس کا کوئی حساب نہیں۔ حضور والا۔ ایگریکلچرل کالج لائلپور میں سائنس کا نصاب اتنا زیادہ اور اس قدر مشکل ہے کہ وہاں کے گریجوئیٹ یہاں کے ایم۔ ایس۔ سی سے کسی حالت میں کم نہیں ہیں بیچارے گریجوئیٹ اتنی محنت اور مشقت کے بعد جب امتحان پاس کر لیتے ہیں تو اس محکمے میں ان کیلئے جاذب نظر آسامیاں ہی نظر نہیں آتیں۔ جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ وہ دوسرے محکموں میں ملازمت اختیار کر لیتے ہیں۔ چنانچہ ان میں سے بیشتر اس محکمہ سے مایوس ہو کر اور گھبرا کر محکمہ جنگلات میں چلے جاتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ ہم ایسے محکمے میں کیوں جائیں جہاں ہمارے ساتھ اچھا سلوک ہی روا نہ رکھا جائے اور یہ بات ہے بھی درست۔ ایک تو گریڈ اچھے نہیں دوسرے سلوک اچھا نہیں کیا جاتا۔ آخر آپ غور فرمائیں کہ جب آپ اس معمولی سی بات کے متعلق کوئی موثر اقدام نہیں کر سکے تو آپ سے کسی اصلاح کی امید کیسے ہو سکتی ہے۔ پچھلے سال بھی میں نے اس ایوان میں جب ان ملازمتوں کے متعلق بات کی تھی تو آنریبل وزیر مال اور وزیر زراعت نے وعدہ کیا تھا کہ ہم مقدموں کے گریڈ بڑھا دینگے۔ اور ایگریکلچر اسسٹنٹوں کے گریڈوں میں بھی اضافہ کر دینگے لیکن آج تک وہ وعدہ وفا نہیں ہو سکا۔ میں آپ کی خدمت میں مودبانہ درخواست کرونگا کہ یہ کوئی اپنی تنخواہ بڑھانے کا سوال تو ہے نہیں جس

میں تاخیر سے کوئی فرق پڑنے کا امکان نہ ہو۔ یہ تو آپ کا فریضہ ہے جسے آپ نے بہر حال ادا کرنا ہے۔ یہ ایک ایسا محکمہ ہے جس کی اصلاح اور ترقی اس صوبے کی خوشحالی کیلئے لابدی ہے۔ آپ کو چاہئیے کہ آپ اس سمت ذرا حوصلے ۔ احتیاط اور یقین سے قدم بڑھائیں تاکہ آپ کا کام بخیر و خوبی پایہ تکمیل کو پہنچے۔

حضور والا—اس کے بعد میں جناب کی توجہ محکمہ صنعت و حرفت کی طرف منعطف کرانا چاہتا ہوں ۔ اس محکمے کیلئے سال رواں میں ۱۷ لاکھ روپیہ رکھا گیا تھا مگر آئندہ مالی سال میں اس کے لئے ۷۳ لاکھ کی رقم مخصوص کی گئی ہے۔ یعنی اس کے خرچ میں دو لاکھ روپے کا اضافہ کیا گیا ہے۔ بہر حال این ہم غنیمت است۔ شکر ہے اسے کم تو نہیں کیا گیا۔ اس محکمے کے متعلق میں آنریبل وزرائے کرام کی توجہ اس امر کی طرف منعطف کرانا چاہتا ہوں کہ صنعت کا وہ ڈھانچہ جیسا کہ میں پہلے بھی عرض کر چکا ہوں ویسے کا ویسا ہی رکھا گیا ہے جیسا کہ انگریز نے اسے بنایا تھا۔ اس میں سرمو فرق نہیں آیا۔ وجہ یہ ہے کہ انگریز کا منشا یہ تھا کہ ہمارے ہاں اکثر ضروریات کی چیزیں بیرونی ممالک سے تیار ہوکر یہاں آکر بکیں ۔ اور یہ ملک ولائیتی سامان کی ایک منڈی بن جائے تاکہ وہاں کی صنعت وحرفت کو فروغ بھی ہو اور یہاں کا سرمایہ بھی آہستہ آہستہ وہاں پہنچتا رہے۔ انگریز کا منشا اس ملک کی صنعت وحرفت کو ہرگز ترقی دینا نہ تھا ۔ آپ نے اپنی تقریر میں باتیں تو بہت سی کی ہیں لیکن ہمیں وہاں ایک چیز بھی ایسی نظر نہیں آئی جس کا مقصد اس ڈھانچے میں تبدیلی کرنا ہو۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر ہمارے ہاں دیہاتی صنعتیں شروع کی جائیں اور انہیں فروغ دینے کی کوئی سکیم بنائی جائے تو ہم Punjab Institute of Leather Technology, Gujranwala, Government Metal Works Institute, Rawalpindi, اور Woollen Industries Development Centre, Jhang. جیسے اداروں سے جن کا ذکر وزیر اعلیٰ صاحب نے اپنی بجٹ کی تقریر میں کیا ہے بالکل بے نیاز ہو جائینگے۔ آپ نے ان اداروں کا تو ذکر کر دیا مگر دیہاتی صنعت و حرفت کو بالکل نظر انداز کر دیا۔ اس وقت حالات اس امر کے متقاضی ہیں کہ دیہاتی صنعت و حرفت قائم کی جائے۔ اس کی ترقی کیلئے مختلف سکیمیں بنائی جائیں۔ اور صنعت و حرفت کے موجودہ ڈھانچے کو اس طریق سے بدلا جائے کہ آپ کے پاس کافی تعداد میں ایسے

ماہر ہوں جو دیہات میں جا کر لوگوں کو صنعت و حرفت کی تربیت دیں اور اس طرح دیہاتی صنعتوں کو فروغ دینے میں ممدو معاون ثابت ہوں۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر صنعتی ترقی کا موجودہ ڈھانچہ برقرار رہا تو ۳ے لاکھ چھوڑ ۳ے کروڑ روپیہ خرچ کرنے سے بھی کوئی حوصلہ افزا نتیجہ بر آمد نہ ہو گا۔ بلکہ یہ سارے کا سارا روپیہ ضائع ہو جائیگا۔ منکھرا اور حیدر آباد ضلع میانوالی کے قصبات میں مہاجر بحالی کے لاہوں کی آبادکاری کا وزیر اعلیٰ صاحب نے سرسری طور پر دیہاتی صنعتی ترقی کے سلسلے میں ذکر فرمایا ہے لیکن اس کی significance کو سمجھنے کی کوشش نہیں کی۔ اگر وہ سمجھتے تو میں وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ اس کے متعلق اس قدر بے اعتنائی نہ برتتے۔ ان دو قصبات میں مہاجر جولاہوں کی بحالی کیلئے پچاس ہزار روپے کی رقم مخصوص کی گئی ہے۔ یہ ایک ایسا مسئلہ تھا جس کے ساتھ کشتی لڑنے کی ضرورت تھی۔ مگر حکومت نے ایک چٹکی لے کر ہی اسے چھوڑ دیا۔ میں اس مقتدر ایوان میں ایک مرتبہ نہیں تین چار مرتبہ اس کے متعلق سوال بھیج چکا ہوں مگر کوئی خاطر خواہ جواب نہ ملنے کی وجہ سے اب میں نے سوال بھیجنا ہی چھوڑ دیا ہے۔ کیونکہ میں نے محسوس کیا ہے کہ یہ بالکل بے حس لوگ ہیں۔ ان سے تعرض کرنا ہی لاحاصل ہے۔ سوال یہ ہے کہ اس وقت ہمارے صوبے کے حالات کا تقاضا یہ ہے کہ یہاں صنعت وحرفت کو منظم کیا جائے۔ تقسیم ملک کے موقع پر ہمارے ہاں مہاجرین کی آمد سے آپ کے ہاتھ ایک ایسا موقع آیا تھا جیسا کہ ایکہ زمانہ میں انگریز کے ہاتھ آیا جب کہ یورپ کے تمام صناع انگریزوں کے ملک میں چلے گئے تھے۔ افسوس کا مقام ہے کہ آج سات سال سے زیادہ عرصہ گزر جانے پر بھی حکومت نے اس طرف بالکل توجہ نہیں دی۔ ہمارے ہاں مہاجر صنعت کار ہندوستان یعنی بھارت کے ہر حصے سے سارے پاکستان اور بالخصوص پنجاب میں آئے ہوئے ہیں۔ آپ کو چاہیئے کہ آپ ان کو sort کر کے ان کی کلاس بندی کریں اور پھر ان پر صنعتی ماسٹر وغیرہ مقرر کریں جو مختلف صنعتوں کو ترقی دے سکیں۔ آپ کی حکومت نے اتنی تکلیف کرنے کی کوشش بھی نہیں کی کہ ہندوستان یعنی بھارت سے جو مہاجر ہمارے ہاں آئے ہیں وہ کن کن صنعتوں سے تعلق رکھتے تھے اور اب یہاں کون کونسی صنعتیں اختیار کر سکتے ہیں۔ حکومت کو چاہیئے تھا کہ ان کے ساتھ رابطہ قائم کر کے ان کے گریڈ بناتی۔ یہ ایک نہایت ضروری چیز ہے جس پر میں جناب کی وساطت سے وزیر اعلےٰ صاحب اور دیگر وزرائے کرام کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں۔

حضور والا--اب میں صحت عامہ کے متعلق کچھ عرض کرونگا۔ اس کے بعد میں ایوان کا زیادہ وقت نہیں لونگا۔ اور اپنی معروضات ختم کردونگا۔ یہ ایک کھلی حقیقت ہے کہ موجودہ ڈاکٹری علاج ہمارے صوبے کے ۹۹ فیصدی انسانوں کی اقتصادی کیفیت کے مطابق نہیں ہے۔ ہسپتالوں کی تعداد اتنی کم ہے کہ دیہاتی آبادی کا پانچ فیصدی چھوڑ ایک فیصدی حصہ بھی ان سے مستفید نہیں ہو سکتا۔ اپنے ان اخراجات کے مطابق جن کا ہر سال آپ ایک نقشہ اور مرقع پیش کرتے ہیں۔ دو سو سال تک بڑی آپ اپنے وعدے اور دعاوی کو ایفا نہیں کر سکینگے ۔ چونکہ دیہاتی آبادی پر بہت ہی زیادہ مصیبت ہے اور اس پر آپ توجہ نہیں دے رہے اس لئے میں دعوے سے کہتا ہوں کہ آپ ایک ایسے راستہ پر چل رہے ہیں جو پر خار ہے اور جس سے عوام کو اطمینان نصیب نہیں ہو سکتا۔ اگر حکومت ان خطرات سے جو انگریز بچھا کر دے گیا ہے نکلنا چاہتی ہے تو اسکا صرف یہ علاج ہے کہ یونانی دواؤں کو فروغ دیا جائے اور اس طریق علاج کو وسیع کیا جائے۔ ہر ایک گاؤں میں طب یونانی کا مرکز قائم کر دیا جائے۔ آپ وہاں جا کر گاؤں والوں سے کہیں کہ ہم آپ کو آدمی دیتے ہیں آپ اس کے لئے جگہ کا انتظام کریں پھر دیکھیں کتنی جلدی آپ کا مسئلہ حل ہوتا ہے۔ لیکن آپ کی نیند اور آپ کی غفلت کی یہ حالت ہے کہ خدا جانے کب آپ کو ہوش آئے گا۔ ہم نے یونانی طب کے متعلق کتنے سوالات کئے لیکن ہر بار یہی جواب ملتا رہا کہ مرکزی حکومت ایک سکیم تیار کر رہی ہے۔ جب وہاں سے سکیم تیار ہو کر آ جائے گی تو ہم آپ کو بتا دیں گے۔ اور جب ضمنی سوالات کئے گئے تو sit down کہہ کر بٹھا دیا جاتا تھا۔ اب کوئی پوچھے کہ کیا محکمہ صحت پراونشل ادارہ نہیں۔ اور کیا صوبائی حکومت صحت کے متعلق کوئی اقدام نہیں کر سکتی۔ اگر یہ ٹھیک ہے تو پھر ہم کس سے کہیں۔ کس سے پوچھیں۔

جناب والا—میں دیہات کے ساتھ تعلق رکھتا ہوں اور وزرائے کرام بھی دیہات سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کو معلوم ہے کہ ۹۹۶۹ فیصدی آبادی دیہات میں بغیر علاج کے مر رہی ہے ان کو علاج نصیب نہیں ہوتا۔ ۷۰ اور ۸۰ فیصدی آبادی ایسی ہے جو علاج کے لئے شہروں میں ڈاکٹروں کے پاس نہیں پہنچ سکتے۔ پھر ڈاکٹری دوائیں کم یاب ہیں عوام کہاں سے علاج کرائینگے۔ دراصل رفاہی محکمہ کے نام پر حکومت عوام کو غلط فہمی میں مبتلا کر رہی ہے۔ جب آزاد پاکستان بنایا گیا تھا اس وقت یہ خیال تھا کہ ہم پس ماندہ قوم ہیں ہماری صنعت پس ماندہ

ہے ہمارے کالج پس ماندہ ہیں ہماری دوا سازی پس ماندہ ہے یہاں ڈاکٹروں کی کمی ہے اس طرح ہمیں موقع ملیگا اور ہم بہت ترقی کر سکیں گے۔ ہمیں معلوم ہے پچھلی دو لڑائیوں میں ڈاکٹر ہسپتال چھوڑ کر چلے گئے تھے۔ اس وقت یہ حالت تھی کہ یہاں دوائیں نہیں ملتی تھیں۔ ڈاکٹر ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھے تھے۔ میں کہتا ہوں کہ اگر آج لڑائی چھڑ جائے تو پاکستان میں صحت کا کیا حال ہوگا۔ پنجاب کی حالت تو محمد شاہ رنگیلے کے عہد کی طرح ہے۔ اگرمرکز کا بھی یہی حال رہا تو پھر آپ سمجھ سکتے ہیں کہ اس کا نتیجہ کیا ہوگا۔ میرے خیال میں اس مسئلہ کے حل کا آسان طریقہ یہ ہے کہ ہم یونانی طریق علاج کی طرف توجہ کریں۔یہ ٹھیک ہے کہ پہلے جب یہ تجویز پیش کی گئی تو قابل قبول نہ ہوئی۔ اس وقت صحیح قسم کی ادویات یونانی نہیں ملتی ہیں اگر ادویہ میسر آ جائیں۔ یہاں کالج قائم ہوں تو پھر کوڑی لگنے کی بھی ضرورت نہیں ہوگی۔ اور ہر ایک گاؤں میں معالج پہنچ جائیں گے۔ مجھے اپنی ساری عمر کا تجربہ ہے کہ یونانی ادویہ ۔ اپریشن اور دوسری advanced چیزوں کا ذکر نہیں۔ انگریزی ایلوپتھک ادویہ سے کم مؤثر نہیں۔ میں ڈاکٹری علاج سے قبر کو پہنچ گیا تھا لیکن یونانی علاج سے مجھے مکمل فائدہ ہوا۔

آپ غور فرمائیں کہ جو ادارہ اس وقت تک ۲۰۰ سال سے حکومت کی مدد کے بغیر چل رہا ہے وہ محض اپنی افادیت کی بنا پر چل رہا ہے۔ آپ ہی بتائیں کہ وہ ادارہ جو discourage کرنے کے باوجود چل رہا ہے۔ کیا وہ کبھی غیر مفید ہو سکتا ہے۔ میں تو کہتا ہوں کہ آپ یورپ سے آزاد ہو جائیں گے اگر آپ یونانی ادویہ کو فروغ دیں ۔ اس کی مدد کریں۔ دوا سازی کے لئے سرکاری طور پر کام ہو۔ جتنا ایلوپیتھک پر خرچ ہو رہا ہے اگر اس کا بیسواں حصہ بھی اس پر خرچ کریں تو میں کہوں گا کہ پنجاب کی صحت کی تمام problem حل ہو سکے گی۔ آپ کالج بنائیں اور ایلوپیتھک سے جس قدر مدد لے سکیں لیں۔

حضور والا۔ صرف پندرہ منٹ باقی ہیں۔ چند ایک معروضات اور پیش کروں گا۔ جناب وزیر اعلیٰ نے اپنی افتتاحی فاضلانہ تقریر میں چند ایک رفاہی کاموں کے متعلق ارشادات فرمائے ہیں۔ ان میں ایک تو مزارعین کے لئے ۲۰ لاکھ روپیہ کی تقاوی کا ذکر ہے۔ حضور والا۔ مزارعین کا مسئلہ ایک نہایت اہم مسئلہ ہے اور اس کے لئے جو ۲۰ لاکھ روپیہ کی تقاوی مقرر کی گئی ہے وہ وزیر اعلیٰ یا وزرائے کرام کا ایک مبارک اقدام ہے۔ چونکہ

یہ ایک بڑا اہم مسئلہ ہے اس لئے اگر اس مسئلہ کو صحیح طریق پر حل نہ کیا گیا تو مجھے اندیشہ ہے کہ یہ ملک بہت حد تک کمیونزم کا شکار ہو جائے گا۔

موجودہ وزارت اپنی سابقہ وزارت کی طرح اسی دریا میں بہہ گئی ہے جس میں وہ بہ گئی تھی۔ دولتانہ صاحب جب وہ وزیر اعلیٰ تھے زرعی اصلاحات لائے جو یہاں پاس ہوئیں لیکن مختلف controversies کی بنا پر چل نہ سکیں۔ اور اب جب کہ زمین وغیرہ دینے کا سوال پیدا ہوا ہے آپ جانتے ہیں کہ جتنی زمین تھل میں تھی وہ مزارعین کی بجائے دولتمند حضرات کو بانٹ دی گئی ہے۔ پھر مزارعین کا مسئلہ کس طرح حل ہو سکتا ہے؟ کسی کے پاس زمین نہیں ان کو کوئی اطمینان و سکون میسر نہیں۔ اس کا حل تو صرف یہ ہے کہ مزارعین کو اس طرح زمینوں پر بٹھا دیا جائے کہ ان کی کمی ہو جائے اور ہر ایک زمیندار مزارع کی ضرورت محسوس کرنے لگے۔ میں تو یہ عرض کروں گا کہ اگر مزارعین کا یہ مسئلہ حل ہو گیا تو پنجاب نہیں بلکہ پاکستان کی اقتصادیات کے لئے یہ ایک بہت بڑی خدمت ہو گی۔

وزیر اعلیٰ- یہ مسئلہ حل ہو گیا ہے آپ کو بعد میں بتائیں گے۔

میاں عبدالباری- اس کا طریقہ یہ ہے کہ بجائے اس کے کہ آپ نے auction کی ہے پہلے آپ گارنٹی دے دیں۔ کہ جو مزارعین بے دخل ہوں گے ان کو زمین ملیگی۔

وزیر اعلیٰ- ان کو ۶۰ ہزار ایکڑ زمین دے دی گئی ہے۔

میاں عبدالباری- یہ ایک مبارک اقدام ہے اور میں اس کے لئے مبارک باد پیش کرتا ہوں۔

میں ایک چیز آپ سے کہنا چاہتا ہوں۔ آپ اس پر غور فرمائیں وہ یہ کہ آپ اس بات کی گارنٹی دے دیں کہ جو بے دخل شدہ مزارع ہو اور جس کی بے دخلی کلکٹر تصدیق کر دے۔ اپ اسے گزارے کے لئے ایک ٹکڑہ اراضی دے دینگے۔

آوازیں- یہ کر دیا گیا ہے۔

میاں عبدالباری- نہیں کیا گیا۔

Chief Minister: On a point of fact, Sir. I want to tell you this that recently, this week, a question came up for the sale of Government land which is in possession of tenants, who were, Sir, landless tenants. The facts were that sixty thousand acres of this land is outside the five mile radius from its

limits. All the sixty thousand acres of this land has been ordered to be sold to the tenants who are sitting on it.

میاں عبدالباری- تو کیا اس سے یہ مسئلہ حل ہو گیا ہے ؟ میں انہیں بتا دینا چاہتا ہوں کہ . . . . . .

Chief Minister: Why are you getting excited. I will give you facts. I have made a statement that any tenant who is ousted through a Revenue Court we shall give him land in an area where one hundred and fifty thousand acres are reserved for this purpose. I went to Jhang. There was not one tenant, who had been ousted, who came to claim land.

Mian Abdul Bari: The tenants did not come because they were not informed.

میاں عبدالباری- جناب والا - میں یہ چاہتا ہوں کہ یہ تمانشی بات نہ کریں ان کی بات میں صداقت ہو - تو خیر - اگر آپ نے یہ اقدام کیا ہے اور یہ گارنٹی دی ہے کہ جو بے دخل شدہ مزارع آپ کے پاس آئیگا آپ اسے ایک اکنامک ٹکڑہ اراضی دینگے تو میں آپ کو مبارک باد پیش کرتا ہوں -

ایک دو چیزیں اور رہ گئیں جن کے متعلق میں کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں - ایک تو الیکٹرسٹی بورڈ ہے جس کے متعلق وزیر اعلیٰ صاحب نے فرمایا ہے کہ ایک الیکٹرسٹی بورڈ قائم کیا جائیگا - اس کے متعلق میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ از راہ کرم آپ اس بورڈ کو سیاسی اغراض کے لئے استعمال نہ کریں اور اس میں غیر سرکاری ممبران شامل نہ کریں - ورنہ اس بورڈ کا ستیا ناس ہو جائیگا -

Chief Minister : It will be on the same lines as the Railway Board.

میاں عبدالباری—دوسری چیز جس کے متعلق میں کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ وزیر اعلیٰ صا ب نے اپنی بجٹ سپیچ میں دو چیزوں پر فخر کا اظہار کیا ہے - ایک تو یہ کہ اجناس خوردنی کی پیداوار میں اضافہ اور دوسرے کپڑے کے نرخوں میں کمی ۲۰ فیصدی تک پہنچ گئی ہے - میں اس سلسلہ میں مخلصانہ عرض کرونگا کہ آپ کی وزارت آئی تو خداوند تعلیٰ نے بارشیں کیں - یہ اللہ کا شکر ہے - اللہ تعالی قران پاک میں ارشاد فرماتا ہے اعملو آل داود شکرا - شکر کا طریقہ یہ ہے کہ عمل سے شکر کرو اور جب اللہ تعالی آپ کی طرف آئے تو دو قدم بڑھکر اس کی طرف لپکو - اگر اللہ تعالی کی رحمت کا عملی طور پر شکر نہ کیا جائے تو وہ نا شکری ہوتی ہے - گندم کے معاملہ میں واقعی آپ نے پچھلے سال بڑی مساعی سے کام لیا آپ نے کھاد بڑے سستے نرخ پر زمینداروں کو تقسیم کی - اگرچہ آپ کی ان مساعی کا بھی گندم کی فراوانی میں بڑا دخل تھا

تاہم اللہ تعالی نے جو بر وقت بارشیں کر دیں ان سے فصل کو بہت فائدہ پہنچا۔

اب میں محکمہ زراعت کے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں۔ آپ نے زراعت کے لئے اس سال ۱۹۵۳ کی نسبت ۱۱ لاکھ روپیہ کم دیا ہے اور پچھلے سال کی نسبت ۵ لاکھ کم دیا ہے۔ آپ نے کھانڈ کے متعلق فرمایا ہے کہ اس کے نرخ میں دو آنے فی سیر کمی کر دی گئی ہے۔ میں نے اس سلسلہ میں آپکی خدمت میں ایک تجویز پیش کی تھی جسے آپ نے درخور اعتنا نہ سمجھا۔ میں نے کہا تھا کہ پنجاب شوگر کے معاملہ میں self sufficient ہو سکتا ہے اگر شوگر کی کاٹیج انڈسٹری کو فروغ دیا جائے۔ اگر آپ دیہات میں اچھے کاشتکاروں کو جو کھانڈ بناتے ہیں اپنے محکمہ زراعت کے ذریعہ انہیں ایسی مشینیں سپلائی کریں جن سے یہ کاٹیج انڈسٹری فروغ حاصل کرے تو جو شخص اب ایک من کھانڈ بناتا ہے وہ تین یا چار من آسانی سے بنائے گا۔ اس طرح سے شوگر کے معاملہ میں ہم بہت جلد خود کفیل ہو سکتے ہیں۔

حضور والا۔ اب میں ٹریژری بینچز اور وزرائے کرام کی خدمت میں یہ عرض کرونگا کہ میں نے جو یہ معروضات پیش کی ہیں یہ کسی صاحب کی دلآزاری کے لئے نہیں کیں بلکہ اپنا فرض سمجھتے ہوئے عوام کی بہتری کے لئے پیش کی ہیں۔ اگر آپ عوام کو خوش کرنا چاہتے ہیں تو آپ کو چاہیئے کہ اپنے ہر محکمہ کو رفاہی محکمہ بنائیں اگر آپ نہیں بنائینگے تو لوگ کبھی آپ سے خوش نہیں ہونگے۔

The Assembly then adjourned for Asar prayers.

The Assembly reassembled after Asar prayers. Mr. Speaker in the Chair.

حافظ خواجہ غلام سدید الدین (ڈیرہ غازیخاں۔نمبر ۷ ۔مسلم): جناب والا! یہ فیروزی منسٹری کا دوسرا بجٹ ہے۔ اسے دیکھتے ہی رحم اللہ علی النباش الاول کا مقولہ یاد آتا ہے۔ خیال یہ تھا کہ یہ پہلے دور سے کچھ بہتر شکل کا ہوگا مگر بجٹ دیکھکے یہ معلوم ہوا کہ یہ ایک گورکھ دھندا ہے یا کوئی بھول بھلیاں ہیں۔ اور یہ کسی مجانین العقلا کا بنایا ہوا ہے۔ یہ قوت لا یموت کی قلیل رقم جو مرکز نے عطا فرمائی ہے اس سے کیا کچھ پورا ہو سکتا ہے۔ سیلاب فنڈ ملاحظہ ہو اس میں کوئی امتیاز نہیں رکھا گیا کہ وہ ان لوگوں پر بھی اثر انداز ہوگا جو پہلے سے زخم خوردہ ہیں یا صرف ان اشخاص پر ہوگا جو اس بلائے ناگہانی سے محفوظ رہے ہیں۔

اب بلدیات کے انتخابات کے متعلق کچھ عرض کرونگا ۔ حضور والا ! یہ بھی ہمارے عزت مآبوں کی ستم ظریفی سے نہیں بچ سکے ۔ جہاں تک مجھے علم ہے منسٹری کی توجہ زیادہ تر لہو اور لعب کی طرف ہوتی جا رہی ہے اور بجائے عمل کے مصوری کے کرتب دکھائے جا رہے ہیں ۔ (ایک ممبر ۔ آپ وزیر کیوں نہیں بن جاتے ؟) ۔ مجھے وزارت پیش کی گئی تھی لیکن میں نے خود اسے ٹھکرا دیا تھا ۔ میں ان کی خدمت میں عرض کرونگا کہ قوم اس سے کبھی مطمئن نہیں ہو سکتی ۔ قوم کو تو عمل اور اخلاص اور کار کردگی کی ضرورت ہے ۔ آپ اسے شعبدہ بازی و ساحرانہ طریقہ سے مسحور کرنے کی کوشش نہ کیجیئے ۔ اس کے بعد حضور والا محکمہ ترقیات تو پہلے سے ہی موجود تھا اور منسٹر صاحب بھی ماشا اللہ اس محکمے کے لئے مقرر تھے مگر بایں ہمہ اس وقت ۱۹۵۴ء میں ایک علیحدہ منسٹر ''بنت لبون،، کی طرح جنم پذیر ہوئے ''اللہ ہم زد فزد،، ۔ پھر بھی قوم اسے خوابستہ نخواستہ برداشت کر لیتی ۔ اگر اس نو آمدہ نعمت عظمےٰ نے کوئی عجوبہ یا بہترین کام قوم کے لئے کر دکھایا ہوتا ۔ بیرونی طریقہ پر معلوم ہوا ہے کہ اس کا وجودہ مسحود نوازش بالا من السماء سے ہوا ہے ۔ جسے محض نوازش احباء تصور کرنا چاہیئے ۔ بہر حال این ہم اندر عاشقی بالائے غم ہائے دگر ۔ قوم اس بار گران کو برداشت کر لیتی اگر پبلک کے لئے عزت مآب نے کوئی فائدہ مند کام کیا ہوتا ۔ لیکن اس وقت معاملہ بجائے ترقی کے تنزل کی طرف منتقل ہوتا جا رہا ہے ۔ حالات یہاں تک پہنچ گئے ہیں کہ ہنوز روز اول کا مقولہ صادق آتا ہے ۔

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: Point of Order Sir, the Hon'ble Member speaking on this side of the House used some technical terms. For instance, he has used these words بنت لبون and مجانین العقلا Now these are technical terms, Sir, which call for explanation.

Mr. Speaker: No, they do not. The point of order is over ruled.

حافظ خواجہ غلام سدید الدین: حضور والا ۔ محکمہ صحت کا یہ عالم ہے کہ ہسپتال تو بہت کچھ ان داتا کی عطا کردہ دولت سے بنائے جا چکے ہیں لیکن ڈاکٹر ماشا اللہ ندارد ۔ اعداد و شمار سے معلوم ہوا ہے کہ اندھوں کی تعداد اس قدر زیادہ ہو چکی ہے کہ ایک کافی تعداد انسانوں کی اس مرض کی لپیٹ میں آ چکی ہے اور حکومت کا یہ حال ہے کہ اتنی بڑی تعداد کے لئے صرف ایک ہسپتال ہے جو کہ یہاں لاہور میں ہے ۔ سمجھ میں نہیں آتا کہ لاہور میں اندھوں کی تعداد زیادہ ہے یا دوسرے ضلعوں

کی طرف بالکل توجہ نہیں دی جاتی۔ یا ان کا علاج کرانا مقصود نہیں۔ انتظامات کا یہ حال ہے کہ کئی قتل ایسے ہو چکے ہیں جن کے سلسلے میں اس وقت تک پولیس قاتلوں کا سراغ نہیں لگا سکی۔ اگر کسی کو فرضی قاتل بنایا بھی جاتا ہے تو وہ عدالت میں پہلی پیشی پر ڈسچارج ہو جاتا ہے۔ یعنی انہیں معلوم نہیں ہو سکتا کہ کس نے قتل کیا ہے اس سلسلہ میں گجرات والے قتل کا واقعہ ایک بین مثال ہے ایک عورت کو مار ڈالا گیا لیکن پولیس کے بڑے بڑے افسر اپنی بہترین کوششوں کے باوجود اس کے قاتل کا سراغ نہیں لگا سکے۔ پولیس کی نالائقی اور نااہلی کا اس سے بڑا ثبوت کیا ہوگا۔ اب رہا منسٹر صاحبان کا دور دورہ آینما یوجھہ لایاُت بخیر۔ پچھلی گرمیوں کے ایام کا میں ذکر کرتا ہوں جبکہ منسٹر صاحب نے فورٹ منرو کا دورہ کیا۔ باوجود پروگرام دینے کے عزت مآب جہاز پر چار گھنٹے دیر سے پہنچے۔ اور خلق خدا کو جہاز کی۔ گرمی کی اور دریا کی صعوبت اور تکلیف برداشت کرنی پڑی۔ اور پھر واپسی پر بھی یہی عالم ہوا۔ عزت مآب وقت سے پہلے پہنچ گئے اور جہاز وقت مقرر سے دو گھنٹے قبل چل کھڑا ہوا جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ بعد میں آنے والی سواریوں کو رات بھر دریا کے کنارے حضرت خضر علیہ السلام کا مہمان رہنا پڑا۔

جناب والا۔ اب یہاں اسمبلی میں سوال اور جواب کا وقفہ دیکھیئے۔ کہ جب کبھی قسمت سے کئی مہینوں کے بعد اجلاس منعقد ہوتا ہے تو سوالات کے ذریعہ کوشش کی جاتی ہے کہ زیادہ سے زیادہ معلومات حاصل کی جائیں۔ اور اپنی قوم اور اپنے ملک کی مشکلات کا کوئی صحیح حل تلاش کیا جائے۔ مگر یہاں آکر بڑی مایوسی کیساتھ یہ الفاظ سننے پڑتے ہیں کہ جواب تیار نہیں ہوا۔ غضب ہے۔ دو تین ماہ کے عرصہ کے باوجود جواب میسر نہ ہو سکے۔ اے بسا آرزو کہ خاک شدہ۔

حضور والا۔ اب ملاحظہ ہو عزت مآبان کی کارکردگی اور ان کے بنائے ہوئے ایکٹ۔ جس ایکٹ کو بھی دیکھا جائے وہی نامکمل ہے۔ اگر اسے عدالت میں چیلنج کیا جائے تو جیسے وقف بل کا حشر ہوا ویسے ہی ہر ایک ایکٹ کا حشر ہوگا۔ اب سوائے اس کے اور کوئی صورت نظر نہیں آتی کہ ان کی وزارت کی یادگار یہی ایک فرسودہ اور نامکمل ایکٹ ہے جو محض الماری کی زینت بن کر رہ جاتا ہے۔

جناب والا۔ اب آخر میں میں یہ عرض کرونگا کہ ہمارے وزراً صاحبان اتنے باہمت ہیں کہ وہ صحیح تنقید کے بھی متحمل نہیں ہوتے۔

اور کہتے ہیں کہ آپوزیشن محض وقت ضائع کرتی ہے۔ میں انہیں مطلع کر دوں کہ آپوزیشن آپ کی صحیح رہنمائی کرتی ہے اور آپ کیلئے ایک مشاطہ کا کام کرتی ہے۔ انصاف کا تقاضا تو یہ ہے کہ آپ کو آپوزیشن کا مرہون منت ہونا چاہئیے۔

جناب والا۔ اب میں قائد حزب اختلاف کی اس خداداد ہمت کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ جن کی اس گئے گذرے زمانے میں بھی ایک عشرہ کاملہ تقلید کر رہا ہے۔

سید غلام مصطفیٰ شاہ خالد گیلانی (راولپنڈی نمبر ۳-مسلم): جناب والا۔ میں زیر بحث بجٹ پر تین حیثیتوں سے تنقید کرونگا۔

سب سے پہلے میں بجٹ کے روشن پہلوؤں کو اجاگر کرونگا۔ اس کے بعد اس کے تاریک پہلوؤں کا تذکرہ کرونگا اور آخر میں عوام کی خواہشات پورا کرنے کی غرض سے تعمیری تجاویز پیش کرونگا۔

جناب والا۔ آنریبل ملک فیروز خاں نون۔ وزیر خزانہ نے آئندہ سال کا فاضلہ بجٹ پیش کرکے ایک عظیم کارنامہ انجام دیا ہے۔ میں محکمہ مالیات۔ اس کے حکام اور عملہ کا قلبہ دل سے سپاس گزار ہوں جنہوں نے اس بجٹ کو بڑی محنت کے بعد ادبی رنگ میں آپ حضرات کے سامنے پیش کیا۔

سال ۵۶-۱۹۵۵ء میں آمدنی ۲۸ کروڑ ۸۴ لاکھ روپے دکھائی گئی ہے اور اخراجات ۲۸ کروڑ ۸۲ لاکھ روپے اور اس طرح ایک لاکھ اور چالیس ہزار روپے کی بچت دکھائی گئی ہے۔ ان اعداد و شمار کے پیش نظر سب سے پہلے میں اس بجٹ کی وہ خوبیاں بیان کرتا ہوں جن کو میں نے اس کے روشن پہلو کے نام سے تعمیر کیا ہے۔

جناب والا۔ زمینداروں کی امداد کیلئے ۲۰ لاکھ روپے کی گرانقدر رقم تقاوی قرضوں کیلئے رکھی گئی ہے۔ یکم اپریل ۱۹۵۵ء سے چینی کی قیمت میں دو آنے فی سیر کمی کا اعلان کیا گیا ہے۔ کوئٹہ کے زلزلہ زدگان کیلئے ایک لاکھ روپیہ مخصوص کیا گیا ہے۔ کھیلوں کی وصلہ افزائی کیلئے حسب معمول پچاس ہزار روپیہ اور اولمپک سٹیڈیم کیلئے سات لاکھ روپے کی گران قدر رقم رکھی گئی ہے۔ صوبہ پنجاب کے شمالی بارانی اضلاع کیلئے دس لاکھ روپیہ مخصوص کیا گیا ہے۔ اور انجمن حمایت اسلام کو حسب معمول گرانٹ کے علاوہ پچاس ہزار روپے کی ایک سپیشل

گرانٹ بھی دی جائیگی۔ پھر پٹواریوں کی ملازمت کو pensionable قرار دے کر اس حکومت نے اس طبقے کی ایک دیرینہ خواہش کو پورا کیا ہے۔ یہ مطالبہ حکومت کے سامنے عرصہ دراز سے پیش کیا جاتا رہا ہے اور بالاخر اس حکومت نے اسے قبول فرمایا ہے۔ پنجاب یونیورسٹی کو چار لاکھ ۳۳ ہزار کی متوازی گرانٹ کے علاوہ ۴ لاکھ روپے کی ایک سپیشل گرانٹ دی گئی ہے۔ ڈسٹرکٹ بورڈوں کی سڑکات کی تعمیر اور درستی کیلئے پانچ لاکھ روپے اور ۲۷ دیہاتی ڈسپنسریوں کی درستی اور ان کو چالو کرنے کیلئے چار لاکھ روپیہ مخصوص کیا گیا ہے۔ بزم اقبال کی خدمات کے عوض اس کے لئے ۶۲ ہزار روپے کی گرانٹ منظور کی گئی ہے۔ ادب اور آرٹ کو فروغ دینے کے سلسلے میں پچاس ہزار روپے کی ایک گرانٹ بھی منظور کی گئی ہے۔ لازمی فوجی تعلیم کی ترقی کیلئے دس لاکھ روپیہ منظور کیا گیا ہے تاکہ تعلیمی اداروں میں یو۔ٹی۔سی کو از سر نو جاری کیا جائے۔

اب میں آپ کے سامنے تعلیم و دیگر رفاہی محکمہ جات کے متعلق جو میرے نقطہ نگاہ سے رفاہی محکمے ہیں تجزیہ پیش کرتا ہوں۔ تعلیم۔ صنعت و حرفت۔ ویٹرنری اور دیہاتی تنظیم وغیرہ کے سلسلے میں اس بجٹ میں نو کروڑ ۴۴ لاکھ اور ۴۱ ہزار روپے کی رقم مخصوص کی گئی ہے۔ مستقل محکموں یعنی آبپاشی اور بجلی کی سکیموں۔ عمارتوں۔ سڑکوں۔ ٹرانسپورٹ۔ نظم و نسق و دیگر ترقیاتی سکیموں پر ۱۳ کروڑ ۴۱ لاکھ روپے خرچ کئے جائینگے۔

نظم و نسق۔ عدلیہ۔ پولیس اور جیل خانوں پر ۵ کروڑ نوے لاکھ پنتیس ہزار روپیہ خرچ کیا جائے گا۔

اب جناب والا۔ ان اعداد و شمار کی روشنی میں دیکھنا یہ ہے کہ اس بجٹ کو جس کے پیش کرنے کے سلسلہ میں میں نے وزیر مالیات کی خدمت میں مبارکباد پیش کی ہے اگر عوام کی خواہشات اور عوام کی امنگوں کی کسوٹی پر پرکھا جائے تو کیا یہ پورا اترتا ہے یا نہیں۔ چنانچہ میں یہ عرض کروں گا کہ عوام کی خواہشات کیا ہیں اور عوام کیا چاہتے ہیں۔ حضور والا۔ ان کو رہنے کے لئے مکان ملنے چاہئیں۔ کھانے کے لئے خوراک اور پہننے کے لئے کپڑا ملے۔ ان کے بچوں کی تعلیم مفت ہو اور صحت کے لئے ادویات میسر آئیں علاج کے لئے اطبا اور ڈاکٹر۔ چلنے کے لئے سڑکیں۔ اور دیہات میں پینے کے لئے پانی وغیرہ عوام کی عام خواہشات ہیں۔ اب ان خواہشات کے سلسلہ میں میں تفصیلاً محکمہ وار بحث کروں گا۔

اس بجٹ میں سب سے بڑی رقم جو مخصوص کی گئی ہے وہ محکمہ تعلیم کے سلسلہ میں ہے۔ محکمہ تعلیم کی کار گذاری کے متعلق صرف اتنا کہنا چاہتا ہوں کہ قیام پاکستان سے قبل پنجاب میں ۲۹ اضلاع تھے۔ اس وقت تعلیم پر دو کروڑ ۶۷ لاکھ روپیہ خرچ کیا جاتا تھا اس وقت پرائمری سکولوں کی تعداد ۴,۷۸۰ تھی اور اب پاکستان بننے کے بعد پنجاب میں ۲۹ اضلاع کی بجائے ۱۶ اضلاع ہیں لیکن تعلیم پر خرچ پانچ کروڑ ۵ لاکھ مخصوص کیا گیا ہے۔ مدارس کے تعداد ۴,۷۸۰ سے بڑھ کر ۸,۰۰۱ تک پہنچ گئی ہے۔ تعلیمی طریقہ کے اعتبار سے حکومت پنجاب کا یہ غیر معمولی کارنامہ ہے لیکن اس کے ساتھ ہی مجھے اس حقیقت کے اظہار میں کوئی عار محسوس نہیں ہوتی کہ تعلیم کی رقم میں سے ایک گراں قدر رقم جو لوکل باڈیز کی وساطت سے خرچ کی جاتی ہے وہ تباہ کی جاتی ہے برباد کی جاتی ہے اور ضائع کی جاتی ہے (ہیئر۔ ہیئر) اس کے بعد میں یہ عرض کروں گا کہ اگرچہ دیہات میں سکول بڑی تعداد میں موجود ہیں اور نئے کھل رہے ہیں لیکن ان کے لئے عمارتیں نہیں ہیں۔ فرنیچر نہیں۔ٹرینڈ اساتذہ نہیں۔ ایسے ماحول کے اندر لوکل باڈیز کی وساطت سے جو خرچ کیا جاتا ہے میرے نقطہ نگاہ سے وہ غلاظت کے گڑھے میں پھینکا جاتا ہے۔ اس لئے میں وزیر تعلیم صاحب سے درخواست کروں گا کہ تعلیم کا یہ سارا بار گران لوکل باڈیز سے لے لیں۔ لوکل باڈیز کے لئے اور بہت سے دھندے اور مشغلے ہیں جن میں وہ مصروف رہ سکتے ہیں۔

اس کے علاوہ موضع سیہالہ ضلع راولپنڈی میں ایک اقامتی یونیورسٹی کی تعمیر کے لئے حکومت پنجاب کی سر گرمی کے سلسلہ میں میں یہ عرض کروں گا کہ یہ حکومت پنجاب کا بہت بڑا کارنامہ ہوگا۔ علی گڑھ یونیورسٹی کے بعد یہ دوسری اقامتی یونیورسٹی ہوگی۔ اس کی عمارات بڑی تیزی سے تعمیر ہو رہی ہیں۔

تعلیم کے متعلق دو تین اور تجاویز ہیں اور وہ یہ کہ جب تک ہم پرائمری تعلیم کی اہمیت کو محسوس نہیں کریں گے اور اس کی بنیادوں کو استوار نہیں کریں گے اس وقت تک ثانوی اور اعلیٰ تعلیم کی تکمیل کا منشا پورا نہیں ہو سکتا۔ جب بنیاد ہی غلط ہو گی تو اس پر جو محل تعمیر ہوگا وہ کس طرح درست ہو سکتا ہے۔ اس لئے میں یہ عرض کروں گا کہ پرائمری تعلیم کے نصاب اور ثانوی تعلیم کے نصاب اور اعلیٰ تعلیم کے نصاب میں تبدیلی ہونی چاہیئے۔ میں یہ نہیں کہتا کہ اس میں انقلابی تبدیلی ہو لیکن یہ ضرور کہوں گا کہ پاکستان ایسی اسلامی آزاد مملکت کے شایان

شان ایسا نصاب تعلیم ہونا چاہیئے جس سے ہمارے بچے بہترین طریقہ پر تعلیم حاصل کر سکیں ۔ جس سے ان کا مستقبل تابناک اور روشن ہو۔

اس کے بعد صحت کا محکمہ آتا ہے اس کے متعلق یہ نہ سمجھا جائے کہ میری رائے کسی ڈاکٹر کی رائے کے مترادف ہے ۔ میں کوئی ڈاکٹر تو نہیں ۔ البتہ گیلانی ہوں ۔ میں آپ کو صحت کی کسوٹی بتاتا ہوں ۔ اور وہ یہ ہے کہ آنریبل وزیر صحت ہمارے خاندان میں سے ہیں ۔ آپ ان کی صحت سے ہی محکمہ صحت کا اندازہ کر لیں کہ صوبہ کے لوگوں کی صحت کیسی ہونی چاہیئے ۔ میری رائے میں پنجاب کے ۱۶ اضلاع میں جو شاندار ہسپتال اور ڈسپنسریاں تعمیر ہونے کا سلسلہ شروع ہے اگر وہ پائیہ تکمیل کو پہنچ جائے اور بطریق احسن ان میں بہترین ڈاکٹر مہیا کئے جائیں ۔ Beds اور ادویات مہیا کی جائیں تو صحت کا کام اچھی طرح پورا کیا جا سکے گا ۔

دیہات میں جو لوگ پانی کے لئے آبیانہ اور زمینوں کا مالیہ ادا کرتے ہیں جن سے حکومت کے نظم و نسق کا کام چلتا ہے ان لوگوں کی کس مپرسی کی حالت یہ ہے کہ وہ لوگ لاکھوں کی تعداد میں ملیریا کا شکار ہوتے ہیں ۔ ملیریا کے بعد دوسری بیماری ٹی-بی-ہے ۔ یہ بیماری اس سرعت سے پھیل رہی ہے کہ ہر ۱۰۰ آدمیوں میں سے ۲۰ آدمی ٹی-بی-کا شکار ہیں ۔ اس کے بعد وہ بیماری ہے جو بڑے لوگوں کو پسند ہے اور مقررین کا حصہ ہے اسے heart failure کہتے ہیں اب تو یہ بیماری بھی کثرت سے پھیل رہی ہے ۔

چونکہ دیہات میں ہسپتال نہیں ادویات نہیں ۔ ڈاکٹر نہیں اس لئے دیہاتی زندگی میں خدا نہ کرے ملک الموت کو بہت دخل ہوگا ۔

زراعت کے متعلق صرف یہ عرض کروں گا کہ اضلاع راولپنڈی-گجرات اور جہلم میں بہت سی کٹی پھٹی زمینیں ہیں ان میں جہاں ٹیوب ویل قائم نہیں ہو سکتے ۔ وہاں پختہ بند باندکر ان زمینوں کو جھیلوں میں تبدیل کیا جا سکتا ہے ۔ اس طرح سارا سال آبپاشی کے لئے پانی میسر آ سکتا ہے ۔ علاوہ ازیں کھڈ کھنڈر کو (جیسا کہ انگریز کے زمانہ میں ایک تجویز تھی) بل ڈوزر وغیرہ سے ہموار کرکے قابل کاشت بنایا جا سکتا ہے اور بارانی رقبہ میں غیر معمولی اضافہ ہوسکتا ہے ۔

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: Too feeble a voice, why do'nt you use the microphone ?

سید غلام مصطفیٰ شاہ خالد گیلانی – جو زمینیں بارانی ہیں وہاں مونگ پھلی کی کاشت کو فروغ دینے کی کوشش کی جائے کیونکہ اس سے قوم مالا مال ہو سکتی ہے ۔ اور جو زمین ہلدی کی کاشت کے لئے موزوں ہو وہاں ہلدی کی کاشت کی جائے ۔ میں حکومت کی خدمت میں یہ تجویز بھی پیش کرنا چاہتا ہوں کہ سرکاری اور متروکہ زمینوں کو اقساط پر مستحق لوگوں میں تقسیم کردیا جائے جو دو سال کے اندر اپنی گرہ سے ان پر مکان تعمیر کرلیں ۔ اس طرح سے لاکھوں کی تعداد میں مکانات تعمیر ہو جائینگے اور حکومت کی ایک پائی خرچ نہیں ہوگی اور مکانات کی قلت بھی رفع ہو جائیگی ۔

جہانتک صنعت کا تعلق ہے ہمارے صوبہ نے اس سلسلہ میں غیر معمولی ترقی کی ہے ۔ چمڑے ۔ کپڑے کاغذ اور دیگر صنعتوں کو کافی فروغ حاصل ہوا ہے کئی کارخانے تعمیر ہو چکے ہیں اور کئی زیر تعمیر ہیں ۔ ان کا موازنہ اگر قبل تقسیم سے کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ صنعت کے اعتبار سے صوبہ پنجاب نے غیر معمولی ترقی کی ہے جس کا اعتراف ہندوستان کے اخبارات نے بھی کیا ہے ۔

اب میں آنریبل وزیر خزانہ کی خدمت میں ایک فاضل بجٹ پیش کرنے پر مبارک باد پیش کرتا ہوں ۔ باقی جہاتک تقریروں میں تنقید کا تعلق ہے میرا خیال ہے کہ تنقید تخریبی نہیں ہونی چاہئیے بلکہ تعمیری ہونی چاہئیے کیونکہ تعمیری تنقید صوبہ کی بہتری کے لئے موزوں اور سود مند ہوتی ہے ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

ملک فتح شیر جھمٹ—(میانوالی ۔ م مسلم)—جناب صدر ۔ ایوان اسمبلی میں مورخہ ۱۰ مارچ ۱۹۵۵ء کو وزیر اعلی صاحب نے صوبہ پنجاب کا سالانہ میزانیہ پیش کرتے ہوئے یہ فرمایا تھا (قطع کلامیاں) ۔ (آوازیں—کچھ سنائی نہیں دیتا)۔ مورخہ ۱۰ مارچ کو وزیر اعلی صاحب نے اپنی تقریر میں یہ فرمایا تھا کہ انہوں نے موثر اقدامات سے سال گذشتہ میں اجناس خوردنی کی پیداوار میں کافی اضافہ کیا ہے اور اس سلسلہ میں مرکز کی اعانت کا بھی انہوں نے ذکر فرمایا ۔ اس کے متعلق میں چند گذارشات پیش کرنا چاہتا ہوں ۔ حقیقت میں اگر دیکھا جائے تو پیداوار میں اضافے کی سب سے بڑی وجہ اللہ تعالی کی وہ اعانت تھی جس نے بر وقت بارش برسائی ۔ جو فصلوں کے لئے کافی تھی اور جو انہوں نے حکومت کے حسن انتظام کا ذکر فرمایا ہے اس کے متعلق میں یہ عرض کرونگا کہ علاقہ تھل ضلع

میانوالی ربیع ۱۹۵۰ سے لے کر ربیع ۱۹۵۳ء تک بارشوں کی قلت کی وجہ سے قحط میں مبتلا رہا۔ حکومت پنجاب کی خدمت میں ۱۹۵۰ء سے لے کر ۱۹۵۳ء تک امداد کے لئے گذارشات پیش کی گئیں۔ حکومت کا حسن انتظام دیکھئیے کہ ماہ مارچ ۱۹۵۳ء میں تحصیل بھکر کے ۶۶ مواضعات کی مجموعی آبادی کے ½ حصہ کو ایک ماہ کا راشن ۱۳-۹-۰ فی من کے حساب سے ملا۔ ماہ اگست ۱۹۵۳ء میں حکومت کی خدمت میں احتجاج ہوا کہ برائے تخم ریزی نخود و گندم امداد تخم زر تقاوی بر وقت دی جائے۔ بارانی علاقہ تھل میں نخود کی تخم ریزی کا موسم از ۲۰ ستمبر تا ۲۰ اکتوبر مقرر ہے اور موسم کاشت گندم از ۲۵ اکتوبر تا ۲۵ نومبر مقرر ہے۔ تخم نخود کے لئے زرتقاوی ۲۱ اکتوبر سے ملنی شروع ہوئی جبکہ موسم کاشت گزر چکا تھا اور امداد از دس روپیہ تا پچاس روپیہ دی گئی۔ نرخ بازاری تخم نخود تیس روپیہ فی بوری تھا مگر سرکاری نرخ پچاس روپیہ فی بوری تھا۔ بارانی علاقے میں حکومت کی طرف سے زر تقاوی گندم کی امداد ماہ دسمبر ۱۹۵۳ء سے ملنی شروع ہوئی۔ (آوازیں۔ آپ غلط کہتے ہیں) (قطع کلامیاں)۔ میں اس چیز کا ثبوت پیش کر سکتا ہوں۔

صاحب سپیکر—آپ اس بحث میں نہ پڑئیے۔ اپنی تقریر جاری رکھئیے۔

ملک فتح شیر جھمٹ—اور اس سلسلے میں جناب والا جو امداد دی گئی وہ دس روپیہ سے لے کر پچاس روپیہ تک تھی اور جو گندم بیج کے طور پر دی گئی وہ اسی تحصیل سے فراہم کی گئی تھی۔ اس کے بعد جناب والا۔ زر تقاوی کی وصولی شروع ہوئی۔ زمیندارنے ماہ جون و جولائی ۱۹۵۴ء میں فصل اٹھائی مگر حکومت کی طرف سے وصولی از تقاوی ماہ ستمبر و اکتوبر ۱۹۵۴ء ہوئی جبکہ زمیندار کاشت فصل میں مصروف تھا۔ تھل کے منصوبہ کی آبادکاری کے لئے حکومت کو دریائے سندھ سے جو پانی ملا وہ ۱۸ لاکھ ایکڑ اراضی کو سیراب کرنے کے لئے کافی تھا اور اتنی ہی حکومت کی اپنی اراضی زیر منصوبہ تھل موجود تھی۔ تھل اتھارٹی کو چاہئے تھا کہ وہ اپنے تجربات کرنے کے لئے اپنی ہی ۱۸ لاکھ ایکڑ اراضی پر اکتفا کرتی۔ مگر اس کے بر عکس غریب عوام کی اراضیات حاصل کرنے کے لئے جولائی ۱۹۴۹ء میں گورنری ایکٹ جاری کیا گیا۔ اگر حکومت چاہتی تو Colonisation Act پر عمل کرتے ہوئے تھل کو آباد کر سکتی تھی مگر افسوس کہ ایسا نہ کیا گیا۔ یہ بات میری سمجھ میں نہیں آتی کہ علاقہ تھل کی اراضی کو آباد کرنیکے لئے جو بہ نسبت دیگر

اضلاع کے زیادہ نرم اور کم محنت طلب ہے قوم کا کروڑوں روپیہ کیوں ضائع کیا گیا اور ایک جدید ایکٹ کی ضرورت کیوں محسوس کی گئی۔ گورنری ایکٹ کی خامیوں کو دور کرنے کے لئے حکومت کی خدمت میں بار بار درخواستیں دی گئیں اور اس ایکٹ کے خلاف شدید احتجاج ہوئے مگر کوئی شنوائی نہ ہوئی۔ اب اس کا نتیجہ ہمارے سامنے ہے۔

حضور والا—ہمیں کہا جاتا ہے کہ تم اپنا سرمایہ اپنی زمین پر نہ لگاؤ۔ ہمیں کہا جاتا ہے کہ تم ذاتی محنت زمین پر نہ کرو کیونکہ حکومت غیر ممالک سے سودی قرضہ لیکر تم پر بوجھ ڈالے گی۔ اس کا نتیجہ حضور والا یہ ہو گا کہ جس شخص کو ایسے اخراجات برداشت کرنے کی استطاعت نہ ہوگی اسکی زمین بحق سرکار ضبط ہو جائے گی۔ اس وقت تھل کا کاشتکار ہاتھ پر ہاتھ رکھے بیٹھا ہے کیونکہ وہ کسی اراضی کو اپنی اراضی تصور نہیں کر سکتا۔ جس زمین کو وہ محنت کرکے اور اپنا سرمایہ لگا کر آباد کرتا ہے وہ acquire کر لی جاتی ہے۔ پرسوں کی اطلاع ہے کہ ایک موضع کا ۴۸ ہزار کنال رقبہ بیک وقت acquire کر لیا گیا ہے۔ علاقہ تھل کے زمینداروں نے جن جن رقبہ جات کی پیدوار کو محنت اور روپیہ خرچ کرکے اور نہر سے سیراب کرکے تیس من فی ایکڑ تک پہنچایا تھا حکومت نے ان سب رقبہ جات کو ملک کی جنگلاتی دولت بڑھانے کا بہانہ کرکے acquire کر لیا ہے اور اعلان کیا گیا ہے کہ اب ان زرخیز علاقوں میں جنگلات لگائے جائیں گے۔ حکومت کی ستم ظریفی ملاحظہ ہو کہ ہمیں نہ تو اپنی زمین پر روپیہ خرچ کرنے کی اجازت ہے او نہ اس پر محنت کرنے کی۔ کیونکہ گورنمنٹ اسے خود زیر کاشت لانا چاہتی ہے۔ مگر تھل میں جو ۱۸ لاکھ ایکڑ سرکاری اراضی ہے اسے زیر کاشت لانے کی بجائے اس میں کہیں اعظم گڑھ بنا دیا گیا ہے۔ کہیں فنانشل کمشنر گڑھ بنا دیا گیا ہے۔ حتی کہ صوبہ پنجاب اور پاکستان کی کوئی بڑی شخصیت ایسی نہیں رہی جسکے نام پر کوئی نہ کوئی ''گڑھ،، اس سرکاری اراضی پر نہ بنا دیا گیا ہو۔ جہاں یہ صورت حال ہو وہاں ہماری داد فریاد کون سنے گا۔ علاقہ تھل کی آبادی کا واحد ذریعہ معاش کاشتکاری تھا مگر زمینیں acquire کر کے ان کو اس ذریعہ معاش سے محروم کر دیا گیا ہے۔ اب خدا جانے ان کو بھنگیوں کی صف میں رکھا جائے گا۔ مجھے غریب پرور چند ایک واقعات مہاجرین کی آبادکاری کے متعلق بھی پیش کرنے ہیں۔ تقسیم ہند کے بعد جو مہاجرین تباہ و برباد ہو کر میانوالی میں آئے ان کو رقبہ جات اراضی الاٹ کئے گئے۔ انہوں

نے محنت شاقہ کرکے ان رقبہ جات کو آباد کیا اور ۱۹۵۱ء میں نیم مستقل الاٹمنٹ پالیسی کے ماتحت اپنے کلیم فارم داخل کئے۔ مگر وہاں کے سرکاری حکام نے بیوہ عورتوں ۔ یتیموں اور نابالغوں کو بے دخل کرکے وہی رقبہ جات اپنے دلدادہ حضرات کو الاٹ کر دئے۔ بعد میں موجودہ وزیر بحالیات کی خدمت میں التجا کی گئی کہ خدا کے لئے ان غریبوں پر رحم کرو۔ وزیر بحالیات نے ضلع کے افسران سے رپورٹ طلب کی۔ ان افسران نے اس امر کی تصدیق کی کہ واقعی دو سو کنبوں کو نا حق زمینوں سے محروم کر کے وہاں غیر مستحق لوگوں کو آباد کر دیا گیا ہے۔ جنوری ۱۹۵۲ء میں نظر ثانی دائر ہوئی۔ فروری ۱۹۵۳ء منظور ہوئی۔ ماہ مئی ۱۹۵۳ء میں خود بخود منسوخ کر دیگئی پھر جنوری ۱۹۵۴ء میں نظر ثانی منظور ہوئی۔ تحصیلدار صاحب و ای۔اے۔ٹی۔ڈی۔او نے غلط الاٹمنٹ منسوخ فرما کر مستحق الاٹیوں کے نام رقبہ ٹبہ مہربان شاہ تجویز کیا۔ مگر ماہ اکتوبر ۱۹۵۴ء سے لیکر آج تک کوئی فیصلہ نہیں ہوا۔ دو سو کنبہ جات باوجود استحقاق کے ربیع ۱۹۵۱ء تا ماہ مارچ ۱۹۵۵ء کے ذریعہ بنے ہوئے ہیں۔ ان کے علاوہ زیر منصوبہ تھل میں جسقدر غیر مسلم رقبہ کے مہاجر الاٹی تھے انکو بیک جنبش قلم تھل اتھارٹی نے بیدخل کر دیا ہے۔ ایک تحصیل لیہ سے پانچ ہزار کلیمز کو منسوخ کر دیا گیا ہے۔

The Assembly then adjourned till 1 p. m. on Tuesday, the 15th March, 1955.

PUNJAB LEGISLATIVE ASSEMBLY

TENTH SESSION OF THE FIRST PUNJAB LEGISLATIVE ASSEMBLY

Tuesday, the 15th March 1955

The Assembly met in the Assembly Chamber, Lahore, at 1 p.m. of the Clock, Mr. Speaker (The Hon'ble Dr. Khalifa Shuja-ud-Din) in the Chair.

Recitation from the Holy Quran

RULING REQUIRING SUPPLEMENTARIES TO BE ASKED AND ANSWERED IN URDU

صاحب سپیکر—سوالات شروع ہونے سے پہلے میں ایوان کی توجہ اس امر پر مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ تقریروں کے متعلق تو قاعدہ موجود ہے لیکن سوالات کے متعلق ابھی کوئی قاعدہ نہیں کہ اردو میں ہوں یا انگریزی میں ۔ مجھے دفتر سے شکایت موصول ہوئی ہے کہ چونکہ ہمارے پاس انگریزی کے صرف دو رپورٹرز ہیں (کوشش کے باوجود اور نہیں مل سکے) اس لئے میں معزز ممبران سے درخواست کروں گا کہ جہاں تک ممکن ہو ضمنی سوالات اردو میں کئے جائیں اور ان کے جوابات بھی اردو میں دئے جائیں ۔

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

Local Bodies Officer, Punjab

***3662. Sheikh Muhammad Saeed:** Will the Honourable Minister of Health be pleased to state :—

(*a*) the substantive permanent post of the present Local Bodies Officer, Punjab ;

(*b*) the substantive pay of the said officer;

(*c*) the pay and allowances being drawn at present by the said officer;

(*d*) the reasons for disparity, if any, between the substantive pay and the present pay of the said Officer ?

The Honourable Makhdumzada Syed Muhammad Alamdar Hussain Shah Gilani: There is no Local Bodies Officer, Punjab and I presume that the honourable member is referring to the Inspector Local Bodies, Punjab.

(*a*) Assistant in the Punjab Civil Secretariat, Lahore. But he was holding the post of *Officiating Superintendent* before being appointed as Inspector, Local Bodies.

(*b*) Rs. 500 per mensem in the grade of a Superintendent of the Punjab Civil Secretariat at (Rs. 350—25—500/30—650 per mensem).

(*c*) Rs. 500 per mensem *plus* Rs. 85 per mensem as cost of living, corporation allowances, Total Rs. 585 per mensem.

(*d*) Does not arise in view of (*b*) and (*c*) above.

رانا گل محمد نون عرف رانا عبدالعزیز نون— جناب والا—آپ نے فرمایا ہے ۔ کہ جہاں تک ممکن ہو سوالات کے جوابات اردو میں دئیے جائیں اس لئے میں گذارش کروں گا کہ اس سوال کا جواب بھی اردو میں دیا جائے ۔

صاحب سپیکر—ممبر صاحبان کو معلوم ہوگا کہ جو حضرات اپنے سوالات کا جواب اردو میں چاہتے ہیں وہ اس کے متعلق لکھ دیتے ہیں ۔ چونکہ ابھی اس کے متعلق کوئی قاعدہ نہیں بنایا گیا اس لئے میں درخواست کروں گا کہ جو حضرات اردو میں جواب چاہتے ہوں وہ اس کے متعلق تحریر کر دیں ۔

میاں محمد شفیع—اگلے روز اخبار آفاق میں یہ بات اہتمام سے شائع ہوئی تھی کہ گجرات سے ایک آنریبل ممبر معزز ارکان کی ایک پارٹی سے دستخط لے رہے ہیں تاکہ آنجناب کے خلاف عدم اعتماد کی قرار داد پیش کریں ۔

صاحب سپیکر—اخبارات میں شائع شدہ خبروں کی بنا پر میں کچھ نہیں کہہ سکتا ۔

ELECTRIFICATION OF KAMALIA FROM THE MONTGOMERY POWER HOUSE

*3401. **Rai Nasrullah Khan:** Will the Honourable Minister of Development be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that Kamalia has been excluded from the scheme for electrification of towns from Montgomery Power House, if so, the reasons therefor ;

(*b*) if answer to (*a*) above is in the negative, whether necessary survey from Montgomery to Kamalia has been completed; if so, the details thereof; if not, the reasons therefor ?

عزت مآب رانا عبدالحمید خاں—(الف) بجلی مہیا کرنے کے پیش نظر قصبہ کمالیہ کو منصوبہ برقی قوت منٹگمری میں کبھی بھی شامل نہیں کیا گیا تھا لہذا اندریں حالات منصوبہ سے اس قصبہ کے خارج کئے جانے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا ۔

(ب) اس قصبہ کو چیچا وطنی سے ۱۱ کلوواٹ کا معاونیہ (فیڈر) چلا کر بجلی مہیا کرنے کی تجویز کا جائزہ لیا جا رہا ہے ۔

رانا گل محمد نون عرف رانا عبدالعزیز نون—کب تک اس جائزہ کا فیصلہ ہوگا ۔ اور کیا چیچا وطنی سے کمالیہ کو بجلی دی جا سکے گی ؟

وزیر ترقیات—میں آنریبل ممبر کی اطلاع کے لئے عرض کروں گا کہ چیچا وطنی میں ابھی بجلی نہیں ۔ پہلے منٹگمری سے چیچاوطنی بجلی مہیا ہوگی اور پھر چیچاوطنی سے کمالیہ کو دی جائے گی ۔

رانا گل محمد نون عرف رانا عبدالعزیز نون—کب تک بجلی کی توقع کی جا سکتی ہے ؟

وزیر ترقیات—اس سال کے اندر—

میاں محمد شفیع—منٹگمری کے پاور ہاؤس سے اس کا کتنا فاصلہ ہے ؟

وزیر ترقیات—منٹگمری سے پہلے چیچاوطنی جاتے ہیں اور پھر کمالیہ - اس کا فاصلہ تقریباً ۵۰ میل ہے -

---

STANDARD OF LIVING

***3427. Chaudhri Muhammad Afzal Cheema:** Will the Honourable Minister of Development be pleased to state :—

(*a*) the measures adopted by Government to prevent the standard of living in the Province from deterioration; and

(*b*) the measures adopted by Government to raise the standard of living in the province ?

The Honourable Rana Abdul Hamid Khan: (*a*) 'Standard of living' being a comparative term the honourable member is requested to specify the class of population and the year he is refering to so that a satisfactory reply may be given.

(*b*) I. The measures adopted by the Government to raise the standard of living of the people in the Punjab cover various fields of the economic life of the province which include intensification of agriculture, supply of power, irrigation facility, settlement on land, co-operation, industrial development, improvement in th supply of food, community development and social uplift schemes. The activities of the Government in the various fields are summarised as under :—

Agriculture—(1) Research on the evolution of improved types of crops and fruit plants with higher yielding capacity and better quality than the types already under cultivation;

(2) Distribution of pure seed of the improved types of crops and vegetables and plants of improved varieties of fruits;

(3) Introduction of improved bullock drawn implements in order to reduce the cost of cultivation and to increase the standard of cultivation;

(4) Control of insect pests and diseases;

(5) Maintaining the purity of cotton so that it fetches high price in foreign markets;

(6) Efforts to improve marketing conditions; and

(7) Advising the farmers on all the aspects of improved and scientific methods of agriculture.

Power—(1) Withdrawal of surcharge, Kilowatt and minima charges in the Electric Supply Undertakings of Sialkot, Sargodha, Arifwala, Okara, Gujrat Montgomery, Gojra and Hafizabad thereby making it possible for all consumers in these towns to consume electricity to the same extent at a comparatively less cost;

(2) Reduction of one anna per unit in domestic consumption (light and fans) rates throughout the Province and thus affording relief to the consumers as explained in item 1 above; and

(3) Abolition of the Electricity Duty to one anna per unit, charged under the Punjab Electricity Duty Act, 1948.

Irrigation—Every possible effort has been made to strengthen the existing irrigation arrangements for increasing the area under cultivation and protecting the area already under cultivation. Extra supply of water is being given during the summer when water is available in the rivers.

Settlement on land—A big colonization scheme is in progress in the Thal. The Thal Development Authority has reclaimed 696,937 acres of land; 37,857 families have been allotted an area of 498,301 acres.

Co-operation—Intensive work has been done to ameliorate the economic condition of the people through co-operative efforts. The following methods have been adopted for this purpose :—

(1) Co-operative Education and Co-operative Training Institute;

(2) Co-operative Farming;

(3) Co-operative Credit;

(4) Co-operative Marketing;

(5) Co-operative Industrial Societies;

(6) Murree Hills Development;

(7) Co-operative Consumers Stores;

(8) Agricultural Societies (Supply of Fertilizers);

(9) Tube-well Irrigation and Co-operative House Building; and

(10) Marketing of wool in the Excluded Area of Dera Ghazi Khan.

Industrial Development—Necessary facilities are being provided to develop Industries in the province. Already many large scale and medium scale industries have been set up and it is hoped that opportunities of employment provided by them will go a long way to improve the standard of living of the people.

Food—(*i*) Large quantities of foodgrains have been imported and wheat reserve of 5 lakhs tons to stabilise the prices at reasonable level has been created.

(*ii*) Government procured wheat and rice to counteract black marketing and distributed both in cheap foodgrain shops and rationed depots; 40,000 tons of wheat have also been distributed free of cost to help the poor.

(*iii*) Enforced "grow more food campaign" and reclaimed barren lands to raise crops, Government have also imposed ban on the export of cattle to make milk and ghee cheaper.

Community Development—The Village-Aid Programme sponsored by the Government of Pakistan with the assistance of F. O. A. (U. S. A.) and the Ford Foundation (U. S. A.) and inaugurated in the Punjab in April, 1953, aims at developing the agricultural and industrial potential of villagers who form 80% of our total population. It is a programme of aided self-help in which emphasis is placed on stimulating voluntary effort and on providing opportunities to the villager to think for himself, plan his own destiny and lead a richer and fuller life. For this purpose the Government have set up a separate department namely 'The Village-Aid Administration'. An institute for the training of village workers was started at Quaidabad (Thal). These workers have since been posted to the first project area consisting of 186 villages in Bhalwal tahsil with a population of 186,000. The Institute has since been shifted to Lalamusa and a second batch of workers is under training. A second training centre

will be opened at Lyallpur this year. When both the institutes are working in full swing more project areas will be opened. Government are paying full attention to this work which is the foundation stone of the national economic development programme.

Social Uplift Schemes—The Social Uplift Schemes envisage development in the fields of Education and Health. The following is the pace of progress in each field :—

(1) *Education*—Six hundred new primary schools have been opened in the province. A Cadet College at Hasan Abdal has been completed and has started functioning. A Normal School for Women at Jauharabad is under construction. Hostel and school accommodation in most of the schools and colleges of both sexes is being expanded along with the Scientific and Technical Laboratories Science equipment worth Rs. 6,00,000 has been purchased and supplied to the Laboratories of the various schools and colleges in the province.

(2) *Health*—The Department of Health Services have helped the people in not allowing the standard of living to fall indirectly by reducing the morbidity rate of common in capacitating diseases such as malaria.

2. On the whole 124 different development schemes at an estimated cost of Rs. 69,99,42,743 are in progress and they are providing adequate safegaurd against any probable decrease in the standard of living of the people.

INCOME PER CAPITA

***3428. Chaudhri Muhammad Afzal Cheema:** Will the Honourable Minister of Development be pleased to state :—

(*a*) The Income *per capitn* in the Province according to the latest calculation, if any, made; and

(*b*) the measures adopted by the Government to increase it ?

عزت مآب رانا عبدالحمید خاں—(الف) پنجاب کے لئے فی کس آمدنی کا کوئی جداگانہ تخمینہ موجود نہیں ہے ۔ مختلف معاش کاموں کی یافت کے مطابق قومی آمدنی کے اعداد و شمار سے اندازہ لگایا جاتا ہے اور اس مقصد کے لئے سارا ملک ایک اکائی تصور کیا جاتا ہے۔ مرکزی دفتر اعداد و شمار کے تخمینے کے مطابق پاکستان (پنجاب بھی شامل ہے) میں فی کس آمدنی ۲۳۳ روپے ہے ۔

حکومت نے قومی آمدنی بڑھانے کے لئے جو تدابیر اختیار کی ہیں ان میں وہ ذریعے بھی شامل ہیں جن کا مقصد یہ ہے کہ پیداوار بڑھائی جائے ۔ نیز بے کاروں اور تھوڑا کام پانے والوں کے لئے روزگار مہیا کیا جائے ۔ زراعت کی رفتار میں تیزی ۔ زرعی اجناس کی قیمتوں کو معین کرنا ۔ نئی اصلاح شدہ زمینوں میں آدمیوں کو بسانا ۔ زراعت میں مشینیں استعمال کرنا ۔ خانہ ساز صنعتوں کی تنظیم اور صنعتی ترقی وغیرہ وغیرہ ان ذریعوں میں سے ہیں جو اس مقصد کے لئے اختیار کئے گئے ہیں ۔

میاں محمد شفیع—کیا آنریبل وزیر ترقیات اس بات کی تصدیق فرمائینگے کہ پنجاب میں فی کس یومیہ آمدنی ایک آنہ نو پائی ہے ؟

وزیر—میں نے عرض کیا ہے کہ حکومت پاکستان کے تخمینے کے مطابق فی کس آمدنی ۲۳۳ روپیہ سالانہ ہے ۔

میاں محمد شفیع—کیا وزیر متعلقہ نے پنجاب بورڈ آف اکنامک انکوائری کی کتب کو پڑھا ہے جو انہوں نے اس سلسلہ میں شائع کی ہیں ؟

وزیر—نہیں ۔

چودھری محمد افضل چیمہ—عزت مآب وزیر ترقیات نے فرمایا ہے کہ مرکز سے آمدہ اطلاعات اور اعداد و شمار سے یہ معلوم ہوا ہے کہ پنجاب پاکستان میں شامل ہے ۔ میں یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ کیا انہیں صرف اسی ذریعہ سے پتہ چلا ہے کہ پنجاب پاکستان میں شامل ہے ؟

صادب سپیکر—اس سوال کے پوچھنے کی اجازت نہیں ہے ۔

INCOME

*3452. **Mian Muhammad Shafi:** Will the Honourable Minister of Development be pleased to state :—

(*a*) the *per capita* income in the Punjab before the Partition ;

(*b*) the *per capita* income in the Punjab at present ?

عزت مآب رانا عبدالحمید خاں—(الف) پنجاب کے لئے فی کس آمدنی کا کوئی جداگانہ تخمینہ موجود نہیں ۔ قومی آمدنی کے اعداد و شمار متعدد قسم کے اقتصادی یا معاشی کاروبار کی یافت کے مطابق بہم پہنچائے جاتے ہیں ۔ لہذا تخمینہ بندی کے لئے تمام ملک ایک اقتصادی وحدت تصور کیا جاتا ہے ۔ قومی آمدنی کے اعداد و شمار مختلف صوبوں کے مطابق بہم نہیں پہنچائے جاتے ۔ ڈاکٹر وی ۔ کے ۔ آر ۔ وی راؤ کی فراہم کردہ معلومات کے مطابق برطانوی ہندوستان میں ۱۹۳۱ ۔ ۳۲ء کے دوران قومی آمدنی فی کس ۶۵-۰-۰ روپے تھی ۔ تقسیم ملک تک ہندوستان میں سائنسی بنیاد پر کوئی تخمینہ نہیں لگایا گیا تھا ۔

(ب) جز (الف) بالا میں مندرجہ وجوہات کی بنا پر پنجاب کے لئے فی کس آمدنی کا جداگانہ تخمینہ موجود نہیں ہے ۔ تاہم مرکزی دفتر شماریات کے اندازوں کے مطابق ۱۹۵۲-۵۳ء کے سال کے لئے پاکستان بشمول پنجاب میں فی کس آمدنی ۲۳۳-۰-۰ روپے ہے ۔ پنجاب میں آج کل فی کس آمدنی معلوم نہیں ۔

رانا گل محمد نون المعروف رانا عبدالعزیز نون—کیا میں انریبل وزیر ترقیات سے یہ دریافت کر سکتا ہوں کہ پنجاب اور باقی پاکستان کی *per capita* آمدنی پاکستان بننے کے بعد وہی ہے جو پاکستان بننے سے پہلے تھی یا کوئی فرق ہے یعنی کم ہوگئی ہے یا زیادہ ؟

وزیر—میں نے عرض کیا ہے کہ برٹش انڈیا کے زمانے میں یہ آمدنی ۶۵ روپیہ سالانہ تھی اور ۵۳-۱۹۵۲ کے اعداد و شمار کے مطابق یہ ۲۳۳ روپیہ ہے ۔ اس سے آپ اندازہ لگا سکتے ہیں کہ یہ بڑھ گئی ہے یا گھٹ گئی ہے ۔

میاں محمد شفیع—کیا آنریبل وزیر ترقیات از راہ کرم اس بات کی زحمت گوارا فرمائینگے کہ وہ ایوان کی اطلاع کے لئے یہ بتلا دیں کہ *per capita income* کس طریقے سے assess کی جاتی ہے ؟

صاحب سپیکر—اس سوال کی اجازت نہیں ہے ۔

میاں محمد شفیع—کیا یہ امر واقعہ ہے کہ فی کس یومیہ آمدنی معلوم کرنے کے سلسلہ میں متحدہ پنجاب میں ایک باقاعدہ محکمہ تھا جس نے بہت کاوش کے بعد یہ اعداد و شمار فراہم کئے تھے جو اب آپ نے پیش کئے ہیں ؟

وزیر—آپ نوٹس دیں تو میں جواب دے سکتا ہوں ۔

چودھری محمد افضل چیمہ—کیا وزیر ترقیات یہ فرمائینگے کہ اس وقت تک فی کس آمدنی کا جو معیار آپ نے فرمایا ہے وہ آپ کو مرکز سے آمدہ اطلاعات پر مبنی ہے ۔ اور ——————

صاحب سپیکر—آپ سوال کریں تقریر نہ کریں ۔

چودھری محمد افضل چیمہ—میں یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ یہاں پر آپ کا جو بورڈ آف اکنامک انکوائری ہے کیا ان سے آپ نے اس اہم فریضہ کی انجام دہی کا مطالبہ نہیں فرمایا ؟

وزیر—مجھے معلوم نہیں ہے کہ کوئی اس قسم کا ادارہ یہاں موجود ہے اگر آپ نوٹس دیں تو میں یہ معلوم کر سکتا ہوں ۔

چودھری محمد افضل چیمہ—حضور والا—مجھے سخت تعجب ہوا ہے کہ وزیر موصوف نے اس امر سے لا علمی کا اظہار فرمایا ہے ۔

صاحب سپیکر—آپ سوال کیجئیے ۔ تقریر کی اجازت نہیں ۔

چودھری محمد افضل چیمہ—حضور والا - میں ان کی لاعلمی پر تعجب کا اظہار کر رہا تھا - سوال یہ کہ کیا عزت مآب وزیر ترقیات کے علم میں یہ بات ہے کہ بورڈ آف اکنامک انکوائری سے باقاعدہ ہر ماہ ایک رپورٹ شائع ہوتی ہے اور ایک ایسا ماہوار رسالہ شائع کیا جاتا ہے جس میں تمام اس قسم کے اعداد و شمار ہوتے ہیں -

صاحب سپیکر—کیا کوئی ایسا رسالہ شائع ہوتا ہے ؟

وزیر—جی ہاں شائع ہوتا ہے

میاں محمد شفیع—کیا آنریبل وزیر ترقیات کو یہ علم ہے کہ محکمہ صنعت کے پاس ایک Statistical Officer ہے جس کا یہ کام ہے کہ وہ اس قسم کے اعداد و شمار فراہم کرے ؟

صاحب سپیکر—یہ سوال آپ محکمہ صنعت کے وزیر سے پوچھ سکتے ہیں -

میاں محمد شفیع—کیا آنریبل وزیر ترقیات یہ بتلا سکینگے کہ اس قسم کے اعداد و شمار کے فراہم نہ کرنے سے ایسی دقتیں پیدا ہو سکتی ہیں جس کی وجہ سے آپ قوم کی بہتری کا کوئی کام نہیں کر سکتے ؟

صاحب سپیکر—اس سوال کی اجازت نہیں -

چودھری محمد افضل چیمہ—آنریبل وزیر ترقیات نے فی کس آمدنی ۲۳۳ روپیہ فرمائی ہے - کیا انہیں اس بات کا علم ہے کہ آپ کی مرکزی حکومت کے وزیر خزانہ نے ۲۴ جولائی ۱۹۵۴ء کو ایک تقریر کے دوران میں یہ فرمایا تھا کہ ہمارا تخمینہ سالانہ آمدنی فی کس ۲۵۰ روپیہ ہے -

صاحب سپیکر— Disallowed

Mian Muhammad Shafi: My question is very simple. It enquries about the *per capita* income in the Punjab at present and the *per capita* income in the Punjab before partition.

Minister: Well I don't know.

Mian Muhammad Shafi: Does he realise what it means.

Mr. Speaker: Disallowed. No further questions on this point.

حضور والا—بجٹ کی حیثیت اس نہر کی سی ہوتی ہے جو دریا سے نکل کر اپنے ساتھ پانی لےکر بہتی ہے اور جسے اپنی منزل پر پہنچنا ہوتا ہے ۔ مگر راستہ میں زبردست قسم کے زمیندار اپنی لٹھ کے زور پر نہر کا پانی کاٹ کر اپنے اپنے کھیتوں میں لے جاتے ہیں ۔ پھر ایسے لوگ بھی ہوتے ہیں جو رشوت کے ذریعہ پانی کو حاصل کرتے ہیں اور کچھ اپنے اثر و رسوخ سے موگوں کو چوڑا کر لیتے ہیں اور ناجائز ہتھکنڈوں سے پانی کو اپنے استعمال میں لے آتے ہیں ۔ چنانچہ وہ نہر جو اس سارے علاقے کو سرسبز و شاداب کرنے کی ذمہ دار ہوتی ہے اپنی منزل تک پہنچنے سے پہلے ہی خشک ہوجاتی ہے ۔ بعینہ بجٹ بھی اپنے ساتھ ایسی رقوم لے کر چلتا ہے جو رفاہ عامہ اور فلاح عامہ کے لئے استعمال میں آسکتی ہیں اگر وہ رقوم جائز طور پر اور ایمانداری سے استعمال کی جائیں تو ہمارے صوبہ کے عوام کے رنج و غم کا بخوبی مداوا ہوسکتا ہے ۔ دراصل بات یہ ہے کہ آپ ناجائز اور بیجا طور پر نوازشات کرتے ہیں نالائق قسم کے افسران کو اعلیٰ دیانتدار افسروں پر فوقیت دیتے ہیں ۔ اور پھر ان لوگوں کو آپ مختلف علاقوں میں چوٹی پر بٹھا دیتے ہیں جو حقیقت میں اس قابل نہیں ہوتے ۔ اس طرح آپ وہ تمام مدات اور رقوم بجائے کسی مفید کام

پر خرچ کرنے کے بالکل ضائع کردیتے ھیں ۔ آپ ڈپٹی کمشنروں وغیرہ کو اپنی خواھشات کے مطابق عمل کرنے اور اپنی آرزوؤں کی تکمیل کے لئے ان کو آلہ کار بناتے ھیں ۔ اور اپنی مطلب برآری کے لئے ان کو مربعے بخشتے ھیں ۔ ابھی کل ھی مجھے معلوم ھوا اور یہ امر کسی قدر قابل افسوس ھے کہ ایک ڈپٹی کمشنر سے ایسا فیصلہ کرایا گیا جس سے صوبہ کی کمر توڑ کر رکھدی گئی ھے ۔ اس ڈپٹی کمشنر نے صوبہ کے exchequer کو بالکل خالی کر دینے والا فیصلہ دیا ھے یعنی یہ کہ ضلع شاہپور کی نہر کے سلسلے میں اس نے سات کروڑ روپے کا معاوضہ دینے کا فیصلہ سنایا ھے ۔

Chief Minister : I take exception to these words. It is absolutely untrue.

ملک غلام نبی —لیکن اپ مجھ سے اتفاق کرینگے کہ اس ڈپٹی کمشنر کو پانچ مربعے عطا کئے گئے تھے ۔ کیا یہ امر واقعہ نہیں ؟

وزیر اعلیٰ—اسے حکومت نے ایک پیسہ نہیں دیا ۔ آپ بالکل غلط کہتے ھیں ۔

صاحب سپیکر—ممبر صاحبان کو چاھیئے کہ اگر کوئی ایسی چیز اس معزز ایوان میں پیش کرنی ھو تو اس کے متعلق پورے طور پر معلومات حاصل کرلیا کریں ۔

ملک غلام نبی—جناب والا ۔ اگر یہ بات وزیر اعلیٰ صاحب کو ناگوار گذری ھے تو میں اس پر مزید بحث نہیں کرتا ۔ میں نے اس سلسلہ میں کسی کا نام نہیں لیا ۔ میں نے نہایت عاجزی سے یہ عرض کیا ھے کہ یہ بخشش آپ کے پیش رو حکمرانوں نے اپنی خوشنودی طبع کے لئے کی تھی ۔ میں مزید تفصیلات میں جانا نہیں چاھتا ۔ اور نہ ھی کسی ایسے شخص کا نام لے کر اسے موضوع بحث بنانا چاھتا ھوں جو اس معزز ایوان کا ممبر نہیں ھے ۔ کیونکہ ھوسکتا ھے کہ یہ بات بعض حضرات کے لئے سیاسی طور پر نقصان دہ ثابت ھو ۔ لیکن سیاسی پہلو کو بالائے طاق رکھکر میں سمجھتا ھوں اور مجھے حق پہنچتا ھے کہ صوبہ کی مالی حالت کے پیش نظر میں اس بات کے حسن و قبح پر سیر حاصل بحث کروں تا کہ چند بڑے بڑے زمینداروں کی وجہ سے صوبہ کے دیگر باشندگان کو بیجا طور پر نقصان نہ پہنچے ۔ یہ بات میں ماننے کے لئے تیار ھوں کہ وہ پانچ مربعے سر خضر حیات نے یا نواب سر اللہ بخش مرحوم نے اس ڈپٹی کمشنر کو اس کی خدمات کے سلسلہ

میں دئے تھے لیکن معاملہ دراصل ان پانچ مربعوں کا نہیں بلکہ اس سات کروڑ روپے کی گرانقدر رقم کا ہے جو معاوضے کے طور پر دی جانی ہے۔ اس موقع پر میں یہ بھی واضح کردینا ضروری سمجھتا ہوں کہ آپ اس صوبہ کے خزانے کے امین ہیں۔ اگر یہ رقم بیجا طور پر دے دی گئی تو یہ امانت میں خیانت کے مترادف ہوگی۔ چنانچہ قوم کی امانت میں خیانت کرنے والے سے بڑا کوئی مجرم نہیں ہوسکتا۔ وزیر اعلیٰ صاحب آپ کو یہ بات بری اس لئے لگتی ہے کہ اس سات کروڑ روپے میں ڈیڑھ کروڑ روپیہ ان کا بھی ہے۔ ویسے بھی آپ جانتے ہیں کہ حقیقت تلخ ہوا کرتی ہے۔

صاحب سپیکر—جس چیز کے متعلق آپ بحث کررہے ہیں چونکہ وہ sub-judice ہے اس لئے آپ اس کے متعلق کچھ نہ کہیں۔

ملک غلام نبی—جناب والا—مجھے یاد ہے پچھلی دفعہ حضور نے مجھے ایوان سے باہر چلے جانے کا حکم دیا تھا اور میں نے اس کی تعمیل کی تھی۔ اس کی وجہ یہ تھی کہ میں نے One-Unit کی قرارداد جس کا میں حامی تھا، کے سلسلہ میں یہ عرض کیا تھا کہ Constituent Assembly کے وجود کا معاملہ Sind Chief Court میں زیر بحث ہے۔ اس لئے ہم اس معاملہ کے متعلق کوئی بحث نہیں کرسکتے۔ مگر آپ نے میرے خلاف فیصلہ دیا تھا۔ مگر اب جب کہ وزیر اعلیٰ یہ معاملہ پیش کررہے ہیں تو آپ پھر بھی میرے خلاف ہی فیصلہ دے رہے ہیں۔ بہر حال میرا مقصد صرف یہ ہے کہ یہ سات کروڑ کی گرانقدر رقم جو بیجا طور پر دی جانی ہے بچا کر اس صوبہ کے غریب عوام کی فلاح و بہبود پر خرچ کی جائے اور اسے بڑے بڑے زمینداروں کی جو قوم کے غم میں گھلے جارہے ہیں تجوریوں کی زینت بننے سے روکا جائے۔

جناب والا—اس بجٹ میں کروڑوں روپیہ ایسا ہے جو نظم و نسق پر خرچ کیا جاتا ہے مگر افسوس کہ یہ کروڑوں روپیہ معاشرے کے داغوں کو دور کرنے میں کسی صورت مد و معاون نہ ہوگا۔ آپ کا یہ نظم و نسق کا ڈھانچہ کروڑہا روپے کے سالانہ خرچ سے اس صوبے سے رشوت ستانی اور بلیک مارکیٹ ختم نہیں کر سکا۔ جس سے ظاہر ہے کہ یہ بڑی بڑی رقوم بالکل ضائع جاتی ہیں۔ یہ ضروری نہیں کہ آپ مختلف محکموں کے متعلق اعداد و شمار اکٹھے کرکے ایک کتاب کی صورت میں لا کر اس معزز ایوان میں پیش کر دیں بلکہ اصل چیز وہ حکمت عملی ہوتی ہے جس کے مطابق حکومت نے مختلف محکموں کو چلانا ہوتا ہے۔ آپ کی پالیسی وہی

انگریز کی پرانی اور بوسیدہ پالیسی ہے جو اس حکمران نے ہماری محکومیت کے زمانہ میں ہم پر مسلط کر دی تھی ۔ آپ اسی لکیر کے فقیر بنے ہوئے ہیں ۔ آپ کو اس پالیسی میں بنیادی تبدیلیاں کرنی چاہیئیں ۔ جیسا کہ قائد حزب اختلاف نے فرمایا کہ جب تک آپ اپنے عوام کے ذہنوں میں بنیادی تصورات پیدا نہ کرینگے آپ کی قوم کبھی اعلیٰ مقام حاصل نہیں کر سکتی اگر آپ موجودہ روش پر کاربند رہے تو آپ کے یہ فاضلہ یا خسارے کے بجٹ آپ کو کبھی اعلیٰ مقام پر نہیں لے جا سکیں گے ۔

جناب والا—اس کے بعد میں آپ کی وساطت سے وزیر اعلیٰ صاحب کی توجہ دو نہایت اہم معاملات کی طرف منعطف کراتا ہوں جو نہ صرف اس صوبہ کے عوام بلکہ سارے پاکستان کے عوام کی زندگی سے گہرا تعلق رکھتے ہیں ۔

پہلا تعلیم کا مسئلہ ہے ۔ اس پر آپ اپنی بساط سے بڑھکر روپیہ خرچ کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں ۔ مجھے اس پر کوئی اعتراض نہیں ۔ خدا کرے کہ اس کے نتائج توقعات کے مطابق برآمد ہوں ۔ لیکن سب سے ضروری مسئلہ جسے بالکل فراموش کیا گیا ہے وہ Child Welfare کا مسئلہ ہے ۔ آپ نے اس اہم ترین معاملے کو بالکل نظر انداز کر دیا ہے چہ جائیکہ آپ ترقی یافتہ قوموں کی طرح اعلیٰ قسم کی کوئی سکیم تیار کرتے ۔ آپ کو معلوم ہونا چاہیئے کہ دنیا کی ترقی یافتہ قوموں نے اس مسئلے کو اپنا کر ایسے انقلاب برپا کردئے ہیں ۔ جس پر بجا طور پر فخر کیا جا سکتا ہے ہٹلر جس نے اپنی قوم کو بام ترقی تک پہنچایا اس نے خود مجنونانہ انداز میں اس معاملے کی طرف توجہ دی اور اپنی قوم کو جس طرح ترقی کی منازل طے کرائیں وہ سب کچھ آپ کے سامنے ہے ۔ امریکہ نے Child Welfare Association کے ذریعے اپنی قوم کو زندہ کر دیا۔ یہی نہیں بلکہ سارے یورپ اور انگلستان نے بھی اسی مسئلہ کو بخوبی انجام دے کر ترقی کی منزلیں طے کی ہیں ۔ آپ دور نہ جائیں اپنے ہمسایہ ملک کے وزیر اعظم پنڈت نہرو اور ان کے دیگر رفقاء کی حالت ملاحظہ فرمائیں جو Child Welfare کیلئے بے تاب و مضطرب ہیں اور اپنی پوری توجہ اس مسئلے کی طرف لگائے ہوئے ہیں ۔ آپ کو معلوم ہونا چاہیئے کہ اس وقت جو آپ کی قوم کے بچے ہیں کل یہی بڑھے بڑے فلسفی اور لیڈر ہونگے اور انہیں اداروں سے فیروز خاں نون جیسے بچے پیدا ہونگے ۔

وزیر اعلیٰ—ارے بھئی کسی اور کا نام کیوں نہیں لیتے؟

ملک غلام نبی—جناب میں کسی اور کا نام اس لئے نہیں لیتا کہ ۱۹۲۳ء میں جب میں آٹھویں جماعت میں پڑھتا تھا تو میں، انجمن حمایت اسلام کے جلسے میں حاضر ہوا اور مجھے یہ معلوم ہوا کہ اس صوبے کے وزیر تعلیم ملک فیروز خاں نون ہیں - آج جب کہ ۱۹۵۵ جا رہا ہے تو آپ وزیر اعلیٰ ہیں - یہ کتنی خوش نصیبی اور لطف کی بات ہے کہ آپ جب پیدا ہوئے تو وزیر تھے اور اب جب کہ آپ ساٹھ سے تجاوز کر چکے ہیں اس وقت بھی وزیر ہیں - کیا یہ آرزو اور تمنا جائز نہیں ہے کہ ہماری قوم کے بچے بھی شروع سے لیکر آخر تک وزیر ہی بنتے رہیں - بہر کیف میری گذارش یہ ہے کہ قوم کے بچے قوم کا سرمایہ ہیں - ان کی فلاح و بہبود کی طرف زیادہ سے زیادہ توجہ دی جائے تو نہایت ہی اعلیٰ قسم کے نتائج برآمد ہو سکتے ہیں -

جناب والا—اب میں آپ کی وساطت سے حکومت کی خدمت میں یہ عرض کرونگا کہ جنگ ایک انسانی فعل ہے - شہروں میں لوگ چاقوؤں اور چھریوں سے لڑتے ہیں اور دیہات میں لاٹھیاں چلتی ہیں کلہاڑیوں اور بلموں سے لڑائی جھگڑا ہوتا ہے - اور اس سارے ڈرامے میں پولیس کا طرز عمل یہ ہوتا ہے کہ زخمی کو بجائے ہسپتال پہنچانے یا اس کیلئے طبی امداد بہم پہنچانے کے اس کے Dying Declaration کا انتظار کیا جاتا ہے - چنانچہ یہ چیز دیکھنے میں بھی آئی ہے کہ زخمی کو تین تین گھنٹے تک پڑا رہنے دیا جاتا ہے حتیٰ کہ خون بہہ بہہ کر وہ ختم ہو جاتا ہے - اس کیلئے پولیس کو ہدایات دی جائیں کہ وہ اس قسم کی وارداتوں میں زخمی کیلئے طبی امداد کا فوراً بندوبست کیا کریں کیونکہ بیانات جو زخمی حالت میں دئے جا سکتے ہیں وہ طبی علاج کے دوران بھی دئے جا سکتے ہیں اور جو بیان دینے کے قابل نہیں ہوتے وہ طبی علاج کی وجہ سے بیانات دینے کے قابل ہو سکتے ہیں -

حضور والا—میں نے پچھلے سال بھی بجٹ کے موقع پر عرض کیا تھا کہ اگر سرکاری ملازموں کے لئے بیمے کو لازمی قرار دیں تو اس سے بھی کروڑوں روپیہ بچایا جا سکتا ہے - چنانچہ وزیر اعلیٰ صاحب نے وعدہ بھی کیا تھا کہ وہ اس کے متعلق کسی کمپنی سے بات کرینگے مگر آج تک اس کے بارہ میں کوئی بات سننے میں نہیں آئی -

وزیر اعلیٰ— ہم اس کے متعلق بہت کچھ کر رہے ہیں - آپ مطمئن رہیں - جب یہ سکیم مکمل ہو گئی اس ایوان میں پیش کی جائیگی -

ملک غلام نبی—حضور والا - ہمارے معاشرے کا سب سے زیادہ بد نما داغ وہ اپاہج - لنگڑے - لولے اور اندھے لوگ ہیں جو جابجا مسجدوں وغیرہ کے ارد گرد دیکھنے میں آتے ہیں - ان کے لئے Poor Houses وغیرہ بنانے کے بارہ میں بھی حکومت نے کوئی تجویز پیش نہیں کی -

جناب والا—اس کے بعد میں ٹریفک رولز کی طرف آتا ہوں - ان کی ترمیم بھی بہت ضروری ہے - آپ دیکھتے ہیں کہ اب آئے دن کوئی نہ کوئی معزز مہمان ہمارے ہاں آیا ہوتا ہے - ہمیں ان کی عزت اور احترام میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھنی چاہئیے لیکن یہ بات میری سمجھ میں نہیں آتی کہ گھنٹوں ٹریفک کو روک رکھنا اور اپنی قوم کو یتیموں اور لاوارثوں کی طرح دورویہ کھڑا ہونے پر مجبور کرنا یہ ایک آزاد ملک کے شایان شان نہیں ہے - ابھی چند دنوں کی بات ہے کہ میں لائلپور سے آرہا تھا تو مجھے بڑھے دریا کے پاس کھڑا ہونا پڑا کیونکہ شاہ کی سواری کی آمد تھی - میرے قریب ایک عورت بھی تھی جو سٹیشن ویگن میں درد کے مارے مر رہی تھی - اسے ہسپتال جانا تھا مگر ٹریفک کے بند ہونے کے باعث اسے وہاں دو گھنٹہ تک رکنا پڑا - کسی نے اس کی تکلیف کی پرواہ نہیں کی - اس قسم کی قید و بند یقیناً درست نہیں - دوسرے ملکوں میں جب ٹریفک روکنے کی ضرورت پیش آتی ہے تو پانچ دس منٹ کے لئے ایسا کرنے پر مجبور ہوتے ہیں آپ کی طرح دو دو گھنٹہ تک ٹریفک کو بند نہیں کر دیتے اسکا وہ تصور بھی نہیں لا سکتے -

اس کے بعد جناب والا میں کپڑے کے متعلق عرض کروں گا - اب تو کپڑے کی قیمتیں کچھ گر رہی ہیں لیکن کچھ ہی عرصہ پہلے اسی صوبہ میں under your very nose سوت اور کپڑا جو یہاں تیار ہوتا تھا بے حد گراں تھا اور آپ نے اس کا کوئی علاج نہیں کیا - تعجب ہے کہ وہ کپڑا جو اپنے ملک میں تیار ہوتا ہے وہ بھی عوام کو مناسب قیمتوں پر نہیں مل سکتا - اب ضرورت ہے کہ حکومت اس طرف توجہ مبذول کرے -

جناب والا—اگر ان معروضات اور گذارشات پر عمل کیا گیا تو یقیناً یہ بجٹ قابل مبارک باد ہوگا اور اگر عمل نہ کیا گیا - تو یہ بجٹ قابل لعنت اور قابل ذلت ہو گا -

Mr. C. E. Gibbon: Point of Order. The Chief Minister just stated that certain issue or certain matter is sub-judice and, therefore, you have asked the honourable member not to dilate his speech on that particular subject. May I draw your attention, Sir, to Rule 68, sub-rule (*iv*). You might

recollect, Sir, that when Malik Ghulam Nabi made mention that certain sum of money was to be paid to a certain gentleman as compensation, the Chief Minister stated that it was not true and that it was not a fact. Now in view of the fact that it was not a fact, the rule says that a member while speaking shall not refer to a matter of fact on which a judicial decision is pending. It, therefore, did not come under that rule and the honourable member had every right to go on speaking.

Chief Minister : (THE HONOURABLE MALIK MUHAMMAD FIROZ KHAN NOON) : What I meant was that the honourable member stated that the money was to be paid to the extent of Rs. 2,49,00,000 I said that was not a fact. The money has not to be paid. The Government has filed a suit. The appeal will go to High Court and will then go to Federal Court and that decision will be final.

Mr. Speaker : Has the appeal been filed ?

Chief Minister : We have filed the appeals.

Mr. Speaker: So far as the point of order is concerned, stress has been laid on a question of fact. Now the question that was mentioned by the honourable member in the course of his speech was with reference to the award that has been made in favour of certain gentlemen by a certain Deputy Commissioner. Since that award has been challenged in a court of law, I am afraid no further reference to the matter will be permissible because the matter is sub-judice.

Mr. C. E. Gibbon: My point of order is that leaving aside the question of the amount to be paid as compensation there is the allied matter on which the honourable member was speaking and that is not sub-judice.

Mr. Speaker: What is the allied matter ?

Mr. C. E. Gibbon : There are other persons, etc. , etc.

Mr. Speaker : The whole matter is sub-judice.

Chief Minister : He is right to a certain extent. I must make the point clear. There are certain private canals in Shahpur district which the previous Ministry decided to acquire and they took possession of them and opened Shahpur branch. Now with regard to 3 or 4 canals belonging to certain gentlemen, award has been given. The Deputy Commissioner cannot proceed with the estimation of the compensation due to the other canal owners. Therefore, that has been stopped also until the appeal in the Federal Court is decided.

مسٹر عبدالحمید امین—(کارپوریشن شہر لاہور ۔ ۲ مسلم مخصوص نشست)—جناب والا ۔ کونسا ایسا شخص ہوگا جو اپنے ملک یا اپنے صوبہ کا فاضل بجٹ دیکھکر خوش نہ ہو چنانچہ میں بھی ان اشخاص میں سے تھا جنہیں فاضل وزیر اعلےٰ کی تقریر سے مسرت ہوئی جس میں انہوں نے فاضل بجٹ کی خوشخبری سنائی ۔ تا ہم یہ مسرت دیر پا ثابت نہ ہوئی ۔ جونہی میں نے بجٹ کا بہ نظر غائر مطالعہ کیا تو مجھ پر یہ حقیقت واضع ہو گئی کہ یہ بجٹ فاضل بجٹ نہیں اور اسے متوازن اور صحت مند بجٹ نہیں کہا جا سکتا ۔ اس علم سے اور ابھی اسی بیان سے مجھے دلی رنج ہے لیکن حقائق کا چھپانا دیانتداری نہیں ۔ ابھی میں آپ کے سامنے اعداد و شمار پیش کروں گا انہیں دیکھکر آپ میرے

خدشات کی تائید کریں گے۔ اور جہاں میں غلطی پر ہوں آپ میری تصحیح فرمائیں۔

مجھے یہ احساس ہے کہ بجٹ سازی کوئی آسان کام نہیں اس کے لئے کافی وقت اور محنت کی ضرورت ہے۔

وزیر اعلیٰ — بجٹ سمجھنا بھی آسان نہیں۔

مسٹر محمد امین — یہ ٹھیک ہے اور آپ ہمیں سمجھا دیں۔

وزیر اعلیٰ — یہ تو فنانس سیکرٹری کا کام ہے وہ آپ کو بخوبی سمجھا سکینگے۔ میں خود نہیں سمجھا۔

مسٹر محمد امین — ہمارے صوبہ کی یہ بد قسمتی ہے کہ ہمارے لیڈروں کو اس طرف توجہ دینے کی فرصت نہیں ملتی اور ہمیشہ آپس میں بر سر پیکار رہتے ہیں جب تک یہ رسہ کشی جاری رہیگی ہمارے صوبہ کی حالت سدھر نہیں سکتی۔

جناب والا — اس تھوڑے سے وقت میں ممکن نہیں کہ میں اس بجٹ کی آمد و خرچ کی سب مدات پر روشنی ڈال سکوں تاہم میں کچھ مدات کے متعلق اپنے خیالات پیش کرنے کی کوشش کروں گا اور ان کے اصل حالات واضح کرونگا۔

پیشتر اس کے کہ میں اس معاملہ کی تفصیلات پیش کروں میں وزیر اعلیٰ صاحب کی تقریر کے صفحہ ۹ کی طرف توجہ دلاتا ہوں جس میں مجھے ایسے اعداد و شمار نظر آئے ہیں جو درست نہیں۔ آپ نے فرمایا ہے کہ ۲۴٫۶۲ کروڑ روپیہ منافع ہونے کی بجائے ۲۷٫۶۱ کروڑ منافع حاصل ہوگا۔ اس طرح ۳٫۶۹ کروڑ آمدنی اندازہ سے زیادہ ہو گی لیکن در حقیقت اس کے فرق کو دیکھیں تو ۲٫۹۹ کروڑ بنتا ہے۔

پھر آپ نے یہ فرمایا ہے کہ آمدنی میں چونکہ ۴۷ لاکھ خرچ بڑھ گیا ہے تو منافع ۲٫۶۰ کروڑ رہ جائے گا لیکن ۳٫۶۹ کروڑ میں سے اگر ۴۷ لاکھ کا خرچ نکال دیں تو وہ ۳٫۲۲ کروڑ بنتا ہے۔

ان اعداد و شمار میں جو تفاوت ہے میرا خیال ہے کہ یہ کتابت کی غلطی ہے۔ اگر آپ ایک دن پہلے اس پر غور فرما لیتے تو یہ غلطی درست ہو جاتی۔ امید ہے آپ اس کی وضاحت فرمائینگے۔

جناب والا — میں بجٹ کے متعلق اپنی گزارشات کو چار حصوں میں تقسیم کرونگا۔ میری پہلی گزارش یہ ہے کہ یہ بجٹ فاضل بجٹ نہیں بلکہ

ایک خسارے کا بجٹ ہے ۔ دوسرے یہ کہ اس بجٹ کے غیر ضروری اخراجات میں حسب سابق اضافہ ہوا ہے ۔ تیسرے یہ کہ قرضہ میں کوئی کمی نہیں ہوئی بلکہ اضافہ ہوا ہے ۔ چوتھے یہ کہ مرکزی حکومت نے حسب معمول ہمارے ساتھ منصفانہ سلوک نہیں کیا ۔

اب سب سے پہلے میں بجٹ کی پوزیشن کو لیتا ہوں ۔ یہ کہا گیا ہے کہ اس بجٹ میں ۵۷ لاکھ روپیہ کی بچت ہے ۔ جناب والا ۔ اگر سالانہ آمدنی پر نظر ڈالی جائے تو معلوم ہوگا کہ اس آمدنی میں ۳ کروڑ ۶ لاکھ روپیہ کی وہ رقم بھی شامل ہے جو سرکاری جائداد کو فروخت کرکے حاصل کی گئی اور اسے بھی آمدنی میں شامل کر لیا گیا ہے ۔ آخر آپ نے کس قاعدہ اور کلیہ کے ماتحت ایسا کیا ہے ۔ اگر کسی جائداد کو فروخت کرکے اسے آمدنی میں شامل کیا جاتا ہے تو اسے آمدنی نہیں کہا جا سکتا ۔ موجودہ سال میں انہوں نے ۶۳ لاکھ روپیہ کی جائداد فروخت کی اور اسے بھی آمدنی میں شامل کر لیا ۔ میرے خیال میں وزیر اعلیٰ صاحب کو چاہئیے تھا کہ وہ اس ایوان کو اپنے اعتماد میں لیتے اور اپنی مالی حالت بیان کرتے اور یہ کہتے کہ ہماری مالی حالت خراب ہے اس لئے ہم یہ جائداد فروخت کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں ۔ لیکن انہوں نے یہ سمجھکر کہ بجٹ کو دیکھنا کس نے ہے یہ رقم آمدنی میں خاموشی سے شامل کر لی ۔ اس کے علاوہ ایک کروڑ ۳۲ لاکھ روپیہ کی رقم جو Flood Relief کے لئے سینٹر سے ملی تھی اس کو بھی آمدنی میں شامل کر لیا گیا ہے ۔

وزیر اعلیٰ —وہ صرف Flood Relief پر خرچ ہوگی ۔

مسٹر محمد امین ۔ That is not so, Sir,

آپ نے ۱ کروڑ ۲۳ لاکھ روپیہ کو آمدنی میں شامل کر کے جائز بات نہیں کی ۔ اس طرح جب کبھی خدا نخواستہ national calamity ہوئی تو آپ وہ تمام کا تمام روپیہ آمدنی میں شامل کرلیا کرینگے ۔ This is not proper اس کے علاوہ مرکزی حکومت کی طرف سے سیل ٹیکس اور انکم ٹیکس کے واجبات میں سے جو رقم فاضل ملی وہ ۱ کروڑ ۹۱ لاکھ روپیہ تھی ۔ اسے بھی انہوں نے اپنی آمدنی میں شامل کرلیا اور موجودہ سال میں ان کو ۱ کروڑ ۸۱ لاکھ روپیہ سیل ٹیکس اور سینٹرل ایکسائز ٹیکس سے فاضل ملا ۔ اسے بھی انہوں نے اپنی آمدنی بنا لیا اور اگر ان اعداد و شمار کو جو میں نے بیان کئے ہیں آمدنی میں شامل نہ کیا جائے تو اس بجٹ میں سات کروڑ روپیہ کا خسارہ ہے ۔ آمدنی بڑھانے کا یہ طریقہ نہیں ہے کہ

اپنی جائیداد بیچ کر اسے آمدنی میں شامل کر لیا جائے ۔ اگر آپ اپنی جائیداد کو بیچ کر اس سے وصول شدہ رقم کو اپنی آمدنی میں شامل کرینگے تو اس طرح آپ سارا صوبہ پنجاب بیچ کر اسے اپنی آمدنی میں شمار کر سکتے ہیں۔ اگر آپ اپنے اخراجات میں کمی نہیں کرینگے تو اندیشہ ہے کہ آپ کسی وقت سارے پنجاب کو فروخت کر دیں گے۔

اس کے مقابلہ میں مشرقی پنجاب کی مثال میں آپ کے سامنے پیش کرتا ہوں ۔ وہ صوبہ ہمیشہ Deficit Province رہا ہے لیکن اس کی پیداوار اب کئی گنا بڑھ گئی ہے انہوں نے اس سلسلہ میں بڑی ترقی کی ہے ۔ لیکن اس کے مقابلہ میں بد قسمتی سے غیر ضروری اخراجات کی وجہ سے ہمارے صوبہ نے کوئی ترقی نہیں کی ۔ ہر سال بجٹ کے موقعہ پر میں یہ اپیل کرتا ہوں کہ غیر ضروری اخراجات میں کمی کی جائے لیکن اس طرف کسی نے کوئی توجہ نہیں دی اور ۴ سال سے مسلسل غیر ضروری اخراجات میں اضافہ ہو رہا ہے ۔ اس سلسلہ میں میں نے کچھ اعداد و شمار جمع کئے ہیں انہیں میں Demand for Grants کے موقع پر پیش کرونگا لیکن اس وقت میں صرف P. W. D. (Civil Works) کے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ اس محکمہ کے غیر ضرور ی اخراجات کا یہ حال ہے کہ اس پر کو ئی توجہ نہیں دی گئی ۔ وزیر اعلیٰ صاحب نے اکانمی کمیٹی کا ذکر فرمایا تھا لیکن افسوس اس بات کا ہے کہ اس بچت کمیٹی کو کام کر نے نہیں دیا جاتا ۔ اگر یہ کمیٹی کوئی سفارشات کرتی ہے تو ان پر عمل نہیں کیا جاتا اور حکومت اپنی من مانی کاروائی کرتی ہے ۔(ہئیر ۔ ہئیر) ۔ بچت کمیٹی کا ریکارڈ اس امر کا شاہد ہے کہ جو سفارشات اس نے کی تھیں ان پر عمل نہیں کیا گیا (قطع کلامیاں) ۔ اس بچت کمیٹی میں پی ۔ ڈبلیو ۔ ڈی (سول ورکس) کا معاملہ زیر بحث آیا اور ان کے چیف انجینیر صاحب وہاں تشریف لائے ۔ ان پر سوالات کئے گئے اور ان سے اخراجات کم کرنے کے بارے میں پوچھا گیا ۔ اس سوال و جواب کے دوران میں یہ چیز ظاہر ہوئی کہ اس محکمہ میں لاکھوں روپیہ کا غبن ہوا ہے اور لاکھوں روپیہ خورد برد کیا گیا ہے ۔ اور جب یہ معاملہ اکانمی کمیٹی کے زیر بحث آیا اور اس پر بحث و تمحیص ہوئی ۔ تو معلوم ہوا کہ کراچی کے ایک کباڑئیے سے حکومت نے لاکھوں روپیہ کا مال خریدا ہے جو حکومت کے کسی کام کا نہیں تھا ۔

وزیر اعلیٰ ۔ کتنے لاکھ کی رقم کا مال اس کباڑئیے سے خریدا گیا ؟

مسٹر محمد امین۔ کئی لاکھ روپیہ کا مال خریدا گیا ۔

صاحب سپیکر - آپ کو پندرہ منٹ اور دئیے جاتے ہیں -

مسٹر محمد امین - تو جناب والا - اکانمی کمیٹی میں جب یہ معاملہ پیش ہوا اور وہاں سٹور پرچیز آفیسر کو بلایا گیا تو اس نے سارے الزامات کی تائید کی اور کمیٹی اس کی حقیقت سے مطمئن ہو گئی - چونکہ وزیر متعلقہ کا یہ معاملہ تھا اس لئے یہ ضروری سمجھا گیا کہ وزیر متعلقہ کو لکھا جائے - میاں عبدالباری صاحب بھی اس کمیٹی میں موجود تھے ان کا یہ خیال تھا کہ یہ معاملہ پولیس کو سونپ دیا جائے لیکن یہ مناسب نہ سمجھا گیا - بلکہ وزیر متعلقہ کو لکھنا مناسب خیال کیا گیا - دوسرے اگر یہ معاملہ پولیس کے سپرد کیا جاتا تو دوسرے دن اخبارات میں یہ آ جاتا کہ اس محکمہ میں لاکھوں روپیہ کا غبن ہوا ہے اور اس پر کوئی توجہ نہیں دی گئی - مجھے اکانمی کمیٹی والوں نے ہدائت کی کہ میں وزیر متعلقہ کو اس سلسلہ میں لکھوں - چنانچہ میں نے دو خطوط ان کی خدمت میں تحریر کئے - ایک ۵ جولائی کو لکھا اور دوسرا ۱۴ جولائی کو تحریر کیا گیا - ان خطوط میں اس معاملہ کی پوری وضاحت کی گئی لیکن آج تک ان کا کوئی نتیجہ نہیں نکلا -

جب تک کسی کے خلاف کوئی الزام ثابت نہ ہو جائے اس کو نہ تو مورد الزام ٹھرایا جا سکتا ہے اور نہ ہی مجرم کہا جا سکتا ہے -

Chief Minister: Why are you chasing one individual ?

Mr. Muhammad Amin: Because he came before this Committee.

صاحب سپیکر—آپ اس بحث میں نہ پڑیں اور اپنی تقریر جاری رکھیں -

مسٹر محمد امین—اب جناب والا میں قرضے کو لیتا ہوں - ہمارے صوبے کا قرضہ دن بدن بڑھتا چلا جا رہا ہے - اس وقت آپ کے کہنے کے مطابق ۹۶ کروڑ قرض ہے اور ساڑھے چودہ کروڑ آپ اور قرض لینے کا ارادہ رکھتے ہیں اور اسکی پرویژن آپ نے اپنے بجٹ میں رکھی ہوئی ہے - اس کے مطابق صوبے کا کل قرضہ ایک ارب اور دس کروڑ تک جا پہنچے گا - میں یہ مانتا ہوں کہ حکومتیں اور پرائیویٹ ادارے - لمیٹیڈ ادارے اور دنیا کا ہر کاروبار کرنے والا ادارہ حسب ضرورت قرض لیتا ہے اور ان کو قرض لینا ہی پڑتا ہے لیکن جو شخص بھی قرض لیتا ہے اس کا مدعا یہ ہوتا ہے کہ وہ اپنا روپیہ plus کسی سے قرض لیا ہوا روپیہ کسی

ایسی نفع بخش تجارت میں لگائے جس سے اسکی آمدنی کئی گناہ بڑھ جائے۔ قرض لینا کوئی بری چیز نہیں ہے بشرطیکہ اس کا استعمال صحیح طریقے پر کیا جائے ۔ اگر اس کا استعمال اچھی طرح سوچ سمجھ کر کیا جائے تو قرض لینا فائدہ مند ثابت ہوتا ہے ۔ لیکن اندھا دھند قرض لیتے جانا کسی صورت میں بھی جائز نہیں ۔ اس وقت آپکی پوزیشن کیا ہے ۔ آپ نے مرکزی حکومت سے قرض لیا ۔ آپ نے پبلک سے قرض لیا اور آپ نے پہلی مرتبہ کمرشل بنکوں سے قرض لیا جو میرے خیال میں حکومتیں عام طور پر نہیں لیا کرتیں ۔ قرض کی بھی جناب والا کوئی حد ہوتی ہے اب تو حکومت کو ایک بلاق شاہ کی ضرورت بھی پیش آ گئی ہے ۔ بنکوں سے آپ نے جو روپیہ لیا ہے اس کی مقدار پانچ کروڑ اور کئی لاکھ روپیہ ہے ۔

وزیر اعلیٰ—وہ food کے لئے advances ہوں گے ۔

مسٹر محمد امین—حضور خواہ وہ کسی بھی مقصد کے لئے ہوں بہر حال آپ کو ضرورت پیش آئی اور آپ نے قرض لیا ۔ خدا کے لئے اس کا انجام سوچیں کیا ہو گا ۔ بنکوں سے ۱۵ کروڑ قرض لیا ۔ سنٹر سے ۸۰ کروڑ قرض لیا ۔ آپ ہمیں بتائیں کہ اس ایک ارب اور دس کروڑ روپے کے قرض سے آپ نے کیا کیا مفید کام کئے اور اس سے آپ کو کتنی آمدن ہوئی ۔ یہ قرض اس قدر زیادہ ہو گیا ہے کہ صرف اس کا سود ہی ہمیں ۴ کروڑ روپیہ ادا کرنا پڑتا ہے ۔ ان حالات کے پیش نظر میں آپ سے گذارش کروں گا کہ آپ یہ فیصلہ کریں کہ ہمارا کام چلے یا نہ چلے ہم قرض کبھی نہیں لیں گے ۔ اگر ہمیں قرض سے بچنے کے لئے آدمی بھی نکالنے پڑیں تو ہم آدمی بھی نکال دیں ۔ جب کسی شخص کا منہ قرض لینے کے لئے کھل جاتا ہے تو وہ قرض لیتا جاتا ہے اور انجام کو نہیں سوچتا ۔ اس لئے خدا کے واسطے آپ انجام کا خیال کریں اور قرض کو زیادہ نہ بڑھاتے جائیں اگر قرض زیادہ بڑھ گیا تو اس کا انجام بہت خراب ہو گا ۔ جناب والا میں نے چند figures جمع کی ہیں جن سے ثابت ہوگا کہ حکومت نے اس قرضے کو کس کس کام پر لگایا ہے اور ہر منصوبے پر کتنی کتنی رقم لگائی ہے۔ سب سے زیادہ روپیہ حکومت نے نہریں بنانے پر صرف کیا ہے یا نہروں کے links بنانے پر لگایا ہے ۔ اس کام پر حکومت نے ۴۶ کروڑ روپیہ صرف کیا ہے ۔ تقسیم سے پہلے ہمارے صوبے میں نہروں کا ایک جال بچھا ہوا تھا اور ہمیں کسی مزید نہر کی کوئی ضرورت نہ تھی ۔ مگرتقسیم ہند کے بعد ہمارے کچھ headworks ہندوستان میں چلے گئے اور ہم یقین کے ساتھ نہیں کہہ سکتے تھے کہ ہمیں وہاں

سے پانی ضرور ملے گا - ہم نے یہ سوچا کہ اگر ادھر سے ہمیں پانی نہ ملا تو ہمارا علاقہ برباد ہو جائے گا اس لئے ہمیں نئی نہریں کھودنے کی ضرورت محسوس ہوئی جس پر ہمارا ۴۶ کروڑ روپیہ صرف ہوا - ۳۸ کروڑ روپیہ تو اب تک خرچ ہو چکا ہے اور باقی ۸ کروڑ روپیہ آپ نے اس موجودہ بجٹ میں خرچ کرنے کے لئے رکھا ہے - میری گذارش یہ ہے کہ یہ خرچ ہم کو مجبوراً تقسیم ملک کی وجہ سے کرنا پڑا لہذا اس کی ذمہ داری صوبے پر نہیں آنی چاہئے بلکہ سنٹر کو یہ تمام خرچ برداشت کرنا چاہئے -

قرض کے سلسلے میں آپ نے بتایا ہے کہ تقسیم ہند سے پہلے غیر تقسیم شدہ پنجاب کا ۳۱ کروڑ اور ۴۸ لاکھ روپے کا قرض تھا - اس وقت تک ۸ سال گذر چکے ہیں مگر ابھی تک اس قرضے کا کوئی فیصلہ نہیں ہوا کہ مشرقی پنجاب کا اس میں سے کتنا قرض ہے اور مغربی پنجاب کا کتنا - کتنے افسوس کی بات ہے کہ یہ سارے کا سارا بوجھ ہماری گردن پر پڑا ہوا ہے - ستم بالائے ستم یہ کہ ہم اس قرضے کا سود بھی ادا کر رہے ہیں اور آج تک ہم ۱۱ کروڑ اور ۵۳ لاکھ کی رقم بطور سود ادا کر چکے ہیں - اس میں سے جتنا سود ہمارے حصہ میں آتا ہے وہ تو ہمیں ادا کرنا چاہئے مگر جو مشرقی پنجاب کے حصے میں آتا ہے اس کا بوجھ ہم پر کیوں ڈالا جا رہا ہے یہ بھی مرکزی حکومت کا فرض ہے کہ وہ اس کو ادا کرے -

اسی طرح جناب والا ۴۶ کروڑ کا قرضہ جو ہم نے نہریں تعمیر کرنے پر صرف کیا ہے اس کا سود تین کروڑ روپے ہم پر پڑا رہا ہے - یہ بوجھ بھی حکومت پاکستان کو برداشت کرنا چاہئے -

اسی طرح جناب والا مغربی پنجاب کی حکومت نے مہاجرین کی آبادکاری پر ۱۴ کروڑ روپیہ صرف کیا ہے - اس کے علاوہ مغربی پنجاب والوں نے اپنے مہاجرین بھائیوں کے ساتھ جو اچھا سلوک کیا ہے اسکی مثال تاریخ میں نہیں مل سکتی - اس اچھے سلوک کے ساتھ ساتھ ان لوگوں نے اپنی جیبوں سے روپیہ صرف کیا - ادھر ہماری حکومت نے تو مہاجرین کی آبادکاری پر ۱۴ کروڑ روپیہ صرف کیا مگر ادھر یہ حالت ہے کہ مرکزی حکومت مہاجرین پر خرچ کرنے کے لئے سندھ کو روپیہ دیتی ہے - مشرقی بنگال کو روپیہ دیتی ہے اور اسی طرح صوبہ سرحد کو روپیہ دیتی ہے اور اس کا نتیجہ یہ برآمد ہوتا ہے کہ انہوں نے روپیہ تو کھا لیا اور مہاجرین کو پھر واپس کر دیا - ہم نے جو ۱۴ کروڑ روپیہ مہاجرین پر صرف کیا ہے اسمیں سے ہمیں سات کروڑ اور ۷۱ لاکھ روپیہ واپس مل چکا ہے اور اگر

ہمارے وزیر اعلیٰ صاحب مزید کوشش کریں تو باقی کا روپیہ بھی ہمیں سنٹر سے واپس مل جائے گا ۔

حضور والا—اسی طرح بارڈر پولیس پر خرچ کرنا بھی ہمارے ذمہ نہیں بلکہ یہ مرکزی حکومت کی ذمہ‌داری ہے ۔ اصل میں یہ سنٹرل گورنمنٹ اور خاص طور پر ڈیفینس ڈیپارٹمنٹ کے فرائض میں شامل ہے کہ وہ بارڈر پولیس کا خرچ برداشت کرے ۔

وزیر اعلیٰ—وہ نہیں مانتے میں کہہ چکا ہوں ۔

مسٹر محمد امین—انہیں ماننا پڑے گا ۔ اگر پانچ سال سے وہ نہیں مانے تو اب ان کو یہ تسلیم کرنا پڑے گا کہ بارڈر پولیس پر خرچ کرنا ان کا اپنا ذمہ ہے ۔ پانچ سال میں ہم چھ کروڑ روپیہ برداشت کر چکے جو کہ اصل میں سنٹرل گورنمنٹ کی ذمہ‌داری تھی ۔

وزیر تعمیرات عامہ—چھ کروڑ ؟

مسٹر محمد امین—۸۳ لاکھ روپیہ سالانہ کے حساب سے سات آٹھ سال میں پانچ کروڑ ۶۵ لاکھ روپے بن جاتے ہیں (اصل میں ۶ کروڑ ۶۴ لاکھ آٹھ سال میں ہونگے) ۔

وزیر اعلیٰ—اس میں سے ۶۰ فیصد سنٹر گورنمنٹ دیتی ہے اور ۴۰ فیصد ہم صوبہ پنجاب کی طرف سے دیتے ہیں ۔

مسٹر محمد امین—یہ ۴۰ فیصد بھی سنٹرل گورنمنٹ کو ہی دینا چاہئے ۔

وزیر اعلیٰ—وہ مانتے نہیں میں نے بڑی کوشش کی ہے ۔

مسٹر محمد امین—انہیں ماننا پڑے گا ۔ اسکے علاوہ ریز میں ایوارڈ کے ذریعے بھی پنجاب کو نقصان پہنچایا گیا ہے ۔

وزیر اعلیٰ—یہ ٹھیک ہے ۔

مسٹر محمد امین—اسی طرح جناب والا ۔ سیل ٹیکس اور انکم ٹیکس کے معاملے میں بھی پنجاب کے ساتھ بے انصافی ہو رہی ہے یہ ساری آمدنی سنٹرل گورنمنٹ کو جاتی ہے ۔ حالانکہ کراچی کی بندرگاہ پر اترنے والے درآمدی مال کا ستر فیصد حصہ پنجاب میں ہی صرف ہوتا ہے اور اسکی آمدنی حصہ رسدی *Pro-rata* چاہئیے یہی حال انکم ٹیکس کا ہے ۔ اس سے بھی ہمیں حصہ ملتا ہے اگر ریز مین ایوارڈ کا معاملہ سنٹرل گورنمنٹ اور پنجاب گورنمنٹ کے درمیان طے نہ ہو سکے تو بذریعہ ثالثی کسی arbitrator کے سپرد کرکے فیصلہ کرا لینا چاہئے ۔ تاکہ جھگڑا طول نہ پکڑے ۔

وزیر اعلیٰ—وہ یہ بھی نہیں مانتے -

مسٹر محمد امین—They will have to agree to it
اب حضور والا - مجھے چند ایک تعمیری suggestions پیش کرنا باقی ہیں .

صاحب سپیکر— آپکے صرف چار منٹ رہ گئے ہیں -

مسٹر محمد امین—میں جلدی میں کہ لیتا ہوں - ایک تو میری تعمیری تجویز یہ ہے کہ ٹرانسپورٹ کو نیشنلائز کر دیا جائے - اس سے گورنمنٹ کو ۳ کروڑ روپے سالانہ کی آمدنی ہو سکتی ہے مجھے تو ڈسپلن کا ڈر ہے ورنہ واشگاف الفاظ میں کہہ دوں کہ گورنمنٹ اپنی پارٹی کے چند ایک ممبران کی ناجائز امداد کے باعث جن کو وہ فائدہ پہنچانا چاہتی ہے ٹرانسپورٹ کو نیشنلائز کرنے کی پوری کوشش نہیں کرتی - (نعرہ ہائے تحسین) اسی طرح جناب والا مجھے محکمہ آبادکاری پر کئے جانے والے ناجائز اخراجات پر اعتراض ہے - جب Economy کمیٹی میں جس میں عزت مآب ملک فیروز خاں نون اور نواب مظفر علی خاں قزلباش بھی موجود تھے میں نے سوال کیا تھا کہ اس محکمہ میں اب کیا کام باقی رہ گیا ہے -

وزیر مال—ابھی تو اصلی کام اب شروع ہونے والا ہے -

مسٹر محمد امین—اس وقت تو بیان کیا گیا تھا کہ اب کام ختم ہو رہا ہے مگر اب جو میں نے بجٹ کو دیکھا تو اس کا خرچ نہ صرف قائم ہے بلکہ بڑھا ہوا ہے -

وزیر مال—نہیں وہ خرچ جو آپ کہتے ہیں وہ تو چھوڑ دیا گیا ہے-

مسٹر محمد امین—مگر حقیقت یہ ہے کہ اس محکمہ کا خرچ بڑھ گیا ہے - دیکھ لیجئے خرچ پہلے سے زیادہ ہے -

وزیر مال—نہیں - بالکل نہیں -

مسٹر محمد امین—خیر جب یہ ڈیمانڈ زیر بحث آئیگی تو میں یہ ثابت کرونگا - اب میں اپنی تعمیری تجاویز کے سلسلے میں عرض کرونگا جیسا کہ ملک غلام نبی نے فرمایا ہے کہ صنعتی کارخانوں میں نفع زیادہ ہے - میں اسے نفع نہیں کہتا - نفع تو ۵ فی صدی ۱۰ فی صدی یا ۱۵ فی صدی تک ہوتا ہے - اس سے زیادہ نفع نہیں ہوتا بلکہ وہ تو لوٹ ہوتی ہے - لہذا میں تجویز کرونگا کہ ۱۰ فی صدی سے زیادہ نفع سب کارخانوں کا

پول (pool) میں جمع کر لیا جائے اور اسکو گورنمنٹ صوبے کے فلاح و بہبود پر خرچ کیا کرے (بلند نعرہ ہائے تحسین) ۔ اس کے ساتھ ہی میں یہ بھی تجویز کرونگا کہ بڑی زمینداریوں کو بھی ختم کر دیا جائے (بلند تر نعرے) ۔ میری تجویز ہے کہ ۲۰ مربع سے زیادہ کسی کے پاس زمین نہیں ہونی چاہئیے ۔ (شور)

آوازیں—دس مربع سے زیادہ نہیں چاہیں۔ دس فی صدی تک زمین رہنے دو ۔ کارخانے بھی غریبوں میں بانٹ دو ۔ وغیرہ)

کارخانے دار تو نقصان کا خطرہ بھی مول لیتے ہیں اور محنت بھی کرتے ہیں مگر مالکان اراضی نہ محنت کرتے ہیں نہ ہی ان کو کوئی risk ہوتا ہے میری مزید تجویز یہ ہے کہ آئندہ سال گندم کے نرخ اس حساب سے مقرر کئے جاویں جس سے ہر آدمی کو کم از کم چار سیر آٹا فی روپے کے حساب سے ضرور مل جائے ۔

حضور والا میرا وقت ختم ہو رہا ہے ۔ میری آخری تجویز یہ ہے کہ ایسٹ پاکستان اور پنجاب کا goods traffic جاری کرنے کے انتظامات کئے جائیں تاکہ جس طرح مسافروں کی آمدورفت کھل گئی اسی طرح سامان و اسباب کی آمدو رفت بھی کھل جائے جس طرح کابل اور ہندوستان کے درمیان transit کا سلسلہ جاری ہے اسی طرح مشرقی بنگال کو سامان بذریعہ ریل جاویگا تو اس کا فائدہ پنجاب کو بھی پہنچے گا ۔ٹریفک ضرور کھلنا چاہئیے ۔ اور آخری بات یہ کہونگا کہ تمام کنٹرول یک قلم اور فی الفور بند کر دئے جائیں ۔

رانا گل محمد خان عرف عبدالعزیز خان (ملتان نمبر ۴ مسلم)۔ جناب والا ۔ اس بجٹ پر تفصیلی بحث اس تھوڑے سے وقت میں کرنا بڑا مشکل ہے۔ مگر میں اس ایوان کے سامنے حکومت کے وہ نقائص اور اس کا وہ اعمال نامہ بیان کر دینا چاہتا ہوں جس سے عوام کو صبح و شام واسطہ پڑتا رہتا ہے ۔

جناب والا—میں اس بجٹ میں کوئی ایسی بنیادی تبدیلی عرض نہیں کر سکتا ۔ جس سے ہم یہ توقع رکھ سکیں اور جس سے صوبے کے عوام جو صدیوں سے مصائب و آلام میں گرفتار ہیں یہ توقع کرسکیں کہ اب ہماری زندگی میں نئی روشنی کی کرن پیدا ہو گی اور اب حالات بدل جائیں گے ۔ کیونکہ ابھی تک خود ہماری حکومت کی ذہنیت نہیں بدل سکی اور بجٹ میں وہ تبدیلی پیدا نہیں کی جا سکی جس کی قوم اور ملک کو ضرورت تھی ۔

وزیر اعلیٰ—آپ ہی بتا دیں -

رانا گل محمد نون عرف عبدالعزیز نون—ٹھہرئیے -میں ابھی آپ کی ویلفیئر سٹیٹ کا نقشہ کھینچ دیتا ہوں - گھبرائیے مت ! جناب والا - آنریبل فنانس منسٹر نے اپنی بجٹ تقریر کے concluding sentences میں فرمایا تھا —

"The situation today demands hard work and more hard work, a frugal life in curtailment of all non-essential expenditure and let us all realise that there is in fact no other short-cut to our goal of prosperity and contentment for all"

اب جناب والا—میں آپکی وساطت سے حکومت کے curtailment of non-essential اور hard work expenditure اور عوام کی contentment کا خاکہ پیش کئے دیتا ہوں -

چودھری محمد افضل چیمہ—حضور والا - اس curtailment کی tail قدرے زیادہ لمبی ہو گئی ہے (قہقہہ) -

رانا گل محمد نون عرف عبدالعزیز نون—حضور والا- ۱۹۴۹-۵۰ کا بجٹ ۱۹,۴۵,۶۹,۰۰۰ روپے تھا - اب یہ پانچ سال میں بڑھتے بڑھتے ۲۸,۸۴,۰۰,۰۰۰ روپے ہو گیا ہے - ہم نے دیکھنا یہ ہے کہ یہ رقم کہاں سے وصول کی جاتی ہے اور اس کا مصرف کس طریق سے کیا جاتا ہے -

جناب والا بجٹ بناتے وقت سب سے بڑا اصول جو مدنظر رکھنا چاہئے یہ ہے کہ جن لوگوں سے روپیہ وصول کیا جا رہا ہے وہ اس اس کے متحمل بھی ہو سکتے ہیں یا نہیں - ایوان کو یہ بات اچھی طرح سے معلوم ہے کہ اس بجٹ کا بیشتر حصہ ان غریب کاشتکاروں سے لیا جاتا ہے جو کہ پانچ پانچ دس دس ایکڑ آراضی کے مالک ہیں - اب یہ اعتراض کیا جا سکتا ہے اور مجھے یقین ہے کہ ٹریژری بینچز کی طرف سے مجھ پر یہ اعتراض کیا جائیگا **(آوازیں)** - آپ بھی تو ٹریژری بنچز میں شامل ہیں) اور میں اس کا پہلے ہی جواب دینا چاہتا ہوں - وہ یہ اعتراض کریں گے کہ اگر ان سے یہ ٹیکس وصول نہ کئے جائیں تو پھر کیا کیا جائے - اس کے متعلق میں ابھی عرض کرتا ہوں کہ کیا کیا جائے اس لیے وہ مطمئن رہیں اور گبھرائیں نہیں - جناب والا یہاں ہمارے ہاں ٹیکسیشن کی رفتار بڑی ہے وہاں میں پورے وثوق کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ ہماری purchasing power بہت گری ہوئی ہے - جناب والا سب سے پہلے عوام کی جو ضروریات ہیں وہ خوراک اور پوشاک ہیں - خوراک کے متعلق تو میں تفصیلاً کچھ بعد میں عرض کروں گا پہلے میں کپڑے کے متعلق یہ عرض کرتا ہوں کہ کیا وہ حکومت

کہلانے کی مستحق ہے جس نے کہ عوام کو بے رحم کارخانہ داروں کے حوالے کر دیا کہ وہ تین تین سو ۔ چار چار سو اور پانچ پانچ سو فیصدی منافع بنائے رہیں اور پانچ سال میں ۵۰ لاکھ کی investment سے ۸ یا ۱۰ کروڑ روپے بنالیں اور پھر انکم ٹیکس فری ۔ کیا یہ حکومت کا پہلا فرض نہیں کہ وہ عوام کو کارخانہ داروں کے ہتکنڈوں سے بچائے ۔ مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ یہ حکومت vested interests کی بن چکی ہے ۔ اور وہ کارخانہ داروں کے ہاتھوں بک چکی ہے ۔ taxes ان سے نہ کہ عوام غریب سے وصول کئے جانے چاہیں ۔

اس کے بعد میں خوراک کے مسئلے کی طرف آتا ہوں ۔ جہاں تک خوراک کے مسئلہ کا تعلق ہے وہ ہمارے زرعی نظام سے تعلق رکھتا ہے ۔ جناب والا ہمارا زرعی نظام اس وقت نہایت فرسودہ ہے۔ جہاں وہ نیشنلائیزیشن اور کوآپریٹو فارمنگ کے متعلق اکثر اوقات ذکر فرماتے ہیں وہاں انہوں نے بھوے سے بھی شائد آج تک کبھی یہ نہیں بتایا کہ انہوں نے عملی لحاظ سے اس نوع میں کیا اقدامات کئے ہیں ۔ نیشنلائیزیشن کے متعلق تو وہ کوئی قدم اٹھا ہی نہیں سکتے ۔ میں پوچھتا ہوں کہ کوآپریٹو فارمنگ کے متعلق انہوں نے کیا اقدامات کئے ہیں ۔ اس وقت ہماری yield فی ایکڑ گر چکی ہے اور گرتی جارہی ہے ۔ مجھے قطعاً وزیر اعلے کی تقریر کے اس حصے سے اتفاق نہیں جو کہ صفحہ اول پر درج ہے جہاں آپ فرماتے ہیں ــــــ

"The dispensing food shortage has largely been overcome and the present position in this all important field shown a marked improvement on the conditions which prevailed a year ago".

میں یہ ماننے کیلئے تیار ہوں کہ خوراک کی جو قلت ایک سال پہلے تھی وہ پچھلے سال اچھی فصل ہونے کی وجہ سے دور ہوگئی اور زرعی پیداوار میں اضافہ ہونے کی وجہ سے اجناس کی قیمت بھی گر گئی ہے۔ اس سال ہماری فصل نہایت ناقص ہے اور مجھے اندیشہ ہے کہ اگلے سال پھر ہمیں خوراک کے مسئلہ سے دو چار ہونا پڑے گا ۔ یہ سوال ایک دو تین سال کا نہیں ہے ۔ یہ تو بنیادی مسئلہ ہے اور اس کا حل بھی بنیادی طریقہ سے ہوگا ۔ ہم اپنے آپ کو موسم کے رحم و کرم پر نہیں چھوڑ سکتے ۔ اس کا بنیادی حل کیا ہے ۔ وہ ہے کہ پہلے آپ مزارعین کو security of tenure دیں جو اس وقت تک آپ ان کو نہیں دے سکے ۔ جب تک آپ کو یہ چیزیں دیں گے اور اس فرسودہ زرعی نظام کو جس کے ماتحت وہ زمیندار کے مظالم و آلام کا تختہ مشق بن کر رہ گئے ہیں تبدیل نہیں کریں گے اس وقت تک آپ

سے خوراک کی کمی پوری نہیں ہو سکتی ۔ (خوب ۔ خوب) (ایک آواز ۔ مہاجرین کے متعلق کیا کر دیا جائے) ۔

اس کے بعد مہاجرین کا مسئلہ آتا ہے ۔ کہا جاتا ہے کہ مہاجرین کے متعلق یہ کچھ کیا گیا ہے اور وہ کچھ کیا گیا ہے اور مہاجرین کی آبادکاری یعنی برباد کاری ہو چکی ہے۔ جناب والا اس ایوان کے بیشتر حضرات سے یہ امر پوشیدہ نہیں ہے کہ وہ جس طریقہ سے مہاجرین کو زمینیں الاٹ ہوئی ہیں انہوں نے درحقیقت وہ زمینیں خرید کی ہیں ۔ (رائے نصراللہ خاں ۔ بالکل) نہ کہ ان کو ان زمینوں کے عوض ملی ہیں جو کہ وہ مشرقی پنجاب میں چھوڑ کر آئے ہیں ۔ اور پھر جو انڈکس نمبروں کا چکر چلتا رہا ہے اور ان میں رد و بدل ہوتا رہا ہے اور ان میں مختلف چیزیں جو کار فرما رہی ہیں ان کے متعلق ''اصل متفرق،، کی مانگ جب زیر بحث آئیگی تو اسوقت میں کچھ عرض کروں گا اور معزز ایوان کی خدمت میں چند واقعات پیش کروں گا ۔

جناب والا خوراک اور پوشاک کا مسئلہ اس طریق سے اس ویلفیر سٹیٹ میں حل کیا گیا ہے یعنی ننگ اور بھوک زدوں پر ہے ایک قدم آگے جاتا ہوں اور آزادی پر اس ایوان کی توجہ مبذول کراتا ہوں ۔

یہ امر کسی سے پوشیدہ نہیں ہے کہ بیشتر اضلاع میں دفعہ ۱۴۴ کا نفاذ رہا ہے (وزیر مال — غلط) اور اس وقت ہے ۔ (وزیر اعلےٰ — نہیں ہے) اس وقت ہے ۔ (وزیر مال — Question) (وزیر اعلےٰ — نام لیجئے) منٹگمری میں ہے ۔ (آوازیں — وہاں الیکشنز ہو رہی ہیں) یہی چیز تو میں آپ سے کہلانا چاہتا تھا ۔ کیا آپ اس کو آزادانہ رائے دینا تصور کرتے ہیں ؟ کیا آپ اسی کو آزادی حق رائے دہندگی تصور کرتے ہیں کہ جہاں الیکشنز ہوں وہاں آپ دفعہ ۱۴۴ نافذ کر دیں ۔ وزراء صاحبان وہاں جائیں اور لوگوں پر اثر ڈالیں کہ فلاں صاحب منتخب ہو اور فلاں نہ ہو ۔ کیا آپ اسی کو آزادی رائے تصور کرتے ہیں کہ پولیس افسروں اور پولیس کے سٹاف کو اپنے مطلب کے لئے استعمال کیا جائے ۔ سکول ماسٹروں کو استعمال کیا جائے اور پولیس کو اپنے کام میں لایا جائے اور ڈی ۔ آئی ۔ جی ۔ پولیس کے ذریعہ لوگوں کو بلا بلا کر کہا جائے کہ تم امیدوار کھڑے ہو اور تم نہ ہو (شیم شیم کی آوازیں) کیا اسی کا نام آزادی ہے ۔

جناب والا اب میں عدل و انصاف کی طرف ایوان کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں ۔ جب ہم لوگوں سے ٹیکس لیتے ہیں تو اس کے

بدلے میں ہمیں لوگوں کی خدمت بھی کرنی چاہیئے ۔ اس وقت عدل و انصاف کا یہ حشر ہے کہ کوئی عدالت نہیں جس میں ہزارہا کیس اس وقت سالہا سال سے pending نہ ہوں ۔ بیچارے غریب بڑی مصیبتوں سے سفر طے کرکے جاتے ہیں اور نہایت پریشان حالی میں واپس آ جاتے ہیں ۔ یہ انصاف کا حال ہے ۔

جناب والا ایجوکیشن کے متعلق لیڈر آف دی اوپوزیشن نے کل وضاحت سے کافی کچھ فرما دیا تھا اور اب میں صرف یہی عرض کرنا چاہتا ہوں کہ بجٹ میں روپے کی گنجائش رکھ دینے سے یہ مسئلہ حل نہیں ہوگا ۔ حقیقت تو یہ ہے کہ ڈسٹرکٹ بورڈوں کے ہاتھ میں جو سکول ہیں ان میں سے بیشتر کی بلڈنگز نہیں ہیں ۔ اور ان کا حال یہ ہے کہ سکول ہے تو استاد نہیں ہیں اور اگر استاد ہیں تو سکول نہیں ہے غرضیکہ کچھ انتظام نہیں ۔ اور بعض بعض سکول تو ایسے ہیں (میں نام نہیں لوں گا) جہاں استاد تنخواہیں وصول کرتے ہیں مگر وہاں کوئی سکول نہیں ہے اور نہ وہاں کوئی طالب علم ہی ہے (آوازیں ۔ نام لیجئے) ۔ میرے اپنے ضلع میں ڈسٹرکٹ بورڈ ملتان کے ماتحت لسوڑی میں ایک لیڈی ٹیچر کئی سال سے تنخواہ وصول کرتی رہی ہے مگر وہاں نہ اس نام کی کوئی لیڈی ہے اور نہ وہاں کوئی سکول ہے (آوازیں ۔ تنخواہ کون لیتا رہا ہے ؟) تنخواہ جناب چیئرمین کا کوئی منظور نظر لیتا رہا ہے ۔ پوچھئے وہاں کے چیئرمین صاحب سے ۔ مجھ سے آپ کیا پوچھتے ہیں ؟

جناب والا ایجوکیشن کے مسئلہ کے متعلق میں نے عرض کیا کہ یہ کس طرح سے حل ہو رہا ہے ۔ اب میں ہیلتھ کی طرف آتا ہوں ۔ اس محکمہ کی یہ حالت ہے کہ ڈسپنسریز ہیں تو ڈسپنسر نہیں ۔ اگر ہیلتھ منسٹر صاحب سے پوچھا جاتا ہے کہ ڈسپنسروں کی کمی کو پورا کرنے کے لئے کیا کیا جارہا ہے تو وہ کہتے ہیں ایک میڈیکل سکول کھولا جارہا ہے ۔ جب یہ سوال کیا جاتا ہے کہ کیا اس میڈیکل سکول میں ڈسپنسر تیار ہونگے تو وہ چپ چاپ اپنی جگہ پر بیٹھ جاتے ہیں ۔ انکی حالت پر رحم آتا ہے کہ کیوں ان سے ایسا سوال کیا ۔ ڈسپنسریاں ہیں تو ان میں دوائیاں نہیں ہیں اب اگر ڈسپنسریاں ہیں تو دوائیوں کے بغیر بے معنی ۔ وہ صرف نمائشی حیثیت رکھتی ہیں ۔ لیکن یہاں صرف چیئرمین کے منظور نظر لوگوں کو تنخواہیں دینے کے لئے ڈسپنسریوں میں رکھ لیا جاتا ہے ۔ ورنہ جہاں تک صحت کا سوال ہے نہ ہسپتال ہیں اور نہ دوائیاں ۔ پہلے رنگدار پانی ملتا تھا اب وہ بھی نہیں ملتا ۔

اب میں اریگیشن کی طرف آتا ہوں (canal links) کے متعلق ایک آنریبل ممبر نے کہا ہے کہ اس پر ۳۸ کروڑ روپیہ خرچ آیا ہے ۔ میں وزیر پبلک ورکس سے نہایت ادب کے ساتھ دریافت کرتا ہوں کہ یہ جو (link) راوی سے ستلج کو پانی دینے کے لئے بنایا گیا ہے پہلے یہ تو بتائیے کہ راوی میں پانی کہاں ہے ۔ آپ کہینگے راوی کو چناب سے پانی دیا جائیگا ۔ میں یہ کہتا ہوں کہ طغیانی کے موسم میں تو کسی بھی دریا میں پانی کی کمی نہیں ہوتی ۔ سوال تو اس موسم کا ہے جب دریاؤں میں پانی کم ہوتا ہے ۔ میں نے اسکے متعلق چند سوالات پوچھے تھے ۔ ان کے دوران میں آنریبل وزیر متعلق نے کہا تھا ۔

We are always distributing missery

آخر میں جناب میں یہ عرض کرونگا کہ ہماری حکومت from day-to-day چل رہی ہے ۔ بغیر کسی پالسی اور منصوبے کے ۔ یہی وجہ ہے کہ وہ ایجوکیشن یا اریگیشن کے سلسلہ میں کسی اجتماعی سرگرمی کو اپنے ہاتھ میں نہیں لے سکتے ۔ جب تک وہ اپنے لوگوں کی قوت خرید نہیں بڑھائینگے ۔ جب تک وہ اپنے صوبے کی ۸۰ فیصد آبادی کا ذریعہ معاش بہتر نہیں بنائینگے ۔ دوسرے لفظوں میں جب تک وہ زراعت کی طرف توجہ نہیں دیں گے اور فی ایکڑ پیداوار نہیں بڑھائینگے اس وقت تک صوبے میں کوئی رفاہی کام نہیں ہو سکیگا ۔ یہاں اکثر اوقات کہا جاتا رہا ہے کہ ہم نے ٹیوب ویل لگائے ہیں ۔ ہم یہ کر رہے ہیں ہم وہ کر رہے ہیں ۔ مگر مجھے نہایت افسوس کے ساتھ اس معزز ایوان کے سامنے یہ شرمناک حقیقت بیان کرنے کی جرات ہوتی ہے کہ ٹیوب ویل کی جس قدر سکیمیں انہوں نے ہاتھ میں لی ہیں وہ بالکل ناکامیاب رہی ہیں ۔ میں پورے وثوق کے ساتھ یہ کہنے کو تیار ہوں ۔ کوئی سٹینڈر ڈائزیشن آف مشینری نہیں ۔ بغیر کسی منصوبے کے کام ہو رہا ہے ۔ دو چار ماہ ٹیوب ویل چلانے کے بعد اگر اسکے کسی پرزے کی ضرورت پڑ جائے تو وہ مہیا نہیں ہو سکتا ۔ ٹیوب ویل سکیم کی کامیابی کیلئے ضروری ہے کہ پہلے سروے ہو ۔ مشینری ہو ۔ پاور ہو ۔ تب کہیں جا کر ٹیوب ویل سکیم کامیاب ہو سکتی ہے ۔

مولانا داؤد غزنوی (لاہور ۔ہ ۔ مسلم ۔ مخصوص نشست)—صاحب صدر ۔ جو بجٹ یہاں پیش کیا گیا ہے اسے دیکھنے سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ بجٹ مرتب کرنے والے کے سامنے کوئی آئیڈیالوجی نہیں ہے ۔ نہ اس سے یہ اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ یہ کسی اسلامی سٹیٹ کا بجٹ ہے یا

سیکولر سٹیٹ کا - میں نے پوری کوشش کی ہے کہ مجھے اس میں کوئی ایسی چیز دکھائی دے جس سے اسے اسلامی سٹیٹ کا بجٹ کہا جا سکے - لیکن مجھے اس میں کوئی ایسی چیز نظر نہیں آئی -حالانکہ اسلام ہی کے نام پر یہ پاکستان حاصل کیا گیا تھا - لیکن اسلام کے ماننے والوں کیلئے انکے مذہب کی بہتری ،بقا، استحکام اور ترقی کیلئے اس میں کسی کوشش کا ذکر نہیں - مجھے یہاں افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ اس بجٹ میں کوئی ایسی چیز نظر نہیں آتی - البتہ یہ ضرور نظر آیا ہے کہ اس میں آرٹ کے نام پر ناچنے اور گانے والیوں کیلئے پچاس ہزار روپے کی رقم رکھی گئی ہے (قہقہے اور شور)- آرٹ کے نام پر بدمعاشی کی تجویز کی گئی ہے - مجھے یہ بھی نظر آیا کہ شراب کی فروخت سے کافی آمدنی حاصل کی گئی ہے اور کی جائیگی - علاوہ ازیں اس میں سود سے بھی کافی آمدنی دکھائی گئی ہے - یہ وہ سود ہے جسکے نہ چھوڑنے والوں کے لئے قران کریم کہتا ہے -

فاذنو بحرب من اللہ و رسولہ

اور جو سود لیتے ہیں یا دیتے ہیں ان سب کیلئے حضور اکرم کا فرمان یہ ہے ——————

لعن اللہ آکلہ و موکلہ و کاتبہ و شاھدہ

اسکے کھانے والے اسکے دینے والے اسکے لکھنے والے اور اس پر گواہی ڈالنے والے سب پر خدا کی لعنت ہے -

حیرانی کی بات ہے کہ وہ لوگ جو قرآنک سوسائٹی بناتے ہیں وہ کس طرح قران کریم اور اسکے سارے احکام کو نظر انداز کرتے ہیں - کہا نہیں جا سکتا کہ انکے پیش نظر کونسی اسلامی ریاست ہے (شور اور قطع کلامیاں) - اور افسوس یہ ہے کہ جب اسکی طرف توجہ دلائی جاتی ہے تو اسکا مذاق اڑایا جاتا ہے - مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ آپ میرا مذاق نہیں اڑا رہے آپ اسلام کا مذاق اڑا رہے ہیں - (نہیں - نہیں کی آوازیں) - مگر میں یہ کہونگا اور پھر بھی کہونگا کہ

بہ بد مستی سرد گر متہم سازد مرا ساقی
ھنوز از بادۂ پارینہ ام پیمانہ بر دارد

جو بات میں یہاں دیکھونگا کہ وہ قران مجید کے خلاف ہے ، مذہب کے خلاف ہے میں ضرور اسکے خلاف آواز بلند کرونگا - خواہ آپ اس پر میرا مذاق اڑائیں یا مجھے حقارت سے دیکھیں - آپ میری آواز کو دبا نہیں سکتے -

(ایک آواز - کیا کانگرس کا ساتھ قران کریم کے مطابق تھا ؟) -
جب تک میں نے یہ سمجھا کہ اس ملک سے انگریز کو نکالنے کیلئے جنگ کی ضرورت ہے میں اس محاذ پر لڑتا رہا - جب میں نے دیکھا کہ وہ محاذ فرقہ وارانہ بن گیا ہے میں اسے چھوڑ کر قائد اعظم کے جھنڈے کے نیچے آ گیا - (اپوزیشن کی طرف سے تالیاں) ان حضرات کو غالباً معلوم نہیں کہ خضر حیات کو وزارت کے زمانہ میں جب پنجاب مسلم لیگ نے سول نافرمانی شروع کی تو میں اس وقت پنجاب مسلم لیگ کا صدر اور ڈکٹیٹر تھا اور میرے ہی ڈکٹیٹر شپ کے زمانہ میں میرے ذریعہ صلح ہوئی اور میں ہی ان لوگوں کو (وزراء کی طرف اشارہ کرکے) جیلوں سے باہر نکال کر لایا تھا - جو لوگ اس وقت پولیس کی نوکری کر رہے تھے آج وہ باتیں بنا رہے ہیں اور مجھ سے پوچھ رہے ہیں کہ آپ کانگرس میں تھے -

جناب والا ! میں نے جو کچھ عرض کیا ہے یہ بجٹ کی عمومی حیثیت کے متعلق عرض کیا ہے - اب میں اس کے خاص پہلوؤں کو آپ کے سامنے پیش کرتا ہوں - جناب والا کسی بجٹ کی کامیابی اس میں نہیں ہے کہ اس میں آمد و خرچ کو متوازن کرکے دکھایا جائے - یا بچت کا بجٹ دکھایا جائے - سب سے پہلے اس چیز کو دیکھنے کی ضرورت ہے کہ بجٹ کی آمدن کن ذرائع سے حاصل ہوئی آیا وہ جبرو قہر سے حاصل کی گئی ہے یا دھونس سے حاصل کی گئی ہے یا استبداد سے حاصل کی گئی ہے یا لوگوں سے رضاکارانہ طور پر حاصل کی گئی ہے -

وزیر اعلیٰ—ٹیکس خوشی سے کوئی نہیں دیتا -

مولانا داؤد غزنوی—''رضاکارانہ،، سے میرا مطلب یہ ہے کہ اگر آپ اپنی آمدن کو جبراً و کرہاً حاصل کرتے ہیں- مستبدانہ طور پر وصول کرتے ہیں تو یہ ناجائز ہے - البتہ اگر آپ عوام کے مفاد -انکی زندگی کی ضروریات - ان کی خوراک - لباس - رہنے سہنے اور دیگر چیزوں کے حصول کے امکانات پیدا کر دیں اور اس کے بعد ٹیکس لگا کر اپنی آمدن کو بڑھائیں تو یہ جائز ہے - لیکن اگر آپ ان کی زندگی کی ابتدائی ضروریات کو نظر انداز کر کے ان کو ٹیکسوں کے بوجھ کے نیچے دباتے ہیں اور پرانے ٹیکسوں میں اضافہ کرتے ہیں یا ان کے نام تبدیل کرکے ٹیکس بڑھاتے چلے جاتے ہیں تو یہ ہرگز جائز ذریعہ آمدن نہیں ہے - اسی طرح ہم نے خرچ کو دیکھنا ہے کہ جو خرچ کیا جا رہا ہے وہ جائز خرچ ہے اس میں ملک کے مفاد کو اور عوام کے مفاد کو پیش نظر رکھا گیا ہے - یا محض چند مخصوص مفاد ہی پیش نظر رکھے گئے ہیں - جن کے لئے یہ خرچ کیا جا رہا ہے

ہم نے دیکھنا ہے کہ آیا امیر طبقہ کو زیادہ امیر بنانے کیلئے ۔ خوش حال لوگوں کو زیادہ دولت مند بنانے کیلئے اور جو غریب ہیں اُن کو اور غریب اور عاجز اور ناکارہ بنانے کیلئے تو یہ خرچ نہیں کیا جا رہا ۔ اگر ایسا ہو تو میں سمجھتا ہوں کہ آمد کے ذرائع اور خرچ کے طریقے ناجائز ہیں ۔ جو ذرائع ہمیں دکھائے گئے ہیں ان میں سے ہر ایک پر بحث کرنا تو نا ممکن ہے ۔ لیکن میں سب سے پہلے یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ آمدن کے سلسلہ میں بعض ایسی مدات دکھائی گئی ہیں جو حقیقت میں آمدن کی مدات نہیں ہیں ۔ جیسا کہ مجھ سے پہلے میرے فاضل دوست میاں محمد امین نے بڑی وضاحت سے فرمایا ہے سرکاری زمینوں سے جو تین کروڑ اکتیس لاکھ روپیہ کی رقم دکھائی گئی ہے یہ کسی صورت سے بھی آمدن کی مد نہیں کہلا سکتی ۔ گھر کا اثاثہ بیچ کر کوئی حکومت یہ کہے کہ اسے آمدن ہوئی ہے تو دنیا کے کسی معیار پر بھی اسے آمدن شمار نہیں کیا جا سکتا ۔ کیا یہ آپ کو زیب دیتا ہے کہ آپ گھر کا سامان بیچ کر ۔ ریاست کے ایک حصہ کو فروخت کرکے کہیں کہ ہمیں آمدن ہوئی ہے ؟ میں کہونگا کہ یہ بالکل ناجائز ہے ۔ اور یہ آمدن نہیں کہلا سکتی ۔ اسی طرح وہ ٹیکس جو آج سے پہلے مہاجر ٹیکس کے نام سے موسوم تھا اور اب ڈولپمنٹ سیس کے نام سے موسوم ہے اور جس کا نام تبدیل کرکے اسے لوگوں پر عائد کر دیا گیا ہے ۔ کیا اسے جائز ٹیکس قرار دیا جا سکتا ہے ۔ یہ ٹیکس کس آبادی پر لگایا جا رہا ہے ؟ اس آبادی پر جس کے متعلق ہمارے محترم قائد ایوان نے اپنی تقریر میں فرمایا تھا کہ ''ماضی میں ہماری ترقیات کے بیشتر حصے کا رخ شہری آبادی کی طرف رہا ہے جو اپنے حقوق کے سلسلہ میں زیادہ باشعور اور بلند بانگ ہے ۔ بد قسمتی سے اس کا نتیجہ یہ نکلا ہے کہ دیہی آبادی یعنی ۸۰ فیصدی آبادی افسوس ناک غلاظت ۔ جہالت اور بیماری میں زندگی بسر کر رہی ہے ''۔ یہ ٹیکس اس آبادی پر لگایا جا رہا ہے ۔ مقام تاسف ہے کہ آپ خود جس آبادی کو مظلوم سمجھتے ہیں اسی پر اور ظلم کر رہے ہیں ۔ آپ خود ہی بتائیے کہ آپ اس ٹیکس کے ذریعے آمدن حاصل کرنے میں کہاں تک حق بجانب ہیں اور اس کارنامہ کے لئے آپ کی کیا تعریف کی جا سکتی ہے ۔ یہ آپ نے کیا مہربانی کی ہے کہ دیہاتی آبادی کے لئے پچیس لاکھ روپیہ کی رقم تجویز کی ہے ؟ مجھے آپ یہ بتائیے کہ جس آبادی کو آپ نے ۸۰ فیصدی آبادی سمجھتے ہوئے اس کی پسماندگی اور درماندگی کا ان درد ناک الفاظ میں نقشہ کھینچا ہے کیا اس کے لئے پچیس لاکھ روپیہ کی رقم صرف کرکے آپ سمجھتے ہیں

کہ آپ نے حق ادا کر دیا ؟ میں امید کرتا ہوں کہ آپ مجھسے اس بات پر اتفاق کرینگے کہ آپ نے جو سلوک کیا ہے وہ انصاف پر مبنی نہیں ہے اور آپ کو جو توجہ دینی چاہئیے تھی وہ آپ نے نہیں دی ۔ اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ آمدن کے ذرائع اور خرچ کے طریقے دونوں جائز نہیں ہیں ۔

اس کے بعد شراب کی آمدن کا جو ذکر کیا گیا ہے اس کے متعلق عرض کرنا چاہتا ہوں کہ شراب سے آمدن ۱۹۴۷-۴۸ میں تیرہ لاکھ پچانوے ہزار چھ سو سنتالیس روپے تھی اور جب اس کی فروخت پر پابندی لگا دی گئی تو ۱۹۵۰-۵۱ میں گھٹ کر دس لاکھ چھبیس ہزار نو سو چھبیس روپے رہ گئے ۔ اب ۱۹۵۳-۵۴ میں پھر اس کی مقدار بڑھ کر پندرہ لاکھ ایک ہزار چھبیس روپے ہو گئی ہے ۔ جب شراب کی فروخت پر پابندی لگی تو پہلی وزارت کے زمانے میں آمدن کم ہو گئی تھی ۔ میں پوچھتا ہوں کہ آپ کے تشریف لانے کے بعد یہ پھر کس طرح بڑھ گئی ہے ؟

عزت مآب وزیر اعلیٰ—یہ شراب مسلمان نہیں پی رہا ۔ غیر مسلم پی رہا ہے ۔

مولانا داؤد غزنوی—فرمایا گیا ہے کہ غیر مسلم شراب پیتا ہے ۔ میں پوچھتا ہوں کہ کیا غیر مسلموں کی آبادی ڈیڑھ گناہ بڑھ گئی ہے ۔ کہ پہلے شراب سے آمدن دس لاکھ تھی تو اب پندرہ لاکھ ہو گئی ہے یا اس کی وجہ یہ ہے کہ لائسنس کھلے دل سے دئے جاتے ہیں کہ آؤ پیو———کھلی چھٹی ہے —

بیا بہ میکدہ و چہرہ ارغوانی کن
کہ مستحق عنایت گنا ہگاران اند

میں یہ سمجھتا ہوں اور سمجھنے میں حق بجانب ہوں کہ شراب کی فروخت روز بروز بڑھ رہی ہے اور مسلمانوں پر شراب نوشی کے متعلق جو پابندیاں ہیں ان کا ہونا نہ ہونا برابر ہے ۔

جناب والا—اس بجٹ کو دیکھنے سے ہمارے سامنے کوئی ideology نہیں آتی ۔ چاہئیے تو یہ تھا کہ وزیر خزانہ اس معزز ایوان کے سامنے ایک ایسا بجٹ پیش کرتے جو کسی ideology کا حامل ہوتا مگر یہ ہماری بد قسمتی ہے کہ موجودہ بجٹ میں اس چیز کا فقدان ہے اور ممکن ہے یہ ان کے نقطۂ نظر سے درست بھی ہو کیونکہ وہ لوگ جو اس کوشش میں مصروف ہوں کہ adult franchise کو اڑا دیا جائے کیونکہ ہمارے عوام جاہل ۔ بے علم ۔ دیہاتی اور دھقان ہیں جن

کی کوئی Ideology نہیں ۔ کیا ان لوگوں سے کسی Ideology کی توقع ہو سکتی ہے۔ حالانکہ ہر شخص نے خواہ وہ شہری ہو یا دیہاتی پاکستان بننے سے پہلے کھلے طور پر اس امر کا عملی ثبوت پیش کیا تھا کہ پاکستان ہماری Ideology ہے ۔ کیا ان کا یہ نعرہ ۔

پاکستان کا مطلب کیا ۔ لا الہ الا اللہ

بغیر کسی Ideology کے تھا ۔ کیا ان کا یہ کہنا کہ ''بٹ کے رہے گا ہندوستان اور بن کے رہے گا پاکستان،، کسی Ideology کے بغیر ہو سکتا تھا ۔ اس میں یقیناً وہ Ideology تھی جو قائد اعظم علیہ رحمتہ نے ہمارے سامنے پیش کی تھی ۔ لیکن آج یہ leadership تو Ideology سے بالکل محروم ہے آج ان کے پاس کوئی Ideology نہیں ۔ آج یہ حضرات ان عوام کو جنہوں نے قربانیاں پیش کرکے انگریز کو اپنی Ideology کا قائل کیا جاہل ۔ بے علم اور نا اہل سمجھتے ہوئے انہیں Adult Franchise سے محروم کرنے کے منصوبے باندھ رہے ہیں ۔ کیا یہ ان کی خود غرضی اور قوم دشمنی نہیں ؟

حضور والا—اب میں آپ کی خدمت میں تعلیم کے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ افسوس ہے کہ وزیر تعلیم اپنی جگہ تشریف فرما نہیں ۔

وزیر زراعت: ہم جو ہیں ۔ آپ جو کچھ کہنا چاہتے ہیں کہئے ۔

مولانا داؤد غزنوی: تعلیم کے متعلق میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس میں شک نہیں کہ اس سال پچھلے سال کی نسبت محکمہ تعلیم کے لئے کچھ زائد رقم رکھی گئی ہے اور یہ زائد رقم سولہ لاکھ روپے ہوگی لیکن یہ خرچ بھی اسی صورت میں مفید ثابت ہو سکتا ہے جب کہ تعلیم کے سلسلے میں بھی ہمارے سامنے کوئی Ideology ہو۔ تعلیم محض ورق گردانی کا نام نہیں ۔ تعلیم کسی خاص Diploma حاصل کرنے لینے کا نام نہیں ۔ تعلیم در اصل اس استعداد ۔ قابلیت اور ملکہ کا نام ہے جس کی بنا پر ہم اپنی نسل کو اس قابل بنا سکیں کہ وہ دنیا کے جس میدان میں بھی جائے وہاں ایک اعلیٰ نمونہ پیش کر سکے ۔ مگر آج ہماری حالت یہ ہے کہ ہمارا تعلیمی معیار روز بروز گر رہا ہے ۔ طلبا کی اخلاقی حالت گر رہی ہے اور نہایت افسوس ناک امر تو یہ ہے کہ ہمارے پروفیسروں کی بھی اخلاقی حالت ایسی نہیں جیسی کہ ہونی چاہیئے ۔ آپ خیال فرمائیں کہ جب پروفیسروں کی اخلاقی حالت تسلی بخش نہ ہو تو ان طلبا کی اخلاقی حالت

کیسے بہتر ہو سکتی ہے جو ان کے زیر تربیت رہتے ہیں - میں آپ کی توجہ ایک اخباری اطلاع کی طرف منعطف کراتا ہوں - یہ اطلاع اخبار نوائے وقت میں شائع ہوئی تھی—

''ایک اخباری اطلاع مظہر ہے کہ لاہور کے بازار حسن میں رونق طلبہ کے دم قدم سے ہے - اس اطلاع میں اس بازار کا طواف کرنے والوں میں طلبہ کا تناسب ۶۰ فیصدی قرار دیا گیا ہے - ہم نہیں کہہ سکتے کہ اس اطلاع میں کس حد تک صداقت ہے - لیکن طلبہ میں ایسے مشاغل کی طرف جو ذوق و رجحان پایا جاتا ہے اس کے پیش نظر یہ بات کسی طرح تعجب انگیز نہیں - رقص و سرود کی مجالس میں بھی طلبہ کا تناسب بہت زیادہ ہوتا ہے اور جن ہوٹلوں میں ان امور کا اہتمام کیا جاتا ہے ان میں طلبہ کا کثیر تناسب ایک سرسری نظر میں بخوبی معلوم ہو جاتا ہے - پچھلے دنوں ایک فنی ادارہ نے ایک ایسی مجلس کا اہتمام کیا تھا جس کا طرہ امتیاز زندہ ناچ و گانا تھا - اس میں طلبہ کے ذوق اور پسند کا خاص طور پر ذکر کیا گیا تھا - پھر سینماؤں میں طلبہ کو جو رعایت دی جاتی ہے اس سے جس کثیر تعداد میں استفادہ کیا جاتا ہے اس سے بھی معلوم ہو جاتا ہے کہ ہماری زیر تعلیم نئی نسل کدھر جا رہی ہے ؟

جناب والا - آخر میں میں چند فقرے بزم اقبال کے متعلق عرض کرنا چاہتا ہوں - گذارش یہ ہے کہ اس بزم کی سرگرمیاں اگر علامہ اقبال کی زندگی - ان کی دینی اور فلسفیانہ خدمات تک محدود رہتیں تو بڑی اچھی بات تھی - میری رائے میں خواجہ عبد الرحیم اور راجہ حسن اختر وغیرہ اس بزم کے مقاصد کو بخوبی پورا کر رہے ہیں - مگر میں حیران ہوں اور یہ بات سمجھنے سے قاصر ہوں کہ حکومت پنجاب نے اس بزم سے کیا خدمات حاصل کی ہیں - اس بزم نے ,, اقبال اور ملا،، جیسی کتابیں شائع کی ہیں جو نہ صرف مذہب کے خلاف پراپگنڈا ہے بلکہ میں محترم قائد ایوان کی خدمت میں عرض کرونگا کہ ایسی کتابیں ایک طبقہ کے خلاف نفرت - حقارت اور دشمنی کے جذبات پھیلانے کی کوشش ہیں - مذکورہ بالا کتاب ڈاکٹر خلیفہ عبدالحکیم نے لکھی ہے - آپ اس بزم کو روپیہ دیتے ہیں اور اس خیال سے دیتے ہیں کہ وہ ادبی میدان میں قوم کی خدمت سر انجام دے - مگر میں واضح طور پر کہہ دینا چاہتا ہوں کہ اس قسم کی کتابوں سے آپ قوم کی خدمت کی بجائے اس کے ساتھ دشمنی کر رہے ہیں - آپ اس قسم کی کتابوں کی اشاعت سے جن میں علماء کی

توھین کی گئی ھو سرپرستی کرکے اپنے راستے میں کانٹے بو رھے ھیں ۔ یہ چیز باعث شرم ھے ۔ اس قسم کی کتابیں تحریک پاکستان کے خلاف ھیں ۔ اس میں لکھا ھے کہ علماء نظریہ پاکستان کے ھمیشہ خلاف رھے ھیں ۔ میں آپ کی اطلاع کیلئے عرض کر دوں کہ علماء پاکستان کی حمایت کیلئے ھندوستان بھر کے دورے کرتے رھے ھیں علماء نے مولانا شبیر احمد صاحب عثمانی مرحوم کی زیر قیادت جمیعتہ علماء ھند کے مقابلہ میں جمیعتہ علماء اسلام قائم کی اور جمیعتہ علماء اسلام نے قائد اعظم اور مسلم لیگ کے شانہ بشانہ تحریک پاکستان کو کامیاب بنانے کی کوشش کی اور سارے ملک کا دورہ کیا ۔

وزیر اعلیٰ—اس کتاب میں کانگرسی علما کا ذکر ھے ۔

مولانا داؤد غزنوی—اس کتاب میں بلا تخصیص اور بلا استثنا تمام علماء کے خلاف زھر اگلا گیا ھے ۔ مجھے نہایت افسوس سے کہنا پڑتا ھے کہ اس کتاب کے ذریعے ایک طبقے کے خلاف نفرت پھیلائی جا رھی ھے ۔ لیکن اس کے باوجود بھی ان کے خلاف سیفٹی ایکٹ یا کسی دوسرے تعزیری قسم کے قانون کے تحت کوئی کاروائی نہیں کی جا رھی بلکہ اس کے بر عکس ان پر ھر قسم کی مہربانیاں اور نوازشیں کی جا رھی ھیں ۔ (ایک آواز ۔ یہ بالکل ٹھیک ھو رھا ھے ۔) آپ کو یہ بات کہتے ھوئے شرم آنی چاھئیے ۔ آپ اپنی جیب سے جتنی کتابیں چاھیں شائع کر سکتے ھیں ۔ افسوس کہ آپ جیسے لوگوں میں اتنی موٹی سی بات سمجھنے کی بھی صلاحیت نہیں ۔ اگر آپ میں صلاحیت نہیں تو اس میں میرا کیا قصور ۔ بہر حال جناب والا ۔ میں آپ کی وساطت سے محترم قائد ایوان کی خدمت میں نہایت مودبانہ طریق سے عرض کرونگا کہ بزم اقبال علما کے خلاف استعمال نہ کی جائے ۔ الیکشن آنے والے ھیں ۔ اس وقت یہ چیزیں آپ کے لئے بہت زیادہ نقصان دہ ثابت ھونگی ۔ آپ میری ان گذارشات کے پیش نظر موثر کاروائی کریں اور خلیفہ عبدالحکیم کے منھہ میں لگام دیں ۔

قاضی مرید احمد—(شاہ پور ۔ م مسلم)—حضور والا ۔ بجٹ کے متعلق کچھ کہنے سے پہلے میں یہ عرض کرنا چاھتا ھوں کہ اس سلسلہ میں جہاں حکومت پر ناجائز نکتہ چینی کرنا ظلم ھے وھاں حقائق کو چھپانا اس سے بھی بڑا ظلم ھے اور ظلم کی تعریف یہ ھے کہ ''وضع شی علے غیر محلہ،، یعنی کسی چیز کو اپنے مقام سے ھٹا کر دوسری جگہ رکھنا ۔

حضور والا—بجٹ کے دو پہلو ہیں ۔ آمدنی اور خرچ ۔ اگر بجٹ میں حصول زر اور اس کی تقسیم دیانتداری سے ہوگی تو وزیر خزانہ صاحب یقیناً مبارک باد کے مستحق ہیں لیکن اگر حصول زر اور تقسیم میں کوئی انصاف مد نظر نہ رکھا گیا ہو تو معاف چاہتا ہوں اگر میں یہ کہوں کہ یہ ایک بہت بڑا ظلم ہے ۔ حصول زر کے متعلق موجودہ حکومت کا طرز عمل بالکل اس طرح ہے جس طرح ہمارے دیہات میں کوئی شخص اپنی فضول قسم کی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے سب سے پہلے تو بیوی کے زیورات بیچتا ہے پھر گائے بیل فروخت کرتا ہے مگر جب کوئی ایسا زمیندار اپنی زمین پر ہاتھ صاف کرنا چاہتا ہے تو سارے گاؤں میں یہ کہا جاتا ہے کہ اب یہ شخص چند دنوں کا مہمان ہے ۔ گورنمنٹ کے پاس اپنے صوبہ کی لاکھوں اور کروڑوں کی جائیداد مزروعہ زمین ہے اگر وہ اپنی یہ جائیداد بیچنا شروع کردے جیسا کہ ہماری حکومت کر رہی ہے تو یقیناً ایسی حکومت چند دنوں کی مہمان ہو گی ۔

حضور والا—آمدنی بڑھانے کے لئے دوسرا ذریعہ اس سیشن میں ایک سیس بل کی صورت میں پاس کیا گیا ہے ۔ جس کے ذریعہ غریب لوگوں پر دو آنہ فی روپیہ ٹیکس ٹھونس دیا گیا ہے وہ بل محتاج تعارف نہیں ۔ اس بجٹ میں حصول زر کے لئے تو اس قسم کے ذرائع اختیار کئے گئے ہیں لیکن وہ دولت جس طریقہ پر خرچ کی گئی ہے وہ اور زیادہ نا پسندیدہ ہے ۔ حکومت کو مختلف محکموں کے اخراجات برداشت کرنے پڑتے ہیں ۔ لیکن ان اخراجات میں سب سے پہلا اصول جو کار فرما ہونا چاہئے وہ یہ ہے کہ حکومت کفایت شعاری سے کام کرے جیسے کسی زمیندار کو اگر گوشت کھانے کی توفیق نہیں تو وہ لسی سے ہی گذارہ کر لیتا ہے لیکن ہماری حکومت زمین بیچ بیچ کر اور غریبوں پر ٹیکس لگا لگا کر خزانہ بھر لیتی ہے اور پھر اسے اللوں تللوں پر خرچ کر دیتی ہے جب حکومت کو کفایت شعاری کی طرف توجہ دلائی جائے تو انوکھی قسم کی کفایت شعاری کرتی ہے ۔ مثلاً محکمہ خوراک کے متعلق جو کفایت شعاری کی گئی ہے وہ یہ ہے کہ ۱۰۰ کلرکوں انسپکٹروں اور چھوٹے سپروائزروں کو تو محکمہ سے نکال دیا گیا ہے لیکن ان کی جگہ اپنے ایسے دوست اور احباب کو نوازا گیا ہے جو پہلے ہی ہزار ہزار دو دو ہزار روپیہ ماہوار پینشن پاتے ہیں ۔

وزیر اعلیٰ—کوئی ایک مثال دیجئے ۔

قاضی مرید احمد—مثلاً مسٹر کلو ۔ اور مسٹر بشیر احمد ۔

جناب والا ۔ محکمہ خوراک میں تو مارشل لاء قسم کی حکومت ہے اس محکمہ سے ادنے ملازمین کو تو اس لئے نکالا جاتا ہے کہ خزانے میں گنجائش نہیں لیکن بہت بڑی تنخواہ والی نئی نئی اسامیاں محض اپنے احباب و اقربا کو کھپانے کے لئے پیدا کر لی جاتی ہیں ۔ اگر یہی حالت رہی تو سارا صوبہ بیچ کر بھی کامیابی نہیں ہو گی ۔ بیروزگاری بڑھتی جائے گی اور صوبہ کا مستقبل تاریک سے تاریک تر ہو جائے گا ۔ اس وقت جتنے ڈی ایف سی ہیں ان میں سے بیشتر ملٹری کے ریٹائرڈ ہیں ۔ کیا انصاف کا یہی تقاضا ہے کہ غریب کلرکوں اور سپروائزروں کا تو قلع قمع کر دیا جائے اور ان کی جگہ ایسے آدمیوں کو رکھا جائے جو اپنی پینشن پر گذارہ کر سکتے ہیں ۔ مجھے نہایت افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ اس محکمہ کے کئی افسران حکومت سے ایک ایک ہزار روپیہ تو بطور پینشن لیتے ہیں اور ان کا افلاس دور کرنے کے لئے مزید ایک ایک ہزار روپیہ بصورت تنخواہ دیا جاتا ہے کیا اسی کا نام کفایت شعاری ہے ؟

علاوہ ازیں دوسرے محکموں سے کئی لوگ (on deputation) آکر دگنی اور سہ گنی تنخواہیں لیتے ہیں ۔ مثلاً کوآپریٹو سوسائٹیز ، پنجاب یونیورسٹی اور دیگر محکموں سے آئے ہوئے ملازم ایسے ملازمین کو ان کے اپنے محکموں میں بھیج کر خاصی رقم بچائی جا سکتی تھی مگر الٹا محکمہ کے پرانے مگر غریب کلرکوں کو نکال دیا گیا ۔ دولت کی اس قسم کی تقسیم آزاد قوم کے لئے کسی طرح بھی مناسب اور درست نہیں ۔

حضور والا—اگر جناب نے تقریر کے لئے نصف گھنٹہ وقت دیا ہوتا تو شاید میں کچھ وضاحت سے بیان کر سکتا ۔ آنریبل وزیر مال صاحب کے متعلق کیا کہوں ۔ ابھی کل کی بات ہے جب ان سے پوچھا گیا کہ جناب نے میجر جنرل اعظم صاحب کی بیوی اور ان کی سالی کو ۲۴ مربع زمین کیسے دے دی ہے تو انہوں نے نہایت سادگی سے فرمایا کہ معلوم نہیں تعجب ہے کہ وہ یہ بات نہیں بتا سکے ۔ پھر جب یہ پوچھا گیا کہ ڈاکٹر اعجاز صاحب کو کیا کیا الاٹ کیا گیا ہے تو کہا کہ مجھے پتہ نہیں ۔ اب میں حیران ہوں کہ اس مرض کی کیا دوا ہے ۔ کیونکہ اس طرح تو بات نہیں بنیگی ۔ موصوف مختار مطلق بادشاہ نہیں کہ وہ کسی کے سامنے جواب دہ نہ ہوں ۔

وزیر اعلیٰ—حضور والا ۔ میں یہ عرض کردوں کہ یہ زمین ٹیوب ویل سکیم کے ماتحت دی جاتی ہے وہ لوگ اپنے خرچ سے تمام انتظامات

کرتے ہیں ۔ اس وقت تک میرے پاس ان ۶۰ اشخاص کی فہرست آ گئی ہے جنہوں نے اپنے مربعے واپس کر دئے ہیں کیونکہ ان پر بہت خرچ کرنا پڑتا ہے ۔

قاضی مرید احمد—حضور والا۔ میں نے تمثیلا چند حقائق پیش کئے ہیں جن سے آنریبل وزیر مال صاحب کی لاپرواہی ظاہر کرنا مقصود ہے ۔ اب میں تعلیم کے متعلق کچھ عرض کروں گا ۔ وزیر تعلیم صاحب نے ایک سوال کے جواب میں بتایا تھا کہ ہمارے صوبہ میں قریبا ۱۵ لاکھ بچے آوارہ پھر رہے ہیں ان کے پڑھنے کا کوئی انتظام نہیں کیونکہ گورنمنٹ کے خزانہ میں مزید مدارس کھولنے کی گنجائش نہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ ان بچوں کی حالت اس ریوڑ کی طرح ہے جس کا چرواہا خواب خرگوش میں لمبی تان کر سو جائے ۔ اور ریوڑ کو جنگلی درندوں کے رحم و کرم پر چھوڑ دے ۔ یہی نونہال ملک و ملت کی حقیقی دولت ہیں ۔ اگر وزیر صاحبان اور بڑے بڑے افسر قومی خزانہ سے خود گلچھرے اڑاتے رہے اور ان بچوں کی تعلیم و تربیت کا بندوبست نہ کیا گیا تو تاریخ آپ کے اس قومی گناہ اور جرم عظیم کو کبھی معاف نہیں کرے گی آپ لوگوں نے پاکستانی قوم کے دو طبقے بنا رکھے ہیں امیر اور غریب ۔ امیرزادوں کے لئے تو اعلیٰ قسم کی درسگاہیں موجود ہیں مگر غریبوں کے بچے در بدر خاک بسر آوارگی کی ٹریننگ حاصل کر رہے ہیں ۔

کیا خوب کہا اقبال علیہ رحمتہ نے (کچھ تبدیلی کے ساتھ) :—

عقل ہے بے زمام ابھی عشق ہے بے مقام ابھی !
نقش گر ازل ترا نقش ہے نا تمام ابھی !
خلق خدا کی گھات میں رند و فقیہہ و میر و پیر
تیرے جہاں میں ہے وہی گردش صبح و شام ابھی !
تیرے امیر مال مست تیرے غریب ''دل شکست،،
بندہ ہے کوچہ گرد ابھی خواجہ بلند بام ابھی !

حضور والا—تمام محکموں میں بڑے بڑے صاحب بہادر قسم کے افسران کھپانے کی کوشش کی جاتی ہے یہ نہیں سوچا جاتا کہ بڑی بڑی اہم قومی ضروریات رکی پڑی ہیں اور ہمارا خزانہ یہ بھاری بوجھ برداشت نہیں کر سکتا ۔ کیا یہ بہتر نہیں کہ صاحب بہادرانہ تنخواہیں لینے والے افسران سے قوم کو نجات دلائی جائے اور وہی روپیہ ان آوارہ بچوں کی تعلیم پر لگایا جائے وگرنہ انہیں بیکار زندہ رکھنے سے یہ بہتر ہے کہ ان کو

ایک قطار میں کھڑا کرکے shoot کر دیا جائے کیونکہ رم کے ساتھے پر یہ حیوان قسم کی نکمی نسل کنلک کا ٹیکہ ہے ۔

حضور والا ۔ میری یہ عادت نہیں کہ میں بجٹ پیش کرنے والے بزرگ کی خواہ مخواہ تعریف کروں اور نہ ہی میں بلاوجہ نکتہ چینی کرنا پسند کرتا ہوں البتہ حقائق کو بیان کرنا میرا فرض ہے ۔ بجٹ ۲۸ کروڑ روپیہ کا ہے ۔ بھلا ۱۴ منٹ میں کیا کیا فرض کر سکتا ہوں ۔ آپ ہی اپنی اداؤں پہ ذرا غور کریں ۔ ہم اگر بات کریں گے تو شکایت ہوگی !

حضور والا—دینیات کے متعلق میرے واجب الاحترام مولانا محمد داؤد صاحب نے بہت کچھ فرمایا ہے ۔ میں ان کی پر زور تائید کرتا ہوں ۔ مجھے نہایت افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ حکومت نے فنون لطیفہ کی ترقی کے لئے تو دل کھول کر رقوم پیش کیں لیکن دینیات کے لئے اس بجٹ میں کچھ نہیں دیا ۔ پچھلے دنوں تھل میں ایک میلے کا انتظام کیا جا رہا تھا ۔ گانے بجانے والی بازاری عورتوں کے متعلق یہ اعلان کیا گیا کہ جو سب سے اچھا گائے گی اسے ایک مربعہ انعام میں ملیگا ۔ ارباب اقتدار کی ذہنی پستی ملاحظہ ہو کہ کشمیر کے مورچہ پر جان دینے والوں اور ملک کی حفاظت کرنے والوں کو تو شاباش اور بہادری کا تمغہ تک نہیں دیا جاتا اور اچھا گانے والی رنڈیوں کو مربعے انعام دیئے جاتے ہیں ۔ وزیر صاحبان کان کھول کر سن لیں ۔ آپ کی حالت مغل دور کے ان آخری شہزادوں کی طرح ہے جو رنڈیوں کی پرورش کے لئے جاگیریں بخشا کرتے تھے (نعرہ ہائے تحسین و قطع کلامیاں) ۔ اور بھانڈوں اور مسخروں پر اشرفیاں نچھاور کرتے تھے ۔

حضور والا— اردو کی ترقی کے لئے بھی اس بجٹ میں کچھ نہیں کیا گیا ۔ دینیات اور اردو زبان کو جس جسارت کے ساتھ نظر انداز کیا گیا ہے وہ پاکستان کے بنیادی تصور کے سراسر خلاف ہے ۔ اگلے روز ہی ایک سوال کے جواب میں معزز پارلیمنٹری سیکرٹری نے فرمایا تھا کہ پنجاب میں ایک لاکھ میں پانچ سو اندھے ہیں تو اس حساب سے دو کروڑ کی آبادی میں اندھوں کی تعداد ایک لاکھ ہوئی اور یہ تو وہ اندھے ہیں جن کی آنکھیں نہیں ہیں ۔ جو عقل کے اندھے ہیں ان کا کوئی شمار ہی نہیں ۔ آپ نے ایک لاکھ اندھوں کے لئے اس صوبہ میں صرف ایک سکول کھولا ہے ۔ یہ کوتاہی حکومت کے لئے نہایت شرمناک ہے ۔ وزیر صاحبان ہوائی جہاز کے بغیر سفر نہیں کر سکتے لیکن غریبوں کی آسائش کا کوئی خیال

نہیں کیا جاتا بلکہ ان پر ٹیکس دن بدن زیادہ لگائے جا رہے ہیں - بڑے بڑے افسروں کی تنخواہیں جو انگریز کے زمانہ میں تھیں انہیں آپ نے بر قرار رکھا ہے ان کی تنخواہوں میں کوئی کمی نہیں کی گئی - شیخ محمد امین صاحب نے جو اکانمی کمیٹی کی سفارشات کا ذکر فرمایا ہے اس کمیٹی کی سفارشات پر کوئی توجہ نہیں دی جاتی - اس سلسلہ میں انہوں نے پی - ڈبلیو - ڈی کے ایک بہت بڑے غبن کا بھی ذکر فرمایا جس پر مصلحتاً پردہ ڈال دیا گیا - پبلک ورکس ڈیپارٹمنٹ ایک ایسا محکمہ ہے جس میں آئے دن لاکھوں روپے کے غبن ہوتے رہتے ہیں اور کوئی پوچھتا نہیں - یہاں تک کہ کاغذات میں فرضی بل بنا کر دکھا دیئے جاتے ہیں اور فرضی ٹھیکیدار پیش کرکے لاکھوں روپیے خزانہ عامرہ سے وصول کر لئے جاتے ہیں (قطع کلامیاں) حضور والا - جس غبن کا آنریبل شیخ محمد امین صاحب نے ذکر فرمایا ہے مجھے امید ہے کہ وزیر اعلیٰ ضرور اس کی تحقیقات فرمائینگے - میں جانتا ہوں پولیٹیکل معاملات میں تو جناب چیف منسٹر صاحب فوری کارروائی کرتے ہیں اور اکثر ''سوچے بغیر،، شروع ہو جاتے ہیں - مجھے امید ہے کہ وہ خزانہ عامرہ کی حفاظت کی خاطر اچھی طرح سوچ سمجھ کر کوئی ایسا قدم اٹھائینگے جو غبن اور لوٹ کھسوٹ کا تدارک کر سکے - قاضی مرید احمد پر سیفٹی ایکٹ لگایا جاتا ہے تو تحقیقات کئے بغیر - عزت مآب قزلباش صاحب گواہ ہیں جو خضر منسٹری کے بھی رکن تھے کہ حصول پاکستان کے سلسلہ میں جد و جہد کرنے کے جرم میں ہی قاضی مرید احمد کو کئی مرتبہ شاہ پور جیل میں ڈالا گیا - میں اگر پاکستان کا نعرہ نہ لگاتا تو شاہ پور جیل میں جانے کی بجائے خضر حیات اور جناب قزلباش صاحب سے سرٹیفکیٹ حاصل کر چکا ہوتا - میں نے حصول پاکستان کی جد و جہد میں نہ صرف جان کی بازی لگا دی تھی بلکہ خضر منسٹری نے اس جرم میں میرا تمام اثاث البیت بھی قرق کر لیا تھا - آج آپ سیفٹی ایکٹ اس شخص پر لگاتے ہیں جس نے پاکستان کے حصول کے لئے اپنا سب کچھ لٹا دیا - مزید ستم ظریفی ملاحظہ ہو کہ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ دفعہ ۵ سیفٹی ایکٹ کے ماتحت کسی شخص کو تین ماہ سے زیادہ نظر بند نہیں کر سکتا - لیکن مجھے ڈپٹی کمشنر سرگودھا نے ستمبر ۱۹۵۴ میں ۶ ماہ کے لئے اپنے گاؤں میں نظر بند کر دیا - اور جب یہاں اسمبلی میں اس دھاندلی کے متعلق استفسار کیا جاتا ہے تو کسی سوال کا ٹھیک جواب نہیں دیا جاتا - ہم بد قسمتی سے نالائق اور نکمے پارلیمنٹری سیکرٹریوں کے ہتھے چڑھ گئے ہیں جو ہر سوال کا جواب صرف یہی دیتے ہیں کہ ''جواب تیار نہیں،، - اکثر وزرا

کی مالت بھی کچھ اسی قسم کی ہے ۔ اگلے روز جب وزیر تعلیم صاحب سے یہ سوال کیا گیا کہ شاہ پور ڈسٹرکٹ بورڈ کے ہائی سکولوں میں ٹرینڈ ٹیچروں کی تعداد کتنی ہے تو اس کا جواب یہ ملتا ہے کہ ٹیچر ۹۰ ہیں ۔ خچر سے کسی نے پوچھا تمہارا باپ کون ہے ۔ اس نے جواب دیا کہ میرا ماموں گھوڑا ہے ۔ سوال کچھ ہوتا ہے اور جواب کچھ ملتا ہے ۔ لو خود میں ہی عرض کرتا ہوں کہ ڈسٹرکٹ بورڈ شاہ پور کے نو ہائی سکولوں میں ۔ ساڑھے تین ہزار لڑکے پڑھتے ہیں جن کے لئے صرف ۱۴ ٹرینڈ ٹیچر ہیں گویا دو سو پچاس لڑکوں کے حصہ میں ایک ٹرینڈ ٹیچر آتا ہے ۔ اب آپ ہی اندازہ لگا سکتے ہیں کہ ان لڑکوں کی تعلیم کا کیا حشر ہوگا ۔ محض چند چیئرمینوں کی خوشنودی طبع کی خاطر ڈسٹرکٹ بورڈز کے تعلیمی ادارے جن میں قوم کے لکھو کھہا بچوں کی زندگیاں تباہ ہو رہی ہیں گورنمنٹ اپنی تحویل میں نہیں لیتی ۔

The Assembly then adjourned for Asar prayers.

The Assembly re-assembled after Asar prayers. Mr. Speaker in the Chair.

مولوی محمد اسلام الدین— (ملتان۔نمبر ۷۔مسلم ۔ مخصوص نشست) جناب والا—اس معزز ایوان کے سامنے عزت مآب وزیر خزانہ نے جو میزانیہ ۱۹۵۵-۵۶ کے لئے پیش کیا ہے میں اس کے سلسلہ میں آپ کی وساطت سے چند وجوہ کی بنا پر ۔ چند خصوصیات کی بنا پر جن کا یہ بجٹ حامل ہے اور چند ایسی باتوں کی بنا پر جو بین اور روشن ہیں عزت مآب وزیر خزانہ کی خدمت میں مبارکباد پیش کرتا ہوں ۔ لیکن جناب والا اس بجٹ میں میرے ذہن کے مطابق ۔ میری فہمید کے مطابق اور میرے علم و دانش کے مطابق جو خرابیاں ہیں اور جو نقائص ہیں وہ بھی میں آپ کی وساطت سے اس ایوان کے سامنے پیش کرونگا ۔ اس میں مجھے جو تاریک پہلو نظر آئے ہیں میرے خیال کے مطابق اس میں جو ترمیمات ہونی چاہیئں وہ بھی میں آپ کے سامنے لاؤں گا ۔

جناب والا ! میں اس وزارت کی اعلیٰ درجے کی کارکردگی کی ایک مثال پیش کرونگا پٹواریوں کی پینشن کا مطالبہ ایک دیرینہ مطالبہ تھا اور پیشرو وزارت نے بھی اس کا کوئی فیصلہ نہیں کیا تھا ۔ لیکن اس وزارت نے پٹواریوں کو جو کہ بیچارے اس معاملہ میں بڑے مظلوم تھے پنشن دینے کا فیصلہ کیا ہے ۔ پٹواری اپنی حالت کی وجہ سے اور پنشن نہ ہونے کی وجہ سے مجبور تھے کہ رشوت کا بازار گرم رکھتے ۔یہ اس وزارت

کا ایک کارنامہ ہے کہ اس نے رشوت کی راہیں مسدود کرنے کے لئے اور اس کا قلع قمع کرنے کیلئے پٹواریوں کو پنشن دینے کا بجٹ میں انتظام کیا ہے اور پٹواریوں کا طبقہ ایک ایسا طبقہ تھا کہ جو پسماندہ تھا اور اس کا پنشن کا مطالبہ پورا کرکے حکومت نے نہایت اچھا کام کیا ہے ۔

اس کے بعد جناب والا حکومت کی اعلیٰ درجہ کی کارکردگی کا دوسرا نمونہ یہ ہے کہ چینی کی قیمت سوا روپیہ سیر سے کم کر کے ایک روپیہ دو آنے کر دی گئی ہے یعنی فی سیر دو آنے کم کر دئے گئے ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ بھی ایک بہت بڑا کارنامہ ہے ۔ پھر باوجود اس کے کہ بجٹ کو فاضلہ رکھا گیا ہے تمام اخراجات بھی ویسے ہی رکھے گئے ہیں رفاہی محکموں کا خرچ کم نہیں کیا گیا بلکہ بعض چیزوں کے لئے زیادہ کر دیا گیا ہے ۔ باوجود ان سب چیزوں کے کوئی نیا ٹیکس نہیں لگایا گیا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ نون وزارت کا ایک کرشمہ ہے ۔

جناب والا ! اس میں کوئی شک نہیں کہ تعلیم ایک نہایت ضروری چیز ہے اس کے بغیر کوئی ملک ترقی نہیں کر سکتا ۔ انسانوں کیلئے تعلیم بہترین زیور ہے ۔ تعلیم کے بغیر انسان اپنے خدا کو بھی نہیں پہچان سکتا ۔ اس تعلیم کو فروغ دینے کیلئے اور انسانوں کو بام عروج پر پہنچانے کیلئے اور صوبہ کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کیلئے اس بجٹ میں پانچ کروڑ سے زیادہ روپیہ مخصوص کیا گیا ہے اور یہ ایک مستحسن اقدام ہے ۔ لیکن میں یہ عرض کرونگا کہ تعلیم کے سلسلہ میں اسی تعلیم کو پیش نظر رکھا گیا ہے جو ہمیں فرنگی تہذیب و تمدن سکھاتی ہے جو ہمیں یورپ کی طرف لے جاتی ہے لیکن اس تعلیم کو نظر انداز کیا گیا ہے جس کی بدولت پاکستان حاصل کیا گیا تھا ۔ میرا مطلب دینی اور اسلامی تعلیم سے ہے ۔ اس تعلیم کے لئے قرآن اور سنت اور حدیث کی تعلیم کیلئے کوئی انتظام نہیں کیا گیا ۔ چاہیئے تو یہ تھا کہ دینی تعلیم کے لئے بندوبست کیا جاتا ۔ احادیث کے درس دینے کے لئے اور قرآن کی تفاسیر پڑھانے کیلئے اور لوگوں کو اسلامی تہذیب و تمدن کے سانچے میں ڈھالنے کیلئے انتظامات کئے جاتے ۔ لیکن اس سلسلہ میں کچھ نہیں کیا گیا ۔ لہذا میں وزیر خزانہ صاحب کی خدمت میں درخواست کرونگا کہ وہ اس بات کا انتظام کریں کہ قرآن کی تعلیم اور احادیث رسول کی تعلیم ایسے علما کے ذریعے عوام کو دلوائی جائے جو صحیح طریق پر یہ تعلیم دے سکیں ۔ اور اس تعلیم کو عام کیا جائے ۔ دیہات کی نوے فیصدی آبادی جہالت میں ہے ۔ یہ جہالت صرف مدارس قائم کرنے سے دور نہیں ہو سکتی ۔ بلکہ اس طرح

سے ہو سکتی کہ دیہات کے جو ملا اور مولوی ۔ سنجیدہ اور فہمیدہ لوگ ہیں ان کی خدمات حاصل کی جائیں ۔ اور ان کے ذریعہ تعلیم کو فروغ دیا جائے اور اگر اس تعلیم کے لئے بجٹ میں گنجائش رکھی جائے تو نہایت موزوں اور مفید نتائج برآمد ہو سکتے ہیں اور یہ نہایت موثر ثابت ہو گی ۔

اس کے بعد جناب والا ۔ یہ عرض کرونگا کہ اس بجٹ میں رفاہی کاموں کے لئے بہت سا روپیہ مخصوص کیا گیا ہے ۔ نظم و نسق کے لئے کیا گیا ہے ۔ لیکن رفاہی کاموں میں سے ایک چیز میں جناب کے سامنے پیش کرنا چاہتا ہوں ۔ یہ محکمہ زراعت کے ماتحت کوآپریٹو فارمنگ سوسائیٹیوں کا شعبہ ہے ۔ یہ ادارہ در اصل کسانوں ۔ کاشتکاروں اور سوسائٹی کے ممبروں کی افادیت کے لئے ۔ انکی فلاح و بہبود کیلئے اور ان کو ترقی کے اعلیٰ مدارج پر لے جانے کیلئے قائم کیا گیا تھا ۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ ان مقاصد کے بالکل برعکس ثابت ہو رہا ہے ۔ مجھے اس کا ذاتی طور پر تجربہ ہے ۔ میں نے اپنی تحصیل وھاڑی میں اس شعبہ کا کام شروع کیا تھا اس خیال سے کہ یہ بڑی افادیت کی چیز ہے لیکن حالات نے ۔ واقعات نے ۔ تجربات و مشاہدات نے ہمیں اس نتیجہ پر پہنچایا ہے کہ یہ ایک ایسا شعبہ ہے کہ جس کے بغیر بھی حکومت چل سکتی ہے اور اسے قطعاً ختم کر دینا چاہئیے ۔

وزیر تعلیم—اسے ختم کر دیا گیا ہے ۔

جناب والا—میں جناب کی وساطت سے اس وزارت کو اس کی نیک نیتی پر مبارک باد پیش کرتا ہوں ۔ جب بھی اس کے سامنے کوئی بری چیز پیش کی جاتی ہے تو وہ نہایت مستعدی اور خندہ پیشانی سے اسے بالکل اڑا دیتی ہے ۔ (تالیاں)

جناب والا—میں یہ بھی عرض کردوں کہ تعلیم کے بعد ایک چیز جو ہمارے نظم و نسق کا واقعی لازمی جزو ہے وہ عدل و انصاف ہے ۔ نظم و نسق کے دو پہلو ہیں ایک عدلیہ اور دوسرا انتظامیہ ۔ عدلیہ کو انتظامیہ سے علیحدہ کرنا نون وزارت کا ایک بہت بڑا کارنامہ ہے ۔ اگرچہ اس وقت یہ کام ابتدائی مراحل طے کر رہا ہے تاہم اس چیز کی ابتدا ہی بڑا مبارک کام ہے ۔ اس کی مثال بالکل ویسی ہے جیسے ہم کسی بچے کو کہیں کہ وہ بام عروج تک پہنچنے کی کوشش کرے ۔ اس سلسلے میں وہ ایک دم ہی انتہا تک نہیں پہنچ سکتا ۔ سب سے پہلے اسے ابتدائی مراحل طے کرنے پڑینگے ۔ بعد ازاں وہ آہستہ آہستہ انتہا تک پہنچنے کے قابل ہو جاتا ہے ۔

ہو سکتا ہے کہ عدلیہ میں بعض ایسے لوگ بھی ہوں جو بے انصافی پر کاربند ہوں اور رشوت ستانی سے کام لیتے ہوں ۔ ان کے متعلق جب حکومت کے پاس کوئی شکایت پہنچے تو اسے چاہئیے کہ غیر جانبدارانہ طور پر انکوائری کرائے ۔ اور اگر اس سے کسی کے خلاف کوئی چیز ثابت ہو جائے تو اس کے خلاف تادیبی یا تعزیری کاروائی کی جائے ۔

جناب والا—کس قدر افسوس کا مقام ہے کہ جس کے چہرے پر ڈاڑھی ہو اسے بیوقوف اور نااہل سمجھا جائے اور مولوی کہا جائے ۔ (شور) میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ تنقید تو ہر چیز پر ہو سکتی ہے خواہ وہ جائز اور مباح ہی کیوں نہ ہو ۔ بہترین چیز میں بھی نقص نکالا جا سکتا ہے۔ مگر یہ چیز ممکن صرف اسی صورت میں ہو سکتی ہے جب کہ تخریبی پہلو پیش نظر ہو ۔ تعمیری پہلو کے پیش نظر یہ ہرگز ممکن نہیں۔ موجودہ حکومت خدا کے فضل و کرم سے تعمیری کام کرتی ہے اور تعمیری تجاویز پر عملدرآمد کرنے کیلئے ہمہ وقت تیار رہتی ہے ۔ یہ بجٹ کوئی آسمان سے اترا ہوا بجٹ تو ہے نہیں جو اس میں کوئی نقص نہ ہو ۔ یہ کوئی خدا اور رسول کی کتاب تو ہے نہیں جس میں کوئی غلطی نہ ہو ۔ ہمیں دیکھنا یہ ہے کہ ۔

ان اللہ لا ینظر الی صورکم و اعمالکم ولکن ینظر الی قلوبکم و الی نیاتکم ۔

ہمیں دیکھنا چاہیئے کہ کہیں نیتوں میں فتور یا خرابی تو نہیں ۔ اس میں شک نہیں کہ عدلیہ میں ایک واقعہ پیش آ چکا ہے جو میں آپ کے سامنے پیش کرتا ہوں ۔ وھاڑی میں ایک میجسٹریٹ نے اپنے ریڈر کے ذریعے ایک شخص کے وارنٹ گرفتاری جاری کر دئے ۔ در اصل اس شخص پر کوئی کیس یا مقدمہ نہ تھا ۔ وہ شخص لودھراں سے آیا ۔ (شور)

Mr. Speaker: Order, Order. This is not a coffee house,

Saiyed Amir Hussain Shah: (GUJRAT IV MUSLIM) : Sir, each year the Government have presented a surplus or a balanced Budget and, each year, sir, loyal party-henchmen have got up to congratulate the Chief Ministers and sir, each year we have warned them that there is more to budget-making than the mere tallying of balance and that, sir, unless they undertook vigorous national planning in the real sense of the word and place the economy of the Province on a sound and healthy basis the Province may go under.

Sir, we may go under for all these surplus budgets, because we could not go on for ever on foreign aid and by selling crown lands. There sources may dry up any time and then we shall go over the precipice.

Now, sir, development and planning apart, even if we were to consider the revenue side of the budget, this budget is not what it is claimed to be. It is neither a surplus Budget nor, sir, even a balanced budget. It has been balanced not by recurring income, but, by selling away capital assets in the form of crown lands, by levying a cess for development using it on the revenue side and by resorting to such pathetic devises as the nationalisation of text books.

Sir, this is dishonest accountancy and if a commercial concern had presented a balance sheet of this kind, the Registrar of Joint Stock Companies would certainly have prosecuted the Board of Directors. Sir, each year, as I said, the Government have presented a surplus budget and each year we have warned them but each year our warning have fallen on deaf ears and this year appears to be no exception. This Budget is as devoid of planning, as haphazard and as senseless, a budget as any in the past. Now, sir, let me explain what is meant by planning and development for the benefit of the Honourable Ministers who are sitting opposite, because, sir, I feel there was some confusion about the meaning of the word when we were discussing the development cess the other day in the House. Sir, planning for national development does not mean, building a dispensary here or a primary school there. This kind of building activity takes you nowhere apart from providing the Government with an excause for levying a so called development cess. By planning for national development is meant formulating comprehensive and co-ordinated schemes to satisfy all the basic needs of the common man, food, clothing, shelter, housing, medical aid, education and so on. It is comprehensive because it embraces all the needs and it is co-ordinated because of the various schemes to satisfy each of the human needs, are co-ordinated in it according to the relative importance of each.

Now, sir, to formulate such a plan, I know is a difficult job. It requires lot of hard work. You have got to collect all sorts of facts and figures in order to ascertain what your requirements are. Then you have to sit down and find out ways and means of meeting those requirements. Now to give you an example, sir, the Honourable Chief Minister in his Budget speech said that the production of food had increased and that he was spending more on the beneficent Departments than he had done last year and that he had given Rs. 25 lakhs in 'taccavi' loans to re-settle the landless tenants. That is all very well but it was being done in a haphazard way and no one could be sure what will happen after the next year. A dry monsoon might result in food shortage again and the stoppages of funds by the Centre may result in our hospitals remaning un-equipped. As for 'taccavi' loans, we do not know the exact number of landless tenants, we do not know how many of that number are going to be resettled and we do not know, Sir, what is in store for those who are not going to receive the benefit of these 'taccavi' loans. Sir, had all this been done under a plan, it would have given the common man a sense of security. It would have raised his morals he would have cheerfully gone through the period of austerity because he would have known that better times were coming. Lack of planning is the cause of frustration which, sir, is destroying whatever national character we had.

Now, sir, it is no use telling where is the money going to come from. Money can be found. Other countries have had worse start than we yet they have come up. Many of the schemes would be productive in nature, like digging canals and establishing factories, which would result in enhancing government revenue. For such schemes loan can be floated and the development Corporations like the P. I. D. C. set up. From the increased revenues the loan can be re-paid. I realise that the public debt as it is, is alarming. But that does not mean that it had no business to borrow for productive purposes. It only means that our finances have been incompetently handled. Now, sir, so for as the beneficent departments are concerned, money can be found for them by toning up the administration and by stopping the colossal waste and leakages in Government Departments. An Honourable Member of Muslim League has pointed out how the Economy Committee had unearthed huge embezzlements in certain Departments but no action was taken on the recommendations. Sir, our administration in top-heavy, although after partition the number of the districts has been reduced to half of the original number, posts like those of Financial Commissioners, Commissioners, Chief Engineers,

and Deputy Inspectors-General of Police have increased. By affecting economy in the administration alone we can assure progressive spending on the beneficent departments of health and education.

Although both the Noon and the Daultana Governments traded with a lot of promises to tone up the administrations, yet nothing came out of them. The Daultana Government started with the thundering Qadir Bakhsh Report, but the only thing that ever happend to that report was that it was released prematurely to the Press and after that both the thundering report and its author were forgotten though author has tried to make his presence felt by moving "the question be put" whenever the debate becomes too hot for the Government. The Noon Government started with the Punjab Disturbances Inquiry Report. Sir, when the bill relating to this enquiry was being passed in the House, we emphasised that this was going to be a waste of money becuase the Government had no intention of implementing the recommendation of the Court. Sir, subsequent events have proved that our fears were not too wrong. Now, the judges in their report have observed that one Superintendent of Police or one Deputy Commissioner could have controlled the situation if they had treated it purely as a law and order problem. In other words if they had done their duty. Government officers could not be their duty when they were liable to victimization and politiacal influence. Sir, because of a pressure when the Government official has lost his initiative, his independence and his efficiency, he has no time for work. He is pre-occupied with trying to be on the right side of political cliques that matter. The result is that the administration is inefficient and corrupt and there is colossal waste of Government money.

Then there is another source of income which has not yet been tapped: reference to this source is always unpleasant to the Honourable Ministers. I mean, sir, raising the production of agricultural wealth by ridding our economy of the evils of fueldalism. Whenever we touch this subject the Ministers get up angrily to say that we don't know what we are talking about, that there aren't very many big landlords in this province; that fuedalism is just not there; the point is, sir, that if we do not know much about what we are talking, the Ministers know even less. They don't have the relevant facts and figures either.

We have asked many time to let us know the exact number of land owners holding more than 6 or 8 squares of land and the total land held by such landlords, the answer is always "the answer is not ready".

Chief Minister: May I know when the Honourable Member asked this question.

Saiyad Amir Hussain Shah: We have asked such questions several times.

Chief Minister : Ask them now and you will get the reply.

Saiyad Amir Hussain Shah: Thank you.

Sir, had we been an industrial country we might have left the landholder alone but agriculture is the only wealth we produce and we have got to exploit it fully. We have no option. We are starting from scratch. We must pool together whatever reasources we have. Sir, I have already stated that this planning requires lot of hard work. It pre-supposes that there is some imagination, some competence and some devotion to duty on the part of those who are occupying Ministerial benches, I suppose this is too much to expect of them. I think, Sir, that they have no time to do an honest day's work and I suppose that this year also all what we have said is going to fall on deaf ears.

میاں عبداللطیف: —(شیخوپورہ مسلم مخصوص نشست) - جناب والا - آئندہ سال کے لئے جو بجٹ آنریبل وزیر خزانہ نے پیش کیا ہے اس میں انہوں نے آمدنی کی مد میں ۲۸ کروڑ روپیہ کی رقم دکھائی ہے - جہانتک اس آمدنی کا تعلق ہے میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ ایک false game ہے جو اس ہاؤس کے ساتھ play کی گئی ہے ورنہ اگر حقیقت میں دیکھا جائے تو آمدنی اتنی نہیں - یہ اعداد و شمار غلط دیئے گئے ہیں - اس میں تین کروڑ روپیہ کی وہ رقم بھی شامل ہے جو انہوں نے سرکاری زمین کی فروخت سے حاصل کی ہے - اور تین کروڑ روپیہ ان کو مرکزی حکومت سے ملنے کی امید ہے - اور سوا کروڑ روپیہ انہیں غریب دیہاتیوں سے ٹیکس کی صورت میں وصول ہونے کی توقع ہے - جہانتک سرکاری اراضی کی فروخت کا تعلق ہے میں سمجھتا ہوں کہ یہ قوم کی املاک ہیں اور انہیں ان مزارعوں میں تقسیم کرنا چاہئیے تھا - جو landless ہیں - ہمیں اس قومی املاک کو فروخت نہیں کرنا چاہیئے - پھر جناب والا - سوا کروڑ روپیہ جو Cess کے ذریعہ وصول کرنے کے لئے Cess Bill لایا گیا ہے اسکے Statement of Objects and Reasons میں یہ لکھا ہے -

"The ever-increasing population of the Province necessitates development of all available resources for providing food, work and amenities of life for the residents of the Punjab., etc, etc....."

جناب والا - یہ سب بے پناہ فراڈ - دغا اور فریب ہے - وزیر بحالیات نے فرمایا ہے کہ پچھلی حکومتوں نے یہ ٹیکس وصول کرکے اسے اس مقصد کے لئے استعمال نہیں کیا جس مقصد کے لئے یہ اکٹھا کیا گیا تھا - حقیقتاً اس دفعہ بھی ان کا یہی منشا ہے - اس کے علاوہ انہوں نے اپنے بجٹ میں ۸۰ لاکھ روپیہ کا جو ریلیف کھانڈ کی قیمت میں دیا ہے اس سے غریبوں کو کیا فائدہ پہنچ سکتا ہے جو دیہات میں رہتے ہیں - دیہاتی لوگ تو گڑ شکر کھا کر گزارہ کر لیتے ہیں اور شہر میں بھی غریب شکر یا دیسی کھانڈ کا استعمال کر لیتے ہیں - اس لئے یہ ریلیف صرف اوسط درجے کے طبقے اور بلند طبقے کے لئے ہے - غریبوں سے تو ٹیکس وصول کرکے ان کی چمڑی اتار لی گئی ہے - پچھلے سیشن میں وزیر اعلیٰ صاحب نے فرمایا تھا کہ غریب کے لئے میرا خون بھی حاضر ہے - جناب والا - میں یہ عرض کرونگا کہ غریبوں سے ہمدردی رکھنے والوں کا یہ حال ہے کہ ایک طرف تو ٹیکس لگا کر ان کا خون چوس لیا جاتا ہے اور دوسری طرف جو زمین تھی وہ بھی ان سے چھین لی جاتی ہے - بجائے اس کے کہ سرکاری زمینوں کو ان میں تقسیم کر دیا جاتا ان کو فروخت کرکے اپنی آمدنی میں شامل کیا جا رہا ہے

جناب والا - ہمارے صوبہ کی آمدنی ۲۰ اور ۲۲ کروڑ کے درمیان ہے لیکن ہماری آبادی کا تناسب دوسرے ملکوں سے بہت زیادہ ہے مگر آمدنی ان کی نسبت بہت کم ہے - ہمارا صرف پنجاب ہی یورپ کے کئی ملکوں سے بہت بڑا ہے مثلاً آسٹریا - پولینڈ - ہنگری ، ہالینڈ اور بیلجیئم وغیرہ وغیرہ - ان ملکوں کی آبادی بہت کم ہے مگر آمدنی بہت زیادہ ہے - آخر ہم اتنے پسماندہ کیوں ہیں ؟ اسکی وجہ یہ ہے کہ ان ملکوں نے پلیننگ کی ہے - آپ کو چاہئیے کہ آپ پلیننگ کریں - آپ بھی پلیننگ سے اسی طرح ترقی کر سکتے ہیں - کیا آپ یہ سمجھتے ہیں کہ قوم آپ کے ساتھ نہیں ؟ قوم آپ کے ساتھ ہے اور ملک کی خاطر پسینہ اور خون ایک کرنے کو تیار ہے - لیکن قوم انقلابی تبدیلیاں چاہتی ہے - آپکی قوم یہ چاہتی ہے کہ ملک میں انقلابی تبدیلی ہو - ہمارے قائداعظم نے ملک میں سات سال میں طوفان برپا کر دیا تھا - عوام کو revolutionary leadership کی ضرورت ہے - آپ کے پاس اس کے لئے ہر چیز موجود تھی - ہم نے ۴۰ لاکھ ایکڑ اراضی ہندوستان میں چھوڑی اور یہاں غیر مسلموں نے ۶۷ لاکھ ایکڑ اراضی چھوڑی - گویا ۲۲ لاکھ ایکڑ اراضی ہمارے پاس فالتو بچی - اگر ہم وقت پر پلیننگ سے کام لیتے تو ہم اپنی قوم اور ملک میں انقلابی تبدیلیاں پیدا کر سکتے تھے -

جناب والا - پہلے یہ کہا جاتا تھا کہ ہمارے پاس ٹرینڈ آفیسرز کی کمی ہے - اس وقت یہ حالت ہے کہ ہمارے پاس بے پناہ ٹرینڈ آفیسر موجود ہیں - صوبہ پنجاب میں دو فنانشل کمشنر ہوتے تھے - اس وقت ۴ فنانشل کمشنر ہیں - پہلے تین یا چار پارلیمنٹری سیکرٹری ہوتے تھے اس وقت دس کے قریب پارلیمنٹری سیکرٹری ہیں اور نصف درجن کے قریب پرائیویٹ پارلیمنٹری سیکرٹری ہیں - اگر آپ economy کرنا چاہئیے ہیں تو اپنے اخراجات میں بچت کیجئیے جن چیزوں پر خرچ کرنا ضروری تھا ان کی طرف آپ نے توجہ نہیں دی مثال کے طور پر یہ گداگری کا مسئلہ ایک ایسا مسئلہ ہے جس پر حکومت کو فوری توجہ دینی چاہئیے تھی - عوام ایک نیشنل asset ہیں - ان کی بہتری و بہبودی کا خیال رکھنا ہر حکومت کا فرض ہے - اس کے علاوہ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ نہ صرف چھوٹے طبقے میں بلکہ بڑے طبقے میں بھی رشوت چلتی ہے - کوئی کام سفارش یا رشوت کے بغیر نہیں ہو سکتا - ملک میں جتنے رفاہی محکمے ہیں ان سے اگر کوئی کام لینا ہوتا ہے تو سفارش ڈھونڈنی پڑتی ہے - اگر کسی شفاخانے میں مریض کو داخل کرانا ہوتا ہے تو سفارش کی ضرورت ہوتی ہے اور اگر کسی سکول میں بچے کو داخل کرانا ہو تو سفارش کے بغیر داخل نہیں ہو سکتا - یہ

سب چیزیں ایسی ہیں جن کا ہمیں فوری طور پر قلع قمع کرنا چاہئیے ۔ جب تک اس رشوت کا سدباب نہ کیا جائیگا اس وقت تک ملک کی حالت بہتر نہیں ہو سکتی ۔ اگر کوئی سکیم بنتی بھی ہے تو اسے خود غرض لوگ سرے نہیں چڑھنے دیتے ۔ مثلاً'' ٹرانسپورٹ کو نیشنلائز کرنے کا سوال تھا اور جب اس سکیم پر عمل شروع ہوا تو اس میں خسارہ ہوا ۔ یہ معلوم نہیں ہو سکا کہ ایک کارخانہ یا فیکٹری جب پرائیویٹ ادارے کے پاس ہوتی ہے تو اس میں منافع حاصل ہوتا ہے اور جب اسے نیشنلائیز کیا جاتا ہے تو الٹا خسارہ ہوتا ہے ۔ ایک کارخانہ جب پرائیویٹ ادارے کے پاس تھا تو کافی منافع ہوتا تھا لیکن جب وزیر موصوف نے اسے سرکاری تحویل میں لیا تو ۳۳ لاکھ کا خسارہ ہوا ۔ اب میں ریفوجی پبلک سرونٹس کے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ ان کے لئے اکتوبر ۱۹۴۷ میں اعلان ہوا تھا کہ ان کو اسی طرح absorb کیا جائیگا ۔جسطرح وہ مشرقی پنجاب میں تھے لیکن یہ افسوس کا مقام ہے کہ ان کو پوری طرح absorb نہیں کیا گیا اور کسی systematic طریقے سے ان کو آباد نہیں کیا گیا ۔

The Assembly then adjourned till 1 *p.m. on Wednesday the* 16*th March* 1955.

۹۸ پی ایل اے—۵۰۰—۱۴-۸-۵۶—ایس جی پی ڈبلیو پی لاہور

PUNJAB LEGISLATIVE ASSEMBLY

TENTH SESSION OF THE FIRST PUNJAB LEGISLATIVE ASSEMBLY

Wednesday, the 16th March, 1955

The Assembly met in the Assembly Chamber, Lahore at 1 p. m. of the clock, Mr. Speaker (The Honourable Dr. Khalifa Shuja-ud-Din) in the Chair.

Recitation from the Holy Quran.

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

RESTORATION OF LAND AND WELLS TO THEIR RESPECTIVE OWNERS IN TEHSIL BHAKKAR

*3383. **Malik Fateh Sher Jhumat**: Will the Honourable Minister of Revenue be pleased to state :—

(*a*) the Chahi, Barani and Banjar area restored to the landowners out of the area acquired through block bandi in Tehsil Bhakkar, District Mianwali by the Thal Development Authority in compliance with his orders passed on 12th December 1951 and also the number of wells restored to the landlowners out of the wells included in the area acquired through Block Bandi;

(*b*) whether the cancellation of the acquisition by the Thal Development Authority of the lands and wells now restored to the landlowners has been published in the *Punjab Gazette*; if so, the dates of such Gazette notifications;

(*c*) whether the cancellation of the acquisition of the area acquired under Block Bandi has been published;

(*d*) the extent of Chahi, Barani and Banjar land restored to the owners and also the number of landowners of the Block Bandi area whom copies of the record prepared by Thal Development Authority were supplied under the orders, dated 18th January 1954 of the Honourable Chief Minister.

(*e*) the place where the record office has been established;

(*f*) the total area of land acquired in Bhakkar tehsil for public purposes and the area out of the same which was restored to owners later on?

پارلیمنٹری سیکرٹری (سردار محمد حسن) :

	ایکڑ
(الف) چاهی	۹,۳۳۸
بارانی	۲۷,۶۹۸
بنجر ..	۱۸,۰۵۹

تمام چاهات مالکان کو واپس کر دئے گئے هیں ۔

(ب و ج) نہیں ۔ ایسا کرنا ضروری نہیں خیال کیا گیا ۔

(د) (۱) پہلے حصے کا جواب جز (۱) میں دیا جا چکا ہے ۔

(۲) مالکان کو ریکارڈ کی کاپیاں نہیں دی جاتیں بلکہ متعلقہ شخص کو پرچی کھتونی دی جاتی ہے ۔ کسی مالک نے پرچی کھتونی کا مطالبہ نہیں کیا ۔ اسلئے کسی کو پرچی کھتونی جاری نہیں کی گئی ۔

(ہ) لیہ (میں دفتر ریکارڈ قائم کیا گیا ہے) ۔

	ایکڑ
(و) حاصل کردہ رقبہ ..	۱۱,۶۶۸
کل رقبہ جو واپس کیا گیا ..	۸۳۴

AREA UNDER BLOCK BANDI ENTERED BY THAL DEVELOPMENT AUTHORITY IN NAME OF HEREDITARY TENANTS

***3387. Malik Fateh Sher Jhumat:** Will the Honourable Minister of Revenue be pleased to state—

(*a*) the area under Block Bandi entered by the Thal Development Authority in the name of hereditary tenants ;

(*b*) the area entered in the name of hereditary tenants in respect of each 'Shamlat';

(*c*) the area taken away from the tenants and entered in the names of the original land owners under orders, dated 18th January 1954, of the Honourable Chief Minister, and the number of such tenants;

(*d*) the area of 'Shamlat' previously entered in the names of the hereditary tenants and later on cancelled and entered in the names of original land owners and the number of such hereditary tenants ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (سردار محمد حسین) : (الف) ۵,۹۰۹ ایکڑ ۔

(ب) مطلوبہ اطلاع ایوان کے میز پر رکھ دی گئی ہے ۔

(ج) اس ضمن میں عزت مآب وزیر اعلیٰ پنجاب نے کوئی احکام صادر نہیں فرمائے اور ایسا کوئی رقبہ نہیں ہے ۔

(د) ایسا کوئی رقبہ نہیں ہے ۔

The area entered in the name of hereditary tenants in respect of each 'Shamlat' is indicated below :—

Serial No.	Name of Village	Area in acres entered in the name of hereditary tenants in respect of *shamlat*
		Acres
1	Dagar Yarshah	1,418
2	Dagar Qureshi	1,471
3	Dagar Awan	289
4	Kotlajam	78
5	Sheikh Dagar	222
6	Godla Dagar	22
7	Dagar Aulakh	1,587
8	Dagar Rohtas	38
9	Jhakkar Dagar	73
10	Razaishah Dagar	138
11	Pirshah Dagar	400
12	Chena Dagar	22
13	Karai Kot	123
14	Kamal Them	28
	Total ..	5,909 acres.

VISITS PAID BY DEPUTY REHABILITATION COMMISSIONER LYALLPUR TO KAMALIA

***3404. Rai Nasrullah Khan:** Will the Honourable Minister of Revenue be pleased to state the number of visits paid by the present Deputy Rehabilitation Commissioner, Lyallpur, to Kamalia since the assumption of his office and if none the reasons therefor ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (سردار محمد حسن) : نائب ناظم بحالیات لائل پور نے اپنی تعیناتی کے دوران میں کمالیہ کا صرف ایک مرتبہ دورہ کیا ہے کیونکہ وہ اپنے ضلع کے مضافاتی قصبات کے کام میں بہت زیادہ مصروف ہیں اور یہ کام ان کو نائب ناظم بحالیات کے فرائض کے علاوہ سپرد کیا گیا ہے ۔

SEM IN POLICE STATION AREA OF RENALA KHURD

*3456. **Mian Muhammad Shafi:** Will the Honourable Minister for Revenue be pleased to state :—

(*a*) total acreage under Sem in Police Station area of Renala Khurd in the Montgomery district along with the number of villages thus affected ;

(*b*) the steps Government have taken so far to rehabilitate the cultivators whose lands in Kaman Zail of the ilaqa mentioned in (*a*) above have been affected by Sem.

پارلیمنٹری سیکرٹری (سردار محمد حسین) (الف) اس علاقہ میں کوئی سیم نہیں ہے۔ لیکن ۶۲ مواضعات میں ۱۶,۲۴۱ ایکڑ زمین تھور زدہ ہے۔

(ب) کامان ذیل کے ۷۰ کنبوں کو ۱,۴۴۸ ایکڑ سرکاری اراضی عارضی کاشت کے لئے پٹہ پر عطا کی گئی تھی۔

میاں محمد شفیع : آنریبل پارلیمنٹری سیکرٹری اگر اپنے جواب کو غور سے دیکھیں اور یہ معلوم کرنے کی زحمت گوارا فرمائیں کہ جن ۶۲ دیہات کا ذکر انہوں نے کیا ہے کیا وہ رینالہ خورد پولیس سٹیشن میں ہیں ؟ اور وہاں سیم ہے یا تھور ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری : سیم نہیں تھور ہے۔

میاں محمد شفیع : کیا پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب ارشاد فرمائیں گے کہ کامان ذیل میں ۷۰ خاندانوں کو جو ان کے ارشاد کے مطابق ۱۰۰ ایکڑ زمین دی گئی ہے آیا وہ زمین cancel کر دی گئی ہے یا از سر نو انہیں دے دی گئی ہے ؟

وزیر مال : اس کا جواب دے دیا گیا ہے۔ کامان ذیل کے ۷۰ کنبوں میں اراضیات پٹہ پر دی گئی ہیں۔

میاں محمد شفیع : آپ کی خدمت عالیہ میں ایک ڈیپوٹیشن مزارعین۔ کاشتکاران۔ زمینداران چکوک ہائے کامان کا حاضر ہوا اور درخواست پیش کی جس پر پہلے جناب وزیر ترقیات نے نوٹ لکھا اور پھر وہ نوٹ لیکر آپ کی خدمت عالی میں گئے لیکن آپ نے وہ درخواست ڈپٹی کمشنر منٹگمری کو mark کر کے بھیج دی۔

صاحب سپیکر : یہ سوال نہیں۔ آپ کوئی سوال دریافت کریں۔

میاں محمد شفیع : جناب والا۔ میرا سوال یہ ہے کہ آنریبل وزیر مال کی خدمت میں زمینداروں اور کاشتکاروں کے حالات پیش کئے گئے جنکو زمین الاٹ ہوئی تھی اور ان کو قبضہ نہیں ملا۔ کیا اب انہوں نے ڈی۔ سی۔ منٹگمری سے کچھ استفسار فرمایا ہے؟

وزیر مال : ہاں ۔ اگر کوئی درخواست دی گئی تھی۔ جس میں یہ کہا گیا تھا ۔ کہ کچھ کنبوں کی زمین cancel ہوگئی ہے (میں نہیں کہہ سکتا کتنے کنبے تھے یا کتنی زمین تھی) میں نے وہ درخواست ڈپٹی کمشنر منٹگمری کی خدمت میں بھیج دی ۔ اگر واقعی ان کی زمین concel ہوگئی ہو اور ان کو حقوق حاصل ہوئے ہوں تو ہم انہیں ضرور زمین دیں گے ۔

چودھری محمد افضل چیمہ : کیا آنریبل وزیر متعلقہ ارشاد فرمائیں گے کہ جو اطلاعات ان کو موصول ہوئی ہیں آیا ان سے یہ معلوم ہو سکتا ہے کہ پٹہ پر اراضیات ابتداً کتنے عرصہ یا کتنی مدت کے لئے دی گئی ہیں ؟

وزیر مال : اگر آپ کا مطلب سرکاری زمینوں سے ہے تو وہ زمینیں ایک سال کے لئے دی جاتی ہیں اور کوئی خاص عرصہ مقرر نہیں کیا جاتا ۔ گورنمنٹ جب چاہے نوٹس دے کر بے دخل کر سکتی ہے اس پر Agrarian Legislation کا کچھ اثر نہیں ہے ۔ جو زمینیں حکومت نیلام کرنا چاہتی ہے ان کے متعلق یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ اس وقت جن زمینوں پر لوگ بیٹھے ہوں ۔ اور جن پر وہ ہل چلاتے ہوں وہ ان کے پاس ہی فروخت کر دی جائے ۔ وہ لوگ بھی یہی چاہتے ہیں بجائے اس کے کہ وہ اسی طرح بیٹھے رہیں ۔ اس کی شرائط بہت آسان ہیں ۔ غالباً ایک چوتھائی قیمت ان سے پہلے لے لی جاتی ہے اور باقی سات آٹھ اقساط میں پانچ سال کے عرصہ میں وصول کر لی جاتی ہے ۔

میاں محمد شفیع : اگر سیم سے مراد water logging ہے تو پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب کا یہ فرمانا کہ رینالہ خورد میں سیم نہیں تھور ہے درست نہیں ۔ اس لئے میں یہ عرض کروں گا کہ ان کا جواب حقائق پر مبنی نہیں ۔

وزیر مال : اگرچہ سیم اور تھور دو الگ الگ چیزیں ہیں لیکن ان دونوں کی وجہ سے زمین کاشت نہیں ہو سکتی ہم مانتے ہیں کہ رینالہ خورد میں ایسے علاقے ہیں جہاں زمین کاشت نہیں ہو سکتی اور یہی چیز انہوں نے بیان کی ہے ۔

رانا گل محمد نون عرف عبدالعزیز نون : کیا میں وزیر متعلقہ سے پوچھ سکتا ہوں کہ جب ایک ڈیپوٹیشن ان سے ملا اور ایک درخواست ان کی خدمت میں پیش کی تو وہ درخواست انہوں نے ڈپٹی کمشنر منٹگمری کو بھیج دی اس کو بھیجے ہوئے کتنا عرصہ ہو گیا ہے ؟

وزیر مال : یہ تھوڑے دنوں کی بات ہے ۔

رانا گل محمد نون عرف عبدالعزیز نون : کیا میں وزیر مال صاحب سے پوچھ سکتا ہوں کہ آیا اس علاقہ میں جہاں وہ کہتے ہیں تھور ہے اور بعد میں کہتے ہیں کہ تھور نہیں سیم ہے ۔ اس چیز کے سد باب کے لئے انہوں نے کوئی تدابیر اختیار کیں ؟

وزیر مال : سیم یا تھور والی زمین کے درست کرنے کے لئے ریکلیمیشن ڈیپارٹمنٹ کے پاس کئی طریقے ہیں ۔ جب کوئی زمین سیم یا تھور والی ہو جاتی ہے تو لوگ درخواست دیتے ہیں اور اس کا انتظام کیا جاتا ہے ۔

میاں محمد شفیع : اس کے لئے ٹیوب ویل یا سائیفن استعمال کیا جاتا ہے کیا اس علاقہ میں ٹیوب ویل یا سائیفن کے ذریعہ پانی کے نکاس کا انتظام کیا گیا تھا ؟

وزیر مال : مجھے علم نہیں ۔

ANNUAL RETURN OF IMMOVEABLE PROPERTY.

***3620. Rana Gul Muhammad Noon *alias* Rana Abdul Aziz Noon:** Will the Honourable Minister of Revenue be pleased to state :—

(*a*) The list of the officers serving in the Department in his charge who under the rules are required to submit Annual Returns of their Immovable Property.

(*b*) the names of those officers who failed to submit such returns in 1948, 1949, 1950, 1951, 1952, 1953 and 1954;

(*c*) the details of the action taken against those officers who failed to submit such returns ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (سردار محمد حسین) : چونکہ ایسے افسران کی تعداد جو وزارت مال کے ماتحت کام کر رہے ہیں بہت زیادہ ہے اور اکثر کی فہرست ملتان، راولپنڈی اور لاہور کے کمشنروں کے دفتر میں ہے اور یہ اطلاع کہ کن افسران نے اپنی غیر منقولہ جائیداد کے متعلق بروئے قواعد اطلاعات بہم پہنچائی ہیں کافی تحقیقات کے بعد مہیا کی جا سکتی ہے اس لئے افسوس ہے کہ مطلوبہ کوائف ابھی تک مہیا نہیں ہو سکے ۔ جونہی کوائف مہیا ہوں گے آنریبل ممبر کو اطلاع دے دی جائے گی ۔ (اس سوال کا نوٹس یکم مارچ ۱۹۵۵ء کو دفتر پنجاب اسمبلی سے بھیجا گیا تھا) ۔

(الف) محکمہ بحالیات تقسیم ملک کے بعد معرض وجود میں آیا اس محکمہ کے اکثر افسران اور ملازمین مہاجر ہیں ۔ ۱۹۵۴ء میں ان سے غیر منقولہ جائیداد جو انہوں نے حاصل کی یا ان کی ملکیت تھی کے متعلق ڈیکلیریشن زیر قاعدہ ۱۰ گورنمنٹ سرونٹس کنڈکٹ رولز طلب کئے گئے تھے ۔ ایسی اطلاع ہر سال انہیں داخل نہیں کرنا ہوتی بلکہ جب وہ کوئی غیر منقولہ جائیداد خریدیں تو انہیں اطلاع محکمہ کو پہنچانی ہوتی ہے یہ قانون کسی خاص طبقہ کے افسران پر حاوی نہیں (بلکہ ہر ایک سرکاری ملازم اس کا پابند ہے)۔

(ب) افسران اور ملازمان میں سے اکثر نے اطلاع داخل کر دی ہے باقیوں کو یاد دھانی کرائی گئی ہے مگر ان کے نام سر دست مہیا نہیں ہو سکتے کیونکہ اتنے قلیل نوٹس پر تمام اضلاع سے اطلاع آنا مشکل ہے ۔

(ج) چونکہ کسی افسر نے ایسی اطلاع دینے سے انکار نہیں کیا لہذا یہ سوال پیدا نہیں ہوتا ۔

Rana Gul Muhammad Noon *alias* Abdul Aziz Noon: Sir, may I be allowed to ask this supplementary question in English.

(*Interruptions*)

Mr. Spaker: Order please.

Rana Gul Muhammad Noon *alias* Abdul Aziz Noon: May I ask the Honourable Revenue Minister, when he says that those officers who have not submitted their returns have been warned, when were those warnings issued to them ?

وزیر: اس کو مدت ہو گئی ہے ۔

Rana Gul Muhammad Noon *alias* Abdul Aziz Noon : May I ask the HonourableMinister of Revenue, when he says that the records of the returns are with the Commissioners of Multan and Rawalpindi Divisions, whether such returns are sent to the Punjab Government and, if so, have they got the record here ?

وزیر : نہیں ۔ اگر ان کی ضرورت محسوس ہو تو ہم منگوا لیتے ہیں ورنہ ڈویژنل ہیڈ کوارٹر میں یہ ریکارڈ رکھا جاتا ہے ۔

Rana Gul Muhammad Noon *alias* Abdul Aziz Noon: May I ask the Honourable Minister of Revenue whether there are some officers serving in Lahore whose records are available here in Lahore ?

وزیر: جو یہاں ہیں ان کا کمشنر صاحب کے دفتر میں ریکارڈ موجود ہے ۔

Rana Gul Muhammad Noon: Then why is this information being denied to the members of this Honourable House ?

وزیر: وہ تو اتنی لمبی چوڑی لسٹ ہے کہ اس میں پٹواری سے لے کر فنانشل کمشنرز تک تمام محکمہ مال شامل ہے۔ اس قدر بڑے محکمہ کے تمام ملازمین کی لسٹ یہاں پیش کرنا تو مشکل ہے۔ اگر آنریبل ممبر کسی خاص افسر یا ملازم کے متعلق دریافت کرنا چاہتے ہوں تو میں انہیں اس کے متعلق تفصیلات دے سکتا ہوں۔

DEPUTY COMMISSIONER, LYALLPUR.

***3469. Mr. C. E. Gibbon:** Will the Honourable Chief Minister be pleased to state :—

(*a*) the name of the officer holding the post of Deputy Commissioner, Lyallpur, on 15th December, 1954;

(*b*) the date of his appointment to Government service and the posts held by him so far.

سردار محمد حسین (پارلیمنٹری سیکرٹری): افسوس ہے کہ مطلوبہ اطلاعات مکمل نہیں ہو سکیں۔ مکمل ہونے پر آنریبل ممبر کی خدمت میں پیش کر دی جائینگی۔

TACCAVI LOANS FOR BUILDING HOUSES IN THAL

***3650. Chaudhri Ghulam Rasul Tarar:** Will the Honourable Minister of Revenue be pleased to state :—

(*a*) the total amount of taccavi loans advanced so far by Government for building houses in the Thal Area ;

(*b*) the amount out of that mentioned in (*a*) above which has been repaid to Government ;

(*c*) the total number of benificiaries of taccavi loans for house building purposes, and the number of those amongst them whose whereabouts are unknown, with the result that taccavi loans advanced to them cannot be recovered by Government without difficulty ;

(*d*) the amount of taccavi loans standing against persons whose whereabouts are not known and the steps Government intend to take for its recovery?

سردار محمد حسین (پارلیمنٹری سیکرٹری): اس سوال کا نوٹس مختصر وقفہ پر ملا ہے۔ لہذا اس کا جواب موصول نہیں ہوا۔

وزیر: ان سوالات کے متعلق میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ چونکہ یہ سوالات تھل کے متعلق ہیں اور تھل کا دفتر جوہر آباد میں ہے۔ کسی سوال کا نوٹس ۴ مارچ کو کسی کا ۵ کو اور کسی کا ۷ کو ملا ہے۔ چونکہ اتنی جلدی وہاں سے جوابات منگوائے نہیں جا سکتے تھے لہذا ہم انہیں پیش نہیں کر سکے۔

Rana Gul Muhammad Noon *alias* Abdul Aziz Noon: May I ask, Sir, when he says that the notice was received on the 6th and 7th, I would point out, Sir.....

Mr. Speaker: What is the question ?

Rana Gul Muhammad Noon *alias* Abdul Aziz Noon: The question is if the notice was received on the 7th, then why the answer is not due today ? It is only after a fortnight that the answer is due.

وزیر سائل : دیر ہو گئی ہے ۔

ILLITERACY.

***3430. Chaudhri Muhammad Afzal Cheema:** Will the Honourable Minister of Education be pleased to state whether Government have started any campaign to combat illiteracy in the Province; if so, with what results and, if not, reasons therefor ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (خدیجہ بیگم جی ۔ اے خان) : حال ہی میں محکمہ تعلیم نے فورڈ فاؤنڈیشن کی امداد سے دیہاتی علاقوں میں عورتوں کی بنیادی تعلیم کے لئے ایک تجرباتی منصوبے کا نفاذ کیا ہے ۔ اس مقصد کے لئے ایک مرکز موضع ماچھیکے ضلع شیخوپورہ میں کھولا گیا ہے ۔ تعلیم بالغاں اسکی بنیادی غرض ہے ۔ اس تجربہ کی کامیابی اور ترقی کا جائزہ لیا جا رہا ہے ۔ امید ہے ۔ کہ ایک سال کے بعد اسکے نتائج سے اس تجربے کی قدر و قیمت کا اندازہ کیا جا سکیگا ۔ جو آئندہ کے لئے مشعل راہ ثابت ہوگا ۔

چودھری محمد افضل چیمہ: محترمہ نے اپنے جواب کو صرف زنانہ تعلیم تک محدود رکھا ہے ۔ کیا وہ مردانہ تعلیم کے متعلق بھی کچھ ارشاد فرما سکتی ہیں ؟

وزیر : آنریبل ممبر کو شائد یاد ہوگا ۔ میں نے پہلے بھی اس کے متعلق عرض کیا تھا کہ جو پہلے تعلیم بالغاں کی سکیم تیار کی گئی تھی اس میں کچھ نقائص پائے گئے تھے لہذا اس سکیم کو نئے طریقے سے بنایا جا رہا ہے ۔

Rana Gul Muhammad Noon *alias* Abdul Aziz Noon: May I ask the Honourable Minister of Education on what grounds he found the previous schemes defective ?

Minister of Education : I think it is known to the Honourable Mem ber that funds for education were spent for supplying papers for adults.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: Will the Honourable Minister be pleased to State whether it is a fact that an Adult Education Expert visited this province recently ?

وزیر تعلیم : یہ درست ہے ۔

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: Will the Honourable Minister be pleased to state whether some new schemes have been drawn up in consultation with the Adult Education Expert ?

وزیر : میں نے عرض کیا ہے کہ وہ تیار کی جا رہی ہے ۔

HIGHER STUDIES ABROAD.

***3431. Chaudhri Muhammad Afzal Cheema:** Will the Honourable Minister of Education be pleased to state :—

(*a*) Whether any Students or Scholars of this Province have proceeded abroad for higher studies on Government expense or Government Scholarships after the partition ;

(*b*) if answer to part (*a*) above be in the affirmative; (*i*) the annual number of such students from 1948 to 1954; and (*ii*) the full particulars of each such student or scholar ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (خدیجہ بیگم جی ۔ اے ۔ خاں) :

(الف) جی ہاں ۔

(ب) (ا) ۱۹۴۸ .. ۱۱

۱۹۴۹ .. ۷

۱۹۵۰ .. ۷

۱۹۵۱ .. ۲۷

۱۹۵۲ .. ۱۴

۱۹۵۳ .. ۸

۱۹۵۴ .. ۴

(د) ڈائریکٹر ایگریکلچر موقعہ پر جا کر صورت حال کا جائزہ لے آتے ہیں ۔ وہ انڈے جو تلف نہیں کئے جا سکیں گے ۔ ان میں سے ہفتے عشرہ میں بچے نکل آئیں گے ۔ ان کو تلف کرنے کے انتظامات پورے کر لئے گئے ہیں ۔ مثلاً B.H.C ایک نیا ایجاد کردہ زہر موقعے پر سٹور کر لیا گیا ہے ۔ تاکہ جس وقت بھی انڈوں سے بچے نکلیں ۔ ان کو اس زہر سے مار دیا جائے ۔ ۳۳ ڈسٹرز جو کہ اس زہر کو استعمال کرنے کے کام میں لائے جائیں گے ۔ موقع پر بھجوانے کا انتظام کر لیا گیا ہے ۔ اس کے علاوہ ۳ مشینی ڈسٹر بھی ۳۶ گھنٹوں کے اندر گجرات پہنچ جائیں گے ٹڈی کے انڈوں اور بچوں کی تلفی کے متعلق اردو میں اشتہارات چھاپ کر تقسیم کر دئے گئے ہیں ۔

صاحب سپیکر : نو تاریخ کو ایک معزز رکن نے وقفہ سوالات کے دوران میں کچھ ایسے کلمات کہے تھے جو کہ توہین آمیز تھے ۔ اس وقت شور اس قدر تھا کہ وہ میرے نوٹس میں نہ آ سکے ۔ یہ کلمات .س آنریبل وزیر کے متعلق کہے گئے تھے انہوں نے میرے پاس احتجاج کیا ہے ۔ مجھے یقین ہے کہ جس آنریبل ممبر نے وہ الفاظ استعمال کئے تھے ان کا مقصد آنریبل وزیر کی توہین کرنا نہ تھا اور میں نے اس یقین دہی کی بنا پر مباحثات کے اس حصے کو حذف کر دینے کا فیصلہ کیا ہے ۔ جس میں وہ الفاظ استعمال کئے گئے تھے ۔

صاحب سپیکر : General Discussion شروع کرنے سے پہلے میں یہ کہہ دینا چاہتا ہوں کہ اس وقت ہمارے پاس چار بجے تک ڈیڑھ گھنٹے سے کچھ زیادہ وقت ہے ۔ میں نے معزز قائد حزب مخالف سے وقت کی قلت کے متعلق ذکر کیا تھا اور انہوں نے اس خواہش کا اظہار کیا تھا کہ ان کی پارٹی کے تین ارکان کو جنہوں نے اس وقت تک بحث میں حصہ نہیں لیا ضرور وقت دیا جائے خواہ انہیں دس دس منٹ ہی کیوں نہ دئے جائیں ۔ اس لئے میں نے معزز قائد حزب مخالف کے کہنے کے مطابق ہر ایک کو دس دس منٹ دینے کا فیصلہ کیا ہے ۔

میاں عبدالباری : جناب صدر ! آپ نے جو کچھ ارشاد فرمایا ہے میں اس کے متعلق صرف اس قدر وضاحت کر دینا چاہتا ہوں کہ جب وقت کی تقسیم کے متعلق آپ نے ذکر فرمایا تھا تو وہ ایک اصولی چیز تھی جو میں نے آپ کی خدمت میں پیش کی تھی ۔ یہ الگ بات ہے کہ آپ نے اسے قبول نہ فرمایا ۔ لیکن یہاں اس کا اعادہ نہایت ضروری ہے ۔ وہ یہ تھی

کہ بجٹ پر تنقید کے لئے حقیقی طور پر اور اخلاقی لحاظ سے بھی اس جماعت کے ممبروں کو کیسے حق دیا جا سکتا ہے جس کی طرف سے بجٹ پیش کیا گیا ہو اور جس نے پارٹی میٹنگ میں اسے قبول کر لیا ہو۔ تنقید کا حق صرف آپوزیشن کا ہے جس نے اس کے خلاف ووٹ دینا ہے۔ جس نے اسے پارٹی کے نظم و ضبط کی عینک سے نہیں دیکھا بلکہ عوام کے نقطہ نظر سے دیکھنا ہے۔ اس لحاظ سے میں سمجھتا ہوں کہ بجٹ پر تنقید کا زیادہ حق حزب مخالف کو ہے۔ بہ نسبت اس پارٹی کے کہ جس کے ووٹوں سے اس نے پاس ہونا ہے اور جو پہلے ہی پارٹی میٹنگ میں اس پر کر چکی ہے۔ اس لئے میری گذارش ہے کہ میرے پارٹی کے اصحاب کو دس منٹ سے زیادہ وقت دیا جائے۔

صاحب سپیکر: مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ ایک چیز طے ہو جانے کے بعد قائد حزب مخالف نے پھر یہ ضروری سمجھا کہ وہ اسے زیر بحث لائیں جس اصول کا ذکر انہوں نے کیا ہے اس کیلئے میں کوئی ٹیکنیکل یا کوئی اور وجہ نہیں پاتا۔ کوئی وجہ نہیں ہے کہ جس پارٹی کی طرف سے بجٹ پیش کیا گیا ہے اس کے ارکان کو تنقید سے روکا جائے۔ میں ن کو ان کے اس حق سے محروم نہیں کر سکتا۔ ہر ممبر کا حق ہے کہ وہ تنقید کرے اور یہ امر کہ وہ گورنمنٹ کے ساتھ ہے یا حزب مخالف کے ساتھ ہے، قطعاً غیر متعلق ہے۔ باقی رہ گیا وقت کا قصہ۔ اس وقت تک عام بحث پر چار گھنٹے اور تینتیس منٹ صرف ہوئے ہیں جن میں سے میں نے تین گھنٹے حزب مخالف کے ارکان کو دئے ہیں اور ایک گھنٹہ تینتیس منٹ گورنمنٹ کے ارکان کو دئے گئے ہیں۔

BUDGET - GENERAL DISCUSSION.

***Mr. C. E. Gibbon:** (Pakistani Christian and Anglo-Pakistani III):

Sir, when listening to the Chief Minister's speech on Monday, something crossed my mind and I wondered whether it was fantastic or realistic, that by the time he had come to the end of his speech I was beginning to think that I was in Wonderland, witnessing another expositi n of Ali Baba and his Forty Thieves.

Mian Muhammad Shafi: He has got only seven thieves.

Mr. C. E. Gibbon: I had then come to the conclusion, Sir, that this Budget speech of all Budget speeches made in this House was a master-piece of deception, arrogance and stupidity. And that being as it may I would prefer to ignore the Chief Minister's speech and draw my inspiration from the memorandum of the Finance Secretary who, I am pleased to say, is one of those Officers who so far does not seem to have been corrupted by this Unionist Government. On page 37, Sir, of the Secretary's memorandum under the Head "Public Debt" which I intend to deal with, I read;

---

*Un-corrected Speech.

"The figures given in the review should show that the net public debt of the Province at the close of the current year stands at Rs. 103·12 lacs including the debt of the Undivided Punjab, the liability for which will eventually be apportioned between the two divided Provinces of Punjab (P) and Punjab (I). The rapid growth of the large debt is a development which can be viewed with great concern and anxiety. This size of the debt necessitates caution against over-capitalisation. The burden of this debt is proving a great strain on the Revenue Budget of the Province and next year's Budget provides an amount of Rs. 298 lacs for payment of interest charges alone. The fact that the provision represents 10·33 per cent of the total Revenue Budget is a serious matter which must claim our immediate attention. It is, therefore, important that we should devise ways and means to liquidate this heavy debt liability. We must also see that whatever Capital Expenditure has already been incurred brings maximum returns without avoidable delay and that future expenditure is largely restricted to productive schemes".

Now this paragraph, Sir, more or less word for word has been cogged by the Chief Minister in his speech. And that is why I prefaced my remarks by saying that the Chief Minister's speech was deceptive.

I shall now go on to say how it is arrogant and stupid. When the Chief Minister was addressing the House on Monday he probably thought that once again he was addressing himself to a Kindergarten Class. He probably does not give us sufficient intelligence to discern that this Province is now bankrupt and from financial and other points of view we are insolvent. And then he comes forward and tries to decieve the people by saying that he has produced a surplus Budget. A surplus Budget of what? A surplus Budget wherein interest charges alone of this enormous Public Debt work out to two crores and some lakhs of rupees or as the Finance Secretary has said 10 33 per cent of the Revenue Budget. So, Sir, he goes on in his speech to talk about progress, stability and resilence. A.B.C.D.:—

'A' for Apple,

'B' for Ball,

'C' for Candle,

and 'D' for Doll,

But he has not defined the word 'F' and that is:—

"When will he has fall". Because he has lowered the standard of the Punjab into dust. It is no use coming here year after year and telling us from that side of the House that a predecessor Government did this and a predecessor Government did that. This Government is no better or no worse than any of its predecessor Governments, and it draws its inspiration and whatever else, even its absence of conscience, of course from the old Unionist Governm nt which used to adorn those Benches before partition because they are the same people. "Leopards cannot change their spots". And if, Sir, you were to direct your gaze towards that part of the House, all that has happened to them in the passage of time is that though some of them have become a little, more bald on heir heads they have not become sensible inside their heads. In short, the Public Debt to the tune of one crore of rupees in a Province like the Punjab is not only shameful but it is positively criminal. And if it is a truly representative State, a State in which these gentlemen are returned by the people, they would have been castrated by now.

Sir, Public Debt is certainly something to be taken very seriously as the Finance Secretary has said. Seriously why? Because he has drawn attention to the fact that interest charges alone coming out of the Revenue Budget amount to two crores and ninety-eight lakhs of rupees. Nearly three crores. Can we imagine what amount of interest we are to pay in the next two or three or four or five years on this debt. And then at the end of that period will you come forward here and present a surplus Budget. When your entire revenue does not amount to more than about thirty crores you have the audacity to come here and talk in terms of prosperity, progress, providing everything for the common man. You have given him hospitals like the 'Chirya Khana in Dera Ghazi Khan or the Glass House which would be more suitable for so on and so forth. You are building places and

deserts, squandering and wasting the nation's hard-earned money. And all because you have corrupted and disorganised the whole Administration to keep yourself in power. Sir, a great deception, a great fraud has been worked on this Province. There is no question of a surplus Budget. There is the questi n of us being properly in the cart or, to put it colloquially, in the soup. And you think these people have got the capacity to take us out of the soup flowing about this greesy matter all their lives, speaking about Vitamins A.,B.,C. and D., which come out of the labour and blood of the masses. And they intend to go on, Sir, because they have only this policy in mind that. "After us the deluge". These gentlemen should be taken out into a public square and tried, as I said the other day "tried for high treason", "tried for squandering and wasting the public funds". Talking to us the other day about motor cars and aeroplanes, about going here and going there. if they were real patriots and they loved their country and their people, they would have given up all this pomp and show and make some healthy contribution towards liquidating this Public Debt. But no, that is as far as it could possibly be from their minds Instead of making an honest effort to liquidate this debt, even if they had to die for it, they have made an honest effort to see how much more debt they can incur.

Now, Sir, since I have two minutes left I think I have not said anything so far about the Public Debt. I can go on for two hours telling about it. There is one point which I intend to make in these two minutes and that is the prosecution of their political comrades.

(Opposition Benches : Shame Shame).

Mr. C. E. Gibbon: It is scandalous that these people are unable to face the opposition, whether it comes form this side of the House or whether it comes from their own ranks. These cads.....

Mr. Speaker: Withdraw the word.

Mr. C. E. Gibbon: I withdraw. Shall I say gentlemen, Sir? They try to whip their political oponents into submission. And what do they do. They employ the whole machinery of Government, from the Chief Secretary right down to the 'Chaprasi', in order to bring a political opponent to his knees. They have done everything, humanly possible, to intimidate members on this side of the House.

They have sent their C.I.D. after them, they have sought all manners and means to crush them. But, I can tell you, Sir, that as there is God in heaven you will not be able to crush this Opposition.

(Opposition Benches: Hear Hear).

Mr. C. E. Gibbon: You may have the pleasure of taking our corpses either to the Muslim or Christian graveyards and these corpses will go in honour and glory. While you go down beating the dust we shall go up in the estimation of our people. This is no democracy, Sir, if you cannot face opposition, a healthy opposition. The day you make up your minds to face the opposition that day you will be better men. But I warn you that the day is fast approaching, the more you try to stifle the Opposition, the more you prosecute your opponents, the sooner the day will come when you will be burnt at a public square and your livers taken out.

زینت جہاں بیگم (مسلم خواتین راولپنڈی شہر): جناب والا ۔ جب میں اپنے صوبہ کے معاشی حالات کا جائزہ لیتی ہوں تو جہاں تک غذا اور کپڑے کا تعلق ہے ان کی حالت پہلے برسوں سے بہتر نظر آتی ہے ۔ خدا کا شکر ہے کہ صوبہ کے غذائی بحران پر قابو حاصل کر لیا گیا ہے ۔ گندم اور چنے کی فصلوں میں کافی حد تک اضافہ ہوا ہے ۔ کپڑے کی قیمتوں میں ۲۵ فیصدی کمی ہو گئی ہے ۔ ان دونو چیزوں کے متعلق موجودہ وزارت

خصوصاً ہمارے وزیر اعلیٰ صاحب مبارک باد کے مستحق ہیں ۔ مجھے اس بات کا علم ہے کہ جناب وزیر اعلیٰ نے ان دونوں چیزوں کے متعلق انتہائی کوشش اور محنت سے کام کیا ہے ۔ یہ ان کی انفرادی ہمت اور کوشش کا نتیجہ ہے کہ ابتدائی ضروریات کی چیزوں کے نرخوں میں اس حد تک کمی واقع ہوئی ہے ۔ میں انہیں صدق دل سے مبارک باد پیش کرتی ہوں ۔

جناب والا ۔ اس وقت میزانیہ پر میرا تفصیلی تبصرہ کرنے کا ارادہ نہیں کیونکہ بجٹ کے مختلف پہلوؤں پر اس ایوان کے معزز اراکین نے کافی حد تک روشنی ڈالی ہے ۔ اس وقت میں صرف ایک چیز کی طرف اشارہ کرنا چاہتی ہوں اور اس کے متعلق اپنی گذارشات پیش کرنا چاہتی ہوں ۔ وہ ہے ویلفیئر سٹیٹ ۔ جس کا ذکر وزیر اعلیٰ صاحب نے اپنی تقریر میں کیا ہے ۔ جناب والا ۔ یہ ایک ایسی چیز ہے جس کو سن کر دل میں ایک خواہش اور ایک امنگ پیدا ہوتی ہے اور ہر شخص اس موضوع پر سوچنا شروع کر دیتا ہے لیکن ہماری حکومت کا یہ نیک فیصلہ تب ہی پورا ہو سکتا ہے جب ہم اس کا تصور عوام تک پہنچائیں اور عوام کے دل میں اس کی خواہش اور امنگ پیدا ہو کیونکہ آپ جانتے ہیں کہ حکومت تمام کام خود نہیں کر سکتی اور نہ ہی ملک کی حالت بدل سکتی ہے جب تک عوام اس کے ساتھ نہ ہوں ۔ اس طرح ہمیں ویلفیئر سٹیٹ نصیب نہیں ہو سکتی اس لئے میں حکومت کی توجہ اس طرف دلانا چاہتی ہوں ۔ جس طرح ہر چھوٹے بڑے کام کے لئے منصوبہ بندی ضروری ہوتی ہے اسی طرح ویلفیئر سٹیٹ کو معرض وجود میں لانے کے لئے منصوبہ بندی ضروری ہے ۔ چونکہ یہ بڑا اہم کام ہے اس لئے اس معاملہ میں ہماری منصوبہ بندی معمولی نہیں ہونی چاہئے بلکہ ہمیں ایک جامع ہمہ گیر اور انقلابی منصوبہ بندی کی ضرورت ہے بہتر ہوگا اگر یہ چیز مرکز کی طرف سے شروع ہو ۔

Mian Muhammad Shafi: : Point of Order. When a speech on budget is being made, is it not essential for the Hon'ble Finance Minister to be present in his seat?

Mr. Speaker: I do not see any Rule.

Mian Muhammad Shafi: Your honour observed that it is his duty to be here. Would your honour order him to be in his seat.

Mr. Speaker : No, I will not.

زینت جہاں بیگم : جناب والا ۔ جیسا کہ میں گذارش کر چکی ہوں ۔ ویلفیئر سٹیٹ کے بنانے میں حکومت کا حصہ بہت اہم ہے مگر حکومت کے حصہ سے عوام کا حصہ اہم تر ہے ۔ اس سلسلہ میں میری گذارش ہے کہ پرائیویٹ اداروں کے تعمیری کاموں اور مشاغل کی حوصلہ افزائی

کی جائے۔ میں نے اس بجٹ میں ایک نہایت اچھی چیز دیکھی ہے اور وہ یہ ہے کہ انجمن حمایت اسلام لاہور کو ایک گرانٹ دی گئی ہے۔ اس قسم کے اور بھی کئی ادارے ہیں۔ اس لئے حکومت کو ان کی طرف بڑی توجہ دینی چاہئے۔ اور انہیں گرانٹ دے کر ان کی ہمت افزائی کرنا چاہئے۔ تمام مہذب ممالک میں اس قسم کے کام پرائیویٹ agencies سر انجام دیتی ہیں۔ اور حکومت ان کی مالی امداد کرتی ہے۔

پچھلے دنوں ایک صاحب جو سوشل کام میں ماہر ہیں یہاں آئے ہوئے تھے۔ اس معاملہ کو زیر بحث لاتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ حکومت اور پرائیویٹ agencies کے درمیان کیسے تعلقات ہونے چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ باقی ملکوں میں یہ تعلقات نہایت خوشگوار ہوتے ہیں۔ پرائیویٹ agencies کے تعمیری کاموں میں حکومت باقاعدہ مالی امداد دیتی ہے۔ چنانچہ اب وقت آ پہنچا ہے کہ اس ملک میں بھی اس چیز کی طرف توجہ دی جائے۔ اور ایسا طریقہ اختیار کیا جائے۔ جس سے ہماری ویلفیئر سٹیٹ زیادہ سے زیادہ وسیع پیمانہ پر کام کر سکے۔ جناب والا۔ حکومت کے کام بےشک زیادہ جامع اور زیادہ efficient ہوتے ہیں لیکن ان میں کافی وقت صرف ہوتا ہے اگر عوام کی ویلفیئر کا کام رضاکارانہ طور پر کیا جائے تو اس سے عوام کا وقت بھی بچے گا اور قومی پیسہ بھی۔ جس سے اچھے نتائج پیدا ہو سکتے ہیں۔ میں نہایت خوشی کے ساتھ آپ کی خدمت میں عرض کرتی ہوں کہ صرف لاہور میں ہی انجمن خواتین پاکستان مختلف مقامات پر بچوں کے آٹھ سکول چلا رہی ہے۔ ان میں پرائمری تعلیم مفت دی جاتی ہے۔ ان سکولوں میں تقریباً ایک ہزار بچے تعلیم پا رہے ہیں۔

دوسری چیز جس کی طرف میں حکومت کی توجہ دلانا چاہتی ہوں وہ یہ ہے کہ ہمارے ملک کی مالی حالت کو دیکھکر بجٹ کی طرف زیادہ توجہ دینی چاہئے۔ اس بجٹ کو productive کاموں پر زیادہ تر لگانا چاہئے۔ اس کے علاوہ بجٹ سے قومی قرضہ کی ادائیگی میں مدد مل سکتی ہے۔ اس لئے میری گذارش ہے کہ قومی قرضہ کی ادائیگی کے لئے ایک Sinking Fund کھولا جائے۔ تا کہ اس میں سے سال بہ سال قرضہ کی ادائیگی ہوتی رہے۔

جناب والا۔ ویلفیئر سٹیٹ کا اصل مقصد عوام کے معیار زندگی کو بلند کرنا ہوتا ہے۔ اس لئے جب ہم معیار زندگی کے مسئلہ پر غور کرتے ہیں تو اسوقت آبادی کے مسئلہ کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا اور ہم کبھی یہ امید نہیں کر سکتے کہ آپ آبادی کے مسئلہ کی طرف توجہ نہ دیں اور معیار زندگی کو بلند کر لیں یا کوئی ویلفیئر سٹیٹ پیدا ہو جائے۔

کچھ ماہرین کی رائے ہے کہ دنیا کے موجودہ وسائل میں ۲۰ گنا زیادتی ہو سکتی ہے۔ اس لئے ہماری آبادی ۲۰ گنا اور بڑھ سکتی ہے (قطع کلامیاں)۔ کچھ ماہرین کا خیال ہے کہ سائینس کی مدد سے سمندری پانی۔ ہوا اور پتھروں سے غیر محدود تعداد میں غذا حاصل کی جا سکتی ہے۔ لیکن یہ سب آراء ہیں یہ حقیقت ہے کہ دنیا کی آبادی اور اس کے ذرائع پیداوار میں ایک قسم کی گھوڑ دوڑ سی جاری ہے۔ کچھ لوگ کہتے ہیں کہ ہم اس وقت ایک گولڈن ایج میں رہ رہے ہیں۔ اس لحاظ سے کہ قدرت نے جن جن ذخائر کو ۵۰۰ ملین (million) سال میں جمع کیا تھا ان ذخائر کو ہم موجودہ رفتار سے تین سو سال میں ختم کر دینگے۔ اس کے متعلق مختلف رائے ہیں۔ بہر حال جن ممالک نے ویلفئر سٹیٹ کو اپنا مطمع نظر بنایا ہوا ہے وہ آبادی کے مسائل سے بے خبر نہیں رہتے۔ اس لئے میں یہ عرض کرونگی کہ اگر آپ واقعی چاہتے ہیں کہ ہمارا ملک ایک ویلفئیر سٹیٹ بنے تو آپ کو ہماری بڑھتی ہوئی آبادی کے مسئلہ پر سنجیدگی سے غور کرنا پڑیگا۔ کیونکہ اگر آپ ان چیزوں کو ملحوظ خاطر نہ رکھینگے تو معیار زندگی کے بلند کرنے اور قومی ترقی کے سلسلہ میں ہمیں مایوسی ہوگی۔ اس لئے توقعات باندھنے سے پہلے تمام چیزوں کا جائزہ لینا ضروری ہے اور اس کے لئے آبادی کا مسئلہ نہایت اہم مسئلہ ہے۔

جناب والا۔ ان گذارشات کے ساتھ میں وزیر خزانہ کی خدمت میں مبارک باد پیش کرتی ہوں اور یہ امید کرتی ہوں کہ ویلفیئر سٹیٹ کے بنانے میں حکومت عجلت سے کام لیگی اور میری گذارشات کو جو میں نے اس سلسلے میں کی ہیں بلد از جلد عملی جامہ پہنائیگی۔

میجر سید مبارک علی شاہ (جھنگ نمبر۔ ۳ مسلم) : حضور والا۔ جب میں وزیر خزانہ صاحب کی بجٹ تقریر سن رہا تھا تو مجھے بڑی خوشی ہوئی تھی کہ یہ بجٹ نہایت شاندار ہے لیکن جب میں نے بجٹ کے متعلقہ کاغذات کا مطالعہ کیا اور بجٹ کی مختلف مدات کو دیکھا تو میں بڑی کشمکش میں پھنس گیا اور سوچنے لگا کہ یہ بجٹ فاضلہ ہے، خسارے کا ہے یا ایک متوازن بجٹ ہے۔ جوں جوں میں تفاصیل میں گیا میری پریشانی بڑھتی گئی۔ اس میں مجھے کچھ روشن پہلو نظر آئے مگر زیادہ تر تاریک پہلو ہی نظر آئے اور میں اس نتیجہ پر پہنچا کہ یہ بجٹ نہ تو فاضلہ ہے اور نہ خسارے کا ہے بلکہ ایک black and white قسم کا بجٹ ہے۔ جس کے روشن پہلو کم اور تاریک پہلو زیادہ ہیں۔

اس بجٹ میں مجھے جو روشن پہلو نظر آئے ان میں سب سے بڑا پہلو رفاہ عامہ کے محکموں پر خرچ کرنے کے متعلق ہے ۔ دوسرا پہلو یہ ہے کہ گورنمنٹ نے اپنے وعدہ کے مطابق ۵۰ لاکھ روپیہ کی کثیر رقم مزارعین کی امداد کے واسطے مخصوص کر دی ہے (ایک آواز۔ یہ رقم ۲۵ لاکھ ہے ۵۰ لاکھ نہیں) ۔ میں حکومت کے اس نیک اقدام کو سراہے بغیر نہیں رہ سکتا ۔ یہ روپیہ مزارعین کو دے کر انہوں نے بڑی حب الوطنی اور قوم پروری کا ثبوت دیا ہے ۔ مزارعین ہمارے ملک کی ریڑھ کی ہڈی ہیں اور جب تک ان کی حالت ٹھیک نہیں ہوگی ہمارے ملک و ملت کی حالت درست نہیں ہو سکتی اور میں سمجھتا ہوں کہ اس کام کے لئے حکومت مبارک باد کی مستحق ہے ۔ کیونکہ انہوں نے یہ ایک نہایت صحیح اور ضرورت وقت کے عین مطابق اقدام کیا ہے ۔ صحیح معنوں میں انہوں نے اس نہایت اہم اراء ملکی آبادی کے واقعی مستحق طبقہ کی خدمت کی ہے ۔ اس [illegible] بعد میں یہ عرض کرونگا کہ حکومت نے چند اور معاملات میں بھی عوام کو ریلیف دینے کی کوشش کی ہے مگر یہ سب کچھ ایسے بے ڈھب طریقے سے کیا گیا ہے جس سے حکومت کا اصلی مقصد ہرگز حل نہیں ہوگا اور نہ ہی عوام کو اس سے کوئی فائدہ پہنچتا ہے ۔ مثال کے طور پر جو دو آنے فی سیر چینی کی قیمت میں انہوں نے کمی کی ہے اس سے صرف اوپر کے طبقے ۔ ہوٹلوں حلواٹیوں اور ہمچو قسم کے لوگوں کو ہی فائدہ پہنچتا ہے ۔ اس سے چھوٹے طبقے والے لوگوں کو خصوصاً جو دیہات میں رہتے ہیں کوئی فائدہ نہیں پہنچتا کیونکہ ان کے پاس چینی ہی نہیں ۔ اس کا زیادہ تر کوٹہ شہروں میں اعلیٰ طبقہ کے لوگوں میں تقسیم ہو کر رہ جاتا ہے ۔ لہذا غریب عوام کو اس سے کس طرح فائدہ پہنچیگا ۔

اب میں بجٹ کے ان بھیانک اور خطرناک پہلوؤں کی طرف ایوان کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں جن میں قومی قرضہ کا نمبر اول ہے ۔ اس واسطے یہ سب سے زیادہ توجہ کا مستحق ہے ۔ قومی قرضے کا بار اس قدر زیادہ ہو گیا ہے کہ اس کی طرف فوری توجہ دینی چاہیئے ۔ ہماری موجودہ وزارت میں ہمارے زمیندار بھائیوں کا عنصر غالب ہے ۔ میں ان حضرات کو نہایت شدت سے تنبیہہ کرتا ہوں کہ وہ ہرگز یہ خیال نہ کریں کہ کوئی معجزہ ہوگا جس سے یہ سارا قرضہ ادا ہو جائیگا ۔ مدت ہوئی کہ سر سکندر حیات خاں مرحوم اور سر چھوٹو رام آنجہانی نے ''امداد مقروضین،، کا ایک قانون پاس کیا تھا جس کے تحت قرضہ چکانے کے لئے مصالحتی بورڈ قائم کئے گئے تھے

جن کی رو سے پنجاب کے دیہاتی طبقہ کے اکثر لوگوں کو اس وقت کے قرضہ سے نجات ملی ۔ مگر اب وہ زمانہ نہیں رہا ۔ نہ وہ قارض ہیں نہ وہ مقروض ہیں ۔ وہ قرضہ عوام کا اپنا ذاتی قرضہ تھا ۔ مگر یہ قرضہ مرکزی حکومت کا قرضہ ہے اور صوبہ پنجاب اس کا مقروض ہے ۔ ہمیں بھی اس سلسلہ میں کوئی اصلاحی تدابیر اختیار کرنی چاہئیں جن سے قرضے کا یہ بار گراں اتارا جا سکے ۔ میں نہیں سمجھتا کہ ۹۶ کروڑ روپیہ کے قرضے کی بے باقی کس طرح ہو گی جسکا سالانہ سود تقریباً ۳ کروڑ روپیہ ہے ۔ پارٹیشن کی ذمہ داری مرکز پر عائد ہونی چاہیئے تھی ۔ کم از کم ۴۰ کروڑ روپیہ ان مدات پر خرچ کرنا پڑا جو پارٹیشن کے نتیجہ کے طور پر پنجاب کو قبول کرنی پڑیں ۔ بھاٹنوالہ بیدیاں لنک ۔ بلوکی سلیمانکی لنک ۔ سرالہ راوی لنک کی تعمیر کی فقط اس لئے ضرورت پڑی کہ بھارت نے بد عہدی کرکے دریائے ستلج ۔ بیاس اور راوی کے ہمارے حصہ کے پانی میں بے حد کمی ہی نہیں کی بلکہ سارا پانی روکنا چاہا اور ان نہروں میں جو متذکرہ بالا دریاؤں سے نکلتی ہیں فراہمی آب میں اکثر بھارت کی حکومت گڑ بڑ کرتی رہتی ہے ۔ اس کے علاوہ مہاجرین کی آبادکاری پر بھی پنجاب کو زرکثیر صرف کرنا پڑا ۔ پھر سرحدی پولیس کا خرچ جو حکومت پاکستان کی کلی ذمہ داری ہونی چاہیئے تھی ۔ اس میں بھی مرکزی حکومت نے بخل و کنجوسی سے کام لیا جیسا کہ اس محکمہ کے اخراجات کا کافی حصہ صوبہ پنجاب کو برداشت کرنا پڑ رہا ہے جو مرکز کی سراسر زبردستی و نا انصافی ہے ۔ اس ایوان کے ہر ایک معزز رکن کو معلوم ہے کہ مملکت پاکستان جس کی بنیاد صرف اسلامی قوانین اور روایات کی بنا پر پڑی تھی ، اس کی مرکزی حکومت ۳ کروڑ روپیہ سالانہ بطور سود اپنی سلطنت کے ایک اہم ترین صوبہ سے وصول کر رہی ہے ۔ ان حالات میں سوائے اس کے اور کیا کہا جا سکتا ہے کہ چوں کفر از کعبہ برخیزد کجا ماند مسلمانی ۔

حضور والا ۔ جب مرکزی حکومت ہمارے ساتھ ایسا ناروا سلوک کرے تو ہمارا صوبہ سوائے افسوس و احتجاج کے کیا کر سکتا ہے ۔ لہذا میں احتجاجاً اتنا ضرور کہنے پر مجبور ہوں اور مجھے یقین کامل ہے کہ اس معزز ایوان کا ہر ایک رکن میرے ساتھ شریک ہوگا اگر میں مرکزی حکومت کو صرف اسقدر خبردار کروں کہ صوبہ پنجاب مملکت پاکستان کا صرف دل ہی نہیں بلکہ اصلی ریڑھ کی ہڈی بھی ہے ۔ کیونکہ اسی صوبہ کا جوان ہماری سلطنت پاکستان کے جملہ دفاعی محکموں یعنی افواج ۔ سمندری بیڑہ اور ہوائی بیڑہ میں بہت بھاری اکثریت سے موجود ہے ۔ اگر اس کے صوبہ کی یہ

حالت ہوئی تو اس ملکی پاسبان کے جذبات اور تاثرات کیا ہونگے۔ اس واسطے میں مرکزی حکومت سے پر زور مطالبہ کرتا ہوں کہ ذرا دور اندیشی سے کام لیتے ہوئے اس صوبہ کے قرضہ کے بار کو جلدی ہلکا کریں ورنہ ہر قسم کے نتائج و عواقب کی ذمہ داری مرکزی حکومت پر ہوگی۔ لیکن جہاں میں نے مرکز کو کھلے الفاظ میں متنبہ کیا ہے وہاں اپنے صوبہ کے وزرائے کرام کو میں اب بھی کہتا ہوں کہ ہمت مردان مدد خدا۔ قرضے کی اتنی بھاری رقم دیکھکر ہمیں ہاتھ پر ہاتھ رکھکر نہ بیٹھ جانا چاہئے بلکہ ہمیں لگا تار کوشش کرنی چاہئے تاکہ کم سے کم وقت میں ہمارا یہ بوجھ ہلکا ہو جائے۔ میں یہ پھر عرض کرونگا کہ ہماری حکومت کو قرضے کی تمام ان مدات کا مطالبہ پر زور طور پر سختی سے کرنا ہے جو اس نے تقسیم سے پیدا ہونے والی ذمہ داریوں سے عہدہ برآ ہونے کے لئے خرچ کی ہیں۔ مجھے امید ہے کہ اگر ہماری حکومت ایسا کرے تو اس معزز ایوان کا ہر ممبر ان کی مدد کرنے کو تیار ہوگا۔ میں بڑے افسوس کے ساتھ عرض کرونگا کہ اب ہماری حکومت سرکاری اراضیات کو جو ہمارا آخری قومی اثاثہ ہے فروخت کرکے اسکی وصول شدہ رقوم کو فضول کاموں پر صرف کر رہی ہے حالانکہ اس رقم سے سب سے پہلے قومی قرضہ کی ادائیگی ہونی چاہئے تھی۔ میں آپ سے دریافت کرتا ہوں۔ کہ اگر آپ ان رقوم کو دوسرے کاموں پر صرف کر دیں گے تو ہمارا قرضہ کیسے اترے گا۔ ان الفاظ کے ساتھ میں حکومت سے درخواست کرتا ہوں کہ وہ کوشش کرکے اس قرضے کو اپنے سر سے اتارے ورنہ پنجاب کی ساکھ نہیں رہے گی اور ہم کسی کو اپنا کالا منہ نہ دکھا سکیں گے۔

چودھری محمد افضل چیمہ (لائل پور۔ و۔ مسلم) : حضور والا میں اپنی گذارشات کا آغاز فیض احمد فیض کے ان اشعار سے کرنا چاہتا ہوں۔

ہے داغ داغ اجالا، ہے شب گزیدہ سحر
وہ انتظار تھا جس کا یہ وہ سحر ہی نہیں
جگر کی آگ ، نظر کی امنگ ، دل کی جلن
کسی پہ چارہ ہجران کا کچھ اثر ہی نہیں
ابھی گرانی شب میں کمی نہیں آئی
نجات دیدہ و دل کی گھڑی نہیں آئی

جناب والا۔ معلوم یہ ہوتا ہے کہ ہمارے ارباب حل و عقد قیام پاکستان کے اصل مقصد کو یکسر فراموش کر گئے ہیں۔ اس حقیقت کی

طرف اس سے پیشتر بھی کئی مرتبہ ارباب اقتدار کی توجہ مبذول کرائی گئی ہے اور اب پھر میں ان کی توجہ اس طرف منعطف کرانا چاہتا ہوں۔

جناب والا۔ قیام پاکستان کا اصل مقصد و مدعا یہ تھا کہ اس ملک میں ایک اسلامی معاشرے کی تشکیل کی جائے تاکہ عوام اپنی قابل فخر و مایہ ناز راویات کے مطابق زندگی بسر کر سکیں اور قرآن اور سنت کی روشنی میں اپنی زندگیوں کو ڈھال سکیں۔ قیام پاکستان کا سب سے بڑا مقصد یہ تھا کہ یہاں پر لوگ اسلامی طریق حیات اختیار کر سکیں۔ اس کے متعلق خان لیاقت علی خان مرحوم نے اپنی ایک اہم تقریر میں وضاحت کی تھی۔ انہوں نے کہا تھا کہ اس ملک میں اسلامی نظام حکومت اور اسلامی نظام حیات قائم کیا جائے۔ لیکن حضور والا میں بڑے افسوس سے محسوس کرتا ہوں کہ یہاں نہ تو اسلامی معاشرے کی تشکیل کی طرف کوئی قدم اٹھایا گیا ہے اور نہ ہی مسلمان عوام کو اسلامی نظام حیات کے مطابق زندگی بسر کرنے کے مواقع بہم پہنچائے گئے ہیں۔ میں تو یہ محسوس کرتا ہوں کہ ہمارا قافلہ اپنا متعینہ راستہ بھول گیا ہے جیسا کہ کسی شاعر نے کہا ہے۔

اک حسین آنکھ کے اشارے پر
قافلے راہ بھول جاتے ہیں

جناب والا۔ اب میں مختصر طور پر اس بجٹ کے متعلق کچھ عرض کروں گا۔ وزیر اعلیٰ صاحب نے اپنی بجٹ تقریر میں یہ ارشاد فرمایا ہے کہ ہم نے اس صوبے کے عوام پر کسی قسم کا نیا ٹیکس نہیں لگایا۔ لیکن اس کے ساتھ ہی ۳۰ لاکھ روپیہ کے نئے مالیہ کے متعلق فرماتے ہیں۔

"Amount f Rs. 30 lacks is estimated to be realised from an ad-hoc increase in the land revenue demand of those areas where re-a sess ents are long over do ".

اس طرح حکومت نے بیک جنبش قلم ۳۰ لاکھ روپیہ مالیہ کی رقم بڑھا دی ہے۔ معاملہ اراضی میں اس ۳۰ لاکھ روپیہ کے اضافہ کو ایسی خاموشی سے اور ایسی صفائی سے بجٹ میں رکھنے کی کوشش کی گئی ہے جس سے عوام کو اس کا احساس تک نہ ہونے پائے کہ یہ بھی کوئی نیا ٹیکس ہے۔ حضور والا۔ میں وزیر اعلیٰ صاحب سے یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ کیا یہ امر واقعہ نہیں ہے کہ آپ نے ان سات اضلاع میں چاول اور نیشکر کی کاشت پر مالیہ بڑھا دیا ہے۔ کیا یہ بھی امر واقعہ نہیں کہ آپ نے باغات کے آبیانہ میں اضافہ کر دیا ہے۔ جب آپ ان تمام حقائق کی تردید نہیں کر سکتے تو پھر میری سمجھ میں نہیں آتا کہ آپ کیوں

یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ عوام پر کوئی نیا ٹیکس نہیں لگایا گیا۔ آپ ہی بتائیں کہ کیا آپ کا یہ دعویٰ خلاف حقیقت اور صریحاً غلط بیانی نہیں ہے؟

حضور والا۔ اس کے بعد پھر یہ دعویٰ کیا جاتا ہے کہ اس ملک کو ویلفیئر سٹیٹ بنایا جا رہا ہے۔ مگر میری سمجھ میں نہیں آتا کہ کیوں بار بار غلط بیانی کی جا رہی ہے۔ میرے خیال میں تو اس ملک کو پولیس سٹیٹ بنایا جا رہا ہے۔ اے کاش آپ پولیس سٹیٹ اور ویلفیئر سٹیٹ کے درمیان صحیح امتیاز قائم کر سکتے۔

کلکتے کا جو ذکر کیا تو نے ہم نشین
اک تیر میرے سینے میں مارا کہ ہائے ہائے

حضور والا۔ اس صوبے میں لوگوں کے حقوق شہریت کو بری طرح پامال کیا جا رہا ہے۔ گذشتہ سال بھر میں کوئی ایسی مثال نہیں ملتی کہ ایک وقت میں سارا صوبہ پنجاب دفعہ ۱۴۴ کے پابندیوں سے آزاد رہا ہو۔ یہ سب کچھ وزیر اعلیٰ صاحب کی خاص نگرانی میں ہوتا رہا۔ جس ملک میں عوام کے حقوق شہریت اس بے دردی سے پامال کئے جا رہے ہوں۔ جس ملک میں عوام کی جائز خواہشات کا کوئی احترام نہ کیا جا رہا ہو۔ جس ملک میں عوام کی شہری آزادیوں کو اس طرح کچلا جا رہا ہو۔ جس ملک میں عوام کی نیک امنگوں کا اس طرح خون کیا جا رہا ہو اس ملک کو کیسے ویلفیئر سٹیٹ بنایا جا سکتا ہے۔ ایسا کرنا میرے نزدیک نا ممکن ہے۔

Chief Minister: Section 144 has not been applied anywhere by the Chief Minister and it cannot be applied under the Act. The Honourable Member must know that.

چودھری محمد افضل چیمہ: جناب والا۔ میں یہ عرض کروں گا کہ جب ہمارے محترم وزیر اعلیٰ صاحب حقائق کو چھپانے کی کوشش کرتے ہیں تو وہ ایسے ایسے ٹیکنیکل قسم کے حیلے بہانے پیش کرتے ہیں جن سے ان کی ظالمانہ اور مجرمانہ ذہنیت کا اظہار خود بخود ہو جاتا ہے۔ کون نہیں جانتا کہ دفعہ ۱۴۴ ڈپٹی کمشنروں کے حکم کے تحت لگائی جاتی ہے۔ کون نہیں جانتا کہ کسی ضلع میں جلسے اور جلوسوں پر پابندی لگانا ڈپٹی کمشنر کا کام ہوتا ہے۔ یہ تو درست ہے کہ دفعہ ۱۴۴ لگانا ڈپٹی کمشنروں کا کام ہوتا ہے مگر اس کے پس پردہ آپکی وہ خفیہ instructions کام کر رہی ہوتی ہیں جو آپ تمام ڈپٹی کمشنروں کو ارسال کرتے ہیں اور جن پر عمل کرتے ہوئے وہ اپنے اپنے ضلع میں دفعہ ۱۴۴ نافذ

کرکے جلسوں اور جلوسوں پر پابندیاں لگا دیتے ہیں ۔ اس سے صاف مترشح ہوتا ہے کہ در حقیقت آپ ہی سب پابندیاں عائد کرتے ہیں اور آپ ہی انفرادی اور شہری حقوق غضب کر رہے ہیں ۔

حضور والا ۔ میں کیا کیا عرض کروں ۔ پنبہ کجا کجا نہم ۔ اس صوبے میں اس سال حکومت نے ۳۴ آدمیوں پر سیفٹی ایکٹ کی دفعہ ۱۲ کے تحت مختلف پابندیاں لگائیں ۔ ان بچاروں کی زبان بندیاں کی گئیں ۔ میرے خیال میں یہ تمام پابندیاں ناجائز ہیں ۔ جماعت اسلامی کو سب سے زیادہ نشانہ بنایا گیا ۔ حکومت نے اس جماعت پر غیر منصفانہ اور غیر آئینی طریق پر پابندیاں لگا رکھی ہیں ۔ یہ سب کچھ آپ نے ایک فضول وہم میں مبتلا ہوکر کیا ہے ۔ آپ نے یہ سب کچھ غلط فہمی اور اپنی C. I. D. کی غلط اور بے بنیاد رپورٹوں کی بنا پر کیا ہے ۔ آپکی C. I. D. کبھی بھی آپ کو صحیح واقعات سے آگاہ نہیں کرتی ۔ غلط خبریں آپ تک پہنچانا آپکی C. I. D. کی فطرت ثانیہ ہے ۔ آپ کے سب اوہام قطعاً غلط ہیں ۔ جماعت اسلامی کا کوئی خفیہ منشور نہیں ۔ اسکی کوئی خفیہ سرگرمیاں نہیں ۔ یہ جماعت کسی قسم کے خفیہ طور طریقوں سے کام نہیں کرتی ۔ بلکہ وہ اپنے خاص اصولوں کو پیش نظر رکھتے ہوئے آئین و قانون کی حدود کے اندر رہ کر بڑے پر امن طریقے پر کام کرتی ہے ۔ اس کے یہ خاص اصول ہر شخص جانتا ہے ۔ یہ جماعت حکومت کی کسی جائز پالیسی کی مخالفت نہیں کرتی ۔ مخالفت برائے مخالفت اس جماعت کا اصول نہیں ۔ ماضی میں قومی مصیبتوں کے وقت اس جماعت نے آپ کا پورا پورا ساتھ دیا اور اپنا دست تعاون بڑی گرمجوشی سے آپ کی طرف بڑھایا ۔ ان حالات میں میں حکومت کو مشورہ دوں گا کہ وہ ظلم و ستم سے ہاتھ روک کر اس جماعت کے اصولوں کو اچھی طرح سمجھنے کی کوشش کرے اور ان ۳۴ آدمیوں پر جو پابندیاں لگا رکھی ہیں انہیں فوراً منسوخ کردے ۔ اس کے علاوہ آپ نے جن ۲۶ علما پر پابندیاں لگا رکھی ہیں ان کو بھی فوراً منسوخ کر دینا چاہئے کیونکہ اب حالات بالکل normal ہیں اور جب حالات معمول پر ہوں تو ایسی پابندیاں قائم رکھنا قرین انصاف و مصلحت نہیں ۔

حضور والا ۔ اس ملک کو ویلفیر سٹیٹ بنانے کا خواب کبھی بھی شرمندہ تعمیر نہیں ہو سکے گا ۔ یہ لوگ اس ملک کو ویلفیر سٹیٹ بنانا چاہتے ہیں جس میں اس کے وزیر اعظم کے قتل کی تفاصیل آج تک منظر عام پر نہیں آئیں ۔ ابھی تھوڑے مہینوں کا ذکر ہے ۔ گجرات میں ایک مسافر خاتون کو قتل کر دیا گیا ۔ اس خاتون کے قتل کی تفاصیل جناب

وزیر اعلیٰ کی ذاتی دلچسپی اور ان کی مساعی جمیلہ کے باوجود آج تک ہمارے سامنے نہیں آئیں اور اس کے قاتل کا سراغ نہیں مل سکا۔ میں حیران ہوں کہ آپ کیسے ویلفیر سٹیٹ قائم کریں گے۔

اب جناب والا۔ ڈویلپمنٹ سیس کا ذکر بھی ایک منٹ میں سن لیجئے۔ وزیر خزانہ صاحب نے جو طریق کار اختیار کیا ہے وہ سراسر قابل اعتراض ہے۔ یعنی جب ہم ایوان کے اندر سے انہیں ببانگ دہل سمجھا رہے تھے تو انہوں نے ہماری کوئی معقول بات نہ سنی اور ہمارا کوئی مفید مشورہ قبول نہیں کیا۔ مگر جب باہر سے دباؤ پڑا تو سیاسی pressure کے ماتحت وہی بات مان لی اور کل انہوں نے اعلان بھی کر دیا۔ مگر یہ سب کچھ اپنی پارٹی کے اندرونی خلفشار سے مجبور ہو کر کیا گیا ہے اگر یہ شروع میں معقول رویہ اختیار کیا جاتا تو کیا ہی اچھی بات ہوتی۔

حضور والا۔ اب میں ایوان کی توجہ اس امر کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ عزت مآب وزیر اعلیٰ کی ساری بجٹ تقریر میں ایک لفظ بھی مزدوروں کے متعلق نہیں کہا گیا۔ آپ ساری کی ساری تقریر کو پڑھ جائیں مگر اس میں کہیں اشارۃ یا کنایہ بھی لیبر کا ذکر نہیں آیا حالانکہ مزدور پیشہ حضرات کو اپنی جان و تن کا رشتہ قائم رکھنے میں ہزارہا مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے اور انکی فلاح و بہبود اور اصلاح حال کی طرف توجہ کرنا حکومت کے اولین فرائض میں سے ہے۔ مگر مقام صد افسوس ہے کہ حکومت نے اس غریب طبقے کی بہتری اور بہبود کے لئے سارے بجٹ میں کوئی رقم نہیں رکھی۔ ماسوائے اس چار لاکھ روپے کے جو ایک نام نہاد محکمہ یعنی Labour Department کے لئے مخصوص ہے۔ یہ بھی ایک رسمی سا محکمہ ہے اور رسمی سی رقم اسکے لئے دکھلائی گئی ہے۔ اس کا ذکر بھی بجٹ میں محض بطور ایک رواج کے آ گیا ہے ورنہ حکومت نے اس طرف کوئی خصوصی توجہ مبذول نہیں کی۔ اس لئے میں حکومت کو متنبہ کر دینا چاہتا ہوں کہ جب تک مزدوروں کی خوشحالی اور بہتری کے لئے مکمل منصوبہ کے تحت کسی گرانقدر رقم کا اضافہ نہیں کیا جائیگا۔ اس غریب طبقے کی حالت کبھی بہتر نہیں ہو سکے گی۔ حکومت اس اہم مسئلہ کو نظر انداز کرکے خود ہی اشتراکیت کو دعوت دے رہی ہے بلکہ اس ملک کو اشتراکیت کی گود میں دھکیل رہی ہے۔ اس قسم کے ہتھکنڈے نہ صرف خود حکومت کو ہی لے ڈوبیں گے بلکہ فرد و ملت کو بھی ساتھ ہی لے ڈوبیں گے۔

حضور والا۔ اب میں تعلیم کے مسئلہ کی طرف آتا ہوں۔ اس سلسلے میں مجھے اعتراض فقدان علم پر نہیں بلکہ غلط رجحان علم پر ہے۔ تعلیمی

پالیسی میں ایک لا مقصدیت سی نظر آتی ہے ۔ میں حکومت کو اس امر سے خبردار کر دینا چاہتا ہوں کہ وہ لندن کے راستے سے کعبہ تک پہنچنا چاہتی ہے جو کہ صریحاً غلط راستہ ہے ۔ بقول علامہ اقبال———

اور یہ اہل کلیسا کا نظام تعلیم
ایک سازش ہے فقط دین و مروت کے خلاف

نیز—

آہ مکتب کا جوان گرم خون
ساحر افرنگ کا صید زبون

لہذا اس نظام تعلیم کے زیر اثر نوجوان دین فطرت یعنی اسلام سے باغی ہوتے جاتے ہیں اور صحیح عقائد سے منحرف ہوتے چلے جا رہے ہیں بلکہ میں تو کہونگا ہمارے سکول اور کالج ملحد اور زندیق قسم کے لوگوں کی افزائش کر رہے ہیں حالانکہ ہمارا مقصد ملاحدہ کی بجائے صحیح قسم کے مومن پیدا کرنا تھا جن کے دل صحیح اسلامی جذبات اور اسلامی سپرٹ کے مرکز ہوتے اور وہ نوجوان پاکستان میں اسلام کی ''نشائتہ نشانیہ،، کے موجب اور محرک بنتے ۔ میں اس سلسلے میں اپنے ملک کے دو ماہرین تعلیم کی آرأ کو دوہرا دینا چاہتا ہوں جن میں سے ایک تو سابق وزیر تعلیم پاکستان ڈاکٹر اشتیاق حسین قریشی ہیں اور دوسرے انکے پیشرو ڈاکٹر محمود حسین ۔ ڈاکٹر اشتیاق حسین صاحب نے فرمایا تھا کہ پاکستان میں نظام تعلیم ایسا ہونا چاہئے جو نوجوانوں میں (Islamic Bias) پیدا کرے ان کے اصل الفاظ یہ ہیں :—

The problem could be solved giving Islamic bias to education.

ان کے بعد ڈاکٹر محمود حسین صاحب نے فرمایا تھا :—

The fundamental aim of education in Pakistan should be to build up an Islamic society and to raise the individual to the state prescribed by Islam.

حضور والا ۔ یہ وہ شخصیتیں ہیں جن پر آپ ملا اور قدامت پسند مولوی کی پھبتی کسنے کی جرأت نہیں کر سکتے ۔ یہ دور حاضر کے دو نامور ماہرین تعلیم ہیں جو کہ جدید علوم و فنون سے بھی کما حقہ واقفیت رکھتے ہیں اور اسلامی تعلیمات کے مقام کو بھی سمجھتے ہیں ۔

اب میں عزت مآب چودھری محمد علی وزیر خزانہ کی اس مشہور اور تاریخی تقریر کا ایک اقتباس پیش کرتا ہوں جس میں انھوں نے زراعت اور صنعت کی متوازن ترقی کا ذکر فرمایا ہے :—

"We must aim at a balanced development of the country's economy, as between agriculture and industry. At the time of partition, Pakistan was almost wholly an agricultural country. Even with the advance that we have made in the field of industry, agriculture is our mainstay and will remain so".

حضور والا ۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ ہماری حکومت نے اس صوبے میں صنعت و حرفت میں اور خاص کر زراعت کو ترقی دینے میں از حد غفلت برتی ہے اور وہ زرعی اصلاحات اور Land Reform ابھی تک جاری نہیں کی ہیں جو کہ وقت کی پکار کے مطابق رائج کر دینی چاہئیں ۔ جن سے ہمارے معیشتی نظام کی اصلاح ہو جائے اور جن سے ہمارے معاشرے میں عدل و انصاف اور قسط و اعتدال اور یہاں کے مختلف طبقات میں معاشی ہمواری پیدا ہو سکے ۔

اب حضور والا ۔ میں ایک دو لفظ جیل خانہ جات کے متعلق بھی کہنا چاہتا ہوں ۔ ہمارے جیل خانہ جات کے اخراجات بڑھتے چلے جا رہے ہیں مگر ان افراد کی زندگی پہلے سے بھی زیادہ خراب اور مجرمانہ بنتی چلی جا رہی ہے جو ایک دفعہ جیل کی ہوا کھا آتے ہیں یعنی ع

بڑھتا ہے ذوق جرم یہاں ہر سزا کے بعد

وزیر تعلیم : آپ خود جاکر دیکھیں ۔

چودھری محمد افضل چیمہ : اجی میں پہلے جاکر دیکھ چکا ہوں ۔

وزیر تعلیم : اب دوبارہ جا کر دیکھئے ۔

چودھری محمد افضل چیمہ :حقیقت یہ ہےکہ آپ نے ایک بڑے افسر کو انگلستان میں وہاں کے جیل خانوں کے حالات کا مطالعہ کرنے کے لئے بھیجا تھا ۔ وہ سرکاری خرچ پر وہاں گئے اور انہوں نے ایک رپورٹ بھی مرتب کی مگر آج تک آپ نے اس رپورٹ کو گلدستہ طاق نسیاں بنایا ہوا ہے اور اسکو آپ نے شائع تک نہیں کیا ۔ اس پر عمل کرنے کی تو خیر بات ہی الگ ہے ۔

چودھری علی اکبر : ہم اس رپورٹ پر غور کر رہے ہیں ۔

چودھری محمد افضل چیمہ :حضور والا ۔ اب میں فنون لطیفہ کے متعلق ایک دو لفظ کہہ دوں ۔ شرم آتی ہے جب وزراء صاحبان اور اکابرین قوم کی بیگمات شبستانی محافل و مجالس میں رقص و سرور کے لئے شامل ہوتی ہیں ۔ اصل میں یہ شیطانی حرکات ہیں جن کو اسلام سختی سے منع کرتا ہے ۔

صاحب سپیکر : اب صرف پالیس منٹ رہ گئے اسلئے میں صرف دس منٹ فی کس وقت دے سکونگا ۔

مولوی محمد ذاکر (بھنگ ۔ ۹ ۔ مسلم) : جناب والا اس میزانیہ پر بہت سے معزز احباب نے کافی روشنی ڈالی ہے اور اس کے مختلف پہلوؤں کے

متعلق کافی وضا ت ہو چکی ہے اور اب میں اس کی تفاصیل میں جا کر آپ کا مزید وقت ضائع نہیں کرنا چاہتا بلکہ میں اس کی صرف تعلیمی حیثیت کے متعلق کچھ عرض کروں گا۔ اس نقطہ نگاہ سے اگر اس بجٹ کو بے روح و بے جان کہا جائے تو یہ مبالغہ نہ ہوگا۔ یہ ایسی چیز نہیں ہے جو میرا ذاتی خیال ہو بلکہ میں یہ صحیح عرض کروں گا کہ یہ عوام کی توقعات کے بالکل خلاف ہے۔ ہر سال کے بعد اپنا میزانیہ بہتر نہ کر سکنے اور عوام کی ضروریات مہیا نہ کر سکنے کے لحاظ سے اگر دیکھا جائے تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ رجعت قہقری ہے۔ اور بجائے اس کے کہ ہر سال کوئی بہتر صورت سے سکیم لائی جائے جس سے عوام کو فائدہ پہنچ سکے خاص کر تعلیم کے بارہ میں ایسا نہ کرنا تو بہت ہی بری بات ہے۔ ظاہر ہے کہ جب تک کسی قوم کی تعلیمی حالت درست نہیں ہوگی اس وقت تک وہ ترقی نہیں کر سکتی۔ مجھے تعجب ہے اور بے حد صدمہ بھی پہنچا ہے کہ ہماری وزارت اور ان ملازمین نے جنہوں نے نہایت محنت سے یہ میزانیہ مرتب کیا ہے بہت سرد مہری کے ساتھ اس چیز کو نظر انداز کیا ہے۔ بارہا کہا جاتا ہے اور ایک حد تک درست بھی ہے کہ اخراجات پورے کرنے کے لئے مزید ٹیکس عائد کرنے کے سوا اور کیا صورت ہو سکتی ہے۔ لیکن مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ صرف ٹیکس بڑھانے سے اس ملک کی حالت درست نہیں ہو سکتی۔ اور چیزیں بھی قابل اصلاح ہوتی ہیں۔ اگر حکومت اس امر کی طرف توجہ فرمائے کہ ایسے اخراجات جو زائد از ضرورت ہیں اور جن کو فضول خرچی کہنا چاہئے ان کو گھٹانے کی کوشش کی جاتی تو میرے خیال میں یہ ایک بہترین میزانیہ ثابت ہوتا اور اس سے ملک کی حالت بہت حد تک درست ہو سکتی۔ لیکن اخراجات کو گھٹانے کی بجائے ان کو بڑھایا جاتا ہے اور ان میں ایسی صورت اختیار کی جاتی ہے جس سے ملک کے آنے والے نظام میں بہت نقصان پہنچنے کا احتمال ہے۔ میں اس ضمن میں اس چیز کو دہرانا چاہتا ہوں۔ اس بجٹ کا اس ملک کے نظام سے ایک روح کا سا تعلق ہے۔ ہمارے عوام کو بہت زیادہ توقعات تھیں کہ کوئی ایسی نئی چیز آئے گی جس کے نہ آنے کی وجہ سے اتنا نقصان ہو رہا ہے جس کا اگر پورے طور پر احساس کیا جائے تو میرے خیال میں اس سے بڑھ کر اور کوئی ستم نہیں ہو سکتا۔ محکمہ اسلامیات جو اگرچہ ایک برائے نام شعبہ تھا اور پاکستان بننے کے نظریہ کے لحاظ سے اگر دیکھا جائے تو اس کے لئے زیادہ بجٹ مقرر کیا جا سکتا تھا اور اس کے لئے کوئی اور موثر اقدام کئے جا سکتے تھے لیکن اس کو ختم کر دیا گیا ہے اور معتبر ذریعہ سے معلوم

ہوا ہے کہ اس کی بچی کھچی لائبریری بھی ایسے ہی دفن کر دی گئی ہے دفن اس لئے کہ اس کے لئے جو ا زاجات تھے، تھوڑے بہت، ان سے کوئی فائدہ نہیں اٹھایا گیا۔ یونیورسٹی لائبریری۔ یا پبلک لائبریری یا کسی اور پرائیویٹ لائبریری کو اس کی کتابیں دیدینے سے ملک یا قوم کو کوئی فائدہ نہیں پہنچ سکتا جب تک کہ ان سے فائدہ نہ اٹھایا جائے۔ اس محکمہ کو ختم کر دینا میں سمجھتا ہوں ملک کے نصب العین کے سخت خلاف بلکہ یہ ایک خطرناک اقدام ہے۔ میں اپیل کروں گا اور نہایت ا خلاص کے ساتھ کہوں گا کہ اگر اس میزانیہ کے واضعین اب بھی اس میں ترمیم فرما سکیں تو یہ چیز بہت درست ہوگی۔ اس مرحلہ پر میں اس میزانیہ کے متعلق صرف اتنا ہی عرض کروں گا کہ یہ نہایت مایوس کن اور نہایت افسوس ناک ہے۔ اگر ملک کا فائدہ مد نظر ہے تو سب سے زیادہ توجہ تعلیم کی طرف دینی چاہئے اور تعلیم بھی ایسی کہ جس سے مذہبی بنا صحیح طور پر قائم رہ سکے۔

اس کے علاوہ بہت سی چیزیں ہیں جو اخلاق سے تعلق رکھتی ہیں۔ اس سلسلہ میں بھی حکومت کی طرف سے کوئی اقدام نہیں ہو رہا۔ ان کی میرے دوستوں نے وضاحت کی ہے اور میں ان کو دہرانا مناسب نہیں سمجھتا۔ اس حکومت کی مشینری ایسی ہے کہ وہ خرافات کی قسم کی چیزوں میں جو نقصان دہ ثابت ہو رہی ہے اصلاحی اقدام کرنے پر غور نہیں کرتی۔ اگر وہ ایسا نہیں کرے گی تو اس سے ملکی اخلاق کو اور زیادہ نقصان پہنچے گا جو ملک کی سراسر تباہی کے مترادف ہے۔ میں تو یہ دلاؤں گا اور نہایت درد کے ساتھ توجہ دلاؤں گا کہ ملک کو اس تباہی سے بچانے کے لئے کوئی موثر اقدام کئے جائیں۔ اگر خدانخواستہ اس چیز کی طرف توجہ نہ کی گئی تو اس کے نتائج بہت خطرناک ہوں گے۔

چودھری ولی محمد بوسال (گجرات ۔ ۱ مسلم) : جناب والا۔ میں میزانیہ زیر بحث کے متعلق آپ کی وساطت سے یہ گذارش کرنا چاہتا ہوں کہ اس میں غریب عوام اور خاص طور پر Rural Area کے لوگوں کے لئے۔ ان کی ترقی اور ان کی رفاہ کے لئے کوئی گنجائش نہیں رکھی گئی (خوب۔ خوب) میں سمجھتا ہوں کہ ۲۸ کروڑ کے بجٹ کے قریب بلکہ اسی قدر رقم ان دیہاتی عوام سے بطور رشوت وصول کی جاتی ہے۔ اس رشوت کا بار بھی ان پر پڑتا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ کم تنخواہ پانے والوں کے لئے۔ (ایک آواز۔ ایک مربع دے دیا جائے) آپ مربعے لینے والے ہیں دینے والے نہیں۔ میں ان تمام ممبران کو جانتا ہوں۔ میں ان کو چیلنج کرتا ہوں

کہ وہ یہ ثابت کریں کہ میں نے کوئی مربع لیا ہو۔ میں ان کے نامہ اعمال کو اچھی طرح سے جانتا ہوں اور ہاؤس کے سامنے اسے رکھ دوں گا (شور)۔

صاحب سپیکر : آپ ان سے cross-bench گفتگو نہ کریں بلکہ سپیکر کو مخاطب کریں۔

چودھری ولی محمد بوسال : میں یہ عرض کرتا ہوں کہ اس بجٹ میں ادنے ملازمین کے لئے کچھ نہیں کیا گیا جو بیچارے اپنی بیوی بچوں کی بقا کے لئے پیسے پیسے کو ترستے رہتے ہیں اور اس کے برخلاف ہمارے افسر ۵۰۰ کے چھ چھ ڈبے ایک ایک دن میں پی جاتے ہیں (خوب خوب) میں سمجھتا ہوں کہ تھوڑی تنخواہ پانے والوں کی کم از کم تنخواہ سو روپیہ ہونی چاہئے۔ اگر ان کی تنخواہ سو روپیہ کر دی جائے اور اس کے بعد بھی جو رشوت لے اس کے متعلق میں اس ایوان میں مطالبہ کروں گا کہ اسے دس سال قید کی سزا دی جائے یا اسے گولی سے اڑا دیا جائے۔ انہیں اپنی اور اپنے بال بچوں کی زندگی کی بقا کے لئے لازماً ناجائز ذرائع اختیار کرنے پڑتے ہیں۔ میں عرض کرتا ہوں کہ جتنے سی۔ ایس۔ پی کے افسر ہیں انکو ۱،۰۰۰ روپیہ سے زیادہ تنخواہ نہیں دینی چاہئے۔ اگر وہ اس تنخواہ پر رضا کارانہ طور پر کام کرنے کے لئے تیار نہ ہوں تو میں حکومت سے مطالبہ کروں گا کہ وہ ان سب کو نکال دے اور ان کی جگہ (افیشل بنچ پر بیٹھنے والے پی۔ اے صاحبان کی طرف اشارہ کرکے) یہ کام کریں گے۔ ان میں وہ سب خوبیاں بدرجۂ اتم پائی جاتی ہیں۔ اگر ان کی تنخواہوں کو تین ہزار سے کم کرکے ایک ہزار تک کر دیا جائے تو اس سے دو ہزار روپیہ پس انداز ہوگا۔ اس سے آپ کے ۵۰ چپڑاسیوں۔ اردلیوں۔ کنسٹیبلوں کی تنخواہ ۱۰۰ روپے تک بڑھائی جا سکتی ہے اور اس طرح آپ ۵۰ آدمیوں کا معیار زندگی بلند کر سکتے ہیں۔ اور وزرا کی تنخواہ بھی ۱،۵۰۰ روپے سے زیادہ نہیں ہونی چاہیئے۔

اسکےعلاوہ میں یہ عرض کرونگا کہ اس ایوان میں ۸۰ فیصد نمائندے آپکے دیہات کے ہیں۔ حکومت بھی انہی ۸۰ فیصد عوام کے نمائندوں پر مشتمل ہے۔ میں ان ۸۰ فیصد عوام کے نمائندوں کی نمائندگی کرنے والی حکومت سے یہ عرض کرونگا کہ انہوں نے دولت کی مساوی تقسیم میں دیہات کے لوگوں کی کس طرح سے حوصلہ افزائی کی ہے۔ ملازمتیں ہیں تو شہری لوگوں کو دی جاتی ہیں۔ دیہاتی لوگوں کے تو پڑھنے کا بھی کوئی انتظام نہیں۔ پی۔ ایس۔ پی اور سی ایس۔ پی کے امتحانات کے مقابلہ ہیں تو ان میں

شہری کامیاب ہوتے ہیں ۔ امپورٹ کے لائسنس ہیں تو وہ شہریوں کے پاس ہیں ۔ اگر ہم لوگ کم علم ہیں تو یہ حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ اس ۸۰ فیصد آبادی کی ترقی کی ضرورت کو پورا کرے ۔ اور ان میں جو یہ جھگڑے ہیں انکو مٹانے کیلئے ذرائع سوچے ۔ اور ان پر عمل کرنے کے لئے اخراجات برداشت کرے ۔ تاکہ صوبہ کی ۸۰ فیصد آبادی کے لوگ ترقی کرسکیں ۔ اور پھر شہروں کے ترقی یافتہ لوگوں کے شانہ بشانہ چل سکیں ۔ یہ جو میں کارخانہ دار دیکھتا ہوں شیخ اینڈ سنز یا خواجہ اینڈ کمپنی ۔ پاکستان بننے کے بعد دولت کے جو ذرائع بنے ہیں ان پر تمام یہی لوگ قابض ہوچکے ہیں ۔ کاٹن فیکٹریاں ۔ ٹیکسٹائل ملز ۔ دو دو لاکھ تکاوں کی ۔ اوپر سے گورنمنٹ نے پانچ سال کیلئے انکم ٹیکس معاف کر دیا ہے ۔ پانچ سال کے انکم ٹیکس کی رقم بچا کر اس سے دس کارخانے اور لگے ہیں گویا آزادی حاصل ہونے کے بعد یہاں جو فوائد اور مراعات حاصل ہوئی ہیں وہ سب یہی لوگ لے گئے ہیں ۔ اور پھر ان چیزوں کو bait کہتے ہیں ۔ حکومت کا فرض ہے کہ وہ ان ذرائع کی مساوی تقسیم کا اہتمام کرے اور اس ۸۰ فیصد آبادی کو اس سے محروم نہ رکھے جو دیہاتوں میں رہتی ہے ۔

اب میں انصاف کے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ جب ہم لوگ عدالتوں میں جاتے ہیں تو ہم سے سات سات سو روپے ۱۰۱ اور ۱۰۷ کی ضمانتیں تصدیق کرنے کے لے لئے جاتے ہیں ۔ اور یہ سب کچھ مجسٹریٹ کی نظروں سے اوجھل نہیں ہوتا ۔ بلکہ اسکے سامنے اسکے اردلی اور ریڈر یہ رقمیں وصول کرتے ہیں ۔ مگر کوئی ان سے پوچھتا نہیں کہ تم کیا کررہے ہو ۔

اسکے علاوہ دیہاتی عوام میں ایک ایسا طبقہ ہے جنہیں بلاوجہ کمین کہا جاتا ہے ۔ ان لوگوں کی ترقی کے لئے ہماری حکومت نے آج تک کوئی معمولی سے معمولی کوشش بھی نہیں کی ۔ نہ کبھی انکے لئے کوئی اصلاحی سکیم پیش کی گئی ہے ۔ حالانکہ یہ لوگ ہماری آبادی کا بہت بڑا حصہ ہیں ہمارے دیہات پر ایک اور بوجھ تمباکو ٹیکس کا ہے ۔ حالانکہ وہ لوگ تجارت کے لئے تمباکو کاشت نہیں کرتے ۔ صرف اپنی ریفرشمنٹ کے لئے کرتے ہیں ۔ ہل چلاتے تھک گئے تو حقے کے دو کش لگا لئے ۔ اگر ان پر ٹیکس لگ سکتا ہے تو چائے اور پان استعمال کرنے والوں پر کیوں ٹیکس نہیں لگ سکتا ۔ ٹھیک ہے یہ ٹیکس سنٹر کی طرف سے ہے مگر ہماری حکومت ان سے سفارش تو کر سکتی ہے ۔

وزیر صحت (آنریبل مخدوم زادہ الحاج پیر سید محمد علمدار حسین شاہ گیلانی) : صاحب صدر۔ یہ ایوان جس میں ۱۹۵۵-۵۶ کا میزانیہ پیش ہے اس میں کئی میزانئے پیش ہوئے ہیں اور ان میزانیوں پر خواہ وہ فاضلہ تھے یا خسارے کے فنانس منسٹر کی تعریف بھی کی جاتی رہی ہے اور اس پر نکتہ چینی بھی۔ یہ ایک رسمی طریقہ ہے (نہیں نہیں کی آوازیں) ۔

جناب والا ۔ بجٹ پر اس عام بحث کے دوران میں میرے محکمہ پر کوئی خاص نکتہ چینی نہیں ہوئی ۔ کافی کاوش کے بعد بھی معزز ممبر صاحبان میرے محکمہ کی کارکردگی کے خلاف کوئی شکایت پیش نہیں کر سکے ۔ چونکہ میرا محکمہ خاص طور زیر بحث نہیں ہے اس لئے میں صرف ان اعتراضات کا جواب دینے کے لئے اٹھا ہوں جو چند ایسے ممبران نے کئے ہیں جنہیں میرے ساتھ ذاتی رنجش ہے ۔ چونکہ انہوں نے میرے محکمہ پر کیچڑ اچھالنے کی کوشش کی ہے اس لئے انکا جواب دینا میرے لئے لازمی ہے ۔

ڈسپنسریوں کے متعلق جو اعتراضات کئے گئے ہیں اسکے متعلق یہ عرض ہے کہ ڈسپنسریاں دو قسم کی ہیں ۔ ایک گورنمنٹ کی اور دوسری لوکل باڈیز کی ۔ یہ میں مانتا ہوں کہ لوکل باڈیز کی ڈسپنسریوں میں ادویات کی بھی کمی ہے اور ڈاکٹروں کی بھی ۔ مگر گورنمنٹ کی ڈسپنسری کوئی بھی ایسی نہیں جہاں ڈاکٹر نہ ہوں یا ادویہ نہ ہوں (قطع کلامیاں) ۔ جناب والا میں اس معزز ممبر کو ساتھ لے جا کر دکھا بھی سکتا ہوں ۔ دوسری عرض یہ ہے کہ ۱۹۴۷ میں تقسیم کے وقت اس صوبے کے ۸۰ فیصد ڈاکٹر ہندو سکھ تھے ۔ جو یہاں سے چلے گئے ۔ اس وقت کی گورنمنٹ پر لازم آتا تھا کہ وہ میڈیکل سکول یا کالج کی طرف توجہ دیتے ۔ مگر یہ فخر صرف اسی گورنمنٹ کو حاصل ہوا ہے کہ انہوں نے قوم کی تڑپتی ہوئی نبض پر ہاتھ رکھا اور یہاں ایک میڈیکل سکول کھولا (تالیاں) ۔ اور میڈیکل کالجوں میں طلبا کی تعداد میں ۵۰ فیصد اضافہ کیا ۔ مجھے امید ہے کہ ان اقدامات کے باعث عنقریب ڈاکٹروں کی کمی پوری ہو جائیگی (تالیاں) ۔

پھر انہوں نے یہ اعتراض کیا ہے کہ ہسپتال نہیں ہیں ۔ میرا خیال ہے کہ اگر وہ آنکھیں کھول کر دیکھیں تو انہیں نظر آئیگا کہ اس وقت سولہ اضلاع میں سے آٹھ اضلاع میں ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال تیار ہو رہے ہیں اور چند مکمل بھی ہو چکے ہیں ۔ ہر ہسپتال میں ۱۲۵ بستر ہونگے ۔ اس کے علاوہ نشتر ہسپتال میں نو سو بستر ہونگے اور میو ہسپتال میں ایک ہزار بستر

ہونگے ۔ آؤٹ پیشنٹ بلاك بھی کھول دیا جائیگا ۔ ہسپتالوں کی طرف پورا دھیان دیا گیا ہے اور میں فخر سے کہتا ہوں کہ ہم اپنی ذمہ داریوں سے پوری طرح عہدہ برآ ہو رہے ہیں (نعرہ ہائے تحسین)۔ اس کے بعد جناب والا ! چونکہ لوکل باڈیز کا ذکر کیا گیا ہے اسلئے ان کے متعلق عرض کرونگا کہ اٹھارہ برس سے اس بد قسمت صوبہ میں لوکل باڈیز کے انتخابات نہیں ہوئے تھے ۔ لیکن اس کی ذمہ داری ہم پر عائد نہیں ہوتی ۔ ہم نے تو دو سال میں نوے فیصدی ڈسٹرکٹ بورڈوں اور میونسپل کمیٹیوں کے انتخابات کرا دئے ہیں ۔ اٹھارہ برس پہلے جو لڑکے پیدا ہوئے تھے آج وہ ووٹر ہیں مگر پچھلی حکومتوں کو خیال نہ آیا کہ وہ اس طرف توجہ کرتیں ۔

جناب والا ! میرے ایک معزز دوست نے جو بد قسمتی سے میرے ہی ضلع کے باشندے ہیں اور ہر وقت مجھ پر برستے رہتے ہیں کل یہاں فرمایا کہ لسوڑی میں ایک سکول ہے جس میں استانی تو موجود ہے ...(شور)....

جناب والا۔ بدقسمتی سے ڈسٹرکٹ بورڈوں کے جو حالیہ انتخابات ہوئے ہیں ان میں جس تحصیل کے وہ نمائندے ہیں اس تحصیل کے نو ممبر منتخب ہوئے ہیں لیکن میرے دوست کے تمام امیدواروں نے ضمانتیں ضبط کروائی ہیں ..... (قہقہہ اور شور) لسوڑی کے زنانہ مدرسے کے متعلق انہوں نے فرمایا ہے کہ وہاں سکول فرضی طور پر ہے ۔ میں ان کو چیلنج کرتا ہوں کہ ان کی اطلاع غلط ہے ۔ میں نے آج اس کی تصدیق کی ہے ۔ وہ سکول جاری ہے اس میں ۲۷ لڑکیاں پڑھتی ہیں اور جو استانی ہے وہ میرے دوست کے ایک بڑے مددگار کی لڑکی ہے ۔ وہ یہ کہتے ہیں کہ اس استانی کی ماہوار آمدنی چیئر مین کو جاتی ہے ..... (شور).....

جناب والا ! انہوں نے یہ ذاتی حملے محض ذاتی رنجشوں کی بنا پر شروع کر رکھے ہیں ۔ انہیں اس معزز ایوان کی عزت کا خیال رکھنا چاہیئے ۔ یہ کوئی اکھاڑا نہیں ہے ۔ اس کے لئے ہمیں ایوان سے باہر کافی مواقع مل سکتے ہیں ہم لائن میں بیٹھکر ایسی باتیں کر سکتے ہیں ۔ لیکن ہمیں اس معزز ایوان کے معزز شان کو برقرار رکھنا چاہیئے (نعرہ ہائے تحسین)۔

حضور والا ! اس کے بعد انہوں نے فرمایا کہ ڈسپنسر نہیں ہیں ۔ میں انہیں بتا دینا چاہتا ہوں کہ ہمارے پاس ڈسپنسر اتنے ہیں کہ اگر ان کو ضرورت ہو تو ہم سینکڑوں کی تعداد میں مہیا کر سکتے ہیں ۔ پھر انہوں نے فرمایا ہے کہ جب کوئی سوال کیا جائے تو ہم خاموش ہو جاتے ہیں۔ اس کے جواب میں صرف یہی عرض کروں گا کہ ع

جواب ''عاقلاں،، باشد خموشی

میاں محمد شفیع (منٹگمری - نمبر ۷ - مسلم - مخصوص نشست) :
جناب والا ! میں اپنی مختصر گذارشات میر کے اس شعر سے شروع کرتا ہوں—

یا رب رکھیں گے پنبہ مرہم کہاں کہاں
سوز دروں سے سارا بدن داغ داغ ہے

میں نے وزیر اعلیٰ کی تقریر کی تین سو سات سطروں اور نو ہزار تین سو ایک الفاظ میں سے ہر لفظ کو نہایت غور و خوض سے پڑھا ہے - اگر مجھے کہیں اس ویلفیئر سٹیٹ کی کوئی علامات ملتیں جس کا ذکر انہوں نے اپنی بجٹ تقریر میں فرمایا ہے تو میں ان کے گالوں پر تحسین کے بوسے نثار کرتا اور ان کی راہ کے کانٹے اپنی پلکوں سے چنتا - لیکن مجھے یہ کہتے ہوئے نہایت افسوس ہوتا ہے کہ جو بجٹ تقریر آنریبل چیف منسٹر نے کی ہے وہ تقریر سر ہنری کریک یا سر جیوفرے ڈی مونٹ مورنسی یا ان کے کوئی اور پیشرو بھی کر سکتے تھے۔

جناب والا ! بجٹ کا کوئی ایسا گوشہ نہیں ہے جس پر میری پارٹی کے محترم قائد اور دوسرے ارکان نے شرح و بسط کے ساتھ روشنی نہ ڈالی ہو - اس لئے میں اس پامال زمین کی طرف نہیں جاؤں گا - میں صرف یہ پوچھتا ہوں کہ جہاں تک سول لبرٹیز کا تعلق ہے - جہاں تک ان باتوں کا تعلق ہے - ان مقاصد اعلیٰ کا تعلق ہے جن کے لئے آپ نے پاکستان حاصل کیا تھا - کیا آج آپ ان راستوں پر گامزن ہیں جن پر چل کر وہ مقاصد اعلیٰ حاصل ہو سکتے ہیں ؟ میں انتہائی دلسوزی کے ساتھ وزیر اعلیٰ کی خدمت میں عرض کرتا ہوں کہ وہ اپنے گریبان میں منہ ڈال کر سوچیں اور بتائیں کہ آیا جس ملک کو قائم کرنے کیلئے اور جن مقاصد کو حاصل کرنے کیلئے دس ہزار شہدا نے قربانی دی - پچاس ہزار عصمتیں - مقبرے اور مسجدیں لٹیں آیا آپ آج یہ کہہ سکتے ہیں کہ آپ نے ان مقاصد کے حصول کے لئے کوئی قدم اٹھایا ہے ؟ ——————

(شور) حضور والا ! ایوان کے اس طرف ذاتیات کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔ گورنمنٹ کی پارٹی میں یہ گند ہو تو ہو - ہم ذاتیات سے یکسر بلند ہیں اور اس بات کے لئے قطعاً تیار نہیں کہ ان کی خامیوں اور کمزوریوں کا یا ان کی سیاسی بدکرداریوں کا یہاں تذکرہ کریں لیکن ڈیموکریسی کے watch dog ہونے کی حیثیت سے - جمہوریت کے نگہبان ہونے کی حیثیت سے ، ہم آپ کی غلط کاریوں کو عوام کے سامنے لانے سے باز نہیں رہ سکتے - اور ہم اس کے لئے جیسا کہ مسٹر گبن نے کہا ہے ہر قربانی دینے کیلئے تیار ہیں - میں نے وزیر ترقیات سے پوچھا کہ پنجاب

کے لوگوں کی فی کس یومیہ آمدنی کسقدر ہے ۔ انہوں نے اس کا کوئی جواب نہ دیا ۔ میں انہیں بتاتا ہوں کہ پنجاب میں فی کس یومیہ آمدنی ایک آنہ نو پائی ہے ۔ آپ سوچیں کہ آپ نے بجٹ میں جوعظیم الشان رقوم پیش کی ہیں آیا عوام کی زندگی سے ان اعداد و شمار کا کوئی تعلق ہے ۔ کیا یہ ممکن ہے کہ ایک ویلفیر سٹیٹ میں ایک آدمی کی یومیہ آمدنی تو ایک آنہ نو پائی ہو اور اس سٹیٹ کا حاکم اعلیٰ اپنے آپ پر انتیس ہزار روپیہ ماہوار خرچ کرے ۔ میں ذاتیات میں نہیں پڑنا چاہتا لیکن آپ خود غور کریں کہ کیا ایک ولفیئر سٹیٹ حاصل کرنے کے یہی طریقے ہیں ؟

عزت مآب وزیر اعلیٰ—آپ بیکو سے کیا تنخواہ لیتے ہیں ؟ مجھ سے تو زیادہ ہی کما لیتے ہونگے ۔

میاں محمد شفیع—آنریبل چیف منسٹر بہت جلد پست سطح پر آ جاتے ہیں ۔ میں انہیں یاد دلاتا ہوں کہ جس وقت وہ وائسرائے کی ایگزیکٹو کونسل سے ریٹائر ہو کر یہاں آئے تھے اور مسلم لیگ کا جھنڈا اٹھایا تھا تو اس وقت میرے جیسے حقیر لوگ تھے جنہوں نے انکو گمنامی کے گڑھے سے نکال کر دنیا کے سامنے پیش کیا تھا ۔

Rana Gul Muhammad Noon: This is not an answer to my question. My question was whether he had taken some Engineers also along with him when he went abroad ?

Chief Minister: It was not a Delegation sent by this Government. I have told you that I sent the Honourable Minister on study leave. It was only for him that he was sent out to see things concerning his own Department in other countries.

Sayed Amir Hussain Shah: The Chief Minister has said that the Minister for Public Works Department went on a study tour. Am I to understand that the Honourable Minister for Public Works Deparmment is going to be a Minister for Public Works Department for the rest of his life ?

Mr. Speaker: Disallowed.

Rana Gul Muhammad Noon: May I ask whether he has submitted any report to the Engineers or to the Government of the impressions of his tour abroad ?

Minister: (P. W. D.) None was necessary.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: Arising out of the anwer given by the Chief Minister, Sir, is it a fact that so far only three of his colleagues have had the opportunity of taking advantage of this plan of sending the Ministers abroad for educational purposes ? Is it a fact that only three of his colleagues have had the opportunity of going abroad ?

Chief Minister: No. The Honourable Sheikh Masood Sadiq has been to Ceylon. The Honourable Chaudhri Ali Akbar Khan has been to England and America for studying the educational system. And I think the Revenue Minister was sent to attend a Conference in Florence. I think four Ministers in one year have been abroad on this kind of work. I think it is a very useful thing.

Syed Amir Hussain Shah: Is the Honourable Chief Minister aware that in view of the coming of One Unit and the subsequent dismissal of this Cabinet all this money spent on study tours has proved to be sheer waste.

Mr. Speaker: Disallowed. The question hour is over.

DEMANDS FOR GRANTS

LAND REVENUE

Minister of Agriculture: (The Honourable Sardar Abdul Hamid Khan Dasti) : Sir, I beg to move:—

> That a supplementary sum not exceeding Rs. 7,57,130 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1955 in respect of Land Revenue.

Mr. Speaker: Demand moved is:

> That a supplementary sum not exceeding Rs. 7,57,130 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1955 in respect of Land Revenue.

Land Reclamation

چودھری محمد افضل چیمہ (لائلپور- ۹ - مسلم) :

Sir, I beg to move :—

That the item of Rs. 1,33,960 on account of A—Charges on Administration—Land Reclamation, etc., be reduced by Rs. 33,960.

حضور والا - یہ معلوم ہوتا ہے کہ میری یہ استدعا کچھ اتنی ضروری نہیں کیونکہ جو مصرف یہاں پر اس رقم کا بیان کیا گیا ہے وہ اس صوبہ کے اہم ترین مسائل سے تعلق رکھتا ہے مصرف یہ بیان کیا گیا ہے۔

Charges on Administration—Land Reclamation and Protection of Waterlogged Areas.

کہ زرعی اراضی کو سیم زدہ ہونے سے بچانے کیلئے اور سیم زدہ اراضی کی بحالی اور اصلاح کیلئے کچھ رقم صرف کی گئی ہے اور اس کی منظوری اس ایوان سے طلب کی گئی ہے۔

حضور والا - جہاں تک اس مسئلہ کی اہمیت کا تعلق ہے بلکہ اشد اور غیر معمولی اہمیت کا تعلق ہے کوئی آدمی اس سے انکار نہیں کر سکتا بلکہ اگر ان مصارف پر ہمیں اس امر کا اطمینان ہو جائے کہ نہایت مناسبت کے ساتھ- دیانتداری کے ساتھ- کسی سوچے سمجھے ہوئے منصوبے کے ماتحت اس سے کئی گنا زیاد رقم صرف کی جائے تو شائد اس سے بھی ہمیں تعرض اور تامل نہیں ہوگا- سوال صرف یہ ہے - کہ سائل ریکلیمیشن ایکٹ کے پاس ہونے کے بعد . . . . . .

صاحب سپیکر : آپ نے اپنی کٹ موشن میں یہ کہا ہے کہ آپ اس خرچ کی ناموزونیت پر بحث کرنا چاہتے ہیں لیکن ابھی تک جو کچھ آپ نے کہا ہے اس سے تو آپ اس خرچ کی تائید کر رہے ہیں -

چودھری محمد افضل چیمہ : حضور والا نے یہ ارشاد فرمایا ہے کہ میں نے جو وجہ اس تحریک تخفیف کے پیش کرنے کی بیان کی ہے وہ یہ ہے کہ یہ خرچ مناسب اور موزون نہیں ہے - میں اسی بات کی تائید کرنا چاہتا ہوں اور اسی بات کی وضاحت کیلئے حاضر ہوا ہوں اور عنقریب حضور اور دیگر ارکان کے تمام شکوک و شبہات مکمل طور پر رفع ہو جائینگے - سوال یہ ہے کہ جب آپ نے ''سائل ریکلیمیشن ایکٹ،، Soil Reclamation Act کی رو سے سیم زدہ اراضیات کی بحالی اور اصلاح کیلئے ایک الگ بورڈ قائم کیا ہے پھر آپ نے لینڈ ریوینیو کے ضمن اور مد سے اس مقصد کیلئے الگ رقم کیوں وقف کی ہے - آپ دیکھینگے کہ اس نام پر اور اس ایک مد میں اس ایک مقصد کو ملحوظ رکھتے ہوئے ضمنی تخمینہ جات کے مختلف مقامات پر مختلف مطالبات کے تحت مختلف رقوم وقف کی گئی ہیں - اگر آپ صفحہ ۱۸ کے عنوان ۳ کو دیکھیں تو وہاں آپکو یہ الفاظ نظر آئینگے —

"Contingencies of temporary Land Reclamation Establishment in Northern, Southern and Eastern Administration in 1954-55."

صاحب سپیکر آپ نے جو جس آئیٹم کے متعلق تحریک تخفیف پیش کی ہے کیا یہ اس سے مختلف آئٹم نہیں ہے ؟

چودھری محمد افضل چیمہ : یہی تو میرا اعتراض ہے ۔

صاحب سپیکر : آپ جو چاہیں کہیں لیکن جس آئٹم کے متعلق آپ نے تحریک تخفیف پیش کی ہے اس مرحلہ پر بحث صرف اس آئٹم پر ہو سکتی ہے ۔

چودھری محمد افضل چیمہ : میں حیران ہوں یہ غلط فہمی کیوں پیدا ہو رہی ہے ۔ جب آپ ایک خاص کام کیلئے کچھ رقم وقف کرتے ہیں تو اسے ایک ہی جگہ ہونا چاہیئے ۔ یہ نہیں ہونا چاہیئے کہ ایک ہی مقصد کیلئے ۱۰ مرتبہ مختلف حیلوں سے مختلف رقوم خرچ کی جائیں ۔ جب حکومت نے ایک ریکلیمیشن بورڈ قائم کیا ہے جسکا واحد مقصد سیم زدہ اور ناکارہ اراضیات کی بحالی ہے تو پھر مختلف مدات کے تحت اسی ایک مقصد کیلئے مختلف رقوم کیوں وصول کی جاتی ہیں ؟

صاحب سپیکر : جب آپ ان مدات پر آئینگے اس وقت آپ ان کا ذکر کر سکتے ہیں ۔ میں آپکو بیس دفعہ بتا چکا ہوں کہ مختلف آئٹمز پر بحث کے مختلف مراحل ہوتے ہیں اور ہر مرتبہ اس مرحلہ کے مطابق بحث کی جاتی ہے۔ اس وقت آپکو یہ اجازت نہیں ہے کہ آپ دوسرے کسی آئیٹم کے متعلق بحث کریں ۔

چودھری محمد افضل چیمہ : مجھے آپکے وسیع اختیارات سے انکار نہیں ۔ آپ چاہیں تو ''دستور زبان بندی،، عائد کر سکتے ہیں ۔

صاحب سپیکر : اسکے لئے مجھے کسی سرٹیفکیٹ کی ضرورت نہیں ۔ میری بات کو سمجھنے کی کوشش کیجئے اور اس پر عمل کیجئے ۔

چودھری محمد افضل چیمہ : میری گذارش کو بھی زیر غور رکھئے ۔ میں حضور کی وساطت سے ایوان کے معزز ممبران کی خدمت میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جب مصرف ایک ہے ۔ موضوع ایک ہے ۔ محکمہ ایک ہے ۔ تو پھر میرا سب سے بڑا اعتراض یہ ہے کہ اس مقصد کیلئے لینڈ ریونیو کی مد سے اس رقم کو صرف کرنے یا وقف کرنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا—کیونکہ حکومت کے پاس اس مقصد کیلئے خصوصیت کے ساتھ ایک ادارہ قائم ہے ۔ حکومت اسکے لئے الگ رقم وقف کر رہی ہے ۔ وہ اس رقم

کا ناجائز استعمال کرتے ہیں ۔ اسلئے میری یہ گذارش ہے کہ یہاں اس رقم کو وقف کرنا یا صرف کرنا غیر ضروری اور غیر مناسب ہے ۔

صاحب سپیکر : میں نے آپکی تقریر پر اعتراض نہیں کیا ۔

چودھری محمد افضل چیمہ : میں صرف یہ وضاحت کرنا چاہتا ہوں کہ اس ایک مقصد کیلئے کس کس مد سے خرچ کیا جا رہا ہے ۔

صاحب سپیکر : نہ میں نے اسکی اجازت دی ہے اور نہ میں اسکی اجازت دونگا ۔

چودھری محمد افضل چیمہ : میں یہ دیکھتا ہوں کہ ایک سے زیادہ مقامات پر ایک ہی مقصد کیلئے مختلف رقوم وقف کی گئی ہیں ۔ جب میں ان مقامات کا حوالہ دینا چاہتا ہوں تو آپ اسکی اجازت نہیں دیتے ۔ اگر آپ ذرا ٹھنڈے دل سے میری بات سن لیں ——————

صاحب سپیکر : آرڈر ۔ آرڈر ۔

چودھری محمد افضل چیمہ : میں صرف ان رقوم کا حوالہ دینا چاہتا ہوں جو اور صفحات پر اسی مقصد کے لئے مخصوص کی گئی ہیں ۔ میں انکے جائز یا ناجائز ہونے کے متعلق اس وقت کچھ نہیں کہونگا ۔ اگر آپ ان ضمنی تخمینہ جات کے صفحات ۱۸-۱۹-۲۱ کی طرف توجہ فرمائیں ——————

صاحب سپیکر : اسکی میں اجازت نہیں دونگا ۔

چودھری محمد افضل چیمہ : اچھی بات ۔ ہم ہی تسلیم کی خو ڈالیں گے ۔ اب حضور کی اجازت سے میں ایوان کی توجہ صفحہ ۳۸ کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں ۔ اس صفحہ پر ایک ضمن ہے نمبر ۳ اسکا عنوان یہ ہے —

"Continuance of Land Reclamation Establishment in Southern, Northern Administrations during 1954-55."

میں حضور کی وساطت سے آنریبل وزیر متعلقہ سے یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ یہ رقم جو ایک دوسرے عنوان کے تحت اسی مقصد کیلئے وقف کی جا رہی ہے کیا یہ مناسب نہ تھا کہ ان تمام رقوم کو منضبط طریق سے ایک ہی ادارے کے ماتحت کر دیا جاتا ۔ خاص طور پر جب اس مقصد کے حصول کے لئے خصوصیت سے ایک ادارہ قائم کیا جا چکا ہے ۔ صفحہ ۲۷ پر پھر آپکو ایک عنوان ملے گا ——————

Creation of Ground Water Development Organization.

یہ اریگیشن کے متعلق ہے ۔ اس ادارے کے قیام کا مقصد یہ ہے کہ ایسی منصوبہ بندی کی جائے جس سے زمین کا آب زیرین مناسب طریق پر

آبپاشی کی اغراض کے لئے استعمال کیا جا سکے۔ آخر میں صفحہ ۴۰ پر نمبر ۷ میں اسکی جو وضاحت کی گئی ہے اس میں یہ بتایا گیا ہے :—

The data collected by the Organization will be usefully employed in the planning of future irrigation, drainage and Land Reclamation Schemes.

اغلباً اس ایوان کے معزز ممبران کو یہ علم ہو گا کہ ریکلیمیشن بورڈ کے ممبران میں چیف انجینیئر اور ڈائرکٹر زراعت بھی شامل ہیں۔ یہاں اریگیشن سے متعلق ایک الگ شعبہ اس مقصد کیلئے قائم کیا گیا ہے۔ اور اس پر ۲ لاکھ ۶۸ ہزار ۳ سو روپے خرچ کئے گئے۔ میں یہ کہتا ہوں کہ حکومت اس مقصد کے لئے ایک جامع اور مبسوط طریق سے ایک ہی جگہ کیوں تمام اخراجات نہیں دکھاتی۔ یہ جو مختلف‌النوع ایجنسیاں اور متعدد قسم کے افسران ایک ہی مقصد کیلئے کام کر رہے ہیں ان سب کو اس ایک ادارے کے ساتھ ہی کیوں منسلک نہیں کر دیتی۔ اور یہ تمام عملی سہولتیں وہیں کیوں مرتکز نہیں کر دیتی؟ مختلف محکموں کے ذریعہ منتشر طریق سے جو کام ہو رہا ہے اور انہیں جو چھوٹی چھوٹی رقوم دی جا رہی ہیں اس سے ان رقوم کے صحیح اور تسلی بخش استعمال کی کوئی ضمانت نہیں ہو سکتی۔ اس لئے میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ طریق کار قطعاً مناسب اور موزوں نہیں ہے۔ حضور والا! میں آپ کی اجازت سے ایوان کی توجہ وزیر اعلیٰ کی پچھلے سال کی بجٹ سپیچ کی طرف دلانا چاہتا ہوں اس میں انہوں نے فرمایا تھا ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

Minister of Revenue: (THE HOB'BLE MR. MUZAFFAR ALI KHAN QIZILBASH): Sir, may I explain the position. There is a Skeleton Department on the revenue side which collects all the information. This is only for the purpose of collecting information and there is only one Assistant that we have and that is the Water-logging Assistant. Now he has very minor staff which collects all the information about where there is water-logging and to what extent and then they pass on that information to the Irrigation Department who go on the spot and take in hand the work and put it right. That is the position and therefore this demand has been put in the land revenue, Sir.

چودھری محمد افضل چیمہ: میں اسی لئے عرض کر رہا تھا کہ جو مقصد اس افسر کی تقرری کا وزیر مال نے فرمایا ہے میں سمجھتا ہوں کہ وہ مقصد فوت ہو جاتا ہے۔ جبکہ اریگیشن کے محکمہ کے ماتحت ایک الگ ادارہ اس مقصد کے لئے۔ اعداد و شمار اور معلومات حاصل کرنے کے لئے آپ کے پاس موجود ہے تو پھر ظاہر بات ہے کہ ایسے حالات میں ایسی تقرریاں بالکل غیر ضروری ہیں اور پبلک کے روپیہ کو خواہ مخواہ ضائع کرنے کے مترادف ہیں۔ اگر حضور ضمنی تخمینہ جات کے صفحہ ۴۰ پر توجہ فرمائیں تو آپ دیکھیں گے کہ اس میں گراؤنڈ واٹر ڈویلپمنٹ آرگنائیزیشن کا ذکر ہے یہ علیحدہ قائم ہے اور اس کا جو مقصد ہے وہی مقصد آپ کے لینڈ

ریکلیمیشن بورڈ کا بھی ہے ۔ پچھلے سال عزت مآب وزیر اعلیٰ نے اپنی بجٹ تقریر کے صفحہ ۱۰ پر فرمایا تھا کہ Soil Reclamation Board کو پچاس ہزار روپیہ دیا گیا ہے لیکن اگر آپ نے اپنی پیشرو حکومت کے اس Soil Reclamation کے طویل و عریض ایکٹ پر غور کیا ہوتا اور اس کی تمام provisions پر عمل کرنے کی کوشش کی ہوتی تو آپ کو ان تمام غیر ضروری مصارف کی ضرورت نہ رہ جاتی ۔ اور اگر آپ بجائے منتشر طریق پر یہ اخراجات برداشت کرنے کے تمام توجہ ایک ہی طرف مرتکز کرتے تو بہتر ہوتا ۔ پچھلے سال عزت مآب وزیر اعلیٰ نے اپنی تقریر میں فرمایا تھا کہ اس وقت تک تیس لاکھ ایکڑ رقبہ سیم اور تھور سے متاثر ہوا ہے اور ہر سال چالیس ہزار ایکڑ رقبہ کا اس میں اضافہ ہوتا جا رہا ہے ۔ یہ ظاہر ہے کہ ہمارے صوبہ کے اہم ترین مسائل میں سے ایک مسئلہ یہ ہے ۔ میں یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ اس مسئلہ کی اہمیت کا اعتراف کرنے کے بعد آپ نے عملاً کس حد تک دلچسپی لی اور کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ آپ کی مساعی جمیلہ سے کس قدر رقبہ جات بحال ہو چکے ہیں ۔ اور دوبارہ قابل کاشت ہو چکے ہیں ؟ میں یہ عرض کرونگا کہ یہ مصرف بالکل ناجائز ہے اور لینڈ ریوینیو کی مد میں یہ اسامی فوری طور پر تخفیف میں آ جانی چاہیئے ۔

Mr. Speaker: Any reply ?

Minister of Revenue: No, Sir.

Mr. Speaker : The quostion is—

That the item of Rs. 1,33,960 on account of A—Charges on Administration—Land Reclamation, etc., be reduced by Rs. 33,960.

The motion was lost.

چودھری محمد افضل چیمہ (لائلپور ۔ نمبر ۹ ۔ مسلم) :

Sir, I beg to move:—

That the item of Rs. 1,26,440 on account of D—Land Revenue—District Charges be reduced by Rs. 1,00,000.

جناب والا ! اس مطالبہ کے متعلق جو وضاحتی نوٹ دیا گیا ہے حضور اس کی طرف توجہ فرمائیں ۔ یہ ضمنی تخمینہ جات کے صفحہ ۵ پر ہے ۔ اس کا عنوان ہے

Additional appropriation required to meet the anticipated excess

اور پھر اس زائد خرچ کی وضاحت یوں کی گئی ہے کہ کچھ رقم پٹواریوں اور ''قانون گو،، اصحاب کے بقایا جات کے سلسلہ میں ادا کی گئی ہے اور جزوی طور پر کچھ رقم معطل شدہ قانون گوؤں اور پٹواریوں کی جگہ دوسرے آدمی رکھنے پر صرف کی گئی ہے ۔ اور تیسری وجہ یہ بیان کی گئی ہے

ہے ۔ کہ ملتان اور گوجرانوالا میں دو پٹوار کے مدارس کھولے گئے ہیں اور اس کے بعد travelling allowances and honoraria ہیں ۔ حضور والا ! اس سے پیشتر میں حضور کی وساطت سے اس امر کی وضاحت کر چکا ہوں کہ حکومت کس طرح مختلف حیلوں اور حربوں سے ۔ آنکھ مچولی کے طریق کار سے Tweedle dum and Tweedle dee ۔ ڈاکٹرجیکیل اور مسٹرھائڈ کی مثال پر عمل کرتے ہوئے ایک ہی مصرف کے لئے مختلف بہانوں سے رقوم حاصل کر رہی ہے ۔ اب یہاں پر حضور نے دیکھا ہے کہ پٹواریوں کی ٹریننگ اور تربیت کیلئے دو سکول قائم کئے گئے ہیں اور اس سلسلہ میں دو اغراض کا ذکر کیا گیا ہے ۔ ہمیں اس امر کی بڑی خوشی ہے کہ وزیر اعلیٰ نے پٹواریوں کی اسامیوں کو ''پنشن ایبل،، بنا دیا ہے ۔ پٹواری کی اسامی کی اہمیت سے کسی کو انکار نہیں ہو سکتا ۔ اور میں تو یہ عرض کرونگا کہ ایک پٹواری کے اختیارات تو شاید حضور کے اختیارات سے بھی زیادہ وسیع ہیں ۔ یہ الگ بات ہے کہ طریق کار کا کچھ فرق ہے ۔ جو بات یا جو کام چپکے سے اور اشاروں ہی اشاروں میں ایک پٹواری کر سکتا ہے وہ آپ ایک محکمانہ انداز میں بھی شاید نہیں کر سکتے ۔ حضور کو معلوم ہو گا کہ جب یہ اسمبلی معرض وجود میں آئی تھی تو سب سے پہلی نشست میں ملک قادر بخش نے ایک بڑی معرکتہ آلارا رپورٹ تیار کی تھی جو کہ اگرچہ یہاں پیش نہیں ہوئی لیکن زیر بحث ضرور آئی تھی ۔

اس میں انہوں نے جس بڑی اور بنیادی خامی کی نشان دھی کی تھی وہ Land Records کا محکمہ ہے جس میں روز افزوں تنزل واقع ہو رہا ہے اور روز بروز خرابیاں پیدا ہو رہی ہیں ۔ میں اس سلسلے میں ذاتی مشاہدے اور تجربے کی بنا پر کہہ سکتا ہوں کہ جہاں تک محکمہ Land Records کا تعلق ہے اسے آپ کے سارے نظم و نسق میں بنیادی حیثیت حاصل ہے ۔ اس شعبہ کو محکمہ مال کیلئے ۔ جو اہمیت حاصل ہے اس سے بھی کسی صورت انکار نہیں کیا جا سکتا ۔ مگر اس وقت پٹواریوں کی آسامیوں پر جو لوگ تعینات کئے گئے ہیں وہ بالکل نا اہل ہیں اور ان میں ہرگز وہ قابلیت نہیں پائی جاتی جو اس اہم کام کو سر انجام دینے کے لئے درکار ہوتی ہے ۔ آپ جانتے ہیں کہ آپ نے دیہاتی علاقے کے لوگوں کے حقوق کے تحفظ اور ان کے حقوق کے جائز ۔ مناسب اور قانونی طریقوں سے بچاؤ کیلئے انتقال اراضی کا اہتمام Records کے ذریعے کیا تھا ۔ مگر مجھے نہایت افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ میں نے آپ کے بعض ایسے پٹواری دیکھے ہیں جن کی عملی استعداد اس قدر ناقص ہے کہ وہ متوفی کو ''مطوفی،، لکھتے ہیں اور ''ت،، کی

جگہ ''ط،، لکھتے ھیں ۔ ان میں بعض ایسے بھی ھیں جن کو شجرہ نسب تیار کرنا نہیں آتا ۔ جو شجرہ نسب کی مختلف علامات سے بالکل ناواقف ھیں جو پیمائش کے لئے جریب کشی سے بالکل بے بہرہ ھیں ۔ جو جمعبندی میں صحیح طریق سے اندراج کرنا نہیں جانتے ۔ جو ھبہ اور تملیک کا فرق نہیں سمجھتے ۔ آپ کو اس کام کو بہتر بنانے کے لئے اس امر کا اھتمام کرنا چاھیئے کہ پٹواریوں کی بھرتی ایک مقابلے کے امتحان کے ذریعے ھوا کرے اور صرف وہ لوگ ملازم رکھے جائیں جو قابلیت کے لحاظ سے ۔ اردو خوش نویسی ۔ خوشخطی اور اردو دانی کے لحاظ سے اس ملازمت کی تربیت حاصل کرنے کے اھل ھوں ۔ میں اس موقع پر حکومت کو متنبہ کر دینا چاھتا ھوں کہ اس وقت جو Land Records تیار ھو رھے ھیں وہ ایسی افسوسناک شکل میں تیار ھو رھے ھیں کہ ان کے لئے آپ کو خوفناک نتائج کا سامنا کرنا پڑیگا ۔ میں آپ سے یہ بھی درخواست کرونگا کہ Land Records کی مناسب اصلاح ۔ ان کی درستی اور اعلیٰ معیار پر بحال کرنے کی کوشش کی جائے اور اس کی طرف عزت مآب وزیر مال صاحب خاص طور پر توجہ دیں ۔

حضور والا ۔ اس سلسلے میں ایک چیز جو انہیں خاص طور سے پیش نظر رکھنی چاھیئے یہ ھے کہ انتقالات کے معاملے میں شرعی وراثت کے مطابق انتقال درج کرنا ایک اچھا خاصا پیچیدہ مسئلہ ھے ۔ اس قسم کے اندراجات کے معاملہ میں آپ ایک ان پڑھ اور نااھل آدمی سے کیا کچھ توقع کر سکتے ھیں ۔

وزیر مال : اس کے لئے ھم نے ایک کتاب چھپا کر شائع کر دی ھے ۔

چودھری محمد افضل چیمہ : وہ کتاب میں نے بھی دیکھی ھے ۔ اگرچہ وہ بڑی دیر سے چھپی ھے تاھم اس کتاب سے اصل تکلیف کا ازالہ نہیں ھو سکتا ۔ میں سمجھتا ھوں کہ اس کتاب سے استفادہ کرنا بالکل ویسا ھی ھے جیسے آپ کے سامنے عبرانی یا یونانی زبان میں لکھی ھوئی فلسفے کی کوئی کتاب رکھ دی جائے ۔ ایسی صورت میں آپ باوجود ذھانت اور تفہم و فراست کے اسے سمجھنے سے قاصر رھیں گے ۔ اس کے لئے معلمین کا انتظام ھونا چاھیئے جو مختلف نکات ان پٹواریوں کے ذھن نشین کرائیں ۔ آپ ان بیچارے پٹواریوں کی بات کرتے ھیں ۔ میں نے دیکھا ھے بعض اوقات اچھے بھلے وکلا ان پیچیدہ مسائل کو سمجھنے میں غلطی کر جاتے ھیں ۔ آپ دیکھ لیجئے کہ بالمقابل تشریف فرما پارلیمنٹری سیکرٹری مجھ سے اتفاق کرتے ھوئے اپنا سر تائید میں ھلا رھے ھیں ۔ (قہقہہ) یہ حقیقت ھے جو

روز مرہ ہمارے دیکھنے میں آتی ہے کہ شرعی وراثت کے سلسلے میں اکثر لغزشیں ہوتی رہتی ہیں ۔ اس کے لئے آپ نائب تحصیلدار صاحبان کو حکم دیں کہ وہ پٹواریوں میں مطلوبہ استعداد پیدا کرنے کا اہتمام کریں ۔ اگر آپ اپنے Land Records کو ٹھیک طریق پر رکھیں تو آپ لوگوں کے حقوق ملکیت کا مناسب طریق پر تحفظ کر سکتے ہیں اور ان کو ناجائز قسم کی مقدمے بازی کے بار گراں سے بچا سکتے ہیں ۔ اور یہ حضور والا اسی صورت میں ممکن ہے جب آپ اپنے محکمہ مال کے اہل کاروں کو مناسب قسم کی تربیت دلانے کے بعد کام سپرد کریں اور ان کے کام کی باقاعدگی سے پڑتال کرتے رہا کریں ۔ اس کی صرف ایک واحد صورت یہ ہے کہ آپ پٹوار کے مدارس میں مقابلے کے امتحان کے ذریعے داخلے کا بندوبست کریں ۔ اس کے علاوہ مجھے تو اور کوئی صورت نظر نہیں آتی ۔

حضور والا ۔ اس کے بعد دوسری چیز جو میں آپ کی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں یہ ہے کہ جہانتک خوش نویسی اور خوشخطی کا تعلق ہے یہ چیز Land Records میں بہت زیادہ اہمیت رکھتی ہے ۔ آپ نے سنٹرل ریکارڈ روم میں دیکھا ہو گا کہ وہ حقوق ملکیت جو ہمارے مہاجر بھائیوں کا واحد سرمایہ حیات اور ذریعہ معاش تھے اور جو بڑی بڑی زمینیں چھوڑ کر آئے تھے ۔ ان کے متعلق یہاں رجسٹر حقداران تیار کرتے وقت لوگوں نے جلد بازی اور سرعت میں اس طریقے سے اندراجات کئے کہ ان بیچاروں کے مطالبات اور اعداد و شمار کی تصدیق اس رجسٹر حقداران سے نہ ہو سکی ۔ چنانچہ ان کے حقوق کے متعلق صحیح قسم کا علم نہ ہونے کی وجہ سے بہت سے لوگوں کی حق تلفی ہو گئی اور انہیں ناحق نقصان اٹھانا پڑا ۔ اس سلسلے میں مجھے ایک واقعہ یاد آ گیا ہے جو میں آپ کی اجازت سے پیش کرتا ہوں ۔ کسی آدمی سے کہا گیا کہ بھئی یہ خط لکھدو ۔ اس نے جواب دیا ۔ میری ٹانگ کمزور ہے ۔ اس نے کہا کہ ٹانگ کی کمزوری کو خط لکھنے سے کیا تعلق ؟ اس نے واب دیا کہ بات در اصل یہ ہے کہ جو خط میں لکھونگا اسے میرے سوا کوئی نہ پڑھ سکے گا ۔ تم نے یہ خط لکھوا کر دس میل کے فاصلہ پر بھیجنا ہے ۔ چونکہ میں دس میل چلنے کے قابل نہیں اس لئے میں نے جسمانی کمزوری کی بنا پر معذوری کا اظہار کیا ہے ۔ یہ بات بظاہر Platitudinous ہے لیکن یہ حقیقت پر مبنی ہے ۔ ہمیں جب ہر روز اس بات کا تجربہ ہوتا ہے تو ہم محسوس کرتے ہیں کہ اس چھوٹی سی بات کے نتائج کتنے دور رس ہو سکتے ہیں ۔ آپ کو اس پر مناسب توجہ دینی چاہیئے ۔

Minister of Revenue: (THE HON'BLE MR. MUZAFFAR ALI KHAN QIZILBASH): Sir, we have schools for training the Patwaris. All these Patwaris employed by us go to these schools and after they pass from there it is then that we take them. Up to 1950 we used to have Middle Pass Patwaris. But now we have made a condition and we mostly employ Matriculates. They are given complete training, they are interviewed and then they are taken. The refore the criticism of their being uneducated and not knowing the job is not quite correct. Even when they are posted they are attached to old Patwaris for training. And they are taken only after they have been trained. It takes a year or two years before their names are entered in the permanent list of Patwaris. If it is considered they are not good enough their names are not put on the list.

Now as far as the Revenue Records are concerned I agree with him that we should see that the Revenue Records are kept correctly and up-to-date. And for that we are trying to have these different statement in different Districts for which we have already appointed Staff and we are trying to bring our Revenue Records as much up-to-date as possible. And that can be done after we have these statements. And I have been issuing instructions because I attach great importance to the Revenue Records. Cases like inheritance depend on these Revenue Records and I admit that since Partition the standard of the Revenue Records has fallen to a great extent. This is specially due to the exodus of refugees who had come in this country. Different entries had been made at different time. There have been lot of forgeries. This has brought the standard of Revenue Records very low. I may assure you that we are doing our best to keep the records on that high standard as it used to be.

On the question of inheritance I would say that Islamic inheritance is a very complicated affair. Ther fore, what we did was that we asked different people in Pakistan to read books on the question of inheritance and send us their views. Now there is Shia Law, Jafri Law and Hanafia Law. So we asked different school of thoughts to read books and give us their views. Many other Schools of thought also sent us their views on this point. After having collected these we sent them to Mr. Arshad, Director of our Academy in Gujrat. who is an old hand on Revenue Records and is a very good Revenue Officer. He went through the whole thing. Honourable Chief Minister paid great attention to it and then we tried to put it in as plain a language as could be possible. After having converted this into plain language we printed it in a book form and got it distri- buted to every Patwari all over the Province. So, more or less we have tried to make the arrangement fool-proof and Government have paid every attention to this issue.

چودھری محمد افضل چیمہ (لائل پور-۹-مسلم): ضور والا - آنریبل وزیر مال نے کسی حد تک میری گذارشات سے اتفاق کیا ہے اس لئے میں صرف ایک بات کا جواب دینا چاہتا ہوں انہوں نے فرمایا ہے کہ پٹواریوں کے سکول میں داخلہ کے لئے میٹرک کا معیار مقرر کیا گیا ہے اور جن آدمیوں کا نام پٹواریوں کی فہرست میں درج ہوتا ہے انہیں سال سال دو دو سال تک انتظار کرنا پڑتا ہے اس وقت تک وہ عارضی بنیاد سے کام کرتے ہیں - اس سلسلہ میں ایک چیز جو انہوں نے ملحوظ خاطر رکھنی ہے عرض کروں گا کہ ورنیکلر مڈل سکولوں کے فارغ التحصیل طلبہ کو چونکہ اردو فارسی کی تعلیم دی جاتی ہے اس لئے ان کی استعداد اور قابلیت آپ کے تمام میٹرک پاس لوگوں سے بہتر ہوتی ہے -

میں اپنے ذاتی مشاہدہ اور تجربہ کی بنا ر عرض کرتا ہوں کہ تقسیم کے بعد مہاجرین کی آباد کاری کے سلسلہ میں فوری طور پر حکومت کو پٹواریوں کی خدمات حاصل کرنا پڑیں۔ بہت سے ایسے لوگوں کو جو جائز اور مناسب استعداد سے عاری تھے بھی کام کرنے کا موقع مل گیا۔ دو تین سال کے اندر ان لوگوں نے اتنا روپیہ کمایا۔ جیسے شاید انہیں افریقہ کی گولڈ مائنز سے بھی ملا ہو۔ بہت سے ایسے لوگ تھے جنہیں ان سال کی ملازمت کے بعد خدشہ پیدا ہو گیا کہ کہیں پھنس نہ جائیں یا ان کے راز افشا نہ ہو جائیں اس لئے انہوں نے اسی میں عافیت سمجھی کہ ملازمت چھوڑ دیں۔ مجھے ایک قانونگو کا واقعہ معلوم ہے کہ کچھ عرصہ کام کرنے کے بعد جب اس نے دیکھا کہ اس کا چرچہ ہو گیا ہے تو اس نے چپکے سے استعفیٰ دے دیا اور ٹیکسٹائل مل کے دو "معمولی معمولی" سے (یعنی صرف بیس بیس ہزار روپیہ کے) حصص خرید لئے۔ جب آپ اس قسم کے لوگوں کو کام کرنے کا موقع دیتے ہیں تو وہ تین چار سال میں روپیہ اصل کر کے آپ کی ملازمت سے بے نیاز ہو جاتے ہیں۔ ملازمت بھی آخر کیا ہے؟ ایک جھنجٹ ہے قید ہے۔ آفت ہے اور ایک قسم کی مصیبت ہے اس لئے میں عرض کروں گا کہ ایسے بدکار اور غلط کار لوگوں کو کسی طریقہ سے داخلہ میں شامل نہ ہونے دیا جائے۔ بلکہ شریف قسم کے لوگوں کو و اخلاقی اعتبار سے بلند ہوں منتخب کیا جائے۔

وزیر مال: ایسے لوگ کہاں سے لائیں؟

چودھری محمد افضل چیمہ: جب آپ پوچھیں گے ہم بتا دیں گے۔

حضور والا۔ یہ ضروری نہیں کہ ہر آدمی جو امیر ہو۔ وہ لامحالہ اور بالالتزام دیانتدار ہو بلکہ یہ ارتقا اور خدا خوفی مناسب قسم کی تربیت سے ہوتی ہے۔ جن لوگوں کے ذہن میں اخلاقی اقدار کا احساس ہو خواہ ان کی تنخواہیں کم ہوں یا ان کی آسامیاں بغیر پینشن کے ہوں۔ وہ حتےالامکان کوشش کرتے ہیں کہ سادگی سے زندگی بسر کریں اور اپنی آمدنی میں گذارہ کریں۔ فقط اس بات سے کہ آپ ان کی آسامیاں pensionable بنا دیں رشوت خوری کا سد باب نہیں ہو سکتا۔ اس لئے ضرورت اس امر کی ہے کہ دیانتدار اور استعداد رکھنے والے بہتر قسم کے لوگوں کو موقع دیا جائے۔

Mr. Speaker: The question is :—

That the item of Rs. 1,26,440 on account of D—Land Revenue—District Charges be reduced by Rs. 1,00,000.

The motion was lost.

Consolidation of Holding

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: (Lyallpur IX, Muslim) : Sir, I beg to move :

That the item of Rs. 12,420 on account of D—Land Record—Consolidation of Holding be reduced by Rs. 420.

جناب والا ۔ اس سلسلہ میں میری درخواست یہ ہے کہ یہ رقم جو اشتمال اراضی کے لئے صرف کی گئی ہے اس میں بقدر ۴۲۰ روپیہ کے تخفیف کی جائے ۔ بظاہر یہ ایک معمولی سی رقم صرف کی گئی ہے لیکن چونکہ بسا اوقات کسی موضوع کو زیر بحث لانے یا حکومت کی توجہ مبذول کرانے کے لئے اس قسم کی تحریک پیش کی جاتی ہے اس لئے میں نے اس token cut کے لئے درخواست کی ہے ۔ اور چونکہ ایسی روایات چلی آ رہی ہیں ۔ اس لئے ''تقریب کچھ تو بہر ملاقات چاہیئے،، کے مصداق کچھ عرض کرنے کی ضرورت محسوس کی ہے ۔

میں حضور کی اجازت سے یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اشتمال اراضی کا مسئلہ دیہاتی آبادی کے لئے ایک غیر معمولی اہمیت کا حامل ہے ۔ ہماری زرعی پیداوار میں اضافہ نہ ہونے کی سب سے بڑی وجہ یہ ہے کہ ہماری زمینیں تقسیم در تقسیم سے بالکل غیر اقتصادی ٹکڑوں میں منقسم ہو چکی ہیں ۔ اس fragmatation کے باعث ہماری زمینیں چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں میں منتشر ہو چکی ہیں ۔ مثال کے طور پر اگر میری ۴ ایکڑ زمین مربعہ نمبر ۲۰ میں ہے تو ۳ ایکڑ مربع نمبر ۲۶ میں ہے اور ۲ ایکڑ مربعہ نمبر ۲۸ میں ہے اور علی ہذالقیاس ۔ اس زمین کی نہ تو آسانی سے آبپاشی ہو سکتی ہے کیونکہ اس ساری زمین کو ایک موگے سے پانی نہیں ملتا اور نہ ہی اس زمین کی مشترکہ طور پر کاشت کی جا سکتی ہے ۔ یہ چیز پیداوار کے لئے بہت ضرر رساں ہے اس سلسلہ میں میں یہ عرض کرونگا کہ اگر آپ بجٹ کے صفحہ ۸۱ کی طرف توجہ فرمائیں تو وہاں پر آپکو Revised Estimate سال ۱۹۵۴-۵۵ کے ضمن میں ۲,۶۹,۳۰۰ روپیہ کی رقم نظر آئیگی ۔ اگر عزت مآب وزیر مال صاحب توجہ فرمائیں تو انہیں معلوم ہوگا کہ سال ۱۹۵۵-۵۶ کے لئے اشتمال اراضی کی مد میں انہوں نے ۳,۲۷,۸۷۰ روپیہ کی رقم کا انتظام کیا ہے ۔

وزیر مال : ہم اس محکمہ کو وسیع تر کر رہے ہیں ۔

چودھری محمد افضل چیمہ : دوسری بات جناب والا ۔ Department of Consolidation کے متعلق ہے ۔ یہ ایک الگ ڈیپارٹمنٹ ہے ۔ اس کو آپ نے ۲,۰۷,۷۰۰ روپیہ دیا ہے یہ مد آپ کو بجٹ کے صفحہ ۸۳ پر نظر آئیگی اور پھر اسی

صفحہ پر آپ کو ۲۰,۷۷,۲۵۰ روپیہ کی رقم نظر آئیگی اور اس صفحہ کے نچلے حصہ میں لکھا ہے :—

	Rs.
Department of Consolidation	20,77,250
Amount recoverable from the Central Government	20,77,250

تو میں آپ سے یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ جب آپ اشتمال اراضی کے لئے ایک الگ محکمہ قائم کر رہے ہیں اور اس محکمہ کو روپیہ الگ دے رہے ہیں تو پھر آپ کنسالیڈیشن کے لئے ۳,۲۷,۸۷۰ روپیہ کی رقم ایک دوسری مد میں کیوں وقف کر رہے ہیں ۔ جس طرح سے یہ holdings منتشر ہیں اسی طرح سے آپ نے اپنی قوتوں اور قوائے عمل کو بھی منتشر کر دیا ہے ۔ اس طرح سے wastage اور leakage ہونے کا بڑا احتمال ہے ۔ ایک ہی محکمہ کے لئے مختلف مدات میں رقوم مخصوص کرنا اس چیز کی غمازی کرتا ہے کہ یہ رقوم خرد برد ہو جائینگی ۔ آپ کو چاہیئے تھا کہ آپ ایک مکمل ۔ جامع اور منضبط قسم کا منصوبہ بناتے جس پر یہ سارا روپیہ اکٹھا صرف کیا جاتا ۔ یہ جو آپ نے جگہ بجگہ مختلف محکموں کی مدات پر روپیہ تقسیم کر دیا ہے اس سے کوئی فائدہ حاصل نہیں ہو گا ۔ آپ ایک جامع منصوبہ تیار کریں ۔ آپ کے پاس کوئی پلاننگ نہیں ہے ۔ جب تک آپ اپنی energies کو consolidate نہیں کر سکینگے اس وقت تک آپ consolidation of holdings کس طرح کرینگے ۔ اشتمال اراضی کے ساتھ ساتھ مصارف کی consolidation بھی لازمی ہے ۔

Mr. Speaker : The question is —

That the item of Rs. 12,420 on account of D.—Land Record—Consolidation of Holding be reduced by Rs. 420.

The motion was lost.

Mr. Speaker : The question is —

That a supplementary sum not exceeding Rs. 7,57,130 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1955 in respect of Land Revenue.

The motion was carried.

PROVINCIAL EXCISE

Minister of Revenue: (THE HON'BLE MR. MUZAFFAR ALI KHAN QIZILBASH) : Sir, I beg to move—

That a supplementary sum not exceeding Rs. 5,58,960 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1955, in respect of Provincial Excise.

Mr. Speaker: The question is—

That a supplementary sum not exceeding Rs. 5,58,960 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1955, in respect of Provincial Excise.

The motion was carried.

STAMPS

Minister of Agriculture: (THE HON'BLE SARDAR ABDUL HAMID KHAN DASTI) : Sir, I beg to move—

That a supplementary sum not exceeding Rs. 930 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1955, in respect of Stamps.

Mr. Speaker: The question is,—

That a supplementary sum not exceeding Rs. 930 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1955, in respect of Stamps.

The motion was carried

REGISTRATION

Minister of Agriculture: (THE HON'BLE SARDAR ABDUL HAMID KHAN DASTI): Sir, I beg to move.—

That a supplementary sum not exceeding Rs. 250 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1955, in respect of Registration.

Mr. Speaker: The question is—

That a supplementary sum not exceeding Rs. 250 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1955, in respect of Registration.

The motion was carried

TAXES AND DUTIES

Minister of Agriculture: (THE HON'BLE SARDAR ABDUL HAMID KHAN DASTI) : Sir, I beg to move—

That a supplementary sum not exceeding Rs. 63,310 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1955, in respect of Other Taxes and Duties.

Mr. Speaker: Demand moved is :—

That a supplementary sum not exceeding Rs. 63,310 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1955, in respect of Other Taxes and Duties

Urban Immovable Property Tax

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: (LYALLPUR 9 MUSLIM): Sir I beg to move—

That the item of Rs. 52,160 on account of Net Total item (*i*) F—Urban Immovable Property Tax Act, 1940 be reduced by Rs. 2,160.

جناب والا ۔ میں یہ عرض کر دینا چاہتا ہوں کہ میں نے اپنے نقطہ نگاہ سے مصلحت خیال کرتے ہوئے بعض رقوم میں تخفیف کی درخواست کی ہے ۔ مثلاً یہ جو ۴۲۰ روپے کی رقم تھی اس کے متعلق میرا خیال تھا کہ شاید حکومت کو temptation ہو گی ۔ آپ کے Supplementary Estimates کے صفحہ ۱۰ پر جن مصارف کی وضاحت کی گئی ہے میں نے ان میں سے ۲,۱۶۰ روپے کی تخفیف کر دینے کی درخواست کی ہے ۔ اس میں ان تمام افسران کا ذکر کیا گیا ہے اور ان تمام نئی آسامیوں کا ذکر کیا گیا ہے جن کا Punjab Urban Immovable Property Tax Act' 1940 کی ضروریات کے ماتحت پر کرنا ضروری تھا ۔ اس سلسلے میں میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ حکومت نے ۱۹۴۰ کے ایکٹ کی رو مقامی اداروں کی حدود کے اندر بعض جائدادوں پر ایک ٹیکس نافذ کیا

اس میں وہ مکانات اور وہ اراضیات بھی شامل ہیں جو کسی خاص مقامی ادارے کی حدود میں واقع ہیں اور جن کے نام حکومت کے اس شیڈول میں درج ہیں ۔ حکومت نے ٹیکس کے لئے ایک خاص معیار مقرر کیا جسکا گوشوارے میں ذکر کیا گیا ہے ۔ اس ٹیکس کی تشخیص کے لئے کچھ قواعد بھی وضع کئے ہیں ۔ مثلاً یہ بتایا گیا ہے کہ عمارات اور مکانات کی صورت میں یہ ٹیکس ان کی سالانہ قیمت یعنی annual value کے ۲۰ فیصدی سے زیادہ نہ ہو اور اسی طرح سے زرعی اراضیات کے متعلق اس بات کا ذکر کیا گیا ہے کہ وہ مالیہ کی کسی خاص شرح سے زیادہ نہ ہو۔ یعنی ۱۰ فی صدی سے زیادہ نہ ہو۔

حضور والا ۔ معلوم ہوتا ہے کہ حکومت نے یہ محسوس کر لیا ہے کہ اس ٹیکس کو وصول کرنے سے ایک دو عملی سی پیدا ہو رہی ہے ۔ زمینوں اور مکانوں کے مالکان سے خود وہاں کے مقامی ادارے بھی ٹیکس وصول کرتے ہیں اور ان کے علاوہ حکومت بھی براہ راست ٹیکس وصول کرتی ہے ۔ یعنی اب بیک وقت دو مختلف ایجنسیوں کے وساطت سے یہ محاصل وصول کئے جاتے ہیں ۔ عزت مآب وزیر اعلیٰ نے اسی بات کو محسوس کرتے ہوئے موجودہ بجٹ سپیچ میں اس کا حوالہ دیا ہے اور فیصلہ کیا ہے کہ حکومت اب آئندہ ایک ہی ایجنسی کی وساطت سے تمام ایسے ٹیکس وصول کرے گی اور پھر اس طرح جو محاصل جمع ہونگے وہ مقامی اداروں اور حکومت کے مابین موزوں تناسب سے بانٹ دئے جائینگے ۔ حضور والا ! میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ حکومت نے اس Urban Immovable Property Tax Act کی رو سے لوگوں پر ٹیکس لگا کر اور بالخصوص ان یتیم بچوں پر یا ایسی بیوگان پر ٹیکس لگا کر ایک بہت ظلم کیا ہے جنکا واحد ذریعہ معاش ورثہ میں آئے ہوئے مکانات ہی ہیں ۔ ان یتیم بچوں اور بیوگان کا کوئی earning member نہیں ہے اور ان کی گزر اور بسر کا سامان ان ورثہ میں ملے ہوئے مکانات کی آمدنی کے علاوہ اور کچھ نہیں ۔

وزیر زراعت : میں آپ کی اطلاع کے لئے ایک بات آپ کو بتانا چاہتا ہوں جس سے مجھے امید ہے آپ کی بحث غیر ضروری ہو جائے گی ہم نے جو فاضلہ سٹاف Finance (Supplementary) Act, 1950 جو کہ مرکزی ایکٹ ہے کے ماتحت ٹیکس اور سر چارج وصول کرنے کے لئے رکھا تھا یہ رقم اس عملے کو تنخواہیں دینے پر صرف کی گئی ہے ۔ چونکہ یہ سنٹرل ایکٹ ہے اسلئے اس کا سارا خرچ سنٹرل گورنمنٹ ادا کرے گی ۔ یہ ساری رقم ایک تو مذکورہ بالا ایکٹ کے ماتحت ٹیکس اور سرچارج وصول کرنے پر صرف کی گئی اور

دوسرے arrears وصول کرنے پر صرف کی گئی اور تیسرے پنجاب ارین پراپرٹی ٹیکس ایکٹ ۱۹۴۰ کے ماتحت assessees کی تعداد میں اضافہ ہو جانے کی وجہ سے جو زائد عملہ رکھا گیا اسکے سلسلے میں صرف کی گئی۔

چودھری محمد افضل چیمہ : میں اس سلسلہ میں عرض کر دوں کہ مجھے اس کے متعلق کوئی غلط فہمی نہیں تھی جس کو آپ نے دور کرنے کی کوشش کی ہے۔ میں تو صرف یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ سنٹرل ایکٹ جس کا آپ نے ابھی ابھی حوالہ دیا ہے آپ کو مجبور نہیں کرتا یا آپ پر کوئی پابندی نہیں لگاتا کہ آپ ان محاصل کی وصولی کے لئے ایک الگ محکمہ ہی قائم کریں۔ شاید میں اس کی اچھی طرح وضاحت کر سکوں کہ جس طرح آپ کے لوکل اداروں کا حصہ لوکل ریٹ . . . . . .

وزیر زراعت : چیمہ صاحب! میں نے آپ سے عرض کیا ہے کہ اس عملے کی تنخواہوں کا خرچ مرکزی حکومت برداشت کریگی اور صوبائی حکومت پر اس کا کوئی بوجھ نہیں پڑیگا۔

چودھری محمد افضل چیمہ : میں عرض کرتا ہوں کہ جب آپ ایک ہی ایجنسی کے ذریعہ سے مختلف اداروں سرکاری یا غیر سرکاری کی رقوم وصول کرتے ہیں اور ان کی وصولی میں آپ کو کوئی دقت نہیں ہوئی تو میں سمجھتا ہوں کہ آپ کو علیحدہ محکمہ رکھنے کی اس سلسلے میں کیوں ضرورت محسوس ہوئی۔ سنٹرل ایکٹ آپکو مجبور نہیں کرتا کہ آپ ضرور ان محاصل کی وصولی کے لئے علیحدہ عملہ رکھیں۔ بلکہ میں تو یہ بھی محسوس کرتا ہوں کہ سنٹرل ایکسائیز کا تمباکو ٹیکس جسے سنٹرل ایکسائیز کے محکمے کے لوگ وصول کرتے ہیں اگر مرکزی حکومت سے افہام و تفہیم کرنے کے بعد اور کوئی settlement کرنے کے بعد آپ اپنے نمبرداروں سے اس کی وصولی کرائیں تو بہتر ہوگا۔ اس طرح سرکاری مطالبات خواہ وہ صوبائی حکومت کے ہوں یا مرکزی حکومت کے آپ ایک ہی ایجنسی ان تمام ٹیکسوں کی وصولی کے لئے رکھیں تو ٹیکس وصول کرنے کی بہت سی دقتیں خود بخود دور ہو جائیں گی۔ مثلاً ایک ایجنسی جو اس کام پر مامور ہو اس کو مختلف ٹیکسوں اور ڈیوٹیوں کی الگ الگ فہرستیں مختلف محکموں کی طرف سے پہنچ جائیں اور وہ انکی بنا پر یکجائی فہرست تیار کرے اور اسکے مطابق وصولی کرتی جائے اور بعد میں جس جس محکمہ یا شعبے کا جتنا حصہ ہو اسکو الگ الگ ارسال کر دے اس سے تمام متعلقہ محکموں کے ملازموں کو ہزار قسم کے مخمصوں اور الجھنوں سے نجات مل جائے گی۔ غالباً حکومت نے ان امور کے متعلق اس طرز عمل کی بابت سوچا ہی نہیں اور اگر پہلے نہیں

سوچا تو اب ھی سوچ ہے ۔ اگر اس قسم کا پروگرام مرتب کر لیا جائے تو کئی غیر ضروری مصارف بچائے جا سکتے ھیں ۔

Mr. Speaker: The question is:—

That the item of Rs. 52,160 on account of net total item (*i*) F—Urban Immovable Property Tax Act, 1940, be reduced by Rs. 2,160.

The motion was lost.

Mr. Speaker: The question is:—

That a supplementary sum not exceeding Rs. 63,310 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1955, in respect of Other Taxes and Duties.

The motion was carried.

IRRIGATIN (WORKS)

Minister of Public Works: (THE HONOURABLE SARDAR MUHAMMAD KHAN LEGARI): I beg to move—

That a supplementary sum not exceeding Rs. 20,19,700 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1955, in respect of Irrigation (Works).

Mr. Speaker: Demand moved is—

That a supplementary sum not exceeding Rs. 20,19,700 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1955, in respect of Irrigation (Works.)

Maintenance and Repairs

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: (LYALLPUR IX MUSLIM): Sir, I beg to move—

That the item of Rs. 27,03,990 on account of maintenance and repairs be reduced by Rs. 2,03,990.

جناب والا ۔ یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ منظور شدہ ٹھیکہ داروں کی ایک فہرست افسران مجاز کے پاس ھوتی ہے اور اس میں حتی‌الامکان اپنے منظور نظر ٹھیکداروں کو ترجیح دی جاتی ہے اور ان سے امتیازی سلوک روا رکھا جاتا ہے اور اکثر یہ ھوتا ہے کہ اگر ایک محکمہ کے بہت بڑے افسر اپنے کسی عزیز کو اپنی اس ٹھیکہ‌داروں کی فہرست میں شامل نہیں کر سکتے تو وہ اپنے دوسرے دوست سے جو کسی دوسرے یا تیسرے ضلع میں اسی عہدہ پر فائز ھوتے ھیں کے نام ایک سفارشی چٹھی لکھ دیتے ھیں کہ میرے اس عزیز کا نام ٹھیکہ داروں کی فہرست میں درج کر لیا جائے ۔ اس طرح وھاں پر ٹھیکہ داروں کی فہرست میں اس کا نام درج ھو جاتا ہے ۔ اور اس کے بعد اپنے خاص مقربین اور منظور نظر حضرات کے ساتھ ترجیحی اور امتیازی سلوک روا رکھا جاتا ہے اور بڑی بڑی رقوم کے ٹھیکے ان کو دئے جاتے ھیں اور پھر آپ یقین جانئے کہ بڑے سے بڑے افسر سے لیکر ''اورسیر،،۔ تک اور ''اورسیر،، سے لیکر بڑے سے بڑے افسر تک ان کی کمشن مقرر ہے ۔ ایسا معلوم ھوتا ہے کہ سالہا سال کے عمل سے اس چیز نے ایک قانونی جواز کی حیثیت حاصل کر لی ہے اور ان چیزوں کو جائز اور حق

بجانب تصور کیا جاتا ہے اور محکمہ انہار کا بڑے سے بڑا افسر ان مسلمہ حقوق کے متعلق کسی سے باز پرس کرنا نامناسب سمجھتا ہے اور نہ کرتا ہے الا یہ کہ کوئی ذاتی مصلحت یا کوئی ذاتی سبب اس بات کا ہو کہ جس کی وجہ سے باز پرس یا مواخذہ کیا جائے۔ پھر اگر وزیر متعلقہ وقتاً فوقتاً ایسے مواقع پر جہاں بڑی بڑی رقوم کا تعلق ہو یا جہاں بڑے بڑے منصوبے زیر تعمیر ہوں سرپرائز وزٹ کریں تو وہ دیکھینگے کہ کس طرح سے کام ہو رہا ہے اور ارتھ ورک کی پیمائش کس طرح ہوتی ہے۔ میں وزیر اعلیٰ صاحب سے یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ کیا انہیں علم نہیں کہ ارتھ ورک کی پیمائش کے متعلق کس طرح پرانے گڑھوں کی معمولی کھدائی کرکے ان کو پیمائش میں شامل کر لیا جاتا ہے اور رقوم خرچ سے حاصل کی جاتی ہیں۔ کیا ایسا کوئی واقعہ کبھی ان کے نوٹس میں نہیں آیا ؟ اگر آج تک کوئی ایسا واقعہ ان کے نوٹس میں نہیں آیا تو میں ایسے واقعات ان کے نوٹس میں لانے کے لئے تیار ہوں اور لا سکتا ہوں (وزیر زراعت۔ ضرور لائیے) کہ کس طرح بےانداز روپیہ اپنے اس غریب صوبہ کی رعایا کے گاڑھے پسینہ کی کمائی جو آپ ٹیکسیشن اور محاصل کے ذریعہ ان سے وصول کرتے ہیں خرد برد کیا جاتا ہے۔ آپ جا بجا اپنی مالی کمزوریوں کا رونا روتے ہیں اس میں اگر آپ کفائت شعاری سے کام لینا چاہیں تو میں دعویٰ سے کہہ سکتا ہوں کہ آپ کے لئے بڑی کافی گنجائش ہے (وزیر زراعت۔ ایسے واقعات ہمارے نوٹس میں لائیے) حضور والا میں نے اپنی کٹ موشن میں وجہ یہ پیش کی ہے کہ میں یہ چاہتا ہوں کہ To discuss the condition of irrigation channels in the Province اس میں کوئی شک نہیں کہ نظام آبپاشی پر صوبہ کی ۸۰ فیصدی آبادی کی فلاح و بہبود کا دار و مدار ہے اس کے تمام ذرائع آبپاشی کو بڑی اچھی اور مناسب حالت میں رکھنا چاہیئے اور اگر نہروں میں کہیں کوئی ناکا یا بریچ ہو جائے تو اس سے اس نہر پر ہزار ہا اور لکھوکھا لوگوں کو نقصان برداشت کرنا پڑتا ہے اور آپ جانتے ہیں صوبہ میں اکثریت چھوٹے چھوٹے زمینداروں کی ہے اور ان کا واحد ذریعہ معاش سوائے کاشتکاری کے اور کوئی نہیں۔ اس سلسلہ میں میں بڑے افسوس کے ساتھ عزت مآب وزیر تعمیرات کی خدمت میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ آپ کی جھنگ برانچ کنال کی بندی اس سال ۲۷ جنوری کو شروع ہوئی۔ جناب والا ہمارے ہاں اس کی بندی ۲۷ جنوری سے شروع ہوئی حالانکہ نہروں کی سالانہ مرمت کا کام بالعموم دسمبر تک ختم ہو جاتا ہے۔ زرعی پیداوار اور بالخصوص فصل ربیع کے نقطہ نگاہ سے جنوری اور فروری کے مہینے بہت زیادہ اہمیت کے حامل ہیں۔

آپ جانتے ہیں کہ فصل گندم کی آبپاشی کے لئے ضروری اور مناسب موقع وہی ہوتا ہے اور جیسا کہ کسی نے کہا ہے۔

وقت پر قطرہ ہے کافی ابر خوش ہنگام کا
جل گیا جب کھیت مینہ برسا تو پھر کس کام کا

یعنی جب فصل تباہ ہو جائے آپ جتنا چاہیں پانی اس کو دیں اس سے کوئی فائدہ نہیں ہوتا۔ زمیندارہ نقطہ نگاہ سے جنوری اور فروری کا موسم فصل ربیع کے لئے بہت اہم ہوتا ہے۔ ۲۷ جنوری سے ایک ماہ کی بندی محض سالانہ شکست مرمت کے لئے کی گئی۔ اس کے بعد جھنگ برانچ میں ایک بریچ ہو گئی جس کی وجہ سے ۱۲ دن کے لئے اس نہر کو بند رکھا گیا۔ اس سے کاشتکاروں کو ناقابل تلافی نقصان پہنچا۔ شائد آپ کو اس بات کا احساس نہیں یا شائد آپ کے علم میں یہ چیز نہیں۔ کیا آپ کو یہ بھی علم ہے یا نہیں کہ نہروں پر جو بیلداروں کی پارٹیاں شکست و مرمت کے لئے وہاں ہوتی ہیں وہ مرمت کا کام شائد کم کرتی ہیں اور شکست کا زیادہ کرتی ہیں کیا آپ کو علم ہے کہ ہر بریچ جو ان افسروں کی لاپروائی کی وجہ سے اپنے فرائض منصبی کو انجام دینے سے ہوتی ہے اس کے بارے میں خواہ مخواہ ہزارہا روپیہ تاوان غریب زمینداروں پر ڈال دیا جاتا ہے۔ مجھے یاد ہے کہ عزت مآب وزیر اعلیٰ کے نوٹس میں اسی قسم کا ایک بہت اہم معاملہ لایا گیا تھا۔ جس میں غریب زمینداروں پر لکھوکھا روپیہ بطور تاوان بلا وجہ اور بلا منظوری عائد کیا گیا تھا۔ صاحب موصوف نے موقع پر جا کر تار کے ذریعہ سے چیف انجینئر صاحب کو بلایا۔ اور وہاں پر خود معہ ڈپٹی کمشنر سرگودھا گئے اور چیف انجینئر اور زمینداروں کی باتیں سن کر اس نتیجہ پر پہنچے کہ جو تاوان عائد کیا گیا تھا وہ ناجائز تھا بریچ کو خواہ مخواہ زمینداروں کے سر منڈھ دیا گیا تھا۔ اس لئے میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ایسی بیش بہا قسم کی رقوم جو ایسی چینلز اور نہروں کی مرمت کے لئے وقف کی جاتی ہیں ان کا صحیح استعمال نہیں ہوتا اگر عزت مآب وزیر موصوف کبھی ایسی تعمیرات کے کاموں کو دیکھنے کے لئے سرپرائز وزٹ کریں اور اس بات کی پڑتال کے لئے کچھ غیر معمولی تفحص سے کام لیں تو یقیناً ان کے نوٹس میں بہت سے واقعات آئینگے جہاں محکمہ نہر کے افسران اپنی خامیوں کو چھپانے کے لئے ہر بریچ کو کٹ کا رنگ دے دیتے ہیں جس سے زمینداروں کو بڑا نقصان ہوتا ہے۔ بریچ ہو یا کٹ فصلوں کے نقصان کو مناسب احتیاطی تدابیر اختیار کرکے ان سے بچایا جاسکتا ہے بشرطیکہ یہ روپیہ جو نہروں کی مرمت کے لئے رکھا جاتا ہے اسے مناسب طریق سے

خرچ کیا جائے اس طرح صوبہ کے عوام کو ناقابل تلافی نقصان سے بچایا جا سکتا ہے ۔ اس لئے میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ حکومت مناسب تدابیر کے ذریعے ان رقوم میں تخفیف بھی کرے اور یہ اہتمام بھی کرے کہ رقوم اپنے صحیح مصرف پر دیانتداری سے استعمال ہوں ۔

وزیر تعمیرات عامہ (عزت مآب سردار محمد خاں لغاری) : جناب والا اس کٹ موشن کے متعلق میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ہم نے دو تین سال سے یہ فیصلہ کیا ہے کہ برسات کے موسم میں جب دریاؤں میں پانی کی بہتات ہوتی ہے نہروں میں دس فیصد زائد پانی چھوڑا جائے ۔ آنریبل ممبر کی یہ شکایات درست ہے کہ ہندوستان کے رویہ کی وجہ سے ہماری نہروں میں پانی کم ہو گیا ہے ۔ اسی کمی کو کسی حد تک پورا کرنے کے لئے اور خوراک کی اجناس زیادہ کاشت کرنے کے لئے ہم نے یہ فیصلہ کیا تھا ۔ اسکے لئے یہ ضروری ہوگیا کہ نہروں کی پٹریوں پر مزید مٹی ڈال کر انہیں زیادہ مضبوط بنایا جائے ۔ تاکہ وہ مقررہ مقدار سے زیادہ پانی کو سنبھال سکیں یہ وجہ ہے ان زائد رقوم کے خرچ ہونے کی ۔ اگر وہ ان رقوم میں تخفیف کا مطالبہ کرینگے تو نہروں کی حالت صحیح اور درست نہیں رکھی جاسکیگی اسلئے وہ زیادہ پانی کو سنبھال نہیں سکینگی نتیجہ یہ ہوگا کہ کھیت پانی سے محروم رہ جائینگے ۔ اور ہم نے اجناس خوردنی کیلئے زیادہ رقبہ زیر کاشت لانے کیلئے جو سکیم بنائی ہے اس پر عمل درآمد نہیں ہو سکے گا ۔

میں نے پچھلے سال بجٹ کے دوران میں اعداد و شمار پیش کئے تھے جن سے یہ ظاہر ہوتا تھا کہ ہم پچھلے سال کتنا زائد رقبہ زیر کاشت لا سکے تھے ۔ اور کتنی زیادہ اجناس خوراک کاشت کرسکے تھے ۔ اب میں ایوان کے سامنے اس سال کے اعداد و شمار پیش کرتا ہوں تاکہ معلوم ہو جائے کہ اس سال کتنا زائد رقبہ اجناس خوراک کے لئے زیر کاشت لایا گیا ۔ خریف ۱۹۵۳ء میں ۵۹ لاکھ ۶ ہزار ۹۸ ایکڑ رقبہ اجناس خوراک کے لئے زیر کاشت آیا ۔ خریف ۱۹۵۴ء میں ۶۰ لاکھ ۵۹ ہزار ۷۰ ایکڑ زیر کاشت آئے ۔ گویا خریف میں ہم نے ۱ لاکھ ۸۸ ہزار ۹ سو ۷۲ ایکڑ زائد کاشت کئے ۔ اس زائد رقبہ میں چاول ۷۲ ہزار ۶ سو ۳۴ ایکڑ تھے ۔ اور باجرہ اور جوار ۲۸ ہزار ۵ سو ۳۸ ایکڑ ۔ سب حضرات کو معلوم ہے کو پچھلے سال بارشیں نہیں ہوئی تھیں ۔ یہی وجہ کہ چاول کی کاشت کے رقبے میں زیادہ ایزادی نہ ہو سکی ۔ خریف میں آخر جنوری تک پچھلے سال کی نسبت ۳ لاکھ ۶۴ ہزار ۲ سو ۳۳ ایکڑ زائد زیر کاشت آئے ہیں ۔ اس میں گندم کا زائد رقبہ ۱ لاکھ ۱۱ ہزار ۲ سو ۵۲ ایکڑ ہے ۔ جو کا ۷,۵۷۱ ایکڑ ۔ نخود کا ۴۱,۳۱۴

ایکڑ۔ دیگر مختلف اجناس ۳۵,۴۳۱ ایکڑ۔ اگر ہم پچھلے دو سال کے دوران میں اتنا زائد رقبہ اجناس خوراک کے لئے زیر کاشت لا سکتے ہیں تو یہ ان زائد اخراجات کے لئے کافی جواز ہے۔ میں یہ بھی عرض کر دوں کہ فصل ربیع میں اس سال جو زائد رقبہ زیر کاشت آیا ہے اسکی وجہ غیر معمولی بارش ہے نہروں کا پانی نہیں۔

اسکے علاوہ آنریبل ممبر نے ایک صحیح اعتراض یہ کیا ہے کہ بسا اوقات نہر کے افسران نہروں کے توڑ کو کٹ دکھا کر لوگوں پر خواہ مخواہ تاوان ڈال دیتے ہیں۔ میں انکی اطلاع کے لئے یہ عرض کر دینا چاہتا ہوں کہ اب ہم نے تاوان کا قاعدہ بدل دیا ہے۔ اب تاوان ڈالنے یا مقرر کرنے کا اختیار ڈویژنل کینال افسروں کو نہیں ہوگا۔ وہ صرف تحقیقات کے بعد اپنی سفارش ڈپٹی کمشنر کے پاس بھیجا کرینگے۔ تاوان ڈپٹی کمشنر عائد کریگا۔ اور اسکی اپیل کمشنر کے پاس ہو سکیگی۔ امید ہے اسطرح یہ شکایت رفع ہو جائیگی۔

اسکے بعد آنریبل ممبر صاحب نے کھڈوں کی پیمائش کے متعلق کہا ہے کہ پرانے کھڈوں کو بھی پیمائش میں شامل کر لیا جاتا ہے۔ اور اس زائد رقم سے محکمہ نہر کے افسران بھی اپنا حصہ وصول کرتے ہیں۔ اسکے متعلق میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ہر محکمہ میں بد دیانت افسر بھی ہیں اور دیانتدار افسر بھی۔ اس میں محکمہ پی۔ڈبلیو۔ڈی کی کوئی خصوصیت نہیں۔ اس چیز کا تعلق پوری سوسائٹی سے ہے۔ جب تک پوری سوسائٹی ٹھیک نہ ہو محکمہ نہر کے متعلق کہنا کہ اس میں سب افسران بد دیانت ہیں ذرا بیجا سی بات ہے۔ ہماری سوسائٹی میں بعض ایسے افراد بھی ہیں جو انہیں بد دیانتی پر رغبت دلاتے ہیں۔ جہاں تک بد دیانت افسروں کو پکڑنے کا تعلق ہے ہماری محکمہ نہر کی ایک اپنی ایجنسی بھی اس کام کے لئے موجود ہے۔ بڑے بڑے پراجیکٹس مثلاً تونسہ شریف اور ہیڈ سلیمانکی پر آنریبل وزیر اعلیٰ کے حکم سے سی۔آئی۔ڈی کے افسر خاص طور پر مقرر ہیں تاکہ وہ نگرانی رکھیں۔ ہمارے بڑے افسران مثلاً چیف انجینیر اور سپرنٹنڈنگ انجینیر بھی ان مقامات کی نگرانی رکھتے ہیں۔ ان بڑے افسران کے متعلق میں وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ وہ قابل اور دیانتدار ہیں۔ جہاں تک مجھے معلوم ہے دیانتدار افسروں کی حوصلہ افزائی بھی کی جاتی ہے۔

جناب والا! نہروں کی مرمت اور ان پر مٹی ڈالنے کا کام کوئی نیا کام نہیں ہے اور یہ موجودہ سال ہی سے شروع نہیں ہوا میں اس سے متعلقہ

سال گذشتہ کے اعداد و شمار آپ کی خدمت میں پیش کرتا ہوں۔ پچھلے سال یعنی ۵۵-۱۹۵۴ میں اس کی اصل گرانٹ ایک کروڑ آٹھ لاکھ پچیس ہزار پانچ سو نوے روپے تھی اور ۵۴-۱۹۵۳ کی سپلیمنٹری گرانٹ ستائیس لاکھ چوہتر ہزار چار سو دس روپے تھے۔ اس سال کی اصل گرانٹ ایک کروڑ بارہ لاکھ چھیانوے ہزار دس روپے تھی اور ۵۵-۱۹۵۴ کی سپلیمنٹری گرانٹ ستائیس لاکھ تین ہزار نو سو نوے روپے ہے۔ یہ ایک لازمی خرچ ہے اور اس سے گریز نہیں ہو سکتا۔ میں نے ابھی ابھی دریافت کیا ہے کہ Maintenance and Repairs پر جو خرچ ہوتا ہے اس کےلئے بجٹ ہی میں ساری گنجائش کیوں نہیں رکھ دی جاتی؟ مجھے بتایا گیا ہے کہ سارا خرچ فنانس ڈیپارٹمنٹ کو بھیجا جاتا ہے مگر وہ اسے بجٹ میں منظور نہیں کر سکتے۔ بعد میں جیسے جیسے ضرورت پڑتی ہے منظور کرتے جاتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ سپلیمنٹری گرانٹ زیادہ ہے۔

جناب والا! میں درخواست کرتا ہوں کہ اس گرانٹ کو منظور فرمایا جائے۔

چودھری محمد افضل چیمہ (لائلپور۔ نمبر۹۔ مسلم) : حضور والا! میں عزت مآب وزیر تعمیرات کا ممنون ہوں کہ انہوں نے بڑی صفائی سے اس امر کا اعتراف کیا ہے کہ یہ بد دیانتی۔ رشوت اور خورد برد کا معاملہ صرف ان کے محکمہ انہار اور تعمیرات عامہ تک ہی محدود نہیں بلکہ ''ایں خانہ ہمہ آفتاب است،، والا معاملہ ہے۔ انہیں شاید کچھ غلط فہمی ہوئی ہے میں انہیں یقین دلاتا ہوں کہ جب دوسرے محکموں کا ذکر ہوگا تو مناسب موقع پر ان پر بھی تنقید کی جائے گی۔ اور کسی کے ساتھ کوئی رعایت نہیں برتی جائیگی اور دوسرے محکمہجات کے ساتھ بھی مساویانہ سلوك کیا جائے گا۔

جناب والا! میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جہاں تک زائد پانی دینے کا تعلق ہے خصوصاً ایسے اوقات میں جبکہ دریاؤں میں طغیانی کی وجہ سے پانی کافی ہوتا ہے اس میں شک نہیں کہ تمام نہروں میں زیادہ سے زیادہ اور انکی انتہائی حد تک پانی دینا چاہیئے۔ میرا خیال ہے کہ وزیر محترم کو یاد ہوگا کہ ان کے اس نیاز مند نے ایک قرار داد اس مضمون کی دی تھی کہ کم از کم تین ماہ کے دوران میں جبکہ دریاؤں میں پانی بکثرت ہوتا ہے زیادہ سے زیادہ مقدار میں تمام channels پر اور یک فصلہ انہار پر اڑھائی مہینے کی سپلائی کی بنا پر پانی دینے کی کوشش کی جائے۔ بلکہ مجھے تو یہ شکایت ہے کہ اس وقت تک جھنگ ڈویژن میں ماسوائے ایک

دو موگوں کے انہوں نے کوئی ایسا انتظام نہیں کیا۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر آپ پوری طرح غور کریں تو کم از کم ایک فصل میں پانی کی کمی کی مشکلات کا بہت حد تک ازالہ کر سکتے ہیں اور چاول کی کاشت کے اعداد و شمار اس امر پر دلالت کرتے ہیں کہ نہ صرف یک فصلہ انہار میں بلکہ مستقل اور دائمی انہار میں بھی زیادہ سے زیادہ پانی چلانے اور اس قسم کے عارضی موگے لگانے کی اجازت دی جائے تو اس سے لوگوں کو بہت فائدہ ہو سکتا ہے۔ شکایت صرف یہ ہے کہ بہت سی رقوم ضائع ہو جاتی ہیں۔ ہم اس بات کا اطمینان اور تحفظ چاہتے ہیں کہ آپ اس غریب صوبہ کے غریب لوگوں کی جیبوں سے نکلے ہوئے ایک ایک پیسے کو جائز اور مناسب طریق سے اور دیانت داری سے صرف کرنے کا انتظام کریں۔ مجھے ہرگز اس بات کی شکایت نہیں کہ پیسہ کیوں خرچ ہوتا ہے۔ بلکہ میں نے پہلے ہی عرض کر دیا ہے کہ ہم چاہتے ہیں کہ زیادہ سے زیادہ تعمیری اور ترقیاتی منصوبے اور آبپاشی کے منصوبے اس صوبہ کے لوگوں کی بہتری اور بہبود کے لئے تیار ہونے چاہئیں۔ افسوس صرف اس وقت ہوتا ہے جب اس سرمایہ کے افسوس ناک ضیاع کی وجوہات ہمارے سامنے آتی ہیں۔ اس کے ساتھ ہی اگر حضور اجازت دیں تو عرض کر دینا چاہتا ہوں کہ وہ عارضی قسم کے موگہ جات جو آپ طغیانی کے موسم میں دینا چاہتے ہیں ان کے سلسلہ میں اپنی شفقات اور توجہات کا مرکز صرف مسلم لیگ اسمبلی پارٹی کے ارکان کو ہی نہ بنائیں بلکہ سب سے مساویانہ سلوک کریں۔ جو لوگ زیادہ مستحق ہیں اور اہل تر ہیں ان کے ساتھ اسی قسم کا سلوک کریں۔ اس سلسلہ میں میں یہ بھی عرض کر دینا چاہتا ہوں کہ سالانہ بندی کے اختتام پر عزت مآب وزیر تعمیرات خاص طور پر اپنے پروگرام میں اس چیز کو شامل کریں کہ کم از کم اہم مقامات پر جہاں دوسری ذمہ داریاں ان کو آسانی سے اجازت دیں وہ تعمیرات کا اور خاص طور پر ہیڈ ورکس کی مرمتوں کا بہ نفس نفیس جائزہ لیا کریں اور ان کا معائنہ کیا کریں کہ آیا وہ مرمتیں معیاری قسم کی ہوتی ہیں یا اختتام اور تکمیل سے پہلے ہی انکی شکست و ریخت شروع ہو جاتی ہے۔ حضور والا! یہ واقعات میں ذاتی مشاہدات کی بنا پر عرض کر رہا ہوں۔ دیکھا گیا ہے کہ تعمیرات مکمل ہونے سے پہلے ہی مرمت طلب ہو جاتی ہیں۔ اور مرمتیں عارضی۔ سرسری اور سطحی قسم کی ہوتی ہیں کیونکہ کارکنوں کے پیش نظر یہ بات ہوتی ہے کہ زیادہ سے زیادہ روپیہ بچا کر اسے تقسیم کر لیا جائے۔ میں چاہتا ہوں کہ وزیر تعمیرات ایسے مرمت کے کام کی جانچ پڑتال ذاتی طور پر کریں۔ میں ان کے چیف انجینیئروں میں سے

کسی کی ذات کے متعلق کوئی بدگمانی نہیں رکھتا میں نے صرف وہ واقعات عرض کئے ھیں جو میرے مشاھدے میں آئے ھیں ۔

Mr. Speaker: The question is—

That the item of Rs. 25,00,000 on account of maintenance and repairs be reduced by Rs. 5,00,000.

The Assembly then adjourned for Asar prayers.

The Assembly reassembeld after Asar prayers.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: I do not wish to press it.

Mr. Speaker: The question is—

That a supplementary sum not exceeding Rs. 20,19,700 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1955, in respect of Irrigation (Works).

The motion was carried.

CHARGES ON IRRIGATION ESTABLISHMENT

Minister of Public Works (THE HONOURABLE SARDAR MUHAMMAD KHAN LEGARI): Sir, I beg to move—

That a supplementary sum not exceeding Rs. 17,39,900 be granted to the Governor to defray the charges that will come in couse of payment for the year ending 31st March 1955, in respect of Charges on Irrigation Establishment.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema (LALLPUR IX MUSLIM): Sir, I beg to mov. —

That the total demand be reduced by Rs. 7,39,900.

799. Mr. C. E. Gibbon: Arising out of the answer given to my starred question No. 3233, will the Honourable Minister of Health be pleased to state the Departments under the charge of Mr. Zahur-ud-Din Azari, Deputy Secretary to Government, Punjab, Medical Department ?

The Honourable Makhdumzada Syed Muhammad Alamdar Hussain Shah Gilani: MINISTER FOR HEALTH, PUNJAB : As Deputy Secretary to Government Punjab, Medical and Local Government Departments, Mr. Azari deals specifically at his level with all matters relating to Local Self-Government. He has the following Departments under this direct charge :—

(1) Local Government Inspectorate.

(2) Elections Office, Local Bodies.

(3) Registration Department.

(4) Panchayats.

ANNUAL ADMINISTRATION REPORTS OF THE HEALTH DEPARTMENT

800. Mr. C. E. Gibbon: Arising out of the answer given to my Starred Question No. 3306, will the Honourable Minister of Health be pleased to state whether the Annual Administration Reports of the Health Department from 1951 to date have now been published and if so, kindly place the same on the table of the House ?

The Honourable Makhdumzada Syed Muhammad Alamdar Hussain Shah Gilani : I would invite the attention of the honourable member to my reply to his question No. 762 given to-day.

CLASHES

801. Mr. C. E. Gibbon: Will the Honourable Chief Minister be pleased to state :—

(*a*) the number of clashes registered by the police that took place between the landlords and tenants in the Punjab, during the year 1952;

(*b*) the number of such cases which are challaned by the police in consequence thereof ?

The Honourable Malik Muhammad Firoz Khan Noon:

		Year	Clashes
(a)	.. .. ..	1952	181
(b)	.. .. ..	1952	161

ADJOURNMENT

Honourable Malik Muhammad Firoz Khan Noon CHIEF MINISTER Sir I beg to move under Rule 12 (3) of the Punjab Legislative Assembly Rules of Procedure that on Monday the 21st March 1955 if the business set down in the List of Business for the day is completed earlier or at half past four the Speaker shall adjourn the Assembly without question put.

Mr. Speaker : The question is—

That on Monday the 21st March 1955 if the business set down in the List of Business for the day is completed earlier or at half past four the Speaker shall adjourn the Assembly without question put.

The motion was carried.

ANNOUNCEMENTS

ELECTION OF TWO M.L.A.S FOR THE GRANT COMMITTEE OF THE PUNJAB UNIVERSITY

Mr. Speaker : Section 3-A (2) (*iv*) of the Punjab University Act, 1954 provides for the election of two persons by the Provincial Legislature to serve on the Grants Committee of the University of the Punjab. Nominations for this purpose were invited by 3 p. m. on the 15th March, 1955 and a poll was to be taken to-day the 21st March, 1955) if necessary. Valid nominations of the following seven persons were accordingly received :—

(1) Chaudhri Fazal Elahi, M. L. A.

(2) Salma Begum Tasadduque Hussain, M. L. A.

(3) Sheikh Mehbub Ilahi, M. L. A.

(4) Major Syed Mubarik Ali Shah, M. L. A.

(5) Chaudhri Wali Muhammad Bosal, M. L. A.

(6) Mr. Ahmad Masud Saeed, M. L. A.

(7) Zeenat Jahan Begum, M. L. A.

The following five persons have withdrawn their candidature:—

(1) Chaudhri Fazal Elahi, M.L.A.

(2) Salma Begum Tasadduque Hussain, M. L. A.

(3) Sheikh Mehbub Ilahi, M. L. A.

(4) Major Syed Mubarik Ali Shah, M. L. A.

(5) Chaudhri Wali Muhammad Bosal, M. L. A.

That leaves only the following two duly nominated candidate in the field :—

(1 M . Ahmad Masud Saeed, M. L. A.

(2) Zeenat Jahan Begum. M. L. A.

As this number is equal to the number of persons to be elected no poll is necessary and accrodingly the following are declared as duly elected by the Punjab Legislative Assembly to serve on the Grants Committee of the University of the Punjab :—

(1) Mr. Ahmad Masud Saeed, M. L. A.

(2) Zeenat Jahan Begum, M. L. A.

ELECTION OF FIVE M. L. AS. FOR THE SENATE OF THE PUNJAB UNIVERSITY.

Mr. Speaker: Section 16 (1) of the Punjab University Act, 1954 provides for the election of five representatives of the Punjab Legislative Assembly to serve on the Senate of the University of the Punjab. Nominations for this purpose were invited by 3 p. m. on the 15th March, 1955 and a poll was to be taken to-day (the 21st March, 1955) if necessary. Valid nominations of the following nine persons were accrodingly received :—

(1) Syed Altaf Mohy-ud-Din Qadri, M. L. A.

(2) Chaudhri Fazal Elahi, M. L. A.

(3) Malik Muhammad Hayat Khan, M. L. A.

(4) Chaudhri Muhammad Iqbal Cheema, M. L. A.

(5) Mian Muhammad Shafi, M. L. A.

(6) Mr. Ahmad Saeed Kirmani, M. L. A.

(7) Sheikh Mehbub Ilahi, M. L. A.

(8) Major Syed Mubarik Ali Shah, M. L. A.

(9) Salma Begum Tasadduque Hussain M. L. A.

The following four persons have withdrawn their candidature :—

(1) Mr. Ahmad Saeed Kirmani, M. L. A.

(2) Sheikh Mehbub Ilahi, M. L. A.

(3) Major Syed Mubarik Ali Shah, M. L. A.

(4) Salma Begum Tasadduque Hussain, M. L. A.

That leaves only the following five duly nominated candidates in the field :—

(1) Syed Altaf Mohy-ud-Din Qadri, M.L.A.

(2) Chaudhri Fazal Elahi, M. L. A.

(3) Malik Muhammad Hayat Khan, M. L. A.

(4) Chaudhri Muhammad Iqbal Cheema, M. L. A.

(5) Mian Muhammad Shafi, M. L. A.

As this number is equal to the number of representatives to be elected, no poll is necessary and accordingly the following are declared as duly elected by the Punjab Legislative Assembly as its representatives to serve on the Senate of the Punjab University :—

(1) Syed Altaf Mohy-ud-Din Qadri, M. L. A.

(2) Chaudhri Fazal Elahi, M. L. A.

(3) Malik Muhammad Hayat Khan, M. L. A.

(4) Chaudhri Muhammad Iqbal Cheema, M. L. A.

(5) Mian Muhammad Shafi, M. L. A.

Mr. Speaker: The other day an honourable member, Mian Muhammad Shafi invited my attention to some remarks made by the Honourable Chief Minister while winding up his speech. I am quite sure that the Honourable Chief Minister did not cast any aspersions.

Chief Minister (THE HONOURABLE MALIK MUHAMMAD FIROZ KHAN NOON): Not at all. All that I said was that the Hon'ble Member out of anger had talked about an army officer. I stated that this army officer was not Administrator, Martial Law when the land was granted and the honourable member's remarks were not based on facts. I am the last man who wants to hurt the feelings of anybody.

میں نے اپنی تقریر کو بغور پڑھنے کے بعد اس میں سے وہ حصہ کاٹ دیا ہے جس سے معزز رکن کے دل کو رنج پہنچ سکتا تھا ۔ میں کہونگا کہ اب معزز رکن بھی اپنی تقریر سے وہ حصہ کاٹ دیں جس میں انہوں نے ایک ناجائز اور غلط الزام ایک فوجی افسر پر لگایا تھا ۔

Mian Muhammad Shafi: Thank you, Sir.

Mr. Speaker: Let us treat this chapter closed. Those objectionable portions will be expunged from the record.

DEMAND FOR GRANT

(GENERAL ADMINISTRATION)

Mr. Speaker: Now we resume d scussion on the supplementary demands.

مسٹر محمد امین—(کارپوریشن شہر لاہور۔ نمبر ۲ مسلم (مخصوص نشست) —جناب والا ۔ پیشتر اس کے کہ میں کچھ عرض کروں میں عزت مآب وزیر اعلی سے درخواست کرونگا کہ ضمنی تخمینہ جات کو اپنے سامنے رکھ لیں تاکہ اسکے متعلقہ صفحہ ٥٦ سے حقیقت حال ان پر ساتھ ہی ساتھ واضع ہوتی چلی جائے ۔ اب ذرا صفحہ ٥٦ ملاحظہ فرمائیے وہاں پر وہ تمام تفصیلات درج ہیں جن کے متعلق میں نے تحریک تخفیف پیش کی ہے ۔ Pay of Establishment کے سامنے عملے کی تنخواہ پر جو زائد خرچ ہوا ہے وہ تو ٢٥ ہزار ٧٠٩ روپے ہے مگر Travelling Allowances and Honoraria کے سلسلے میں جو زائد خرچ ہوا ہے وہ ٥٦ ہزار ١٠٥ روپے دکھایا گیا ہے ۔ گویا عملے کی تنخواہ کے لئے صرف ٢٥ ہزار روپے مانگے گئے ہیں مگر سفر خرچ کے لئے ٥٦ ہزار روپے مانگے جا رہے ہیں ۔

وزیر اعلیٰ—اس میں راز ہے۔ میں ابھی بتاؤنگا ۔ آپ بات کر لیں ۔

مسٹر محمد امین—بہت شکریہ جناب ۔ لیکن یہ قصہ عجیب ہے ۔ تفصیل کےطور پر وہاں درج ہے کہ سفر خرچ کی الاٹمنٹ یعنی ٥٦ ہزار روپے میں زائد خرچ صرف ٣٣ ہزار روپے کا ہے جس میں ١٢ ہزار Compensatory Allowances کے شامل ہیں ۔ باقی ٢٣ ہزار روپے صرف سفر خرچ کے لئے ہیں جو مشکل سے ٹی ۔ اے کے لئے کفایت کریں گے ۔ پھر یہ بھی بتایا گیا ہے کہ سال رواں کے قریباً آٹھ ماہ میں ٦٣ ہزار روپے پہلے ہی خرچ ہو چکے ہیں ۔ اور اگر خرچ کا یہی حال رہا تو سارے سال کا خرچ ایک

کروڑ چھ ہزار روپے تک پہنچ جائے گا ۔ اگرچہ اولا صرف ۴۴ ہزار روپیہ اس مد کے لئے مخصوص کیا گیا تھا مگر شکر ہے کہ افسروں کی تنخواہ میں سے ان کو ۱۴ ہزار روپیہ بچ گیا ہے اور کچھ اور بھی بافت ہوئی ہے۔

اب میں درخواست کرونگا کہ صفحہ ۹۷ ملاحظہ فرمائیے ۔ جہاں Cost Chargeable to Head کے نیچے مندرجہ ذیل عبارت درج ہے :—

The excess is due to less expenditure under "Travelling Allowance".

Chief Minister: It tooks like a joke but I will be able to give reasons for this. This is what I am told by my department.

مسٹر محمد امین—آپ کو خود ان امور پر غور کرنا چاہئے ۔

وزیر اعلیٰ—حضور والا۔ ان کا اعتراض درست ہے مگر صفحہ ۵۰ پر جو تنخواہ ۲۵،۷۹۰ روپیہ بتائی گئی ہے اور سفر خرچ ۵۵،۸۳۰ روپے درج ہے اسکی وجہ یہ ہے کہ سیکرٹریٹ کا کچھ سٹاف محکمہ فوڈ میں کام کرتا ہے اور سفر خرچ نیز تنخواہ کچھ ادھر سے اور کچھ ادھر سے لیتا ہے ۔ اسکے باوجود میں سمجھتا ہوں کہ بات پورے طور پر واضح نہیں ہو سکی ۔ اور جو کچھ مجھے بتایا گیا ہے اسکی میں بعد میں تحقیق کرونگا ۔

مسٹر محمد امین—یہ چیز واقعی تحقیق طلب ہے کیونکہ سیکرٹریٹ کا کچھ عملہ واقعی محکمہ فوڈ میں کام کرکے وہاں سے T. A. لیتا ہے ۔ تو سیکرٹریٹ کے عملے کا سفر خرچ اور بھی کم ہو جانا چاہئے تھا مگر یہاں الٹی بات ہے کہ سفر خرچ تنخواہ کے ڈیڑھ گناہ سے بھی زائد ہے۔

وزیر اعلیٰ—سفر خرچ بڑھ جانے کی ایک وجہ یہ بھی ہوتی ہے کہ بعض دفعہ غیر متوقع طور پر ہمیں کانفرنس وغیرہ کے سلسلے میں کراچی جانا پڑتا ہے ۔

مسٹر محمد امین—مگر آخر تخمینہ جات تیار کرنے میں کچھ نہ کچھ احتیاط تو لازم ہے ۔ یہ سیکرٹریٹ کی اچھی Budgeting ہے کہ آپ نے ۱۷ تاریخ کو جو ضمنی تخمینہ جات پیش کئے ان میں آپ کو ۹ کروڑ ۲۰ لاکھ روپے کا ضمنی مطالبہ پیش کرنا پڑا ۔ یعنی اصل تخمینہ کل ۲۲ کروڑ کا تھا جس کے بعد ۹ کروڑ کا ضمنی مطالبہ دینا پڑا اور اکیلے فوڈ ڈیپارٹمنٹ کے خرچ میں ۴ کروڑ ۸۰ لاکھ روپے کا ضمنی مطالبہ شامل ہے ۔ آخر Excess کی کوئی حد ہونی چاہئے ۔

Mr. Speaker: Any reply.

Chief Minister : Yes, Sir The objection raised by the Hon'ble Member is.....

وزیر اعلیٰ عزت مآب ملک محمد فیروز خاں نون—حضور والا۔ معزز رکن نے جو اعتراضات کئے ہیں ان کے جواب میں کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں مثلاً فوڈ ڈیپارٹمنٹ پر ۴ کروڑ اور ۸۰ لاکھ ۔ لونز اینڈ ایڈوانسز ٹو میونسیپلٹیز اینڈ کلٹیویٹرز کی رقم ایک کروڑ اور اکیس لاکھ روپیہ ہے اور کیپٹل ایکسپنڈیچر پر خرچ ۳۱ لاکھ ہے ۔یہ ۹ کروڑ روپیہ کی رقم اس وجہ سے ہے اور یہ ریونو کی وجہ سے نہیں ہے ۔ اس کے علاوہ اگر آپ یہ دیکھیں کہ اس کا بڑے بجٹ سے تناسب کیا ہے تو اس کے متعلق میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ تقسیم ملک کے سال ۱۹۴۵-۴۶ میں اس قسم کے مطالبات کا بڑے بجٹ کے ساتھ تناسب ۱۶ فیصدی تھا ۔ ۱۹۴۶-۴۷ میں ۲۳ فیصدی تھا اور ۱۹۴۸-۴۹ یعنی تقسیم ملک کے بعد کے سال میں یہی تناسب ۲۲ فیصدی تھا ۔ اس کے بعد یہ سال بہ سال گھٹتا گیا یعنی پہلے ۱۲ فیصدی پھر ۱۴ فیصدی ۔ پھر ۱۱ فیصدی اور اس کے بعد یہ ۱۰ فیصدی رہ گیا ۔ ۱۹۵۴-۵۵ میں یہ ۱۱ فیصدی تک گر گیا ۔

Mr. Muhammad Amin : You are comparing main budget with the supplementary.

وزیر اعلیٰ—جی ہاں۔ تقسیم ملک سے پہلے یہ خرچ تھا ۳ کروڑ اور ۱۲ لاکھ۔ پھر یہ ہوا ۴ کروڑ اور ۹۳ لاکھ ۔ پھر ۲ کروڑ اور ۲۷ لاکھ ۔ پھر ۲ کروڑ اور ۷۳ لاکھ اور اس کے بعد ۲ کروڑ اور ۹۰ لاکھ ۔ ۱۹۵۴-۵۵ میں یہ اس لئے بڑھ گیا ہے کہ خوراک کیلئے چار پانچ کروڑ روپے کی رقم الگ رکھی گئی ہے ۔ یہ ایک قسم کی سیکوریٹی ہے جو بینک سے لیکر الگ رکھی گئی ہے ۔

Sheikh Mehbub Ilahi : Sir, I congratulate you on the dodging of figures.

شیخ محمد امین—جناب والا میری صرف یہ خواہش تھی کہ میں وزیر اعلیٰ کی توجہ اس طرف مبذول کراؤں ورنہ میں اپنی کٹ موشن کو پریس نہیں کرنا چاہتا ۔

Mr. Muhammad Amin: (Corporaption of the City of Lahore, II, Muslim, Reserved Seat) :

Sir, I beg to move—

"That the item of Rs. 46,820 on account of 12—Financial Commissioner Pay of Officers be reduced by Rs. 46,000.

جناب والا اس کے متعلق میں یہ گذارش کرنا چاہتا ہوں کہ فنانشل کمشنروں کے سلسلہ میں یہ خرچ بلا وجہ صوبہ پر ڈالا جا رہا ہے ۔ میں اپنے افسروں کی قابلیت اور ایمانداری کی تعریف کرتا ہوں اور ذاتی طور پر ان پر کوئی الزام نہیں لگانا چاہتا لیکن میں یہ کہے بغیر نہیں رہ

سکتا کہ جو کام ایک آدمی کر سکتا ہے اس پر چار آدمی مقرر کر دینا خواہ مخواہ عوام کا روپیہ ضائع کرنا ہے ۔ اگر آپ اس مد کی تفصیلات ملاحظہ فرمائیں تو اس میں لکھا ہوا ہے

Appointment of Hafiz Abdul Majid, C.S.P., as Officer on Special duty in Financial Commissioner's Office.

حافظ صاحب کو افیسران سپیشل ڈیوٹی مقرر کیا گیا ہے ۔ اس کے بعد لکھا ہے ۔

Appointment of Nawabzada Saidullah Khan, C.S.P., as Financial Commissioner Development.

اس کے متعلق قصہ سب کو معلوم ہے ۔ نواب صاحب کو عدالت میں جانا پڑا تھا اور وہاں سے وہ writ (حکم نامہ) لائے اور اسی لئے ان کو وہاں رکھا گیا ہے ۔ وزیر اعلے سے تو مجھے یہ توقع تھی کہ وہ ایسے اخراجات جو فضول ہوں گے ان کو نہیں ہونے دینگے ۔ اس وقت اس صوبہ میں چار یا پانچ فنانشل کمشنر ہیں ۔ ان کی ہمارے صوبہ میں ضرورت نہیں ہے ۔ ان کو کسی دوسری جگہ کیوں نہیں بھیج دیا جاتا وہ پاکستان میں کسی دوسری جگہ بہتر خدمت سرانجام دے سکتے ہیں اور ملک کو فائدہ پہنچا سکتے ہیں ۔ آپ نے ان کو خوش کرنے یا خدا معلوم کس مقصد کیلئے رکھا ہوا ہے ۔ اس کے بعد اس میں لکھا ہے ۔

Appointment of Sh. Riaz-ul-Haq, as Officer on Special duty.

ہم تو عام طور پر یہی سمجھتے ہیں کہ جو شخص کوئی کام نہیں کر سکتا یا جس کی ضرورت نہ ہو اس کو آفسر آن سپیشل ڈیوٹی مقرر کر دیا جاتا ہے ۔ ایک اتنے اعلے اور قابل افسر کو اس طرح رکھ چھوڑنا صوبہ کیلئے نقصان کا باعث ہے اور یہ کوئی قابل ستائش چیز نہیں ہے ۔

Mr. C. E. Gibbon: May I support it. I have only a few words to say, Sir, in support of the Honourable Member's cut motion and that is this that all of us were given to understand by the Honourable Chief Minister that it was the declared and firm policy of the Government not to re-employ persons particularly persons who are not technicians and I find here on item No. 5 the re-employment of Sheikh Manzur-ul-Haq, Superintendent, Financial Commissioner's Office. Sir, either you did not tell us the right thing regarding the policy of the Government or you found some extenuating circumstances to re-employ this officer. Am I to understand, and I may put it to you in the form of a question, that in the whole of machinery Government were not able to find a Superintendent for the Financial Commissioner's Office and that after this House had passed the Budget somebody woke up one morning and decided to re-employ a retired man.

وزیر اعلیٰ— (آنریبل ملک محمد فیروز خان نون) جناب والا شیخ منظور الحق کے متعلق میں یہ عرض کر سکتا ہوں کہ یہ کیس میری منظوری سے ہوا ہے ۔ ان کو ایکسٹنشن ملنے کی وجہ یہ تھی کہ وہ لینڈ

ریکارڈ کی مینول کو ریوائز کر رہے تھے اور فیصلہ یہ کیا گیا تھا کہ جونہی یہ کام ختم کر لیں ان کو اس عہدہ سے سبک دوش کردیا جائے۔ میں یہ بھی بتا دینا چاہتا ہوں کہ کام بڑی ٹیکنیکل نوعیت کا ہے اور وہ اس کام میں بڑے ماہر ہیں اس لئے ان کی ملازمت میں توسیع کی گئی ہے ورنہ عام طور پر ہم کسی کو ایکسٹنشن نہیں دیتے۔

دوسرا اعتراض کمشنروں کے بارے میں کیا گیا ہے اور یہ کہا گیا ہے کہ چار فنانشل کمشنر نہیں ہونے چاہئیں۔ میں نہیں چاہتا کہ اس کی جو وجوہ ہیں وہ سب کی سب آپ کو بتا دوں کیونکہ میں مجبور ہوں لیکن میں ہاوس کو کانفیڈنس میں لیکر اتنا بتا دینا چاہتا ہوں کہ حافظ عبدالمجید کے خلاف انکوائری ہو رہی ہے۔ مسٹر جسٹس ایلس آئے ہوئے ہیں اور وہ یہ انکوائری کر رہے ہیں حافظ صاحب کو اس لئے سسپنڈ نہیں کیا گیا ہے تا کہ انکوائری پریجوڈس نہ ہو۔ وہ ایک سینئر افسر ہیں اور ان کی سروس کا ریکارڈ بہت اچھا ہے

In view of his excellent record the man should not be suspended.

اس لئے یہ مناسب سمجھا گیا ہے کہ جب تک انکوائری ختم نہ ہو ان کو فنانشل کمشنر ہی رکھا جائے لیکن ان سے فنانشل کمشنر کا کام نہ لیا جائے کیونکہ اس صورت میں جبکہ انکوائری ہو رہی ہے یہ مناسب نہیں ہے کہ وہ فنانشل کمشنر کا کام کریں۔

Mian Muhammad Shafi: Point of Order. The Honourable Chief Minister has stated that he could not take the House into confidence.

Mr. Speaker: He did not say that at all.

Chief Minister: I did not say that.

دوسرے نوابزادہ سعید اللہ خان کے متعلق یہ عرض ہے کہ جب مسٹر امین الدین صاحب ہمارے یہاں گورنر تھے تو یہ لمبی چھٹی پر چلے گئے تھے۔ انہوں نے مجھے خود کہا تھا کہ میں واپس نہیں آونگا کیونکہ مجھے ۲۷ مہینے کی چھٹی ڈیو ہے۔ میں اس وقت چھٹی پر چلا جاونگا اور ریٹائر ہو جاونگا۔ ان کی عمر کا بھی کوئی معاملہ تھا لیکن میں ان تفاصیل میں نہیں جانا چاہتا۔ وہ میرے کلاس فیلو ہیں اور ان کی جو عمر سرٹیفکیٹ پر لکھی ہوئی ہے اسی پر عمل کیا گیا ہے۔ بہرحال جب وہ تشریف لائے تو ہم نے مناسب سمجھا کہ .....

شیخ محمد امین — واپس تو وہ ہائی کورٹ کے ذریعے سے آئے۔

وزیر اعلیٰ — ہائی کورٹ کے ذریعے سے ان کی تنخواہ مقرر کی گئی ان کو ڈویلپمنٹ کے کام پر لگا دیا گیا تھا ہائی کورٹ نے یہ کہا تھا

کہ ان کا نام بھی فنانشل کمشنر رکھیں اور ان کو تنخواہ بھی فنانشل کمشنر کی ملے۔ ہم نے ان کو وہی عہدہ اور تنخواہ بھی دیدی ہے اور وہ کام کر رہے ہیں۔ اس وقت جو دو فنانشل کمشنر کام کر رہے ہیں ان میں ایک مسٹر نصیرالحق ہیں اور دوسرے مسٹر آئی۔ یو۔ خان ہیں۔ وہ بہت اچھا کام کر رہے ہیں اور میں ان کے کام سے مطمئن ہوں۔ نواب زادہ سعید اللہ خان بھی اچھا کام کر رہے ہیں اور آج کل وہ ڈویلپمنٹ کے کام پر لگے ہوئے ہیں۔ وہ ایک سینئر افسر ہیں اور میرے دل میں ان کی بڑی عزت ہے۔ ذاتی طور پر وہ میرے دوست ہیں۔ ان کی ریپوٹیشن بہت اچھی ہے۔ وہ بڑے دیانتدار آدمی ہیں اور ان کی تھوڑی سی سروس باقی رہ گئی ہے اور ان کو اس عہدہ سے ہٹانا نہیں چاہئیے کیونکہ اس وقت ان کا اس عہدہ سے ہٹایا جانا حکومت کے مفاد کے منافی ہوگا۔

اس واسطے میں یہ کہنے پر مجبور ہوں۔ ویسے میں ہمیشہ اس بات کی پوری کوشش کرتا ہوں کہ پبلک کا روپیہ ضائع نہ کیا جائے۔

شیخ محمد امین — جناب والا! میری تسلی تو نہیں ہوئی۔ مگر میں ڈسپلن کی پابندی کرنے پر مجبور ہوں اسلئے میں اپنی کٹ موشن واپس لیتا ہوں۔

چودھری محمد افضل چیمہ — (لائلپور — وسطی مسلم)۔

Sir, I beg to move—

"That the item of Rs. 46,820 on account of (N.) Financial Commissioner Pay of Officers be reduced by Rs. 6,820."

جناب والا اس سلسلہ میں میرے دوست شیخ محمد امین صاحب اشارتاً اور کنایتاً میرے خیالات کی ترجمانی فرما چکے ہیں۔ مگر میں اس کی تھوڑی سی اور وضاحت کرنا چاہتا ہوں۔ یہ کوئی راز سربستہ نہیں ہے کہ کچھ افسران اعلیٰ اس قسم کے ہوتے ہیں جو ہر حکومت کے اپنے مقرب اور اپنے ڈھب کے اور اپنے مذاق کے سمجھے جاتے ہیں۔ اور کچھ افسر ایسے ہوتے ہیں جو بعض نجی یا سیاسی یا دیگر وجوہات کی بنا پر بنظر استحسان نہیں دیکھے جاتے۔ کم از کم انہیں وہ تقرب حاصل نہیں ہوتا جو دوسروں کو ہوتا ہے۔ چنانچہ ہم نے دیکھا ہے کہ حکومتوں کے ردوبدل کے ساتھ ہی اعلیٰ آسامیوں پر فائز حکام کے تبادلے بھی عمل میں آجاتے ہیں۔

صاحب سپیکر — اس تحریک کے متعلق بھی کچھ فرمائیے۔

چودھری محمد افضل چیمہ— چنانچہ فنانشل کمشنر کی آسامیوں پر تقرریاں اور تبادلے جس انداز میں اور جن حالات کے ماتحت ہوئے ہیں اس صوبے کے لوگ ان سے بے خبر نہیں ہیں۔ میں اس ایوان کی توجہ خصوصیت سے ان اعلیٰ افسران کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں جو قانون کا سہارا لینے پر مجبور ہوئے ہیں۔ نوابزادہ سعیداللہ خان صاحب کو اپنے جائز حقوق کے تحفظ کیلئے عدالت کا دروازہ کھٹکھٹانا پڑا۔ حضور والا میں یہ بات واضح کر دینا چاہتا ہوں کہ ذاتی حیثیت سے ان افسروں کے ساتھ میرا کسی قسم کا کوئی تعلق یا واسطہ نہیں ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ ذاتی حیثیت میں شاید وہ مجھے جانتے بھی نہیں ہونگے۔ لیکن میں محسوس کرتا ہوں کہ اگر ہمارے وزرا نظم و نسق کی بلندی اور پاکیزگی چاہتے ہیں۔ اگر وہ چاہتے ہیں کہ حکومت کے افسران کے اندر صلاحیت کار پیدا ہو اور ان کی کارکردگی کی قوت میں اضافہ ہو اور وہ اپنے فرائض منصبی کو زیادہ دیانتداری اور احساس فرض شناسی کے ساتھ سرانجام دیں تو انہیں چاہئے کہ وہ انکو اپنے رویہ سے مطمئن کریں۔ اور کسی ایک اعلیٰ افسر کو دوسرے سے زیادہ مقرب نہ سمجھیں۔ بلکہ افسروں کو جانچنے کا واحد معیار دیانتداری اور کارکردگی سمجھیں۔ مجھے افسوس کے ساتھ اس بات کا اظہار کرنا پڑتا ہے کہ عزت مآب وزیر اعلیٰ کے دور حکومت میں جن کی نیک دلی اور شرافت مسلمہ ہے ایک اعلیٰ ذمہ دار افسر کو بلاخر اس امر کی ضرورت محسوس ہوئی کہ وہ اپنے حقوق کے تحفظ کے لئے عدالت کا دروازہ کھٹکھٹائیں۔ میں اس سلسلہ میں حافظ عبدالمجید صاحب کا ذکر کر دینا بھی ضروری سمجھتا ہوں جو فوق الفطرت ذہانت کے مالک ہیں۔ اگر انکے خلاف پس پردہ ایسی باتیں ہیں جو بالکل ذاتی اور نجی نوعیت کی ہیں تو میں آنریبل وزیر اعلیٰ سے درخواست کرونگا کہ وہ ایسی چیزوں سے بالاتر ہوکر ان سے مناسب سلوک کریں۔ جہاں تک شیخ ریاض الحق صاحب کا تعلق ہے مجھے انکو بہت قریب سے دیکھنے کا موقع ملا ہے۔ میں وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ وہ ایک تجربہ کار افسر ہیں اور ان کی دیانتداری مسلمہ ہے۔ لیکن جیسا کہ آنریبل شیخ محمد امین صاحب فرما چکے ہیں جو آدمی شاید انکے ڈھب کے یا مذاق کے نہیں ہوتے انہیں کسی کونے میں پھینک دیا جاتا ہے اور انہیں معمولی اور غیر ضروری قسم کی آسامیوں پر لگا دیا جاتا ہے۔

Mr. Speaker: The question is—

That the item of Rs. 46,820 on account of (N) Financial Commissioners Pay of Officers be reduced by Rs. 6,820.

The motion was lost.

چودھری محمد افضل چیمہ — (لائلپور — وسطی)۔

Sir, I beg to move—

That the item of Rs. 1,52,340 on account of E—District Administration—Pay of Officers be reduced by Rs. 52,340.

حضور والا ! میں اس سلسلے میں عزت مآب وزیراعلیٰ کی خدمت میں ایک ضروری التماس کرنا چاہتا ہوں۔ اگر حقیقت پسندانہ نکتہ نگاہ سے دیکھا جائے تو میں سمجھتا ہوں یہ کسی حکومت کے بس کی بات نہیں ہے کہ وہ ایک ہی دن میں انقلاب برپا کر دے یا تمام اس کام کو بیک جنبش قلم رفع کر دے۔ کیونکہ کسی حکومت کے ہاتھ میں جادو کی چھڑی یا اللہ دین کا چراغ نہیں ہوتا۔ معاشرے کی اصلاح بتدریج ہی ہو سکتی ہے۔ اسکے نتائج معاً اور فوراً برآمد نہیں ہو سکتے۔ جہاں تک ضلعی نظم و نسق کا تعلق ہے اس سلسلہ میں سب سے بنیادی خرابی جو میری نظروں میں ہے وہ یہ ہے کہ وہ لوگ جن کے متعلق آنریبل وزیر اعلیٰ بارہا اس ایوان میں اظہار ہمدردی کر چکے ہیں۔ جن کے مسائل کا انہیں پورا پورا احساس ہے (کم از کم انکے بیانات سے تو یہی ظاہر ہوتا ہے)۔ وہ دیہات کا غریب اور پسماندہ طبقہ ہے جس پر صوبے کی ۸۰ فیصدی آبادی مشتمل ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ دیہی امداد اور پنچائت سسٹم و دیگر اسی قسم کی مساعی سے حکومت انکی حالت بہتر بنانے کی کوشش کر رہی ہے۔ عدلیہ اور انتظامیہ کو علیحدہ کرکے بھی حکومت نے وہاں کے نظم و نسق کی اصلاح کی کوشش کی ہے۔ مگر سب سے بڑی خرابی اور جو بنیادی خرابی ہے وہ دیہات میں لوگوں کے آئے دن کے جھگڑے مناقشات اور لڑائیاں اور ہنگامے ہیں جو مقدمہ بازی پر منتج ہوتے ہیں اور جن پر ہزارہا روپے ضائع ہو جاتے ہیں۔ جن کی موجودگی میں کسی پر امن زندگی کا تصور تک نہیں کیا جا سکتا۔ اسکے لئے ضروری ہے کہ دیہات میں ایسا ماحول پیدا کیا جائے کہ ان کے مناقشات اور جھگڑوں کا فیصلہ عدالتوں میں جانے کے بغیر ہی ہو جائے۔

حضور والا ! اس کے برعکس، ہوتا یہ ہے کہ اگر دیہاتی علاقوں میں کسی سب انسپکٹر کے حلقہ میں کچھ لوگ مصالحت کرلیں تو یہ چیز اس سب انسپکٹر پولیس کے مفاد کے خلاف جاتی ہے اور اس کی کارکردگی پر اس کا برا اثر پڑتا ہے اور اس کا ریکارڈ خراب کردیا جاتا ہے کہ یہ ایسا افسر ہے جس کا اپنے علاقہ میں ضبط اور کنٹرول نہیں ہے اور لوگ اسے نظر انداز کرکے یہ جرائت کر لیتے ہیں کہ مصالحت

کرلیں۔ چنانچہ یہی وجہ ہے کہ پولیس آفسر جگہ بہ جگہ اور قدم قدم پر مصالحت میں رکاوٹ ڈالنے پر مجبور ہوتے ہیں۔کیونکہ ان کے افسران کے نزدیک ان کی کارکردگی کا واحد معیار یہ ہے کہ مقدمات اپنی تمام منازل طے کرکے کنوکشنز یا سزایابی پر منتج ہوں۔ اس لئے جو علاج آپ نے عدلیہ اور انتظامیہ کو علیحدہ کرکے حصول انصاف کا تلاش کیا ہے اس کے ساتھ ہی اگر آپ ان بنیادی منازل کی طرف بھی توجہ فرمائیں تو میں سمجھتاہوں کہ نوے فیصدی مقدمات عدالتوں میں آنے سے پہلے ہی ختم ہوجائیں اور لوگ ان کے بہت سے مضر اثرات سے محفوظ ہو جائینگے اور عوام کا گاڑھے پسینے سے کمایا ہوا روپیہ جو ان کے معیار زندگی کے اعتبار سے قالتو نہیں ہوتا۔ اس مقدمہ بازی پر خرچ ہونے سے بچ جائیگا ۔ عزت مآب وزیر اعلیٰ نے فرمایا کہ انہوں نے انتظامیہ افسران میں سے ڈپٹی کمشنر اور پولیس سپرنٹنڈنٹ صاحبان کو یہ حکم دیا ہے وہ زیادہ سے زیادہ وقت دیہات میں دورے کرکے گذارین اور قصبہ زمیں بر سر زمین طے کرا دیا کرین۔ اور مختلف مسائل کا حل جس حد تک ممکن ہو سکے وہیں موقع پر کرکے آئیں۔ میں محسوس کرتا ہوں کہ یہ نہایت مستحسن اقدام ہے لیکن میں چاہتا ہوں کہ آپ قانون میں اس حد تک ترمیم کردیں اور اس قسم کے احکام صادر فرما دیں کہ کسی سب انسپکٹر کی کارکردگی کا معیار یہ نہیں ہوگا کہ اس نے کتنے چالان کئے اور کتنے میں کنوکشنز ہ ئیں بلکہ یہ ہوگا کہ اس نے کس حد تک فریقین میں مصالحت کرائی اور ان کے قدیم اور جدی مناقشات اور تنازعات کو کس حد تک سلجھایا۔ میں آپ کو یقیں دلاتا ہوں کہ ایک سمجھدار۔ دیانت دار اور ہمدرد قسم کا افسر بہت حد تک ان معاملات کو سلجھانے میں کامیاب ہوسکتا ہے اور اس طرح سے آپ ایک اعلی قسم کے معاشرے کی بنیاد کی تشکیل کریں گے۔ اور مقدمہ بازی کی وجہ سے عوام جس قسم کے مصائب میں مبتلا ہوتے ہیں وہ ان سے بچ جائینگے۔ حضور والا میں یہ عرض کرونگا کہ بہت سے ایسے جرائم جو موجودہ دفعات کے ماتحت قابل راضی نامہ نہیں ہیں ان کو بھی اسلامی نظائر پر عمل کرتے ہوئے قابل راضی نامہ بنا دیا جائے۔ حضور کو تو علم ہے کہ اسلام میں تو قتل کے معاملات میں بھی مصالحت کی گنجائش ہے بشرطیکہ مقتول کے وارثوں کو دیانتداری سے راضی کرلیا جائے۔ میں گذارش کرونگا کہ آپ ان مقامی افسران کی حوصلہ افزائی کریں جو مشنری سپرٹ کے ساتھ کام کریں۔ موجودہ مشکلات کا مداوا آپ

محض قانون کے ذریعہ سے نہیں کر سکتے۔ اس کے لئے ضرورت ہے کہ آپ کے افسران پورے جذبے۔ دیانتداری اور خلوص کے ساتھہ کام کریں۔

Mr. Speaker: The question is—

That the item of Rs. 1,52,340 on account of E—District Administration—Pay of Officers be reduced by Rs. 52,340.

The motion was lost.

قاضی مرید احمد — (شاهپور - نمبر ۴ - مسلم)

Sir, I beg to move—

That the item of Rs. 1,52,340 on account of E—District Administration—Pay of Officer be reduced by Rs. 1,000.

حضور والا ! میں اس سلسلہ میں جناب وزیر اعلیٰ کی خدمت میں ضلع کے انتظامیہ کے متعلق نشان دھی کرنا چاهتا هوں۔ میری غرض یہ نہیں ہے کہ میں یہ تحریک تخفیف محض اعتراض کے رنگ میں پیش کروں بلکہ میں دیانتداری کے ساتھہ یہ چاهتا هوں کہ ضلع کے انتظامیہ کی بگڑی هوئی مشینری بہت جلد درست هو جائے۔ جہاں تک میں نے محسوس کیا ہے سب سے بڑی خرابی جو انتظامیہ کے اندر پائی جاتی ہے وہ افسران کی بڑی بڑی تنخواهوں کی وجہ سے ہے۔ جہاں ان بڑی بڑی تنخواهوں سے افسران کی جسمانی حالت ناگفتہ بہ هو جاتی ہے وهاں ایسے افسران کا اخلاق بھی (اگر اس پر سے پردہ اٹھا دیا جائے تو) بہت ذلیل اور گھٹیا هو جاتا ہے مجھے ایک واقعہ یاد آگیا ہے ایک دوست نے مجھے بتایا کہ ایک مرتبہ مہاراجہ پٹیالہ چند افسران سے انٹرویو کر رہے تھے کہ ان کی نظر ایک سب انسپکٹر پر پڑی جس کا عرض اس کے طول سے بھی بڑھا هوا تھا۔ بیچارے کا پیٹ اتنا بڑھا هوا تھا کہ وہ نصف دائرے کی شکل میں انسان کے ساتھہ چمٹی هوئی کوئی الگ چیز نظر آرہا تھا۔ مہاراجہ صاحب نے اپنی سٹیٹ میں ایک سرکولر جاری کردیا کہ تمام بڑے بڑے افسر دو مہینے کے بعد میرے دربار میں حاضر هوں اگر کسی افسر کا پیٹ اس کی چھاتی سے بڑھا هوگا تو اس کو ڈسمس کردونگا۔

عزت مآب وزیر اعلیٰ—ان کا اپنا پیٹ بڑھا هوا تھا (قہقہہ) -

قاضی مرید احمد — تو جناب والا بہت سے ایسے افسران تھے جن کا عرض اگر ان کے طول سے بڑھا هوا نہیں تھا تو طول کے برابر ضرور تھا۔ ان کے لئے مصیبت آگئی۔ ساٹھ دن کا وقفہ تھا جس میں جسم کو سیدھا کرنا تھا ورنہ نوکری سے جواب تھا۔ بڑے بڑے افسران اونچے اونچے ٹیلوں پر اوپر سے نیچے اور نیچے سے اوپر بھاگتے پھرتے تھے۔ زبانیں

باہر نکلی ہوئی تھیں اور برا حال تھا۔ یہ عجیب منظر ریاست کے دور دراز مقامات تک دیکھنے میں آیا۔ سب انسپکٹروں کو فکر پڑی ہوئی تھی کہ یہ پیٹ جسے بڑے بڑے عمدہ چوزوں سے موٹا کیا تھا کسی طرح نیچے چلا جائے۔ بہر حال دو مہینے کی دوڑ دھوپ کے بعد بعض کا پیٹ تو چھپ گیا اور بعض کو ہمیشہ کے لئے ملازمت سے جواب مل گیا۔ اب ان افسران کے اخلاق کے متعلق عرض کرونگا کہ ان کا نکماپن ان کے جسموں کی وجہ سے انہیں مجبور کرتا ہے کہ بیکار مباش کچھہ کیا کر۔ میں نے اپنے ضلع یعنی سرگودھا کے کسی ڈپٹی کمشنر کے متعلق وزیر اعلیٰ کی خدمت میں گذارش کی تھی کہ ہمارے ضلع کا ڈپٹی کمشنر رات کے چار چار بجے تک تلاش کھیلتا ہے جو ایک قسم کا جوا ہوتا ہے اور دن کو جب عدالت میں جاتا ہے تو سارا دن اونگتا رہتا ہے۔

Chief Minister: Sir, this is very unfair. I think it is wrong to make an attack on an Officer who is not here.

صاحب سپیکر — صرف یہ امر کہ یہاں جو بات کہی جائے وہ قابل گرفت نہیں ہوتی آپ کو یہ اجازت نہیں دیتا کہ آپ افسران کی ذاتیات پر حملہ کریں۔

قاضی مرید احمد — میں نے کسی کا نام نہیں لیا۔ میں نے اس کا ذکر وزیر اعلیٰ صاحب سے بھی کیا تھا اور انہوں نے جواباً فرمایا تھا کہ قاضی صاحب آپ درست کہتے ہیں.....

عزت مآب وزیر اعلیٰ — میں نے ایسا نہیں کہا۔ آپ اس وقت بھی غلط کہتے تھے اور اب بھی غلط کہتے ہیں۔

قاضی مرید احمد — میں حلفاً کہتا ہوں کہ آپ نے مجھے کہا تھا کہ آپ ٹھیک کہتے ہیں مجھے پہلے بھی اطلاع مل چکی ہے (شور)۔

میاں محمد شفیع — (منٹگمری۔ نمبر ۳ — مسلم۔ مخصوص نشست)۔ حضور والا۔ انگریز کا نظام حکومت جو یہاں ۱۸۴۷ع میں قائم ہوا تھا۔ اس کے ماتحت Administrative Convenience کا ہر حالت میں خیال رکھا جاتا تھا۔ ہماری موجودہ حکومت بلکہ اسلامی حکومت جس کے امیرالمومنین ملک سر فیروز خان نون ہیں اسی ڈگر پر چل رہی ہے۔

حضور والا! یہ ایک انتہائی افسوس اور بدقسمتی کا مقام ہے کہ پاکستان جو اس سیاسی انقلاب کا پیش خیمہ تھا جس نے ہندوستان کو تین ٹکڑوں میں تقسیم کردیا اور جس کے پیش نظر اس ملک کے عوام

نے بے انداز قربانیاں پیش کی تھیں اس انقلاب کو صحیح lines پر نہ ڈالا گیا اور اس کی اہمیت significance اور مقتضیات کو سمجھنے کی کوشش ھی نہ کی گئی۔

صاحب سپیکر ۔ Supplementary Demands کے تحت General Discussion نہیں ھو سکتی۔ آپ مہربانی کرکے اس Demand کے متعلق تقریر فرمائیں۔

میاں محمد شفیع ۔ جناب والا۔ اگر آپ اپنے اضلاع کی انتظامیہ کی کارکردگی پر نگاہ ڈالیں تو وھاں مکھی پر مکھی مارنے والا معاملہ ھے۔ ڈپٹی کمشنر۔ افسر مال۔ تحصیلدار۔ گرداور اور پٹواری یعنی اوپر سے نیچے تک جو معاملہ بھی چلتا ھے اس کے متعلق سارا نظام نہایت احمقانہ ھے۔ میں آپ کے سامنے ایک مثال پیش کرتا ھوں۔ ایک مہاجر نے فنانشل کمشنر کو لکھا کہ مشرقی پنجاب میں میری بیوی قتل کردی گئی تھی۔ اس لئے مجھے یہاں بیوی ملنی چاھیئے۔ چنانچہ فنانشل کمشنر نے کمشنر اور کمشنر صاحب بہادر نے ڈپٹی کمشنر کو اور اسی طرح ھوتے ھوتے وہ درخواست پٹواری تک پہنچی۔ اس نے اس پر لکھ دیا کہ ھمارے پاس اس شخص کیلئے کوئی فاضل بیوی نہیں ھے۔ اس قسم کی کارروائیاں اس انتظامیہ میں بالکل اندھا دھند ھوئی ھیں اور ھو رھی ھیں۔

Mr. Speaker: The question is—

That the item of Rs. 1,52,340 on account of 'E—District Administration—Pay of Officers' be reduced by Rs. 1,000.

The motion was lost.

Sheikh Mehbub Ilahi: LYALLPUR I, MUSLIM (RESERVED SEAT): Sir, beg to move—

That the item of Rs. 1,52,340 on account of 'E—District Administration—Pay of Officer' be reduced by Rs. 1,000.

In this connection, I wish to add nothing more. I only say that to my mind such expenditure are incurred on account of lack of supervision of the administration (Interruptions).

Sheikh Mehbub Elahi: I wish to say that I can better express in English than in Urdu. My objection was that if the Honourable Chief Minister ask the Administrative Officers in the districts to tighten up their supervision, I think such expenditure can be reduced to a very great extent. As regards the procedure which has been mentioned by my previous friend, I might say that to some extent there has been some improvement since the Government has started sending them notes after notes. But I still feel that even today there are many cases in which the villagers have to go to the courts very frequently and much expenditure and trouble to the villagers can be saved if the Magistrates take a

very great care in planning their dates. Sometimes such dates are given by Readers and by Munshis who are not aware of the facts and sometimes a number of cases probably forty or fifty are kept to be heard for a day when the disposal will amount to not more than ten to 12. In the particular case referred to by my honourable friend, probably the Patwari was not in a position to submit report. Sometimes in- advertantly officers take too long in knowing that this report will take very long and give a date say of ten days and such reports are not received. My request to the Chief Minister was that he may kindly ask the District Magistrates and the Collectors that there should be a regular planning and there should be mapping out the dates so that people who come from far off places are not put to any kind of inconvenience. This will mitigate their trouble which they have to face coming from places like Kamalia in Lyallpur district or from very far off places. My own district is a very lengthy one. People who go to the Courts are told to come either after ten days or after seven days without realising that the report which has been asked for will be in the Court or not wit in that short period. My request was that such expenditure could be very greatly curtailed if due care is taken by your Magistracy. With these words, Sir, I resume my seat.

Chief Minister: (THE HONOURABLE MALIK MUHAMMAD FIROZ KHAN NOON): I am very grateful for the constructive suggestions to improve the efficiency of administration. The Honourable Member will be interested to know that only about a week or ten days ago we have issued a circular letter to all the Districts calling upon all Magistrates when giving dates to people in criminal cases, that they should only ask so many witnesses on a particular date as can be examined on that date because sometimes thay ask thirty withesses and not even two are examined and thus unnecessary expenditure is wasted. We have already issued those instructi ns and if any other suggesti ns come along, we shall consider them. Now what we have done is also that t. t we have asked all the Deputy Commissioners and Heads of Departments to exercise better supervision over their Departments. If an officer or a subordinate does a good thing, it should go on his record; if any officer or subordinate does a bad thing, that should also go on his personal record. Sending of personal reports on printed forms once a year is not good enough. They say good, bad, excellent, fair etc., against each printed item and that gives no idea of the value of a public ser ant. I am introducing this in the Secretariat too. If any officer is lazy and does not do his work properly, remarks should be placed on his personal file; if on the other hand an officer does a good thing, it should be placed on the personal file.

With regard to the lawyer Magistrates, we had to engage them because we are very short of officers. If you know the number of pending cases at various places, you will be astounded. I have been told that eighty-seven officers belong to the Provincial Civil Services are doing odd jobs. But we cannot fill up their vacancies by fresh recruitment because there is no provision for fresh recruitment. I am withdrawing them. I have last week withdrawn thirteen P. C. S. Officers who were working in other Departments. With the appointment of these officers to the districts, the situation would be relieved and we would get greater efficiency. I can assure you that any suggestion you make for improving efficiency in the districts, will be welcome. I am giving more power to the Deputy Commissioners so that they can assert themselves 'n all the Departments in their districts. The District administration can be improved by mutual co-operation among the District-level officers of the various Departments. We have issued instructions that if any officer in one Department finds a method of improvement in other Department, he must report it to his colleague in the district. All these instructions we have issued and we shall be grateful for any constructive suggestion that comes along and we will adopt that with great pleasure.

Sheikh Mehbub Ilahi: In view of the assurance given by the Honourable Chief Minister, I may be permitted to withdraw the motion.

Mr. Speaker: Has the honourable member the leave of the House to withdrawn his motion ?

(VOICES : Yes).

The motion was by leave withdrawn.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: (LYALLPUR, IX, MUSLIM) : Sir, I beg to move—

That the total demand be reduced by Rs. 38,550.

حضور والا ۔ اس مطالبہ میں مبلغ ۔ ۷،۳۸،۵۵۰ روپیہ کی منظوری حاصل کرنے کی کوشش کی گئی ہے ۔ اب اس میں اگر آپ مختلف مدات کا جائزہ لیں جن کا میزان ۔ ۷،۳۸،۵۵۰ روپیہ بنتا ہے تو آپ دیکھیں گے کہ یہ ایسی رقوم ہیں جن کے بغیر نہایت آسانی سے گذارہ کیا جا سکتا ہے ۔ اور اپنے نظم و نسق پر مضر اثرات ڈالے بغیر آپ صوبہ کے غریب عوام کو ان زائد اخراجات سے بچا سکتے ہیں ۔ آپ صفحہ ۵۵ کے مطالبہ نمبر ۷ کی طرف توجہ مبذول فرمائیں تو یہاں پر آپ کو (Rs.35,800, charged) نظر آئے گا ۔ یہ رقم اگر چہ گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ کی رو سے ان اختیارات سے بالا تر ہے لیکن بہر حال اس امر سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ یہ بوجھ صوبہ کے غریب عوام پر ڈالدیا گیا ہے

حضور والا ۔ اگر آپ اس شق کے اصل الفاظ کی طرف توجہ فرمائیں تو آپ کو وہاں یہ الفاظ ملینگے ۔

"Excess is partly due to the appointment of a new Minister-Honourable Minister of Development who assumed charge on 4th November 1954 (forenoon).

جہانتک عزت ماب وزیر اعلیٰ صاحب کی شخصیت کا تعلق ہے اور ان کے اس اعلیٰ منصب پر فائز ہونے کا تعلق ہے ۔ میرا خیال ہے کہ اس معزز ایوان کا کوئی رکن ان کی ذاتی صلاحیتوں سے انکار نہیں کر سکتا ۔ بلکہ عزت ماب کے اس منصب پر فائز ہونے اور رہنے کی سب سے زیادہ مسرت حزب اختلاف کو ہے جنہیں سالہا سال ان کی رفاقت کا شرف حاصل رہا ہے ۔ سوال یہ نہیں ہے ۔ بلکہ اصل مدعا یہ ہے کہ ہم یہ محسوس کرتے ہیں کہ کیا عزت ماب وزیر اعلیٰ اپنے کسی دوسرے رکن کو رخصت دے کر یہ آسامی پر نہیں کر سکتے تھے ؟ کیا یہ ممکن نہیں تھا کہ وہ کسی یتیم اور لاوارث وزیر کو تخفیف میں لاکر وزیر ترقیات کے لئے جو اپنی جسامت اور ذہانت میں توازن اور اعتدال قائم کرتے ہیں جگہ پیدا کر لیتے ۔ میں وزیر اعلیٰ صاحب سے یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ کیا اس آسامی کو پر کرنے کے لئے وہ اپنے رفقاء میں سے کسی ایک کو تبدیلی آب و ہوا کے لئے رخصت نہ دے سکتے تھے ؟ کیا ان

میں سے کسی کو آرام کی ضرورت نہ تھی ؟ اگر ان وزراء کرام کو وقتاً فوقتاً تبدیلی آب و ہوا کے لئے رخصت دے دی جائے تو کیا حرج ہے -

صاحب سپیکر - آپ تمام وزیروں کو زیر بحث نہیں لا سکتے -

چودھری محمد افضل چیمہ - میں صرف وضاحت کے لئے یہ عرض کر رہا ہوں کہ ایسے وزراء کرام جن کے نحیف اور ناتوان کندھے اس بار عظیم کو اب زیادہ دیر تک برداشت نہیں کر سکتے ان میں سے کسی کو چھٹی دے کر اس اہم منصب پر وزیر ترقیات کو بڑی آسانی سے فائز کیا جا سکتا تھا - اور میں یہ بلا خوف تردید کہہ سکتا ہوں بلکہ میرا یہ خیال ہے کہ میں اس معزز ایوان کے اراکین کی دلی ترجمانی کرتا ہوں اگر میں یہ کہوں کہ یہ وزارت اپنی نا اہلیت کا ثبوت پوری شدت کے ساتھ دے چکی ہے -

صاحب سپیکر - آپ ساری وزارت کو discuss نہیں کر سکتے آپ صرف اس شق پر بحث کر سکتے ہیں جو اس وقت زیر غور ہے - It is extremely irrelevant.

چودھری محمد افضل چیمہ - جناب والا - میں یہ ثابت کرنا چاہتا ہوں کہ یہ اس قسم کے مصارف ہیں جن کو نہایت آسانی کے ساتھ ترک کیا جا سکتا تھا اور ان سے گریز کیا جا سکتا تھا اور میں اس کے لئے مختلف طریقے پیش کر رہا ہوں - جن پر عمل پیرا ہو کر عوام کو اس بار گران سے بچایا جا سکتا ہے - اس لئے میں عرض کرونگا کہ یہ وزارت اپنے اعمال سے ثابت کر چکی ہے کہ وہ ——

صاحب سپیکر - Order please - آپ موجودہ وزارت کے conduct کو زیر بحث نہیں لا سکتے - اور آپ اس چیز کی طرف اشارہ بھی نہیں کر سکتے -

چودھری محمد افضل چیمہ - جناب والا—میں صرف یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جب آپ کے پاس سات وزراء کرام پہلے ہی موجود تھے کیا آپ کو کسی ڈاکٹر نے بتلایا تھا کہ آپ لا محالہ اپنے وزراء کی تعداد میں اضافہ کرتے چلے جائیں یا کسی قانون نے آپ کو اس اضافے کے لئے مجبور کیا تھا ؟ آپ کسی وزیر کو چھٹی دے کر یہ آسامی بڑی آسانی سے پر کر سکتے تھے -

صاحب سپیکر - آپ یہ چیز دس دفعہ کہہ چکے ہیں -

چودھری محمد افضل چیمہ- اگر آپ اس قدر معترض ہیں تو میں بیٹھ جاتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion is—

That the total demand be reduced by Rs. 38,550.

The motion was lost.

میاں محمد شفیع - (منٹگمری نمبر ۷ مسلم - مخصوص نشست)۔

Sir, I beg to move—

That the total demand be reduced by Rs. 1,000.

Mian Muhammad Shafi: Sir, can I discuss the Governor's travelling expenditure ?

Mr. Speaker: No.

صاحب سپیکر - آپ گورنر کی پرسنل item پر بحث نہیں کر سکتے۔ ان کے P. As. کو discuss کر سکتے ہیں لیکن ان پر ووٹ نہیں ہوگا۔

میاں محمد شفیع - حضور والا۔ لاٹ صاحب کے اخراجات ایسے اخراجات ہیں جن کو ——

صاحب سپیکر - دیکھئے جو charged items ہیں ان کے متعلق آپ بحث کر سکتے ہیں۔ مثلاً فرنیچر۔ سٹیشنری وغیرہ۔

میاں محمد شفیع - حضور والا۔ مجھے عرض یہ کرنا ہے کہ ہمارے صوبہ میں کچہریاں خواہ وہ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹس کی ہوں خواہ سول ججوں کی ہوں وہاں پر عوام کے بیٹھنے کے لئے کوئی انتظام یا انصرام نہیں ہے۔ اگر ہمارے وزیر اعلیٰ صاحب کو کبھی خدا نخواستہ بطور ملزم یا بطور گواہ کے کسی کچہری میں جانے کا اتفاق ہو تو وہ محسوس کرینگے کہ وہاں جانے والوں کو کسی قسم کی آسائش میسر نہیں۔ آپ لاہور ہی کی ضلع کچہریوں کو دیکھیں وہاں کے کمپاؤنڈ میں تھوک پان کی پیک اور سگریٹ کے ٹکڑوں کے سوا آپ کو کچھ نظر نہ آئیگا۔ وہاں پر کوئی سایہ کا انتظام نہیں۔ بیٹھنے کے لئے کوئی بینچ نہیں۔ میاں محمد امین صاحب نے تو انتظام کر لیا ہے کہ اگر ان کا چالان ہو جائے تو بجائے خود عدالت میں پیش ہونے کے اپنے کسی منشی کو عدالت میں بھیج دیں۔ لیکن انہوں نے ان لاکھوں ٹانگے والوں اور گاڑی والوں کے لئے کوئی قدم نہیں اٹھایا۔

حضور والا۔ میں عزت مآب وزیر اعلیٰ کی توجہ ان ہزاروں لوگوں کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں جو کئی کئی میل سے عدالتوں میں

پیش ہونے کے لئے آتے ہیں اور کئی کئی ماہ گذر جاتے ہیں مگر ان کو عدالتوں کے سامنے پیش ہونے کا موقع ہی نہیں ملتا۔ ان لوگوں کا اس طرح قیمتی وقت اور روپیہ بڑی بے دردی سے ضائع کیا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ یہ غریب لوگ عدالتوں کے باہر سارا سارا دن کھڑے رہتے ہیں۔ ان کے لئے وہاں سردی۔ گرمی اور بارش وغیرہ سے بچنے کا کوئی انتظام نہیں ہوتا۔ میں یہ چاہتا ہوں کہ حکومت اس مد پر جتنا روپیہ چاہے خرچ کرے اور litigants کی سہولتوں کے لئے ایسے انتظامات کرے جو ایک آزاد ملک کے شہری کا حق ہوتا ہے۔ اگر حکومت litigants کو مناسب سہولتیں بہم پہنچانے پر زیادہ خرچ کرے تو میں سمجھتا ہوں اس پر کسی کو کوئی اعتراض نہ ہوگا۔ حکومت کو چاہئیے کہ وہ تمام اضلاع کے مجسٹریٹوں اور ڈپٹی کمشنروں کو ایسی ہدایات ارسال کرے جن سے ان کو کان ہوں۔ ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں۔

ملک غلام نبی۔ (لاہور کارپوریشن۔ ۱۔ مسلم۔ مخصوص حلقہ)۔ جناب والا۔ میں اس کٹ موشن کے سلسلہ میں جناب وزیر اعلیٰ صاحب کی توجہ ان کے ارشادات کی طرف دلانا چاہتا ہوں جن میں انہوں نے اپنے وزرا کے متعلق کہا تھا کہ انہوں نے وزرا کو بیرون پاکستان اس لئے بھیجا تھا کہ وہ وہاں سے کچھ سیکھ آئیں۔

صاحب سپیکر۔ آپ کس item کے متعلق تقریر کرنا چاہتے ہیں؟

ملک غلام نبی۔ جناب والا میں Supplementary Estimates کے صفحہ ۵۵ پر جو ۳۵،۸۰۰ روپیہ کی رقم ہے اس پر بحث کرنا چاہتا ہوں۔ وزرا صاحبان کو بیرون ملک دوروں پر بھیجنے کے سلسلے میں میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جب آپ نے ان حضرات کو اپنی cabinet میں لیا تھا تو آپ نے یقیناً ان کو قابل اور لائق سمجھا ہوگا۔ اگر آپ ان کو اس وقت نالائق سمجھتے تو آپ ان کا کبھی بھی انتخاب نہ کرتے۔

صاحب سپیکر۔ آپ اس بحث میں نہ الجھیں۔ وزرا پر اس قسم کی تنقید نہ کریں۔

ملک غلام نبی۔ بہت بہتر جناب میں اس بحث میں نہیں الجھتا۔ جناب وہ وزرا کو باہر اس لئے بھیجتے ہیں کہ وہ وہاں سے کچھ سیکھ کر آئیں تاکہ واپس آکر وہ ملک و ملت کے لئے فائدہ مند ثابت

ہوں مگر میری رائے میں وزرا کا بیرون پاکستان بھیجنا کسی بھی صورت میں مفید ثابت نہیں ہو سکتا۔ آپ جانتے ہیں کہ وزارتیں آنی جانی ہوتی ہیں۔ کون کہہ سکتا ہے کہ ہماری یہ وزارت ایک ماہ تک یا ایک سال تک رہے گی۔ اس وزارت میں بعض حضرات وکیل ہیں۔ بعض زراعت پیشہ ہیں اور بعض امپورٹ ایکسپورٹ کے experts ہیں۔ جب وزارت ختم ہو جائے گی تو وکلا حضرات وکالت شروع کردیں گے۔ زراعت پیشہ حضرات زراعت شروع کردیں گے اور امپورٹ ایکسپورٹ کے ماہر حضرات درآمد و برآمد کا کام شروع کردیں گے اور نتیجہ یہ ہوگا کہ قوم کا جو روپیہ ان حضرات کو بیرون پاکستان بھیجنے پر صرف ہوا ہوگا وہ سارے کا سارا رائگاں جائے گا۔ اس اسمبلی کی زندگی ختم ہونے پر جو نئے انتخابات ہوں گے ہو سکتا ہے ان میں بعض یہی وزرا کامیاب ہو جائیں۔ مگر اس بات کی کیا ضمانت ہے کہ نئے انتخابات کے بعد یہی وزیر اعلیٰ پھر وزارت بنائیں گے اور وہ ان حضرات کو ضرور اپنی نئی وزارت میں لے لیں گے جن کو بیرون پاکستان گورنمنٹ کے خرچ پر کچھ سیکھنے کے لئے بھیجا گیا تھا۔ اس لئے جناب والا میں درخواست کرونگا کہ آئندہ کے لئے ان وزراء کو بیرون پاکستان بھیج کر قوم کا روپیہ ضائع نہ کیا جائے۔ جو وزرا صاحب استطاعت ہیں مثلاً نواب مزلباش صاحب یا چودھری علی اکبر صاحب وہ اگر قوم کی خدمت کے لئے بیرون پاکستان جا کر کچھ سیکھنا چاہتے ہیں تو اپنے ذاتی خرچ پر جائیں قوم کا روپیہ استعمال نہ کریں۔ قوم کا روپیہ اس صورت میں استعمال کریں جب کہ ان کو یقین ہو کہ وہ ہمیشہ ہمیشہ کے لئے وزیر ہی رہیں گے۔

حضور والا— ہمارے وزیر اعلیٰ صاحب نے ان دوستوں کو باہر بھیج کر جو روپیہ ضائع کیا ہے میں سمجھتا ہوں ان کی بجائے اگر وہ ٹریننگ کے لئے U. K. یا U. S. A. میں بعض قابل Heads of Departments کو بھیجتے تو وہ یقیناً واپس آکر قوم و ملت کے لئے مدد و معاون ثابت ہو سکتے تھے۔ وہ وزراء صاحبان کی طرح نہیں ہوتے۔ ان کو کم از کم ۲۰ سال تو ضرور گورنمنٹ کی خدمت کرنی ہوتی ہے۔ آئندہ اگر آپ وزرا کی بجائے Services کے آدمیوں کو باہر بھیجیں تو ان کی حوصلہ افزائی بھی ہو گی اور ایسا کرنا صدقہ جاریہ تصور کیا جائے گا۔

وزیر اعلیٰ — (عزت مآب ملک محمد فیروز خان نون) جناب والا— میں معزز دوست کی suggestions کا بہت مشکور ہوں۔ لیکن میں یہ عرض

کر دینا چاہتا ہوں کہ آجکل کی جمہوریت کے رواج کے مطابق ممبران اسمبلی میں سے ہی وزراء کا انتخاب کرنا پڑتا ہے تاکہ وہ حکومت کا کام چلا سکیں۔ وزراء کے ماتحت خواہ کتنے ہی لائق افسر کیوں نہ ہوں جب تک وہ خود trained نہ ہوں کام اچھی طرح نہیں چل سکتا۔ اس لئے افسران کو training دلانے کے ساتھ ساتھ میں یہ بھی نہایت ضروری سمجھتا ہوں کہ وزراء کو بھی training دلائی جائے۔ میرے دوست نے زیادہ زور services والوں کو training دلانے پر دیا ہے۔ مگر اس میں جو نقص ہے وہ میں ان کو بتانا چاہتا ہوں۔ جب ہم کسی افسر کو کسی خاص محکمہ کے کام کی training حاصل کرنے کے لئے بیرون پاکستان بھیجتے ہیں تو وہ واپس آکر اپنی seniority کے مطابق کسی اور محکمہ میں چلا جاتا ہے اور اس طرح وہ جس محکمہ کے کام کی training حاصل کرنے کے لئے وقت اور حکومت کا روپیہ صرف کرتا ہے وہ ضائع ہو جاتا ہے۔ مثلاً میں نے Food Secretary کو training حاصل کرنے کے لئے U.S.A. بھیجا تھا مگر واپسی پر چونکہ وہ Senior Officer تھا اسے دوسرے محکمہ میں بھیجنا پڑا۔ اسی طرح گر کسی آفیسر کو Industries کا کام سیکھنے کے لئے باہر بھیجا جاتا ہے تو وہ واپس آکر کسی اور محکمہ میں چلا جاتا ہے۔ بہر حال وزراء اور افسران ایک ہی گاڑی کے پہیے ہیں۔ جب تک یہ دونوں اچھی طرح نہیں چلیں گے گاڑی بھی اچھی طرح نہیں چل سکے گی۔ ان دونوں کو ساتھ ساتھ training دینا لازمی ہے۔

Mr. Speaker: The question is—

That the total demand be reduced by Rs. 1,000.

The motion was lost.

قاضی مرید احمد — (شاہ پور نمبر ۲ مسلم)۔

Sir, I beg to move

That the total demand be reduced by Rs. 100.

حضور والا — عدلیہ کے متعلق میں یہ عرض کرونگا کہ دراصل کسی مملکت کی بقا کے تحفظ کی ضمانت صرف عدلیہ ہی ہو سکتی ہے۔ اس سلسلہ میں حکومت جس قدر روپیہ بھی صرف کرے اس کے متعلق یہی تصور کیا جائے گا کہ وہ ملک کے بقا کے لئے خرچ کیا جا رہا ہے لیکن میں دیکھ رہا ہوں کہ عدلیہ کی موجودہ حالت خطرناک حد تک پہنچ چکی ہے۔ انصاف بک رہا ہے بلکہ میں کہونگا کہ انصاف کی Auction یعنی نیلامی ہو رہی ہے اور جو زیادہ بولی دیتا ہے وہی اسے لے لیتا ہے۔

Chief Minister: A very wrong statement, Sir. You are allowing your judiciary to be condemned like this. A very wild statement. Absolutely wild statement.

قاضی مرید احمد — خاص طور پر جس طریقہ سے عوام کے ساتھہ عدالتوں میں سلوک کیا جاتا ہے وہ قابل اعتراض ہے۔ لوگ بیچارے تیس چالیس بلکہ ستر اسی میل سے چل کر آتے ہیں کہ عدالت میں پیشی بھگت آئیں مگر سارا سارا دن عدالت کے دروازے پر کھڑے رہنے کے بعد ان کو شام کے وقت حکم سنایا جاتا ہے کہ اگلی پیشی پر اتنے دنوں کے بعد پھر حاضر ہونا اور جیسا کہ آنریبل میاں محمد شفیع صاحب نے فرمایا ہے ؛

(وزیر اعلیٰ — مولانا محمد شفیع کہیئے۔)

عدالتوں میں لوگوں کے بیٹھنے کے لئے بینچ تک نہیں ہوتے۔ میرے ضلع میں بعض دیہات ضلع کے صدر مقام سے ستر نوے میل چھوڑ سو سو میل کے فاصلے پر واقع ہیں۔ وہ کچہری میں آکر مارے مارے پھرتے ہیں اور حاضر ہونے پر محض اہل کار صاحب بہادر ہی انہیں ۱۰ دن کی تاریخ دے دیتے ہیں اور میں عرض کردوں کہ یہ حضرت اہلمد صاحب بڑی بھاری مصیبت واقع ہوتے ہیں۔ ان کے حکم کے خلاف نہ اپیل نہ دلیل اور نہ ہی وکیل کی پیش جاتی ہے۔ ایک طرف اگر ان کا کوئی دوست آیا یا رشتہ دار آگیا تو غلط اندراج کرکے فریق مخالف کی غیر حاضری لگوا کر یک طرفہ فیصلہ بھی جلدی سے سنوا دیتے ہیں اور ایک ہی پیشی میں سب مراحل طے کرا دیتے ہیں مگر غیروں کے معاملے میں اور خاص طور پر غریبوں کے معاملے میں نو نو پیشیاں یکے بعد دیگر دیتے چلے جاتے ہیں اور ہر بار عذر صرف اتنا دیا جاتا ہے کہ ابھی متعلقہ رپورٹ یا کاغذ پٹواری صاحب کی طرف سے موصول نہیں ہوا۔ مگر پٹواری صاحب ہیں کہ پہلی پیشی پر بھی کاغذ نہیں بھیجتے۔ دوسری پر بھی رپورٹ نہیں بھیجتے۔ اور یہ سلسلہ متواتر جاری رہتا ہے۔ مگر مجسٹریٹ صاحب بہادر ان امور کا نوٹس نہیں لیتے کہ آخر یہ ادنی سا ملازم عدالت کے حکم کو کیوں خاطر میں نہیں لاتا۔ آخر وہ "واگہ" کے اس پار نہیں پاکستان کے اندر رہتا ہے اور ادھر یہ غریب دیہاتی بار بار دور دراز کا سفر طے کر کے صرف کثیر کر کے پیشی بھگتنے آتا ہے اور پھر شہر میں رہائش و خوراک کے بھاری اخراجات برداشت کرنے کے بعد بے نیل مرام واپس چلا جاتا ہے۔ حکام ضلع اتنا انتظام بھی نہیں کر سکتے کہ پٹواری اور اہلمد پر کنٹرول کر سکیں۔ آپ کو سلطان محمود غزنوی کے اسلامی دور کا وہ معمولی سا واقعہ یاد دلاتا ہوں جو آپ کو مشعل راہ کا کام دے سکتا ہے یعنی جب ایک بڑھیا کا جوان بیٹا ڈاکوؤں نے قتل کر ڈالا اور بڑھیا فریاد لیکر محمود غزنوی کے دربار میں پہنچی اور بادشاہ نے فرمایا

کہ اتنے دور دراز علاقے کا انتظام میرے لئے ممکن نہیں تو بڑھیا بے حاضر جوابی سے کام لیتے ہوئے فوراً کہہ دیا کہ اے سلطان تو پھر اس علاقے کو اپنی سلطنت سے خارج کیوں نہیں کر دیتا جس کا انتظام کرنے سے تو قاصر ہے ۔ اس واقعہ کے پیش نظر وزیر اعلیٰ سے کہا جا سکتا ہے کہ اگر آپ اس صوبے میں انتظام کی اصلاح نہیں کر سکتے تو پھر آپ بھی اس علاقے کو اپنے اقتدار سے آزاد کر دیں ۔ میں کھلے لفظوں میں کہہ دوں کہ ایک کافر حکومت عدل و انصاف کے باعث دنیا میں قائم رہ سکتی ہے مگر ایک ظالم اور بے انصاف حکومت اسلامی کہلانے کے باوجود صفحہ ہستی سے نیست و نابود ہوکر رہے گی ۔ یہ قانون قدرت ہے ۔ آپکی حکومت میں اہلمد اور پٹواری غریب عوام کو تباہ و برباد کر رہے ہیں اور ان کو طرح طرح کے حیلوں بہانوں سے لوٹ رہے ہیں لیکن ان قسمت کے ماروں کا کوئی پرسان حال نہیں ۔

Mr. Speaker: The question is—

That the total demand be reduced by Rs. 1,00,000.

The motion was lost.

Mr. Speaker: The question is—

That a supplementary sum not exceeding Rs. 1,66,320 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1955, in respect of Administration of Justice.

The motion was carried.

JAILS AND CONVICT SETTLEMENTS

Mr. Speaker: The question is—

That a supplementary sum not exceeding Rs. 31,600 be granted to the Govenor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1955, in respect of Jails and Convict Settlements.

The motion was carried.

POLICE

Mr.Speaker: The question is—

That a supplementary sum not exceeding Rs. 16,38,180 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1955 in respect of Police.

The motion was carried.

EDUCATION

Mr. Speaker: The question is—

That a supplementary sum not exceeding Rs. 38,08,530 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1955, in respect of Education.

The motion was carried.

AGRICULTURE

Mr. Speaker: The question is—

That a supplementary sum not exceeding Rs. 1,25,260 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1955, in respect of Agriculture.

The motion was carried.

CAPITAL OUTLAY ON SCHEMES OF AGRICULTURAL IMPROVEMENT AND RESEARCH

Mr. Speaker: The question is—

That a supplementary sum not exceeding Rs. 26,540 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1955, in respect of Capital Outlay on Schemes of Agricultural Improvement and Research.

The motion was carried.

CO-OPERATION

Mr. Speaker: The question is—

That a supplementary sum not exceeding Rs. 6,86,250 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1955, in respect of Co-operation.

The motion was carried.

INDUSTRIES

Mr. Speaker: The question is—

That a supplementary sum not exceeding Rs. 8,26,560 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1955, in respect of Industries.

The motion was carried.

CAPITAL OUTLAY ON INDUSTRIAL DEVELOPMENT

Mr. Speaker: The question is—

میاں منظور حسن :حکومت امداد تو دیتی ہے - آپ ان اداروں کو طلبا اور ان کے سر پرستوں کے حوالے کر دیں اور کہیں کہ اگر وہ انہیں چلانا چاہتے ہیں تو ان کا خود بندوبست کریں اور ٹیکس دھندگان کا روپیہ ان اداروں پر خرچ نہ کیا جائے -

اس کے علاوہ جناب والا اس صوبہ میں اگرو انڈسٹریل Agro Industrial تعلیم کا کوئی بندوبست نہیں ہے حکومت کو ایسے ادارے قائم کرنے چاہئیں، جہاں زراعت سے متعلقہ مصنوعات، مثلاً آلات کشاورزی کی ساخت، مصنوعی کھادوں کا تیار کرنا اور انکے استعمال کی تربیت دی جا سکے - اور زراعت کے فروغ و ترویج و ترقی کی خاطر، زرعی تعلیم کا وسیع پیمانہ پر بندوبست کیا جائے - زرعی تعلیم کے سلسلہ میں ہمیں صرف لائل پور کے کالج پر ہی اکتفا نہیں کرنا چاہیئے بلکہ چھوٹے پیمانے پر اس قسم کے کئی ادارے کھول دینے چاہیئیں کیونکہ اگر زراعت ترقی کریگی تو اس کے ساتھ ہی زندگی کے دوسرے شعبے بھی ترقی کرینگے - جہانتک عمومی تعلیم کا تعلق ہے میں حکومت کو مشورہ دونگا کہ وہ اس مقصد کے لئے زیادہ سے زیادہ تعداد میں One Teacher سکول کھولے اور جہاں سکول پہلے سے موجود ہیں وہاں ڈبل شفٹ کا سسٹم رائج کیا جائے اور اساتذہ کے لئے کمپلسری انشورنس کا بندوبست کیا جائے - زائد الاؤنس اور پنشن کے مفاد دئے جائیں - لیکن اساتذہ کو جہاں یہ مفاد دئے جائیں وہاں ان کو پرائیویٹ ٹیوشن سے روکا جائے - جب سے پاکستان قائم ہوا ہے - سکولوں کی اور خاص طور پر پرائیویٹ اداروں کی انسپکشن ترک کر دی گئی ہے - ایسے پرائیویٹ سکول موجود ہیں جن کا گذشتہ پانچ سال سے کسی انسپکٹر نے دورہ نہیں کیا - اور ان کے حالات و کوائف کا جائزہ نہیں لیا - یہ بڑا غضب ہے کہ ان اداروں کے حالات کا معائنہ نہ کیا جائے جن کو حکومت مالی امداد دیتی ہے - ان کا سال میں کم از کم دو تین دفعہ معائنہ کیا جائے اور دیکھا جائے کہ وہ اپنے فرائض پورے کر رہے ہیں یا نہیں -

آپ میونسپل کمیٹیوں اور ڈسٹرکٹ بورڈوں کو ہزارہا روپیہ کی امداد دے رہے ہیں - ان کو اپنے حیطۂ اختیار میں کمپلسری پرائمری تعلیم رائج کرنے کے لئے مجبور کریں - اور اگر انہیں روپیہ کی کمی محسوس ہو تو اس کے لئے انہیں اپنے علاقہ میں تعلیمی سلیس عائد کرنے کی اجازت دیں -

جناب والا - ایک اور امر جس کی طرف میں ایوان کی توجہ دلانا چاہتا ہوں - وہ روز افزوں بیکاری اور بے روزگاری ہے -

جناب والا - صوبے میں بیروزگاری اور بیکاری اس قدر بڑھ گئی ہے کہ لوگ ہزاروں کی تعداد میں نان جوین کے محتاج نظر آتے ہیں - اس سلسلے میں میں حکومت سے درخواست کرونگا کہ وہ بڑی بڑی صنعتوں کے ساتھ ساتھ درمیانے درجے کی صنعتوں کی سرپرستی کرے - میرا ذاتی تجربہ ہے کہ حکومت صرف بڑی بڑی صنعتوں کی سرپرستی کرکے اس صوبے سے بیکاری دور کرنے میں ناکام رہی ہے - وجہ یہ ہے کہ بیشمار کارخانے دار قومی اور تعمیری lines پر نہیں سوچتے بلکہ زیادہ سے زیادہ اور جلد از جلد نفع اندوزی کے نقطہ نگاہ سے مختلف صنعتیں چلاتے ہیں - اس موقع پر میں یہ بھی واضح کر دوں کہ capitalistic نظام ہمارے ملک میں ناکام ہو چکا ہے - یورپ میں بھی جتنے ممالک میں یہ نظام کامیاب ہوا ہے - ان کے colonial system پر کاربند ہونے کی وجہ سے ہوا ہے - ہم colonialism کے قائل نہیں اس لئے حکومت کو چاہیئے کہ وہ انفرادی اداروں کو co-operative lines پر منظم کرکے چلوائے اور اس قسم کے زیادہ سے زیادہ ادارے قائم کرائے تاکہ ان سے ان خاندانوں کے ہزاروں افراد کو جو اس وقت بیکار ہیں فائدہ پہنچ سکے - اور زیادہ سے زیادہ آبادی کو روزگار مہیا ہو سکے -

جناب والا - علاوہ ازیں جہانتک شہری آبادی کی بیروزگاری کا تعلق ہے میں حکومت کی توجہ اس امر کی طرف بھی منعطف کرانا چاہتا ہوں کہ بیشتر صنعتیں مرکزی حکومت کی عدم توجہی کی وجہ سے دم توڑ رہی ہیں - ایسی صنعتوں کی سرپرستی کی جائے - صنعتی اداروں کو مالی امداد دی جائے - اور ان کو ایسے ماہرین کی خدمات مہیا کی جائیں جو کارکنوں کو تربیت دے سکیں اور کام چلانے میں ممد و معاون ثابت ہوں - حکومت کو چاہیئے کہ ان صنعتی اداروں کی اعانت اور سرپرستی کے علاوہ ان کی مصنوعات

کی خریداری اور کھپت کا بندوبست کرے ۔ اور اپنی ضروریات بھی ملکی تیار شدہ مصنوعات سے پوری کرے ۔

جناب والا ۔ حکومت کو چاہیئے کہ تعلیم بالغان زیادہ سے زیادہ پھیلائے تاکہ لوگ تھوڑے بہت تعلیم سے آشنا بھی ہو جائیں ۔ اور کچھ پڑھے لکھے لوگوں کو کام بھی مل جائے ۔

علاوہ ازیں قومی خدمت کی سکیمیں بھی وضع کی جائیں اور ان کے تحت لوگوں کو گزارہ الاؤنس دے کر ان سے کام لیا جائے تاکہ بیکاروں کی تعداد میں کمی کی جا سکے ۔ اور عوامی کام سستے داموں ہو جائیں ۔

جناب والا ۔ میں حکومت کی توجہ Road Transport کی طرف بھی منعطف کرانا چاہتا ہوں ۔ اس وقت ہماری Road Transport چند کمپنیوں کے قبضے میں ہے جو اس سے خوب نفع کما رہی ہیں ۔ میری درخواست یہ ہے کہ Road Transport کی ترویج کی غرض سے موجودہ کمپنیوں کے علاوہ مزید لوگوں کو لائسنس دئیے جائیں ۔ اس سے بھی قومی بیکاری کا کافی حد تک استیصال ہو جائے گا ۔

مزید برآں کم آمدنی والے لوگوں کو مکانات تعمیر کرنے کے سلسلے میں سہولتیں مہیا کی جائیں ۔ اور انہیں آسان شرائط پر قرضے دلائیں اور شہروں میں جو لوگ مکانات ذاتی رہائش کے لئے استعمال کرتے ہیں ان کو property tax معاف کیا جائے ۔ اور جدید تعمیرات کو اس سے بالکل ہی مستثنیٰ قرار دیا جائے ۔ تاکہ جائداد بنانے والوں کی حوصلہ افزائی ہو اور ملک میں تعمیرات کا سلسلہ شروع ہو جائے ۔ اور اس سے لوگوں کو روزگار مہیا ہو ۔

جناب والا ۔ صنعتی شہروں میں بجلی کی بہم رسانی بہت ناکافی ہے ۔ آپ جانتے ہیں کہ آج کل صنعتی ترقی کے لئے بجلی کی بہم رسانی کس قدر ضروری ہے ۔ بعض مقامات پر فالتو بجلی کے generators کافی تعداد میں بیکار پڑے ہیں ۔ بجلی کے نہ ملنے سے چھوٹی چھوٹی صنعتوں پر برا اثر پڑتا ہے ۔ حکومت کو چاہیئے کہ ان کی ترویج کے لئے بجلی مہیا کرنے کا جلد از جلد بندوبست کرے ۔ اور فالتو generators کو صنعتی قصبات میں نصب کرکے بجلی پیدا کرنے کا بندوبست کر دے ۔ افسوس ہے کہ ہماری حکومت نے صوبہ میں بیماری ، جہالت ، بھوک ، افلاس اور بیکاری کا کماحقہ ، استیصال نہ کرکے نا قابل معافی کوتاہی اور تغافل سے کام لیا ہے ۔

جناب والا ! ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی تحریک تخفیف پیش کرتا ہوں ۔

Mr. Speaker: The question is :

That the item of Rs. 72,000 on account of (*i*) Ministers—Total Pay of Officers (Voted be omitted.

The motion was lost.

Maulvi Muhammad Islam-ud-Din: (Multan, XIII, Muslim, Reserved Seat) : Sir, I beg to move—

That the item of Rs. 72,000 on account of (*i*) Ministers—Total-Pay of Officers (Voted be reduced by Rs. 71,000.

جناب والا ۔ میں آپ کی وساطت سے اس معزز ایوان کو یہ بتا دینا چاہتا ہوں کہ تعلیم فی نفسہہ بہترین چیز ہے ۔ تعلیم کے متعلق قرآن شریف بیان فرماتا ہے ۔

قل ھل یستوی الاعمی والبصیر ۔ افلا تذکرون ۔

یعنی جاننے والے اور نہ جاننے والے برابر نہیں ہوا کرتے۔

دوسری جگہ سنت رسول میں لکھا ہے ۔

اطلب العلم و لوکان بالسین۔

یعنی تعلیم کے حصول کے لئے خواہ کتنا دور کا سفر ہی کیوں نہ کرنا پڑے اور خواہ چین کے ملک اور اس سے بھی دور دراز علاقے میں جانا پڑے تحصیل علم کے لئے ہمیں انتہائی کوشش کرنی چاہیئے ۔

جناب والا ۔ تحصیل علم کوئی مشکل چیز نہیں ۔ یہ تو بہترین چیز ہے جس کے لئے ہمیں ہر حالت میں کوشش کرنی چاہیئے ۔ پھر بہترین علم وہ ہے جس سے مزیّن اخلاق اور اخلاقی اقدار پیدا ہوں ۔ علاوہ ازیں جو لوگ بر سر اقتدار آئیں اور جن لوگوں کے ہاتھ میں عنان حکومت ہو ۔ اگر وہ صالح تعلیم سے مزیں ہوں تو وہ حکومت بہترین حکومت ہوتی ہے ۔ اور عوام کے لئے ایک نمونے کی حکومت ہوا کرتی ہے ۔

جناب والا ۔ میں صرف اس تعلیم کے متعلق جس کے لئے اس بجٹ یعنی میزانیے میں پانچ کروڑ روپے کی ایک گرانقدر رقم رکھی گئی ہے کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ میرا مقصد اس کی مخالفت کرنا نہیں جیسا کہ میں نے ابھی عرض کیا تعلیم فی نفسہہ اسلامی اور اخلاقی اعتبار سے ۔ غرض ہر لحاظ سے اچھی چیز ہے۔ لیکن وہ تعلیم جس کے لئے آپ نے اس میزانیے میں پانچ کروڑ سے بھی زائد رقم رکھی ہے میرے نزدیک کسی طرح بھی قابل تحسین نہیں ۔ یہ پانچ کروڑ سے زائد رقم جو آپ کے ہاتھوں میں ایک قومی امانت ہے ۔ اگر یہ نہایت دیانتداری سے خرچ نہ کی گئی

اور اس مصرف میں نہ لائی گئی جس کے لئے اسے مخصوص کیا گیا ہے۔ تو میں جناب کی وساطت سے یہ امر واضح کر دوں کہ اس صورت میں یہ امانت میں خیانت کرنے کے مترادف ہوگی۔ اور جناب والا۔ آپ کو معلوم ہے کہ خائن کے لئے بہت برا ٹھکانا ہے۔

جناب والا ۔ میں یہ بھی عرض کر دینا ضروری سمجھتا ہوں کہ ہمارے مروجہ نظام تعلیم میں جس پر کروڑوں روپیہ خرچ کیا جاتا ہے در اصل تہذیب یورپ پنہاں ہے۔ ہمیں ایسی تعلیم کے تصور سے بچنا چاہیئے جو ہمیں ہر لحظہ پستی اور قعر مذلت کی طرف دھکیلے اور وہ اخلاق رزیلہ پیدا کرے جو انسان کو انسانیت کی بلندیوں اور بام عروج سے حیوانیت کی طرف لے جائے۔ میرے نزدیک ایسی تعلیم سے جہالت بہتر ہے۔

جناب والا ۔ میں اس تعلیم کے متعلق بھی کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں جسے بانی اسلام حضور سرور کائنات نے انسان کا جزو اعظم قرار دیا ہے۔ میں اس تعلیم کا ذکر کرنا چاہتا ہوں جسے رسول اللہ صلی علیہ وسلم کے سامنے دوزانو بیٹھکر حضرت ابوبکر صدیق۔ حضرت عمر فاروق۔ حضرت عثمان غنی اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے حاصل کیا۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیم وہ بہترین تعلیم ہے جس سے وہ مزین اخلاق پیدا ہوئے جنہیں ہم تمام دنیا کے سامنے پیش کر چکے ہیں اگر آج وہی اخلاق ہمارے اندر اور ہمارے ماحول میں پیدا ہو جائیں تو ہم ساری دنیا میں ایک ایسا انقلاب پیدا کر دیں جو صحیح معنوں میں اسلامی شان کا انقلاب ہو اور جس سے اخلاقی حالت بھی درست ہو جائے۔ اگر اس قسم کا ماحول پیدا ہو جائے تو جناب والا۔ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ آپ کی حکومت بھی ایک نمونہ کی حکومت ہوگی۔

جناب والا۔ اس ضمن میں میں ایک اور چیز بھی عرض کر دوں۔ وہ یہ کہ تعلیم کی بدولت تعلیمی ترقی سے اور تعلیم کی خوبصورتی سے مزین ہونے کے بعد انسان کو مختلف درجوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے حتٰے کہ حکومت کے دفتروں میں بھی درجے ہوتے ہیں۔

آج ہمارے سامنے ہائی کورٹ کا دفتر ہے جو فسٹ کلاس ہے اور لاٹ صاحب کا دفتر ہے جس کو فسٹ کلاس کا درجہ دیا گیا ہے۔ لیکن اسمبلی کے دفتر کو فسٹ کلاس کا درجہ نہیں دیا گیا۔ باوجود اس کے کہ اس کی ہر چیز اعلیٰ ہے۔ اس کے فرش اعلیٰ ہیں۔ یہاں کی ٹٹیاں کتنی خوبصورت ہیں خصوصاً وزراً کی ٹٹیاں کتنی اعلیٰ ہیں۔ یہاں قالین ہیں

غالیچے ہیں مگر یہاں کے کلیریکل سٹاف اور سپرنٹنڈنٹس کو وہ درجہ اصل نہیں جو لاٹ صاحب کے دفتر کے کلرکوں اور سپرنٹنڈنٹوں کو حاصل ہے۔ جناب والا۔ اس ہاؤس میں جناب قائد ایوان سے جو صوبہ کے نظم و نسق کے کلیتاً مالک ہیں آپ اونچے درجہ پر بیٹھتے ہیں۔ یہاں جناب والا کے چغہ کی تعظیم ہوتی ہے اور اسے اٹھا کر آپ کو کرسی صدارت تک پہنچایا جاتا ہے آپ قانون ساز اسمبلی کے صدر ہیں اور پھر جو کچھ آپ فرماتے ہیں ہمیں آپ کی ہر بات ماننا پڑتی ہے۔

صاحب سپیکر : آپ میرے متعلق کچھ نہیں کہہ سکتے۔

مولوی محمد اسلام الدین :حضور والا۔لیکن میں حیران ہوں کہ ان باتوں کے باوجود آپ کے دفتر کو فسٹ کلاس کا درجہ نہیں دیا گیا۔ اس لئے میری گذارش یہ ہے کہ اس دفتر کو وہی درجہ دیا جائے جو لاٹ صاحب کے دفتر کو حاصل ہے۔ حالانکہ تعلیم میں، تہذیب میں، تعظیم میں اور کارکردگی میں یہ دفتر بہترین ہے۔

اس کے بعد میں یہ عرض کروں گا کہ ہمارے صوبہ میں قرآن اور سنت کے مطابق اسلامی تعلیم دینے کے لئے کوئی مدرسہ نہیں۔ دیو بند۔ سہارنپور اور دھلی میں ایسے مدرسے ہیں جہاں قرآن و حدیث کی تعلیم دی جاتی ہے۔ انگریزوں کے زمانہ سے وہاں لوگ اسلامی تعلیم پاتے ہیں۔ لیکن اب جبکہ ایک اسلامی ملک معرض وجود میں آ گیا ہے جس کو ہم نے خون کی ندیوں سے سینچا ہے اور اتنی محنت سے سر سبز و شاداب کیا ہے۔ اس ملک میں سرکاری طور پر کوئی ایسا ادارہ قائم نہیں کیا گیا جس میں قرآن و حدیث کے مطابق تعلیم دی جائے۔

پھر جناب والا۔ یہ عرض کروں گا کہ اس وقت جو طریقہ تعلیم اختیار کیا گیا ہے وہ غریبوں کے لئے بہت مہنگا ہے کیونکہ ہرسال نصاب تعلیم بدل جاتا ہے اور کتابوں کی خرید پر بہت خرچ ہوتا ہے پہلے اگر ہمارے بچہ کے لئے کوئی قاعدہ ایک آنہ میں ملتا تھا تو اب وہی قاعدہ آٹھ آنہ میں ملتا ہے۔ اس طرح تعلیم کے اخراجات اتنے بڑھ گئے ہیں کہ کوئی غریب آدمی برداشت نہیں کر سکتا۔

جناب والا ۔ میں اس سلسلے میں اخبار ''نوائے وقت،، کا ایک اقتباس جناب کی وساطت سے اس معزز ایوان میں پڑھتا ہوں۔

''پاکستانیوں نے پاکستان بننے کے بعد کتنے تبلیغی مشن باہر بھیجے۔ مشن کا قیام نہ سہی ممالک غیر میں اسلام کا پیغام پھیلانے

کے لئے کوئی اور قدم اٹھایا۔ قرآن کریم اور احادیث رسول کی نشر و اشاعت کے سلسلہ میں کوئی ادارہ قائم کیا۔ دس پانچ ہزار کی حقیر رقم ہی سہی۔ بہر حال حکومت ادبی کتابوں و بزم اقبال جیسی چیزوں پر انعام دیتی ہے قرآن و سنت کی اشاعت کے لئے کوئی بورڈ یا فنڈ قائم کیا ہے۔ بیرون ملک کی بات چھوڑیئے۔ اندرون ملک میں ہی گزشتہ سات سالوں میں کوئی تبلیغی و تعلیمی انجمن معرض وجود میں آئی ہو۔ عیسائی مشنوں کے نمونہ پر کوئی سکول یا کالج قائم کیا گیا ہو۔ عیسائی مشنریوں کی طرح مسلمان مبلغین کی تعلیم و تربیت کے لئے کسی ادارے کی بنیاد رکھی گئی ہو۔ اس معاملہ میں کوئی عملی قدم ہی اٹھایا جاتا ہمیں بتلایا جائے۔ اپوا اور اسی طرح کے نیم سرکاری ادارے بھی سرکار کی سر پرستی میں چل رہے ہیں اور حکومت نے سات سال میں مختلف فنڈوں کے ذریعہ کروڑوں روپیہ عوام سے چندے کی صورت میں وصول کیا ہے۔ اگر نیت ہو تو اسلام کی تعلیم یعنی قرآن و سنت کی تعلیم کے لئے بھی بہت کچھ ہو سکتا ہے سرکاری خزانہ سے نہ سہی عوام سے پندہ لیکر ہی اسلام کے نام پر کوئی مشن کوئی ادارہ قائم کرنے کی کوشش کی گئی ہو۔ اگر اعمال نامہ بالکل کورا ہے تو پھر ہر تقریر میں قرآن و سنت کی تعلیم کا نام لینے سے کیا فائدہ ؟

صاحب سپیکر : آپ اخبار کا والہ دے سکتے ہیں مگر اس طرح پڑھ نہیں سکتے۔

مولوی محمد اسلام الدین :جناب والا۔ یہ ایک تلخ حقیقت ہے کہ صوبہ پنجاب کی حکومت اور وزارت تعلیم نے اسلام اور بانی اسلام کی تعلیم و تربیت کی نشر و اشاعت اور اس کی ترقی کے لئے کوئی بھی عملی قدم نہیں اٹھایا۔ اور نہ ہی بجٹ میں کوئی قلیل سے قلیل رقم رکھی ہے بلکہ غیر اسلامی چیزوں کی ہمت افزائی کی جا رہی ہے۔ اگر کوئی شخص اسلامی اقوال و افعال پیش کرتا ہے تو اس کا تمسخر اڑایا جاتا ہے۔ جن کے ہاتھ میں عنان حکومت ہے وہ بے حسی و بے اعتنائی کا شکار ہو رہے ہیں۔ ان سے جناب والا۔ قیامت کے دن باز پرس ''کل کلکم راع و حکم مسول عن رعیتہ،، کی بنا پر ہوگی۔ اور وہ خدا اور رسول کے سامنے جوابدہ ہوں گے۔

دوسری بات میں یہی پنچائتوں کے متعلق عرض کرنا چاہتا ہوں جن کے ذریعہ سے سر پنچ کسی ذاتی دشمنی یا کسی قسم کی رقابت کی وجہ

سے جو اپنی یا ان کے کسی رشتہ دار کی کسی شخص سے ہو اپنے اختیارات کو استعمال کرتے ہوئے دوسروں کو نقصان پہنچاتے ہیں ۔ مثال کے طور پر میں چک نمبر ۳۲ کی پنچائت کے متعلق عرض کرتا ہوں ۔ ایک شخص نے اس پنچائت کے پاس کسی کے خلاف دعویٰ کیا تو وہ دعویٰ اس پنچائت سے ہٹا کر ایک دوسری پنچائت کے سپرد کر دیا گیا ۔ اسی طرح ڈیرہ غازی خاں میں ہوا ۔ پھر یہ مشکل ہے کہ کسی پنچائت کے فیصلہ کے خلاف اپیل نہیں ہو سکتی تاکہ کوئی شخص عدالت میں جا کر ڈگری اصل کر سکے ۔

ایک آنریبل ممبر : ڈپٹی کمشنر کے پاس ہو سکتی ہے ۔

مولوی محمد اسلام الدین : اگر ڈپٹی کمشنر کے پاس ہو سکتی ہے تو وہ لوگ جو تعلیم یافتہ نہیں ہیں انہیں اس بات کا علم نہیں کیونکہ تعلیم بالغاں کا کوئی بندوبست نہیں کیا گیا ۔ اس لئے میں یہ چاہتا ہوں کہ پنچائتوں کو ختم کر دیا جائے اور حکومت کے پاس ہی ان حقوق کو رہنے دیا جائے ۔ ہمیں حکومت پر کلیتا اعتماد ہے ۔ اس سے کم از کم یہ تو ہو سکیگا کہ ہم عدالت میں جا کر اپیل کر سکیں گے ۔ جناب والا ۔ ڈسٹرکٹ بورڈ کے الیکشن کے سلسلہ میں میں چک نمبر ۲۱ کے سر پنچ کی ایک مثال دیتا ہوں ۔ وہ پہلے ایک معمولی کلرک تھا لیکن سیاسی اقتدار حاصل کرکے وہ سر پنچ بن گیا ہے ۔ ان حالات میں میری گذارش ہے کہ اس پنچائتوں کو فی الفور ختم کر دیا جائے اور ان سے یہ حقوق لے لئے جائیں ۔

تیسری بات میں مجسٹریٹوں کے انتظام کے متعلق عرض کرنا چاہتا ہوں اور میں ایوان کو بتا دینا چاہتا ہوں کہ مجسٹریٹ چونکہ عدل و انصاف کے مالک ہیں ۔ اس لئے ان کا طریق کار ایسا ہونا چاہیئے جس پر ہم کلیتاً اعتماد اور بھروسہ کر سکیں ۔

پھر جناب والا—کارکنوں کے ہاتھ سے جو چیز منظر عام پر آتی ہے اور انتظامی معاملات میں جو ان کا دخل ہے اس کو ثابت کرنے کے لئے میں ایک واقعہ آپ کی خدمت میں پیش کرتا ہوں ۔ ایک شخص لودھراں کا رہنے والا ہے ۔ اسے کوئی خبر نہیں کہ اس کے خلاف کیا مقدمہ ہے ۔ اسے جناب والا وارنٹ گرفتاری پہنچتے ہیں اور یہ حکم ہوتا ہے کہ وہاڑی مجسٹریٹ صاحب کی عدالت میں پیش ہو ۔ اس نے وکیل کیا ۔ وکیل صاحب نے مثل معائنہ کے لئے طلب کی ۔ اگر کوئی

مثل موجود ہوتی تو معائنہ ہوتا ۔ مگر عدالت میں ایسی کوئی مثل موجود نہ تھی ۔ وہ شخص کلرک کے پاس گیا اور اس سے پوچھا کہ کیا میری کوئی مثل آپ کے پاس ہے ؟ کلرک نے جواب دیا کہ تم مجھے پندرہ روپے دے دو میں تمہاری مثل کا خاتمہ کردوں گا ۔ اس شخص نے غالباً اسے روپیے دیدئیے ۔ کلرک نے اس وارنٹ گرفتاری کو لیکر جس پر کہ مجسٹریٹ صاحب کے دستخط تھے پھاڑ ڈالا اور اسے پھینک دیا ۔ پاس ہی ایک من چلا آدمی کھڑا تھا ۔ اس نے ان ٹکڑوں کو اکھٹا کیا اور جوڑ کر ڈپٹی کمشنر ملتان کی عدالت میں لے گیا اور اس سے انصاف کا طالب ہوا ۔ تو جناب والا ڈپٹی کمشنر صاحب نے انکوائری کے لئے اسے واپس مجسٹریٹ وہاڑی کے پاس بھیج دیا ۔ جب یہ کاغذ وہاں پہنچا تو راتوں رات چک ہ ڈبلیو ۔ بی کے سر پنچ کے پاس پہنچے اور اس شخص کے خلاف ایک چوری کا مقدمہ بنایا گیا ۔ حالانکہ لودھراں میں پولیس موجود تھی ۔ وہاڑی میں پولیس موجود تھی مگر سر پنچ سے یہ مقدمہ بنوایا گیا ۔ اب اس کی مثل بھی بن گئی ہے اور وہ کاغذ بھی مثل پر لگ گیا ہے ۔

صاحب سپیکر : آپ کا وقت ختم ہو گیا ہے ۔

مولوی محمد اسلام الدین : آخر میں میں حکومت کی خدمت میں یہ عرض کرونگا کہ وہ اس چیز کی درستی کرے ۔ اور میں اپنی کٹ موشن واپس لیتا ہوں ۔

(ایوان کی اجازت سے تحریک تخفیف واپس لے لی گئی)۔

خواجہ حافظ غلام سدید الدین (ڈیرہ غازی خان نمبر ۷ ۔ مسلم) :

Sir, I beg to move :

That the item of Rs. 72,000 on account of (i) Ministers Total Pay of Officers (Voted) be reduced by Rs. 20,000.

جناب والا : ترقیات کا محکمہ پہلے بھی تھا اور اس محکمہ کا ایک منسٹر پہلے بھی تھا لیکن یہ بات سمجھ میں نہیں آتی کہ آپ نے اب ایک علیحدہ منسٹر اس محکمہ کے لئے کیوں تعینات کر دیا ہے ۔ میں اس سلسلہ میں جناب کی وساطت سے یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ اس محکمہ کا پہلے جو منسٹر تھا اس میں کیا کمی تھی ؟ کیا یہ مد پہلے موجود نہ تھی ؟ اب جبکہ موجودہ وزارت آخری سانس لے رہی ہے اور اس کی ۵ سالہ معیاد بھی ختم ہو رہی ہے تو اس وقت اس منسٹر کی نا جائز برآمد کی کیا ضرورت تھی ۔ وہ ماشا اللہ بڑے سمجھدار ہیں ۔ میں ان کو نا اہل نہیں کہتا

میرے دل میں ان کی بڑی عزت ہے ۔ جناب والا ۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ محکمہ پہلے بھی تھا اور اب بھی ہے ۔ پہلے بھی اس محکمہ کا ایک وزیر تھا اور اب بھی ہے لیکن یہ سمجھ میں نہیں آتا کہ ایک علحیدہ وزیر تعینات کرنے سے صوبہ میں کونسی ترقی ہو گئی ہے ؟ سوائے اس کے کہ وزارت کی ایک مد زائد ہو گئی ہے ۔ ہفت آسمان پہلے بھی موجود تھے اور ہفت جنات بھی پہلے موجود تھی ۔ اب کس ضمن میں آپ نے اضافہ کیا ہے اور کیا نئی ترقی ہوئی ہے ۔ یا جنت الفردوس ہے سوائے اس کے کہ پہلے سات وزیر تھے اور اب ۸ ہو گئے ہیں ۔ ۸ کا ہندسہ نہایت منحوس ہندسہ ہے ۔ جیسا کہ جہنم کا لفظ منحوس ہے اسی طرح یہ ہندسہ بھی منحوس ہے ۔ اگر آج آپ سرکاری بینچوں میں یہ مشتہر کر دیں کہ ایک منسٹر کی ضرورت ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ کئی مجنون وزارت ایسے نکل آئینگے جو اس لیلی کو خریدنے کے لئے تن من دھن خرچ کر دیں ۔ اگر آپ یہ اعلان کر دیں کہ وزارت حاصل کرنے والا اتنی رقم خزانہ میں داخل کرے تو میرے خیال میں حکومت کے خزانہ میں بے حساب روپیہ جمع ہو جائیگا ۔ جناب والا ۔ میری یہ عرض ہے کہ اگر انہوں نے اس وزارت کو ہی خریدنا تھا تو وہ اسے اپنی گرہ سے خریدتے ۔ اور کہتے ۔

یوسف خریدہ ایم چہ ارزاں خریدہ ایم ۔

گر ایں سودا بجاں بودے چہ بودے ۔

میں یہ عرض کرتا ہوں کہ آخر اس ترقیاتی محکمہ نے کیا کام کرکے دکھایا ہے ۔ اور ہمارے پس ماندہ علاقے کی ترقی کے لئے کیا کیا گیا ہے ؟

جناب والا — اس مرتبہ جو بجٹ پیش کیا گیا ہے وہ بھی میرے خیال میں کوئی تسلی بخش بجٹ نہیں ہے ، اس کو کسی آزاد ملک کا بجٹ نہیں کہا جا سکتا ۔ بجائے اس کے کہ بجٹ میں کم اخراجات دکھائے جاتے اور زیادہ اخراجات اس میں شامل کر لئے گئے ہیں ۔ جہاں تک منسٹر صاحبان کی تنخواہوں کا تعلق ہے ان میں ایک مزید منسٹر کی تنخواہ کا اضافہ کر دیا گیا ہے اور وہ نئے منسٹر ہمارے معزز رانا صاحب ہیں ۔ جو سامنے براجمان ہیں (ایک آواز) وہ بڑے خوش قسمت ہیں ۔

حافظ خواجہ غلام سدیدالدین — رانا صاحب تو پہلے بھی بڑے خوش قسمت انسان ہیں کیونکہ رانا صاحب کے پیچھے بہت زمین ہے (ایک آواز ۔ رانا صاحب کے پیچھے بہت زمیں ہے اس کا کیا مطلب ہے ؟) میرا مطلب یہ ہے کہ وہ اللہ کے فضل و کرم سے بہت بڑے زمیندار ہیں

اور بڑے دولتمند ہیں۔ مناسب تو یہ تھا کہ وہ اپنی دولت سے جو پہلے سے ان کے پاس موجود ہے کچھ روپیہ نیک کاموں پر صرف کرتے۔ صدقہ اور خیرات کرتے۔ مگر انہوں نے مناسب یہی سمجھا کہ گورنمنٹ کے خزانہ پر اپنا بوجھ بھی ڈال دیا جائے۔ یہ تو ھل من مزید والا معاملہ ہے۔ انسان کی حرص کبھی بھی پوری نہیں ہوتی۔

صاحب سپیکر — آپ غیر متعلقہ باتیں نہ کریں۔

حافظ خواجہ غلام سدیدالدین — جناب والا — اس معاملہ کے مالہ و ما علیہ پر روشنی ڈالنا نہایت ضروری ہے۔ ان تشریحات کے بغیر تو مقصد ہی فوت ہو جاتا ہے۔

ہر چند ہو مشاہدہ حق کی گفتگو
بنتی نہیں ہے ساغر و بادہ کہے بغیر۔

(ہنسی اور قہقہہ)

جناب والا میں وزیر ترقیات سے نہایت ادب کے ساتھ پوچھتا ہوں کہ وہ ذرا یہ تو بتائیں کہ انہوں نے وزیر بننے کے بعد کتنے نئے ترقی کے منصوبے تیار کئے ہیں اور جو ترقی کے منصوبے ان کی تقرری سے قبل بن چکے تھے ان میں کتنی ترقی ہوئی ہے۔ مجھے یقین ہے کہ ان کے پاس اس کا کوئی جواب نہیں ہے۔ جب کوئی نیا منصوبہ تیار نہیں کیا گیا اور نہ ہی پہلے منصوبوں میں کچھ مزید ترقی ہوئی ہے تو میری سمجھ میں نہیں آتا کہ رانا صاحب کی تقرری سے صوبہ کو کیا فائدہ پہنچا ہے۔ اسی لئے جناب والا میں نے یہ کٹ موشن پیش کر کے استدعا کی ہے کہ ان کی تنخواہ کو حذف کر دیا جائے کیونکہ جس مقصد کے لئے انہیں رکھا گیا تھا وہ تو پورا ہوتا نظر ہی نہیں آتا۔ اگر یہ وزیر صاحب کوئی ایسا منصوبہ پیش کرتے جس پر عمل درآمد کرنے سے پاکستان کے خزانہ کو کوئی فائدہ پہنچنے کی توقع ہوتی تو ہم سب کو خوشی ہوتی۔ مگر افسوس کہ ان کی طرف سے ایسا کوئی منصوبہ پیش نہیں کیا گیا۔

جناب والا — میں معزز رانا صاحب پر کوئی ذاتی حملہ نہیں کر رہا ہوں اور نہ ہی ایسا کرنے کی میری کوئی خواہش ہے۔ میری نظروں میں ان کی بڑی عزت ہے۔ وہ ہمارے رفیق کار رہے ہیں اور اب بھی میں سمجھتا ہوں کہ وہ ہمارے رفیق کار ہیں۔ وہ تو ہمارے محبوبین میں سے ہیں (ہنسی اور قہقہے)۔

ایک آواز آپ کے محبوبین میں سے ہیں اسکا کیا مطلب ہے؟

حافظ خواجہ غلام سدیدالدین — جناب والا میں یہ سب کچھ اس لئے عرض کر رہا ہوں کہ چونکہ یہ ایک اسلامی ملک ہے اور اس ملک کا خزانہ بھی اسلامی خزانہ ہے لہذا جو بات مرغوب ہے - ہمیں اس پر ناجائز بوجھ نہیں ڈالنا چاہئے، ان گذارشات کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں -

وزیر اعلیٰ (عزب مآب ملک فیروز خان نون) جناب والا — میں نے حضرت خواجہ صاحب کی تقریر بڑے غور اور دلچسپی کے ساتھہ سنی - انہوں نے جنت اور جہنم کے متعلق جو ارشادات فرمائے ہیں میں ان کے بارے میں کچھہ نہیں کہنا چاہتا کیونکہ وہ ہمارے روحانی رہنما ہیں اور ان چیزوں کو وہ ہم سے بہتر جانتے ہیں - حضرت خواجہ صاحب نے لیلیٰ مجنوں کا بھی ذکر کیا ہے - اس کے متعلق بھی میں کوئی جواب دینے سے قاصر ہوں کیونکہ اس قصے کے متعلق ان کا علم میرے علم سے یقیناً زیادہ ہے اور تونسہ شریف میں ان کو ایسی کتابوں کے پڑھنے کا کافی موقعہ مل جاتا ہے - اس کے بعد خواجہ صاحب نے فرمایا کہ ہمارے معزز دوست رانا صاحب کے پیچھے بہت زمیں ہے - مجھے تو اس کے متعلق کوئی واقفیت نہیں ہے - خواجہ صاحب اس سلسلے میں بھی مجھہ سے بہتر جانتے ہیں - باقی رہا یہ سوال کہ Development Minister ہونا چاہئے یا نہیں - اس سلسلے میں میں بڑے ادب کے ساتھ گذارش کرونگا کہ یہ سوال آپ کے علم سے باہر ہے آپ اس چیز کو نہیں جانتے - اگر اجازت ہو تو میں حضور کی خدمت اقدس میں اپنے ناچیز خیالات کا اظہار کردوں - جس سے آپ سمجھہ جائیں گے کہ ایک مزید منسٹر کیوں رکھا گیا ہے - آپ سب حضرات کو علم ہے کہ پہلے فوڈ منسٹری میرے پاس تھی - چونکہ یہ منسٹری بڑی اہم ہے اس لئے میں نے یہ ضروری سمجھا کہ اسے کسی اور منسٹر کے سپرد کر دیا جائے - یہ اس لئے بھی الگ کرنی پڑی کہ میں نے خیال کیا کہ چیف منسٹر کی حیثیت سے میرے پاس کم سے کم portfolios ہونے چاہئیں کیونکہ مجھے Legislation کے کام میں اور صوبے میں پھر کر سب حالات کو اپنی نظروں سے دیکھنے کے لئے کافی وقت کی ضرورت ہوتی ہے - لہذا ڈیڑھ سال کے بعد اس محکمہ کے لئے ایک الگ وزیر رکھہ لیا گیا اور میری رائے میں ہمیشہ کے لئے یہ Portfolio ایک الگ وزیر کے سپرد رہنا چاہئے آپ سب حضرات کو خوبی علم ہے کہ سنٹرل گورنمنٹ نے بھی ایک الگ فوڈ منسٹر رکھا ہوا

ہے۔ پچھلے دنوں اس محکمہ نے قریباً قریباً ۵۰ کروڑ روپیہ کی خرید و فروخت کا کام کیا۔ اس محکمہ پر کوئی ۵۰ یا ۶۰ لاکھہ روپیہ خرچ ہوتا تھا مگر اب اس کے اخراجات میں بہت کمی کر دی گئی ہے۔ جہاں تک فوڈ کا تعلق ہے ہم کو گندم کی خرید و فروخت بہت حد تک کرنی ہی پڑیگی تاکہ ہمارے شہروں میں تمام سال گندم کی تقسیم ایک ہی قیمت پر ہو سکے۔ اس طرح لوگوں کو فوڈ کے سلسلے میں کسی پریشانی کا سامنا نہیں کرنا پڑے گا۔ ان تمام حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے ایک نیا منسٹر رکھا گیا ہے اور میں نے فوڈ کا محکمہ ان کے سپرد کر دیا ہے۔ میری یہ بھی کوشش ہے کہ اگر ممکن ہو سکے تو Law and Order اور Finance کے دونوں محکمے الگ الگ منسٹروں کے سپرد کر دئے جائیں۔ اس طرح مجھے دوسرے نہایت ہی اہم کاموں میں زیادہ حصہ لینے کا موقعہ مل سکے گا۔ حضور والا — اس کے علاوہ بجلی کا محکمہ ہے۔ آپ سب بخوبی واقف ہیں کہ یہ بڑا اہم محکمہ ہے۔ اس محکمہ پر ہمارا ۶۳ کروڑ روپیہ Invested ہے۔ پانچ چھہ سال سے بہت سی مشینیں ہمارے صوبہ میں باہر ہی پڑی ہوئی ہیں جو ابھی تک لگائی ہی نہیں جا سکیں۔ مثلاً لائلپور میں ہی بہت سی مشینیں باہر پڑی ہوئی ہیں جن کو ابھی تک نہیں لگایا جا سکا۔ یہ کام اس لئے نہیں ہو سکا تھا کہ محکمہ بجلی کی دیکھہ بھال کے لئے کوئی علیحدہ وزیر نہ تھا۔ اس کے علاوہ بجلی کی بڑی بڑی سکیمیں بن رہی ہیں اور امید ہے کہ تھوڑے عرصہ میں اس سلسلہ میں بہت سی Development ہو جائے گی۔ یہ محکمہ پہلے وزیر تعمیرات عامہ کے ماتحت تھا اب یہ محکمہ بھی ان سے لیکر نئے وزیر صاحب کے سپرد کر دیا گیا ہے۔ ایسا کرنے سے وزیر تعمیرات کو Irrigation کے Portfolio کی طرف زیادہ توجہ دینے کا موقعہ مل جائے گا۔ Irrigation کا Portfolio نہایت ہی اہم ہے۔ کیونکہ لاکھوں کروڑوں روپیہ کے خرچ سے links تیار ہو رہے ہیں۔ ایک سال پہلے صرف لاہور شہر میں محکمہ بجلی کو دس لاکھہ روپیہ کا خسارہ ہوا تھا۔ مگر اس سال نئے منسٹر کے رکھے جانے سے اور عملہ کارکردگی کی وجہ سے اس محکمہ کو تقریباً ۲۰ یا ۲۵ لاکھہ روپیہ منافع ہوا ہے۔ میرے خیال میں نئے منسٹر کے رکھنے سے جو اتنا بڑا منافع ہوا ہے اس منسٹر کی تنخواہ اس منافع کا عشر عشیر بھی نہیں ہے۔

جناب والا — ایک اور بات جو میں عرض کرنی چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ مرکزی حکومت نے Developments کرنے کے لئے ایک علیحدہ منسٹری

قائم کر رہی ہے جسکا نام Ministry of Economic Affairs ہے ۔ اس منسٹری کے سیکرٹری مسٹر سعید احمد ہیں ۔ جو بھی foreign aid ہمارے صوبہ کو ملتی ہے وہ انہیں کے ذریعہ سے ملتی ہے ۔ ہمارے صوبہ میں اس aid کو خرچ کرنے کے لئے کوئی الگ وزیر نہ تھا ۔ نتیجہ یہ ہوتا تھا کہ U. K. اور U. S. A. کی aid کے سلسلہ میں جب کوئی افیسر پنجاب میں آتا تھا تو اسے یہ پتہ نہیں ہوتا تھا کہ اسے کس منسٹر کے پاس جانا ہے اور اس طرح ان افسران کو بہت دقت کا سامنا کرنا پڑتا تھا ۔ اس دقت کو دور کرنے کے لئے میں نے ضروری سمجھا کہ ایک الگ وزیر ہونا چاہئے تاکہ اس سلسلہ میں جو بھی افیسر پنجاب میں آئے وہ سیدھا اس منسٹر کے پاس جائے ۔ ان تمام حالات کے پیش نظر Development Minister کا رکھنا ضروری اور لازمی تھا ۔

اس لئے منسٹری کی منظوری دی گئی تھی ۔ اور واقعی اس سے بہت فائدہ پہنچا ہے ۔ اور یقیناً اس سے قوم و ملک کو مزید فائد پہنچے گا ۔ یہ تو ایک طرح سے business like کام ہے ۔ اس سے خرچ کی نسبت آمدنی زیادہ ہوگی ۔ اگر خواجہ صاحب business کی رو سے دیکھیں ۔

شیخ محبوب الٰہی — تعویذوں کے business تو وہ بھی کرتے ہیں (قہقہہ) ۔

حافظ خواجہ غلام سیدالدین — تعویذ تو آپکے دماغی علاج کے لئے کئے جاتے ہیں (قہقہے) ۔

وزیر اعلیٰ — بہر حال اس وزارت سے محکمہ کو اور صوبے کو بے حد فائدہ پہنچے گا ۔

Mr. Speaker: The question is—

That the item of Rs. 72,000 on account of (*i*) Ministers—Total Pay of Officers (Voted) be reduced by Rs. 20,000.

The motion was lost.

TRAVELLING ALLOWANCE OF PARLIAMENTARY SECRETARIES

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: (Lyallpur, IX, Muslim): Sir, I beg to move—

That the item of Rs. 3,000 on account of (*i*) Ministers—Travelling Allowance of Parliamentary Secretaries be omitted.

صاحب سپیکر — یہ بھی وہی چیز ہے ۔ آپ تکرار نہ فرمائیں ۔

چودھری محمد افضل چیمہ — حضور والا کی طرف سے مجھے یہ ارشاد ہوا ہے کہ بلا تکرار اس موضوع پر اپنی گذارشات جاری رکھوں ۔

اس قسم کی مسرفانہ اور غیر ضروری آسامیون کے متعلق کسی صاحب نے شعر کہا ہے۔

اونے پونے نصف چوتھائی سکتر دیکھئے
مملکت کے اک بڑے دفتر کے افسر دیکھئے !

حضور والا — بعض دفعہ ایسا ہوتا ہے کہ بعض ایسی آسامیون کے لئے مناسب مستحق اور قابل آدمیون کی تلاش کی جاتی ہے تاکہ وہ اہم آسامیون کو کماحقہ پر کرسکیں اور فرائض منصبی کو احسن طریق سے بجا لائیں۔ بعض اوقات ایسا ہوتا ہے کہ بعض نیازمندون کو provide کرنے کے لئے اور بعض مقربین اور ,, حواریسین ،، کے لئے اور ان کی پرائیویٹ خدمات کے صلے کے طور پر ایسی آسامیان اور عہدے create کئے جاتے ہیں۔

ظاہر بات ہے کہ یہ آسامیان یعنی پارلیمنٹری سیکرٹریون اور پارلیمنٹری پرائیویٹ سیکرٹریون کی آسامیان اس دوسری catagory کے ماتحت آتی ہین۔

اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ جو عہدے حکومت اپنے بعض لوگون کی خوشنودی مزاج کے لئے یا اپنے بعض مواعید کے طور پر create کرتی ہے۔ طرح طرح کے بہانون سے ان کی جیبیں بھرنے کے لئے ان کو خوش کرنے اور خوش رکھنے کے لئے عہدے نکالتی ہے تو حیلون بہانون سے یہ لطائف الحیل انکو خزانہ عامرہ سے گران قدر اور بھاری رقوم دینا چاہتی ہے تو چونکہ یہ رقوم خطیر ان کی ذاتی جیب سے نہیں نکلتین بلکہ عوام کے مال سے نکلتی ہیں تو حکومت کے ارکان خواہ وہ ذاتی طور پر نہایت بخیل اور کنجوس ہوں مگر بصداق حلوائی کی دوکان اور نانا جی .....

وزیر اعلی — حلوائی کی دوکان اور نانی جی کا فاتحہ۔

چودھری محمد افضل چیمہ — حلوائی کی دوکان اور نانا جی یا دادا جی کا فاتحہ بلکہ سارے نانہ ننہیال اور دادھیال کا فاتحہ یہ لوگ یکدم فیاض اور دریا دل بن جاتے ہیں۔ اور روپے کو پانی کی طرح بہا دیتے ہیں۔ پھر یہ نہیں دیکھتے کہ مسافرت دور دراز کی ہے یا ماوراالبحر یعنی سات سمندر پار جانے کی ہے۔ جھٹ اسکے جواز کا فتوی دیتے ہیں پھر یہ استحقاق اور عدم استحقاق کی بحث میں نہیں پڑتے اور ہر جائز و ناجائز چیز کہہ دینے کو روا رکھتے ہیں۔ مثلاً مجھے یاد ہے کہ جب ایک پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب کی مسافرت اور سفر خرچ کے متعلق سوال پوچھا گیا کہ وہ اتنی دور کس فرض منصبی کو سر انجام دینے کے لئے فلاں جگہ تشریف لے گئے تو جواب میں فرمایا گیا کہ وہاں

گورنمنٹ کی فروٹ نرسری - زرعی نرسری اور دیگر کئی قسم کی نرسریز کا معائنہ فرمانے گئے تھے اور پھر جب press کیا گیا تو ,, دروغ گورا حافظہ بنا شد ،، کے بصداق نادانستہ طور پر ان کی زبان سے بے ساختہ کچھہ ایسی بات نکل گئی جس کا حاصل بس یہی تھا کہ آنجناب محض سیر و سیاحت کی غرض سے تشریف لے گئے ہوئے تھے (قہقہہ) اور حضور والا - حیرت ہوئی ہے کہ یہ لوگ بالا لتزام ایسا کرتے ہیں - ان کا عقیدہ ہے -

,, لذت صحرا نوروی دوری منزل میں ہے،،

لہذا یہ لوگ دور دراز مقامات کا دورہ کرتے ہیں -

وزیر تعمیرات عامہ — آخر دور دراز مقامات پر بھی کسی نہ کسی کو تو جانا چاہئے -

چودھری محمد افضل چیمہ - (جاری) اور انہوں نے یہ کوشش کی ہے کہ ان کی منزل دور دراز مقامات پر ہو کیونکہ جتنی منزل دور ہو گی اور بعید از مقامات پر ہوگی اسی نسبت سے ان کی جیب میں زیادہ ٹی — اے کی شکل میں رقم داخل ہوگی -

صاحب سپیکر — اس وقت ٹی - اے زیر بحث نہیں ہے - آپ نے اپنی تحریک میں لکھا ہے -

To discuss the failure of the Parliamentary Secretaries to perform their duties honestly and efficietly.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: No, Sir. I have moved that the item of Rs. 3,000 on account of (i) Ministers-Travelling Allowance of Parliamentary Secretary be omitted in order to discuss the failure of the Parliamentary Secretaries to perform their duties honestly and efficiently and the unnecessary expenditure incurred by Government on this account.

Mr. Speaker: You want to discuss the failure of the Parliamentary Secretaries to perform their duties honestly and efficiently otherwise you could have simply put the motion to discuss the travelling allowance only.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: No Sir. My object is to discuss the unnecessary expenditure by Government on this account.

(At this stage the Assembly adjourned for Asar Prayers).

The Assembly re-assembled after Asar Prayers.

چودھری محمد افضل چیمہ - حضور والا جب اجلاس ملتوی کیا گیا تھا اس وقت Allowonces Travelling کا مسئلہ زیر بحث تھا - اور میں حضور کی اجازت اور وساطت سے پارلیمنٹری سیکرٹری حضرات کے سفر خرچ کے متعلق کچھہ عرض کرنا چاہتا تھا میں یہ عرض کر رہا تھا کہ یہ حضرات شمع وزارت کے

پروانے ہیں - جب وزراٗ کرام کہیں تشریف لے جاتے ہیں تو ہر جگہ ان کے ساتھہ ہوتے ہیں - ان کے کچھہ فرائض کا تو علیٰ الاعلان ذکر کردیا گیا ہے اور کچھہ نہایت خفیہ اور نجی قسم کے اور مخصوص قسم کے فرائض ہوتے ہیں - اس سلسلہ میں پالیمنٹری سیکرٹری حضرات کا پہلا فرض یہ ہوتا ہے کہ وزراٗ کرام کے استقبال کے لئے مناسب قسم کے انتظامات کئے جائیں وہ سیاسی فضا کو ہموار کرتے ہیں اور بسا اوقات ایسا ہوتا ہے کہ کسی وزیر صاحب کو فرائض بہ حیثیت مسلم لیگی کے یا سیاسی جماعت کے رکن یا کارکن کے انجام دینے ہوتے ہیں وہ اپنے پارلیمنٹری سیکرٹری کے ذریعہ سے انجام دیتے ہیں اور اس طرح بعض اوقات بلکہ بسا اوقات عوام کے لئے دونوں قسم کے فرائض میں حد فاصل معلوم کرنا مشکل ہو جاتا ہے - میں سمجھتا ہوں کہ آنریبل وزراٗ کرام اور آنریبل پارلیمنٹری سیکرٹری صاحبان کے اپنے اذہان بھی سیاسی جماعت کی رکنیت اور اپنے فرائض منصبی کے مابین امتیاز کے متعلق صاف نہیں ہوتے - لہذا جو چیز سب سے زیادہ شکایت کا موجب ہے وہ یہ ہے کہ ان حضرات کو اپنے سیاسی معاملات کو ہموار کرنے کے لئے اور اپنے سیاسی ماحول کو سازگار بنانے کے لئے جو فرائض انجام دینا ہوتے ہیں ان کی انجام دہی کا صلہ اور خدمات کا معاوضہ صوبہ کے عوام سے وصول کرتے ہیں - حالانکہ چاہئے تو یہ تھا کہ وہ کلیتاً مسلم لیگ کے فنڈز سے اپنی خدمات کا معاوضہ پاتے اور وصول کرتے -

حضور والا — میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ''لذت صحرا نوردی دوری منزل میں ہے،، ان حضرات کی یہ کوشش ہوتی ہے کہ جس طرح بھی ہوسکے کوئی نہ کوئی سفر خرچ وصول ہو - جو سفر خرچ ان لوگوں نے وصول کیا ہے اگر آپ اس پر ایک عام نگاہ ڈالیں یا کم از کم وہ جواب زیر غور لائیں جو ان کے سفر خرچ کے متعلق اس ایوان میں دیا گیا ہے تو حضور دیکھیں گے کہ بہ مشکل پانچ یا دس فیصدی ایسے بل ہونگے جن کے جائز ہونے اور ان کی معقولیت پر کوئی اعتراض نہیں کیا جا سکتا - اس کے علاوہ غالب اکثریت ایسے T. A. bills کی ہوگی جو فرضی اور وضعی قسم کے ہون گے - جو اپنے سفر کیلئے بنائے گئے ہیں - اور پھر حکومت کے خزانہ سے روپیہ وصول کرتے ہیں -

Chief Minister: That is an insinuative motive and a very bad thing. You are not the only honest man in the world. The parliamentary Secretaries are just as honourable as you are.

چودھری محمد افضل چیمہ— حضور والا ۔ مجھے اپنی کمزوری کا شدت سے احساس ہے لیکن حضور وزیر اعلیٰ صاحب کی معصومیت کا حسن ظن نہیں ہے کیونکہ حضور کو معصوم تصور کرتے ہوئے شاید ہم آپ کو بشریت سے خالی اور بشری تقاضوں سے دور لے جائیں اور آپ کے سب سے زیادہ شریف اور بزرگ ہونے میں بشریت کو ملحوظ نہ رکھہ سکیں ،

حضور والا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ جب کبھی خصوصیت سے آنریبل مسٹر سی ۔ ای گبن اس معزز ایوان میں دریافت کرتے ہیں کہ فلاں پارلیمنٹری سیکریٹری صاحب فلاں سلسلہ میں مظفر گڑہ تشریف لے گئے اور فلاں پارلیمنٹری سیکریٹری فلاں سلسلہ میں راولپنڈی تشریف لے گئے تو جب یہ سوال کیا جاتا ہے کہ انہوں نے وہاں تشریف لے جا کر کونسے فرائض منصبی سر انجام دیئے اور مفاد عامہ کے وہ کونسے امور تھے جن کی سر انجام دھی کے لئے وہ دورہ پر تشریف لے گئے تو جواب ''آئین ۔ بائین ۔ شائین ،، کے سوا کچھہ نہیں ہوتا ۔ اور اتفاق کی بات ہے کہ آئین کے بعد بھی نون گنا آتا ہے ۔ بائین کے بعد بھی نون گنا آتا ہے اور شائین کے بعد بھی نون گنا آتا ہے ۔ (قہقہہ اور قطع کلامیاں) تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ہم تو گناہ گار ہیں اور ہمیں اپنی کمزوریوں کا اعتراف ہے ۔ لیکن ہر سلسلہ میں ہم حضور کے ارشادات گرامی سننے کے بڑے مشتاق ہیں ۔ ہم آپ کے بیحد مشکور ہونگے اگر آپ ان لا تعداد آسامیوں کے جواز میں لب کشائی فرمائیں اور اس موضوع پر روشنی ڈالیں ۔ **حضور والا** ۔ ہر چیز کے جواز میں بڑے بڑے حیلوں بہانوں اور حیلہ جوئیوں سے کام لیا جاتا ہے اور سامعین بڑی آسانی سے سمجھہ سکتے ہیں کہ لب کشائی کرنے والے کس قدر دقت میں مبتلا ہیں اور ایک غلط بات کو جائز قرار دینے میں انہیں کس قدر مشکلات کا سامنا ہے ۔

Mr. Speaker: The question is—

That the item of Rs. 3,000 on account of (*i*) Ministers —Travelling Allowance of Parliamentary Secretaries be omitted.

The motion was lost.

قاضی مرید احمد ۔ (شاہ پور نمبر ۴ مسلم) ۔

Sir, I beg to move—

That the item of Rs. 3,000 on account of (*i*) Ministers—Travelling Allowance of Parliamentary Secretaries be reduced by Rs. 2,999.

جضور والا ۔ پارلیمنٹری سیکریٹریوں پر جو رقوم خرچ کی جا رہی ہے اس سلسلہ میں دیکھنا یہ ہے کہ کیا پنجاب کا خزانہ عامرہ ہمیں اس امر کی اجازت دیتا ہے کہ درجن بھر پارلیمنٹری سیکریٹریوں کو اس خزانے سے یا ضابطہ تنخواہیں دی جائیں ؟ دوسری بات یہ دیکھنا ہے کہ روپیہ کی کمی کے باوجود کیا ان آسامیوں کی اشد ضرورت ہے ؟ تیسری بات یہ ہے کہ جن حضرات کے ذمہ پارلیمنٹری سیکرٹری شپ کے فرائض لگائے گئے ہیں کیا وہ حضرات ان فرائض کی انجام دھی کے اہل بھی ہیں یا نہیں (قطع کلامیاں) ۔ سب سے پہلی بات تو واضح ہے ۔ اس ہاؤس میں چند دنوں سے اس کے متعلق بہت کچھہ کہا جا چکا ہے ۔ ایک لاکھہ اور تیس ہزار پنجاب کے عوام ملیریا کا شکار ہوکر خدا کو پہنچ جاتے ہیں اور محض رقم کی کمی کی وجہ سے ان کے علاج کا کوئی انتظام نہیں ہو سکتا ۔ ایک پارلیمنٹری سیکرٹری کے ارشاد کے مطابق پنجاب میں ایک لاکھہ اندھوں کی تعداد موجود ہے لیکن ان ایک لاکھہ اندھوں کو سنبھالنے کے لئے ہمارے خزانہ میں کوئی گنجائش نہیں ۔ اپاہجوں اور گداگروں کی فوجیں بازاروں میں پھر رہی ہیں لیکن یہ بہانہ کر کے کہ خزانہ میں روپیہ نہیں ان کے لئے کوئی انتظام نہیں کیا جاتا ۔ آنریبل بیگم جی ۔ اے خان پارلیمنٹری سیکرٹری صاحبہ کے ایک بیان کے مطابق ۱۰ لاکھہ قوم کے بچے آوارہ پھر رہے ہیں اور محض پیسہ کی کمی کی وجہ سے ان کی تعلیم و تدریس کا انتظام نہیں ہو سکا ۔ سڑکوں اور ہسپتالوں کی حالت بہت خراب ہے لیکن روپیہ نہ ہونے کی وجہ سے ان کی طرف توجہ نہیں ہو سکی ۔ مگر جس جسارت کے ساتھہ پارلیمنٹری سیکرٹریوں کی ایک یتیم فوج پالی جا رہی ہے وہ حکومت کے لئے قطعاً وجہ افتخار نہیں ۔ میں نہایت ایمانداری کے ساتھہ اپنے نیک دل چیف منسٹر صاحب سے یہ گذارش کرونگا کہ وہ الگ بیٹھہ کر اپنے دل سے پوچھیں کہ کیا ہمارا خزانہ اس فوج ظفر موج کو پالنے کی اجازت دیتا ہے ؟ کیا ہمیں ان کی ضرورت بھی ہے یا نہیں ؟ پھر جناب والا ۔ اس نکمی فوج کا آخر کام کیا ہے ۔ یہی کہ جب کبھی ہاؤس میں کورم نہ ہو تو وہ کورم پورا کرنے کے لئے دوڑے دوڑے جائیں اور ممبران کو باہر سے بلا کر لائیں ۔ پارلیمنٹری سیکرٹری صاحبان سرکاری خزانہ سے ۱۲ ماہ تنخواہ لیتے ہیں اگر وہ کوئی مفید کام کرتے تو یقیناً میں یہ کٹ موشن پیش نہ کرتا تھا اس لئے کہ کام کرنے والے ذمہ دار حضرات کی ہمارے دفاتر میں بہت زیادہ ضرورت ہے ۔ کہا جاتا ہے کہ برٹش پارلیمنٹ میں بھی پارلیمنٹری

سیکرٹری ہوتے ہیں میں بھی اس بات کو تسلیم کرتا ہوں لیکن وہاں کام بھی سال میں نو مہینے متواتر ہوتا رہتا ہے۔ اگر یہ کہا جاتا ہے کہ آپ بھی نو مہینے کام کریں تو جواب ملتا ہے کہ ''ابھی ابھی آزادی ملی ہے عوام کو آزادی سے روشناس کرانے کے لئے ہمیں دورے کرنے پڑتے ہیں،، ہم دفتر میں اتنا عرصہ کام نہیں کر سکتے قربانت شوم کام کرنے کی طرف متوجہ دلائی جائے تو غلامی کا بہانہ اور اس نکمی فوج کی تخفیف کے لئے کہا جاتا ہے تو برٹش پارلیمنٹ کا والہ دے دیا جاتا ہے۔ گویا حکومت کی چال اس شتر مرغ کی سی ہے جسے اگر پرواز کے لئے کہا جائے تو جواب ملتا ہے کہ میں اونٹ ہوں اور بوجھ اٹھانے کے لئے کہا جائے تو کہتا ہے کہ میں پرندہ ہوں۔ خرد کا نام جنون رکھ دیا ہے جنون کا خرد۔ جو چاہے آپ کا حسن کرشمہ ساز کرے۔ تیسری چیز جس کے متعلق میں کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں یہ ہے کہ کیا پارلیمنٹری سیکرٹری صاحبان جن کو آپ نے اس عہدہ پر فائز کیا ہے وہ اپنا فرض منصبی ادا کرنے کے اہل بھی ہیں یا نہیں؟ معیار انتخاب کے سلسلہ میں میں یہ عرض کرونگا کہ آپ نے جسم اور عقل کے لحاظ سے موٹے موٹے سیکرٹری تعنیات کئے ہیں اگر جسم اور عقل کے موٹاپے کے علاوہ کسی تیسری چیز کو تعنیاتی کا معیار قرار دیا گیا ہے تو وہ انکی دولتمندی ہے۔ جسے دولت اور زمین کے لحاظ سے موٹا دیکھا گیا اسے پارلیمنٹری سیکرٹری بنا دیا گیا تنخواہیں دیکر انہیں اپنے ساتھ رکھنا اس امر کی دلالت ہے کہ چیف منسٹر صاحب پر کم از کم پارلیمنٹری سیکرٹریوں کو قطعاً اعتماد نہیں۔ یہ برخوردار محض چند ٹکوں کے لالچ میں بندھے ہوئے ہیں۔

جناب والا — ایک طرف تو یہ آنریبل Parliamentary Secretaries ہیں اور دوسری طرف ہم ہیں کہ ہمیں قید کیا جاتا ہے۔ ہم پر مقدمے چلائے جاتے ہیں۔ ہماری زبان بندی کی جاتی ہے مگر اس تمام ظلم و ستم کو برداشت کرنے کے بعد بھی ہمارا سر تسلیم خم ہے۔ سر دوستان سلامت کہ تو خنجر آزمائی۔

جناب والا—ہمیں طرح طرح کے حیلوں اور بہانوں سے ذلیل کیا جاتا ہے لیکن ہم پھر بھی انشاءاللہ اپنی پارٹی کا ڈسپلن قائم رکھنے کی خاطر اپنی جماعت کے وقار کو بحال رکھنے کی خاطر پارٹی کا پورا پورا ساتھ دیں گے۔ اگر خدا نے چاہا تو جس وقت تک یہ اسمبلی قائم ہے ہم آپ

کا ساتھہ نہیں چھوڑیں گے اور اپنے کئے ہوئے وعدوں پر قائم رہیں گے۔ جناب والا۔ میں سمجھتا ہوں کہ آنریبل پارلیمینٹری سیکرٹریوں کو جناب چیف منسٹر پر اعتبار نہیں تھا۔ اگر ان کو آنریبل وزیر اعلیٰ پر اعتبار ہوتا اور جناب چیف منسٹر کو ان پر اعتبار ہوتا تو کبھی بھی یہ سیاسی رشوت پیش نہ کی جاتی۔ ویسے اگر ان اصحاب کو خوامخواہ بہلانا ہی مقصود تھا تو ان کو فیکٹریوں میں اور بڑے بڑے کارخانوں میں خفیہ طور پر حصے دے کر بہلایا جا سکتا تھا۔ جس سے قوم کو پتہ بھی نہ چلتا تھا کہ ان کو سیاسی رشوت دی گئی ہے۔ اس کے علاوہ ان اصحاب کو نوازنے کے لئے اور بھی بے شمار ذرائع پیدا کئے جا سکتے تھے اور میں کہتا ہوں کہ اب بھی کئے جا رہے ہیں۔

وزیر تعمیرات — کیا آپ یہ اسلامی سبق دے رہے ہیں۔

قاضی مرید احمد — میں آپ کو اسلامی سبق دینے کی جسارت نہیں کر سکتا یہ تو صرف راز درون پردہ کی عکاسی کر رہا ہوں۔ آپ دعویٰ تو کرتے ہیں کہ ہم قوم کے امین ہیں۔ اور قوم کے خزانے کو بڑی ایمانداری کے ساتھہ قوم کی فلاح و بہبود پر خرچ کریں گے۔ مگر افسوس کہ غریب قوم کے خون پسینے کی کمائی نہایت بے رحمی کے ساتھہ لٹائی جا رہی ہے۔ آپ اپنے دل سے سوال کریں کہ کیا واقعی آپ امین کہلا سکتے ہیں۔ کیا واقعی آپ قوم کے خزانے کو قوم کی فلاح و بہبود پر خرچ کر رہے ہیں۔ آپ کا دل کبھی بھی نہیں کہے گا کہ آپ قوم کے امین ہیں۔ کیا امین ہونے کا یہی ثبوت ہے جو آپ عوام کے سامنے پیش کر رہے ہیں۔ آپ کے نزدیک قوم کی فلاح اسی میں ہے کہ آپ چند ممبران اسمبلی کو سیاسی رشوت دے کر اپنے ساتھہ رکھیں تاکہ وہ کسی دوسرے گروپ کے ساتھہ مل کر آپ کے اقتدار کو نقصان نہ پہنچا سکیں۔ یہ طریقہ جس سے آپ قوم کے روپیہ پر ڈاکہ ڈال رہے ہیں۔ آپ کی اسلام دوستی اور عوام دوستی کا ثبوت نہیں۔

چہ دلاورست دزدے کہ بکف چراغ دارد

جب جناب چیف منسٹر صاحب کی توجہ فضول خرچیوں کی طرف منعطف کرائی جاتی ہے تو وہ ارشاد فرماتے ہیں کہ یہ فضول خرچیاں جو دو یا اڑھائی فی صدی تک ہیں ان کو اگر بچا بھی لیا جائے تو اس سے قوم کا کیا بن جائے گا۔ جناب والا اس ۲۸ کروڑ کے بجٹ میں دو یا اڑھائی فی صدی کی بچت کر لی جائے تو تقریباً ۷۰ لاکھہ روپیہ بچ سکتا ہے۔

آنریبل چیف منسٹر صاحب نے بڑی بڑی تنخواھیں کم کرنے کے متعلق فرمایا تھا کہ اگر ان کو کم کر کے دو یا اڑھائی فیصدی کی بچت کر بھی لی جائے تو کچھہ نہیں بنے گا۔ اگر یہ روپیہ ضائع ہو رہا ہے تو گویا اسکی کوئی پرواہ نہیں۔ حضور والا جیسا کے میں نے پہلے عرض کیا ہے اگر یہ بچت کر لی جاتی تو ہمارے صوبہ کو ۷۰ لاکھ کی گران قدر رقم دوسرے کاموں پر صرف کرنے کے لئے مل جاتی۔

وزیر اعلیٰ — میں نے کب کہا تھا کہ وہ روپیہ ضائع ہو رہا ہے اور مجھے اسکی پرواہ نہیں۔

قاضی مرید احمد — جناب نے ,,تھوڑا سا روپیہ،، کے لفظ استعمال کئے تھے اور فرمایا تھا کہ دو اڑھائی فی صدی کی کیا بات ہے۔

وزیر اعلیٰ — میں نے اتنا بھی نہیں کہا تھا آپ بھول رہے ہیں۔

قاضی مرید احمد — جناب والا اس ۷۰ لاکھ کی بچت سے جو وزیر اعلیٰ کی نظروں میں تھوڑی سی رقم ہے قوم کے بہت سے ضروری کام سر انجام دئے جا سکتے تھے۔ حضور والا ہمارے لئے تو بڑی مصیبت ہے گویم مشکل و گر نہ گویم مشکل۔

اگر پارٹی ڈسپلن کو بالائے طاق رکھتے ہوئے کچھہ سچ کہنے کی کوشش کرتے ہیں تو گردن زدنی اور اگر پارٹی ڈسپلن کا احترام کرتے ہوئے کچھ نہ کہیں تو قوم کے سامنے شرمندہ ہوتے ہیں۔ ہم قوم کو جا کر کیا کہیں گے۔ قوم کے علاوہ ہمیں قادر مطلق کے دربار میں بھی حاضر ہونا ہے اور وہاں بھی ہمیں جواب دینا ہے۔ (ایک آواز — وہاں بجٹ پر بحث نہیں ہوگی) وہاں آپکے ایک ایک منٹ کا محاسبہ ہوگا۔

جناب والا — جب ہم دیکھیں کہ حکومت کی طرف سے قوم کے ساتھ کئے گئے وعدوں کی علی الاعلان خلاف ورزی ہو رہی ہے اور ہماری دیانت داری کو دبانے کی نا جائز کوشش کی جا رہی ہے تو دیانتداری کا تقاضا یہ ہے کہ ہمیں اس کی مخالفت کے لئے سینہ سپر ہو کر میدان میں آ جانا چاہئے۔

ہر چہ بادا باد ما کشتی در آب انداختیم

جناب والا — آج مجھے ایک معزز ممبر نے کہا کہ بھائی جب ہم کوئی کٹ موشن دیتے ہیں تو پارٹی کی طرف سے بڑی سرزنش کی جاتی ہے اور کہا جاتا ہے کہ ہم دولتانہ کے puppets ہیں اس واسطے کٹ موشنیں

پیش کر کے نون منسٹری پر نقطہ چینی کرتے ہیں مگر جناب والا۔ اذا شاهد ہے ہم نہ تو دولتانہ کے آدمی ہیں اور نہ نون کے آدمی ہیں ہم صرف اس قادر مطلق کے آدمی ہیں جسکے قبضہ میں ہماری جان ہے۔ آپ دولتانہ منسٹری کے وقت کی ہماری تقاریر پڑھکر دیکھیں۔ آپ دولتانہ منسٹری کے وقت کی ہماری کٹ موشنیں نکال کر دیکھیں تو آپ کو معلوم ہو جائے گا کہ جہاں ہم نے دولتانہ کر پٹری سے اترتے ہوئے دیکھا وہیں اسکی مخالفت کی۔ اور اپنی طرف سے انتہائی کوشش کی کہ وہ سیدھے راستے پر چلے۔

حضور والا — وزیر صاحبان کے احترام کے باوجود جب ہم دیکھیں گے کہ آپ حضرات بھی پٹری سے اتر رہے ہیں تو بڑی شد و مد کے ساتھ مخالفت کریں گے اور راہ گم گشتگان کو صراط مستقیم پر چلنے کی ترغیب دیں گے۔ و ما علینا الاالبلاغ المبین۔

Mr. Speaker: The question is—

That the item of Rs. 3,000 on account of (i) Ministers—Travelling Allowance of Parliamentary Secretaries be reduced by Rs. 2,999.

The motion was lost.

HOUSE-RENT FOR PARLIAMENTARY SECRETARIES

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema (Lyallpur, IX, Muslim): Sir, I beg to move—

That the item of Rs. 8,940 on account of House-rent for Parliamentary Secretaries be omitted.

حضور والا — یہ بات ہمارے تجربے اور مشاہدے میں آچکی ہے کہ طاغوتی حکومتوں نے جب کبھی عوام پر اپنے باطل نظام کے قیام اور تسلط کو جاری رکھنے کی کوشش کی تو اس وقت انہوں نے طرح طرح کے حیلوں بہانوں اور حربوں کو استعمال کیا ہے اور اپنی غریب رعایا پر طرح طرح کے الزام لگا کر ان کو مظالم و شدائد کا ہدف بنایا ہے۔ مگر آخر کار چشم فلک نے دیکھا کہ ان کے وہ حیلے اور حربے کامیاب نہ ہوئے۔ ان کا سب سے زیادہ خوفناک حربہ وہ ہوتا ہے جس کا ذکر علامہ اقبال نے اس شعر میں فرمایا ہے۔

آنکہ شیران را کند روبہ مزاج
احتیاج ست احتیاج ست احتیاج

لہذا اس وقت جو عزت مآب ارکان وہاں پارلیمانی سیکرٹریوں یا پارلیمانی پرائیوٹ سیکرٹریوں کے عہدوں اور آسامیوں پر فائز المرام ہیں اور ان کرسیوں کو زینت بخش رہے ہیں۔ ان میں بعض شخصیتیں اسی قسم کی مجبوریوں اور معذوریوں کا شکار ہیں۔

صاحب سپیکر:- آپ House-Rent کے متعلق بحث کریں۔

چودھری محمد افضل چیمہ:- میں اسی موضوع کی طرف آ رہا ہوں۔

صاحب سپیکر:- اس وقت پارلیمانی سیکرٹریوں کی تقرریاں زیر بحث نہیں بلکہ ان کے House-Rent کا مسئلہ زیر بحث ہے۔

چودھری محمد افضل چیمہ:- حضور والا۔ میں یہی کہنے لگا ہوں کہ ان کو رشوت دینے کے لئے آگے سے پیچھے سے دائیں سے بائیں سے اوپر سے نیچے سے غرض کہیں نہ کہیں سے اور کسی نہ کسی طریق سے ان کی پرورش کا سامان مہیا کیا جاتا ہے۔

سید غلام مصطفیٰ شاہ خالد گیلانی:- شمال سے جنوب سے مشرق سے مغرب سے (قہقہہ)۔

چودھری محمد افضل چیمہ:- غرض سینکڑوں قسم کے ہیر پھیر سے ان کو رقوم دی جاتی ہیں۔ مثلاً پہلے تو ان کو Compensatory Allowance کے طور پر ۳۰۰ روپے ماہوار دیا جاتا ہے پھر سات آٹھ روپے الگ۔ پھر ٹی۔ اے ہے اوز اس پر مستزاد یہ کہ اب ہاؤس رینٹ بھی۔

ایک آواز:- اور ,, پگڑی ،، الگ۔

چودھری محمد افضل چیمہ:- جب تنخواہ دے دی گئی تو میں کہونگا کہ اول تو وہی کافی ہونی چاہئے تھی پھر سفر خرچ لے لیا پھر یہ لوگ آکر ,,پیپل کلب،، میں رہتے ہیں ان کو کرایہ مکان کے طور پر دو تین روپے اور دیئے جاتے ہیں۔ بھلا بتائیے لاہور میں وہ کونسا مکان ہے جو دو تین روپے میں مل سکتا ہے۔ مگر محض ان کے دندان حرص و آز کو تیز کرنے کے لئے۔

وزیر تعمیرات:- پیپل کلب کے کمروں کا ان کو کرایہ بھی تو دینا پڑتا ہے۔

چودھری محمد افضل چیمہ:- کمروں کا کرایہ الگ دینا غیر ضروری ہے یہ اپنی تنخواہ سے دے سکتے ہیں۔ اول تو یہ آسامیاں سرے سے غیر ضروری ہیں مگر بفرض محال بہ حالت اضطرار و اضطراب اگر یہ مان بھی لیا جائے کہ یہ عہدے بعض صورتوں میں ضروری ہیں تو پھر تنخواہ پر اکتفا کر لیا جائے۔ چلئے وہ تنخواہ پر گذارہ کریں۔ چلئے

ٹی - اسے ہی اتنا زیادہ نہ دیا جائے چلئے وہ بھی مل گیا تو پھر یہ کرایہ مکان کیا معنی ؟ یہ حیلے بہانے اور حربے نہیں تو اور کیا ہیں طرح طرح کی اختراعات کے ذریعے انکی جیبیں گرم کی جا رہی ہیں - یہ بات جمہوریت کے اصول کے خلاف ہے - میں آپ کو حضرت فاروق اعظم کا ایک واقعہ بتادوں - آپ کو اسلامی دور کے ہزارہا سنہری واقعات اس قسم کے ملیں گے جن سے ظاہر ہوگا کہ عوام کے ,, بیت المال ،، کو خلفا کس طرح ایک مقدس امانت کے طور پر استعمال کرتے تھے - اور اسکے متعلق آن کے جذبات کتنے نازک تھے جس لمپ پر حضرت فاروق اعظم سرکاری کام کرتے تھے اسکو نجی کام کے لئے آنے والے ملاقاتی کے دوران ملاقات میں انہوں نے بجھا دیا تھا تاکہ قوم و ملت کا مال امانت پرائیویٹ گفتگو میں صرف نہ ہو - مگر افسوس ہے کہ آپ صحابہ کرام کے اسوہ حسنہ سے اور انکے اتقا سے کوئی سبق نہیں لیتے - یہ اسوہٗ حسنہ تاریخ عالم میں ایک ایسا سنگ میل ہے جو مشعل راہ کا کام دے سکتا ہے - مگر آپ ان کے محاسن کو اختیار و قبول کرنے سے انکار کر رہے ہیں - بلکہ ان کے محاسن کو قبول و اختیار کرنے کی کوشش نہیں کرتے - یہ نظام حکومت ہمارے اس قسم کے نیک نیت عزت مآب وزیر اعلیٰ کے ہوتے ہوئے رواج پا رہا ہے - اور انکے حسن نیت کے باوجود ان سے ایسی خفیف الحرکتی سرزد ہو جاتی ہے - ازہین عوام کے روپے کو ایک امانت اور ایک مقدس امانت سمجھنا چاہئے اور بجز ملک و قوم کی صحیح خدمت کے کہین صرف نہیں کرنا چاہئے مگر خاص طور پر سیاسی رشوت میں تو ہرگز استعمال نہیں کرنا چاہئے - کہ یہ اسلامی تعلیم کی روح کے خلاف ہے - اسلامی روایات کے مطابق جو شخص کسی عہدے کی خواہش و آرزو رکھتا ہے اسکے لئے اسکی یہی خواہش و آرزو اسکی Disqualification متصور ہونی چاہئے - مگر یہاں یہ حال ہے کہ لوگ طرح طرح کی ریشہ دوانیاں کرکے حصول مطلب میں کامیاب ہونے کی کوششیں کرتے ہیں اور اعلانیہ ایسے ایسے ہتھکنڈے استعمال کرتے ہیں - جو عہدے دینے والے اور عہدے لینے والے دونوں قسم کے احباب کے لئے باعث ننگ ہوتے ہیں - یہ ہاؤس رینٹ دینے دلانے کا معاملہ اسی قبیل کا معاملہ ہے جسے نامنظور کردینا چاہئے -

Mr. Speaker: The motion is—

That the item of Rs. 8,940 on account of House-rent for Parliamentary Secretaries be omitted.

The motion was lost.

Qazi Murid Ahmad (Shahpur , IV, Muslim): Sir, I beg to move—

That the item of Rs. 8,940 on account of (i) Ministers—House-rent for Parliamentary Secretaries be omitted.

حضور والا—اس سلسلہ میں میں اتنا عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ہمارے قومی خزانے کی حالت بے حد تشویشناک ہے۔ اگر جناب چیف منسٹر صاحب پارلیمنٹری سیکریٹری صاحبان کو ان کے معزز عہدہ سے ہٹانا پسند نہیں کرتے تو میں کم از کم انسانیت کے نام پر پارلیمنٹری سیکریٹری صاحبان کی خدمت میں یہ اپیل کرون گا کہ وہ خود مہربانی کریں اور آخری دنوں میں مستعفی ہوجائیں ۔ چند دنوں کی بات ہے ۔ کم از کم وہ قوم کو یہ تو بتا سکتے ہیں کہ ہم نے قوم کی خاطر آخری دنوں میں اتنے بڑے عہدہ سے استعفیٰ دیدیا ہے (ایک آواز۔ آپ بھی تین سو روپے ماہوار چھوڑ دیجئے) اس کے علاوہ ہاوس رنٹ کے سلسلہ میں جو کثیر رقوم خرچ کی جا رہی ہیں ان کے بارہ میں میں نہایت ادب کے ساتھ جناب چیف منسٹر صاحب کی خدمت میں یہ تجویز پیش کروں گا کہ مہربانی کرکے اس بڑی لمبی چوڑی فوج ظفر موج کو پیلز میں ایک ہال کمرہ دیدیا جائے تو انشاءاللہ تعالیٰ یہ آسانی سے وہاں گزارہ کر لین گے ان کا پیسہ بھی بچ جائیگا اور وہ قوم کو یہ بھی کہہ سکین گے کہ ہم نے قوم کی خاطر ۱۲ ضرب ۱۴ کے کمرہ میں گذارہ کیا۔ حضور والا اس کے علاوہ ایک چھوٹی سے مثال میں اپنے آخری الفاظ میں پیش کرتا ہون جسے سن کر یہ ہاؤس حیران رہ جائیگا کہ پارلیمنٹری سیکریٹری صاحبان کیا کام کرتے ہیں اور کس طرح سے جناب وزیر تعلیم کو ان کے فرائض کی انجام دھی میں امداد کرتی ہیں۔ کثیر مصروفیات کی وجہ سے آنریبل وزیر تعلیم تمام معاملات کو نہیں دیکھ سکتے اس لئے یہ پارلیمنٹری سیکریٹری صاحبہ کا فرض ہے کہ وہ ایسے واقعات کی طرف توجہ فرمائیں۔ اب میں وہ واقعہ ان کی خدمت میں پیش کرتا ہوں کہ محکمہ تعلیم میں عجیب و غریب قسم کی لوٹ کھسوٹ ہو رہی ہے کیسے لوٹا جا رہا ہے اور مٹھا ٹوانہ کے ایک سیکنڈ ماسٹر کا نام غلام نبی ہے۔

صاحب سپیکر۔ کسی کا نام نہ لیجئے۔ میں نے کئی دفعہ کہا ہے کہ اس طرح نام نہیں لینے چاہئیں آپ سیکنڈ ماسٹر کا نام نہیں لے سکتے۔

قاضی مرید احمد۔ میں سیکنڈ ماسٹر کا نام نہیں لیتا۔ اس کے متعلق واقعہ عرض کرتا ہون۔

صاحب سپیکر - آپ کہہ سکتے ہیں کہ ایک سکول کا سیکنڈ ماسٹر ہے -

قاضی مرید احمد — ایک اسکول کا سیکنڈ ماسٹر ہے اور وہ ریٹائر ہونے کے قریب ہے - اس کی سروس کے چار ماہ باقی ہیں - انہوں نے آج سے اڑھائی . . . . . .

وزیر تعلیم — اس کا پارلیمنٹری سیکرٹریوں کے ہاؤس رنٹ سے کیا تعلق ہے -

صاحب سپیکر — اس کا پارلیمنٹری سیکرٹریوں کے ہاؤس رنٹ سے کیا تعلق ہے - آپ پارلیمنٹری سیکرٹریوں کے ہاؤس رنٹ پر بحث کیجئے -

قاضی مرید احمد — ہاؤس رنٹ تو وہ لے رہے ہیں - پھر محکمہ تعلیم کی نگرانی کیسے نہ کریں -

صاحب سپیکر — یہ غلط بات ہے - میں اس کی اجازت نہیں دے سکتا -

قاضی مرید احمد — جناب والا وزیر تعلیم خوش ہوں گے اگر میں یہ واقعہ ان کے نوٹس میں لاؤں -

صاحب سپیکر — آپ جو واقعہ چاہیں ان کے نوٹس میں لائیں لیکن آپ ان کے کمرہ میں جا کر ایسا کر سکتے ہیں یہاں نہیں - یہاں آپ کسی پر حملہ نہیں کر سکتے -

قاضی مرید احمد — جناب والا میں ہاؤس رنٹ کے متعلق یہ عرض کروں گا کہ یہ ایک نہایت اہم واقعہ ہے - جس کا تعلق پارلیمنٹری سیکریٹری صاحبہ سے ہے -

صاحب سپیکر — یہ کٹ موشن ہاؤس رنٹ کے متعلق ہے -

وزیر اعلیٰ — جناب والا مدت سے یہ اس ایوان کی روایت چلی آ رہی ہے کہ اس ایوان کی مستورات ممبروں پر کسی قسم کا حملہ نہیں کیا جا سکتا - آپ وزراء کو جو دل چاہیں کہیں - ان کے ساتھ آپ بیشک لڑائی کریں لیکن عورتوں پر ہاتھ اٹھانا بڑی بزدلی کی بات ہے -

قاضی مرید احمد — حضور والا اگر میں ان کی ذات پر حملہ کروں یا ان کی کسی اخلاقی بات پر حملہ کروں تو یہ بزدلی ہی نہیں

بلکہ اخلاقی طور پر بہت بڑی گراوٹ ہے۔ لیکن اگر میں امر واقعہ بیان کروں بالخصوص جبکہ ہماری ہمشیرہ محترمہ خزانہ سے تنخواہ لے رہی ہیں اور ان کے فرائض کی طرف ان کی توجہ مبذول کراوں تو یہ میرا فرض ہے اور میں اسے ذمہ داری کے ساتھ ادا کرونگا پارلیمنٹری سیکریٹری صاحبہ با ضابطہ قومی خزانہ سے تنخواہ لیتی ہیں اس واسطے ہمارے سامنے جوابدہ ہیں۔

صاحب سپیکر — میں کہہ چکا ہوں کہ آپ ہاؤس رنٹ کے متعلق بات کریں۔ اس کے سوائے اور کوئی بات نہ کریں۔

Saiyed Amir Hussain Shah: It is a fact that in delimiting the Constituencies of the Multan District Board the Honourable Minister for Health kept in view the convenience of his younger brother?

Mr. Speaker: Dis-allowed.

Mr. C. E. Gibbon : Am I to understand from the Honourable Minister of Health that this long explanation which he has given only refers to the Multan District and all other Districts have been left out of picture?

وزیر صحت :- میں تمام صوبہ کے متعلق عرض کررہا تھا -

Mr. C. E. Gibbon : Would it be possible now for the Honourable Minister for Health to say why in Sialkot District the number of voters far exceeds the population?

Mr. Speaker : That question has been answered. He said, he wants notice so far as Sialkot in concerned.

Chief Minister: Sir, may I say something on this point? This concerns the whole Province and all M.L.As. I think this should be cleared up. I used to receive a very large number of representations from Honourable Members of this House and also from old and very leading and influential gentlemen from the Districts regarding the District Board Contituencies. Each person wanted to have a Constituency framed according to his own liking. The opposite party would want to choose its own boundaries. Now it was becoming very difficult to please everybody. So I suggested to Makhdum Saheb and be done with it. No matter if anybody was pleased on unpleased. We shall have the same answer to everybody. We adopted that principle. And then the question arose of some Zails with a small population and others with a larger population. And therefore we then modified that policy and we split up a Zail into three seats. But that question of the framing of these Constituencies is still open. And if the Honourablemembers can very kindly guide us and help us in suggestinganyrule which we can apply to the whole Province and which is fair to all candidates this Government would be very grateful for the suggestion. Whatever we did in the past we have done with a view to be fair to everybody. No Constituency has been framed in order to help any particular person. At least we have done our best to try to be just to everybody. It is a very difficult problem. The question about the Sialkot area having more voters than the population is true. Allegations were made that in certain villages the number of voters was larger perhaps twice. It mas seven hundred where the population was three hundred. I have ordered an enquiry into the matter. I have ordered an enquiry as to who were responsible for falsifying the list. When we find out that an individual, no matter how influential, has taken part in this conspiracy the House may rest assured that we shall take suitable action.

UN-EMPLOYMENT.

***3762. Mian Muhammad Shafi:** Will the Honourable Minister of Industries be pleased to state:—

(a) the incidence of un-employment among the educated in the province;

(b) the measures adopted by Government to find new avenues of employment for the educated in the Province?

پارلیمنٹری سیکریٹری :- (چودھری محمد احسن) - الف - پنجاب یا پاکستان میں بیکاروں کے لئے اندراج کرانا ضروری نہیں - البتہ وہ لوگ جو ایمپلائمنٹ ایکسچینج کی معرفت ملازمت حاصل کرنے کے خواہشمند ہوں اپنے نام درج کراتے ہیں اور اگر وہ چھ ماہ کے اندر اپنے اندراجات از سر نو نہ کرائیں تو ان کے کارڈ کی معیاد ختم ہوجاتی ہے اور یہ سمجھا جاتا ہے کہ ان کو مناسب ملازمت کی تلاش کے لئے ایمپلائمنٹ ایکسچینج کی مدد کی ضرورت نہیں اور نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ایمپلائمنٹ ایکسچینج میں جو اعداد و شمار کی اطلاع مل سکتی ہے اس سے یہ ظاہر نہیں ہوسکتا کہ پنجاب میں تعلیم یافتہ لوگوں میں کس حد تک بیکاری ہے تاہم یکم جنوری ۱۹۵۳ء یکم جنوری ۱۹۵۴ء اور یکم جنوری ۱۹۵۵ء کو ایمپلائمنٹ ایکسچینج کے موجودہ اندراجات سے معلوم ہوتا ہے کہ تعلیمیافتہ لوگوں میں بیکاری بڑھ رہی ہے -

(ب) چونکہ حکومت ملک میں سب سے زیادہ لوگ ملازم رکھتی ہے اس لئے حکومت کے محکمہ جات کی تمام آسامیاں بذریعہ امتحانات مقابلہ یا انتخاب یا جیسی بھی صورت ہو پر کی جاتی ہیں - اور ہر سال تعلیم یافتہ نوجوانوں کی ایک کثیر تعداد کو مرکزی یا صوبائی حکومت کے مختلف محکموں میں ملازمت دی جاتی ہے -

صوبہ میں صنعتوں کے پھیلنے سے تعلیم یافتہ لوگوں کے لئے ٹیکنیکل یا نان ٹیکنیکل ملازمتیں حاصل کرنے کے کافی مواقع ہیں - تعلیمیافتہ لوگوں کی ایک بڑی تعداد کو تھل ڈیولپمنٹ اتھارٹی کے مختلف محکموں اور صنعتی اداروں میں کام دیا گیا ہے - اسی طرح پڑھے لکھے لوگوں کی ایک خاص تعداد کو پاکستان انڈسٹریل ڈیولپمنٹ کارپوریشن کے صنعتی ادارے میں جو پنجاب میں کام کررہا ہے ملازمتیں دی گئی ہیں -

Mr. C. E. Gibbon : May I enquire from the Honourable Mr. Speaker whether you have been able to follow one word which the Parliamentary Secretary has said ?

Mr. Speaker : I have.

Mian Muhammad Shafi : In part 'b' of the answer to my question the Honourable Parliamentary Secretary has said that Government resorts to recruitment either through competition or by selection. May I enquire from the Parliamentary Secretary as to what is the criterion for the selection of candidates.

Parliamentary Secretary : There are rules framed to that effect.

Mian Muhammad Shafi : Is it correct to say that selection is a way in order to extend favour to those who are in your good book ?

Mr. Speaker : Disallowed.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : May I know, Sir, whether it is a fact that in spite of the measures adopted by Government the incidence of unemployment is still on the increase ?

Parliamentary Secretary : The reply is clear.

Mian Muhammad Shafi : The Honourable Parliamentary Secretary has referred to P. I. D. C. and other Institutions in Thal. May I enquire from him as to what measures Government are adopting to secure employment for the educated unemployed on the private sector ?

Chief Minister : Have you any suggestions ?

ParliamentarySecretary : Any useful suggestions made by the Honourable members will be taken into consideration.

Mr. Speaker : The question hour is over.

DEMAND FOR GRANT.

GENERAL ADMINISTRATION.

Mr. Speaker : We now resume discussion on the demands. Mr. Gibbon was on his feet yesterday with regard to Amendment No. 14.

Other Contingencies.

*(MR. C. E. GIBBON (PAKISTANI CHRISTIAN AND ANGLO-PAKISTANI III).

Sir, I was speaking on my cut motion in respect of Other Contingencies amounting to Rs. 6,000-0-0 and if I remember rightly I had drawn your attention at that time to the various salaries and allowances that were being paid to Ministers.

Mr. Speaker : You are an old parliamentarian and, therefore, you should not disregard the Rules. The cut is with regard to other contingencies.

Mr. C. E. Gibbon : I am drawing your attention to the amount of money being paid to the Ministers. If I say anything irrelevant, you can immediately stop me.

Sir, a reference to this part of the Budget statement will show that the Chief Minister has to receive a salary of Rs. 42,000 per annum, his Ministers are to receive Rs. 2,52,000-0-0 per annum bringing the total to Rs. 2,94,000-0-0. In the case of Parliamentary Secretaries and Parliamentary Private Secretaries enough has been said so far but nevertheless it is worthy to observe that the charged amount under this particular head is Rs. 2,94,000-0-0 and the voted amount is Rs. 72,000-0-0. Now this is what Ministers, Parliamentary Secretaries and Parliamentary Private Secretaries are going to receive by way of salaries. Next we find what they will receive by way of allowances. There is Travelling Allowance for the Ministers. It is a charged item and there is Travelling Allowance for Parliamentary Secretaries. It is a voted item. The charged item comes to Rs. 62,000-0-0 the voted item comes to Rs. 3,000-0-0. In addition to that the Cheif Minister has entered in his Budget a charged item of house-rent of Rs. 6,000-0-0. I shall deal with this question when we deal with the total grant because I remember that under the Government of India Act this particular item

* Uncorrected speech.

is not charged. Then the house-rent for Ministers is also a charged item and house-rent for Parliamentary Secretaries is a voted item. Charged item comes to Rs. 9,600-0-0 ; voted item comes to Rs. 8,940 in this particular part of the Budget. On top of all top-heavy expenditure, we have an item which has been styled as Other Contingencies. Now it might be recollected that when I was speaking duringthe general discussion on theBudget, rightly or wrongly I was pleased to observe that it was a masterpiece of deceit and arrogance. I only wish that I knew then as much as I know now of this classic example of chicanery. These offices of Ministers, Parliamentary Secretaries and Parlimentary Private Secretaries are a sufficient burden on the public revenues of the Province and in addition to that they bring an item of the contingencies in this part of the Budget and I had thoroughly exposed this particular item last year where under this head they had included a sum of Rs. 10,000-0-0 as secret service charges.

Sir, I know that neither the Chief Minister nor the Minister of Public Works knows the slightest thing about finance. You cannot convert Rupees into Pounds and vice versa. In the amount for 1952-53 the total contingencies amounted to Rs. 4,900-0-0 and in the amount for 1953-54 your total contingencies amounted to Rs. 6,542-0-0. Now what you are doing for 1954-55. You have raised your contingencies from Rs. 6,000-0-0 to Rs. 13,110-0-0. In that Rs. 13,110-0-0 you had include I an item of Rs. 10,900-0-0 which was known as secret service fund.

Chief Minister : Which is the year under discussion ?

Mr. C. E. Gibbon : I am coming up to that.

Chief Minister : But the provision is only Rs. 6,000-0-0.

Mr. C. E. Gibbon : I am aware. I can see before me.

Sir, my cut motion is to effect economy and you are afraid of effecting economy. Is this something wrong ? What are your motives ? I am trying to show that you are not effecting economy in spite of the assurances to the public. It was nothing but down right chicanery and I am trying to prove that it is chicanery.

In 1952-53 you spent Rs. 4,900-0-0 on contingencies. What I would like you to do, Sir, is to inform this House how is that your contingencies in 1952-53 when you had parliamentary Government were Rs. 4,900-0-0. In between you jumped upto Rs. 13,000-0-0. This year again you have budgeted for another Rs. 6,000-0-0. I would like to know what is this particular item of other Contingencies because this is an item of money which has been provided in order that the Ministers can dip their hands into this.

Cheif Minister : I will give you the details.

Mr. C. E. Gibbon : You told me that this Rs. 6,000-0-0 is for pencils, blotting papers, fountain pens for Ministers etc.

ChiefMinister : Not one.

Mr. C. E. Gibbon : I will take you to the memorandum. If it is your intention to effect economy, not Only must you effect economy as far as large sums of money are concerned but you have also to get every pence saved to make up the pounds. It is these little items of Rs. 6,000-0-0 here Rs. 5,000-0-0 there Rs. 3,000 there which can result in big savings in the long run. The House has not got much time to go through this voluminous book and find out all these little items of Rs. 3,000-0-0, Rs. 4;000-0-0 and Rs. 2,000-0-0 but if, for example, there was a Committee set up by this House as there should be a Committee apart from the Accounts Committee to study the implications of this Budget, I tell you that Committee would be of a great assistance to the Finance Minister. That Committee would also eliminate the necessity for people like us to sit up to night going through this sort of voluminous compilation of figures which in a Modern State is quite unnecessary to bring this sort of thing before the House.

I wish to draw your attention again to the memorandum. If you would ask your official to hand you the memorandum and turn to the statement on page. 105. Now this is another old practice. This was introduced shortly after the Montague reforms. This part 3 is absolutely incomprehensible to me in the absence of statistical section in the Finance Department. I can only presume that these figures are supplied Department-wise to the Finance Dapartment. Let us see how these accounts under this particular head have shown a steady increase from 1951-52. In 1951-52 your total was Rs. 3,15,000-0-0, in 1952-53 in was Rs. 3,58,000-0-0, in 1953-54 it was Rs. 3,73,000-0-0, in 1954-55 it was Rs. 3,97,000-0-0 and in 1955-56 it is Rs. 4,09,000-0-0. Where, Sir, is your economy. I hold that the whole of your Budget from start to finish is nothing but a masterpiece of chicanery.

Mr. Speaker: Any reply.

Chief Minister: Sir, I want to say one thing to make the Hon'ble Member a little happier with regard to the amount of Rs. 6,000-0-0 for Contingencies. Rs. 3,360-0-0 are for newspapers alone. I read about 10 papers every morning. If I were to engage somebody to read these papers to me every morning, that will be more expensive. I take action immediately when I read some complaint in a newspaper. I am sure all of my other colleagues would do the same. So Rs. 3,360-0-0 go to the newspaper offices. Then there is a provision of Rs. 2,100-0-0 for carriage of office record and taking of urgent papers for Ministers who are on tour. That also is not a provision in which the Ministers can dip their hands. Rs. 200-0-0 has been provided for the purchase of stationery. There are 8 Ministers in this Government and I do not know how the Hon'ble Ministers can make money out of this. Then there is a provision of Rs. 340-0-0 for miscellaneous contingency expenditure. I do not know what for it is but it may be for other things like that. I shall certainly consider some ways of keeping a check on the expenditure of Government and I shall certainly look into the suggestions which he has made and those suggestions which may be made later.

Mr. C. E. Gibbon: I would like to inform the Chief Minister that I was already aware of the fact that Rs. 3,360-0- were being spent on newspapers and was very glad that he had courage to get up and tell this to the House. It is the business of the Opposition to act as a dentist and to extract the rotten teeth from the Ministerial Benches. Now, Sir, you have got a Publicity Department

on which you are spending quite a lot of money and if you want to effect sincere economy, I suggest that you ask that Department to provide the newspapers to the Hon'ble Ministers.

We shall deal with it when we are dealing with that Department. That does not justify to spend Rs. 3,360-0-0

Now, Sir, the question about the carriage of records Another Rs. 2,100-0-0 you have provided for the travelling allowance of your Parliamentary Secretaries and for your Ministers. You say that this carriage of records is for peons, so on and so forth. This is a wrong system. This is how your information leaks out. You will be surprised to know and I don't mind telling you that there is no secret. I can get any information that you send about in this fashion by giving the file to the peon and ask him to take from the Chief Minister to the Minister of Health.

Chief Minister: I am sure you will be able to do it.

Mr. C. E. Gibbon: Anybody can do it. Would you like to find out? The question is that why don't you use these highly-paid any qualified Parliamentary Secretaries and Parliamentary Private Secretaries as in the British system to take this information about.

Chief Minister: It is more expensive.

Mr. C. E. Gibbon: These are proposals. It is no use sitting and criticising from there. I am making these suggestions either accept them or throw them out. Coming in between will not help you, because the more you do that the more I criticise you. Why don't you have a Courier Service as for example they have in other countries. So that people who could be trusted with far greater responsibility to carry files and documents about could be called upon to do the job. My purpose is that these two items newspapers and carriage of records should not find place in this section of the page which deals with Ministers' salaries, their allowances and their house-rents.

Mr. Speaker: The question is:—

That the item of Rs. 6,000 on account of (i) Ministers—Other Contingencies be reduced by Rs. 1,000.

The motion was lost.

Ministers.

***Chaudhri Muhammad Iqbal Cheema: (Sailkot IV, Muslim):**—Sir I beg to moves.

That the item of Rs. 89,940 on account of A—Head of Province—(i) Ministers be reduced by Rs. 89,939.

---

*Uncorrected speech.

جناب‌والا - میں آپکی وساطت سے اس ایوان میں حکومت کی اس غیر ہمدردانہ پالیسی کے متعلق کچھ کہنا چاہتا ہوں جو اس نے مزدوروں کی فلاح و بہبود اور بہتری کے سلسلہ میں اختیار کر رکھی ہے -

پچھلی دولتانہ وزارت میں ہم نے محنت و مشقت کے ساتھ اور خاصی جدوجہد کے بعد ایک لیبر کا دفتر قائم کردیا تھا اور اس میں ایک اعلیٰ افسر کو لیبر کمشنر مقرر کیا گیا تھا - اس دفتر کا بنیادی مقصد مزدوروں کے حقوق کا تحفظ تھا - یعنی کارخانہ‌داروں اور مزدوروں کے مابین جو تنازعات اور جھگڑے پیدا ہوں یا کوئی اور dispute ہو تو لیبر دفتر کا فرض قرار پایا تھا کہ وہ کارخانہ داروں - صنعت کاروں اور دیگر سرمایہ داروں کے مقابلے میں غریب اور مفلوک‌الحال مزدوروں کے حقوق کا تحفظ کرے - مگر افسوس ہے کہ حکومت نے لیبر کمشنر کو فوراً بعد ڈائرکٹر آف انڈسٹریز بھی مقرر کردیا یعنی وہ دونوں محکموں کا انچارج بنادیا گیا - اسکا نتیجہ یہ ہوا کہ تھوڑا بہت کام جو وہ لیبر کمشنر کی حیثیت سے سرانجام دے سکتا تھا وہ بھی مزید بار فرائض کی وجہ سے نہ ہوسکا - جو اسے اپنی دوگنہ حیثیت ڈائرکٹر صنعت و حرفت کی وجہ سے اٹھانا پڑگیا - اس لئے دراصل وہ مزدوروں کی بہتری اور انکے حقوق کی بہتری کے سلسلے میں کوئی موثر اقدام نہ کرسکا - نتیجتاً صنعتی مزدور اور زرعی مزدور -

رانا گل محمد نون :- اور سیاسی مزدور -

چودھری محمد اقبال چیمہ :- سیاسی مزدوروں کے متعلق تو خیر آپ زیادہ کچھ بیان کرسکیں گے میں یہ کہہ رہا تھا کہ صنعتی اور زرعی مزدور کی اقتصادی حالت اسکی طبی اور تعلیمی حالت جوں کی توں رہی اور اسکا Sanitary Welfare ماحول بھی وہی رہا جو پہلے تھا اور وہ ہر طرح کی سہولتوں سے محروم رہا - نہ اسے تعلیمی سہولت میسر آئی نہ طبی امداد بہم پہنچائی گئی اور نہ ہی کوئی اقتصادی یا معاشی بہتری نصیب ہوسکی - چنانچہ میں بلا خوف تردید کہہ سکتا ہوں کہ لیبر دفتر کی وساطت سے مزدوروں کے کسی جھگڑے میں بھی کارخانہ‌داروں اور صنعت کاروں کے مابین کوئی امداد نہ کی جاسکی - بلکہ جو خرچ اس محکمہ کے لئے منظور کیا گیا وہ بھی اس محکمے پر خرچ نہ کیا جاسکا - لیبر کمشنر نے سابقہ دو سال کے اندر مزدوروں کی کسی "سٹرائک" میں انکے حقوق کا تحفظ نہ کیا -

تین سال کا عرصہ ہوا جب ایک کانفرنس منعقد ہوئی تھی جس میں حکومت کے نمائندوں کے علاوہ کارخانہ داروں کے نمائندے - زمینداروں کے نمائندے - صنعت کاروں کے نمائندے اور مزدوروں کے نمائندے شامل ہوئے تھے اور انکے مشترکہ فیصلہ کی بنا پر ایک Labour Welfare Advisory Board مقرر کیا گیا تھا مگر دو سال کے عرصے میں اس لیبر ایڈوائزری بورڈ کی ایک بھی میٹنگ منعقد نہیں ہوئی -

حضورِوالا - لیبر ویلفیئر کے لئے ہر سال تین لاکھ چار لاکھ روپیے کے قریب رقم مخصوص کی جاتی رہی ہے - مگر میں وثوق کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ پچھلے ۴ سال میں اس میں سے کوئی فنڈ مزدوروں کی خوشحالی و بہتری یا Labour کی Welfare پر خرچ نہیں کیا گیا اور تھوڑی سی رقم جو اس سلسلے میں مخصوص کی جاتی رہی وہ

بھی مزدوروں پر صرف نہیں کی جاسکی - مزدوروں کی اقتصادی حالت پہلے ہی ناگفتہ بہ تھی اب بد سے بدتر ہوتی چلی جا رہی ہے اور کارخانہ داروں اور سرمایہ داروں یا صنعت کاروں یا زمینداروں کی دست برد سے ان غریب مزدوروں کے حقوق کے تحفظ کی کوشش عمل میں نہیں لائی گئی اور حکومت نے کوئی طبی امداد یا تعلیمی سہولت یا Sanitary بہتری میسر نہیں کی -

جناب والا - انٹرنیشنل لیبر آفس کی ایک کنوینشن ۱۸۸۷ میں منعقد ہوئی تھی اسکے مطابق مزدوروں کے یہ حقوق تسلیم کئے گئے تھے کہ وہ اپنے حقوق کے حصول کیلئے مشترکہ طور پر bargaining کرسکتے ہیں لیکن جہاں کہیں مزدوروں نے مشترکہ طور پر اپنے حقوق منوانے کیلئے جدوجہد کی ہے حکومت کا سلوک ان کے ساتھ غیر ہمدردانہ رہا ہے - مثال کے طور پر واہ سمینٹ فیکٹری میں ہڑتال ہوئی اور ہڑتال کے دوران میں ۳۵ کے قریب مزدوروں کو علیحدہ کردیا گیا اور چند کو گرفتار بھی کرلیا گیا - اسی طرح ڈنڈوت فیکٹری میں ہڑتال کے ضمن میں حکومت پنجاب کا رویہ مزدوروں کے ساتھ غیر ہمدردانہ تھا اور پھر پنڈی آرڈیننس فیکٹری میں بھی ہڑتال کے موقع پر حکومت نے ایسا ہی رویہ اختیار کیا - معلوم نہیں کہ لیبر ڈیپارٹمنٹ رہتا کہاں ہے اور اسکے ذمہ کیا کام ہے - یہ اس کا اولین فرض ہے کہ وہ مزدوروں کے حقوق منوانے میں ان کی امداد کرے - میں یقین کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ حکومت پنجاب کے لیبر ڈیپارٹمنٹ نے کبھی یہ کوشش نہیں کی کہ ہڑتالوں میں مزدوروں کے جائز حقوق منوانے میں ان کی امداد کی جائے - میں نے یہ کٹموشن اپنی حکومت کی توجہ مزدوروں کی زبوں حالی اور لیبر کے محکمہ کے رویہ کی طرف دلانے کیلئے پیش کی ہے - مجھے یقین ہے کہ آنریبل چیف منسٹر اپنی خاص توجہ اس امر کی جانب دینگے -

Mr. Speaker: The question is :—

That the item of Rs. 89,940 on account of A—Head of Province –(i)Ministers be reduced by Rs. 89,939.

The motion was lost.

Chaudhri Muhammad Iqbal Cheema: Sir, I beg to move.

hat the item of Rs. 89,940 on account of A—Head of Province—(i)Ministers be reduced by Rs. 89,939.

And Sir, I beg to move.

That the item of Rs. 89,940 on account of A—Head of Province—(i) Ministers be reduced by Rs. 89,939.

جناب والا - آپ کی اجازت سے میں تحریک نمبر ۱۶ اور ۱۷ پر ایک ساتھ بحث کرنا چاہتا ہوں - ان میں سے ایک تو میرے ضلع سیالکوٹ کے ساتھ تعلق رکھتی ہے جہاں چھوٹے چھوٹے زمیندار ہیں اور جن میں سے اکثریت کی زمینیں دو تین گھماؤں سے زیادہ نہیں ہیں - ان کے پاس اتنی آراضی نہیں ہے کہ جن کی کاشت کرکے وہ اپنا گزارہ کرسکیں - میں نے بار بار گورنمنٹ کی توجہ اس طرف دلائی ہے کہ یہ لوگ غریب ہیں - ان کے

پاس زمینیں نہیں ہیں - یہ محنت کرتے ہیں اور محنت کرنا چاہتے ہیں لیکن فقدان آراضی کے باعث وہ محنت کریں تو کہاں کریں - میں یہ کہنے پر مجبور ہوں کہ حکومت نے ان سے کبھی ہمدردانہ سلوک روا نہیں رکھا - آپ کی آبادی کا بیشتر حصہ جو دیہات میں رہتا ہے نہ صرف زمینداروں بلکہ غیر زمینداروں کا انحصار بھی زراعت پر ہے - جب تک ان کی حالت بہتر نہ ہوگی ملک کی اقتصادی حالت کے بہتر ہونے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا - آپ کی حکومت غیر ممالک سے بیشمار رقوم کبھی Colombo Plan اور کبھی Point Four کے ماتحت اس understanding پر لے رہی ہے کہ لوگوں کا Standard of Living بلند کیا جائیگا لیکن گورنمنٹ کوئی ایسا قدم نہیں اٹھاتی جس سے ان کا معیار زندگی بلند ہو -

صاحب سپیکر :- آپ کی کٹموشن نمبر ۱۶ تو سرکاری اراضیات کی فروختگی کے ضمن میں پیدا شدہ خرابیوں کے متعلق ہے -

چودھری محمد اقبال چیمہ :- اس طرف بھی میں آرہا ہوں - میں ان ہردو کٹموشنوں کے متعلق بیک وقت بحث کررہا ہوں -

ضلع سیالکوٹ کے زمینداروں کے پاس اتنی زمین نہیں ہے کہ وہ اپنا گزارہ کرسکیں - ہماری حکومت Crown Lands کو نیلام کررہی ہے - نیلام کرنے کی بجائے یہ اچھا ہوتا کہ یہ آراضی ان مزارعین کو جن کے پاس زمین نہیں ہے یا ان چھوٹے چھوٹے کاشتکاروں کو جن کی دو دو تین تین گھماووں اراضی ہے دی جائے - میرے خیال میں یہ زمین انہیں مفت دی جانی چاہئیے - مجھے حکومت کے ساتھ اس بات میں اتفاق نہیں ہے کہ یہ زمینیں Market Price پر نیلامی کے ذریعہ سے لوگوں کو دی جائیں - مگر گورنمنٹ نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ یہ Crown Lands ان کاشتکاروں کو آسان اقساط پر دی جائیں جو ان میں کاشتکاری کررہے ہیں - میں حکومت کی توجہ اس طرف دلانا چاہتا ہوں کہ ضلع سیالکوٹ کے لوگوں کی اراضی بہت کم ہیں - ان میں ان کا گزارہ نہیں ہوسکتا - دو تین گھماووں میں پانچ ارکان پر مشتمل ایک کنبہ کیسے گزراوقات کرسکتا ہے اس لئے میں گورنمنٹ کی توجہ اس طرف دلاوں گا کہ ضلع سیالکوٹ میں Crown Lands نیلام نہ کی جائیں بلکہ یہ اس ضلع کے چھوٹے چھوٹے کاشتکاروں کو آسان اقساط پر دیدی جائیں - (ایک آواز - اور باقی اضلاع میں کیا کیا جائے -) I am concerned with my own district.

وزیر اعلیٰ - (عزت مآب ملک محمد فیروز خان نون) :- جناب والا - میں پہلے بھی اس معاملہ کے متعلق گورنمنٹ کی پالیسی کا اظہار اس ایوان کی خدمت میں کرچکا ہوں - ممکن ہے کہ اس وقت آنریبل ممبر حاضر نہ ہوں - اگر وہ ہوتے تو انہیں یہ معاملہ دوبارہ ایوان کی خدمت میں پیش کرنے کی ضرورت محسوس نہ ہوتی - آنریبل ممبر کو چاہئیے کہ وہ کم از کم اس ایوان کے مباحثات کو پڑہیں یا اخبارات ہی پڑہا کریں تاکہ غیر ضروری طور پر ایک ہی مضمون کو دوسرے ہی روز اس ایوان میں نہ اٹھایا جائے - میں پہلے عرض

کرچکا ہوں کہ جہاں تک Crown Lands کی تقسیم کے سوال کا تعلق ہے سیالکوٹ سے زیادہ غریب اور اضلاع ہیں - مثلاً راولپنڈی ہے بالخصوص مری کی تحصیل ہے - وہاں تو لوگوں کے پاس نصف گنال بھی زمین نہیں - باراتی رقبہجات کے لوگ بڑے غریب ہیں مثلاً کیمبلپور کا ضلع ہے - اگر غربت کی وجہ سے ہی سرکاری اراضی تقسیم کرنا ہیں تو سیالکوٹ کے ضلع کو کونسا سرخاب کا پر لگا ہوا ہے کہ وہ اسی ضلع کے لوگوں میں تقسیم ہونی چاہئیں - (خوب - خوب) ہاں اتنا سرخاب کا پر اسے ضرور لگا ہوا ہے کہ آنریبل ممبر وہاں کے نمائندے ہیں - اس کو میں ماننے کیلئے تیار ہوں - دوسرے میں نے یہ عرض کردیا تھا کہ جو سرکاری زمین ۶۰ ہزار ایکڑ کے قریب ہے وہ ان مزارعان کو دی جائیگی جنہیں ہندوؤں کی زمینوں سے نکال دیا جائیگا - حکومت نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ یہ زمین ان لوگوں کے پاس بیچہ دی جائے - اور آپ کیا مانگتے ہیں - پھر ۲۵ لاکھ تقاوی قرضہ ہے - وہ اس ہاوس نے منظور کرلیا ہے یا ہم منظور کرالینگے وہ روپیہ بھی ان لوگوں کو دیا جائیگا تاکہ وہ مالکان اراضی سے زمینیں خرید سکیں - یہ یاد رکھنا چاہئیے کہ یہ سرکاری زمینیں آپ کی قوم کا خزانہ ہے اور اس خزانے کو ساری قوم کے فائدہ کیلئے استعمال کرنا چاہئیے اور یہ نہ کرنا چاہئیے کہ چونکہ میں شاہپور کا رہنے والا ہوں اور یہ چیز میرے ہاتھہ میں ہے اس لئے یہ سرکاری زمینیں شاہپور کے آدمیوں کو دیدوں - یہ کوئی حلوائی کی دکان اور نانی جی کی فاتحہ نہیں ہے - میں تو تمام قوم کے سامنے جواب دہ ہوں اور یہ چیز تمام قوم پر خرچ ہوگی - یہ روپیہ جو آپ کو ان اراضی کی فروخت سے وصول ہوگا اس روپیے سے ایسے کام کیئے جائینگے جس سے تمام قوم بحیثیت مجموعی ترقی پائے - میرے ایک معزز رفیقکار نے مجھے ابھی بتایا ہے کہ تھل میں تین چکوک ضلع سیالکوٹ کے لوگوں کیلئے مخصوص کردئے گئے ہیں اور میں ان کو یقین دلاتا ہوں کہ حتیالوسع جتنا بھی ہو سکتا ہے یہ حکومت زمینیں غریب لوگوں کو دینے کی کوشش کرتی ہے - کسی خاص ضلع کے لوگوں کو وہ کچھ بانٹ نہیں رہی - اس صوبہ کے تمام ضلعوں میں غریب لوگ پائے جاتے ہیں اور کسی خاص ضلع کے لوگوں کیلئے کوئی سوال اٹھایا نہیں جاسکتا - جو بھی قدم اٹھایا جائیگا وہ تمام صوبہ کے لوگوں کی بہبودی کیلئے اٹھایا جائیگا اور کسی خاص ضلع یا تحصیل یا علاقہ کے لوگوں کے لئے اٹھایا جانا صوبہ کے مفاد کے خلاف ہے -

چوہدری محمد اقبال چیمہ :- جناب والا - میں یہ دونوں تحریکیں واپس لینا چاہتا ہوں -

Mr. Speaker: Has the Honourable Member leave of the House to withdraw the motion?

(Voices: yes.)

The motions were by leave withdrawn.

***Chaudhri Muhammad Iqbal Cheema**:—Sir, I beg to move—

That the item of Rs. 89,940 on account of A—Head of Province—

(i) Ministers be reduced by Rs. 89,939.

---

* Uncorrected speech.

جناب‌والا - نمبر ۱۸ کے متعلق میں صرف اتنا عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جو سیکنڈری سکول بنائے جا رہے ہیں انکے لئے سیالکوٹ کے ضلع میں اس بجٹ کے اندر کوئی پرووِیژن نہیں رکھی گئی - میں آنریبل وزیر تعلیم کی توجہ اس امر کی طرف منعطف کرانا چاہتا ہوں کہ سیالکوٹ کے ضلع میں بالخصوص تحصیل نارووال میں سکولوں کی اشد ضرورت ہے - مجھے امید ہے کہ وہ میری اس گزارش پر ہمدردی سے غور کرینگے - اگر وہ نارووال میں سیکنڈری سکول بنائیں تو بہت بہتر ہوگا -

نمبر ۱۹ کے متعلق مجھے صرف اتنا عرض کرنا ہے کہ پچھلے سیشن میں پارٹی میٹنگ میں یہ سوال پیش کیا گیا تھا -

صاحب سپیکر :- آنریبل ممبر کو معلوم ہونا چاہئیے کہ اس ایوان میں پارٹی میٹنگ کی باتوں کا ذکر نہیں کیا جاسکتا -

چودھری محمد اقبال چیمہ :- مجھے افسوس ہے جناب - بہر کیف پچھلے سیشن کے دوران میں حکومت کے سامنے یہ معاملہ پیش کیا گیا تھا کہ حکومت پرائمری تعلیم لوکل باڈیز سے اپنی تحویل میں لے لے - کچھ عرصہ اسکے متعلق بحث بھی ہوتی رہی - لیکن اب چار پانچ ماہ گزر جانے کے بعد بھی حکومت ابھی تک اسکے متعلق کوئی فیصلہ نہیں کرسکی - آنریبل وزیر تعلیم مجھ سے اتفاق کرینگے کہ لوکل باڈیز کے سکولوں میں تعلیم کی حالت نہایت ابتر ہے - وہاں اساتذہ کو اپنا کام کرنے کیلئے کم موقع ملتا ہے - انکا زیادہ وقت لوکل باڈیز کے عہدیداروں کے کاموں میں ہی گزر جاتا ہے - میں حیران ہوں کہ جب تعلیمی کاموں کیلئے حکومت لوکل باڈیز کو ۸۰ فیصدی بلکہ بعض حالات میں ۱۰۰ فیصدی گرانٹ دیتی ہے تو پھر وہ اسے اپنی تحویل میں ہی کیوں نہیں لے لیتی - تعلیم اس وقت ہماری قوم کی اہم ترین ضرورت ہے اسلئے ضروری ہے کہ اسکی Planning بھی Nation wide ہو - امید ہے کہ آنریبل وزیر تعلیم بہت جلد اس کے متعلق قدم اٹھائینگے -

نمبر ۲۰ کے متعلق جناب مجھے آنریبل وزیر صحت کی خدمت میں صرف اتنا عرض کرنا ہے کہ ضلع سیالکوٹ میں دس ایسے گاؤں ہیں جن کے ووٹ ۱۹۵۱ کی رپورٹ مردم شماری سے پہلے کے ہیں - ۱۹۵۰ میں وہاں ووٹوں کی تعداد ۷۰۰ تھی لیکن ۱۹۵۱ میں جب مردم شماری ہوئی یہ تعداد ۳۷۰ ہوگئی - اس قسم کے دس کے قریب گاؤں ہیں - اس سلسلہ میں میں ایک دفعہ آنریبل وزیر متعلقہ کی خدمت میں حاضر ہوا تھا - انہوں نے اس وقت میری گزارشات کے جواب میں ایک عجیب بات فرمائی تھی جسکا ذکر میں اس ایوان میں کرنا مناسب نہیں سمجھتا - یہ ایسا مسئلہ ہے جسکی طرف ضرور توجہ دی جانی چاہئیے - آنریبل وزیر اعلیٰ ایک سوال کے جواب میں فرما چکے ہیں کہ اسکی enquiry کی جائیگی اور ذمہدار اشخاص کو قرار واقعی سزا دی جائیگی - ۲۱ کے متعلق مجھے یہ عرض کرنا ہے کہ سیالکوٹ میں پختہ سڑکیں بہت تھوڑی ہیں - کم از کم ہر تحصیل ہیڈکوارٹر سے ضلع کے صدر مقام تک ضرور پختہ سڑک ہونی چاہئیے - اسکے علاوہ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ مندرجہ ذیل تین سڑکوں کا پختہ ہونا انتظامی امور کیلئے بھی

بہت ضروری ہے - ایک سیالکوٹ سے براستہ ظفروال شکر گڑھ تک - دوسری نارووال سے شہزرہ تک - اور تیسری سیالکوٹ سے ہیڈمرالہ تک - امید ہے حکومت اس امر کی طرف جلد از جلد توجہ دے گی -

وزیر تعلیم :- (آنریبل چودھری علی اکبر خان) - جناب والا چودھری محمد اقبال چیمہ صاحب نے اپنی دو تحریکات تخفیف نمبر ۱۸ اور ۱۹ میں خاص طور پر سیالکوٹ میں تعلیمی آسانیاں مہیا کئے جانے کیلئے فرمایا ہے - انہوں نے یہ بھی فرمایا ہے کہ حکومت کو چاہئیے کہ وہ Local Bodies سے تعلیم لے لے - پہلے میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس میں کوئی شک نہیں کہ ہمارے صوبے کے تمام مصائب کا حل صرف اسی صورت میں ہوسکتا ہے جب ہم یہاں تعلیم کو اس قدر عام کردیں کہ وہ ہر شخص کو مہیا ہوسکے - اس میں بھی کلام نہیں کہ اگر آٹھویں تک نہیں تو کم از کم پرائمری تک کی تعلیم ضرور لازمی کردینی چاہئیے -

(ایک ممبر :- اور مفت بھی)

مفت تو وہ پہلے ہی ہے - لیکن میں اس معزز ایوان کی خدمت میں یہ عرض کردینا ضروری سمجھتا ہوں کہ اگر ایک طرف یہ کام ضروری ہے تو دوسری طرف اسکو پایہ تکمیل تک پہنچانے کیلئے اتنے اخراجات کی ضرورت ہے کہ ہم اپنے موجودہ وسائل کے پیش نظر یہ کہنے پر مجبور ہیں کہ شاید یہ کام بہت جلد سرانجام نہ پاسکے - میں ایوان کی اطلاع کیلئے یہ عرض کردوں کہ ایک کمیٹی صرف یہ رپورٹ کرنے کیلئے مقرر کی گئی تھی کہ اگر تمام صوبے کے سکول جانے کی عمر والے بچوں کیلئے پرائمری تعلیم لازمی قرار دی جائے تو اسکے اخراجات کیا ہونگے - اس کمیٹی نے کافی چھان بین کے بعد جو رپورٹ پیش کی ہے اسکے متعلق میں صرف چند باتیں یہاں عرض کرونگا - پاکستان جب وجود میں آیا اس وقت ہمارے صوبے میں چار ہزار پرائمری سکول تھے - گزشتہ سات آٹھ سال کے عرصہ میں انکی تعداد آٹھ ہزار ہوچکی ہے - مگر سب کیلئے پرائمری تعلیم مہیا کرنے کیلئے کم از کم ۲۴ ہزار اور پرائمری سکول درکار ہونگے - اور انکے لئے ۷۲ ہزار اساتذہ کی ضرورت ہوگی - پھر ان اساتذہ کی ٹریننگ کا بھی انتظام ہونا چاہئیے - اساتذہ کی تنخواہوں اور سکولوں کیلئے عمارات کی تعمیر کے اخراجات بھی پیش نظر رکھنے چاہئیں - یہ بھی خیال رکھنا چاہئے کہ کیا ہمیں اتنے تعلیم یافتہ لوگ مل جائینگے جو فوری طور پر محکمہ تعلیم میں آنے کیلئے تیار ہوں - ظاہر ہے کہ اتنا بڑا کام ایک دو یا چار سال میں نہیں ہو سکتا - چنانچہ اس کمیٹی نے اپنی رپورٹ میں یہ تجویز پیش کی تھی کہ ایسا پروگرام بنایا جائے کہ اس کام کو آئندہ بیس یا چوبیس سال پر تقسیم کر دیا جائے - اخراجات کے متعلق انکی یہ رپورٹ ہے کہ اس کام کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کیلئے ایک ارب نو کڑور روپیے درکار ہونگے - اگر اسے آئندہ بیس سال میں بھی مکمل کرنا ہوتو ہر سال ۹ کڑور روپیے صرف پرائمری تعلیم کیلئے درکار ہونگے -

یہ معزز ایوان اگر اس قدر رقم مجھے ایک سال میں مہیا کردے تو میں اگلے ہی سال یہ کام سر انجام دے سکتا ہوں - اس لئے میں عرض کرونگا کہ اصل مسئلہ روپیہ کا ہے اور اسکا انحصار آپ کے وسائل آمدنی اور آپکی ٹیکس برداشت کرسکنے کی طاقت پر ہے - آپ چاہتے ہیں کہ تعلیم عام ہو - ہم بھی چاہتے ہیں کہ تعلیم عام ہو - بلکہ تمام صوبہ میں اس کی ضرورت بڑی شدت سے محسوس کی جا رہی ہے لیکن اتنے زیادہ اخراجات یک لخت برداشت نہیں کئے جاسکتے ہیں - عزتمآب وزیر اعلے کا ممنون ہوں کہ انہوں نے اپنے بجٹ میں محکمہ تعلیم کے لئے زیادہ سے زیادہ رقم مہیا کرنے کی کوشش فرمائی ہے - چنانچہ پانچ کروڑ بیس لاکھ روپیہ تعلیم کے لئے مہیا کیا گیا ہے اور میں آپ کو بتا دینا چاہتا ہوں کہ اتنی رقم نہ کبھی اس وقت دی گئی تھی جبکہ پنجاب انتیس ضلعوں پر مشتمل تھا اور نہ کبھی اس کے بعد دی گئی - میں وزیر خزانہ کا خاص طور پر شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے تعلیم کے مسئلہ پر زیادہ سے زیادہ توجہ مبذول فرمائی اور اس کے لئے یہ رقم خطیر عطا فرمائی - لیکن جیسا کہ میں نے آپ پر اعداد و شمار کے ذریعہ واضح کر دیا ہے یہ رقم اگرچہ بہت بڑی ہے مگر مسئلہ کی وسعت کے پیش نظر اونٹ کے منہ میں زیرے کے برابر ہے - یہ رقم بجٹ کا ۱/۴ یا حصہ ہے - لیکن حقیقت یہ ہے کہ یہ بھی اس مسئلہ کے حل کے لئے کافی نہیں ہے - اس میں سے جناب‌والا دو کروڑ نوے لاکھ روپیہ تو صرف Local Bodies کو امداد کے طور پر گورنمنٹ کی طرف سے دیا جائے گا - اس ضمن میں ضلع سیالکوٹ کے متعلق عرض کرونگا کہ اس ضلع کو زیادہ سے زیادہ تعلیمی سہولتیں مہیا ہیں - اس ضلع میں اس کی آبادی اور رقبہ کے لحاظ سے بہت زیادہ پرائمری اور ہائی سکول ہیں - ایک اسلامیہ کالج موجود ہے جس کو گورنمنٹ پندرہ ہزار روپیہ Recurring Grant کے طور پر دے رہی ہے اور اس دفعہ پچاس ہزار روپیہ اس کی بلڈنگ کے لئے منظور کیا گیا ہے - اس کے علاوہ مرے کالج ہے - یہ گورنمنٹ کالج نہیں ہے لیکن گورنمنٹ اس کو امداد دے رہی ہے - لڑکیوں کے لئے ایک گورنمنٹ کالج کھولا گیا ہے -

چودھری محمد افضل چیمہ :- اگر سیالکوٹ میں تعلیم زیادہ ہوگئی ہے تو اسے کم کردیجئے -

وزیر تعلیم :- اگر چودھری محمد افضل چیمہ صاحب یہی مناسب سمجھتے ہیں تو باقاعدہ تحریک پیش کریں اور اگر ایوان نے ان کی تحریک منظور کرلی تو ایسا ہی ہوجائے گا -

جناب‌والا - دوسرا مسئلہ جس کا چودھری محمد اقبال چیمہ صاحب نے ذکر فرمایا ہے وہ تعلیم کو Local Bodies کے سپرد کرنے یا نہ کرنے کے متعلق ہے - حضورِوالا ! قیام پاکستان سے پہلے بھی اور اس کے بعد آج تک کم از کم پرائمری اور آٹھویں جماعت تک کی تعلیم Local Bodies کی ذمہداری قرار پاتی رہی ہے چنانچہ سارے صوبہ میں Local Bodies ہی اس کا انتظام کررہی ہیں - لیکن لوکل‌باڈیز اس ضمن میں جو اخراجات برداشت کررہی ہیں ان کے سلسلہ میں گورنمنٹ

ان کو خاصی امداد دے رہی ہے - جناب والا ! جب اس امر کا فیصلہ ہوا تھا (اور یہ غالباً ۱۹۳۲ء میں ہوا تھا) کہ کونسے ضلع کو کس قدر روپیہ دیا جائے اور جب اس کی percentage مقرر کی گئی تھی تو ہر ضلع کے مالی حالات اور اس کے ذرائع آمدنی کو پیش نظر رکھا گیا تھا مثال کے طور پر ضلع لائلپور کے متعلق یہ خیال تھا کہ یہاں کے لوگوں کی مالی حالت دوسرے اضلاع سے بہتر ہے اور یہاں سے مالیہ اور دوسرے Cess بھی کافی وصول ہوتے ہیں اور یہ ایک امیر ضلع ہے اور یہاں کے ڈسٹرک بورڈ کو بھی کافی آمدنی ہوتی ہے چنانچہ وہاں ورنیکولر تعلیم پر جو خرچ ہوتا تھا اس کا پچاس فیصدی گورنمنٹ کی طرف سے دینا منظور کیا گیا - اس کے برعکس راولپنڈی کے لئے گورنمنٹ سو فیصدی خرچ برداشت کرتی ہے اس لئے کہ یہ ایک بارانی ضلع ہے اس کی آمدنی کم ہے اور اس کے باشندے زیادہ تر فوج میں ملازم ہیں - اسی طرح کیمبلپور کے لئے نوے فیصدی اور گجرات کے لئے ساٹھ فیصدی اخراجات گورنمنٹ برداشت کرتی ہے - علی ہذاالقیاس مقصد یہ ہے کہ مختلف ضلعوں کے لئے امداد کا تناسب ان کی مالی حالت اور ان کی آمدنی کو پیش نظر رکھ کر مقرر کیا گیا تھا - لیکن قیام پاکستان کے بعد سے لوگوں میں تعلیم حاصل کرنے کا شوق بے حد بڑھ گیا ہے - ہر جگہ لوگوں کا مطالبہ ہے کہ وہاں پرائمری مڈل اور ہائی سکول کھولے جائیں - ان مطالبات کو ڈسٹرک بورڈ پورا نہیں کر رہے - دیکھا جائے تو یہ ڈسٹرک بورڈوں کا فرض ہے اور وہ اس کے مجاز ہیں کہ لوگوں پر لوکل ریٹ عاید کریں - اور انہیں چار آنے فی روپیہ تک ٹیکس عائد کرنے کا اختیار ہے لیکن بہت سے ایسے بھی ہیں جو ایک آنہ چھ پائی یا دو آنے تک ہی وصول کر رہے ہیں اور اس ٹیکس کو بڑھا نہیں رہے - دوسری طرف تعلیم پر جو اخراجات پہلے ہو رہے تھے ان میں بہت حد تک اضافہ ہوگیا ہے - لیکن آمدنی کم و بیش وہی ہے جو پہلے تھی - خرچ میں اضافہ کی صورت یہ ہے کہ جن اساتذہ کی تنخواہ چالیس روپیہ ماہوار تھی اب ساٹھ یا ستر روپیہ کردی گئی ہے اور ڈسٹرک بورڈ آمدنی زیادہ نہ ہونے کی وجہ سے مزید خرچ برداشت نہیں کرسکتے - جب گورنمنٹ نے یہ فیصلہ کیا کہ لوکل باڈیز کے اساتذہ کی تنخواہیں بڑھا دی جائیں تو ڈسٹرک بورڈوں کی طرف سے جواب ملا کہ ہم ان تنخواہوں کا خرچ برداشت نہیں کرسکتے - چنانچہ گورنمنٹ نے فیصلہ کیا کہ اساتذہ کی تنخواہیں بڑھانے سے جو چالیس لاکھ روپیہ زائد خرچ ہوگا اس میں سے تیس لاکھ روپیہ گورنمنٹ مزید امداد کے طور پر دے گی اور باقی دس لاکھ ڈسٹرک بورڈ خود برداشت کرینگے - لیکن اب بھی کئی ڈسٹرک بورڈ ایسے ہیں (اور ان میں سے ایک سیالکوٹ کا ڈسٹرک بورڈ ہے) جو تعلیمی اخراجات میں سے اپنا پورا حصہ ادا کرنے کی سکت نہیں رکھتے - حصول تعلیم کے لئے جو آسائیشیں اور سہولتیں مہیا کی گئی ہیں ان پر جو خرچ آتا ہے اس میں سے گورنمنٹ تو اپنا پورا حصہ ادا کررہی ہے مگر ڈسٹرک بورڈ اپنا حصہ نہیں دے رہے اور نہ ہی اپنے ذرائع آمدنی میں توسیع کرنے کی کوشش کرتے ہیں - یہ مشکل اکثر اضلاع میں پیش آرہی ہے - ہم تعلیم کے لئے مزید انتظامات کرنے کے لئے تیار ہیں لیکن ڈسٹرکٹ بورڈ تو اپنا پہلا حصہ ہی ادا کرنے کے قابل نہیں ہیں ان سے اور کیا توقع کی جاسکتی ہے -

حضورِوالا ! میرے معزز دوست اور بعض دوسرے ممبر صاحبان نے جو کچھ فرمایا ہے اس کے سلسلہ میں کئی انتظامیہ دقتیں بھی درپیش ہیں - یہ مسئلہ اس وقت گورنمنٹ کے زیر غور ہے کہ اس سلسلہ میں کیا قدم اٹھایا جائے - ابھی یہ فیصلہ نہیں کیا گیا کہ پرائمری تعلیم ڈسٹرکٹ بورڈوں سے لے کر گورنمنٹ خود اپنی تحویل میں لے لے یا کسی اور قسم کے بورڈ قائم کردے جو اس کام کی ذمہ داری اٹھائیں - یہ تمام مسئلہ زیر غور ہے لیکن ابھی تک کوئی قطعی فیصلہ نہیں کیا گیا - جو شکایات چودھری صاحب نے اور دوسرے ممبران نے بیان کی ہیں مجھے ان کے متعلق پوری طرح علم ہے بلکہ وزارت کا ہر ممبران سے باخبر ہے اور پوری واقفیت رکھتا ہے - ان شکایات پر غور و خوض کیا جارہا ہے اور ان کے متعلق جو فیصلے کئے جائینگے وہ اس معزز ایوان کے سامنے آجائیں گے -

عزت مآب سردار محمد خان لغاری :- جناب‌والا - انڈیپنڈنٹ ممبر نے ضلع سیالکوٹ کی سڑکوں کے متعلق فرمایا کہ -

سید محی‌الدین لال بادشاہ :- جناب‌والا - میں بھی آنریبل وزیر کی خدمت میں کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں -

صاحب سپیکر :- اب جب کہ آنریبل وزیر تقریر شروع کرچکے ہیں میں آپ کو تقریر کی اجازت نہیں دے سکتا -

مولوی محمد اسلام الدین :- جناب‌والا - میں Point of Order پیش کرنا چاہتا ہوں - میں نے اپنی تقریر میں تعلیم کے متعلق کہا تھا کہ -

صاحب سپیکر - آپ کا Point of Order کیا ہے ؟

مولوی محمد اسلام‌الدین - میرا Point of Order یہ ہے کہ جوابی تقریر میں جناب وزیر تعلیم نے ایسے اسلامی مدارس کے متعلق کچھ نہیں فرمایا جن میں قرآن اور حدیث کی تعلیم کا بندوبست کیا جاتا ہے -

صاحب سپیکر :- یہ کوئی Point of Order نہیں -

وزیر تعمیرات عامہ :- جناب‌والا - آنریبل ممبر صاحب نے شکایت کی ہے کہ ضلع سیالکوٹ میں پختہ سڑکیں بہت کم ہیں - مجھے ان سے دلی ہمدردی ہے کیونکہ جو کچھ انہوں نے فرمایا ہے وہ درست ہے دراصل تقسیم ملک سے قبل سیالکوٹ میں صرف ۷۷ میل لمبی پختہ سڑکیں تھیں - لیکن تقسیم ملک کے بعد جو سڑکیں ضلع سیالکوٹ میں بنائی گئیں وہ سیالکوٹ ڈسکہ روڈ - نارووال ظفروال - پسرور نارووال اور پسرور چونڈہ روڈ تھیں- یہ سڑکیں لمبائی میں تقریباً ۵۹٫۳ میل ہیں - یعنی ۷۷ میل تقسیم ملک سے پہلے اور تقریباً ۶۰ میل تقسیم ملک کے بعد بنائی گئی ہیں - ضلع سیالکوٹ کی جو سڑکیں ہمارے تعمیرات کے پروگرام میں ہیں ان کی لمبائی ۱۵۷ میل ہے یعنی ہم نے ضلع سیالکوٹ میں ۱۵۷ میل لمبی سڑکیں اور بنانا ہیں - اس ضلع میں تقسیم ملک کے بعد سڑکوں کی تعمیر کا کام پروگرام کے مطابق فوراً شروع کردیا گیا تھا مگر ۱۹۴۹-۵۰ء میں محکمہ دفاع نے

خود یہ احکام جاری کئے کہ سیالکوٹ میں سڑکوں کی تعمیر کا کام بند کردیا جائے - چنانچہ ان احکام کے ماتحت شکرگڑھ اور جسڑ وغیرہ کی سڑکوں کی تعمیر بند کردی گئی - ان کے علاوہ دیگر سڑکیں مثلاً شاہزرہ نارووال - گجرانوالہ پسرور روڈ - وزیر آباد ڈسکہ پسرور جسڑ شکر گڑھروڈ - گجرات ٹانڈہ سیالکوٹ روڈ - سیالکوٹ کلو والہ روڈ اور بذریاں چونڈہ ظفروال روڈ جو ڈیگ کے پل تک ہے - پھر پسرور سے ڈسکے تک - سیالکوٹ سے ظفروال تک براستہ باجر اگڑہی مہاراجہ جو ضلع سیالکوٹ میں ہے اور سیالکوٹ سے گجرات تک براستہ ڈانڈہ بمع کوٹلی لوہاران Link وغیرہ Schedule of New Expenditure میں رکھی گئی تھیں لیکن مالی مشکلات کے باعث ان کی تعمیر کو کاٹنا پڑا - اس وقت صرف ان سڑکوں کی تعمیر کیلئے روپیہ مہیا کیا گیا ہے جو پہلے سے زیر تعمیر تھیں اور جن پر اس قدر کام ہوچکا تھا کہ اسے بند نہیں کیا جاسکتا تھا - مجھے آنریبل ممبر سے پوری ہمدردی ہے کہ شکر گڑھ کی سڑک جو زیر تعمیر ہے اس کے علاوہ اور کسی سڑک کی تعمیر بند نہیں کی گئی - اس کی وجوہات مالی مشکلات ہیں - یہ قدرت کی ستم ظریفی ہے کہ ان کے ضلع میں سڑکوں کی تعمیر کا کام دیدہ‌دانستہ طور پر روکا نہیں گیا بلکہ حقیقت یہ ہے کہ جن دنوں سڑکیں بڑی تعداد میں بن رہی تھیں ان دنوں مرکزی حکومت کے احکام کے تحت ہمیں بعض سڑکوں کی تعمیر روکنا پڑی اور اب جبکہ ادہر سے اجازت ہوئی ہے تو ہمارے پاس پیسہ نہیں -

عزت مآب مخدوم زادہ الحاج پیر سید محمد علمدار حسین شاہ گیلانی - جناب صدر - مجھے بھی ایک گذارش کرنا ہے - چودھری محمد اقبال چیمہ صاحب نے فرمایا کہ ضلع سیالکوٹ میں جتنے حلقہ جات ہیں ان کی آبادی سے ووٹروں کی تعداد زیادہ ہے - میں اسکے متعلق صرف یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ہم نے ۱۹۵۱ء کے Electoral Rolls کو ڈسٹرکٹ بورڈوں کے انتخابات کے لئے اپنا لیا ہے - اس فہرست میں جتنے ووٹر بھی ہیں ان کو بھی ہم نے اپنا لیا ہے - (ایک آواز - کیا جو مرگئے ہیں ان کو بھی آپ نے اپنا لیا ہے ؟) مرگئے ہیں یا زندہ ہیں - سوال یہ ہے کہ مجھ پر یہ اعتراض کیا گیا ہے کہ "گوشے کے" کی ایک ذیل ہے جہاں سے چودھری عبدالغنی صاحب اس معزز ایوان کے ممبر منتخب ہوکر آئے ہیں - اس کی فہرست ووٹران ۱۹۵۱ء کی فہرست ووٹران برائے اسمبلی کے مطابق ہے - میں سمجھتا ہوں کہ اگر ان کا ڈسٹرکٹ بورڈ کا انتخاب اس فہرست کی رو سے غیر آئینی ہے - تو پھر ان کا اسمبلی کا انتخاب بھی غیر آئینی ہے - اس کے متعلق میں صرف یہ عرض کرنا ضروری سمجھتا ہوں کہ عموماً Claims and Objections کے لئے وقت دیا جاتا ہے - چنانچہ فہرست مذکور کیلئے بھی وقت دیا گیا تھا اگر ان کی شکایت واقعی درست تھی تو انہیں حق پہنچتا تھا کہ وہ اس کی تصحیح کرتے - مگر انہوں نے تصحیح کیلئے کوئی درخواست نہ دی - ان حالات میں حکومت اس بات کی پابند تھی کہ وہ اس فہرست کو اپنا لے - اگر وہ Claims and Objections کے لئے وقت دئے جانے کے باوجود بھی تصحیح نہیں کرسکے تو ہم مجبور ہیں -

چودھری محمد اقبال چیمہ :- جناب‌والا - میں یہ تحریکیں واپس لینا چاہتا ہوں -

***Malik Ghulam Nabi** (Lahore Corporation I, Muslim Reserved Seat) : Sir, I beg to move :

That the item of Rs. 89,940 on account of A-Head of Province—(i) Ministers be reduced by Rs. 89,939.

جناب والا - میرا اس تحریک تخفیف پیش کرنے سے یہ مقصد نہیں کہ میں خواہ مخواہ وزارت کو ہدف طعن و تشنیع بناؤں بلکہ میں نے اپنی تحریک کا مقصد خاص طور پر یہ رکھا ہے کہ میں حکومت کی جنرل پالیسی کے متعلق اس Item کے ماتحت اپنے خیالات کا اظہار کروں -

جناب والا - چند روز سے اس معزز ایوان میں پارلیمنٹری سیکریٹریوں - پارلیمنٹری پرائیویٹ سیکریٹریوں اور وزرا صاحبان کا پوسٹمارٹم ہوتے ہوئے میں نے دیکھا ہے - میں اس سلسلے میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ آپ میری تقریر میں تکرار نہ پائیں گے - میں مناسب نہیں سمجھتا کہ عالی مرتبت وزرا صاحبان وغیرہ کی شخصیتوں کے متعلق اس مقتدر ایوان میں کچھ کہوں بلکہ میں صرف یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جو بات بھی آپ کریں کسی اصول کے مطابق کریں - تاکہ یہاں پر جو تنقید کی جاتی ہو وہ خود بخود بہت حد تک ختم ہو جائے - اس کے متعلق میں ایک مثال آپ کے سامنے پیش کرتا ہوں - حکیم اجمل خان سے کسی نائی نے کہا - حضور آپ کے پاس مریض آتے ہیں ان میں شفایاب بھی ہوتے ہیں اور بعض مر بھی جاتے ہیں - اسی طرح مریض تو میرے پاس بھی آتے ہیں - ان میں سے بعض بچ جاتے ہیں اور بعض مر جاتے ہیں - حکیم صاحب نے کہا کہ ہمارے پاس جو مریض آتے ہیں ان میں سے جو زندہ رہتے ہیں وہ بھی کسی اصول کے مطابق زندہ رہتے ہیں اور جو مرتے ہیں وہ بھی کسی اصول کے مطابق مرتے ہیں -

اس معزز ایوان کو بھی ایک اصول اپنے سامنے رکھنا چاہئیے - میں سمجھتا ہوں ہر صورت میں پارلیمنٹری سیکریٹریوں اور پارلیمنٹری پرائیوٹ سیکریٹریوں کا بچاو ہو سکتا ہے - آپ آئے دن یہ فرماتے ہیں کہ برٹش پارلیمنٹ میں ایسے سیکریٹری موجود ہیں اس لئے ہم نے بھی رکھ لئے ہیں اور چونکہ ہمارے بڑوں نے ایسا کیا ہے اس لئے ہم بھی کر رہے ہیں - یہ کوئی ایسا جواب نہیں جو ہمیں کسی طرح سے مطمئن کر سکے - انگلستان میں Ministers of Crown Act کے ماتحت پارلیمنٹری سیکریٹریوں کی تنخواہیں مقرر کی جاتی ہیں اگر آپ بھی ان عہدوں کو رکھنا ضروری سمجھتے ہیں تو پھر آپ کا Legislature بھی موجود ہے -

Chief Minister: On a point of order. Sir, this point has been discussed already to the full length and voted on by the House only today. Is there any point in discussing it again ?

Malik Ghulam Nabi: It has not been discussed.

Chief Minister: You were not here when it was being discussed.

Malik Ghulam Nabi: You will appreciate it, Sir, if you hear it for a minute more.

---

*Uncorrected speech.

ملک غلام نبی :- جناب والا - اس گزارش سے میرا مقصد یہ تھا کہ اگر جناب وزیر اعلیٰ اس قسم کا ایک قانون پاس کرالیں اور ایک ایکٹ کے ذریعہ پارلیمنٹری سیکریٹریوں کی تعداد اور تنخواہیں منظور کرالیں - تو زیادہ بہتر اور مستحسن ہو - آپ ہماری طرف سے اور ایوان کی طرف سے اور دوسرے دوستوں کی طرف سے جو ان آسامیوں کو پسند نہیں کرتے ہیں بچ سکیں گے اور اس طرح اس جھگڑے کا سدباب ہوجائے گا -

میری دوسری گزارش ہے کہ تمام House of Parliaments کا یہ طریقہ رہا ہے کہ وزارت کے ساتھ ایسی کمیٹیاں موجود ہیں جن میں کچھ اراکین Legislators ہوتے ہیں اور کچھ experts ہوتے ہیں جو وزارتوں کے مختلف امور میں مدد دیتے ہیں - وزرا صاحبان ان کمیٹیوں کی صدارت فرماتے ہیں اور اراکین لیجسلیچر اور experts وزارت کے کاروبار کے متعلق مشورہ دیتے ہیں کہ ان کے محکمہ کی اصلاح کس طرح ہو سکتی ہے - اگر ان باتوں کو ملحوظ خاطر رکھا جائے تو میں سمجھتا ہوں ہمارے وزراء طعن و تشنیع سے محفوظ رہ سکتے ہیں - جیسا کہ انہوں نے فرمایا تھا کہ وہ بجٹ کی تیاری کے لئے ایک کمیٹی کی تشکیل کو پسند کریں گے جو اس طرف توجہ دے گی اور بجٹ پر غور کرے گی کیونکہ ایک دم تو سال بھر کا بجٹ نہیں پڑھا جاسکتا - اس طرح جو خامیاں ہونگی وہ سامنے آجائیں گی اور پھر کوئی علاج بھی کیا جاسکے گا اور حکومت کو راہ راست پر لایا جاسکے گا -

اس کے بعد میں حکومت کی پالیسی کے متعلق عرض کروں گا کہ ہماری حکومت کے بہت سے ایسے محکمے ہیں جن میں Technical اور Professional قسم کے لوگ ہوتے ہیں - وہی حکومت کے سیکریٹری ہوتے ہیں - وہی پالیسی وضع کرتے ہیں اور وہی اس پر عمل کرتے ہیں - یہ لوگ بہت narrow views رکھتے ہیں ان سے کوئی بڑی چیز توقع نہیں کی جاسکتی - اسلئے ایسے experts ہونے چاہئیں جو حکومت کی پالیسی وضع کرنے کیلئے صحیح راستہ بتا سکیں اور پھر اعلیٰ قسم کی پالیسی بنائی جاسکے -

تیسری بات میں Civil Liberties کے متعلق عرض کروں گا جن کی وجہ سے حکومت اور عوام میں ایک چپقلش رہی ہے - میں چاہتا ہوں کہ حکومت کے قوانین میں ایک لچک ہو جس طرح اس ایوان میں ہر ممبر کو Liberty of speech کا Privilege حاصل ہے اسی طرح فراخدلانہ طور پر آپ عوام کو بھی یہ حق دیں کہ وہ آپ پر جائز تنقید کرسکیں تاکہ ایک معزز شہری بڑی سے بڑی ہستی کا جائزہ لے سکے - پھر آپ اخبارات پر مختلف قسم کی بندشیں نہ لگائیں بلکہ ان کو facilities دیں - آپ نے دیکھا ہوگا کہ جن ملکوں میں سیاسی پارٹیاں فیل ہو جاتی ہیں وہاں اخبارات ان پارٹیوں کی رہبری کرتے ہیں - ہمارے ہاں بھی سیاسی پارٹیاں ہیں - اگر آپ عامۃالناس کو آزادی دے دیں تو اس سے صحت مند نتائج برآمد ہونگے -

جناب والا - اس سے ضروری بات جو میں آپ کی وساطت سے اس ایوان کے سامنے پیش کرنا چاہتا ہوں یہ ہے کہ اگر کوئی جائز تنقید نہ کی جائے تو اس سے حکومت کو

بر عادت پڑ جاتی ہے اور پھر ذاتی مصلحتوں کے پیش نظر وزراء جس طرح ضروری سمجھتے ہیں حکومت کی پالیسی وضع کرتے ہیں یا اس میں تبدیلیاں کرتے رہتے ہیں - میرے خیال میں حکومت کی پالیسی میں صرف اس وقت تبدیلی ہونی چاہئیے - جب آپ جنرل الیکشن میں لوگوں کے سامنے جاتے ہیں - اس وقت آپ honour bound ہوتے ہیں - لیکن حقیقت یہ ہے کہ عوام سے جو وعدے آپ کرتے ہیں یہاں آکر سب کچھ بھول جاتے ہیں اور اپنی طاقت کے بل بوتے پر ایسی پالیسی وضع کرتے ہیں جس میں آپ کی بہتری ہوتی ہے اور جو آپ کو موزوں معلوم ہوتی ہے - پچھلے الیکشن میں یہ کہا گیا تھا کہ سیفٹی ایکٹ کی تنسیخ ہو جائے گی اور جاگیرداریاں ختم ہو جائیں گی - (وزارتی نشستیں - جاگیرداریاں ختم ہوگئی ہیں -) اگر آپ کو یہ بات ناگوار گزرتی ہے تو آپ دم مادیں - لیکن جو کچھ میں صحیح سمجھتا ہوں ضرور عرض کرونگا -

اس وزارت میں یا آنے والی وزارت میں (جو ایک یونٹ کے سلسلہ میں قائم ہوگی)* آپ کے لئے ضروری ہے کہ آپ وہ باتیں کریں جو آپ کہتے ہیں - ایک یونٹ کی وزارت میں تو سندھ اور بلوچستان کے متعلق بھی سوچنا ہوگا - ممکن ہے ہمارے کچھ دوست الیکشن کے بعد اس اسمبلی میں واپس آئیں - جو لوگ آئیں یہ ان کی ذمہداری ہوگی کہ وہ عوام کے حقوق اور ان سے کئے گئے وعدوں کو ضرور ملحوظ رکھیں - عوام کی حیثیت تو بھیڑ بکریوں کی طرح ہے وہ بہت پس ماندہ ہیں اور اب اس امر کی ضرورت ہے کہ ان کی ترقی کے لئے آپ ان کو آزادی رائے دیں - ایک یونٹ کے متعلق جب یہاں تجویز پیش کی گئی تھی تو وہ متفقہ طور پر پاس ہوگئی تھی - اب اگر مسلم لیگ کو عقل آجائے تو وہ آنے والے الیکشن جیت سکتی ہے -

آخر میں میری گزارش یہ ہے کہ جب آپ اس معزز ایوان میں قوانین بناتے ہیں تو آپ لٹھ کے زور سے ایک دم ہی پاس کروالیتے ہیں - آپ جانتے ہیں کہ ایسے قوانین کا کیا حشر ہوتا ہے - مثلاً اگر آپ مزدوروں کے متعلق کوئی قانون بناتے ہیں تو آپ کا فرض ہے کہ Labour Organizations سے صلاح مشورہ کرلیں - اسی طرح اگر آپ Agrarian Reforms لانا چاہتے ہیں تو آپ کو چاہئیے کہ آپ ان کسانوں سے مشورہ لیں جو اپنا لہو پسینہ ایک کر کے ہل چلاتے ہیں - آپ مشورہ ان کے ٹھیکیداروں سے لیتے ہیں جو ان کا خون چوستے ہیں - بجٹ میں اگر آپ نے ۲۶ یا ۲۸ کروڑ روپیہ کا خرچ دکھایا ہے تو اس سے عام لوگوں کو کیا فائدہ ہے - آپ خدا کے لئے کوئی ایسی صورت پیدا کریں جس سے عوام چین کا سانس لے سکیں - وہ بھی آخر انسان ہیں اور اشرف المخلوقات ہیں - ان کے جذبات مردہ ہوچکے ہیں - آپ ان کو زندہ کریں - آپ انکو احساس دلائیں کہ آپ ان کی بہتری کے لئے کچھ کر رہے ہیں - جب تک عوام خوش نہیں ہونگے تب تک آپ کے بجٹ کا مقصد پورا نہیں ہوسکتا - ہر کام کے لئے عوام کی خوشی لازمی ہے -

ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی گزارشات ختم کرتا ہوں - باقی چیزوں کیلئے میں آپ کو فاجائز تنقید کا نشانہ بنانا نہیں چاہتا -

Mr. Speaker: The question is:

That the item of Rs. 89,940 on account of A-Head of Province-(i) Ministers be reduced by Rs. 89,939.

The motion was lost.

رانا گل محمد نون المعروف رانا عبدالعزیز نون (ملتان نمبر ۴ مسلم):-

Sir, I beg to move:

That the item of Rs. 89,940 account of A-Head of Province-(i) Ministers be reduced by Rs. 89,939.

جناب‌والا - میں اس تحریک تخفیف کی ابتدا وزیر اعلیٰ کی بجٹ سپیچ کے اس اقتباس سے کرنا چاہتا ہوں - جو انہوں نے بجٹ پیش کرتے وقت اس معزز ایوان کے سامنے پیش کی - وزیر اعلیٰ صاحب نے اپنی تقریر کے صفحہ ۵ پر فرمایا ہے -

The direction of our development in the past has largely been pointed to the urban population which is more vocal and conscious of its rights and the unfortunate result has been that the rural areas where over 80 per cent of our population exists in a condition of deplorable squalor, ignorance and disease has not received the attention which its number and importance demand.————".

جناب‌والا - میں اس معزز ایوان کے سامنے یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ وزیر اعلیٰ صاحب نے خود ہی اس بات کا اعتراف کیا ہے کہ دیہات کی یہ ۸۰ فیصدی آبادی جس توجہ کی مستحق تھی وہ اس سے محروم رہی ہے - مگر ہم نے دیکھنا یہ ہے کہ اب گورنمنٹ جو پالیسی وضع کررہی ہے اس میں کونسی بنیادی تبدیلی کی گئی ہے - جس کی بنا پر ہم یہ توقع کرسکیں کہ ان لوگوں کی ترقی اور فلاح و بہبود کے لئے آپ نے کوئی قدم اٹھایا ہے - جناب‌والا - اس سلسلہ میں میں یہ عرض کردینا چاہتا ہوں کہ آئندہ کے لئے جس پالیسی کا نقشہ ہمارے سامنے پیش کیا گیا ہے ہم اس میں کوئی ایسی ٹھوس چیز نہیں دیکھتے جس سے ہم مطمئن ہو سکیں سوائے اس کے کہ ایف - اے - او اور Fort Foundation کے ماتحت ولیج ایڈ کے لئے جو ۲۶ لاکھ روپیہ مخصوص کیا گیا ہے اس کی طرف اس معزز ایوان کی توجہ مبذول کرائی گئی ہے -

وزیر اعلیٰ:- آپ ہی فرمائیں کہ ہم کیا کریں ؟

رانا گل محمد نون:- میں ابھی عرض کرتا ہوں - آپ مطمئن رہیں -

حضور‌والا - اس سلسلہ میں ہمیں یہ دیکھنا ہے کہ وہ کونسے نقائص ہیں جن کو دور کئے بغیر ہم ترقی کے میدان میں قدم نہیں رکھ سکتے - جناب‌والا - سب سے بڑی چیز ذہنیت ہے - ہمیں یہ دیکھنا ہے کہ منسٹر صاحبان کی کیا ذہنیت ہے - ملک میں یا تو ہم کوئی تبدیلی ڈنڈے کے زور سے کرسکتے ہیں یا عوام کی خواہش اور ان کے ایماء سے کوئی

تبدیلی کی جاسکتی ہے - پہلا طریقہ جو بیان کیا گیا ہے وہ دیرپا نہیں ہوسکتا اور دوسرا طریقہ دیرپا ثابت ہوسکتا ہے کیونکہ اسے عوام کی قبولیت حاصل ہوگی- مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ جن عوام سے ہم یہ توقع رکھتے ہیں کہ وہ ہم سے تعاون کریں ان کو ہم ہر ممکن طریقے سے دبانے کی کوشش کرتے ہیں اور ہماری یہ خواہش ہوتی ہے کہ وہ اس قابل نہ ہوسکیں کہ اپنے جائز حقوق حاصل کرنے کے لئے حکومت سے کوئی مطالبہ کرسکیں یا اس کے متعلق اپنی رائے دے سکیں - سب سے پہلے میں یہ عرض کرونگا کہ ہمارے جمہوری نظام میں عوام کے نمائندوں کے چناو کا طریقہ "الیکشن" ہے - میں ان اصحاب سے جو سرکاری بنچوں پر بیٹھے ہیں یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ کیا جو الیکشن کرائے گئے تھے وہ صحیح کرائے گئے تھے ؟ کیا وہ الیکشن پولیس کی امداد سے نہیں کروائے گئے تھے ؟ (قطع کلامیاں) - کیا افسران کی تبدیلیاں یا تقرریاں اپنے ذاتی مفاد کے پیش نظر نہیں کی جارہیں ؟ جناب‌والا - یونینسٹ گورنمنٹ اپنے وقت میں جو حربے استعمال کرتی تھی وہی حربے آج بھی استعمال ہورہے ہیں - اس معزز ایوان سے یہ امر پوشیدہ نہیں کہ وہ افسران جو یونینسٹ منسٹری کے منظور نظر نہیں ہوتے تھے ان کو ہمیشہ دور دراز اضلاع میں تعینات کیا جاتا تھا اور منظور نظر لوگوں کو اپنی خواہش کے مطابق تعینات کیا جاتا تھا اور اسی پالیسی پر اب بھی عمل کیا جا رہا ہے -

وزیر اعلیٰ :- آپ کوئی مثال دیجئے -

رانا گل محمد نون :- مثال کے طور پر میں ڈی - سی - سرگودھا کے متعلق عرض کرسکتا ہوں کہ اس نے پچھلے الیکشن میں بدعنوانیاں کیں - ان بدعنوانیوں کے صلے میں ایک صاحب will کے ذریعے ۵ مربعے زمین اس کے نام چھوڑ گئے (قطع کلامیاں) - اس کے لئے کوئی justification نہ تھی کہ اسے دوبارہ اس ضلع میں تعینات کیا جاتا اس افسر کی بدعنوانیوں کے متعلق اس معزز ایوان کے ممبران کو پورا علم ہے کہ وہ کیا کیا بدعنوانیاں کرتا رہا ہے - اور پاکستان کے قیام کے وقت اس کی کیا خدمات ہیں - اغلب ہے کہ اب ہمیں ان کی مہربانی کی وجہ khizar tax بھی سے ادا کرنا پڑے -

Chief Minister: He is a very good officer.

رانا گل محمد نون :- اسی چیز کا تو میں شکوہ کررہا ہوں کہ وہ افسر آپ کے نزدیک اور آپ کی نظر میں بہترین افسر ہوگا مگر میں ذہنیت کے متعلق عرض کررہا ہوں - (قطع کلامیاں) -

Chief Minister: Sir, it is my duty to protect the officers who are not here to protect themselves. These are wild allegations which the Hon'able member has made against a Government Servant who is not here to protect himself.

رانا گل محمد نون :- جناب‌والا - میں قوم کا نمائندہ ہوں اور میں یہ اپنا فرض سمجھتا ہوں کہ میں جس شعبہ میں بدعنوانیاں دیکھوں انہیں بلا خوف و خطر اس معزز ایوان

میں پیش کروں - بخدا میں ایسی ذہنیت رکھنے والوں کو قوم کا غدار سمجھتا ہوں اور اسی جذبہ کے پیش نظر میں اس معزز ایوان میں حقائق کو پیش کرنا اپنا فرض سمجھتا ہوں مجھے اس حق سے کوئی نہیں روک سکتا - اس کے علاوہ میں اس معزز ایوان کے ممبران کی خدمت میں بھی عرض کرونگا کہ وہ اپنے فرائض کو محسوس کریں - وہ قوم کے نمائیندے ہیں ممبران جب وزراء کو مجبور کرتے ہیں تو وزراء بھی بزعنوانیاں کرتے ہیں -

وزیر اعلیٰ :- کوئی نہیں کرتا یہ غلط ہے - (قطع کلامیاں) -

رانا گل محمد نون :- آپ اپنے ضمیر کو ٹٹولیں -

Sir, I am being interrupted again and again. ...

جناب‌والا - اس کے بعد میں عرض کروں گا کہ اس معزز ایوان نے چند بل قوم کی فلاح و بہبود کے پیش نظر پاس کئے - وہ تمام کے تمام بل Acts کی صورت اختیار کرچکے ہیں - مگر افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ ان پر عمل کرنے کی بجائے ان کو طاق‌نسیاں پر رکھدیا گیا ہے - مثال کے طور پر اوقاف بل اور Agrarian Reforms کی طرف میں اس معزز ایوان کی توجہ منعطف کرانا چاہتا ہوں - آج تین سال کا عرصہ گزر چکا ہے - گورنمنٹ نے اس معزز ایوان کے سامنے اوقاف بل کے متعلق کیا نظریہ پیش کیا ہے ؟ جناب‌والا - elections کے وقت برسر اقتدار پارٹی نے عوام سے یہ وعدہ کیا تھا کہ Road Transport کو nationalize کیا جائے گا - مجھے بڑے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ چند نامعلوم وجوہات کے پیش نظر اس وقت تک اس پر کوئی عمل نہیں کیا گیا اور اس وعدہ کو پورا نہیں کیا گیا - حکومت ذاتی مفاد کی خاطر vested interest کے ہاتھوں بک چکی ہے -

سید شمیم حسین قادری :- اگر وعدے ابھی پورے کردیں تو اگلے elections میں عوام سے کیا وعدے کریں گے -

رانا گل محمد نون :- جناب‌والا - اس کے بعد مہاجرین اور tenants کا سوال ہے - یہ بہت ہی اہم مسئلہ ہے - اگر اس کا کوئی صحیح حل تلاش نہ کیا گیا تو یہ ہمارے صوبے کے لئے ایک خطرناک صورت اختیار کرے گا - جو اراضیات مہاجرین کو الاٹ ہوئی ہیں اور ان پر مقامی لوگ کاشت کرتے ہیں وہ کہاں جائیں گے اور اگر وہ آراضیات مہاجرین کو کاشت کے لئے نہ دی جائیں تو مہاجرین کہاں جائیں گے - جناب‌والا - اس مسئلہ پر کوئی تفصیلی بحث نہیں ہوسکتی کیونکہ مہاجرین اور tenants کی پالیسی زیر بحث نہیں ہے - اس لئے میں نے اختصا سے کام لیتے ہوئے اس اہم مسئلہ کی طرف اشارہ ہی کیا ہے -

اس کے بعد جناب‌والا میں وزراء صاحبان کے روز مرہ کے دوروں اور روز مرہ کے آنے جانے پر اس معزز ایوان کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں - حضور‌والا - وزراء صاحبان کے دورے کوئی Administration کی خرابیوں کو دور کرنے کے لئے نہیں ہوتے بلکہ یہ دورے Administration کی خرابیوں کو بڑھانے کے لئے ہوتے ہیں -

جناب‌والا - جس قابلیت کے ہمارے چند وزراء مالک ہیں اس پر مجھے اپنا ایک لطیفہ یاد آتا ہے - میرا ایک ڈرائیور تھا - اس سے جب بھی میں کوئی بات دریافت کرتا تو وہ یہی کہتا تھا "جی نہیں" - میں نے ایک دن اس سے کہا کیا تم انسان ہو - تو اس نے کہا "جی نہیں" - (ہنسی اورقہقہہ) - اسی ڈرائیور کی طرح جب بھی ان وزراء صاحبان سے کوئی supplementary سوال کیا جاتا ہے تو وہ کہہ دیتے ہیں fresh notice (ہنسی اور قہقہہ) - میں حیران ہوں جس وزیر کی قابلیت یہ ہو وہ قوم کی رہنمائی کیا کرے گا ؟ جو خود گمراہ ہے وہ دوسروں کی کیا رہنمائی کرے گا -

اسی طرح سے جناب‌والا - میں معزز ایوان کی توجہ افسران کی ناجائز تقرریوں اور تبدیلیوں کی طرف منعطف کرانا چاہتا ہوں - یہ تقرریاں اور تبدیلیاں ہمارے لئے ایک عذاب بن گئی ہیں - اس کا نتیجہ یہ ہوا ہے کہ ہمارے لئے ترقی کے میدان میں قدم رکھنا قطعاً ناممکن ہے -

اس کے بعد جناب‌والا - میں یہ عرض کرونگا کہ صوبہ کی ترقی کے سلسلہ میں جب بھی گورنمنٹ سے کوئی سوال دریافت کیا جاتا ہے تو یہی جواب ملتا ہے کہ ہمارے پاس funds نہیں ہیں - اس سلسلہ میں جناب‌والا پہلے تو ہمیں یہ دیکھنا ہے کہ جو رقمیں اس وقت مختلف ٹیکسوں کے ذریعہ سے یا revenue کے ذریعہ سے وصول کی جاتی ہیں ان کا مصرف صحیح ہورہا ہے یا نہیں - دوسرے جناب‌والا ہم نے یہ دیکھنا ہے کہ ہم جن عوام سے یہ سب ٹیکس وصول کرتے ہیں یا ہمیں آئندہ کرنے ہیں انکی آمدنی اور قوت خرید میں ہم اضافہ بھی کررہے ہیں یا نہیں - حضورِوالا - ہماری بیشتر آبادی کاداروِ مدار زراعت پر ہے - جب تک ہم اس ۸۰ فیصدی آبادی کے لئے ایسے ذرائع مہیا نہ کریں گے جن سے ان کی آمدنی میں اضافہ ہو اس وقت تک ہمارے لئے ترقی کے کسی منصوبہ کو اپنے ہاتھ میں لینا ناممکن ہے -

Chief Minister: Sir, I wish to put a suggestion before this Honourable House.

حضورِوالا - میں ایک چیز آپکی خدمت میں پیش کرنا چاہتا ہوں - وہ یہ ہے کہ ہمارے اس معزز ایوان کے ایک دو ممبر ایسے ہیں جو ہمیشہ اٹھکر کسی نہ کسی Public Servant پر attack شروع کردیتے ہیں - میں اس چیز کو واجب نہیں سمجھتا کسی پر attack کرنا یا کسی پر کوئی الزام لگانا بڑا آسان کام ہوتا ہے - جب افسران بعض ممبران اسمبلی کا کہنا نہیں مانتے یا ان کے کام نہیں کرتے تو وہ ناراض ہوکر اس ہاوس میں ان کو کوسنا شروع کردیتے ہیں - چونکہ اس ہاوس میں liberty of speech ہے اس لئے وہ جو جی میں آتا ہے یا جو ان کا جی چاہتا ہے اس افسر کے خلاف کہہ دیتے ہیں - اس سے جناب‌والا - ایک تو Services پر بہت برا اثر ہوتا ہے اور دوسرے اس معزز ایوان کی reputation کو زبردست دھکا لگتا ہے - جہاں جناب‌والا ہمارا یہ فرض ہے کہ ہم دیکھیں کہ Services پوری

ایمانداری کے ساتھ کام کرتی ہیں وہاں ہمارا یہ بھی فرض ہے کہ ہم ان کو ناجائز criticism سے بچائیں - اور ان کی protection کریں - یہ Services درحقیقت ہمارے اس معزز ایوان ہی کی ہیں - اس لئے اپنے ملازمین پر خود ہی حملہ کرنا میرے خیال میں نامردی ہے - اگر کسی معزز ممبر کو کسی افسر کے خلاف کوئی شکایت ہو تو بڑی خوشی سے میرے پاس تشریف لائیں اور مجھے definite facts سے آگاہ کریں میں فوراً اس افسر کے خلاف inquiry کرکے اس ممبر کی شکایت رفع کرنے کی کوشش کرونگا - اگر وہ افسر جس کے خلاف شکایت کی گئی ہو قصوروار ثابت ہو جائے تو میں اس کے خلاف سخت action لونگا اور اسے سزا دونگا - مگر اس معزز ایوان میں اٹھکر اپنے ہی افسران کے خلاف غلط بیانی کرنا نہ اس معزز ایوان کی اور نہ خود آپکی شان کے شایان ہے - اس لئے اس چیز کو حتی‌الامکان avoid کرنے کی کوشش کرنی چاہئیے - اگر ایسا نہ کیا گیا تو اس کا اثر ہماری Services پر بہت ہی برا پڑے گا - مثلاً یہ کہ ایک معزز ممبر کسی افسر پر اس ایوان میں attack کرتا ہے اور حقیقت میں اس افسر کا کوئی قصور نہیں ہوتا تو جب وہ معزز ممبر دوبارہ اسی افسر کے پاس جائے گا تو وہ افسر یہ خیال کرتے ہوئے کہ اس نے ایوان اسمبلی میں مجھے برا بھلا کہا تھا اس لئے میں بھی اس کی کچھ پرواہ نہیں کرتا - جب Services اور Legislature کے درمیان اس قسم کی ناخوشگوار tussel شروع ہوجائے تو آپ خود ہی اندازہ لگا لیں کہ اس کے اثرات کس قدر خطرناک ہوسکتے ہیں - اس لئے اس چیز کو خلاف اصول قرار دینا چاہئیے - ان گذارشات کے بعد میں خلوص دل سے تمام ممبران سے درخواست کرونگا کہ جب تک آپ کے پاس کوئی definite الزام نہ ہو اس وقت تک آپ کسی Public Servant کا نام لیکر ناجائز حملے نہ کیا کریں کیونکہ وہ اپنے آپ کو تو اس ایوان میں defend نہیں کرسکتا۔ بلکہ میں تو آپ سے یہ درخواست کرونگا کہ آپ کو جب بھی کسی افسر کے خلاف کوئی جائز شکایت ہو تو آپ میرے پاس تشریف لائیں میں خود اس کی inquiry کرونگا -

Mr. Speaker: Before we disperse, I wish to draw the attention of the Hon'ble Members to the fact that this afternoon the Hon'ble Chief Minister complained to me that his Ministers were not present in the House when cut motions relating to their Department were under discussion.

(Opposition: Shame Shame.)

I, hope that the Hon'ble Ministers will make it a point to be present in the House throughout the proceedings and I would request the Hon'ble Ministers who are present here to convey my views to those who are not present in the House.

The Assembly then adjourned for Asar Prayers.

The Assembly re-assembled after Asar Prayers Mr. Speaker in the chair.

رانا گل محمد نون عرف رانا عبدالعزیز نون:-جناب‌والا - میں وزیر اعلیٰ صاحب کے ارشاد کا جواب عرض کرنا چاہتا ہوں -

Mr. Speaker: I want to remind the Honourable Member that the Chief Minister only said that attacks should not be made on Public Officers. That is all. If you want to say anything on that, it would be alright. But nothing beyond that.

رانا گل محمد نون عرف عبدالعزیز نون :- جناب والا - جہانتک وزیر اعلیٰ صاحب کے اس ارشاد کا تعلق ہے کہ اس مقتدر ایوان کے معزز ممبران کو Public Servants کی شخصیتوں کے متعلق اس قسم کے الزامات نہ لگانے چاہئیں جن کی defence کا انہیں موقع حاصل نہ ہوسکے - مجھے اس سے مکمل اتفاق ہے - مگر میں یہ عرض کرنا ضروری سمجھتا ہوں کہ میں نے کسی افسر کا نام لے کر کوئی بات نہیں کہی - لیکن جو چیزیں ان معزز وزراء کی وجہ سے اور ان کی ریشہ دوانیوں کی وجہ سے معرض وجود میں آئیں - میں سمجھتا ہوں کہ مجھے اور اس مقتدر ایوان کے دیگر معزز ممبران کو حق پہنچتا ہے کہ ان کی طرف آپکی وساطت سے اس ایوان کی توجہ منعطف کرائیں - جناب والا جب میں آپکے سامنے Unionist Mentality کا ذکر کررہا تھا تو -

Mr. Speaker: The question is:

That the item of Rs. 89,940/- on account of A-Head of Province-(1) Ministers be reduced by Rs. 89,939/-.

The motion was lost.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema, (Lyallpur IX, Muslim). Sir, I beg to move:

That the item of Rs. 89,940 on account of A-Head of Province-(i) Ministers be reduced by Rs. 80,000/-.

حضور والا - میں اپنی معروضات کا اغاز لاہور کے ایک نامور شاعر کے اشعار سے کرنا چاہتا ہوں -

جاہل ہو رعیت تو حکومت ہے بڑی چیز
اور مفت میں حاصل ہو تو عزت ہے بڑی چیز
یہ سچ ہے مگر اصل میں جو بات ہے یہ ہے
ڈس مس نہ ہو انساں تو وزارت ہے بڑی چیز

حضور والا - میں محسوس کرتا ہوں کہ کل پارلیمنٹری سیکریٹریوں کو زیر بحث لاکر میں نے حکومت کی سب سے زیادہ دکھتی ہوئی رگ پر ہاتھ رکھا تھا کیونکہ میں نے محسوس کیا کہ عزتمآب وزیر اعلیٰ صاحب نے شرم اور ندامت کا مجسمہ بن کر اپنی آنکھیں نیچی کرلی تھیں - اور میں یہ محسوس کررہا تھا کہ -

جفائے داز کی میں نے شکایت ہائے کیوں کی تھی
مجھے جینے نہیں دیتی نگاہ شرمسار ان کی !

حضوروالا - سب سے پہلے میں عزتمآب وزیر اعلیٰ صاحب کے اپنے خاص اور اہم محکمے یعنی Law and order کے متعلق آپ کی اجازت سے کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں - عزت مآب نے اپنی بجٹ کی تقریر دلپذیر میں ارشاد فرمایا تھا کہ وہ یہاں ایک رفاہی مملکت کے قیام کا ارادہ رکھتے ہیں - بہر حال ارادہ نہایت نیک اور مستحسن ہے -

حضوروالا - آج سوالات کے وقفہ میں آپ نے دیکھا کہ میاں محمد شفیع صاحب کے ایک سوال کے جواب میں یہ فرمایا گیا تھا کہ گزشتہ سال ۱۹۵۴ع میں اس صوبہ میں تقریباً ۱۱۵۰ لوگ موت کے گھاٹ اتار دئے گئے اور مختلف قسم کے وحشتناک طریقوں سے انکی زندگیاں ختم کی گئیں -

حضوروالا - ظاہر بات ہے کہ ابھی ہم اپنی منزل سے بہت دور ہیں اور حصول منزل کے لئے بہت کچھ کرنا ہے - بدقسمتی سے میں یہ عرض کرنے پر مجبور ہوں کہ جہاں تک ہماری جان و مال کی حفاظت اور امانت کا تعلق ہے اس کے متعلق ہم مکمل طور پر مطمئن نہیں ہیں - اس سلسلہ میں وزیر اعلیٰ صاحب نے اس معزز ایوان کو دعوت دی تھی کہ وہ اپنے خیالات اور مشورہ سے حکومت کو آگاہ کریں - چنانچہ ان کے ارشاد کے مطابق میں عرض کرتا ہوں کہ پولیس کا محکمہ نہایت سختی اور بے رحمی کے ساتھ احتساب اور تنقید کا ہدف بنا ہوا ہے - ان کی رشوت ستانی کا چرچا بارہا اس ایوان میں کیا گیا ہے مگر میں یہ محسوس کرتا ہوں کہ وہ لوگ گو غیر معمولی مخلوق نہیں بلکہ ہمارے معاشرے میں وہ بھی اتنے ہی اہم ہیں جتنے کسی اور محکمہ کے لوگ - میں افسران پولیس کی جائز شکایات کا اظہار کرنا چاہتا ہوں سب سے پہلی بات جس کی طرف میں آپ کی توجہ مبذول کرنا چاہتا ہوں یہ ہے کہ محکمہ پولیس کے اسسٹنٹ سب انسپکٹر اور سب انسپکٹر کے گریڈ اور سکیل کے تفاوت کے علاوہ Horse Allowance میں بھی تفاوت رکھا گیا ہے - میں جناب وزیر اعلیٰ صاحب سے استرعا کرتا ہوں کہ وہ اس معاملہ کی طرف توجہ فرمائیں - ایک اسسٹنٹ سب انسپکٹر کو Horse الاونس مبلغ ۲۵ روپیہ ملتے ہیں اور اس وقت اس کا گھوڑا ٹٹو کہلاتا ہے اور جب وہ اسسٹنٹ سب انسپکٹر ترقی پاکر سب انسپکٹر بنتا ہے اور اسکو مبلغ ۴۵ روپیہ بطور ہارس الاونس ملتے ہیں تو ساتھ ہی اس کا ٹٹو ترقی یاب ہوکر گھوڑا بن جاتا ہے - اب میں اس تفاوت کے متعلق یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ ان کے گریڈ اور تنخواہوں کے فرق کے متعلق تو بات سمجھ میں آجاتی ہے لیکن جہاں تک Horse الاونس کا تعلق ہے اس میں اس تفاوت اور فرق کے متعلق کوئی جواز اور معقول وجہ نظر نہیں آتی - کہ اس طرح اسسٹنٹ سب انسپکٹر اور انسپکٹر کے فرائض منصبی میں حد فاصل قائم کی جائے اور ان کا امتیاز کیا جائے کیونکہ یہ بات تو نہیں کہ جب کوئی اسسٹنٹ سب انسپکٹر کسی ڈاکوں کا تعاقب کرتا ہے تو وہ اکثر ایسے ہوتے ہیں جو صرف تین میل فی گھنٹہ کی رفتار سے بھاگ سکتے ہیں اور اس طرح اس کا ٹٹو کامیاب ہوسکتا ہے لیکن جب وہ ترقی یاب ہوکر سب انسپکٹر بن جاتا ہے تو پھر ایسے ڈاکوں کا تعاقب کرتا ہے جو پانچ یا دس میل فی گھنٹہ کی رفتار سے بھاگتے ہیں - اس طرح آپ نے انکے فرائض منصبی میں کچھ ایسا مصنوعی امتیاز قائم کررکھا ہے جس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ آپ نے ۲۵ روپیہ اور ۴۵ روپیہ Horse الاونس مقرر کیا ہے وہ درست نہیں - اس لئے میں یہ گذارش کرونگا کہ اس غیر معقول امتیاز کو اڑا دیا جائے -

وزیر اعلیٰ :- پھر یہ الاونس ۲۵ روپیہ ہو یا ۴۵ روپیہ ؟

چودھری محمد افضل چیمہ :- یہ بہت دقیق اور ادق قسم کا مسئلہ نہیں ہے اگر آپ عقل سے کام لیں تو یہ آسانی سے حل ہوسکتا ہے - اور پھر آپ کی عقل و دانش سے تو میری بہت سی خوش فہمیاں وابستہ ہیں -

دوسری بات میں ڈی ایس پی صاحبان کے متعلق عرض کرونگا - آپ کا کوئی ڈی ایس پی ترقی یاب ہوکر یعنی ranks میں سے ایس پی ہوجاتا ہے تو اسے Horse الاونس نہیں دیا جاتا - لیکن جب کوئی اے - ایس - پی ایس - پی بن جاتا ہے تو اس کو ۱۰۰ روپیہ الاونس دیا جاتا ہے - میں سمجھتا ہوں کہ یہ موروثی تقلیدی اور غیر معقول حرکتیں ہیں جن پر اندھا دھند عمل کیا جارہا ہے اور کبھی غور نہیں کیا جاتا - انگریز نے مصلحتاً یہ امتیاز اس لئے قائم کیا تھا کہ A.S.P. انگلستان سے بھرتی کئے جاتے تھے اور سب کے سب انگریز ہوا کرتے تھے -

اس کے بعد میں یہ عرض کرونگا کہ آپ نے جگہ جگہ اپنے مختلف محکموں میں عمال اور ملازمین کو پرائیویٹ ایسوسی ایشن بنانے کا حق عطا کیا ہے اور وہ مجموعی حیثیت سے اپنے مفاد کے متعلق مناسب تدابیر اختیار کرسکتے ہیں اور اگر کسی کی حق تلفی ہو تو اسکے لئے احتجاج کرسکتے ہیں مگر میں حیران ہوں کہ آپ نے اپنی خاص مصلحتوں کی بنا پر محکمہ پولیس کو ایسی ایسوسی ایشن بنانے کے جائز حق سے محروم کردیا ہے - (پنجیر پنجیر) میں عزت مآب وزیر تعمیرات کی اطلاع کے لئے عرض کردینا ضروری سمجھتا ہوں کہ گزشتہ سال ۱۹۵۴ء میں اس بات کا اہتمام کیا گیا تھا کہ جن لوگوں نے اپنے جائز حقوق حاصل کرنے کے لئے ایک تنظیم کی داغ بیل ڈالنے کی کوشش کی تھی - ان کے خلاف محکمانہ کارروائی کی گئی اور انہیں جائز حق سے باز رکھنے کی کوشش کی گئی - میں نہیں سمجھتا کہ انتظامی شعبہ جات کو جو اپنی اہمیت اور افادیت کے اعتبار سے نہایت ضروری ہیں آپ کیوں جائز حق تنظیم سے محروم کررہے ہیں - ہمارے سامنے بہت سے واقعات ہیں مثلاً انتخاب کے سلسلہ میں کئی لوگوں کی حق تلفی ہوتی ہے اور مقرب قسم کے لوگوں کو ناجائز فائدہ پہنچتا ہے - اس لئے اب ضرورت ہے کہ ان تمام چیزوں کا سدباب کیا جائے - آپ انگلستان اور مغربی جمہوری ممالک کی نظیریں اس ایوان میں پیش کرتے ہیں لیکن آپ یہ نہیں دیکھتے کہ وہاں عوام یا حکام پر اس قدر پابندیاں نہیں ہیں جتنی یہاں ہیں اس لئے اگر آپ چاہتے ہیں کہ یہ ملک بھی ترقی کرے اور حکام پوری دل جمعی کے ساتھ حکومت پر پورا اعتماد کرتے ہوئے اپنے مفادات اور فرائض منصبی کے لئے کوشاں رہیں تو آپ انہیں ان کے جائز حق تنظیم سے محروم نہ کریں -

علاوہ ازیں میں ایک اور بات حضور کے نوٹس میں لانا چاہتا ہوں اور وہ یہ ہے کہ جو لوگ ranks سے اپنی عمدہ کارکردگی کے صلہ کے طور پر یا محنت کے معاوضہ کی شکل میں ڈی - ایس - پی سے ایس - پی ہوتے ہیں - حکومت کی نگاہ میں ان کی وہ عزت اور وقار نہیں جو ان اے - ایس - پی کا ہے جو Services یا دوسرے طریقوں سے حکومت سے وابستہ ہیں -

یہ ایک غلط اور باطل قسم کا امتیاز آپ نے قائم کررکھا ہے - جب اے - ایس - پی کے وہی فرائض ہیں جو ایک ڈی - ایس - پی کے ہیں تو پھر آپ نے ان آسامیوں کا نام بدل کر یہ امتیاز کیوں پیدا کردیا ہے - اس طرح افسران میں بد اعتمادی اور مایوسی پیدا ہونے کا قوی احتمال ہے - افسران کی کارکردگی میں بھی اس امتیازی سلوک سے بہت سے نقائص پیدا ہوسکتے ہیں - اس لئے یہ ضروری ہے کہ آپ اس غلط اور باطل قسم کے امتیاز کو فوری طور پر دور کریں -

حضوروالا - میں اس سلسلہ میں یہ بھی عرض کردینا چاہتا ہوں کہ ہم یہ محسوس کرتے ہیں کہ جن حالات کے ماتحت حضور نے اس صوبہ کی عنان حکومت سنبھالی وہ حالات واقعی غیر معمولی قسم کے تھے - اس وقت حالات پر امن نہ تھے اور ان حالات میں حکومت کو واقعی کچھ اس قسم کے حربے اور طریقے استعمال کرنے پڑتے ہیں جن سے حالات معمول پر آجائیں - لیکن اب جبکہ صوبہ میں فساد کا کوئی اندیشہ باقی نہیں رہا اور جبکہ حالات معمول پر ہیں تو پھر آپ نے لوگوں کے حقوق آزادی کو سیفٹی ایکٹ کے ذریعہ اور Press Emergency Act کے اختیارات کے استعمال سے کیوں سلب کردیا ہے ؟میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ صرف آپ کا وہم ہے اور حقیقتاً حالات پر امن ہیں - اب آپ کو آفات ارضی کا کوئی خدشہ باقی نہیں رہا - آفات سماوی اگر کوئی ہو تو وہ خدا ہی جانتا ہے - ہم اس کے متعلق کچھ نہیں کہہ سکتے - آپ کو چاہئیے کہ اب جبکہ آپ کی حکومت کا چراغ سحری ٹمٹما رہا ہے اور اس کی زندگی آخری لمحوں جو کچھ آپ سے غلطیاں سرزرد ہوچکی ہیں آپ ان سے تائب ہوکر ان کی تلافی کریں تاکہ صوبہ کے عوام کا آپ پھر اعتماد حاصل کرسکیں - آپ کا سیاسی مستقبل بھی اس چیز سے وابستہ ہے کہ آپ عوام کو اپنے اعتماد میں لیں -

حضوروالا - اس کے بعد میں آپ کی خدمت میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس بجٹ میں آپ نے Industrial Labour کے متعلق اشارتاً یا کنایتاً بھی ذکر نہیں کیا - اس سلسلہ میں میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ میں کسی راز سربستہ کا انکشاف نہیں کرونگا اگر میں یہ کہوں کہ تمام دنیا کی حکومتیں مزدوروں کے حقوق کو تسلیم کرچکی ہے اور ان کے متعلق بعض اصول تمام دنیا میں مسلمہ ہوچکے ہیں جنہیں International Labour Organization اپنے چارٹر کے طور پر تسلیم کرچکی ہے - دنیا کے ۷۰ کے قریب ممالک نے اس کی رکنیت قبول کی ہے - ہماری حکومت ان اصولوں پر عمل نہ کرکے اشتراکیت کے دروازے کھول رہی ہے اور ایک طبقاتی کشمکش کے لئے میدان تیار کررہی ہے - اس لئے میں یہ عرض کرونگا کہ اس اہم مسئلہ کی طرف جلد از جلد توجہ فرمائی جائے -

حضوروالا - اس کے علاوہ ایک اور چیز میں عرض کرنا چاہتا ہوں وہ محکمہ تعلیم کے متعلق ہے - وزیر تعلیم صاحب نے مالی مشکلات کا ذکر فرمایا ہے - میں ان کی خدمت میں صرف یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ان کی طرف سے دیئے ہوئے جوابات کی روشنی

وہ اپنی تعلیم - استعداد اور سندات کے اعتبار سے بلکل یکساں اور مساوی سطح پر ہیں - لیکن آپ نے انکی تنخواہوں میں بہت کمی کی ہے - بدقسمتی سے انگریز نے تعلیم کا مقصد صرف یہ رکھا تھا کہ فارغ التحصیل طلباء نظم و نسق کی مشینری چلانے کے لئے کل پرزوں کا کام دیں اور وہ صرف دفاتر کی ملازمتوں کے علاوہ اور کچھ نہ کرسکیں - حکومت کی عدم توجہگی سے اساتذہ کا معیار زندگی پست ہوتا جارہا ہے - آپ کا استاد حقیر ہے - اس کی ذہنیت پست ہوچکی ہے وہ راندہ اور ٹھکرایا ہوا ہے - آپ ان کے لئے کوئی جاذبیت پیدا نہیں کرسکے - جب تک آپ عوام کی حالت کو بہتر نہیں کرینگے آپ کے معاشرے کی تشکیل نہیں ہو سکتی اور آپ کا معیار تعلیم بلند نہیں ہوسکتا - جب وہ لوگ تمام راستے مسدود پاتے ہیں تو بالآخر وہ محکمہ تعلیم میں پناہ لیتے ہیں - تو آپ خیال فرماسکتے ہیں کہ شکست خوردہ ذہنیت والا آدمی کس طرح اپنے فرائیض منصبی کو احسن طریق سے ادا کرسکتا ہے - اگر یہ لوگ بے دلی اور کسی مپرسی کی حالت میں اپنے فرائیض سر انجام دینگے تو پھر آپ سمجھ سکتے ہیں کہ معیار تعلیم کس طرح بلند ہوسکتا ہے - اس لئے میں آپ کی خدمت میں عرض کرونگا کہ آپ نے ان کی تنخواہوں میں جو ظالمانہ تفاوت روا رکھا ہے وہ رفع کیا جائے - اور جو آپ نے مالی مشکلات کا ذکر کیا ہے - اس کے لئے میں یہ تجویز پیش کرتا ہوں کہ آپ لوگوں سے تعلیمی ٹیکس وصول کریں - بہت سے علاقے ایسے ہیں جہاں غیر تقسیم شدہ رقبہ اب بھی موجود ہے - مثلاً میرے گاوں میں ۵ مربعہ غیر تقسیم شدہ رقبہ اب بھی موجود ہے - اسی طرح ہر جگہ کچھ نہ کچھ اراضی غیر تقسیم شدہ ملجائیگی - آپ ایک پنچائیت قائم کردیں اور یہ غیر تقسیم شدہ رقبہ ان پنچائیتوں میں تقسیم کرکے آپ یہ ٹیکس ان سے وصول کرسکتے ہیں - اس طرح سے لوگ اسے محسوس بھی کرینگے اور انہیں یہ ناگوار بھی نہ گزریگا - آپ یہ اعلان کردیں کہ وہ کون سے لوگ ہیں جو اپنے دیہات میں ثانوی تعلیم کا افتتاح چاہتے ہیں - اور جو لوگ اس کی خواہش کریں آپ ان سے کہیں کہ بیس یا پچیس فیصدی کی رقم پیشگی ادا کریں اور جو اسے مستقل طور پر ادا کرنے کا وعدہ کریں - آپ ان کے لئے ثانوی تعلیم کا انتظام کردیں - اس طرح تعلیم کا بھی اور آپ کا خرچ بھی بچ جائیگا -

حضوروالا - اس کے علاوہ ایک چیز اور ہے جس کے متعلق میں کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں وہ Cottage Industries کے متعلق ہے - ہماری گھریلو صنعتوں کو کافی عرصہ سے نظرانداز کیا جارہا ہے - میں خصوصیت سے حضور کی توجہ سیالکوٹ کی ان شہرہ آفاق صنعتوں کی طرف دلانا چاہتا ہوں جو اب کس مپرسی کی حالت میں دم توڑ رہی ہیں - ان کو دوبارہ زندہ کرنے کے لئے حکومت نے کوئی توجہ نہیں دی - اس کے بعد Agrarian Reforms کے متعلق عزت مآب مرکزی وزیر مالیات کی تقریر مورخہ ۲۴ جولائی ۱۹۵۴ع کی طرف میں اس معزز ایوان کی توجہ منعطف کرانا چاہتا ہوں - انہوں نے اپنی تقریر میں فرمایا -

"Land reforms is a vast subject but I shall briefly indicate my view, which is that legislation to protect the rights and teaure of tenants is not enough, that is nececcary to break up big estates and to fix a maximum limit to individual holdings. This is necessary not merely to increase productivity but much more so in the interest of democracy and social justice."

چاہتا ہوں - انہوں نے اپنی تقریر میں فرمایا - جہاں تک Road Transport کو قومی ملکیت قرار دینے کا تعلق ہے آپ نے اس منصوبہ کو زینت طاق نسیاں بنادیا ہے - آپ نے Road Transport کو اس لئے دانغ نہ کیا کہ آپ کے اپنے خیال کے مطابق ان میں بہت سی الجھنیں تھیں - مگر سمجھ نہیں آتا کہ Reforms Agrarian کو قومی ملکیت قرار دینے میں آپ کے راستہ میں کیا مشکلات حائل ہیں - اس سال آپ نے ۵۰ نئے Road Permit نئے لوگوں کو عطا فرمائے - Road Transport کو قومی ملکیت قرار نہ دے کر آپ قوم کا لاکھوں روپیہ مخصوص افراد کی نذر کر رہے ہیں اور امیروں کو امیر تر بنا رہے ہیں - میں عرض کرونگا کہ آپ کے وسائل دولت اور ذرائع آمدنی میں Road Transport کا محکمہ ایک خاص اہمیت کا حامل ہے - مگر مجھے افسوس ہے کہ آپ عمداً اور قصداً ایک غلط قسم کا طریق کار اختیار کرکے قوم کا کروڑوں روپیہ اپنے مقربین میں تقسیم کر رہے ہیں اور اس طرح امیروں کو امیر تر بنا رہے ہیں -

Mr. Speaker: The question is.—

That the item of Rs. 89,940/- on account of A-Head of Province-
(i) Ministers be reduced by Rs. 80,000/-

The motion was lost.

Mr. Speaker: The question:

That the item of Rs. 89,940 on account of A-Head of Province-
(i) Ministers be reduced by Rs. 9,940/-

The motion was lost.

Mian Muhammad Shafi (Montgomery VII, Muslim, Reserved Seat)

Sir I beg to move.—

That the item of Rs. 89,940 on account of A-Head of Province-
(i) Ministers be reduced by Rs. 1,000.

جناب والا - میں اپنی معروضیات کا آغاز علامہ اقبال رح کے اشعار سے کرنا چاہتا ہوں -

میں کار جہاں سے نہیں آگاہ و لیکن
ارباب نظر سے نہیں پوشیدہ کوئی راز
گر تو بھی حکومت کے وزیروں کی خوشامد
دستور دیا اور نئے دور کا آغاز
معلوم نہیں ہے یہ خوشامد کہ حقیقت
کہہ دے کوئی الو کو اگر رات کا شہباز !

(ہنسی اور قہقہہ)

جناب‌والا - وزرا اپنی قوم کی امنگوں اور آرزوؤں کا مرکز اور آئینہ‌دار ہوتے ہیں - جیسے مسٹر چرچل انگریز قوم کا - ماوزے تنگ چین کے ۵۰ کروڑ عوام کا اور پنڈت جواہر لعل نہرو ہندوستان کے عوام کا - جناب‌والا مسلم عوام نے بے شمار قربانیاں دے کر پاکستان حاصل کیا - لیکن آج پاکستان کے عوام کی نمائندگی کرنے والے ملک فیروز خان نون ہیں - پیر علی محمد راشدی ہیں اور محمد ایوب کھڑو ہیں - جناب‌والا - میں یہ عرض کرونگا کہ آج جو لوگ برسر اقتدار ہیں وہ back-door سے اور مارشل‌لاء کے ذریعہ سے اس صوبے پر مسلط ہیں -

صاحب سپیکر - آپ نے waste of public funds کے متعلق بیان کرنا ہے - اس لئے آپ اسی پر بحث کریں -

میاں محمد شفیع :- جناب‌والا - یہ لوگ feudal interests کے نمائندے ہیں - ان کے پیش نظر کوئی اصلاحی پروگرام نہیں ہے -

Mr. Speaker: Please do not be irrelevant

میاں محمد شفیع :- جناب‌والا - اس صوبہ میں فی کس یومیہ آمدنی ایک آنہ اور دس پائی ہے - (آوازیں - یہ غلط ہے - یہ غلط ہے) مگر یہ وزرا جو بڑی بڑی تنخواہیں پاتے ہیں - اس صوبہ پر

Mr. Speaker: Order please. You must confine yourself to your cut motion.

میاں محمد شفیع :- بہت اچھا جناب -

مگر جناب میں تو حقیقت بیان کررہا ہوں اور آپکی خدمت میں اعداد اور شمار پیش کررہا ہوں -

صاحب سپیکر - میں نے مسٹر گبن کی ایک تحریک تخفیف کے سلسلہ میں بتایا تھا کہ ان اخراجات پر کوئی تحریک تخفیف نہیں دی جاسکتی اور نہ بحث ہوسکتی ہے - جو کسی خاص ایکٹ کے ماتحت خرچ کئے جاتے ہوں - چونکہ وزرا کی تنخواہیں ایک خاص ایکٹ کے ماتحت آتی ہیں اس لئے ان کی تنخواہوں کا آپ ذکر نہیں کرسکتے - آپ کو پہلے اس ایکٹ میں ترمیم کرنی چاہئیے جس میں وزرا کی تنخواہوں کا ذکر ہے -

میاں محمد شفیع :- جناب‌والا - موجودہ وزرات ڈنڈے کے زور پر بنائی گئی تھی - ان وزرا کی تنخواہیں -

Mr. Speaker: This is again irrelevant. There was a speech just before you spoke and everybody listened to it with patience because it was relevant. I cannot allow anything irrelevant. If the hon'ble member has nothing relevant to say then he will please resume his seat.

Mian Muhammad Shafi: This is your last session.

حضوروالا - وزرا جو اتنی بڑی تنخواہیں پاتے ہیں صوبہ کے خزانے پر

Mr. Speaker: I cannot allow a word about that.

میاں محمد شفیع :- حضوروالا - آپ کو وزرا کے متعلق اس قدر سریع الحس نہیں ہونا چاہئیے -

Mr. Speaker: Will you kindly withdraw these words?

Mian Muhammad Shafi: Sir I withdraw these words.

جناب والا - مجھے رنج اس چیز کا ہے کہ آپ مجھے ایک اصول کی بات عرض نہیں کرنے دیتے (ہنسی اور قہقہے) وزرا جو T.A. کی شکل میں اور دوسری شکلوں میں خزانہ سے ہزارہا روپیہ وصول کرتے ہیں آپ کو علم ہے یہ اس صوبے پر اس وقت ٹھونسے گئے تھے جب ہم مارشل لاء کے پنجوں میں جکڑے ہوئے تھے -

Mr. Speaker: Will you kindly withdraw the words. If the Hon'ble member persists, I will call upon him to resume his seat.

Mian Muhammad Shafi: I withdraw un-conditionally.

Mr. Speaker:—Demand under consideration motion moved is:—

That the item of Rs 89,940 on account of A Head of Province (i) Ministers be reduces by Rs. 1000.

Mr. C. E. Gibbon:—(Pakistan Christians and Anglo Pakistani III).

The Finance Minister the other day informed the House that he had sent certain Ministers overseas for certain purposes and the expenses incurred in sending these Ministers overseas were borne out of the Public Exchequer. Now, I hold, Sir, that these Ministers who were sent overseas and the money which was spent on them was not worth the benefit derived from their visits overseas. For example the Chief Minister sent the Minister for Revenue to attend some sort of Agrarian Conference and the expenses of that were met from the Public Funds. Now, Sir, tell me that since his return from that tour has he been able to enlighten this House about one thing about agraian reforms? It has been money thrown out.

Opposition Benches:—Shame, Shame.

Mr. C. E Gibbon:—Let us take the case of the Minister of Education He was given a joy-ride around a number of countries. Tell me, Sir whether the expenses that were incurred in sending that gentleman round from one University to another and from one Kindergarten to another have been of the slightest benefit to the nation?

Now, Sir, we come to the Minister for Public Works. You will recollect, that in the last session this very point came up and we then said that it was a waste of public funds. This Minister was sent to learn something about irrigation andto see something about road-making

outside. It was then stated that he would lay a report before the House. In this session he says "In public interest he could not give a report", so on and so forth. All the money that was spent on sending that Minister for this purpose, is it not a waste of Public Funds? What material benefit has the nation derived out of this?

Now, Sir, I have only one point to make so far as this Ministry is concerned. If you want to earn the gratitude of the people, if they really feel that they could do a good job of work, I would be prepared to subscribe twelve months allowance that I receive from this House to the Public Exchequer if the Chief Minister will send his Minister for Health to Japan to learn how to commit Hara Kari. (laughter).

Mr. Speaker:—The question is:—

That the item of Rs. 89,940 on account of A—Head Province-(i) Ministers be reduced by Rs. 1,000.

The motion was lost.

صاحب سپیکر :- آپکو ۴ منٹ ملیں گے -

میاں عبداللطیف :- جناب نے پہلے ۷ منٹ کا وعدہ فرمایا تھا -

صاحب سپیکر :- اب تو صرف ۴ منٹ ہی ملیں گے -

میاں عبداللطیف :- جناب‌والا - پیشتر اس کے کہ میں اپنی گزارشات پیش کروں میں آنریبل وزیر اعلیٰ کے اس بیان کے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں جس میں انہوں نے Public Servants کے بارہ میں کچھ کہنے اور انکے explanation

صاحب سپیکر :- اس وقت اس کا یہاں کوئی تعلق نہیں ہے -

میاں عبداللطیف :- تو خیر جناب‌والا - میں دوسرا پوائنٹ لے لیتا ہوں - جمہوریت میں تین چیزیں سنگ بنیاد کا حکم رکھتی ہیں - اول تو ہے Freedom of Speech - دوسری ہے Freedom of Association اور تیسری ہے Freedom of Thought میں سب سے پہلے Freedom of Speech کو لیتا ہوں -

جب سے ملک صاحب نے عنان حکومت سنبھالی ہے انہوں نے اس صوبے میں Freedom of Speech کا خاتمہ کردیا ہے - اس کے ثبوت کے طور پر میں عرض کر دوں کہ سال کے ۱۲ مہینوں میں کوئی مہینہ ایسا نہیں گزرتا جس میں اس صوبے کے کسی نہ کسی حصے میں دفعہ ۱۴۴ کا نفاذ نہ کردیا جاتا ہو (Shame, Shame) اور لوگوں کو اپنے خیالات کے اظہار کا قطعاً کوئی موقع نہیں دیا جاتا - اسکے بعد آتی ہے Freedom of Association تو اس سلسلے میں میری گزارش یہ ہے کہ دنیا کے تمام جمہوری ممالک میں جن Unions کو جائز طور پر Recognise کیا جاتا ہے ہمارے صوبے میں اس قسم کی Unions کو بھی Function کرنے کی اجازت نہیں ہے - (Shame, Shame)

حضورِوالا - اب اسکے بعد میں Freedom of Thought کو لیتا ہوں - اصل میں یہ آزادئی خیال بھی اسی صوبے میں ممنوع ہے - خاص طور پر پارٹی کی Allegiance کے بہانے - مسلم لیگ پارٹی کے اپنے ممبروں کو بھی اظہار خیال کی آزادی نہیں دی جاتی- اس سے حکومت کو سخت خطرہ لاحق ہوجاتا ہے - کسی پبلک جلسے میں آزادئی خیال کا تو امکان تک نہیں - اگر کوئی ایسا کام کربیٹھے تو اسے جھٹ کال کوٹھڑی میں بھیج دیا جاتا ہے - اس طرح Freedom of Speech کو Freedom of Association کو اور Freedom of Thought کو یعنی تینوں قسم کی آزادیوں کو Kill کرکے رکھ دیا گیا ہے - مثال کے طور پر ملک صاحب نے برسر اقتدار آتے ہی ایک نہایت ہی مقتدر رکن مسلم لیگ کو جن کے اخلاص وحسن نیت میں کسی کو مجال کلام نہیں Dangerous Person قرار دیتے ہوئے نظر بند کردیا تھا - لیکن میں پوچھتا ہوں کہ آیا انکو چھوڑ دینے کے بعد یا پہلے کسی قسم کا کوئی ثبوت ان کے Dangerous Person ہونے کا عوام کو دیا گیا تھا - ان کا قصور صرف اتنا تھا کہ انہوں نے آزادئی خیال سے کام لیکر ایک چٹھی ملک صاحب کو لکھدی تھی اسکے بعد الیکشن کے سلسلہ میں Shame, Shame Fundamental demands of the Freedom of Thought, Association and Speech کا زبانی وعدہ تو کردیا جاتا ہے مگر Bulk and majority of the people کو ہر قسم کی آزادئی خیال و آزادی تقریر اور آزادئی اجتماع سے محروم کردیا جاتا ہے - جس کسی نے بھی جمہوری روایات کے مطابق اس قسم کی آزادی کے حق کو استعمال کرنے کی کوشش کی بس اسکی خیر نہیں -

اب جنابِوالا - میں اس Economic Programme کی طرف آتا ہوں جس پر عمل کرنے کا مسلم لیگ کے منشور میں وعدہ کیا گیا تھا اور جس کے سلسلے میں تھوڑی بہت کوششیں Agrarian Reforms نافذ کرنے اور قوانین منظور کرنے کے لئے محروث اور دولتانہ وزارت نے کی تھیں - اس پر جناب ملک فیروز خان صاحب نے پانی پھیر دیا ہے -

Mr. Speaker:—The question is:—

That the item of Rs. 89,940 on account of a A-Head of Province.

(i) Minister be reduced by Rs. 1,000.

The motion was lost.

That a sum not exceeding Rs. 1,53,76,200 be granted to the Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1956 in respect of General Administration.

The motion was carried.

The Assembly then adjourned till 1 p.m: on Thursday, the 24th March 1955

PUNJAB LEGISLATIVE ASSEMBLY

TENTH SESSION OF THE FIRST PUNJAB LEGISLATIVE ASSEMBLY

Thursday the 24th March, 1955

The Assembly met in the Assembly Chamber, Lahore, at 1 p.m. of the Clock. Mr. Speaker (The Hon'ble Dr. Khalifa Shujauddin) in the Chair.

Recitation from the Holy Quran.

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

TRANSFORMER OF GUJRAT POWER STATION

***3670. Chaudhri Ghulam Rasul Tarar:** Will the Honourable Minister of Development be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that a transformer of Gujrat Power Station caught fire in 1953 ; if so, the cause thereof ; and the amount of loss suffered ;

(*b*) whether it is also a fact that another transformer of the same Power Station again caught fire in 1954 ; if so, the cause thereof and the amount of loss suffered ;

(*c*) whether in view of heavy monetary losses mentioned in parts (*a*) and (*b*) above any inquiry was held into the matter ; if so, the result thereof ?

پارلیمنٹری سیکرٹری— (مسٹر شمیم احمد خان) (الف) منتقل کنندہ (ٹرانسفارمر) کو آگ نہیں لگی تھی بلکہ سوئچ گیئر کو آگ لگ گئی تھی۔ تاہم اس کے نتیجہ میں پیدا ہونے والی نقصان دہ رو ژن نے ٹرانسفارمر کو نقصان پہنچایا ۱۹۵۳ء میں آگ لگ جانے کی وجہ یہ تھی کہ گجرات کے بجلی گھر میں ۱۱,۰۰۰ وولٹ کے سوئچ اندرون روانی (انکمنگ سائڈ) کے پہلو میں ایک چوہا پھنس گیا تھا آگ لگ جانے سے جو سامان جل گیا اس کا کل نقصان —/۶۰،۰۰۰ روپے تھا۔

(ب) یہ امر واقعہ ہے کہ سوئچ گیئر میں ۱۹۵۴ء میں پھر آگ لگ گئی۔ نقصان دہ رو ژن کی بہتاط سے ٹرانسفارمر کو نقصان پہنچا۔ ۱۹۵۴ء میں آگ لگ جانے کی وجہ یہ تھی کہ کیبل باکس میں جو ٹرانسفارمر کے اندرون روانی سوئچ (انکمنگ سوئچ) سے ملحقہ تھا کل نقصان تقریباً —/۵۰,۰۰۰ روپے تھا۔

(ج) دونوں وارداتوں کی محکمانہ طور پر تحقیقات کی گئی تھی اور جس فرم نے مختلف گرڈ سٹیشن نصب کئے تھے ان کی رپورٹ بھی حاصل کر لی گئی تھی۔

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : Will the Honourable Parliamentary Secretary please state whether it is a fact that a similar incident took place at Rasul and for that also a rat was responsible which caused the Government a loss to the tune of more than a lakh of rupees ?

Parliamentary Secretary : This is a separate question. I cannot say off hand.

چودھری غلام رسول تارڑ— کیا آنریبل پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب یہ فرمائینگے کہ اس نقصان کی جو خبر اخبار میں آئی تھی اس کے مطابق پہلی دفعہ ۳ لاکھہ کا اور دوسری دفعہ ۴ لاکھہ کا نقصان ہوا تھا۔

صاحب سپیکر—اخبارات کی خبروں پر سوالات نہیں کئے جا سکتے۔

چودھری غلام رسول تارڑ— کیا آنریبل پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب کو معلوم ہے کہ اس قسم کا جب میں نے پچھلی دفعہ سوال کیا تھا تو اس کے جواب میں یہ کہا گیا تھا کہ یہ نقصان ۳ لاکھہ اور ۴ لاکھہ علی الترتیب تھا۔

پارلیمنٹری سیکرٹری— یہ غلط ہے۔

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : May I know, Sir, that after having such a bitter experience of one rat costing more than fifty thousand rupees what precautionary measures have the Government taken to see that such incidents do not occur again ?

وزیر— آنریبل ممبر کو اطلاع کے لئے میں یہ عرض کردوں کہ جب ہم نے اس واقعہ کے متعلق رپورٹ منگوائی تو معلوم ہوا کہ ۵۴—۱۹۵۳ میں جب اس وقت کی گورنمنٹ نے اسکا order place کیا تو اس میں ایک ایسا پرزہ ہوتا ہے جو cut out کا کام دیتا ہے اسے اس order میں شامل نہ کیا۔ اس وقت افسران نے یہ سمجھا کہ اس کی ضرورت نہیں ہے اور اسے نہ منگوایا۔ اب ہم نے اس کے لئے آرڈر دے دیا ہے اور یہ حکم کر دیا ہے کہ جس جس جگہ اسکی ضرورت ہو اسے لگا دیا جائے تاکہ دوبارہ ایسا واقعہ پیش نہ آئے۔

چودھری محمد افضل چیمہ— حضور والا۔ میرا سوال یہ ہے کہ جب ایک چوہے کی وجہ سے حکومت کو پچاس ہزار روپیہ کا نقصان برداشت کرنا پڑا تو کیا آجکل چوہوں اور بلیوں کے تعلقات زیادہ دوستانہ ہو گئے ہیں ؟

صاحب سپیکر — Disallowed.

TRAVELLING ALLOWANCE FOR PURPOSES OF RECESS

*3541. **Mr. C. E. Gibbon :** Arising out of the answer given to my unstarred question No. 663 on 6th December 1954, will the Honourable Chief Minister be pleased to place on the table of the House a copy of the Rules under which an Hon'ble Minister is permitted to draw Travelling Allowance in connection with journeys performed for purposes of recess ?

Parliamentary Secretary (CHAUDHRI SULTAN ALI)—The relevant Travelling Allowance Rules are contained in Appendix 'A' of the Travelling Allowance Rules contained in Civil Services Rules, Volume III. The Rules do not provide for grant of Travelling Allowance for journeys performed for purposes of Recess. The correct position, however, is that the journey in question performed by Honourable Minister of Industries to Murree in the month of August, 1954, was in fact not for purposes of Recess as incorrectly stated in reply to question No. 663 but was in fact on official business and consequently travelling allowance was admissible for that journey.

Mr. C. E. Gibbon : Would it be possible for the Hon'ble Chief Minister to assure this House that he will take suitable action against the person responsible for supplying incorrect information in reply to a question ?

Chief Minister I will look into it.

Mr. C. E. Gibbon : Thank you.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : May I know whether there are any Rules restricting the frequent visits of the Hon'ble Ministers to their home districts ?

Minister of Public Works : No Rules.

Chaudhri Munammad Afzal Cheema: Is there any limit beyond which the Hon'ble Minister cannot draw Travelling Allowance ?

Minister of Public Works : No.

Saiyad Amir Hussain Shah: The Hon'ble Parliamentary Secretary has stated that the Hon'ble Minister of Industries had not gone there on recess. May I ask him to inform this House what he means by recess ?

Mr. Speaker : Disallowed.

Saiyad Amir Hussain Shah : Is it correct that the Hon'ble Minister of Industries actually went there on recess but it has been stated that he did not go there on recess but it was duty ?

Mr. Speaker : Disallowed.

Mr. C. E. Gibbon: Is it possible for the Hon'ble Minister of Industries to inform this House what he was doing at Murree during that period ?

Minister of Industries : I require fresh notice.

QUALIFICATIONS FIXED FOR RECRUITMENT OF ASSISTANT SUB-INSPECTORS AND HEAD CONSTABLES OF POLICE

*3771. **Chaudhri Muhammad Munir :** Will the Honourable Chief Minister be pleased to state (*a*) whether any minimum educationl qualifications are fixed by Government for the recruitment of Assistant Sub-Insectors of Police and Head Constables of Police : if so, what are those qualifications ; (*b*) whether some people have been recruited during the last two years who did not possess those minimum educational qualifications ; if so, the names of such persons recruited and the reasons for recruiting them ?

پارلیمنٹری سیکرٹری - (چودھری سلطان علی) یہ سوال دیوان حکومت میں ۱۴ مارچ سنہ ۱۹۵۵ء کو موصول ہوا - افسوس ہے کہ معزز

رکن کے لئے مطلوبہ اطلاع سردست مہیا نہیں ہو سکتی۔ تاہم ماتحت افسر اس اطلاع کو بہم پہنچا رہے ہیں۔ اور جونہی یہ مکمل ہوگی پیش کر دی جائے گی۔

WITHHOLDING OF ASSENT BY THE GOVERNOR-GENERAL PAKISTAN TO THE BILL PROVIDING FOR THE BAIL BEFORE ARREST

*3783. **Sardar Muhammad Zafarullah** Will the Honourable Chief Minister be pleased to state :—

(*a*) whether His Excellency the Governor-General of Pakistan has accorded assent to the Bill to amend the Code of Criminal Procedure, 1898, providing for the bail before arrest passed by the Punjab Legislative Assembly on 27th February 1954 ;

(*b*) If not, the reasons given by the Governor-General for withholding his assent to the amending Bill ?

Parliamentary Secretary (CHAUDHRI SULTAN ALI) : (*a*) No.

(*b*) Assent was withheld as at that time the Central Government were considering enactment of a similar legislation on an all Pakistan basis. Later, however, the Central Government decided not to initiate such legislation.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: Will the Hon'ble Parliamentary Secretary be pleased to say whether the Provincial Government has tried to press this point further and take this up again with His Excellency the Governor-General?

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ یہ بل پاس کر کے ہم نے وہاں بھیج دیا ہوا ہے۔ ہم اور کیا کر سکتے ہیں۔

Mr. C. E. Gibbon : In view of the fact that the Central Government has changed their mind, would it be possible for the Hon'ble Chief Minister to re-introduce this Bill in the House ?

Chief Minister : It is no use doing it if the Centre does not agree.

Mr. C. E. Gibbon : The reply given was that the Central Government was going to pass a similar bit of legislation. They have since decided not to do so. This is the Provincial subject. My question was whether the Hon'ble Chief Minister would be pleased to re-introduce this bit of legislation in the House?

Chief Minister : It is no use re-introducing this. We have passed a bill already. It needed the signature of the Governor-General. Therefore, if the Central Government is keen, the signature will now be given.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: The answer given by the Hon'ble Parliamentary Secretary in the first instance was that at that time the Central Government wanted to have a similar legislation passed. Now that the Central Government have changed their mind, is it possible for the Provincial Government to press this point and take up this point with the Central Government ?

Chief Minister : We are trying for the signatures on the bill.

ENQUIRY AGAINST MR. ABDUL GHAFOOR EX-CHIEF ENGINEER, IRRIGATION BRANCH

*3508. **Chaudhri Muhammad Afzal Cheema :** Will the Hon'ble Minister of Public Works be pleased to state :—

(*a*) whether any enquiry is being or was held against Mr. Abdul Ghafoor, Ex-Chief Engineer, Irrigation Branch.

(*b*) if answer to part (*a*) above be in the affirmative what are the charges against him.

(*c*) the officer who is holding or who held the enquiry and the results thereof ?

پارلیمنٹری سیکرٹری — (خواجہ محمد صفدر) (الف) خواجہ عبدالغفور صاحب سابق چیف انجینر کے خلاف بے ضابطگیوں کے متعلق کچھہ دیکھہ بھال ہو رہی ہے۔

(ب۔ج) یہ معاملہ ابھی تک حکومت کے زیر غور ہے۔

Mian Muhammad Shafi : Is it a fact that Mr. Abdul Ghafoor has been appointed since then as Commissioner, Irrigation ?

وزیر تعمیرات — حکومت پنجاب نے ان کو اریگیشن کمشنر مقرر نہیں کیا ہے۔

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: The answer given by the Honourable Minister of Public Works pertains only to part (*a*) of the question. He has not given any answer to part (*b*) or to part (*c*) to my question.

وزیر تعمیرات — (ب) اور (ج) کے متعلق میں نے عرض کیا ہے یہ حکومت کے زیر غور ہیں۔

Mian Muhammad Shafi: Is it a fact that Mr. Hafiz Abdul Majid who was conducting this enquiry has submitted a report to you in which he has exonerated the Chief Engineer of all the charges ?

Mr. Speaker : The cases under enquiry cannot be made a subject of discussion.

Mian Muhammad Shafi: Is it a fact that Mr. Hafiz Abdul Majid who conducted an enquiry against this officer has already submitted his report to the Punjab Government ?

Minister of Public Works : He has submitted his report.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : If the Honourable Member refers to part (*b*) of the question, I would like to know what are the charges against him ?

وزیر تعمیرات — ان پر الزام یہ ہے کہ انہوں نے چند سال پہلے ایک غفور ٹیوب ویل سٹرینر ایجاد کیا تھا اور خود ہی اسکی قیمت مقرر کر لی تھی اور خود ہی اسکو patent کروا لیا تھا۔ اس کے علاوہ انہوں نے گورنمنٹ کی منظوری کے بغیر اس سٹرینر کو بہت سے ٹیوب ویلوں میں استعمال بھی کیا تھا۔ یہی وہ بے ضابطگیاں ہیں جن کے متعلق دریافت ہو رہی ہے۔ اور یہ سارا معاملہ حکومت کے زیر غور ہے۔

Rana Gul Muhammad Noon : May I ask the Honourable Minister of Public Works whether this strainer was used in those tubewells which are being installed by the Irrigation Branch or by private owners ?

Minister : Irrigation Branch.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : Is it possible for the Honourable Minister to say as to when this came to the notice of the Government in the first instance? Was it only after the Chief Engineer retired or during his service ?

Minister : As far as I remember, it was in October last year.

میاں منظور حسن — کیا وزیر متعلقہ فرمائیں گے کہ جن ٹیوب ویلوں میں یہ سٹرینر استعمال کئے گئے ہیں وہ کام کر رہے ہیں ؟

وزیر تعمیرات — جی ہاں ۔ وہ کام کر رہے ہیں ۔

Rana Gul Muhammad Noon : May I ask the Honourable Minister of Public Works whether this was the only charge against him or there are other charges against him also ?

وزیر تعمیرات — میرے علم میں تو سٹرینر کے متعلق ہی ہے ۔

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : May I know, Sir, whether in so far as the enquiry officer is concerned, his report is complete and it is under the consideration of the Government ?

Mr. Speaker : It has been said that the matter is under consideration.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : Has it been finalised ?

Chief Minister : I had this matter enquired into by the Police also. The question was whether the price charged was accepted or not.

TRANSPORT COMPANIES

***3564. Rai Nasrullah Khan :** Will the Honourable Minister of Public Works be pleased to state :—

(*a*) the total number of Transport Companies functioning at the time of the Partition in the West Punjab, and the number of those among them owned by non-Muslims and Muslims, respectively;

(*b*) the number of shares held by Muslims and non-Muslims in all the Transport Companies mentioned in part (*a*) above;

(*c*) the number of shares of the said companies now held by Muslims and also the number of shares of non-Muslims allotted to the refugees;

(*d*) the district-wise number of Transport Companies belonging to the non-Muslims in which the refugees have not been allotted any shares and the reasons for not doing so uptil now; and whether the Government intend to take any action in the matter, if not, the reasons therefor ?

پارلیمنٹری سیکرٹری — (خواجہ محمد صفدر) مطلوبہ اطلاعات فراہم کی جا رہی ہیں ۔ آنریبل ممبر کو فراہم ہونے پر پیش کر دی جائیں گی ۔

LOCAL BUS SERVICE AT LYALLPUR

***3565. Rai Nasrullah Khan :** Will the Honourable Minister of Public Works be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that Government have allowed a private company to run a local Bus Service at Lyallpur.

(*b*) if so, the reason for not taking over this profitable enterprise by the Government ?

پارلیمنٹری سیکرٹری — (خواجہ محمد صفدر) آنریبل ممبر کی توجہ سوال نمبر 3464 پارٹ بی کیطرف مبذول کرائی جاتی ہے جس کا جواب مورخہ ۱۶ مارچ کو دیا گیا تھا ۔

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema Is it possible for the Honourable Minister to say as to whether this private company which was granted the monopoly of bus service was functioning before actually applying for that monopoly or it came into existence simply in order to get this monopoly ?

Minister of Public Works: Any Company can function without the permit being granted. They must have applied first. After receiving the road permit, they might have start

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : Does the Honourable Minister mean to say that this company came into existence only after the road permit was granted ?

Minister : It must have come into existence before the road permit was granted.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: Is it possible for the Honourable Minister to say whether this company was operating or plying buses on any other route before they actually got a permit ?

Minister : I want fresh notice.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : Is it a fact that among the share holders of this private company are two M. L. As. of the Muslim League Assembly Party ?

Chief Minister : What does it matter if they are ?

AWARD FOR COMPENSATION TO MALIK KHIZAR HAYAT KHAN TIWANA

***3785. Sardar Muhammad Zafrullah :** Will the Honourable Minister of Public Works be pleased to state :—

(*a*) has an appeal been preferred to the Federal Court against the decision of the Lahore High Court in the case of Malik Khizar Hayat Khan Tiwana *versus* Punjab Government ;

(*b*) has the Collector of Shahpur proceeded to determine compensation for the acquisition of the Piranwala and Malik Sahib Khan canals in the light of the decision of High Court ;

(*c*) if so, has he concluded the proceedings and what amount has been assessed ?

Parliamentary Secretary (Khawaja Muhammad Safdar) : (*a*) Yes.

(*b*) Yes. The Collector, Shahpur district has announced award for 3 Canals of Malik Khizar Hayat Khan Tiwana viz. Piranwala Canal, Sahib Khanwala or Kalra Great Canal and Chahmirwala Canal.

(*c*) Yes. The Collector, Shahpur district has assessed Rs. 2,49,83,937 as compensation for the above 3 canals.

Government has however put in appeals and objections in the competent Courts as advised by legal experts.

Mian Muhammad Shafi : Are the Punjab Government making any representation to the Central Government to amend the law of compensation in this behalf ?

Chief Minister : No. I think, Sir, the House may be interested to know that this House did pass a law about assessing compensation with regard to these private canals which law amounted to practically no compensation at all and since that law contravened Section 292 of the Constitution Act, it needed the amendment of the Constitution. So, therefore, when this law went up to the Central Government, they declined to amend the Constitution. Now the case with regard to the law which we passed is pending in the Federal Court. Whether the law that we passed is still living or the law is *ultra vires*

of this legislature, will be decided by the Federal Court as soon as the appeal goes before that Court. Meanwhile the Federal Court has stopped the Deputy Commissioner, Shahpur from assessing any more compensation in regard to any canal. I might inform the House that with regard to Malik Khizar Hayat Khan's canal and of other private canals, in the year 1907 or 1908 the British Government also assessed compensation because at that time they wanted to acquire these canals. So far as I remember, compensation assessed for Malik Khizar Hayat Khan's canal at that time was Rs. 25 lakhs. This was in the year 1908 assessed by Mr. Barker. The question is whether that assessment is commensurate with the rise in prices or whether it is unfair or unjust. That we are contesting in the court of the Senior Sub-Judge Shahpur as well as in the court of Sessions Judge and appeal will go right up to the Federal Court. So, therefore, the Honourable Members need have no worry in their minds that justice will not be done so far as the Government case is concerned. We must not depart from justice and fairplay. If we do not like a man and we proceed to acquire his property for nothing, well, this House will have no justification to exist as custodians of the rights of the people.

Sardar Muhammad Zafarullah : Is it in the knowledge of the Chief Minister that in case of East Bengal amendment has been made in the relevant Section of Government of India Act so far as compensation is concerned ?

اخیر میں، میں جناب کی توجہ ٹیوب ویل سسٹم کی طرف دلانا چاہتا ہوں۔ ہم نے بغیر کسی منصوبہ بندی کے اور بغیر survey کے

ٹیوب ویل لگانے شروع کردئیے ۔ چاہئیے تھا کہ پہلے پورے طور پر planning کی جاتی اور جن انہار کے قریب ٹیوب ویل لگائے گئے ہیں ، انہیں بناتی کی رکاوٹ کے لئے اچھی طرح سیمنٹ کر دیا جاتا ۔ آپ نے ٹیوب ویل لگانے کا کام sub soil water کی سروے کے بغیر شروع کر دیا ۔ جس سے کئی جگہ قرب وجوار کے چاہات متاثر ہوگئے ۔ اور سطح آب کے گر جانے کی وجہ سے خشک ہوگئے ہیں ۔ آپ کو چاہئیے تھا کہ پہلے آپ sub-soil water کی survey کراتے پھر اس کے مطابق ٹیوب ویلز کو مناسب جگہوں پر نصب کراتے ۔ سیم و تھور کے انسداد کے لئے سیم زدہ علاقوں میں ، کئی جگہ ٹیوب ویل انہار کے قریب نصب کرادئے گئے ہیں ۔ جس سے ان کا مقصد فوت ہوگیا ہے ۔ بجائے اسکے کہ وہ تہ زمین سے پانی کھینچ کر سطح آب نیچی کرتے ان کے ذریعہ نہروں کا پانی کھنچ کر باہر آ رہا ہے ۔ اور ایک سائفن سسٹم قائم ہوگیا ہے ۔ ان کو یا تو نہروں سے مناسب فاصلہ پر نصب ہونا چاہئیے تھا ، یا نہروں کی سطح پختہ کر لینی چاہئیے تھے ۔ تاکہ نہر کا پانی نیچے نہ جاسکتا ۔ بورنگ کے سلسلہ میں حکومت کو بورنگ کے سامان کی بہم رسانی کا انتظام کرنا چاہئیے ۔ اور Trial boring مفت کروا دینے کی ذمہ داری اٹھانی چاہئیے ۔

Rana Gul Muhammad Noon Alias Abdul Aziz Noon (MULTAN IV, MUSLIM) : Sir, I beg to move—

That the item of Rs. 90,850 on account of Chief Engineers be reduced by Rs. 20,849.

جناب والا ۔ سب سے پہلے میں نہروں کے پانی کے متعلق کچھہ عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ اس وقت تک جو پالیسی رہی ہے وہ یہ ہے کہ تھوڑے پانی کو زیادہ سے زیادہ زمین پر تقسیم کیا جائے ۔ نہروں سے پانی کی سپلائی کے متعلق میں یہ عرض کرونگا کہ عام طور پر پرائمری نہروں سے ۳۳۰ ایکڑ کے لئے ایک کیوسک پانی ملتا ہے اور سالانہ نہروں سے ۲۳۲ ایکڑ پر ایک کیوسک پانی دیا جاتا ہے ۔ پانی کی سپلائی کو بہتر بنانے کے لئے یہ نہایت ضروری ہے کہ برسات کے دنوں میں ہم طغیانی کے پانی کو استعمال میں لائیں ۔ اس طریقہ سے پانی کی کمی دور کی جاسکتی ہے ۔ میری یہ تجویز Experts کی طرف سے بھی پیش کی جا چکی ہے ۔ کہ Parallel Canals بنا کر دو تین مہینہ میں ہم تین چار گنا زیادہ پانی دے سکتے ہیں ۔

جناب والا ۔ اس پالیسی پر عمل کرنے سے ہی ہمارے ملک کا بچاؤ ہو سکتا ہے ۔ ورنہ ہمارے تمام زرخیز علاقے تھور اور سیم کی نظر ہو جائینگے ۔ اس کے علاوہ ہمارے ملک میں ۸۰ فیصدی آبادی کا انحصار

زراعت پر ہے۔ وہ بیچارے صبح و شام سخت محنت کرتے ہیں اور بڑی تنگ دستی سے گزر اوقات کرتے ہیں اس کی وجہ یہ ہے کہ ہماری فی ایکڑ اوسط پیداوار بہت ہی کم ہے۔ اوسط پیداوار بڑھانے کے لئے دو چیزیں نہایت ضروری ہیں۔ ایک تو یہ کہ پانی کی کمی نہ ہو۔ اس سلسلہ میں میں یہ عرض کرونگا کہ جہاں ہم تقریباً ۳۰۰ ایکڑ زمین کے لئے ایک کیوسک پانی دیتے ہیں مصر میں ۱۵۰ ایکڑ زمین کے لئے ایک کیوسک پانی دیا جاتا ہے۔ پانی کی کمی کی وجہ سے ایک تو ہماری فصلیں ٹھیک طور سے پختہ نہیں ہوتیں۔ دوسرے ہماری زمین کی firtility نہیں بڑھ سکتی۔ اس سلسلہ میں میں یہ بھی عرض کرونگا کہ ہمارے ہاں Natural manure کی کمی ہے اور ہماری زمین میں organic matter کی بہت سخت کمی ہے۔ ہم سبز کھاد کو زمین میں دبانے سے اس کمی کو پورا کر سکتے ہیں۔ اور یہ اسی وقت ہوسکتا ہے جب پانی موجود ہو۔ جناب والا۔ مصر کی مثال ہمارے سامنے ہے۔ اس ملک میں جہاں Irrigation کا بندوبست کیا گیا ہے وہاں drainage کا بھی ساتھ ہی بندوبست کر دیا گیا ہے۔ مگر اس معاملہ میں ہم کچھ پیچھے رہ گئے ہیں۔ پہلے تو جہاں ہمارے ہاں Irrigation کا بندوبست کیا گیا اس کے ساتھ drainage کا کوئی انتظام نہ کیا گیا۔ جب پانی کی سطح کچھ چڑھنے لگی اور کافی علاقہ جات میں سیم نمودار ہونے لگی تو اس وقت ہماری Irrigation Branch کو یہ خیال آیا کہ Tube-wells کے ذریعہ پانی کی زیادتی کو نیچا کر دیا جائے مگر اس کے لئے آپ نے کوئی Scientific Policy مرتب نہ کی اور یہ کام بغیر Planning کے ہی شروع کر دیا گیا۔ آپ نے جو چودہ پندرہ صد ٹیوب ویل نصب کئے وہ بغیر کسی set-planning کے لگا دئیے گئے اور اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ وہ آٹھ دس سال بیکار پڑے رہے اور جناب والا حقیقت یہ ہے کہ پندرہ صد ٹیوب ویل میں سے اب صرف چند سو جاری کئے گئے ہیں۔

جناب والا۔ اس کے بعد محکمہ آبپاشی کی ایک بنیادی غلطی کی طرف میں اس معزز ایوان کی توجہ منعطف کرانا چاہتا ہوں اور جناب والا وہ بنیادی غلطی ایک ایسی غلطی ہے جس کی وجہ سے ہر کام میں بے درپے غلطیاں سر زد ہو رہی ہیں۔ وہ یہ ہے کہ اس محکمہ کے تمام Heads of Department وہی لوگ ہیں جو اس محکمہ کے سیکرٹری بھی ہیں اور ان کا جو جی چاہے فرعون بے سامان کی طرح کرتے چلے جاتے ہیں۔ انہیں کوئی پوچھنے والا نہیں ہوتا۔ وہی Head of Department ہیں اور وہی سیکرٹری ہیں۔ اگر ان سے کوئی بے اعتدالی ہوجائے تو کوئی پوچھنے والا نہیں

ہوتا ۔ جس کو چاہا Promotion دے دی اور اگر کسی کے ساتھ بے انصافی ہوئی اور اس نے اعتراض کیا تو وہ اعتراض وہیں دب کے رہ جاتا ہے ۔ Ministers تو Technical آدمی نہیں ہوتے اس لئے صحیح حالت نہ کبھی آج تک ان تک پہنچنے پائی ہے اور نہ ہی پہنچ سکتی ہے ۔ اگر یہی سسٹم جاری رہا تو Ministers تک صحیح حالت کبھی نہ پہنچ سکیگی ۔

جناب والا ۔ تقسیم ہند کے بعد سارے پاکستان کو بے حد مشکلات کا سامنا کرنا پڑا ۔ اور خاص طور پر پنجاب کو دریائے راوی اور دریائے ستلج کے پانی کے بند ہوجانے کی وجہ سے بہت نقصان برداشت کرنا پڑا ۔ ان دریاؤں کے پانی کے بند ہوجانے سے جو مشکلات پیدا ہوئیں ان پر قابو پانے کے لئے حکومت پنجاب نے links بنانے شروع کئے ۔ جناب والا یہ جو links بنائے گئے ہیں میں نے ان کے متعلق کئی بار اس معزز ایوان میں وزیر متعلقہ سے سوالات کئے ہیں مگر انہوں نے ہمیشہ ان سوالات کا غیر تسلی بخش ہی جواب دیا ۔ سب سے پہلے تو میں یہ عرض کرونگا کہ یہ جو links بنائے گئے ہیں ان کے لئے پہلے ہی سے کوئی منصوبہ بندی نہ کی گئی تھی ۔ اس کی دلیل یہ ہے کہ چناب اور جہلم میں پانی کی بہتات اس وقت ہوتی ہے جب ان دریاوں میں flood آیا ہوا ہو ۔ جب ان دریاؤں میں flood نہ ہو تو ان میں زائد پانی بالکل نہیں ہوتا جسکو آپ links کے ذریعہ راوی میں یا کسی دوسری جگہ پہنچا سکیں ۔ باقی راوی کے پانی کے متعلق تو ہمیں معلوم ہے کہ اسمیں پہلے ہی پانی کم ہے ۔ لہذا راوی کے پانی کو ستلج میں لے جانے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا ۔ اس منصوبہ بندی کے فقدان کا نتیجہ یہ ہوگا کہ چناب کے پانی کو راوی میں لانے کے لئے اور پھر راوی کے پانی کو ستلج میں لانے کے لئے جو یہ links بنائے گئے ہیں وہ بلکل بیکار ثابت ہونگے اور قوم کا کروڑوں روپیہ جو ان کے بنانے پر صرف کیا گیا ہے ضائع جائے گا ۔

اس کے علاوہ جناب والا ہماری منصوبہ بندی میں ایک بہت بڑی مشکل در پیش آتی رہی ہے اور جو اب بھی در پیش ہے ۔ وہ یہ کہ کسی سکیم کے متعلق صحیح اندازہ نہیں لگایا جاتا کہ اس پر کتنا روپیہ صرف ہوگا ۔ یہ چیز میرے خیال میں منصوبہ بندی کے لئے از بس ضروری ہے ۔ مثلاً آپ روای ستلج link ہی کو لے لیں ۔ اس link کی تیاری کے لئے پہلے جو اندازہ لگایا گیا تھا وہ پانچ یا چھہ کروڑ روپیہ کا تھا ۔ مگر جناب والا آپ حیران ہونگے کہ اب یہ اندازہ تیرہ چودہ

کروڑ روپے تک پہنچ گیا ہے ۔ اس طرح یہ اندازہ سو فیصدی سے بھی بڑھکر ڈیڑھ سو فیصدی تک پہنچ گیا ہے ۔ مین وزیر متعلقہ سے پوچھتا ہوں کہ انہوں نے اس قدر غلط اندازہ لگانے والے افسران کے خلاف کیا departmental action لیا ہے ؟ جہاں تک مجھے معلوم ہے Irrigation Branch میں آج بھی وہی لوگ برسر اقتدار ہیں جنہوں نے یہ غلط اندازہ لگایا تھا ۔ میں تو کہونگا کہ یہ غلط اندازے لگانے والے لوگ قوم کے منصوبوں کی ترقی میں ایک زبردست رکاوٹ ثابت ہوئے ہیں اور آئندہ بھی ہونگے ۔

جناب والا ۔ Tube-wells کی طرف میں اس معزز ایوان کی توجہ پہلے ہی منعطف کرا چکا ہوں ۔ میرے پاس وقت چونکہ تھوڑا رہ گیا ہے اس لئے میں اس تھوڑے سے وقت میں وہی باتیں Tube-wells کے متعلق عرض کرونگا جو نہایت ہی ضروری ہیں ۔ جناب والا Tube-wells کے سلسلے میں جو نہایت ہی ضروری بات مجھے عرض کرنی ہے وہ Sub-soil Survey کے متعلق ہے ۔ جناب والا ۔ جیسا کہ میرے معزز بھائی نے فرمایا ہے Tube-wells لگانے سے پہلے Sub-Soil survey ہونا نہایت لازمی ہے ۔ اس کے بعد میں عرض کرونگا کہ Tube-wells کے سلسلہ میں Sub-Soil Conservation of Water Board قائم کیا جائے ۔ اس بورڈ کے قائم کرنے سے ہمیں یہ فائدہ ہوگا کہ ہمیں معلوم ہو سکے گا کہ ہمارے Sub-Soil Water resources کتنے ہیں ہم کتنا پانی Tube-wells کے ذریعے لے سکتے ہیں اور اگر ہم پانچ یا آٹھ سال تک متواتر پانی لیتے رہیں تو نچلی سطح کی کیا حالت ہوگی ۔ جناب والا ۔ اس وقت اندھا دھند Tube-wells لگائے جارہے ہیں اور ان تمام لازمی باتوں کو قطعاً ملحوظ نہیں رکھا جاتا ۔ جناب والا ۔ امریکہ میں جہاں ہزاروں Tube-wells لگائے گئے ہیں ایک Conservation of Sub-soil Board بنا ہوا ہے ۔ جب تک کسی شخص کو اس بورڈ کی طرف سے منظوری حاصل نہ ہوجائے اس وقت تک وہ ٹیوب ویل نہیں لگا سکتا ۔ اس لئے میں حکومت سے پورے زور سے مطالبہ کرونگا کہ وہ بھی یہاں ایک قسم کا بورڈ قائم کرے ۔

جناب والا ۔ Tube-wells کے متعلق تیسری لازمی بات جو میں عرض کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ جب تک ہمارے پاس Cheap energy نہ ہوگی اس وقت تک ہماری Tube-wells کی سکیم کامیاب نہ ہو سکے گی مجھے نہایت افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ ہمارے پاس Cheap energy تو

موجود ہے نہیں مگر Tube-wells اندھا دھند لگائے جا رہے ہیں اور گورنمنٹ بھی اس سکیم میں پوری پوری امداد کر رہی ہے۔

جناب والا۔ اس بات کا قوی امکان ہے کہ Commodities کی prices گر جائیں اور ہمیں بہت سی مشکلات کا سامنا کرنا پڑے۔ اگر Commodities کی prices گر گئیں جسکی کہ بڑی امید ہے تو Tube-wells کے ذریعے سے فصلات کا اگانا uneconomic ہو جائے گا اور اس طرح سے قوم کا نہایت ہی قیمتی روپیہ جو Tube-wells پر اب لگایا جا رہا ہے ضائع ہو جائے گا۔

مولوی محمد اسلآمرالدین - (ملتان ۱۳ - مسلم - مخصوص نشست) "جناب والا - میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ ۸۵۰، ۹۰ روپے کی مد میں جو چیف انجنیئر صاحبان کے سلسلے میں ہے ۸۴۰، ۹۰ روپے کی تخفیف کی جائے" جناب والا - اس میں کوئی شک نہیں کہ محکمہ آبپاشی ہی ایک ایسا محکمہ ہے جس کے حسن انتظام سے جسکی اچھی کارکردگی دیانت اور امانت سے - جسکی خوش اسلوبی اور کارہائے نمایاں سے ہمارے ملک میں غلے کی فراوانی ہو سکتی ہے (نعرہ ہائے تحسین)۔

صاحب سپیکر - آپ نے جو Cut Motion پیش کی ہے اسکی غرض و غایت آپ نے یہ بیان کی ہے کہ آپ اس محکمہ کے عملے کی بد دیانتی ظاہر کرنا چاہتے ہیں (قہقہہ)

مولوی محمد اسلآمرالدین - جناب والا - میں اب یہی عرض کرنے لگا ہوں (قہقہہ) جناب والا - یہ محکمہ فی نفسہ ایک بہترین محکمہ ہے لیکن اس محکمہ کے اندر دیانت داری - خوش اسلوبی اور حسن انتظام نہیں رہا - جناب والا - جو اس محکمہ کا اصل کام تھا وہ اس وقت نہیں کیا جا رہا - اس لئے میں نے یہ Cut Motion پیش کی ہے - جناب والا - قرآن پاک میں آتا ہے کہ :- وجعلنا من الماء کل شیٔ حی - اللہ تعالہ فرماتا ہے کہ ہم نے ہر چیز کو پانی سے پیدا کیا ہے - جناب والا - پانی ہی ایک ایسی چیز ہے جس سے فصلیں سرسبز و شاداب ہوتی ہے مگر اس محکمہ کے عملے کے بد دیانتی کی وجہ سے پانی کا صحیح مصرف نہیں ہو رہا - محکمہ آبپاشی کے چیف انجنیئر صاحبان کے ماتحت عملے کا فرض ہے کہ وہ دیکھے کہ پانی کا جائز استعمال ہو رہا ہے یا نہیں - مگر جناب والا حالت یہ ہے کہ اگر کسی شخص نے اس عملے کے ساتھہ کچھہ گٹھہ جوڑ کر لیا ہے - کچھہ Settle کر لیا ہے یا ان کو

*Uncorrected speech .

کچھہ کھلانے پلانے کا انتظام کر دیا ہے تو اس کے لئے پانی کی فراوانی ہو جاتی ہے اور اس طرح دوسروں کے حقوق پر ڈاکہ ڈالا جاتا ہے۔ اگر ان کے خلاف کوئی شکایت کی جاتی ہے تو یہ کہہ دیتے ہیں کہ قصور کسی کا نہیں تھا۔ ہم نے دیکھا ہے فلاں جگہ چوہوں کے بل تھے جن کی وجہ سے پانی رسنا شروع ہو گیا تھا۔ لہذا کٹاؤ بند کرادیا جائے۔ اس کے بعد جناب والا میں عرض کرونگا کہ محکمہ انہار کے اندر ہی ایک پٹواریوں کا عملہ ہے۔ یہ عملہ تمام رقبے کی پیمائش کرکے آبیانہ مرتب کرتا ہے اور بعض صورتوں میں آبیانہ کی تشخیص میں بہت بے انصافی سے کام لیتا ہے اور چھوٹے کسانوں کو ہراساں کرنے کے لئے ان پر ناجائز جرمانے عائد کرتا ہے۔

حضور والا — جس کھیت کا اصل معاملہ ۱۰۰ روپیہ ہو اس پر مزید ۱۲½ فیصد کے حساب سے ترقی فنڈ لگتا ہے اور پانچ فیصد پہلے ہی ایک الگ ٹیکس لگتا ہے۔ اور اس پر طرہ یہ ہے کہ ۳۷ روپے لوکل ریٹ دینا پڑتا ہے۔ اسطرح اصل مالیہ ۱۰۰/ روپیہ پر ۵۵ روپے زائد دینے پڑ جاتے ہیں۔ اب ہم نے دیکھنا یہ ہے کہ آیا حکومت کا دعویٰ ہمدردی کس حد تک درست ہے۔

اگر کوئی غریب مالک اراضی اپنے گرہ سے خرچ کرکے "چاہ" بنواتا ہے (قہقہے) یعنی کنواں لگواتا ہے تاکہ کھیتوں کی آبپاشی کر سکے اور انکو سرسبز و شاداب کر سکے اور جنگل میں منگل کا سماں پیدا کرسکے یعنی خشک اور غیر ذی زرع اراضی کو لہلہاتے کھیتوں میں تبدیل کر سکے۔ خود بھی مالا مال ہو اور ملک کو بھی خوشحال کر سکے اور اس سلسلے میں اپنے خرچ سے کنواں لگواتا ہے تاکہ غریب عوام کو خوراک بہم پہنچائے وہ بیس سال تک مویشی خریدتا ہے۔ کنواں تعمیر کرتا ہے اور بھی اس کے علاوہ کئی اخراجات برداشت کرتا ہے۔ مگر اسکے باوجود حکومت ۱۴ روپیہ کے حساب سے ۲۰ سال تک مزید ٹیکس لگا دیتی ہے۔ خواہ زمیندار اس پر ⅓ حصہ فصل خریف کرے اور باقی ربیع کیلئے چھوڑ دے۔ لیکن اسکو ہر فصل پر لوکل ریٹ بھی دینا پڑتا ہے۔ گورنمنٹ چاہے تو اسکو مالیے کی معافی بھی دے سکتی ہے۔ مگر ۲۰ سال تک اسے یہ ۱۴ روپے دینے ہی پڑجاتے ہیں اور ۲۰ سال کے بعد بھی زمیندار کسی نہ کسی ہیر پھیر سے جکڑا رہتا ہے۔ کیا یہ انصاف ہے۔ جب اصل فصل کی معافی ہے تو پھر یہ ۱۴ روپے کیوں لئے جاتے ہیں؟

وزیر تعمیرات عامہ — اس کا محکمہ آبپاشی کے ساتھہ کیا تعلق ہے۔

مولوی محمد اسلام الدین — میں عرض کرونگا کہ کھتونی تو محکمہ نہر کے پٹواری ہی تیار کرکے دیتے ہیں جسکی بناء پر یہ ٹیکس نافذ کیا جاتا ہے۔ (ہیر ہیر)

پھر جناب والا — میں ششماہی نہر کے متعلق یہ عرض کرونگا کہ اس نہر پر چھہ چھہ مہینے پانی نہیں ملتا۔ مثلاً لودھران تحصیل میں بی۔ ڈبلیو۔ ڈی محکمہ نہر کا کوئی ملازم نہیں۔ یہ جملہ متعرضہ کے طور پر بات آگئی ہے وہاں کوئی سڑک بھی نہیں ہے۔

صاحب سپیکر — سنیئے تو سہی۔ آپ اپنی تقریر کے نصف حصہ کو ہی متعلقہ بنانے کی کوشش کیجئے۔

مولوی محمد اسلام الدین — سڑک کے متعلق عرض ہے کہ یہ جملہ معترضہ تھا۔

صاحب سپیکر — لیکن سڑک تو زیر بحث نہیں ہے۔

مولوی محمد اسلام الدین — جہاں تک ششماہی نہر کا تعلق ہے جو سال بھر میں صرف ۲ ۱/۳ مہینے پانی دیتی ہے اسکے ذریعہ پانی صرف ۲ ۱/۲ مہینے لگتا ہے۔ جب وہ فصل کاٹ لی جاتی ہے تو زمیندار ششماہی نہر سے پانی دیکر زمین میں ہل چلا کر چھوڑ دیتا ہے تو محکمہ نہر اسکو کاشت شدہ زمین درج کرلیتا ہے اور مالیہ گندم کا لگا لیتا ہے۔ اب آپ ہی خیال فرمائیں کہ گندم کا معاملہ کسطرح جائز ہے۔ جناب والا میں عرض کروں کہ اگر اس وقت مالیہ لگتا ہی ہے جبکہ زمیندار صرف ,, پلیور،، کرتا ہے یعنی پانی پھیر کر محض راؤنی کرتا ہے۔ جناب والا لوگ میرے لفظ ,, پلیور،، پر ہنستے ہیں مگر دراصل محکمہ نہر اسکو ,, پلیور،، ہی کہتا ہے۔ خیر میں آپکی خاطر اسے راؤنی کہتا ہوں۔ مگر محکمہ نہر اس پر بھی مالیہ ٹھوک دیتا ہے اور ٹیکس لگا دیتا ہے۔ چونکہ گورنمنٹ نے بارش کبھی خود نہیں برسائی۔ ہماری شامت اعمال سے بارش کم ہوتی ہے یا نہیں بھی ہوتی۔ اور اگر خوش قسمتی سے بارش ہو جائے تو زمیندار جلدی جلدی کھیتوں میں ہل چلا دیتا ہے تاکہ زمین ٹھیک اور درست ہو جائے۔

صاحب سپیکر — آپ غیر متعلقہ باتوں میں اپنا وقت ضائع کر رہے ہیں میں ایک منٹ بھی زیادہ نہیں دوں گا۔

مولوی محمد اسلام الدین — لودھران میں جس وقت وہ نہر کو بند کر دیتے ھیں اور اتفاق سے بارش ھو جائے تو زمیندار راؤنی کرلیتے ھیں مگر محکمہ آبپاشی گندم کی کاشت کاغذوں میں درج کرکے مالیہ لے لیتا ھے حالانکہ Reclamation Scheme بہبودیت کی سکیم ھے مگر اس کو مزید تاوان لگانے کا محکمہ بنا دیا گیا ھے۔

صاحب سپیکر — item زیر بحث مختلف ھے۔

مولوی محمد اسلام الدین — میری Cut Motion اسی کے متعلق ھے۔

صاحب سپیکر — میں غیر متعلقہ باتیں کرنے کی اجازت نہیں دے سکتا۔

مولوی محمد اسلام الدین — اول تو ریکلیمیشن کا محکمہ افادیت عامہ کے لئے ھے تاکہ اس سے کسان کو فائدہ پہنچے یعنی زمین کو درست کرکے کاشت کرے۔ مگر یہ عجیب بات ھے کہ وہ اپنی گرہ سے خرچ کرکے جب کنواں لگواتا ھے تو محکمہ نہر اس پر مالیہ ٹھوک دیتا ھے۔

وزیر تعمیرات عامہ — پانی بھی دگنا دیا جاتا ھے۔

صاحب سپیکر — آپکی نصف تقریر بھی متعلقہ نہیں تھی اب میں ایک منٹ بھی نہیں دے سکتا۔

Sheikh Mehbub Ilahi (LYALLPUR I, MUSLIM, RESERVED SEAT) : Sir, I wou'd take one by one the three motions moved by Mian Manzoor Hassan, Rana Gul Muhammad Noon and Maulvi Muhammad Islam-ud-Din. The first gentleman had said something about reservoirs near the rivers. I do not know if he has been to Egypt or not. I might tell him that the natural conditions in our country are not such as in Egypt and, therefore, the construction of reservoirs will be sheer waste of money. I would, therefore, strike it away. Such reservoirs should not be undertaken by any sane Engineer in the Province. The other thing he has insisted upon is probably the tube-wells scheme and corruption in the Irrigation Department. This thing started when the world started and will continue as long as it exists. Opposition Benches : Shame, Shame. Whatever it may be, it may be shame or it may not be shame, Sir, but I tell you that the Department is now improving and has become much better and I am sure, a time will come when these people will themselves give up corruption which they will probably think is a sin. As soon as you are able to educate the people they will realise that this should note be done.

The second gentleman talked about tube-wells. I must say that this has become a fashion in this House. Every honourable Member gets up and says something about tube-wells. They think it is a toy which was manufactured in Japan without realising what it means. It is a very Scientific subject and to talk about it in a haphazard manner is most undesirable. If you fallow their wishes the trouble will be that eventually all schemes shall have to be given up. As regards the sub-soil survey in this country and especially in our Province you really need sub-soil survey. Now I will tell you where tube-wells will be successful. For instance people from Jhelum say, We want tube-wells. Rawalpindi people say, we want tube-wells. They have not got even enough water for drinking purposes and they want tube-wells. Tube-well is only successful when the sub-

soil water is not much beyond fifteen to twenty feet. Otherwise it is fatal for the agriculturists. They cannot afford to pay. for the lifting of water from a greater depth. The other thing is that in most parts of our country and especially in these Districts water is brakish. The whole country is brakish. Take Cambelpur for instance. The water level there is 120 feet. What will you do with a tube-well. Take Jhelum, you have no water practically. Take Gujrat you have no water, very little water is available in Rawalpindi. Jhelum may just be a little useful for ordinary boring of wells but we have not got enough water there for the tube-wells. Very many districts have brakish water. Sub-soil survey is only useful in a country when the plateau runs like America upon which Rana Gul Muhammad Noon has been insisting. Otherwise we know by experience where tube-wells will be successful and where they will not be successful.

As regards the Tube-well Irrigation Department I have to say that a number of years ago these people took up a tube-well scheme to lower the water and get rid of the water logging. I had a great deal of discussion with those Engineers who have now retired, some are dead. I also retired but am still alive. I pointed out to them that their scheme will fail.

(NOISE FROM THE OPPOSITION BENCHES)—Keep quiet please. They drew up a scheme in which they suggested certain tube-wells to be constructed within one thousand feet from the Canal land. I pointed out to them that my experience has been that you should go at least half a mile and preferably three quarters of a mile from the canal banks. Anyhow they insisted, and carried out the scheme. I made certain tube-wells for them. They themselves also sunk a few. The result was really very unfortunate. They spent more than a crore of rupees. As I anticipated it was sheer waste of money. In these big schemes, sometimes you have to incur large expenses before you learn. Later, Sir William Stamps who is dead, wrote a letter to me asking if I could go round and meet him. I went to see him. We then went to Nankana. He said, "The scheme has miserbly failed. you know all about it". I told him that it was not my scheme. Any way I could not persuade them to allow my advice. Then Mr. Abdul Az z who is lying Sick at Multan pointed out that this money would have been much better utilised if they had simply gone at a distance of a mile or a mile and a quarter from the bank, as has been done at other places in the U. P. where water-logging is troubling them. I must say that these things require a very careful planning and this planning should be left to those Technical people who have spent their lives in this work or at least some time. I may also warn you here that you should not compare your country with America, Canada and other foreign countries. Their system is different, their soil is different, people are different and the working is different. Therefore it is necessary that before we undertake such expensive schemes a very careful mapping should be done. Otherwise we would be wasting, as we have done in the past, crores of rupees of the Government. I may also point out that your soil needs two types of manure natural and artificial. Artificial manure alone is no guarantee for good crops. You must also have natural manure. Natural manure is kutcha manure as well as silt which comes in the canal. When my friend, Rana Gul Muhammad Noon was referring to canals he probably meant inundation canals. Inundation canals give the best manure. Their silt is much better that the silt from perennial canal.

If you permit me, Sir, I will read a few lines from the Pakistan Times of January 11, 1955:

Increasing Crop Yield in Pakistan

EGYPTIAN EXPERT'S PLEA FOR BIG EFFORTS

Karachi, January 10 Mr. Shafi Labban, the Egyptian expert on Agricultural Credit yesterday called for vigorous efforts for increasing the crop yield.

Mr. Labban suggested greater use of the fertilisers by the farmers in the country. He said that manure, both natural and artificial, was necessary to improve the yield on the crop. The farmers used manures fuel while they did not get large quantity of chemical manure. This was affecting badly the fertility and the productivity of the soil.

Now Maulvi (ISLAM-UD-DIN) Saheb has stated many things. As a matter of fact the facts which he has brought out are not incorrect. They are absolutely correct. Your subordinate staff is very corrupt and they should be carefully watched. The Patwaris give lot of trouble. They trouble so much that the Honourable Chief Minister has not been troubled to that extent by Mian Muhammad Shafi. They have troubled Maulvi Saheb very much. But I am surprised how Maulvi Saheb is alive. He should have reached the graveyard by now because the Patwaris were after him.

Mr. Speaker : MIAN SAHIB Do you want me to put your cut to the House?

Main Manzoor Hassan: No Sir. I withdraw my cut, in view the assurance canveyed to me.

Mr. Speaker: Has the Honourable Member leave of the House to withdraw his cut motion ?

(Voices : Yes).

The motion was by leave withdrawn.

Mr. Speaker : RANA SAHIB : Do you want me to put your cut to the House?

Rana Gul Muhammad Noon : No Sir.

Mr. Speaker: Has the Honourable Member leave of the House to withdraw his cut motion.

(Voices: Yes).

The motion was by leave withdrawn.

صاحب سپیکر — مولوی صاحب کیا آپ اپنی تحریک تخفیف پر ایوان کی رائے معلوم کرنا چاہتے ہیں ؟

مولوی محمد اسلام الدین—جی نہیں - میں اسے واپس لینا چاہتا ہوں -

Mr. Speaker : Has the Honourable Member leave of the House to withdraw his cut motion ?

(Voices: Yes).

The motion was by leave withdrawn.

Mr. C. E. Gibbon :(PAKISTANI CHRISTIAN AND ANGLO-PAKISTANI III): Sir, I beg to move:

> That the item of Rs. 10,69,380 on account of Total Chief Engineer —Oper. Canals be reduced by Rs. 1,00,000.

The main purpose why I have taken this particular cut motion is to show how this Department could be cleaned up and the amount of economy which could be affected. You will remember, Sir, that in the past session the Opposition has ha to expose ruthlessly the corruption in the Food Department and then the corruption in the Health Department. And now, Sir, a heavy responsibility has once again been placed on our shoulders to expose the rampant corruption, nepotism and waste of public funds in the Irrigation Department. It certainly is not of much pleasure to us in Opposition to be continually rising to our feet and taking the attitude which in ninety-nine cases out of hundred is construed to be that of personal animosity against a Member or against a Minister. We are here to expose to the fullest possible extent corruption, nepotism and mal-administration. And if, in the process of that exposition we say or do things which are hurtful they must not be taken in a perso al light.

Sir, in this Department of Irrigation there are a number of persons who have made a real racket out of the whole show. Starting with the Chief Engineer

and going right down to the Ziladars and Overseers each one like an actor plays his part to benefit himself in the drama. And what is that drama? That drama is at the expense of tax-payer on the one hand and the sweating masses on the other. In the Food Departmnet the *modus operandi* is more or less the same ; in the Health Department it is exactly the same. But the scope of these two Department is slightly limited but in the Irrigation Department the 'maidan' is so vast that they have been able to spread their tentacles throughout the length and breadth of the Province. I think, Sir, a Finance Minister at the time of presenting a budget should welcome every exposition made which might assist him at a later stage in closing up those sources which are drains on the public exchequer, and in putting an end to corruption.

Now it is a well-know fact and it is a public scandal that whenever you talk about anything which might affect either the Irrigation Department on the one hand or the Building and Roads Department on the other or of Public Works Department as a whole, every man, even if he is an official employed in that Department, refers to this organisation as the Department of public waste. Now either this is intended to be a joke or it is a fact but the saying is so common and the knowledge is so spread that it is definitely the Department of public waste.

After this comes corruption and nepotisms. Corruption from top down to the bottom and nepotisms also from top to the bottom. And in this particular field of nepotisms local politics always hold the upper-hand, because it is an agricultural province and the people who are controlling our politics are big landlords and this is a Department in which they have their way. Now, Sir, it is a commonly known fact, for example, that overseers and others collect fines for alleged illegal use of water. It reminds me of the constable who holds up the tonga-wall as and collects his four annas every half an hour that he steps over the saluting base. Overseers' collections go from 1st January to 31st December each year. These fines are absolutely unjust and un-called for on the little landlord, the little fellow who owns a small plot of land. No enquiries are held, no just reasons are given. There was a time, I remember, when that little man was able to appeal against that justice to the Financial Commissioner but I am given to understand that those powers have since been taken away from the Financial Commissioners. I say subject to correction that if these powers still vest in the Financial Commissioners, then I would like to know why these cases are not decided.

Now, Sir, there is another fact which I think requires consideration and that is the policy of this Landlord Government in closing down canal waters just at that particular time when it is most required. I refer here to that scandal which is attached to the Haveli Project, I mean the Haveli Canal. I think it was closed for well over 2 months and I also remember that at question time the Honourable Minister of Public Works made some excuse about repairs that were going to be made to the Headworks (Voices: That was L. B. D. C.) I think every body knows about Haveli Project and no reasonable expl ation is still forthcoming.

Now, Sir, I come to another public scandal and that is what is now being styled as Qizilbash Estate. What the public wants to know is that if a special canal was put into this estate on public expense who actually is benefited from it. We, the people on this side of the House would like to know the justification for allowing this particular Estate to overflow with canal water while hundreds of thousands of acres of land lie barren.

Chief Minister : I do not follow.

Mr. C. E. Gibbon: You seem to be ignorant of the fact as if this Estate does not exist at all. It is probably somewhere in Europe or something like that but if you take the trouble to read newspapers over which you are spending Rs. 3,600 a year, you would soon discover that it is a public scandal.

Chief Minister : What is it. Tell us.

Mr. C. E. Gibbon : The position is this that these lands owned by big landlords have been shown preferential treatment in the matter of supply of canal water. Whether that preferential treatment is the result of any political allowance between the Chief Minister and his Revenue Minister is a matter for him to either admit or deny. Now of course it has never been the policy of this Government to deny anything. Each day you stand exposed more and more. I must draw pointed attention to the Chief Minister's conception of justice. Justice is represented by a virtuous woman with bandaged eyes, holding the scales evenly. Sir, you have outraged her modesty to such an extent that she stands reduced to a harlot. If there is to be any justice in the Irrigation Department, you will see to it—(1) that the little landlord gets his full share of canal water,(2) that every Overseer is severely punished for imposing heavy fines on the little landlord, and (3) that the wastage of expnenditure is cut down

رانا گل محمد خان عرف عبدالعزیز خان:۔ (ملتان نمبر ۴ ۔ مسلم) :
جناب والا ۔ میں اس معزز ایوان کے سامنے چند گذارشات جو میں نہایت ضروری سمجھتا ہوں پیش کرنا چاہتا ہوں ۔ اس صوبے کے زمینداروں کی بیشتر شکایات یہ ہیں کہ انہیں پانی کم ملتا ہے مگر اس کی طرف توجہ کرنے والا کوئی نہیں ۔ افسران بالا سے اس امر کے متعلق معلوم کرنا کہ پانی کیوں کم دیا جاتا ہے اس کے لئے ہمارے پاس ایک ہی ذریعہ ہے جس سے ہم اندازہ لگا سکتے ہیں کہ کس علاقے میں پانی کی کمی واقع ہوئی ہے یا کس علاقے میں normal طریق سے پانی دیا جا رہا ہے ۔ اور یہ تشخیص خرابہ کا ذریعہ ہے ۔ جس جگہ پانی کی قلت کی وجہ سے فصلیں خراب ہو جاتی ہیں جیسا کہ اس مقتدر ایوان کے معزز ممبران کو معلوم ہے خرابہ کی تشخیص کے ذریعے انکو آبیانے کا کچھہ حصہ معاف کردیا جاتا ہے ۔ اس خرابے کی تشخیص محکمہ انہار کے سپرد ہے ۔ یعنی جو لوگ پانی تقسیم کرتے ہیں جس کی کمی کی وجہ سے فصلیں خراب ہوتی ہیں وہی اہلکار تشخیص خرابہ کا کام کرتے ہیں ۔ جناب والا ۔ میری گذارش یہ ہے کہ یہ طریقہ انتہائی بے انصافی پر مبنی ہے ۔ کم از کم تشخیص خرابہ تو محکمہ مال کے سپرد ہونا چاہیئے جو مالیہ اراضی وصول کرتا ہے ۔ تاکہ حکومت کو، وزیر متعلقہ کو اور اس ایوان کے دیگر ممبران کو معلوم ہو کہ فصلوں کی خرابی کی وجہ کیا ہے اور جو فصلیں پانی کی کمی کی وجہ سے خراب ہوئی ہیں یا ہوتی ہیں ان میں پانی کی کمی کے لئے کس حد تک افسران محکمہ نہر کی غفلت کو دخل ہوتا ہے ۔

جناب والا ۔ پانی کی کمی کے ساتھہ ہی یہ امر بھی کسی سے پوشیدہ نہیں کہ جب نہریں بنائی جاتی ہیں تو اکثر ان میں silt آجاتی ہے جس کی وجہ سے ہر تیسرے یا چوتھے یا پانچویں سال ان کی

remodelling ضروری ہو جاتی ہے ۔ میں یہاں کوئی خیالی یا فرضی بات نہیں کر رہا ۔ یہ حقیقت ہے اور میں اس کے متعلق اپنے سوالات کے ان جوابات کے سلسلے میں بھی بہت کچھہ عرض کر چکا ہوں جو وزیر متعلقہ نے اس معزز ایوان میں پیش کئے ۔ جہانتک نہروں کی remodelling کا تعلق ہے اس امر کی طرف محکمہ انہار نے آج تک کوئی توجہ نہیں دی ۔ اگرچہ اس کیلئے بجٹ میں روپیہ منظور کیا جاتا رہا ہے مگر یہ کام چند اشخاص کی خوشنودی کے پیش نظر ملتوی ہوتا چلا جاتا رہا ہے ۔ جب تک نہروں اور distributories کی remodelling نہ ہو اس وقت تک پانی کی تقسیم منصفانہ طور پر نہیں ہو سکتی ۔ اگر یہ کام باقاعدگی سے کیا جائے تو پانی کی تقسیم درست ہو سکتی ہے ۔

جناب والا ۔ پانی کے متعلق جو شکایات ہیں ان کی ایک وجہ اور بھی ہے جو میرے ذاتی تجربے اور علم میں آچکی ہے ۔ میں پورے وثوق سے اس ایوان میں کہہ سکتا ہوں کہ افسران کے پاس غلط اور fictitious guages بھیجے جاتے ہیں ۔ پچھلے سال ایک ایسا واقعہ ہؤا جس سے معلوم ہوا کہ tail پر جہاں پانی پہنچا ہی نہ تھا اس کے متعلق بھی افسران کے پاس الٹ اطلاع بھیجی گئی تھی ۔ اس واقعہ کے سلسلے میں میں ایگزیکٹو انجنیئر کے پاس گیا تو مجھے معلوم ہوا کہ جو کاغذات اس کے پاس بھیجے گئے تھے ان میں tail guages کے متعلق لکھا تھا کہ پانی دس دن سے ۸۰ فیصدی چل رہا ہے ۔ چنانچہ میں نے کہا کہ اگر وہاں پانی پہنچا ہے تو وہاں آبپاشی ضرور ہوئی ہوگی ۔ اس کے لئے ضلعدار اور ڈپٹی کلکٹر سے کہا جائے کہ وہاں کے آبپاشی کے اعداد و شمار پیش کریں ۔ جب ضلعدار اور ڈپٹی کلکٹر بمع ایس ۔ ڈی ۔ او وغیرہ وہاں پہنچے تو معلوم ہوا کہ وہاں کا کل آبپاش رقبہ چار ہزار ایکڑ تھا جس میں سے صرف تین ایکڑ آبپاش ہوا تھا ۔ مگر ایگزیکٹو انجنیئر کو جو اعداد و شمار پہنچائے گئے تھے ان میں لکھا تھا کہ پچھلے تین ہفتے سے ۸۰ فیصدی پانی کی normal فروخت کی جا رہی ہے ۔ یہ حالت ہے جس سے آنریبل ممبران اندازہ لگا سکتے ہیں کہ کس قدر بد عنوانیاں اور بے اعتدالیاں ہو رہی ہیں جن کا گذشتہ کئی سالوں سے کوئی علاج نہیں کیا گیا ۔

جناب والا ۔ اس کے علاوہ پانی کی کمی کی اور بھی کئی وجوہات ہیں ۔ مثلاً جہاں remodelling یا distributaries کی silt clearance کی ضرورت ہوتی ہے وہ نہیں کرائی جاتی تعجب ہے کہ silt clearance کے لئے

روپیہ تو وصول کر لیا جاتا لیکن حقیقت میں یہ کرائی نہیں جاتی۔ میں اپنی distributaries کے متعلق بڑے وثوق سے کہہ سکتا ہوں۔ کہ ایک عرصہ سے وہاں silt clearance نہیں ہوئی مگر حکومت سے روپیہ وصول کیا جا چکا ہے۔

آخر میں مجھے ایک دو منٹ کی اور اجازت دی جائے۔

وزیر تعمیرات عامہ- آپ کوئی مثال دیں۔

رانا گل محمد نون عرف عبدالعزیز نون- مثلاً ولی محمد ڈسٹریبیوٹری، رانا مائنر ڈسٹریبیوٹری، فیض پور ڈسٹریبیوٹری، بختو مائنر ڈسٹریبیوٹری، لوری مائنر ڈسٹریبیوٹری اور ٹھٹھ مائنر ڈسٹریبیوٹری ہیں۔

ان کے علاوہ اگر آپ اور مثالیں بھی چاہتے ہیں تو میں عرض کر سکتا ہوں۔

جناب والا۔وزیر اعلیٰ صاحب نے اپنی تقریر میں فرمایا تھا کہ گذشتہ کچھ عرصہ سے ہمارے صوبہ کو خوراک کی کمی سے دو چار ہونا پڑا۔ ہمارے صوبہ میں خوراک کا بیشتر حصہ در اصل irrigated tracts سے پیدا ہوتا ہے۔اب آپ اس صورت حال پر غور فرمائیں کہ حویلی کینال کو ایک مہینہ کے لئے بند کرنے کا نوٹس دیا گیا تھا لیکن وہ دو مہینہ تک بند پڑی رہی۔ اس سے تمام زمینداروں کی فصلات ربیع تقریباً تقریباً ختم ہو چکی ہیں۔ اس کے بعد by rotation پانی چلایا گیا۔ اور اڑھائی ہزار کیوسک کی بجائے صرف ایک ہزار یا بارہ سو کیوسک پانی دیا گیا۔ اس کی بڑی وجہ یہ بتائی جاتی ہے کہ ۱۹۵۰ کے سیلاب کی وجہ سے اس نہر میں خرابی پیدا ہو گئی تھی۔ چونکہ ابھی اس کام کی تکمیل نہیں ہوئی۔ اس لئے پانی کم چلایا گیا ہے۔ اب جناب والا آپ اندازہ لگائیں کہ جب لوئر باری دوآب۔ حویلی کینال اور دوسری perennial canals سے پانی بہم نہیں پہنچایا جا سکا۔ تو ظاہر ہے کہ خوراک کی کمی کے اسباب انہوں نے خود پیدا کئے ہیں۔ اور جن افسروں کی یہ ذمہ داری تھی کہ زمینداروں کو بر وقت پانی مہیا کر کے صوبہ کی economic stability کو قائم رکھا جائے انہوں نے پیداوار کو تباہ کر دیا ہے اور خوراک کی کمی کے اسباب پیدا کردئے۔

Mr. Speaker: The question is:

That the item of Rs. 10,69 380 on account of total "Chief Engineer—Open Canals" be reduced by Rs. 1,00,000.

The motion was lost.

Director Irrigation Reserch Office)

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema (LYALLPUR IX, MUSLIM): Sir, I beg to move:

That the item of Rs. 3,70,900 on account of Total "A-2—Director Irrigation Research Office be reduced by Rs. 70,900.

حضور والا ۔ میں نے تخفیف زر کے لئے جو تحریک پیش کی ہے اس کا تعلق براہ راست فنی نوعیت کے اداروں کے ساتھہ ہے ۔ حضور کو معلوم ہے کہ مطالبہ میں تخفیف زر کی یہ تحریک legislation کے قواعد کی رو سے " تقریب بہر ملاقات " کی حیثیت رکھتی ہے مگر یہ ضروری نہیں ہے کہ اس سے ہم یہ چاہتے ہوں کہ اس ادارے کے لئے جو رقم بجٹ میں رکھی گئی ہے اس میں تخفیف کردیں ۔ بلکہ مقصد صرف یہ ہے کہ اس ادارے کی کارکردگی کا کچھہ جائزہ لیا جائے ۔ اور اس کے متعلق حسب استطاعت اس ایوان میں تجاویز پیش کی جائیں ۔

حضور والا ۔ یہ ایک مسلمہ امر ہے کہ ہمارے صوبہ کی خوشحالی اور فارغ البالی کا تمام تر انحصار اور دار و مدار سلسلہ انہار اور نظام آبپاشی پر ہے ۔ جہاں تک نظام آبپاشی کا تعلق ہے میں سمجھتا ہوں کہ دنیا میں شاید ہی کوئی ایسا ملک ہوگا جہاں اس معاملہ میں اس حد تک لوگوں کی معیشت اور معاش کا انحصار سلسلہ انہار پر ہو ۔ حضور والا ۔ پیشتر اس کے کہ کوئی منصوبہ تیار کیا جائے یہ قاعدہ کی بات ہے کہ تجربہ گاہوں اور رصد گاہوں میں مختصر طور پر ماڈل اور نمونے تیار کئے جاتے ہیں ۔ اور ان کے مالہ و ما علیہ پر عملاً غور کیا جاتا ہے تاکہ ترقیاتی اغراض کے لئے مفید کام کرنے کی بجائے ایسا نہ ہو کہ ناکامی اور مصیبت کا سامنا کرنا پڑے ۔

حضور والا ۔ جہاں تک مجھے معلوم ہے ہمارے محکمہ انہار کے پاس ایک بہترین تجربہ گاہ ہے جس کا تعلق مسائل آبپاشی یعنی پانی کے بہاؤ اور silt clearance کی تحقیقات سے ہے ۔ اور جو نہایت بلند و بالا اور اعلیٰ معیار کی تجربہ گاہ ہے ۔ لیکن مجھے افسوس سے یہ عرض کرنا پڑتا ہے کہ اس تجربہ گاہ کے کارکنوں یا انجنیئروں نے عملی تحقیقات اور جستجو سے مفید نتائج برآمد کرکے اور ان پر عمل پیرا ہوکر آبپاشی اور پانی کی کمی کے مسائل کما حقہ حل نہیں کئے ۔ اگر Irrigation Research Institute کے مختلف شعبہ جات کا جائزہ لیا جائے تو حضور دیکھیں گے

کہ یہاں پر مختلف head works کے نمونے تیار کئے جاتے ہیں اور پانی کے بہاؤ مختلف channels اور چھوٹی چھوٹی نہروں میں سے پانی کے گذرنے اور پھر مختلف نوعیت کی زمینوں اور مختلف نوعیت کے strata میں سے گزرنے کے بعد پانی کی movement سلٹ کے actions اور reactions وغیرہ کے متعلق تجربات کئے جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ tube-well sinking کے لئے ٹیوب ویل کے نمونے بھی اس Research Institute میں تیار کئے جاتے ہیں اور اس قسم کے مختلف strata کو جو مختلف اجزائے کیمیاوی پر مشتمل ہوں یکجا کرنے کے مختلف نمونے تیار کر کے ٹیوب ویل کا تجربہ کیا جاتا ہے اور دیکھا جاتا ہے کہ ٹیوب ویل کو کس طرح قدرتی کامیابی ہو سکتی ہے۔

میں یہ محسوس کرتا ہوں کہ اگر ہمارے Irrigation Research Institute کے تحقیقاتی نتائج عملاً مفید ثابت ہو سکتے تو ہمارے وسائل آبپاشی میں بہت حد تک اضافہ ہو جاتا۔ اپنی بجٹ کی تقریر میں عزت مآب وزیر اعلیٰ صاحب نے ٹیوب ویل کا ذکر صفحہ ۲۰ پر کیا ہے جس میں انہوں نے فرمایا ہے کہ تقریباً ۱،۵۰۰ ٹیوب ویل لگ چکے ہیں۔ ان میں بہت سے ایسے ہیں جو چل رہے ہیں۔ اور صحیح استعمال اور مصرف میں آرہے ہیں۔ صرف ۱۷۸ ایسے ہیں جو کام نہیں کر رہے۔ حضور والا۔ میں سمجھتا ہوں کہ میں کسی راز کا انکشاف نہیں کرونگا جب یہ عرض کروں کہ irrigation کے لئے جو ٹیوب ویل بالخصوص وہ جو main line کے ساتھ ساتھ کنوؤں پر لگے ہیں ان سے سیم کو فائدہ ہونے کی بجائے ان میں نہر کا پانی جذب ہوتا ہے۔ اس طرح اصل مقصد حل ہونے کی بجائے فوت ہو رہا ہے۔ دراصل یہ ٹیوب ویل نہر کی Main line سے نامناسب فاصلہ پر نصب کئے گئے ہیں اور ان سے قطعاً کوئی کامیابی حاصل نہیں ہوئی۔ بلکہ نہروں میں پانی کی کمی ہو گئی ہے۔ اور بالاخر وہ پانی پمپ کر کے نہر میں ڈالا جا رہا ہے۔ اگر اس رصدگاہ میں اس قسم کا بھی تجربہ کیا جاتا تو شروع سے ہی مناسب فاصلہ پر ٹیوب ویل نصب ہو سکتے تھے۔

جناب والا۔ یہ کوئی ایسا دقیق مسئلہ نہیں ہے جو ہمارے انجنیئروں کی سمجھ میں نہ آسکے۔ بات دراصل یہ ہے کہ اس مسئلہ کی طرف کما حقہ توجہ نہیں دی گئی۔ اس کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ ہماری یہ تجربہ گاہ کوئی معیاری اور اعلیٰ قسم کی تجربہ گاہ نہیں۔ اس کے علاوہ جو انجنیئر یہاں کام کرتے ہیں وہ وہاں عارضی اور بہت

تھوڑے عرصہ کے لئے لگائے جاتے ھیں اور ان کی یہ کوشش ھوتی ھے کہ جتنی جلدی ھو سکے وہ کسی انتظامی آسامی پر تعینات کردئیے جائیں۔ چنانچہ اس عارضی تجربہ گاہ میں جو لوگ کام کرتے ھیں وہ کسی فنی ذوق کا مظاھرہ نہیں کرتے بلکہ وہ یہ سمجھتے ھیں کہ انہوں نے تھوڑی دیر یہاں رھنا ھے اسلئے وہ فنی تحقیقات میں کوئی دلچسپی نہیں لیتے بلکہ ان کی کوشش یہی ھوتی ھے کہ وہ باھر کسی سب ڈویژن کے انچارج بن کر چلے جائیں۔ جہاں دنیا نے سائینس اور فنی تحقیقات کے معاملہ میں بے انداز ترقی کی ھے وہاں ھماری یہ حالت ھے کہ ھم فنی تحقیقات کا معیار اونچا کرنے کی بجائے روز بروز تنزل کی طرف جا رھے ھیں۔ ھم نے ترقی کی بجائے پستی کا مظاھرہ کیا ھے۔ اور اس کی بڑی وجہ یہ ھے کہ یہاں جو انجنیئر لگائے جاتے ھیں وہ عام طور پر سینئیر آدمی ھوتے ھیں اور یہاں سے فارغ ھونے کے بعد ان کو چیف انجنیئر بننے کا موقع دیا جاتا ھے لہذا ان کی کوشش یہ ھوتی ھے کہ جس قدر جلد ممکن ھو سکے وہ کسی انتظامی آسامی پر تعینات کئے جائیں۔ اس لئے حضور والا۔ میری یہ گذارش ھے کہ اگر آپ اس Research Institute کو ایک معیاری اور اعلیٰ قسم کی تجربہ گاہ بنانا چاھتے ھیں تو آپ کے لئے ضروری ھے کہ آپ صرف چند گنے چنے اور qualified ٹیکنیکل آدمی اور سائنسدانوں کی خدمات حاصل کریں۔ چاھے آپ غیر ملکی یونیورسٹیوں کے فارغ التحصیل لوگوں کی خدمات حاصل کریں جنہیں اس بات کا یقین ھو کہ انہیں وھاں عارضی طور پر نہیں لگایا گیا بلکہ انہوں نے اپنی سروس وھیں ختم کرنی ھے اور ان کو کسی قسم کا لالچ نہ ھو۔ اگر آپ خود بخود ان کی ترقی کے مواقع اسی تجربہ گاہ میں پیدا کردیں اور انہیں اس چیز کا یقین ھو کہ ان کی مساعی جمیلہ کو حکومت appreciate کریگی اور انہیں ان کی خدمات کا صلہ ملیگا تو اس کا لازماً نتیجہ یہ ھوگا کہ ھماری فنی تحقیقات میں غیر معمولی طور پر اضافہ ھوگا اور ھماری یہ تجربہ گاہ ایک معیاری اور اعلیٰ قسم کی تجربہ گاہ بن جائیگی۔ اس لئے میں حکومت سے درخواست کرونگا کہ وہ Research Institute کی طرف زیادہ سے زیادہ توجہ دے اور اس کے لئے بہترین اور qualified لوگوں کی خدمات حاصل کرے۔

جناب والا — اس سلسلہ میں میں یہ بھی عرض کرنا ضروری سمجھتا ھوں کہ آج سے کچھ عرصہ پیشتر ھماری حکومت نے چند طلباء کو انگلستان اور امریکہ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے لئے بھیجا تھا۔ مجھے علم ھے

کہ ایک طالبعلم جس پر حکومت نے ڈیڑھ لاکھ کے قریب روپیہ خرچ کیا اور اس کو خاص طور پر آب ریزی اور اس کے متعلقہ وسائل کے متعلق معلومات حاصل کرنے کے لئے سان فرانسسکو بھیجا جہاں کی آبپاشی کے وسائل پنجاب سے تقریباً ملتے جلتے ہیں - جب وہ ان امور کی ٹریننگ لے کر یہاں پہنچا تو حکومت نے اس کی خدمات سے کوئی فائدہ نہ اٹھایا حالانکہ ۵ سال تک حکومت کی خدمت کرنے کے لئے اس سے معاہدہ کیا گیا تھا (ایک آواز - تقرری پبلک سروس کمیشن کرتا ہے) - اس کے علاوہ سب سے ضروری بات جو میں آپ کی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ آپ کے چیف انجنیئروں کے مابین مکمل تعاون ہونا چاہئیے - یہ جو آپ نے غلط قسم کی روایات پیدا کردی ہیں اور ان کی آپس میں چپقلش رہتی ہے -

وزیر تعمیرات عامہ — اب کوئی نہیں -

چودھری محمد افضل چیمہ — بھری بزم میں راز کی بات کہہ دی - جناب والا — میں یہ عرض کرونگا کہ اگر وزیر موصوف عادتاً یا وضع داری کے طور پر انکار کر رہے ہیں تو اور بات ہے - میں آپ سے درخواست کرونگا کہ آپ اس چیز کی کوشش کریں کہ ان کے تعلقات مصالحانہ اور خوشگوار ہو جائیں - تاکہ مکمل تعاون اور اشتراک کے ساتھ وہ کام کرسکیں اور اپنے فرائض کو کماحقہ ادا کریں - آپ نے جو ارشاد فرمایا ہے کہ اب ان میں کوئی اختلافات نہیں - میں یہ عرض کرونگا کہ جن لوگوں نے ان افسران کے قریب تر ہوکر ان کا مطالعہ کیا ہے وہ لوگ آپ کے اس ارشاد کے ساتھ اتفاق کرنے سے قاصر ہیں -

حضور والا — جہانتک ٹیوب ویلوں کا تعلق ہے اگر آپ بجٹ کے صفحہ ۱۳۹ پر توجہ فرمائیں تو آپ کو معلوم ہوگا کہ ان کے لئے ۱۸ ہزار چھ سو روپیہ اور ۳ لاکھ ستر ہزار نو سو روپیہ کی رقوم وقف کی گئی ہیں - میں آپ سے پوچھتا ہوں کہ آپ نے علمی نکتہ نگاہ سے کونسی laboratory قائم کی ہے - آپ کے پاس اس کےلئے کونسی تجربہ گاہ ہے جس میں اس موضوع پر research کی جا سکتی ہے ؟ آپ کے پاس ان رقوم کا بجٹ میں دکھانے کا کیا جواز ہے جب آپ نے اس سلسلہ میں ایک اہم ضرورت کو بھی پورا نہیں کیا -

Mr. Speaker : The question is:

That the item of Rs. 3,70,900 on account of Total "A-2—Director, Irrigation Research Office" be reduced by Rs. 70,900.

The motion was lost.

The Assembly then adjourned till 1 *p. m. on Monday, the* 28*th March,* 1955.

APPENDIX

Placed on the table of the House in reply to part (b) of Starred Question No. 3506 ,—vide page 926.....ante).

THE REPORT OF THE PAK-PUNJAB PANCHAYATS REORGANIZATION

Introduction

A meeting was held in July 1954, under the presidentship of the Hon'ble Minister for Health, and Local Bodies, Punjab, to consider the question of the reorganisation of panchayats in the Province. This meeting was attended by the Secretary to Government, Punjab, Medical and Local Government Departments, the Deputy Secretary to Government, Punjab; Medical and Local Government Departments and the Officer on Special Duty (Panchayats). The Hon'ble Minister was very anxious that something should be done to make panchayats live organs in the body politic. It was brought to the notice of the meeting that in the neighbouring country of Bharat, a good deal of progress had been made in the development of panchayats. The Hon'ble Minister desired that the Officer on Special Duty (Panchayats) should visit India; study the working of panchayats in that country, and thereafter, make recommendations for the reorganisation of panchayats in this Province.

In pursuance of this decision, I visited India during the first fortnight of September 1954, along with a delegation of the Local Government Reforms Committee. An intensive study of the panchayat movement in East Punjab was made in the office of the Director of Panchayats, Punjab (India) at Jullundur. Several meetings were held with the Director of Panchayats and his staff, and various problems relating to the panchayat movement were discussed at length. The Director of Panchayats was good enough to arrange for visits to a member of panchayats in the districts of Jullundur, Ludhiana, Karnal, Rohtak, and Gurgaon.

The problems of panchayats were discussed with the Hon'ble Minister for Local Bodies at Chandigarh and Simla. At a meeting held at Simla, the Hon'ble Chief Minister, East Punjab gave a very enlightened talk on the woking of panchayats in his province, and their future programme. The Secretary to Government, Punjab (India), Health and Local Government Departments gave useful information on the working of panchayats and local bodies.

In East Punjab, literature about the working of panchayats in other states was not available. Such information was obtained from the office of the All-India Congress Committee at New Delhi.

MASUDUL HASAN
Officer on Special Duty (Panchayats)

CHAPTER I

Importance of Panchayats

Mahatma Gandhi and panchayats—In India, panchayats have been assigned a position of great importance in the social, constitutional and political structure of the country. On the eve of independence, Mahatma Gandhi expressed himself as follows in 1946 about the future of panchayats:—

> "India's independence will begin at the bottom. Every village will be a panchayat republic".

After winning independence, Mahatma Gandhi observed as follows:—

> "If our independence is to reflect the people's voice, the village panchayats should constitute an integral part of the constitution. The greater the power of the panchayats, the better for the people".

2. *Panchayats and the Indian Constitution*—In pursuance of the wish of the Father of the Indian Nation, the Constitution makers of India have made panchayats an integral part of the Indian Constitution. Article 40 of the Constitution of India, which refers to panchayats reads as follows:—

> "The State shall take steps to organise village panchayats and endow them with such powers and authority as may be necessary to enable them to function as units of self-government".

3. *Panchayat Legislation in Indian States*—As a consequence of this directive principle in the Constitution, almost all states in India have undertaken elaborate and comprehensive legislation on the subject of panchayats. The Acts passed are as follows:—

Punjab	..	The Punjab Gram Panchayat Act, 1952
Uttar Pradesh	..	The Uttar Pradesh Panchayats Raj Act, 1947.
Bihar	..	The Bihar Panchayat Raj Act, 1947.
Orissa	..	The Orissa Gram Panchayat Act, 1948.
Assam	..	The Assam Rural Panchayat Act, 1948.
Madhya Pradesh	..	The Madhya Pradesh Panchayat Act, 1950.
Madras	..	The Madras Village Panchayat Act, 1950.
Delhi	..	The Delhi Panchayat Raj Act, 1954.

4. *Local Bodies Ministers Confernce*—A Conference of the Local Bodies Ministers of India was held at Simla in June, 1954. This Conference set up a separate committee to formulate proposal for the reorganisation of panchayats. The recommendations of this Committee which are of a far reaching character will be referred to in the following chapters of this report.

5. *All-India Congress Committee and Panchayats*—Panchayats have attracted the special attention and notice of the All-India Congress Committee. In May 1954, the Working Committee of the All-India Congress Committee adopted the following resolution in respect of panchayats:—

> "The Working Committee have noted with appreciation the progressive introduction of the panchayat system in various parts of India. This is not only in keeping with the ancient traditions of India, but is suited to the present day conditions. A modern State tends inevitably to become more and more centralised. This tendency should be balanced by the growth of local self-governing institutions, so that the mass of the people should themselves participate in this business of administration and in other aspects of community life, social, economic and judicial. This can best be done by the development of panchayats in the villages of India".

The Congress appointed a special committee to report on panchayats. This Committee has presented its report to the President of the Indian National Congress. I have had the privilege of studying this report, and references to this report will be found in the following chapters.

6. *Recommendations*—If the panchayats are to be developed in the Punjab and Pakistan, it is necessary that their importance should be recognised in the body-politic, in the manner it has been done in India. In this connection, the following recommendations are made for consideration:—

(1) On the analogy of the Indian Constitution, we may make a provision in our Constitution enjoining upon all Units to take steps to develop panchayats.

(2) Like the Indian Congress, the Pakistan Muslim League should get itself interested in the panchayat movement, and should aid and assist in the campaign for the development of panchayats.

(3) Like the Indian States, we should also undertake comprehensive legislation on the subject of panchayats.

CHAPTER II

CONSTITUTION OF PANCHAYATS

7. *Constitution of Panchayats*—Two important questions which arise in connection with the constitution of panchayats are—

(*a*) Should the establishment of panchayats be compulsory or optional?

and

(*b*) what should be the unit of panchayats organisation?

8. *The position in India*—The position about the constitution of panchayats in the various Indian States is as follows—

(1) *Punjab* (*India*)—The establishement of panchayats is obligatory. Panchayats are generally single village panchayats, but where the villages are small, two or more villages are grouped in a single panchayat. 16,000 villages in the State are covered by about 9,000 panchayats.

(2) *Uttar Pradesh*—The establishment of panchayats is compulso y A Goan Sabha has to be compulsorily established for every village or group of villages with a population of 1,000 or more. About 40,000 Sabhas have been set up in the State.

(3) *Madras*—The Panchayat stystem is universal. A panchayat has to be compulsorily established for every village or group of villages with a population of 1,000 or more. 7,000 panchayats have been established in the State to cover 19,000 villages.

(4) *Madhya Pradesh*—The work regarding the establishment of panchayats has been taken up in three stages. In the first stage panchayats are to be established in every village with a population of 1,000 or more. In the second stage, panchayats have to be set up in every village with a population between 500 and 1,000. In the third stage, panchayats have to be set up for all villages with a population of 500 or less.

(5) *Bombay*—In the case of villages with a population of 2,000 or more, the establishment of a panchayat is compulsory. In the case of other villages, the establishment of panchayats is discretionary.

(6) *Bihar*—In the first instance, an unofficial panchayat is set up in a village or group of panchayats on voluntary basis. If such a panchayat works well, it applies for recognition. It is then made into an official panchayat, and usually covers a revenue patwar halqa.

(7) *West Bengal*—No Panchayat Act has been passed so far, and the panchayats are set up under executive orders only.

(8) *Orissa*—A number of villages are grouped to form a panchayat. Each panchayat area usually comprises a population of 4—5,000.

حضور والا - میں اس سے پہلے بھی Irrigation کے سلسلہ میں تحریک تخفیف پیش کرتے ہوئے یہ کہہ چکا ہوں کہ اس قسم کے اداروں کا چارج خالصتاً اور کلیتاً سائنسدانوں کے سپرد ہونا چاہئے - یہ بیس لاکھ روپے جو افسران خصوصی کیلئے بطور معاوضہ الاؤنس کئے گئے ہیں اس سے صاف ظاہر ہے کہ ہمارے پاس پورے Qualified اور بہترین ماہرین موجود نہیں ہیں - اس بات کا ذکر بجٹ کے صفحہ ۱۳۱ پر موجود ہے - میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جسطرح آج سے چند سال پیشتر کا چارج Charge Research Institution ایک سائنسدان کے سپرد ہوتا تھا - غالباً مسٹر ٹیلر آخری آدمی تھے جو ماہر فن اور ٹیکنیکل شخص تھے - اب بھی چارج کسی ماہر فن سائنسدان کے سپرد ہونا چاہئے - مسٹر ٹیلر کے بعد انجینیروں میں سے ہی مختلف آدمیوں کو وقتاً فوقتاً ترقی دے کر اس ادارے کا انچارج مقرر کیا جاتا رہا ہے - میرا یہ مطلب نہیں کہ یہ حضرات نعوذباللہ نا اہل قسم کے لوگ ہیں - یہ بھی اپنے خاص کام کے ماہر اور سند یافتہ حضرات ہیں - اسکا حل یہ ہو سکتا ہے کہ ہم اپنے زراعتی کالج اور انجینیرنگ کالج کے ان فارغ التحصیل طلباء کو غیر معمولی قابلیت رکھتے ہوں اور جنہیں ان معاملات میں خاص دلچسپی ہو مزید علمی تحقیقات کیلئے غیر ملکی یونیورسٹیوں اور درسگاہوں میں بھیجیں - تاکہ وہ مستقل طور پر یہاں کام کر سکیں اور اپنے ملک کو فائدہ پہنچا سکیں - غیر ممالک سے اس قسم کے ماہرین حاصل کرنے سے اقتصادی نکتہ نگاہ سے بھی ہم پر بہت زیادہ بوجھ پڑ جاتا ہے چونکہ ہمارے مسائل اتنے دقیق اور لاینحل قسم کے ہیں اور چونکہ ہمارے صوبے کی خوشحالی اور فارغ البالی کا تمام تر دار و مدار اس نظام آبپاشی پر ہے اس لئے ضروری ہے کہ ہم مستقل طور پر ایسے ماہرین کی خدمات حاصل کریں - اور اس کا بہترین طریقہ یہی ہے جیسا کہ میں پہلے عرض کر چکا ہوں کہ ہم اپنی یونیورسٹی کے فارغ التحصیل طلباء کو جو اس کام میں دلچسپی رکھتے ہوں مزید علم اور تحقیقات کے لئے غیر ملکی درسگاہوں اور یونیورسٹیوں میں بھیجیں - تاکہ تین چار یا پانچ سال کے عرصے کے اندر آپ کے پاس بہترین قسم کے کارکن ، سائینس دان اور Research Officers کی ایک ٹیم موجود ہو - ظاہر بات ہے کہ غیر

(*Uncorrected speech)

ملکی لوگ عارضی حیثیت سے یہاں آتے ہیں یا یو۔این۔او کی مختلف تنظیموں کے ماتحت ایک حکم کی تعمیل میں یہاں آتے ہیں اور مختصر عرصے کے لئے یا مخصوص مدت کیلئے یہاں رہتے ہیں اور آپ کے مسائل میں ایک سطحی دلچسپی لینے کے بعد بیس لاکھ روپے کی رقم وصول کر کے واپس چلے جاتے ہیں۔ اس کے برعکس آپ کے ملک کے لوگ ان مسائل میں قومی، ملی اور حب الوطنی کے جذبہ کے تحت ذاتی اور گہری دلچسپی لیں گے اس لئے میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اعتراض صرف بیس لاکھ کی اس بہت بڑی رقم کے مصرف پر ہی نہیں بلکہ اس بات پر بھی ہے کہ آپ دو یا تین سال سے ایسے ماہرین کی خدمات حاصل کر رہے ہیں۔ آپ کو چاہیئے تھا کہ اب تک اس معاملہ میں خود مکتفی ہو جاتے اور اپنے طلبا کی حوصلہ افزائی کرتے اور بہترین اور فوق الفطرتی ذہانت رکھنے والے طلبا کو منتخب کر کے باہر بھیجتے۔ اس سلسلہ میں میں یہ بھی عرض کر دینا چاہتا ہوں کہ Soil Reclamation کے مسئلہ اور آب زیریں کی تفتیش و تحقیق کے مسئلہ کا تعلق درحقیقت Irrigation اور زراعت دونوں سے قریباً قریباً مساوی ہے۔ اس لئے آپ ان طلبا کی تربیت کا اہتمام اس طریق سے کریں کہ اگر زراعت کی بہترین ڈگریاں ان کے پاس ہوں اور وہ بہترین قسم کی درسگاہوں سے فارغ التحصیل ہو کر آئیں تو اس کے ساتھ ہی اریگیشن کے سلسلے میں بھی وہ اعلیٰ سے اعلیٰ تجربہ گاہوں سے فارغ ہو کر آئیں۔ جب وہ ان دونوں علوم سے کماحقہ واقفیت حاصل کر لیں گے تب آپ کی ضروریات بطریق احسن پوری ہو سکیں گی۔ اور تب ہی آپ کے مسائل صحیح طریق پر حل ہو سکیں گے اور صوبہ اس لکھوکھا روپیہ کے بارگراں سے بچ جائے گا۔ جو آپ اس وقت صرف کر رہے ہیں۔

Mr. Speaker: The question is :

That the item of Rs. 20,00,200 on account of Special Officers be reduced by Rs. 10,00,000.

The motion was lost.

Mr. Speaker: Mr. Cheema are you moving your cut No. 4 or not?

Minister of Revenue: The Honourable Member is tired.

Mr. Speaker: Do you want to move it?

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: Yes, Sir.

Minister: Are you discussing the efficiency or inefficiency?

Mr. Speaker: He wants to discuss the efficiency.

Superintending Engineers

***Chaudhri Muhammad Afzal Cheema:** (LYALLPUR IX, MUSLIM): Sir, I beg to move:—

That the item of Rs. 7,80,000 on account of Total A:-. Superintending Engineers (i) Other than Project Circle be reduced by Rs. 80,000

حضور والا ! یہ تحریک تخفیف پیش کرنے سے میرا مدعا یہ نہیں کہ ہمارے ہاں efficient یا قابل افسر نہیں ہیں یا ان کی تشویشناک حد تک کمی ہے۔ میں عزت مآب وزیر انہار کی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں اور امید ہے کہ وہ مجھ سے اس سلسلے میں اتفاق فرمائینگے کہ قیام پاکستان کے وقت محکمہ انہار سے دوسرے محکمہ جات اور نظم و نسق کے دیگر تمام شعبہ جات کی طرح بہت سے حکام اور افسران چلے گئے اور ان کے یکلخت چلے جانے کی وجہ سے Services میں ایک بہت بڑا خلا واقع ہوگیا۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ بہت سے لوگوں کو جو تجربے اور قابلیت کے اعتبار سے اعلیٰ مناصب پر فائز ہونے کے اہل اور مستحق نہ تھے۔ بلا استحقاق مناسب تجربے اور تعلیم کے بغیر حکومت کو ان خالی آسامیوں پر یہ امر مجبوری مقرر کرنا پڑا۔ ظاہر بات ہے کہ جب کوئی افسر اپنے عہدے کے لئے مناسب تجربہ نہ رکھتا ہو تو وہ اس منصب کے گراں بار فرائض کو کما حقہ انجام دینے سے قاصر رہے گا۔ چنانچہ ہم نے دیکھا کہ تقسیم سے پہلے جہاں Divisional officer بننے کے لئے اور ڈویژن کا Charge لینے کے لئے ضروری ہوتا تھا کہ افسر مذکور نے کم از کم دس سال کی Service بطور ایس۔ڈی۔او انجام دی ہو۔ وہاں تقسیم کے موقع پر ہمارے ہاں یہ حالت ہوئی اور ایسی مثالیں موجود ہیں کہ Services کے آغاز سے پانچ سال کے اندر اندر لوگوں کو ڈویژن کا انچارج بنا دیا گیا۔ میں یہ نہیں کہتا کہ حکومت نے عمداً اور قصداً ایسا کیا ہے یا بد دیانتی سے کام لیا ہے۔ یہ ایک مجبوری تھی اور حالات کی وجہ سے ناگزیر طور پر اسے ایسا کرنا پڑا۔ لیکن بہر صورت اس کا اثر ان افسران کی کارکردگی پر اور فرائض منصبی کی انجام دہی پر ضرور پڑا۔ اور عمدگی کار و صلاحیت کار میں بہت حد تک تخفیف واقع ہوگئی۔

حضور والا ! ایک سپرنٹنڈنگ انجینیئر کے ذمہ سب سے بڑا فرض یہ ہوتا ہے کہ وہ اپنے Charge میں مختلف ڈویژنوں سے مختلف امور کی پوری پوری نگرانی کرے۔ اس کے علاوہ کوئی آدمی چک بندی میں تبدیلی کرانا چاہے تو اس کے لئے بھی سپرنٹنڈنگ انجینیئر ہی وہ مجاز اور مختار افسر ہوتا ہے جسکی طرف اسے رجوع کرنا پڑتا ہے۔

*Uncorrected speech) Inlaid S. T.

عزت مآب وزیر تعمیرات عامہ :- پہلے ایگزیکٹیو انجینئر کی طرف کرنا پڑتا ہے۔

چودھری محمد افضل چیمہ :- بہر حال میں اس سلسلہ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اگر آپ Northern India Canal and Drainage Act کی مختلف دفعات کا جائزہ لیں تو آپ دیکھیں گے کہ اس میں بھی بڑی حد تک ترمیم و تنسیخ کی ضرورت ہے۔ یہ ایک بہت پرانا قانون ہے اور جب یہ بنا تھا اس وقت صورت حال یہ تھی کہ ہماری اراضیات پر آبادی کا زیادہ دباؤ نہ تھا اور جو Channels تھیں وہ بلکل نئی نئی تھیں اور پانی کافی مقدار میں ملتا تھا اور بہت سے رقبہ جات ایسے تھے کہ جہاں لوگ ایک ایک ''موگے'' سے دو دو مربعے سیراب کر لیتے تھے۔ اس کے بعد جوں جوں دیہاتی زمینوں پر آبادی کا دباؤ زیادہ ہوتا گیا اسی نسبت سے پانی کی کمی بڑھتی گئی اور یہ صورت حال اس وقت اور زیادہ نازک ہو گئی جب ہندوستان نے دریاؤں کا رخ موڑ کر ہمیں پانی کے حق سے محروم کردیا۔

حضور والا۔ چنانچہ میں نے دیکھا ہے اور اگر آپ کو بھی اتفاق ہو تو آپ بھی دیکھینگے کہ ان موگہ جات کی جو زمینوں کی آبپاشی کیلئے ہیں اور Perennial Channels سے یک فصلہ یا دو فصلہ پانی لیتے ہیں اگر Checking کی جائے تو بے انداز مواقع ایسے ہونگے جہاں رقبے سے کہیں زیادہ پانی دیا جاتا ہے۔ اگر آپ اس سلسلے میں اپنے سپرنٹنڈنگ انجنیئر صاحبان کو اس قسم کا حکم بھیجیں کہ وہ اپنے اپنے حلقہ جا میں پوری صحت اور احتیاط سے ناپ تول کر اپنے ہر ایک موگے کی Checking کریں تو اس سے بہت مفید نتائج برآمد ہونگے۔

جناب والا۔ اس موقعہ پر میں یہ بھی بتادوں کہ شروع شروع میں یعنی آج سے کوئی چالیس سال پیشتر لوگوں نے مل ملا کر افسران نہر سے بڑی کثرت اور بہتات سے پانی حاصل کر لیا۔ چنانچہ بعض مقامات پر ڈیڑھ گنا اور بعض جگہ اصل ضرورت سے دو گنا پانی دے دیا گیا بلکہ یہانتک کیا گیا کہ ڈیڑھ ڈیڑھ یا دو دو گنا مقدار کے لئے ان کو ایک ایک Outlet مل گئی۔ اس کے بعد اس قسم کے نئے موگہ جات بھی منظور کئے گئے جن کی Distributaries کو ایک کیوسک سے کم پانی نہ دئے جانے کے متعلق حکم دیا گیا۔ میں یہ چاہتا ہوں کہ آپ پانی کی بیشتر مقدار کی بچت کیلئے اسی قسم کا اقدام

کریں جس قسم کا آپ نے زمینوں کی الاٹمینٹوں کے سلسلے میں کیا ہے۔ وہاں آپ نے ایسے لوگوں کو بیدخل بھی کیا ہے جو خواہ مخواہ سرکاری زمینوں پر قبضہ جمائے بیٹھے تھے۔ اسی طرح آپ سپرنٹنڈنگ انجنیئر صاحبان کو بھی حکم دیں۔ اس اقدام سے آپ دیکھیں گے کہ بہت سے پانی کی گنجائش نکل آئے گی اور جن غریب چھوٹے مالکان اراضی کو اپنے جائز حقوق سے آج تک محروم کیا جاتا رہا ہے ان کو اپنے حقوق بھی مل سکیں گے اور جن لوگوں کو ناجائز طور پر زائد پانی مل رہا ہے ان کے متعلق بھی بے ضابطگی کا علاج ہو جائے گا۔

Minister of Public Works: What difference will it make?

چودھری محمد افضل چیمہ۔ آپ کی جو checking ہوگی اس کے اعداد و شمار میں اور آپ کے موجود اعداد و شمار میں بڑا فرق ہوگا۔

حضور والا۔ ایک چیز جس کے متعلق میں خاص طور پر عرض کرنا چاہتا ہوں وہ intensity کے متعلق ہے۔ جیسا کہ وزیر تعمیرات کو معلوم ہے محکمہ آبپاشی نے ہر رقبے کیلئے ایک خاص intensity مقرر کر رکھی ہے۔ لائلپور میں ہر موگے پر intensity ۵۰ فیصدی ہے۔ اور نہر اپر چناب پر یہی intensity ۳۵۶ فیصدی ہے۔ میرے اپنے گاؤں میں یہ intensity ۲۰ فیصدی ہے اور ہمیں ۱۴۴ ایکڑ زمین کیلئے اس intensity کے اعتبار سے پانی بہم پہنچایا جاتا ہے۔ مگر اس رقبے کے ساتھ اسی قسم کی زمین کے لئے آپ کے محکمہ نے ۳۵۶ فیصدی intensity مقرر کر رکھی ہے۔ پچھلے سال بھی میں نے ایک درخواست دی تھی کہ اس قسم کے تفاوت کی وجہ دراصل وہ مراعات ہیں جو بعض زمینداروں نے تیس چالیس برس پیشتر افسران سے مل ملا کر ناجائز طور پر حاصل کرلی تھیں اور غریب اور چھوٹے چھوٹے مالکان اراضی کو اس قسم کے موگہ جات سے بالکل محروم کردیا تھا۔ میں وثوق سے کہتا ہوں کہ اگر اس تفاوت کی طرف آپ غور فرمائیں تو آپ کو اس قسم کی اور بھی بیشمار مثالیں نظر آئینگی۔

وزیر تعمیرات۔ کیا بیس سال سے ان لوگوں نے اپنے حقوق حاصل کرنے کی ضرورت ہی محسوس نہیں کی۔

چودھری محمد افضل چیمہ۔ جی نہیں۔ گذشتہ سات سال کی متواتر کوشش کے باوجود بھی ان لوگوں کی افسران متعلقہ تک رسائی نہ ہونے کی وجہ سے انکی حق تلفی ہو رہی ہے۔ اور اس سلسلے میں

کوئی کارروائی نہیں ہو رہی۔ کوٹ جعفر ڈسٹریبیوٹری نہر اپر چناب پر دو گاؤں ہیں۔ ایک کا نام راٹمور کلاں ہے اور دوسرے کا منصور والی۔ اس کے متعلق آپ دیکھینگے کہ۔ ہو سکتا ہے کہ آپکو غلط فہمی میں مبتلا کرنے کی کوشش کی جائے۔ اور میں یہ بھی احتیاطاً عرض کردینا چاہتا ہوں کہ وہاں بھی intensity مقرر شدہ ہے۔ ان سے ایک کی intensity ۳۵ فیصدی ہے اور دوسرے کی ۲۰ فیصدی۔

حضور والا۔ اسی سلسلے میں عزت مآب وزیر تعمیرات نے مجھے ایک بہت ہی ضروری بات یاد دلا دی ہے۔ وہ یہ کہ اگر آپ ملاحظہ فرمائیں تو آپ دیکھینگے کہ Silt Movement کی وجہ سے ہمارا ۳۳، ایکڑ رقبہ دو، چار یا پانچ سال کے بعد کم ہوتے ہوتے رہ گیا ہے اور آئندہ اس کے اور کم ہوجانے کے امکانات ہیں۔ یہ امر بھی خاص طور پر آپ کی توجہ کا محتاج ہے۔

حضور والا۔ اسی سلسلے میں ایک اور چیز جو میں عرض کرنا چاہتا ہوں یہ ہے کہ آپ کے پاس سب سے بڑی ٹائپ Open یا A. P. M. Fluma ہیں۔ اگر آپ کے تحقیقاتی ادارے جو بڑا مفید کام کر رہے ہیں اس طرف ذرا زیادہ دھیان دیں تو وہ بہتر قسم کے ٹائپ ایجاد کر سکتے ہیں۔ آپ دیکھتے ہیں کہ چالیس سال سے جو ٹائپ چلا آتا ہے وہ اگرچہ نصف ہے مگر اس میں آج تک کوئی فرق نہیں پڑا۔ ان موگہ جات کے Beds تو Non-Modular ہیں۔ اس لئے وہ اپنے حق کا پانی نہیں کھینچ سکتے۔ اس کے متعلق بھی آپ غور فرمائیں اور اپنی channels کیلئے منظوری دے کر اپنے افسران کو احکام جاری فرمائیں۔

حضور والا۔ ایک چیز جو میں نے شروع کی تھی اور جس کو چھوڑ کر میں دیگر امور کے متعلق اپنے خیالات کا اظہار کرنے لگا یہ ہے کہ Northern India Drainage Act کے ماتحت تاکہ یعنی Source of Irrigation کے متعلق بسا اوقات مقدمات ہائی کورٹ تک جاتے رہے ہیں۔ میں یہ عرض کرونگا کہ اگر آپ پوری دیانتداری سے ٹھیک قانونی منشا کے مطابق فیصلے کرنا چاہیں اور کریں تو بہت سے لوگ مصیبت اور تکلیف میں مبتلا ہونے سے بچ جائینگے۔ اس وقت آپ کے ہاں Water Course کی تعریف کیا ہے؟ پھر Sanctioned اور Non Sanctioned Water Course کی کیا تعریفیں ہیں۔

وزیر تعمیرات عامہ- وہ ہم تبدیل کر رہے ہیں -

چودھری محمد افضل چیمہ- میں نے نہر اپر چناب کے متعلق دیکھا ہے کہ اگر ایک پارٹی نے جاکر اپنے اثر سے سپرنٹنڈنگ انجنیر صاحب سے واقعات عرض کئے تو انہوں نے ایک تار دے دیا -

Minister of Public Works: This is their ordinary duty. Outlets are checked every year.

مجھے معلوم ہے کہ انہوں نے ایک تار جاری کیا تھا -

چودھری محمد افضل چیمہ— حضور والا — جب وہ تار متعلقہ دفتر میں پہنچا تو اس دفتر میں دونو پارٹیوں کے لوگ بھاگے بھاگے آئے - مگر واقعات کچھ ایسے ہیں کہ ان کی تفصیل میں جانے کی ضرورت نہیں - اس افسر مجاز یعنی سپرنٹنڈنگ انجنیر نے لکھا - It is not a santioned water course پھر کچھ لوگون نے کوشش کی کہ دونو احکام کی نقلین ہمیں دے دی جائیں تاکہ وہ عدالت دیوانی کی طرف رجوع کر سکیں - در اصل Non-sanctioned, Santioned اور Link Water Course میں بڑا ابہام ہے اور یہ معلوم نہیں کہ یہ کونسا Water Course ہے - ایک ہی موگہ سے جب آپ ایک رقبہ کو سیراب کرنے کے لئے ذرا ہٹ کر فاصلہ پر اس کا Sourse of irrigation بدلنا چاہتے ہیں یا کھال کی توسیع کر کے کسی رقبہ کو سیراب کرنا چاہتے ہیں تو اس کو آپ Link Water Course کہتے ہیں - تعجب ہے کہ اب تک آپ کے افسران انہار کو اتنا پتہ نہیں کہ Link Water Course کے لئے دفعہ ٦٨ کے ماتحت کارروائی کی جاتی ہے یا ٢١ اور ٢٢ کے ماتحت - اور اگر کوئی شخص مزاحم ہو یا کھال تیار نہ ہو تو افسران کو معلوم نہیں کہ دفعہ ٢١ اور ٢٢ پہلے ہوگی اور دفعہ ٦٨ بعد میں - یا دفعہ ٦٨ کے مطابق کارروائی کرنے کے بعد دفعہ ٢١ اور ٢٢ کے مطابق عمل ہوگا - میری گذارش ہے کہ Non-sanctioned Sanctioned اور Link Water Course کے متعلق نوٹ فرما لیں - کیونکہ Northern India Canal and Drainage Act میں مناسب ترمیم کرنا اشد ضروری ہے - بظاہر یہ ایک چھوٹی سی بات ہے لیکن زمینداروں کو اس کی وجہ سے زیادہ تکلیف ہو رہی ہے -

Mr. Speaker: The question is:

That the item of Rs. 7,80,000 on account of Total A-3—Superintending Engineers (i) Other than Project Circle be reduced by Rs. 80,000.

The motion was lost.

CHARGES ON IRRIGATION ESTABLISHMENT

*Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: Sir, I beg to move—

That the total demand be reduced by Rs. 42,88,600.

حضور والا — مقصد بہر حال یہ نہیں کہ عزت مآب وزیر تعمیرات کے منصوبہ میں کسی قسم کی رکاوٹ ڈالی جائے بلکہ اصل مقصد یہ ہے کہ ان کے نوٹس میں بعض ایسی چیزیں لائی جائیں جن کی طرف توجہ کرکے وہ مسائل آبپاشی کو بطریق احسن حل کرنے کے قابل ہو جائیں یہاں پر میں یہ عرض کر دینا چاہتا ہوں کہ ایکبار میں Govt. of India Act کی Commentary کا مطالعہ کر رہا تھا اس میں انگلستان کے بعض Legislators کی آرا کا اظہار کیا ہؤا تھا۔ مجھے ان کا نام یاد نہیں کسی نے فرمایا تھا کہ زمیندار لوگ جن کی اس ملک میں غیر معمولی اکثریت ہے اگر ان کو اپنی زمینوں کی آبپاشی کے لئے مناسب پانی ملتا جائے اور از روئے اتفاق مون سون بھی آجائے اور بارش ہو جائے تو وہ قانع قسم کے لوگ ہیں اور تقدیر پر بھروسہ رکھتے ہیں اس لئے ان سے کسی قسم کا خطرہ محسوس نہیں کرنا چاہئے۔ میں سمجھتا ہوں کہ عزت مآب وزیر انہار نے کچھہ اس قسم کے خیال کا اظہار فرمایا تھا اور تعجب سے کہا تھا کہ لوگ تیس چالیس ایکڑ سے محروم ہیں۔ میں یہ عرض کر دینا چاہتا ہوں کہ آپ کو بڑا تعجب ہوگا جب آپ ایک thorough قسم کی checking کریں گے تو آپ دیکھیں گے کہ قریب قریب ۸۰ فیصدی آپ کے موگہ جات non-modelled ہیں۔

حضور والا — اگر silt clearance نہ ہو اور جب آپ کوئی موگہ نصب کرتے ہیں تو آپ دیکھیں گے کہ چار پانچ سال کے عرصہ میں لامحالہ اس کے flow اور modelling میں فرق پڑ جاتا ہے اور وہ authorised اور مناسب پانی جذب کرنے سے قاصر رہتا ہے اس کے بعد اگر آپ channels کا معائنہ فرمائیں تو آپ کو معلوم ہوگا کہ ان میں سے ۸۰ فیصدی ہمیشہ short of water ہوتی ہیں۔ ایک دس میل لمبی ڈسٹریبوٹری میں ایک کیوسک زائد پانی دینے سے آپ اس کی shortage کو پورا کر سکتے ہیں لیکن ہیڈ سے کم از کم ۵ کیوسک زائد پانی دینا پڑے گا ورنہ ٹیل تک پانی پہنچانا مشکل ہوگا۔ یہ بات آپ ضرور تسلیم کریں گے کہ نظام آبپاشی کسی طرح بھی تسلی بخش نہیں اور پانی کی تقسیم صحیح اندازہ سے نہیں ہو رہی ہے

حضور والا — آپ دیکھیں گے کہ بہت سے لوگ یاس زدہ ہیں اور وہ مایوس ہوکر اپنی حالت زار پر صبر و شکر کرتے ہیں۔ اور

*(Uncorrected speech.)

یہ سمجھتے ہیں کہ یہ مرض لاعلاج ہے اور اس کا کوئی علاج نہیں۔ وہ تارین اور درخواستیں بھی دیتے ہیں۔ لیکن کچھ لوگ اس قسم کے ہیں۔ جنہوں نے مستقل طور پر tail پر ایک آدمی مقرر کر رکھا ہے جس کا فرض یہ ہے کہ جب بھی ضرورت ہو اس امر کا فوراً تار بھیج دے کہ پانی short ہوگیا ہے تاکہ افسران ان کی جائز شکایات سے غافل نہ ہوں اور لاپروائی نہ کریں۔ اس کے باوجود بھی آپ دیکھیں گے کہ tail اکثر short رہتی ہے۔ پھر اس میں اس دقت کا سامنا ہوتا ہے کہ پانی پہنچانے کے لئے مناسب وقت پر silt clearance نہیں ہوتی۔ جب آپ silt clearance کرتے ہیں تو جو موگہ ہیڈ کے پاس ہوگا وہ suffer کرے گا۔ اس میں اچھی خاصی دقت ہوتی ہے اس لئے ضروری ہے کہ آپ کوئی نئی قسم کا موگہ ایجاد کریں۔ A M P اور دیگر کئی قسم کے ایسے موگے ہیں جن سے پانی کی تکلیف کے امکانات کم ہوجاتے ہیں۔

حضور والا — دوسری چیز جو میں عزت مآب کی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ شروع شروع میں جب چک بندیاں کی گئیں تو اس وقت بھی رقبہ جات کو uncommanded سمجھ کر حدود آبپاشی سے الگ کردیا گیا تھا۔ اب گذشتہ پچاس سال کے عرصہ میں بارشوں کی وجہ سے یا موسم کے اثرات سے اور لوگوں کی اپنی کوششوں سے بہت سے رقبہ جات جو پہلے uncommanded تھے اب وہ commanded ہوچکے ہیں اور اس قابل ہیں کہ ان میں کاشتکاری کی جائے۔ تو اس لئے یہ ضروری ہے کہ ان کے لئے آب رسانی کا بندوبست کیا جائے۔ پانی کے سلسلے میں یہ عرض کرونگا کہ بعض ایسے رقبہجات ہیں جو یک فصلہ ہیں اور انہیں ایک فصل کے لئے پانی ملتا ہے۔ مثال کے طور پر میں لوئر چناب کا ذکر کرونگا۔ لوئر چناب میں تین Distributaries ہیں۔ (۱) منچر (۲) فتح پور اور (۳) منی پور۔ یہ تین Distributaries ہیں جو لوئر چناب سے کچھ فاصلہ پر واقع ہیں اور ان تمام سے یک فصلہ پانی دیا جاتا ہے۔ اب اگر آپ اپنے موگوں کی capacity اس قسم کی کردیں جس سے جہاں اب ایک موگہ ایک کیوسک پانی کا ڈسچارج کرتا ہے وہاں وہ ڈیڑھ کیوسک پانی دے تو اس طرح ہماری پیداوار میں بہت اضافہ ہوسکتا ہے کیونکہ طغیانی کے دنوں میں پانی کی کافی بہتات ہوتی ہے۔

حضور والا — دریاؤں میں پانی کی کمی نہیں ہے آپ یہ کہہ سکتے ہیں کہ ہم channels کو پوری capacity تک چلا رہے ہیں لیکن

مجھے حضور کے اس ارشاد سے اتفاق نہیں ہے۔ ہمیں banks کو زیادہ مضبوط کرنا پڑیگا اور ایسے راجباہے جو یک فصلہ پانی دیتے ہیں ان کی پٹریوں کی مرمت کے لئے غیر معمولی احتیاط سے کام لینا اور ان کو زیادہ مضبوط کرنا پڑیگا۔ اس کے ساتھ ہی آپ تمام موگہ جات ایک خاص level پر نصب کرائیں تاکہ آپ additional shoot بھی دے سکیں آپ کے لئے یہ بھی ضروری نہیں ہے کہ آپ ان موگہ جات کو نیچے اوپر کرتے رہیں۔ کیونکہ کم از کم تین مہینے تو آپ کے پاس پانی کی کوئی کمی نہیں ہوسکتی۔

صاحب سپیکر — نماز عصر کا وقت ہو چکا ہے آپ دو منٹ اور بول سکتے ہیں۔

چودھری محمد افضل چیمہ — تو جناب والا میں نے تین راجباہوں کا خاص طور پر ذکر کیا ہے۔ گرمیوں کے دنوں میں ہم additional shoots لگا کر زیادہ پانی دے سکتے ہیں اور اس طرح سے جو رقبہ جات اب command ہو چکے ہیں ان کو بڑی آسانی سے زیر کاشت لایا جا سکتا ہے۔ اس لئے حضور والا میں یہ گزارش کرونگا کہ چک بندیوں میں ہمیں فوراً ترمیم کرنی چاہئیے۔ اور اگر آپ پھر بھی محسوس کریں کہ آپ کے پاس پانی کی کمی ہے تو آپ متبادل آبپاشی کے ذریعے سے اس مسئلہ کو حل کرسکتے ہیں۔ مثلاً میری اگر ایک مربعہ زمین ہے تو میں ایک سال نصف مربعہ کاشت کرلوں اور دوسرے سال باقی نصف کاشت کرلوں۔ اور ایک سال جو زمین خالی پڑی رہیگی وہ قدرتی طور پر خود بخود زرخیزی حاصل کرلیگی۔ آپ جانتے ہیں کہ اس قسم کے کیمیاوی اجزا خود بخود افتادہ زمین میں پیدا ہو جاتے ہیں۔ تو اس طریقے سے آپ commanded رقبہ جات کو زیر کاشت لا کر پیداوار میں کافی حد تک اضافہ کرسکتے ہیں۔

اب حضور والا — میں ایک اور ضروری چیز کے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں۔ عزت مآب وزیر مال جانتے ہیں کہ باڑہ بندی کو مکمل کرنے کے لئے Irrigation Manual میں ۶ ماہ کا عرصہ مقرر کیا گیا ہے۔

حضور والا — میں یہ عرض کرونگا کہ لوگوں کے لئے یہ چیز ایک بڑی تکلیف اور مصیبت کا باعث بنی ہوئی ہے۔ اس وقت ایک غیر قوم کی حکومت تھی اور انہوں نے لوگوں کی تکالیف کو محسوس نہ کیا۔ حضور کو علم ہے کہ آبادی کے دباؤ کی وجہ سے آئے دن جھگڑے ہوتے رہتے ہیں اور لوگوں کو بڑی مصیبت کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ آپ کو چاہئیے

کہ آپ ۶ ماہ کی بجائے تین ماہ کی معیاد مقرر کردیں ۔ ۱۴ روز نوٹس کے لئے اور اڑھائی ماہ کا عرصہ باقی کام کے لئے کافی ہوگا ۔

اب حضور والا — میں خرابے کے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ آپ نے خرابے کے متعلق کچھ غیر معقول اور غلط قسم کا تفاوت قائم کر رکھا ہے ۔ اگر آپ ۵ آنے فی روپیہ یا ۸ آنے فی روپیہ کے حساب سے خرابے کی رعایت دیتے ہیں تو آپ کو چاہئیے کہ اس کے لئے کوئی معیار مقرر کردیں ۔ جہاں نصف خراب ہو وہاں نصف رعایت دیں اور جہاں پورا ہو وہاں پوری دیں ۔ اس کے لئے آپ کو کوئی نسبت اور معیار مقرر کرنا چاہئیے ۔

The Assembly then adjourned for the Asar prayers.

The Assembly met again after Asar Prayers. Mr. Speaker in the Chair—

وزیر تعمیرات عامہ — (عزت مآب سردار محمدخان لغاری) ۔

جناب والا — میں اس مقتدر ایوان کے معزز ممبران کا بے حد مشکور ہوں کہ انہوں نے محکمہ آبپاشی پر تنقید کرتے ہوئے ایسے خیالات کا اظہار فرمایا اور اس کے ساتھ ہی ایسی تجاویز پیش کیں جن سے اس محکمے کی اصلاح کسی حد تک ممکن ہوسکتی ہے ۔

جناب والا — جیسا کہ میرے بہت سے معزز بھائیوں نے بیان فرمایا ہے ہمارے صوبہ پر سب سے بڑی مصیبت سیم اور تھور کی ہے جسے اراضی کا تپ دق بھی کہا جاتا ہے — اس کی طرف ہر سال اس ایوان میں جب بھی محکمہ آبپاشی زیر بحث آتا ہے حکومت کی توجہ منعطف کرائی جاتی ہے ۔ اعداد و شمار سے پتہ چلتا ہے کہ اس صوبہ کی ۲۳۶۵ لاکھ ایکڑ زمین تھور سے متاثر ہے ۔ اس میں سے ۴۲ ہزار ایکڑ رقبہ ایسا ہے جہاں سیم ہے مگر تھور ابھی تک نمودار نہیں ہوئی ۔ یہ ۲۳۶۵ لاکھ ایکڑ جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے جزوی طور پر تھور سے متاثر ہے اور غالباً ۶۳۱ لاکھ ایکڑ رقبہ ایسا ہے جو تھور کی وجہ سے قابل کاشت نہیں رہا ۔ تھور کی وجہ سے ہمارے صوبہ کے سولہ اضلاع میں سے تیرہ اضلاع کو نقصان پہنچ رہا ہے شیخوپورہ اور گوجرانوالہ کے اضلاع میں سب سے زیادہ تھور کے اثرات پائے جاتے ہیں ۔ ان برے اثرات سے زمین کو بچانے کیلئے آج تک جتنے طریقے بھی دریافت ہو چکے ہیں ان میں سے ایک Drainage کی تعمیر کا طریقہ ہے جس سے اراضی کی سطح کے نزدیک جو پانی بھی ہوتا ہے اسے نالیوں کے ذریعے دریاؤں یا نشیبی علاقوں کی طرف ڈال دیا جاتا ہے ۔

دوسرا طریقہ جیسا کہ غیر ممالک میں رائج ہے یہ ہے کہ اس غرض کیلئے پختہ نالیاں دو دو یا تین تین سو فٹ کے فاصلہ پر بنائی جاتی ہیں جن کے ذریعے یہ پانی خود بخود بہتا رہتا ہے۔ یہ پختہ نالیاں در اصل کچی نالیوں کی طرح اور اس اصول پر بنائی جاتی ہیں۔مگر ان کا خرچ بہت زیادہ ہوتا ہے۔ ان کا خرچ پانچ سو روپے فی ایکڑ ہوتا ہے۔ یہ نالیاں یہاں بھی بنائی جا سکتی ہیں مگر ان پر جو خرچ ہوتا ہے وہ ناقابل برداشت ہے۔ ہمارے ہاں بیشتر علاقوں میں پانچ سو روپے فی ایکڑ زمین کی قیمت ہے۔ اتنا روپیہ تھور اور سیم پر خرچ کرنے کی بجائے لوگ نئی زمین خرید سکتے ہیں۔ (ایک آواز۔ تو کیا اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ اس صوبہ سے باہر زمین خریدنے کی ترغیب دیتے ہیں۔) نہیں۔ میں یہ عرض کر رہا ہوں کہ زمین کو سیم اور تھور سے بچانے کیلئے پانچ سو روپے فی ایکڑ خرچ آتا ہے۔ یہ اتنا زیادہ ہے کہ نہ تو کوئی زمیندار اتنا خرچ کرسکتا ہے اور نہ ہی حکومت ہی یہ خرچ برداشت کر سکتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ چھ لاکھ ایکڑ سے زائد رقبہ غیر آباد پڑا ہے۔ پختہ نالیاں بنانے کا طریقہ اتنا مہنگا ہے کہ ہمارا صوبہ اسے برداشت کرنے کے قابل نہیں۔ (ایک آواز۔ سالانہ کتنا رقبہ خراب ہو رہا ہے) سالانہ تیس سے چالیس ہزار ایکڑ رقبہ خراب ہو رہا ہے۔

جناب والا۔ تیسرا طریقہ یہ ہے کہ پانی ٹیوب ویلوں کے ذریعے نکالا جائے تاکہ پانی کی سطح نیچی کی جا سکے۔ اس سے زمین کے Salts وغیرہ بھی کسی حد تک نیچے بیٹھ جاتے ہیں اور زمین قابل کاشت ہو جاتی ہے۔

چودھری غلام رسول تارڑ— جناب والا۔ میں ایک Point of Order پیش کرنا چاہتا ہوں۔ کیا عزت مآب وزیر تعمیرات بیان فرمائینگے کہ کچی نالیوں پر کیا خرچ آتا ہے؟

صاحب سپیکر — یہ کوئی Point of Order نہیں۔

وزیر تعمیرات عامہ— جہانتک ٹیوب ویل لگانے کا تعلق ہے اس حکومت نے کل ۱۸۶۰ ٹیوب ویل لگانے کی ایک سکیم بنائی تھی جن میں سے ۱۲۷ نہروں کے نزدیک لگائے گئے ہیں۔ شیخ محبوب الٰہی صاحب نے اپنی تقریر میں فرمایا تھا کہ یہ ٹیوب ویل نہروں سے چھ چھ سو فٹ کے فاصلے پر لگائے گئے ہیں—

بہت سے ٹیوب ویل شروع شروع میں نہر سے ۶۰ فٹ اور بعض ۶۰۰ فٹ کے فاصلہ پر لگائے گئے۔ اب ان کے متعلق یہ کہنا کہ وہ ٹیوب ویل

جو نہر کے نزدیک لگائے گئے ہیں۔ نہر کا بیشتر پانی کھینچ لیتے ہیں۔ صحیح نہیں ایف۔ اے۔ او کی Ground Water Organization کا خیال ہے کہ اگر سخت مٹی کی تہ ۵ فٹ ہو تو اس سے نیچے پانی نہیں جاتا۔ ورنہ تہ کو کاٹ کر پانی نیچے چلا جاتا ہے اس صورت میں ٹیوب ویل زیادہ سے زیادہ ۵۰ فیصدی پانی کھینچ لیتے ہیں۔

شیخ محبوب الہی— imperious strata کتنا ہے جو ٹیوب ویل میں نہیں آیا۔

وزیر تعمیرات عامہ— ۱۲۷ ٹیوب ویل نہر کے قریب لگے ہیں

۶۱۵ ٹیوب ویل ۶۰۰ فٹ کے فاصلہ پر

۲۲۳ ٹیوب ویل ایسے ہیں جو نہر کے نزدیک نہیں بلکہ بہت دور ہیں۔ اور

۳۰۹ ٹیوب ویل پچھلی اسکیم کے ماتحت ابھی ہم نے لگائے ہیں۔

ان کے لگانے میں دیر کا سبب یہ ہے کہ بے شمار ٹیوب ویل لگائے جا رہے تھے۔ بجلی کی طاقت نہیں تھی اور نہ کوئی ایسا انتظام تھا کہ ٹیوب ویلوں کے ذریعے پانی باہر نکالا جا سکتا۔ تقریباً ڈیڑھ سال ہوا ہے کہ حکومت نے ٹیوب ویل نہیں لگائے اور نہ ہی اس وقت تک لگائے گی جبتک بجلی کی طاقت میسر نہ آجائے یا کوئی اور انتظام نہ ہو جائے۔ اس وقت ۱۳۷۳ ٹیوب ویل بجلی کی طاقت سے چل رہے ہیں اور ۲۷۶۰ کیوسک پانی نکال رہے ہیں۔ یہ پانی تھور کے اثرات کو دور کرنے کے لئے استعمال کیا جا رہا ہے۔

جیسا کہ جناب وزیر اعلیٰ صاحب نے فرمایا ہے۔ Ground Water Organization کی تین کروڑ روپیہ کی ایک اسکیم ہے جس کے ماتحت پہلے مکمل طور پر اس بات کا جائزہ لیا جائے گا کہ کہاں کہاں اور کتنے کتنے فاصلہ پر ٹیوب ویل لگائے جائیں۔ ان کے متعلق جب تک بجلی مہیا نہ ہو جائے ٹیوب ویل لگانا درست نہیں۔ انجینیئروں کا عام طور پر یہ خیال ہے کہ ٹیوب ویل کے ذریعے اتنا پانی نکالنا چاہئے جتنا کہ زمین کے اندر دریاؤں کے بہاؤ یا بارش وغیرہ کی وجہ سے رس کر جمع ہو اس سے زیادہ پانی نکالنا خطرناک ہے ان کے خیال میں زیادہ سے زیادہ ۷ ہزار کیوسک پانی ٹیوب ویل کے ذریعے نکالنا چاہئے۔

Reclamation Scheme کے ماتحت چوہڑکانہ میں ۲۴ ٹیوب ویل لگائے گئے۔ پنڈی بھٹیاں کے متعلق تجاویز منظور ہو چکی ہیں وہاں ۸,۰۰۰ ایکڑ زمین سیراب ہوگی۔

اس کے علاوہ۔

رینالہ خورد	Reclamation سکیم کے	ماتحت	۱۰۶,۰۰۰	ایکڑ
شارٹ واٹر	,,	,,	۲۴۰,۰۰۰	,,
منگو وال	,,	,,	۲۹,۰۰۰	,,
مظفر گڑھ	,,	,,	۲۹,۰۰۰	,,
خانقاہ ڈوگراں	,,	,,	۱۳۰,۰۰۰	,,
مونہ	,,	,,	۱۰۰,۰۰۰	,,
چیچو کی ملیاں	,,	,,	۱۰,۰۰۰	,,
مانگٹانوالہ	,,	,,	۱۰,۰۰۰	,,
پنڈی بھٹیاں	,,	,,	۲۰,۰۰۰	,,
اور جڑانوالہ	,,	,,	۵۰,۰۰۰	,, زمین

سیراب ہوگی۔

آنریبل قائد حزب اختلاف کا خیال ہے کہ جڑانوالہ میں کام درست نہیں ہو رہا ہے۔ میں یہ تسلیم کرتا ہوں مگر کیا انہیں معلوم ہے کہ حالات کتنے ابتر تھے؟ اب ان کی اطلاع کے لئے میں یہ عرض کرتا ہوں کہ جڑانوالہ میں ۲۴ ٹیوب ویل لگ چکے ہیں اور ۴۱ ٹیوب ویل اور لگنے ہیں۔ میں انہیں یقین دلاتا ہوں کہ ان کا کام جلد از جلد شروع ہو جائے گا۔ (ہئیر۔ ہئیر)

جناب والا — میں یہ عرض کر رہا تھا کہ حکومت سے جس قدر ہو سکتا ہے وہ Reclamation کی تجاویز پر عمل کرنے کی پوری پوری کوشش کر رہی ہے اور کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کر رہی۔ اس وقت سب سے بڑی تکلیف Survey اور اعداد و شمار جمع کرنے کے متعلق ہے۔ Reclamation Board پوری سرگرمی سے کوشش کر رہا ہے اور ان تجاویز پر عمل درآمد کرنے کے لئے روپیہ بطور قرض حاصل کر رہا ہے تاکہ نہایت سرعت سے کام شروع ہو جائے۔

شیخ محبوب الٰہی۔ کیا ۲۰ لاکھ کے متعلق ایف۔ اے۔ او نے اعلان کیا تھا۔

وزیر تعمیرات عامہ — ایف ۔ اے ۔ او ہمیں مشینری اور گراونڈ واٹر سروے کے لئے عملہ دیگا اور experts بھیجے گا ۔ اس پر جتنا خرچ ہوگا وہی کریں گے ۔

میاں عبدالباری — کیا وہ free of cost دے رہے ہیں ۔

وزیر تعمیرات عامہ — وہ بطور Gift دے رہے ہیں ۔

جناب والا — میاں منظور حسن صاحب نے فرمایا تھا کہ یہاں Reservoirs نہیں بنائے گئے اور ان کے ذریعہ آبپاشی نہیں کی جاتی ۔ اس کے متعلق میں یہ عرض کرونگا کہ ہمارے ملک میں Reservoirs پہاڑوں میں بن سکتے ہیں ۔ کچھ تجاویز زیر غور ہیں اور Project Circle اس سلسلہ میں پانی کی Storage اور Sites وغیرہ کا جائزہ لے رہا ہے ۔ مگر یہ ضروری نہیں کہ جہاں اس قسم کے مواقع ہوں وہاں پہاڑوں کی rocks بھی ٹھیک ہوں ۔ اور پانی کو روک سکیں یا pressure کو سنبھال سکیں اور leakage نہ ہو ۔ میدانوں میں تو اسکا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا کیونکہ زمین کی سطح پانی جذب کر کے لاکھوں ایکڑ زمین زیرآب کر دے گی ۔

Rana Gul Muhammad Noon: Point of information. Sir, I want to know whether any survey has been made.

وزیر تعمیرات — survey ہو رہے ہیں ۔

دریائے جہلم کے پاس سانگاہ کے مقام پر rocks کو test کیا جا رہا ہے لیکن ابھی وہ کام finalize نہیں ہوا ۔ ہم صرف اس جگہ پانی کا storage کر سکتے ہیں جہاں اس امر کے امکانات ہوں کہ پانی جمع ہونے کے بعد اس کا leakage نہ ہوگا ۔

پھر انہوں نے مصر کے متعلق فرمایا تھا کہ وہاں دریائے نیل کی تغیانی کے پانی کے لئے Reservoirs بنے ہوئے ہیں ۔ میں نے اس کے متعلق تحقیقات کی ہیں چنانچہ معلوم ہوا ہے کہ مصر میں ایسے کوئی Reservoirs نہیں ۔

مصر میں جو طریقہ آبپاشی رائج ہے اسے Basin Irrigation کہتے ہیں ۔ جب دریائے نیل میں طیغانی آتی ہے تو اس سسٹم سے پانی جمع کر لیا جاتا ہے تاکہ پانی دریا میں واپس نہ جائے ۔ چونکہ پانی وہاں کھڑا رہتا ہے تو اسے فصل ربیع کے کام میں لایا جاتا ہے اس سے یہ فصلیں نہایت عمدہ ہوتی ہیں ۔ جہاں تک ہمارے صوبہ کا تعلق ہے ہم کوشش

کر رہے ہیں کہ Basin Irrigation کا طریقہ ہم تھل کے علاقے میں رائج کریں جہاں زمین ناہموار ہے ضلع ڈیرہ غازی خان میں رود پوعیوں سے آبپاشی ہوتی ہے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ اس رقبہ کے ارد گرد بند بنا دیئے جاتے ہیں اور پانی کو جمع کر لیا جاتا ہے اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ربیع اور خریف کی فصلیں بغیر آبپاشی کے پختہ ہو جاتی ہیں۔ یہ طریقہ Basin Irrigation سے تقریباً ملتا جلتا ہے۔ یہ کہنا غلط ہے کہ مصر میں Reservoirs ہیں۔ وہاں کوئی Reservoirs نہیں۔ اس کے علاوہ میاں منظور حسن نے یہ فرمایا ہے کہ نہروں کو پختہ کر کے انکی اینٹوں سے lining کر دی جائے۔ اس سے ہمیں دو دقتیں پیش آئینگی ایک تو کروڑوں روپیہ کا خرچ ہوگا۔ دوسرے ہمیں lining کرنے کے لئے اپنی نہروں کو کافی دیر کے لئے بند کرنا پڑیگا۔ جب تک ہم انہیں بند نہ کرینگے lining نہیں ہو سکتی۔ تو اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ فصلوں کو پانی دینا مشکل ہو جائیگا۔ اس کے لئے ہم یہ انتظام کر رہے ہیں کہ امریکہ میں ایک قسم کی مٹی ہے جسے ,, بینٹو ٹائٹ ،، کہتے ہیں۔ اس سے امریکہ میں تجربہ کیا گیا ہے۔ یہ ایک قسم کی اتنی باریک clay ہے جس سے نہروں کے تمام سوراخ بند ہو جاتے ہیں اور اس سے یہ فائدہ ہوتا ہے کہ نہروں سے پانی نکل کر اور جگہ نہیں جا سکتا اور نہ دوسری زمین پر کوئی اثر کر سکتا ہے۔ خوش قسمتی سے ہمیں یہ مٹی آزاد کشمیر میں مل گئی ہے۔ ہمارے انجینیئر آزاد کشمیر گئے تھے۔ وہاں سے یہ مٹی لاہور لائے ہیں اور اپنی ریسرچ انسٹی ٹیوٹ میں اس کا تجربہ کر رہے ہیں۔ امید ہے کہ اس تجربے کے نتائج تین چار ماہ میں معلوم ہو جائینگے۔ یہ تجربہ امریکہ میں بڑا کامیاب رہا ہے۔ ہمیں امید ہے کہ اس ملک میں بھی اس تجربہ سے فائدہ اٹھایا جائیگا۔ اندازہ لگایا گیا ہے کہ اگر lining پر ۵۰ فٹ کے لئے سو روپیہ خرچ آتا ہے تو اس مٹی سے دس روپیہ خرچ آئیگا۔ یعنی اینٹوں کے خرچ کے مقابلے میں نوے فیصدی کی بچت ہوگی۔ اگر ہمارے ہاں بھی یہ تجربہ کامیاب رہا تو ہماری بہت سی مشکلات کا حل نکل آئیگا۔ اور ہماری یہ تکلیف رفع ہو جائیگی۔

اس کے علاوہ جناب والا۔ ہم پر یہ الزام لگایا گیا ہے کہ محکمہ انہار نے ٹھیکیداروں کو ایک لاکھ بہتر ہزار روپیے کی رقم بطور انعام دی ہے۔ میں نے اس معاملہ کے متعلق دریافت کیا ہے۔ ہمارے ہاں اس قسم کا کوئی انعام ٹھیکیداروں کو نہیں دیا جاتا۔ بات در اصل

یہ تھی کہ تقسیم ملک سے پہلے تمام ٹھیکیدار ہندو تھے۔ وہ لوگ پیسے والے تھے۔ پارٹیشن کے بعد جب ہمارے ٹھیکیداروں کو کوئلہ کی ضرورت ہوئی تو "کالریز" والوں نے ان سے رقم پیشگی مانگی تو ان کی امداد کے لئے گورنمنٹ نے انہیں کچھ رقم پیشگی ادا کردی تاکہ وہ کوئلہ کا انتظام کر سکیں اور بعد میں یہ رقم ان کے بلوں سے وضع کرلی گئی حقیقت یہ ہے کہ ہمارے محکمہ میں ٹھیکیداروں کو انعام وغیرہ دینے کا کوئی دستور ہی نہیں۔

اس کے علاوہ جناب والا۔ یہ بھی کہا گیا ہے کہ آبیانہ کی وصولی پانی کے خرچ کے حساب سے کی جائے اور اس مقصد کے لئے آلہ جات نصب کردیئے جائیں جن سے پانی کے خرچ کا ساب ہو سکے۔ اس کے متعلق میں یہ عرض کرونگا کہ یہ سسٹم پنجاب میں ۱۹۱۷ء میں رائیج کیا گیا تھا اور اس سے یہ دقت پیش آئی تھی کہ جن زمینوں کے کئی مالک تھے وہاں یہ سسٹم ناکام ثابت ہوا۔ اگر کسی زمین کا ایک مالک ہو تو کوئی دقت پیش نہیں آتی مگر جہاں مالکان اراضی زیادہ ہوں وہاں یہ سسٹم کامیاب نہیں ہو سکتا۔ اس کے علاوہ ۱۹۳۱ء میں ہم نے Contract System جاری کیا۔ اس کا اصول یہ تھا کہ ایک موگے سے جتنا ڈسچارج ہو اس کے مطابق آبیانہ وصول کیا جائے۔ اس طریقہ کو بھی مالکان اراضی نے منظور نہ کیا۔ اب حکومت کے زیر غور Flat Rate System ہے جس کی رو سے اوسط خرچ لگا کر آبیانہ وصول کیا جائیگا۔ اگر تجربہ سے یہ سسٹم کامیاب رہا اور لوگوں کو کوئی اعتراض نہ ہوا تو اس سسٹم کو جاری کردیا جائیگا۔ لیکن جو ہمارا موجودہ سسٹم ہے لوگ اسکو ہی بہتر سمجھتے ہیں اور اسی کو پسند کرتے ہیں۔

جناب والا۔ اس کے علاوہ میں مسٹر گبن کے اعتراض کے متعلق بھی کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں جو انہوں نے تاوان کی وصولی کے متعلق پیش کیا ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ اورسیئر اور ضلع دار جاکر لوگوں پر جرمانے عائد کردیتے ہیں جس کی کوئی اپیل نہیں۔ میں اس کے متعلق عرض کرونگا کہ تاوان لگانے کا طریقہ یہ ہے کہ اگر ضلع دار کسی کی رپورٹ کرتا ہے تو اس کی انکوائری ایس۔ ڈی۔ او کرتا ہے اور پارٹی کو نوٹس دیا جاتا ہے کہ وہ ایگزیکٹو انجنیئر کے پاس حاضر ہوکر جواب پیش کرے۔ تو ایگزیکٹو انجنیئر سمجھتا ہے کہ

تاوان لگایا جائے تو وہ انکوائری اور تحقیقات کے بعد واقعی تاوان لگا دیتا ہے اور اس کے فیصلہ کی اپیل ڈی۔ سی کے پاس ہو سکتی ہے۔ اس لئے یہ کہنا کہ اس کی اپیل نہیں۔ غلط ہے۔ اگر کوئی پارٹی چاہے تو ڈی۔ سی کے پاس اپیل کر سکتی ہے۔

Mr. Speaker: The question is:

That the total demand be reduced by Rs. 42,88,600.

The motion was lost.

Mr. Speaker: The question is:

That a sum not exceeding Rs. 2,42,88,600 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1956, in respect of Charges on Irrigation Establishment.

The motion was carried.

The Assembly then adjourned till 1 *p.m. on Tuesday the* 29*th March* 1955.

108 PLA—450—30-10-56—SGPWP Lahore



PUNJAB LEGISLATIVE ASSEMBLY

TENTH SESSION OF THE FIRST PUNJAB LEGISLATIVE ASSEMBLY

Tuesday, the 29th March, 1955

The Assembly met in the Assembly Chamber, Lahore at 1-00 p.m. of the Clock. Mr. Speaker (The Hon'ble Dr. Khalifa Shuja-ud-Din) in the Chair.

Recitation from the Holy Quran.

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS.

HOSPITAL AND DISPENSARIES INSPECTED BY HONOURABLE MINISTER OF HEALTH.

***3548. Mr. C. E. Gibbon** : Arising out of the answer given to my unstarred question No. 740, on 8th December, 1954, will the Honourable Chief Minister be pleased to state:

(a) the names of the Hospitals and the Dispensaries inspected by the Honourable Minister of Health at Multan and Sulemanki Head, in July, 1954, and the amount of Travelling Allowance drawn by him for each journey; and

(b) the exact nature of Departmental work done and the names of the institutions inspected by the Honourable Minister of Education at Montgomery, in July, 1954?

Parliamentary Secretary (Ch. Sultan Ali): (a) The Honourable Minister visited Multan and Sulemanki in the course of a general tour during which he visited many other places. While on tour to Sulemanki he inspected Hospitals and Dispensaries at Sulemanki, Pakpattan, and Pir Ghani and Municipal Committee, Pakpattan. In Multan he paid a visit to the Nishtar Medical College and the Civil Hospital, Multan and saw some of the works of Municipal Committee, Multan. From Lahore to Multan he charged Rs. 240/12/- and from Chichawatni-Pakpattan to Sulemanki Rs. 74/1/-.

(b) The Honourable Minister visited Okanwala District Board Middle School, District Board A. V. Middle School at Chak No. 168/9L and District Board Middle School Chak No. 8/11-L on the 16th and 17th July, 1954 and Muhammadia High School, Montgomery on 31st July, 1954.

Mr. C. E. Gibbon: Sir, may I draw your attention to the fact that my questions arises out of the answer given to my unstarred question No. 740 and in the light of that the reply now given to my starred question No. 3548 is not complete?

Mr. Speaker: In what respect it is not complete?

Mr. C. E. Gibbon: Sir, I want to know the hospitals and dispensaries inspected by the Hon'ble Minister of Health at Multan and Sulemanki Head in July, 1954 and the amount of T. A. drawn by him on each journey.

Parliamentary Secretary: While on tour to Sulemanki he inspected hospitals and dispensaries at Sulemanki, Pakpattan and Pir Ghani.

Mr. C. E. Gibbon: Would it be possible for the Hon'ble Minister of Health to inform the House whether during the month of July *i.e.*, from 11th July to 17th July while he is reported to have conducted a tour of hospitals in Multan, he also went to Bahawalpur?

Chief Minister: Sir, with your permission I would like to say something. I have been noticing for some time that a number of questions have been asked about Hon'ble Ministers' tours. I would like to say that it is not necessary for a Minister to show that he went to such and such places and discharged such and such responsibilities and duties. A Minister cannot take leave and as a matter of fact there is no need for taking leave. The position is the same in all democratic countries. I went over to England for treatment but I did not take leave. Questions are being asked every-day on this. We have done our best to supply you information but how can a Minister remember as to what he saw on a particular visit, who he talked to and how many pies he spent. I would request the Hon'ble Leader of the Opposition to see that the time of the House is not wasted on these things. I may tell him that this is not a source of income to the Ministers. We all spend out our pockets.

میاں عبدالباری - (لائل پور ۷ مسلم) :- جناب صدر - آنریبل وزیر اعلیٰ نے وزراء کرام کے دوروں کے متعلق جو ارشاد فرمایا ہے - میں جناب کی اجازت سے اس نظریہ کے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں - قیام پاکستان کے بعد اب ہم لوگوں کے لئے جو اس طرف بیٹھے ہیں اس چیز کی انتہائی ضرورت ہے کہ ہم وزراء کے دوروں پر نظر رکھیں - خصوصاً اب جبکہ وزراتیں اپنی غلط کاریوں کی وجہ سے جلدی جلدی بدل رہی ہیں ہمارے لئے اور بھی ضروری ہے کہ ہم یہ دیکھیں کہ ہمارے وزراء کرام کس طرف جاتے ہیں اور کس کام کے لئے جاتے ہیں اور آیا وہاں پہنچ کر وقت ضائع ہوتا ہے - کھانے ہوتے ہیں - ٹی پارٹیاں ہوتی ہیں اور آیا وہاں پہنچ کر قومی روپیہ خرچ ہوتا ہے -

میں اس نظریہ کو آپ کی وساطت سے معزز ایوان کے سامنے پیش کرتا ہوں اور عرض کرتا ہوں کہ ہم اسے اپنا فرض سمجھتے ہیں کہ حکومت کے ہر کام پر پوری تنقید کی جائے اور ان کے اعمال اور ان کے ایک ایک لمحہ کو نگاہ میں رکھیں -

جناب والا - ہمارا حق ہے کہ ہم حتی الوسع اپنی بساط کے مطابق پوری طرح جائزہ لیں اور باوجود اس احترام کے جو وزیر اعلیٰ صاحب کو وزراء کرام کے متعلق ہے ہم قطعی طور پر تنقید سے باز نہیں آئیں گے - بلکہ حتی الوسع ان کے دوروں کے متعلق آپ کی اجازت سے پوچھتے رہیں گے -

وزیر زراعت - (عزت مآب سردار عبدالحمید خان دستی) :- جناب والا - میں قائد حزب مخالف کے ارشادات کے جواب میں عرض کروں گا کہ جیسا کہ وزیر اعلیٰ صاحب نے آپ کی وساطت سے اس ایوان کو مطلع فرمایا ہے کہ وزراء جہاں کہیں بھی جاتے ہیں وزارت کے ہی فرائض ادا کرتے ہیں وہ لوگوں سے ملتے ہیں ان کے حالات دریافت کرتے ہیں اور ان کی تکالیف سے واقفیت حاصل کرتے ہیں - اس بات سے کسی کو بھی انکار نہیں ہوسکتا کہ وزراء کو دورے کے مقام پر معمولی سے بھی زیادہ مصروف رہنا پڑتا ہے - بالمقابل لوگوں سے ملاقات مقامی حالات سے زیادہ آگاہی دیتی ہے اور اسطرح ضلع کے مجموعی حالات کی درستی کیلئے زیادہ صحیح و درست اقدامات ہوسکتے ہیں - تعجب ہے کہ ایک طرف تو یہ کہا جاتا تھا اور شکایت تھی کہ وزراء کرام کرسیوں پر بیٹھے رہتے ہیں اور عوام سے براہ راست رابطہ پیدا نہیں کرتے اور اب وہ لوگوں سے ملنے اور ان سے براہ راست حالات دریافت کرنے کیلئے اکثر دورے پر جاتے ہیں - تو آپ شاکی ہیں کہ وہ دورے پر کیوں جاتے ہیں - جو سوال پوچھا گیا ہے اور اس کے تحت جو ضمنی سوالات کئے جارہے ہیں - ان سے اسی شکایت کا پہلو نکلتا ہے -

اس امر کو ہم تسلیم کرتے ہیں کہ کسی قسم کا اسراف ان کی جانب سے نہیں ہونا چاہئیے لیکن یہ ایک حقیقت ہے کہ جب وہ اپنے صدر مقام سے دور دراز جگہوں پر جاتے ہیں تو وہ اپنے کسی آرام اور تن آسانی کے لئے نہیں جاتے بلکہ وہ باہر جاکر کافی مصروف رہتے ہیں اور عوام سے مل کر ان کے حالات سے آگاہ ہوتے ہیں -

میاں عبدالباری - جناب والا - جو کچھ میں نے قبل ازیں عرض کیا ہے - میں آپ کی اجازت سے اس کی وضاحت کرنا چاہتا ہوں - شاید میں پورے طور سے وضاحت نہیں کرسکا - جس کی وجہ سے جناب وزیر زراعت کو یہ مغالطہ پیدا ہوگیا ہے کہ میں ان کے دوروں پر معترض ہوں - میرا یہ مقصد ہرگز نہیں کہ دورے نہ کریں بلکہ میں یہ سمجھتا ہوں کہ وہ دورے ضرور کریں اور پبلک کے ساتھ Contact کریں لیکن میں یہ محسوس کرتا ہوں کہ ہمارا یہ حق ہے کہ ہم دریافت کریں کہ کتنی sur prise visits انہوں نے کیں اور میں اس پر تنقید کرنا اپنا حق سمجھتا ہوں - میرا یہ مقصد نہیں کہ آپ دورے نہ کریں بلکہ میرا مقصد یہ ہے کہ آپ ہمارے تنقید کے حق کو روک نہیں سکتے - (ہیئر - ہیئر -)

Mr. C. E. Gibbon: Would it be possible for the Hon'ble Minister of Health to inform the House that during the month of July when he was visiting Hospitals and Institutions in Multan, he also went to Bahawalpur?

Minister of Health: Give me notice and I will let you know.

Mr. C. E. Gibbon: Is it within the knowledge of the Hon'ble Minister of Health that in reply to my un-starred question No. 740 he stated on the floor of this House that from the 11th July, 1954 he was at Multan, Bahawalpur and back to Lahore and that he drew T. A. of Rs. 287/10/-?

Chief Minister: If you know it, then why do you ask this question?

Rana Gul Muhammad Noon *alias* **Abdul Aziz Noon:** If it is within the knowledge of the Hon'ble Minister of Health that he went to Bahawalpur, then may we ask what was the object of his visit to Bahawalpur?

(No answer).

Mian Abdul Bari: He should say "No answer".

Minister of Health: I have already stated that I require notice for that.

Mr. Speaker: According to parliamentary practice if a supplementary question is asked and the Ministry or the Minister concerned does not want to give an answer, he is entitled to do so and he need not say "No answer". Simply silence shows that he is not prepared to give an answer. It goes on the record—Question and "No Answer".

میاں عبدالباری :- جنابِ والا - جب ایک ضمنی سوال کیا جاتا ہے تو آخر حکومت کی طرف سے اس کا کوئی جواب تو ملنا چاہئیے -

صاحب سپیکر :- میں آپ کو بتلا چکا ہوں کہ parliamentary conventions جب کوئی سوال کیا جائے اور منسٹر اس کا جواب نہ دینا چاہے تو وہ اپنی جگہ پر بیٹھا رہتا ہے - اسے No. answer کہنے کی ضرورت نہیں ہے - ریکارڈ میں یہ چیز اس طرح آئیگی کہ پہلے سوال لکھا جائیگا اور اس کے بعد No answer لکھدیا جائیگا -

Mian Muhammad Shafi: Will the Hon'ble Minister of Health kindly state if it is a fact that while on tour in connection with Departmental work, he also received 'nazrana'?

Mr. Speaker: Dis-allowed.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: May I know as to what are the reasons why the Hon'ble Ministers concentrate on their home districts so far as their tour programmes are concerned?

Chief Minister: They have best contracts there.

Minister of Revenue: You have got to go to your own constituency. What is wrong with it?

Mr. C. E. Gibbon: Is it possible for the Hon'ble Minister to recall to memory whether he completed his tour of Sulemanki Head and all the other places on the 27th July leaving Lahore that morning and returning that night, drawing T.A. of Rs. 260/-.

Mr. Speaker: I am afraid I am not prepared to allow that question. Give notice.

Mr. C. E. Gibbon: Would it be possible for the Hon'ble Minister of Education to say whether or not on the 18th July, 1954, *i.e.*, in mid-July he was involved in an election in Montgomery and he had nothing whatsoever to do so far as visiting educational insitutions are concerned?

Minister of Education: A detailed answer has been given as to the places and schools that I visited.

Mr. C. E. Gibbon: Would it be possible for the Hon'ble Minister of Education to inform this House whether on that occasion he was performing the dual function of Doctor and Jacob?

Mr. Speaker: Dis-allowed.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: May I know, Sir, whether it is within the knowledge of the Hon'ble Chief Minister that most of the visits of the Hon'ble Ministers to their home districts are with the specific purpose of grinding their own axe?

Mr. Speaker: Dis-allowed.

YOUNG WOMAN FOUND DEAD ON ROAD-SIDE IN GUJRAT.

***3557. Mr. C. E. Gibbon :** Will the Honourable Chief Minister be pleased to state :—

(a) Whether it is a fact that the dead body of a young woman was found stark naked on the roadside in Gujrat in the first week of January, 1955 and nine-months old baby and a few clothes were recovered by the Police from the ladies waiting room of the Gujrat-Punjab Bus Service;

(b) Whether any enquiry has been made into the mysterious death of the woman; if so with what results?

Parliamentary Secretary (Ch. Sultan Ali): Attention of the Hon'ble Member is invited to the reply given to A.Q. No. 3512 asked by Chaudhri Muhammad Afzal Cheema, M.L.A. (copy enclosed).

جواب نشان زدہ سوال نمبر ۳۵۱۲

عزت مآب ملک محمد فیروز خان نون وزیر اعلیٰ پنجاب :-

(الف) جی ہاں -

(ب) جی ہاں - ۱۰ دسمبر ۱۹۵۴ع کو تھانہ شہر گجرات کے تھانیدار صاحب کی طرف سے ان حالات کی تفتیش کی گئی تھی جس کی وجہ سے ایک عورت جس کا نام حسین بی بی معلوم ہوا ہے - کی موت واقع ہوئی تھی -

اس ضمن میں ایک واردات (پہلی اطلاع کی روداد نمبر ۱۰۷ بتاریخ ۱۲ دسمبر ۱۹۵۴ع زیر دفعہ ۳۰۴ ضابطہ تعزیرات پولیس) تھانہ گجرات میں درج کی گئی تھی-

(الف) محکمہ تفتیش جرائم اس واردات کی تفتیش کررہا ہے - اور اس مرحلہ پر یہ ممکن نہیں ہے اور نہ ہی بہ قرین مصلحت ہے کہ اس تفتیش کے نتائج کے متعلق کچھ قبل از وقت کہا جاسکے - تین اشخاص مثلاً فضل حسین چوکیدار احمد شاہ والا اور خاکروب سردار مسیح گرفتار کرلئے گئے ہیں - اضافی ضلع مجسٹریٹ گجرات کی طرف سے انہیں سردست ضمانت پر رہا کردیا ہے - ایک ملزم محولہ بالا سردار مسیح سے اس عورت کی ایک قمیض اور دوپٹہ دستیاب ہوچکے ہیں -

جس دن یعنی ۱۰ دسمبر ۱۹۵۴ع عورت مذکور کی لاش ملی تھی اسی دن مقامی افسر طبی نے لاش کا بعد از مرگ معائینہ کیا تھا - اس عورت کے جسم پر سات زخم تھے جن میں سے ایک تو خطرناک (گہرا) زخم تھا اور بقیہ معمولی خراشیں تھیں - یہ تمام زخم عام یا معمولی تھے جو کسی کند ہتھیار سے لگائے گئے تھے - افسر طبعی کے رائے میں موت صدمے اور جگر کے پھٹنے سے خون کے بہہ جانے سے ہوئی تھی -

حسین بی بی کی لاش ۲۲ جنوری ۱۹۵۵ء کے دن ایک ذمہدار مجسٹریٹ کے روبرو نکالی گئی - اور اس دن ۱۱ بجے اس کے اہم حصوں کا حکومت پنجاب کے کیمیائی ناظر (کیمیکل ایگزامنر) نے معائینہ کیا تھا - کیمیائی ناظر مذکور نے ملزم سردار مسیح سے برآمد شدہ قمیض اور دوپٹے کا بھی معائینہ کیا ہے - کیمیاوی ناظر نے بیان دیا ہے کہ اسے ایک بوتل کے مشتملات میں جس میں پیشاب‌دانی اعضائے مخصوصہ اور رحم بھی تھے مادہ منویہ کی موجودگی کا سراغ ملا ہے - اس ضمن میں معائینہ کے لئے جو چیزیں اس کے پاس بھیجی گئی تھیں ان میں سے کسی میں بھی اسے زہر کا سراغ نہیں ملا - افسران تفتیش کی اس تحقیقات پر کہ آیا کیمیاوی ناظر مادہ منویہ کی عمر بتا سکتا ہے یا نہیں اس نے تحریری جواب دیا ہے کہ آج تک کوئی ایسا طریقہ دریافت نہیں ہوا جس سے مادہ منویہ کی عمر معلوم کی جاسکے - اسے دوپٹہ اور قمیض پر کوئی قابل غور چیز معلوم نہیں ہوسکی -

Mr. C. E. Gibbon: Would it be possible for the Honourable Parliamentary Secretary to inform this House who was the Doctor who conducted the post-mortem examination on the body of this unfortunate woman on 10th December 1954.

Parliamentary Secretary: It was replied yesterday.

Mr. Speaker: It was stated yesterday that the post-mortem took place twice.....

Mr. C. E. Gibbon: Please see my question.

Mr. Speaker: Once in Gujrat and once in Sialkot.

Mr. C. E. Gibbon: I have not asked that question. Would it be possible for the Honourable Parliamentary Secretary to say as to who was the Doctor who conducted the post-mortem examination on the body of this woman on the 10th of December, 1954.

Parliamentary Secretary: I do not remember the name. I require notice for that.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: Is it possible for the Honourable Parliamentary Secretary to say as to what were the reasons for getting the case registered after ten days of the occurrence of death of that unfortunate lady. The death took place on the 10th of December 1954 whereas the case was registered.....

Mr. Speaker: There is no mention of the registration in the original question.

Mr. C. E. Gibbon: There is.

Mr. Speaker: Where is it?

Parliamentary Secretary: It is a matter of investigation, I cannot state off-hand.

Mian Muhammad Shafi: Is it a fact that the Officer-in-Charge for investigation, Chaudhri Mahmud Hussain has submitted a confidential report to the Honourable Chief Minister?

Chief Minister: No, he has not.

Mr. C. E. Gibbon: I don't wish the Parliamentary Secretary to give me the name of any Doctor. But would it be possible for the Parliamentary Secretary to inform this House who was the Doctor by designation who conducted the first post-mortem examination on the body of this unfortunate woman?

Parliamentary Secretary: This has been replied.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: May I know whether any action has been taken by the Government against any person who was held to be responsible for the delay in getting the case registered?

Parliamentary Secretary: The question of delay does not arise.

Mr. C. E. Gibbon: It seems the Government does not like to reply to my question.

Chief Minister: It will tell you that the Sub-Inspector of Police who was incharge of the Police Station at that time was transferred by the I. G. Police so that the investigation might take place in a free spirit.

Mr. C. E. Gibbon: Would it be possible for the Honourable Parliamentary Secretary to inform this House as to who was the Doctor by designation who performed the second post-mortem examination? It is a very important question.

Mr. Speaker: That was answered yesterday. I remember it. The post-mortem was performed by the Civil Surgeon, Sialkot.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: If the Honourable Parliamentary Secretary refers to the answer that he has given to my question he will see that actually the case was registered under Section 304, P.P.C. May I know, Sir, what were the reasons for not getting the case registered under Section ..... Now the post-mortem revealed that the death had occurred on account of the rupture of liver and seven injuries on the body of that unfortunate woman.

پارلیمنٹری سیکریٹری :- آپ وکیل ہیں اس لئے آپ کو معلوم ہونا چاہئیے کہ بعد میں بھی change یہاں ہوسکتی ہے -

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: May I know whether that to which the Honourable Parliamentary Secretary has referred subsequently took place under Section .....

Parliamentary Secretary: I require notice.

Chief Minister: This is sub-judice, how can you go on asking question?

Mr. C. E. Gibbon: Would it be possible for the Honourable Parliamentary Secretary to inform the House whether the second post-mortem

examination was done by the District Health Officer, Sialkot or the Civil Surgeon?

Mr. Speaker: It was stated yesterday that it was the Civil Surgeon, Sialkot who conducted the post-mortem examination.

INTERNMENT OF QAZI MURID AHMAD, M.L.A.

***3795. Qazi Murid Ahmad:** Will the Honourable Chief Minister be pleased to state:—

(a) whether it is a fact that the District Magistrate, Sargodha restricted the movements of Qazi Murid Ahmad, M.L.A. to his village under section 5 of the Public Safety Act, for six months in September, 1954;

(b) whether it is also a fact that the District Magistrate has the power to pass such an order for a maximum period of three months only; if so, the reasons for his going beyond his powers in ordering internment for six months in the above said case?

پارلیمنٹری سیکریٹری (چودہری سلطان علی)- (الف) یہ درست ہے -

(ب) یہ بھی درست ہے کہ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ صاحب پبلک سیفٹی ایکٹ کی دفعہ ۵ کے تحت زیادہ سے زیادہ تین ماہ کے لئے حکم دینے کے مجاز ہیں - مگر حکم میں چھ ماہ کی سہواً درج ہوگئی تھی - تاہم اس غلطی کی اصلاح کردی گئی - کیونکہ اس کو صرف تین ماہ کے لئے نافذ کیا گیا تھا - تین ماہ کی معیاد گزرنے کے بعد مزید کوئی پابندی عائد نہیں کی گئی تھی -

A voice: A point of order, Sir. Can an honourable member ask for information concerning himself?

Mr. Speaker: Yes.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: May I know as to what were the reasons for not dealing against this honourable member in accordance with the ordinary law of the land and why did you resort to this special legislation?

Not answered.

Mr. C. E. Gibbon: Would it be possible for the Chief Minister to inform this House whether the District Magistrate acted entirely on his own discretion or he received orders from the Provincial Government?

Chief Minister: Entirely on his own discretion.

قاضي مريد احمد :- کیا وزیر اعلیٰ صاحب فرما سکتے ہیں کہ اس افسر نے ناجائز طور پر جو اپنے اختیارات کو استعمال کیا تھا تو اس کے خلاف کوئی کارروائی کی گئی ہے ؟

وزیر اعلیٰ :- ناجائز طور پر اختیارات کو استعمال نہیں کیا تھا بلکہ اس سے غلطی ہوئی تھی -

قاضي مريد احمد :- کیا وزیر اعلیٰ صاحب بتا سکتے ہیں کہ مجھے کس جرم میں اتنی سزا دی گئی ؟

وزیر اعلیٰ :- جہاں تک مجھے یاد ہے معزز ممبر سرتوڑہا شہر کے اندر دو مسلمان فرقوں میں نفرت پھیلانے کی کوشش کرر ہے تھے اس لئے ان کے خلاف یہ کارروائی کی گئی -

قاضي مريد احمد :- کیا وزیر اعلیٰ صاحب نے میری کوئی تقریر اس سلسلے میں پڑھی ہے اور اگر نہیں پڑھی تو کیا آئندہ پڑھنے کا ارادہ رکھتے ہیں ؟

Mr. Speaker: Disallowed.

قاضي مريد احمد :- وزیر اعلیٰ صاحب نے پچھلے دنوں فرمایا تھا کہ ہم سی - آئی - ڈی - کی رپورٹ کردہ تقریروں کو صاحب تقریر کو دکھا دیا کریں گے - کیا اسکی روشنی میں وہ میرے ساتھ وعدہ کریں گے کہ سی - آئی - ڈی - نے جو میری تقاریر آپ تک پہنچائی ہیں وہ مجھے دکھادی جائیں گی ؟

وزیر اعلیٰ :- میں نے اس ہاوس میں عرض کیا تھا کہ اسکے متعلق جو procedure ہے وہ بدل دیا گیا ہے - اگر کسی آدمی کے خلاف یہ شکایت ہو کہ اس نے ایسی تقریر کی ہے جسکی وجہ سے دو فرقوں میں نفرت پھیلنے کا خطرہ ہے تو ہم اسکی تقریر جو ہمیں سی - آئی - ڈی - نے پیش کی ہو اس شخص کو دکھائیں گے کہ کیا یہ تقریر آپ کی ہے - اگر وہ کہے کہ یہ میری تقریر ہے تو اسے مناسب سزا دی جائے گی اور اگر وہ کہے کہ یہ میری تقریر غلط نوٹ کی گئی ہے میں نے ایسا نہیں کہا تھا تو ہم اس کے خلاف کوئی کارروائی کرنے کی بجائے اسے کہیں گے کہ اسے موقع پر جہاں اس نے یہ تقریر کی تھی جاکر یہ اعلان کردے کہ میں نے فلاں فلاں بات ہرگز نہیں کہی تھی -اگر وہ ایسا کردے تو اسکے خلاف کوئی ایکشن نہیں لیا جائے گا - چنانچہ چند روز ہوئے میرے پاس جماعت اسلامی کے ایک عالم صاحب تشریف لائے اور شکایت کی کہ راو خورشید کو کیوں نظر بند کیا گیا ہے ؟ میں نے اسی وقت متعلقہ فائل منگوا کر ان کے سامنے رکھدی اور کہا کہ آپ بڑی خوشی سے اس فائل کو پڑھ سکتے ہیں کہ راو خورشید صاحب نے کیا کہا ہے - اس کے بعد میں نے ان سے عرض کی کہ اگر آپ یہ محسوس کرتے ہیں کہ راو خورشید صاحب نے ایسی تقریر نہیں کی تو ان سے کہیں کہ جس مسجد میں انہوں نے تقریر کی تھی اسی مسجد میں جاکر لوگوں کے سامنے یہ اعلان کر دیں کہ میں نے ایسی تقریر بالکل نہیں کی تھی- ان کے ایسا کرنے کے بعد ہم ان پر عائد کردہ پابندیاں ہٹالیں گے -

قاضي مريد احمد :- کیا وزیر اعلیٰ صاحب ازراہ شفقت محض انکی تسلی کے لئے میرے کیس کو ٹسٹ کیس سمجھکر یہ ساری کارروائی عمل میں لائیں گے ؟

(اس ضمنی سوال کا کوئی جواب نہیں دیا گیا)

قاضی مرید احمد :- کیا وزیر اعلیٰ صاحب یہ چیلنج منظور کرنے کے لئے تیار ہیں کہ ضلع کے حکام نے میرے خلاف یہ کارروائی اس لئے کی تھی کہ ان پر اوپر سے دباو ڈالا گیا تھا ؟

وزیر اعلیٰ :- ان پر کوئی دباو اوپر سے نہیں ڈالا گیا تھا - اگر اوپر سے دباو ہوتا تو آج بھی آپ وہاں بیٹھے ہوتے -

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: May I know as to what action did Government take against the Officers who were responsible for such a serious oversight? It was a serious oversight.

Chief Minister: No action was needed.

قاضی مرید احمد :- پوائنٹ آف آرڈر - جناب والا - عزت مآب چیف منسٹر صاحب نے میرے ایک سوال کے جواب میں فرمایا ہے کہ اگر حکومت کا دباو ہوتا تو اب بھی میں نظربند ہوتا - اس قسم کے الفاظ ایوان کے وقار کے منافی ہیں -

صاحب سپیکر :- انہوں نے یہ الفاظ نہیں کہے -

قاضی مرید احمد :- یہ دھمکی ہے -

صاحب سپیکر :- یہ دھمکی نہیں ہے -

وزیر اعلیٰ :- دراصل میں نے تو حکومت کا نام تک نہیں لیا - البتہ یہ کہا تھا کہ اگر ہمارا دباو ہوتا تو آپ اب بھی نظر بند ہوتے -

قاضی مرید احمد :- میں چیلنج کرتا ہوں - آپ اب بھی تحقیقات کرائیں -

وزیر اعلیٰ :- آپ نے میرا مطلب نہیں سمجھا - میرا اشارہ یہ تھا کہ اگر آپ مجھے نامنصف سمجھتے ہیں اور میرے متعلق آپ کا یہ خیال ہے کہ میں بے انصاف آدمی ہوں تو بے انصافی کی رو سے آپ ابھی تک نظر بند رکھے جاسکتے تھے - میرا مرعا جو آپ نہیں سمجھ سکے یہ تھا کہ نہ میں بے انصاف ہوں اور نہ ہی غیر منصفانہ طور پر آپ کو نظر بند کرنا چاہتا ہوں -

قاضی مرید احمد :- میرا اعتراض آپکی نیت پر نہیں تھا بلکہ میرا خیال تھا کہ آپ کو کسی اور نے mislead کیا ہے -

Mr. Speaker: That does not arise out of this.

RETIREMENT AND RE-EMPLOYMENT OF GAZETTED OFFICERS.

***3813. Alhaj Hakim Mian Khurshid Ahmad Qureshi:** Will the Honourable Chief Minister be pleased to state:—

(a) the number, names and designations of Gazetted Officers of departments under his charge who proceeded on retirement during 1953-54 and 1954-55, respectively;

(b) the number, names and designations of persons among those mentioned in (a) above who were subsequently re-employed and the reasons therefor;

(c) the period of re-employment granted in each case?

Parliamentary Secretary (Ch. Sultan Ali): It is regretted that the reply is not yet ready.

POULTRY FARMS.

***3571. Rai Nasrullah Khan:** Will the Honourable Minister of Agriculture be pleased to state:—

(a) whether the Government is distrib ting birds of pure breed among the public from its poultry farms in order to popularize poultary farming in the Province;

(b) if the answer to (a) above be in the affirmative, the procedure, for distribution, the various breeds of birds distributed, the number of persons among whom they were distributed, the da e of which the distribution was carried out and the results obtained there om; if no distribution is being made, the reason therefor;

(c) the number of breeds of birds imp rted from foreign countries and the number of such birds as are still with the Government poultry farms; if there is none, the reason therefor?

پارلیمنٹری سکریٹری (راجہ احمد علی):- (الف) جی ہاں -

(ب) (اول) پرندے با موم مقررہ قیمتوں پر عوام کے ہاں فروخت کئے جاتے ہیں البتہ ایک دفعہ مختلف نسلوں ، مرغوں کی مخلوط نسل کے فوائد کا مخبتہ لگانے کے لئے ولائتی مرغوں کے عوض دیسی مرغ دئے گئے تھے -

(دوم) سفید لیگ ہارن مرغ - اوہڑآئی لینڈ سرخ مرغ - بارڈپلائی میتھ راک مرغ - نیوہم شال مرغ -

(سوئم) ۵۴۰۵ -

(چہارم) ۱۹۲۱۴ مر ، جو ابھی تک فروخت کئے گئے سب کے سب ایک ہی تاریخ کو جاری کئے گئے تھے بلکہ مختلف تاریخوں کو جاری کئے گئے تھے یہ تاریخیں ۱۹۴۸ع سے موجودہ سال تک پھیلی ہوئی ہیں - نتائج زیر غور ہیں -

(ج) حکومت نے بیرون ملک سے کوئی مرغ درآمد نہیں کئے - البتہ تھل ڈیولپمنٹ اتھارٹی نے کولمبو پلان کے ماتحت آسٹریلیا سے اکسائک نسل کے مرغے درآمد کئے تھے - متعلقہ حکمے سے ضروری کوائف فراہم کئے جا رہے ہیں -

چودھری محمد افضل چیمہ :- کیا جو مرغ آسٹریلیا سے منگائے گئے تھے وہ انڈے دیتے ہیں - (قہقہہ) -

SALE OF SEEDS.

***3685. Rana Gul Muhammad Noon** *alias* **Rana Abdul Aziz Noon:** Will the Honourable Minister of Agriculture be pleased to state the annual profits made or losses suffered through the sale of seeds of all kinds from 1948 to 1954 in the Province?

Honourable Sardar Abdul Hamid Khan Dasti: A statement showing the requisite information is laid on table.

Name of Seed.	15-8-1947 to 31-3-48		1948-49.		1949-50.		1950-51.		1951-52.		1952-53.		1953-54.
	Profit.	Loss.	Profit.	Loss.	Profit.	Loss.	Profit.	Loss.	Profit.	Loss.	Profit.	Loss.	
Wheat	..	1,29,971	3,46,678	..	24,789	..	1,03,777	..	39,453	..	41,333	..	The profit and loss accounts yet to be audited by the outside Audit Department.
Berseem	13,948	..	2,925	..	..	4,464	461	..	..	9,296	..	11,486	
Gram	1,653	..	19,719	..	..	26,696	17,130	..	2,405	..	20,887	..	
Oats	740	..	201	..	..	2,725	..	486	576	..	57	..	
Oilseed	546	..	914	..	1,120	..	1,196	..	145	..	244	..	
Bajley	22	..	..	..	..	4	..	2	..	..	..	..	
Cotton see	.	23,736	967	..	1,42,068	..	71,706	..	..	2,00,323	..	7,31,449	
Jawar	..	9,947	24,548	.	2,047	.	..	2,239	..	1,866	..	36	
Rice	..	512	9,189	..	11,884	..	..	..	..	4,775	7,077	..	
Bajra	30	..	2,448	..	26	..	139	..	69	..	..	14,135	
Sudangrass	..	..	..	..	6	..	..	..	4	..	..	..	
Makchari	..		..	5	1	..	..	..	..	..	..	..	
Japan Rape	11	..	..	..	76	..	28	..	4	..	19	..	
Potato	..	12	..	..	..	..	..	..	..	56	..	203	
Tajamim	..	..	3	..	..	7	13	..	..	7	..	..	
Sarson	..	..	10	..	8	..	..	93	..	3	..	..	
Linseed	..	..	As./-/2/-	..	..	..	..	..	..	..	..	16	
Lusun	..	..	..	49	..	1,756	..	4	..	1,004	..	5	
Cowaja	..	..	..	2,591	..	4,726	..	3,128	..	..	..	..	
Groundnut	..	..	..	..	91	..	..	..	..	80	376	..	
Mash Bhang	..	..	..	..	..	..	7	..	8	..	..	80	
Cowpeas	..	..	..	..	..	..	10	..	..	..	..	..	
Toria	..	..	..	..	..	..	..	..	..	..	..	..	
Maize	..	..	..	..	..	..	..	..	..	..		5,544	
Total ..	16,950	1,64,178	4,07,601/2	2,641	3,81,974	34,378	1,94,487	6,052	42,664	2,17,410	69,993	7,62,954	
Net profit	4,05,140/2	3,47,396	..	1,88,433	..	..	1,74,746	..	6,92,959				2,17,410
Net Loss .	..	1,47,228	..	..	..	..	..	..	..	..	..	..	

Rana Gul Muhammad Noon: May I draw the attention of the Honourable Minister for Agriculture to the sale of cotton seed in the year 1951-52 and ask him why a loss of Rs. 2,00,323/- was incurred in the sale of this seed?

وزیر زراعت:- جہاں تک ۱۹۵۲ع کے اعداد کا تعلق ہے اسکی تشریح یہ ہے کہ محکمہ کی جانب سے کپاس کا خاص بیج مہیا کرنے کا انتظام کیا گیا تھا - اس کے لئے یہ لازم تھا کہ خالص بیج خرید کرتے وقت کچھ Premium دیا جائے - ظاہر ہے کہ بازار کے نرخ سے کچھ زائد نرخ پر ہی خالص بیج خریدا جاسکتا تھا - اور جب تک خالص بیج خریدا نہ جاتا اور کاشتکار کو مہیا نہ کیا جاتا خالص کپاس پیدا کرنا مشکل تھا اس لئے محکمہ کو دو روپیے فی من Premium دینا پڑا - اور گورنمنٹ نے زائد رقم دیکر خالص بیج خریدا - یہ بھی ضروری تھا کہ اس خالص بیج کو اسکی خالص حیثیت میں محفوظ رکھا جائے - اس سلسلے میں کچھ Incidental charges ادا کرنے پڑتے ہیں - جو کہ ایک روپیہ ۱۲ آنے فی من تک پہنچ جاتے ہیں - ۱۹۵۲ع میں یہ زائد رقم بیج خریدنے والوں سے وصول کی گئی - چنانچہ اس سال نہ کوئی منافع لیا گیا اور نہ ہی کوئی نقصان برداشت کرنا پڑا لیکن ۱۹۵۳ع میں مجموعی طور پر ۲ لاکھ ۲۶ ہزار سات سو چوہتر من کپاس کا بیج خریدا گیا جسکی زائد قیمت ۳ روپیے فی من کے حساب سے ۷ لاکھ روپیے کے قریب پڑگئی - یوں سمجھئے کہ یہ ایک Subsidy حکومت نے ادا کی ہے خالص بیج کو قائم رکھنے کیلئے -

Rana Gul Muhammad Noon: May I ask the Honourable Minister of Agriculture as to what was the average price per maund which he paid for the purchase of this seed and at what average price it was sold to the cultivator?

وزیر زراعت:- یہ تو میں نے دریافت نہیں کیا - اگر آپ بذریعہ نوٹس مجھ سے دریافت کرتے تو میں نے اب تک دریافت کرلیا ہوتا - ازخود میں ان تفاصیل میں نہیں جاسکا -

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: Will the Honourable Minister for Agriculture be pleased to state whether the Department supply seed exclusively from their onw seed farm or they procure seeds from outside as well?

وزیر:- دیکھئے ۲ لاکھ ۲۶ ہزار من کے قریب بیج خریدا گیا تھا یہ بھی اس لئے کہ گورنمنٹ اپنی فارموں میں اس قدر بیج پیدا نہیں کرسکتی - اسلئے کچھ مقدار لازماً خریدنا پڑتی ہے - خرید کے وقت زمینداروں کو Premium دیا گیا ہے یعنی زائد رقم بحساب ۲ روپیہ فی من زائد ادائیگی کی گئی ورنہ خالص بیج میسر نہ آتا -

Rana Gul Muhammad Noon: May I draw the attention of the Honourable Minister of Agriculture to the year 1952-53 and in that connection I want to know what were the special reasons of incurring a loss of Rs. 7,31,449/- in the sale of the seed when a premium of about two rupees per maund was paid actually and four rupees per maund more than the prevailing market price was charged from the cultivators in that year?

وزیر :- یہ غلط ہے - آپ اعداد کو دیکھئے ۲ لاکھ ۲۶ ہزار سات سو چوہتر من بیج خریدا گیا تھا -

Mr. Speaker: This question relates to 1952-53.

Minister: This loss is due to the premium and incidental charges incurred by the Government for the purchase and sale of this seed.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: Is it possible for the Minister of Agriculture to say as to why the Government are not aiming at self-sufficiency in the matter of the supply of seeds from their own seed farm?

وزیر زراعت :- ایسا کرنے کے لئے بہت زیادہ روپیہ خرچ ہوگا - ایک اعلیٰ افسر مخصوص کرنا پڑے گا - پھر اسکا سٹاف رکھنا پڑے گا اور اس طرح بہت زیادہ خرچ ہو جائیگا - موجودہ طریقہ اس سے یہ ارزاں ہے کہ جہاں سے خالص بیج میسر آیا وہاں سے خرید لیا - اس میں ایک تو کاشتکار کو بھی فائدہ ہے اور دوسرے گورنمنٹ کو اخراجات میں کفائت ہوتی ہے اور کپاس کے کاشتکار کو خالص بیج مہیا ہو جاتا ہے -

Rana Gul Muhammad Noon *alias* **Abdul Aziz Noon:** May I ask the Honourable Minister of Agriculture whether it is a fact that since 1949 under the Cotton Control Act, all cotton seed has been supplied by the Department for cultivation if it is so, then why is it that the Department is even to-day unable to secure perfectly pure seed?

وزیر زراعت :- ۱۹۴۹ع میں بھی یہ محکمہ بیج خریدتا اور بیچتا رہا ہے لیکن اس وقت اس نے یہ ذمہداری نہیں لی تھی کہ کاشتکار کو سستا بیج دیا جائیگا -

Rana Gul Muhammad Noon *alias* **Abdul Aziz Noon:** I want a definite answer from the Honourable Minister. The Agriculture Department has been supplying all the seed since 1949 and no body can sow any seed except those he purchases from the Agriculture Department. Why is the Department un-able to provide pure seed?

وزیر زراعت :- آپ کو معلوم ہے کہ ہمارے معاشرے کی حالت کیا ہے - خالص بیج بھی کاشت کار تک جاتے جاتے نا خالص ہوجاتا ہے - بات یہ ہوتی ہے کہ دیہات کے کاشتکاروں کی بیویاں بچے اور عورتیں سودا سلف لینے میں دکانوں پر کپاس دے آتے ہیں - اس طرح مختلف قسموں کی کپاس دوکاندار کے پاس جمع ہوجاتی ہے اسے جب بیلنے میں بیلا جاتا ہے - تو لازمی ملاوٹ آجاتی ہے - زمیندار آسانی کی وجہ سے دکاندار سے ہی ملاوٹ والا بیج لے لیتا ہے - اسطرح خراب بیج کھتوں میں آجاتا ہے - اور سال بسال بڑھتا جاتا تھا - اور یہ اس کے سرباب کے لئے بے اخراجات کا بوجھ برداشت کیا جارہا ہے کہ سستے داموں خالص بیج کاشتکار کو مہیا کرکے اس کو مجبور کر دیا جائے کہ وہ دکانداروں سے ناخالص بیج نہ لے اس لئے کہ اسے سستے داموں بیج مل سکے گا اور وہ خالص بھی ہوگا - یہ وہ طریقہ ہے جس کے ذریعہ اس خامی یا اس خرابی کو روپیے کے لالچ سے ارزانی کے لالچ سے ہم دور کر رہے ہیں اور کاشتکار کو مجبور کر رہے ہیں کہ خالص بیج خرید کر خالص کپاس کی کاشت کرے -

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: If in the opinion of the Honourable Minister of Agriculture the methods suggested by him are cheaper and more useful, does he propose then to abolish altogether the seed farms?

Mr. Speaker: That question does not arise.

COTTON INSPECTORS.

***3686. Rana Gul Muhammad Noon** *alias* **Rana Abdul Aziz Noon:** Will the Honourable Minister of Agriculture be pleased to state the number of Cotton Inspectors in the Province in 1954 and their respective qualifications?

The Honourable Sardar Abdul Hamid Khan Dasti: 57 Cotton Inspectors worked during the year 1954. Their respective qualifications are as under:—

B.Sc. (Agriculture)	...	...	= 7
B.Sc. (Botany)	...	...	= 3
Art Graduates ...	...	...	=47
	Total ...		=57

Rana Gul Muhammad Noon *alias* **Abdul Aziz Noon:** May I ask the Honourable Minister of Agriculture if it is a fact that since only 7 of the 54 Cotton Inspectors were B.Sc. (Agriculture), they could not actually of distinguish between the different varieties of cotton seed and the impurties of the cotton being grown in the Province is entirely due to the fact that these Cotton Inspectors failed to procure good seed for cultivation?

Minister of Agriculture: It is incorrect. I think the honourable member himself knows that it is incorrect.

Rana Gul Muhammad Noon *alias* **Abdul Aziz Noon:** I know that my allegations are perfectly correct.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: According to the information supplies, about 50 of these Cotton Inspectors do not possess the necessary technical qualifications. May I know, Sir, why Government did not recruit technically qualified persons when there are lot of them available?

Minister: What sort of technical qualifications?

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: B.Sc. (Agriculture).

وزیر زراعت :- ان کی ہمارے B. Sc. is such a scarce commodity.
محکمہ میں بہت ضرورت رہتی ہے اور وہ میسر نہیں آتے - اگر ہمکو بی -ایس -سی-میسر آتے

تو ہمیں آرڈیننس بی - ایز کو لینے کی قطعاً ضرورت نہ تھی - میں آپ کی اطلاع کیلئے یہ عرض کردینا چاہتا ہوں کہ یہ آسامیاں پر کرنے کا قاعدہ یہ ہے کہ پہلے بی - ایس - سی ایگریکلچر کو ترجیح دی جاتی ہے - اس کے بعد دوسرے نمبر پر بی - ایس - سی والوں کو لیا جاتا ہے - اگر وہ بھی نہ میسر آئیں تو بی - اے - امیدواروں کو لیا جاتا ہے اور ان کا انتخاب بھی پبلک سروس کمیشن کے ذریعہ عمل میں آتا ہے - پبلک سروس کمیشن کے انتخاب کے بعد ان کو لائلپور کالج میں ٹریننگ کیلئے بھیجا جاتا ہے اور جب ان کی ٹریننگ مکمل ہو جاتی ہے تو ان کو کام پر لگادیا جاتا ہے - اس کے بعد آپ جتنے ضمنی سوالات چاہیں پوچھ لیں کیونکہ آپ نے ان کو پوچھنا ہے اور میں نے ان کا جواب دینا ہے -

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: Are you prepared to replace them now if we give you the necessary number of B.Scs?

وزیر زراعت :- چودہری صاحب کیا ایسا کرنا درست ہوگا ؟ اگر کل میں آپ کو بی - اے - پاس سمجھ کر لگادوں اور اس کے بعد کوئی ایم - اے - پاس آجائے تو کیا یہ درست ہوگا کہ میں آپ کو ہٹا کر اس کو لگادوں جب تک کہ یہ ثابت نہ ہو جائے کہ آپ نااہل ہیں اور اس آسامی کے قابل نہیں ہیں اور یہ بھی میں آپ پر چارج لگانے کے بعد اور اسکو پایہ ثبوت تک پہنچانے کے بعد ہی کرسکتا ہوں ورنہ یہ کوئی سکھ شاہی اور اندھیر گردی تو ہے نہیں -

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: Is the Honourable Minister of Agriculture prepared to give an assurance that if we arrange for the supply of sufficient number of trained graduates technically qualified, will he be prepared to replace?

Minister: Unless I find that the man who is working on the post has proved himself inefficient. I am not prepared to replace.

PROPERTY-TAX.

***3801. Sardar Muhammad Zafrullah:** Will the Honourable Minister of Agriculture be please to state the annual amount of the property-tax realised in Lahore in the year 1952-53 and 1953-54?

The Honourable Khan Abdul Hamid Khan Dasti:

1952-53 = Rs. 13,39,157-3-0.
1953-54 = Rs. 15,14,686-0-0.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: Sir, what are the reasons for the realisation of this huge amount of property-tax?

وزیر :- حسن کار کردگی -

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: Is the Honourable Minister aware that about 80 villages have been included within the limits of the Lahore Corporation and all the lands owned by these small land-owners are now liable to the property-tax?

وزیر :- مجھے تفصیلات کا علم نہیں - اگر آنریبل ممبر چاہیں تو میں دریافت کرکے بتا سکتا ہوں -

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: Have you not actually received any representation from the residents or small land-owners especially from those 80 villages who have been hard hit by the application of Urban Immovable Property Tax Act?

وزیر:- ہمارے پاس کئی عرضداشتیں آتی رہتی ہیں اسلئے میں محض یادداشت سے کچھ نہیں بتا سکتا ۔

RETIREMENT AND RE-EMPLOYMENT OF GAZETTED OFFICERS.

***3814. Alhaj Hakim Mian Khurshid Ahmad Qureshi:** Will the Honourable Minister of Agriculture be pleased to state:—

(a) the number, names and designations of Gazetted Officers of Departments under his charge who proceeded on retirement during 1953-54 and 1954-55, respectively;

(b) the number, names and designations of persons among those mentioned in (a) above who were subsequently re-employed and the reasons therefor;

(c) the period of re-employment granted in each case?

The Honourable Sardar Abdul Hamid Khan Dasti: A statement is laid on the table.

STATEMENT IN RESPECT OF STARRED ASSEMBLY QUESTION 3814.

Co-operative Department.

(a) Retirements.						(b) Re-employment.			(c) Period of re-employment.	
1953-54.			1954-55.							
No.	Name.	Designation.	No.	Name.	Designation.	No.	Name.	Designation.	Reasons.	
1	Ch. Muhammad Ashraf.	Assistant Registrar, Co-op. Department.	1	Ch. Muhammad Aslam.	Assistant Registrar.	1	Ch. Sardar Ali ..	Dy. Registrar.	*	2 months.
			2	Ch. Sardar Khan.	Chief Auditor.					
2	Ch. Din Muhammad.	Do. ..	3	Ch. Abdul Hamid.	Deputy Registrar.					
3	Ch. Ghulam Qadir.	Do. ..								
4	Ch. Niamat Khan Haider.	Do. ..								
5	Ch. Sheer Mohd.	Deputy Registrar.								
6	Ch. Muhammad Panah.	Do.								
7	Ch. Sardar Ali ..	Do. ..								

Forest Department.

Nil.	1	Ch. Muhammad Akram Khan P.F.S. Class I.	Divisional Forest Officer.	Nil.	Nil.	Nil.	Nil.	

*Ch. Sardar Ali, Dy. Registrar, Co-operative Societies, Punjab was then busy with the survey of co-operative farming activities and had to prepare his report. This necessitated the small period of re-employment in his case.

STATEMENT IN RESPECT OF STARRED ASSEMBLY QUESTION 3814.

(1) *Agriculture Department.*

	(a) Retirements.					(b) Re-employment.			(c) Period of re-employment.	
	1953-54.		1954-55.							
No.	Name.	Designation.	No.	Name.	Designation.	No.	Name.	Designation.	Reasons.	
3.	Mr. Abdul Wahid..	Assistant Entomologist.	8	Malik Amanat Khan.	Joint Director of Agriculture.	1	Ch. Sultan Ali	.. Deputy Director of Agr.	He had represented for a change in his recorded date of birth, and until a decision there thereon he was retained in service.	From 16th June, 1954 to 5th July 1954.
	Ch. Nazir Hussain..	Extra Assistant Director of Agr.		Mr. W. Chaudhry.	Principal and Prof. of Agrl, Pb. Agl. College.					
	Ch. Muhammad Hussain.	Do.	..	Khan Sardar Khan.	Principal and Cereal Botanist, Pb. Agl. College.					
				Mr. Ghias-ud-Din Ahmad.	Prof. of Botany, Pb. Agl. College.					
				Ch. Karam Rasul..	Prof. of Agr.					
				Ch. Umar Din ..	Extra Assistant Director of Agr.					
				Ch. S. M. Gill ..	Assistant Prof. of Agriculture.					
				Ch. Sultan Ali ..	Deputy Director of Agriculture.					

FOREST DEPARTMENT.

Supplementary information.

The following officers were re-employed during 1953-54 and 1954-55 due to the acute shortage of trained Forest Officers:-

1.	Mr. Bashir Ahmad, P.F.S., Class I (retired).	Re-employed for a period of one year and 6 months ending 8th June 1955.
2.	Mr. Muhammad Zia-ul-Haq, P. Ft. S., (retired).	Re-employed for a period of one year which ended on 15th January 1955 and a reference has been made to the Central Government for their approval to the extension in the term of re-employed for a further period of six months from 16th January 1955 onwards.
3.	Mr. Shah Nawaz Khan, U.P.F.S., Class I (retired).	Re-employed for a period of one year from 28th February 1955 A.N.
4.	Hafiz Abdul Aziz, N. W. F. P. Forest Service, Class I (retired).	Re-employed for a period of one year but his joining report is still awaited.

STATEMENT IN RESPECT OF ASSEMBLY QUESTION 3814.

(2) *Animal Husbandry Department.*

(a) Retirements.						(b) Re-employments.				(c) Period of Re-employment.
1953-54.			1954-55.			No.	Names.	Designations.	Reasons.	
No.	Names.	Designations.	No.	Names.	Designations.					
3	S. Iqbal Hussain	Assistant Director, Animal Husbandry.	3	Sh. Mumtaz Hussain	Dairy Development Officer, Punjab.	Nil.	Nil.		Nil.	
	M. Abdul Aziz ..	Do. ..		Ch. Rajab Ali ..	Deputy Director, Animal Husbandry.					
	M. Abdul Wahid Khan.	Deputy Director, Animal Husbandry.		Mr. G. N. Sheikh ..	Assistant Director, Animal Husbandry.					
					(3) *Excise and Taxation Department.*					
	Nil.	Nil.		Nil.	Nil.	Nil.		Nil.	Nil.	

CLOSURE OF HAVELI CANALS.

*3684. **Rana Gul Muhammad Noon** *alias* **Rana Abdul Aziz Noon:** Will the Honourable Minister of Public Works be pleased to state :—

(a) the date of the closure of the Haveli Canals for annual repairs in 1955;

(b) the date on which the canals were opened after repairs?

The Honourable Sardar Muhammad Khan Leghari: (a) The annual closure of the Haveli Canals started with effect from 1st January 1955.

(b) The canals were opened on 1st February 1955 after the closure.

Rana Gul Muhammad Noon *alias* **Abdul Aziz Noon:** May I ask the Honourable Minister of Public Works whether it is a fact that most of the canals in Haveli Circle did not receive any supply till about the 16th or the 17th February?

وزیر :- جناب والا - اسکے متعلق میں نے آج رجسٹر منگاکر دیکھا تھا - آنریبل ممبر کی شکایت درست ہے -

فروری کے شروع میں نہر حویلیاں کا گیج اڑہائی صد کیوسک تھا - جو ۱۲ فروری کو ۶۷۰۰ کیوسک ہو گیا تھا - لیکن یہ بھی بہت تھوڑا تھا - اسکے متعلق افسروں سے وضاحت طلب کرکے میں کچھ عرض کرسکونگا -

Rana Gul Muhammad Noon *alias* **Abdul Aziz Noon:** May I ask the Honourable Minister of Public Works whether it is also a fact that from 15th February to the end of February or about 10th March the total supply in Haveli canal was not more than 1200 cusecs against about 2500 cusecs permissible?

Minister: From 12th February onwards it was round about 2,000 cusecs.

OUT-LET IN PINDI LALA.

*3756. **Chaudhri Ghulam Rasul Tarar:** Will the Honourable Minister of Public Works be pleased to state:—

(a) whether the discharge of water from the outlet which is at present located to the north of the village Pindi Lala in Phalia tehsil of the Gujrat District is insufficient;

(b) whether the inhabitants of the said village have submitted representations requesting the canal authorities to shift the outlets from its present location to a distance of a "burji" either up or down stream; if so, the action Government intend to take in the matter?

عزت مآب سردار محمد خان لغاری :- (الف) عزت مآب رکن کے سوال میں موگے کا نام نہیں دیا گیا - بہر حال پھالیہ راجباہ کی R.D. 71,730 اور R.D. 73,750

سے دو موگے نکلتے ہیں جوکہ موضع پنڈی لالہ کی آبپاشی کرتے ہیں - چونکہ حصہ‌دار اپنے اپنے کھالوں سے بھل ہیں نکالتے رہے اسلئے ان موگوں سے منظور شدہ پانی کی پوری مقدار خارج نہیں ہوتی رہی -

(ب) مہتمم گجرات ڈویژن کے پاس موگہ R.D. 71,730 کی جگہ میں اپنے کیلئے صرف ایک درخواست موصول ہوئی تھی - چونکہ جملہ حصہ داران اسی تبدیلی پر متفق نہ تھے اسلئے یہ درخواست مسترد کردی گئی اور فیصلہ سے حصہ‌داروں کو مطلع کردیا گیا - اسکے بعد اس فیصلہ کے خلاف Suptd: Engineer کے پاس کوئی عذرداری دائر نہیں ہوئی -

---

B. DRAIN IN PHALIA TEHSIL.

***3767. Chaudhri Ghulam Rasul Tarar:** Will the Honourable Minister of Public Works be pleased to state:—

(a) the total length of the B. Drain (Sem Nullah) in Tehsil Phalia;

(b) the number of miles of the drain cleared by the drainage engine sent by the Department for the said purpose;

(c) the date when the engine started functioning and the approximate date by which the entire length of the drain, upto its starting point, is intended to be cleared?

عزت مآب سردار محمد خان لغاری :-

(الف) ۳۷۰۶ نہری میل -

(ب) ۱۰۰۱۴ نہری میل -

(ج) کھدوائی مشین (Excavater) نے ۱۵ مارچ ۱۹۵۴ع سے کام فروع کیا - اس ڈرین (Drain) پر کام کے سلسلے میں دو مزید کھدوائی مشینیں مقرر کی گئی ہیں اور توقع ہے کہ ڈرین کی بھی صفائی کا کام اسی سال کے اختتام تک مکمل ہوجاویگا -

چودھری غلام رسول تارڑ :- کیا آنریبل وزیر تعمیرات عامہ فرمائینگے آیا یہ امر واقعہ ہے کہ محکمہ نے پچھلے سال صفائی کیلئے دو انجن دینے کا فیصلہ کیا تھا مگر موقع پر صرف ایک ہی پہنچا تھا؟

وزیر :- مجھے یہ تو معلوم نہیں - البتہ دو مزید انجن وہاں بھیجے جارہے ہیں -

چودھری غلام رسول تارڑ :- کیا یہ درست ہے کہ وہ ایک انجن بھی چھ ماہ سے ایک ہی جگہ کھڑا ہے اور کوئی کام نہیں کررہا ؟

وزیر :- مجھے یہ پتہ چلا ہے کہ چونکہ وہ پرانا انجن ہے اسلئے وہ کبھی بیس بیس پچیس پچیس دن کیلئے کھڑا رہتا ہے ؟

چودھری غلام رسول تارڑ :- کیا پبلک کی درخواست میں بھی تحریر کیا تھا کہ صفائی کے وقت اس نالہ کو ایک ایک دو دو فٹ گہرا بھی کردیا جائے تاکہ پانی کا نکاس صحیح ہو اور سیم کا ازالہ ہوسکے -؟

وزیر :- مجھے یہ علم نہیں ہے -

PUNJAB TRANSPORT SERVICE.

***3778. Mian Mansoor Hassan:** Will the Honourable Minister of Public Works be pleased to state :—

(a) whether the following concerns showed any profit during the year ending 31st of March, 1954 :—

(i) the Punjab Transport Service, Rawalpindi ;

(ii) the Punjab Transport Service, Dera Ghazi Khan ;

(iii) the Punjab Transport Service, Lyallpur ;

(iv) the Lahore Omni Bus Service, Lahore ;

(v) the Lahore Auxiliary Goods Service, Lahore ;

(b) if the answer to (a) above be in the affirmative the net profit earned by each concern ;

(c) if any of the said concern suffered a loss, the amount of such loss and the reason therefor ?

عزت مآب سردار محمد خان لغاری :-

(الف) جی ہاں -

(۱) مبلغ 11,86,367 13 1 روپے -

(۲) مبلغ 1,92,047 12 5 روپے -

(۳) مبلغ 560,460 4 0 روپے -

(۴) مبلغ 4,67,979 16 1 روپے -

(ب) پنجاب روڈ ٹرانسپورٹ بورڈ کے گورنمنٹ ٹرانسپورٹ سروسوں کا چارج سنبھالنے سے پیشتر ہی دسمبر ۱۹۵۵ء میں لاہور آگزیلیئری گڈز سروس بند ہوگئی تھی -

(ج) چونکہ کسی سروس کو نقصان برداشت نہیں کرنا پڑا لہذا نقصان کا سوال پیدا ہی نہیں ہوتا -

---

JHANG-CHINIOT ROAD.

***3782. Maulvi Muhammad Zakir:** Will the Honourable Minister of Public Works be pleased to state:—

(a) whether the Jhan-Chiniot Road which has been included in the Five Year Road Development Scheme, is the only link between the Tehsil and District Headquarters;

(b) whether the construction of the Jhang-Chiniot Road continues to be delayed inspite of many promises for taking up the work immediately;

(c) the action Government propose to take in the matter?

عزت مآب سردار محمد خان لغاری:- (الف) جی نہیں - ایک پختہ سڑک چنیوٹ اور جھنگ کو براستہ لائلپور ملاتی ہے - البتہ براہ راست سڑک جھنگ بھرانہ چنیوٹ کے پانچ سالہ ترقیاتی منصوبہ میں شامل ہے -

(ب) یہ کام سال ۵۴-۱۹۵۳ع کے میزانیہ میں شامل کردیا گیا ہے اور مجلس وزراء نے منظور بھی کرلیا تھا اور اسی سال چھ لاکھ روپیہ اس کام کیلئے مخصوص کردیا گیا تھا - مگر بعد میں مالی مشکلات کیوجہ سے یہ رقم محکم مالیات نے واپس لے لی -

سال ۵۵-۱۹۵۴ع اور ۵۶-۱۹۵۵ع کے میزانیہ میں پھر اسکو شامل کیا گیا لیکن مجلس وزراء نے مالی مشکلات کے پیش نظر اسے منظور نہ کیا -

(ج) روپیہ کی فراہمی پر یہ کام شروع کیا جائیگا -

Top priority شیخ محمد سعید:- کیا یہ درست ہے کہ کیبینٹ نے اسے "ٹاپ پر یارٹی" دینے کا فیصلہ کیا تھا -

پارلیمنٹری سیکریٹری:- جی ہاں -

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: The Honourable Parliamentary Secretary has said that Jhang has been connected with road to Lyallpur. Does he know as to what is the total length or milage of this road that he had mentioned.

پارلیمنٹری سیکریٹری:- چھوٹا راستہ تو نہیں البتہ لمبا راستہ لائلپور کو ملاتا ہے -

قاضی مرید احمد:- کب تک توقع ہوسکتی ہے؟

LAMBARDARI SQUARES.

***3570. Rai Nasrullah Khan:** Will the Honourable Minister of Revenue be pleased to state:—

(a) whether it is a fact that the Lambardari squares abandoned by evacuee Lambardars have not been allotted to the refugees as evacuee property;

(b) whether the Government intend to consider this matter afresh, if not, the reasons therefor?

Parliamentary Secretary: (Sardar Muhammad Hussain): It is regretted that the reply is not yet ready.

LAND CLAIMS BASED ON REGISTERED DEEDS OR CIVIL COURT DECREES.

***3788. Chaudhri Ali Sher Khan:** Will the Honourable Minister of Revenue be pleased to state:—

(a) the number of cases in which the refugees based their land claims on registered deeds or civil court decrees pending on the date Sardar Ghulam Hassan Khan Leghari handed over charge of the Branch, where such cases are being dealt with;

(b) the number of cases instituted since the date of the transfer of the said officer and the total number of such cases pending for disposal on the 28th February, 1955;

(c) the number of cases disposed of during 1952, 1953, 1954 and first two months of 1955;

(d) the number of cases out of those pending on the 1st March, 1955, which were instituted in 1952, 1953 and 1954, respectively;

(e) the average monthly disposal of cases separately for 1952, 1953 and 1954;

(f) the strength of the staff employed on this work, and the total amount paid to them as salary and allowances until 28th February, 1955 and the average expenses per case incurred by Government for the disposal of such cases;

(g) the steps Government proposes to take to accelerate the disposal of such pending cases?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Hussain): It is regretted that the reply is not yet ready.

DISTRIBUTION OF LAND IN THAL.

***3789. Major Saiyed Mubarik Ali Shah:** Will the Honourable Minister of Revenue be pleased to state:—

Whether any quotas of land were fixed in Thal for distribution to different Districts; if so, the area of land fixed for each District of the Province?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Hussain): No definite quotas were laid down as such, but allocations were made at different times for different purposes. A statement giving the totals for each district is laid on the table.

Statement showing total areas of land in the Thal allocated to districts/colonies, for allotment to various classes of persons:—

Serial No.	*Name of District/Colony.*	*Area in acres in the Thal allocated to district/colony for allotment to various classes of persons.*
1	Lahore	32,500
2	Shaikhupura	59,000
3	Gujranwala	16,300
4	Sialkot	18,000
5	Gujrat	14,300
6	Shahpur	18,400
7	Jhelum	8,000
8	Rawalpindi	1,000
9	Attock	5,000
10	Mianwali	4,000
11	Thal Project Colony	22,000
12	Lyallpur	72,000
13	Montgomery	42,500
14	Multan	42,000
15	Jhang	16,000
16	Muzaffargarh	9,000
17	Dera Ghazi Khan	2,000
18	Nili Bar Colony	10,000
19	Haveli Project Colony	10,000
	Total ..	4,00,000

Mian Muhammad Shafi: Will the Honourable Parliamentary Secretary kindly state if it is a fact that the District of Momtgomery which is a congested District has not received its due share for the resettlement of its surplus refugees in Thal?

Parliamentary Secretary: I require notice.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: May I know as to what were the considerations which were kept in mind before land was reserved in Thal for different districts?

Minister of Revenue: Land was reserved for refugees and for landless tenants and those who had no land. The Collector had interviews with these people and then they were sent there.

Mian Muhammad Shafi: In view of the statement made by the Minister of Revenue that these areas in Thal were being reserved for reabsorbing the refugee population will he kindly consider the proposition that more areas are reserved for such people.

Minister: We cannot reserve all the land for refugees. We want to establish mills there, we have to do industrialisation there because we want money. But most of the land in the Thal we have reserved for such people.

Mr. Speaker: The question hour is over.

SHORT NOTICE QUESTION AND ANSWER.

Government Electricity Projects.

3890. Saiyad Altaf Mohy-ud-Din Qadri: Will the Honourable Minister of Development be pleased to state whether it is a fact that many of the Government Electricity Projects have been held up due to the non-availability of electric equipments; if so, the details of the projects thus held up and the steps the Government have taken or propose to take in the matter?

The Honourable Rana Abdul Hamid Khan: This is true that the electrical projects of the Punjab have been held up for want of material, etc. which is required to be imported from abroad through the Director General, Supply and Development, Government of Pakistan, Karachi. The projects held up are as under:—

1. The installation of two 3000 K.W. Japanese Sets at Montgomery.
2. The installation of two 4000 Old Portsmouth Sets at Lyallpur, and
3. The installation of 10,000 K.W. Diesel Station at Lyallpur.

In order to expedite commissioning of the above projects, which depended mostly on the material yet to be imported, the Chief Engineer, Punjab, P.W.D., Electricity Branch paid repeated visits to Karachi. In December, 1954, he put before the Director General, Supply and Development, Government of Pakistan, certain difficulties which appeared to him to be the main handicaps and also suggested the following steps which could improve the situation to greater extent:—

(1) The Central Government may allow the Provincial Chief Engineer to engineer, call for quotations and select all equipment, materials and spares required in connection with the provincial electrical projects. The import of heavy machinery and important complete projects such as Hydel and Steam Generating.

LEAVE OF ABSENCE.

Mr. Speaker: I have received the following application from Mr. Ghulam Haider, M.L.A.—

"گزارش ہے کہ بندہ بعارضہ بخار بیمار ہے اسلئے اسمبلی کے موجودہ اجلاس میں حاضری سے معذور ہے لہذا میری موجودہ اجلاس میں غیر حاضری معاف فرمائی جاوے"

The question is:—

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

EXPUNGING CERTAIN REMARKS.

Mian Muhammad Shafi: Sir, I want to say that on Thursday last in the course of my speech I mentioned certain names in the background of recent events. I would like to urge upon you, Sir, to take suitable action in expunging certain remarks which I feel should not have been made. I associated the name of the Honourable Chief Minister of the Punjab with that of the Honourable Chief Minister of Sind. Although I disagree politically with the Leader of the House profoundly but I do not wish that his name is associated with the Honourable Chief Minister of Sind.

Mr. Speaker: I will direct that those remarks be expunged*.

DEMAND FOR GRANTS.

Miscellaneous.

Minister of Agriculture (The Honourable Sardar Abdul Hamid Khan Dasti): Sir, I beg to move:

That a sum not exceeding Rs. 1,02,88,700 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1956, in respect of Miscellaneous.

میاں منظور حسن :- (گوجرانوالہ - نمبر ۱ - مسلم)

جناب والا ! میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ :-

"۶۰۰ روپیے کی رقم بسلسلہ مد (اول) خیراتی مقاصد کے لئے عطیہ جات ، رضا کار ہم سرمایہ برائے غرباء لاہور کے لئے امدادی عطیہ حذف کردی جائے ۔

جناب والا ! میں آج ایک نہایت اہم مسئلہ کی جانب اس معزز ایوان کی توجہ دلانے کے لئے کھڑا ہوا ہوں - میری مراد ان سیاسی کارکنوں اور ان کی پسماندگان اور متوسلین کی زبوں حالی سے ہے جو ہمارے ارباب اقتدار کی عدم توجہی کے باعث نہایت ہی کس مپرسی کی حالت میں سسک سسک کر اپنی زندگی کے دن پورے کر رہے ہیں - جناب والا ! آج ہم ایک طویل و عریض خطہء ارض اور سر سبز و شاداب ملک کے مالک ہیں - لیکن یہ ملک ان سیاسی کارکنوں کا ورثہ ہے جنہوں نے حضور قائداعظم کی پکار پر لبیک کہتے ہوئے آٹھ کروڑ کی ایک بھیڑ کو ایک منظم قوم کی صورت میں کھڑا کردیا - جنہوں نے ایک مغلوب اور معتوب قوم کو ایک جابر اور حکمران قوم کے بالمقابل صف آرا کر دیا یہ ملک ان کارکنوں کا ورثہ ہے جنہوں نے ہمارے دیکھتے ہی دیکھتے اس قوم کو جو بے جان اور غیر منظم سمجھی جاتی تھی اس حد تک منظم بنادیا کہ وہ اپنے حقوق کی مدافعت کیلئے کسی بھی قوت کے سامنے آنے میں باک محسوس نہ کرتی تھی ۔

جناب والا - یہی وہ کارکن تھے جو ملت کی آہنی دیوار تھے - جو ملت کا ناقابل شکست ارادہ تھے - جو ناقابل تسخیر اور مستحکم قلعہ تھے - جن کو مخالفین کے حیلے بہانے اور جور و ستم اپنے ملی حقوق کی مدافعت سے باز نہ رکھ سکے اور جن کو ناپاک قسم کا خضر سچر گٹھ جوڑ بھی نہ ہلا سکا - انہوں نے یہ سب سختیاں - ظلم و ستم اپنے کشادہ سینوں پر سہے - لیکن حضور والا آج وہ ہمارے ارباب اقتدار کی غفلت - پہلو تہی اور بے توجہی کا شکار ہیں - ہمارے یہ کڑیل جوان ان دونوں ناموس اسلام کے تحفظ کی خاطر ہمارے اس چمن کی حفاظت کیلئے اشجار شیشم کی طرح پھیلے ہوئے پاسبانوں کا کام کر رہے تھے - مگر افسوس کہ اب ان کی تعداد روز بروز کم ہوتی جارہی ہے اور وہ انتہائی غربت اور افلاس کی زندگی بسر کر رہے ہیں - آج کوئی ان کا پرسان حال نہیں - آج کوئی ان کی خبر لینے والا نہیں جس کے سامنے وہ اپنے سینے کے زخم کھول کر رکھ سکیں - آج وہ سیاست کے راستے میں سنگ ریزے بنے ہوئے ہیں - ہمارے سیاستدان ان سے کھیلتے ہوئے یا ان کو روندتے ہوئے چلے جاتے ہیں - کوئی انہیں آنکھیں دکھاتا ہے کوئی دھمکیاں دیتا ہے کوئی احسانات جتاتا ہے - اور بعض حضرات بلا وجہ انہیں اپنے خلفشار کا موجب سمجھتے ہیں - لیکن ان کا بن کران سے کوئی گفتگو نہیں کرتا ۔

حضور والا - انگریز نے اپنے ان حواریوں کو جنہوں نے ملت اسلامیہ اور مملکت ہند کو ان کے قبضے میں دینے کے سلسلے میں مدد کی تھی اس قدر نعمتوں سے سرفراز اور مالا مال کیا کہ وہ ان کی سات پشتوں تک ختم نہیں ہوسکیں - ان کو اس قدر عطیوں اور جاگیروں سے نوازا گیا کہ وہ پشت در پشت بڑی آسانی اور خوشحالی سے بسراوقات کرسکیں گے - مگر ہمارے ہاں یہ ہوا کہ حکم نامے جاری کئے گئے - ان سیاسی کارکنوں کی جنہوں نے پاکستان کے قیام کیلئے قربانیاں کہیں سنوائی وپزیرائی نہ ہو - آج تک کسی کو اتنی توفیق نہیں ہوئی کہ ان کی حالت سنوارنے کی کوئی تدبیر کرے - آج ان سیاسی کارکنوں کا ان خوشامدی اور ملک دشمن یو نینسٹوں جتنی بھی وقعت نہیں ہے جو ہمارے افسروں کے ساتھ کلبوں میں ہزاروں روپیے کا جوا کھیلتے ہیں - سٹہ بازی کرتے ہیں اور بلیک مارکیٹ کرکے زیادہ سے زیادہ روپیہ اکٹھا کر رہے ہیں - ایسے لوگوں کو تو صف اول میں جگہ ملتی ہے - لیکن قومی کارکنوں کو صف آخر میں جگہ پانے کا مستحق بھی سمجھا نہیں جاتا ۔

صاحب سپیکر :- یہ بالکل غیر متعلق ہے ۔

میاں منظور حسن :- جناب‌والا - اب میں آپ کی توجہ ان سیاسی کارکنوں کی طرف منعطف کرانا چاہتا ہوں جن میں صحافیوں کا وہ لشکر بھی پیش پیش ہے جنہوں نے Living wage لیکر بلکہ پیٹ پر پتھر باندھ کر نظریہ پاکستان کا پروپیگنڈا کیا - ان میں وہ کارکن اور انکے ورثا بھی شامل ہیں جنکو چن چن کر مشرقی پنجاب میں شہید کیا گیا - یا نشانہ ظلم بنایا گیا - مگر آج ان کے بچوں اور ورثا کا کوئی پرسان حال نہیں - آج وہی یونینسٹ اچھے ہیں جن کو اس حصہ پنجاب میں آتے ہی ہاتھوں ہاتھوں لے لیا گیا اور ان کو پوری پوری اراضیات اور جاگیریں بطور معاوضہ دے دی گئیں -

حضورِوالا - یہ درست ہے کہ کسی کی جائداد کو بلا معاوضہ حاصل نہ کرنا چاہیئے - بلکہ مالک کو پورا پورا معاوضہ ادا کرنا چاہیئے - لیکن اس کے ساتھ ہی یہ بھی یاد رکھنا چاہیئے کہ ان سیاسی کارکنوں یا ان کے خاندانوں کو ان قربانیوں کا معاوضہ ملنا چاہیئے جو انہوں نے پاکستان کے قیام کیلئے پیش کیں اور اس سلسلے میں مخالفین کے ظلم و ستم کا شکار ہوئے - حکومت کیلئے یہ امر قابل صد افسوس ہے کہ اس نے ابھی تک سیاسی کارکنوں کے متوسلین اور پس ماندگان کیلئے اس قسم کا کوئی بندوبست نہیں کیا - چاہیئے تو یہ تھا کہ حکومت ان کے لئے سات آٹھ لاکھ روپیے سالانہ کی ایک رقم مخصوص کرتی جس سے ان لوگوں کے بچوں کی تعلیم اور دیگر ضروریات کا بندوبست کرتی جنہوں نے مسلمانوں کو پاکستان قائم کرکے انگریز کے تسلط اور ہندو کے غلبے سے نجات دلائی -

حضورِوالا - آخر میں میں اپنے ارباب اقتدار سے نہایت ادب سے عرض کرونگا کہ سیاسی کارکن ملت کی نبض اور حکومت اور عوام کے درمیان رابطہ کا ذریعہ ہیں - آپ دیکھ سکتے ہیں کہ آپ کے سامنے ہی چیانگ کائی شیک کا کیا حال ہوا ہے - جس کو سیاسی کارکنوں سے رابطہ قائم نہ رہنے کے وجہ سے امریکہ کی بیش بہا فوجی امداد بھی اڑنے نہ آسکی -

حکومت نے سیاسی کارکنوں اور ان کے متوسلین کی اعانت نہ کر کے مجرمانہ غفلت سے کام لیا ہے - اس لئے میں اپنی تحریک تخفیف پیش کرتا ہوں -

Chief Minister: Sir, I listened to the very flowery and wonderful speech of Mian Manzoor Hassan but I really fail to understand what the honourable member was driving at. He seems certainly to have wakened up after eight years when political workers made sacrifices in order to gain Pakistan. I do not know what part of it should I answer.

Mr. Speaker: Do you want me to put your motion to the House?

Mian Manzoor Hassan: Hon'ble the Chief Minister has assured me, that he is willing to help the political sufferers in case a list is supplied to him.

Mian Abdul Bari: What assurance has he given?

Mr. Speaker: Do you want me to put your motion to the House?

Mian Manzoor Hassan: No Sir, I beg leave to withdraw my motion.

Mr. Speaker: Has the honourable member leave of the House to withdraw his motion?

(Voices: Yes).

The motion was by leave withdrawn.

میاں منظور حسین (گوجرانولا - نمبر ۱ مسلم) :- جناب والا - میں یہ تحریک پیش کرتا ہوں -

کہ ۴۵ ہزار روپے کی رقم بسلسلہ مزار امداد برائے انجمن اعانت بچگان حذف کردی جائے تاکہ اس امر کو زیر بحث لایا جائے کہ بچوں کے مناسب تحفظ اور امداد کرنے میں حکومت شدید کوتاہی کی مرتکب ہوئی ہے -

حضوروالا - دنیا کی ہر آزاد قوم کا فرض ہے کہ وہ اپنے بچوں کی حفاظت اور صحیح پرورش کا خاطر خواہ انتظام کرے کیونکہ آج کے بچے ہی کل کے حکمران اور قائد بنیں گے - میں سمجھتا ہوں کہ اگر ہم نے ان نونہالان نو خیز کا پورے طور پر خیال نہ رکھا تو ہمارا چمن کبھی سرسبز و شاداب نہ ہوسکے گا -

حضوروالا - ہمارا ملک پچھلے سات سال سے مخصوص حالات سے دوچار ہے - اس عرصہ کے دوران میں ہزارہا لوگ مشرقی پنجاب اور دیگر علاقوں سے بے خانماں ہوکر پاکستان کی طرف ہجرت کر آئے - ہزاروں لوگ مارے گئے اور ان کے ہزاروں بچے یتیم ہوکر ہمارے ہاں پناہ لینے کی غرض سے چلے آئے - ان مخصوص حالات میں ہمیں ان بچوں کی حفاظت اور نگہداشت کیلئے خاص اقدامات کرنے چاہئیے تھے جناب والا - میں اسی سلسلے میں یہ بھی عرض کرونگا کہ اس معزز ایوان نے قانون تحفظ بچگان پنجاب منظور کیا ہوا ہے اس کے تحت حکومت بچوں کی حفاظت کی ذمہ داری اٹھا چکی ہے اس کے علاوہ اس ایوان نے یہ بھی طے کردیا ہے کہ ایسے لوگوں کو سزا دینے کا انتظام کیا جائے جو بچوں کی معصومیت سے فائدہ اٹھاکر انہیں ورغلائیں اور برے کاموں کی طرف متوجہ کریں یا بدکاری چوری اور بھیک مانگنے کی طرف راغب کریں - یہ بھی طے کیا گیا تھا کہ حکومت اس امر کی نگہداشت کرے گی کہ بچوں کے لواحقین اور والدین ان پر بے جا سختیاں نہ ڈھائیں -

حکومت اس امر کی ذمہ داری بھی لے چکی ہے کہ وہ ان لوگوں کے بچوں کی غور و پرداخت بھی کرے گی - جو خود ان کی نگہداشت نہیں کرسکتے -

نیز ۱۶ سال سے کم عمر کے بچوں کے لئے یہ ایوان طے کرچکا ہے کہ انہیں سزا کے بعد جیل خانہ میں نہ بھیجا جائے بلکہ کسی سارٹیفائیڈ سکول میں داخل کیا جائے -

یہاں پر یہ بھی فیصلہ کیا گیا تھا کہ ہر ضلع میں ایک Probation افسر مقرر کیا جائے گا جو اس امر کی نگہداشت کریگا - اور اس پر کڑی نظر رکھے گا کہ کوئی یتیم خانہ یا محتاج خانہ میں بچوں کو گداگری یا غیر انسانی افعال کے لئے استعمال نہ کرے -

لیکن مجھے افسوس ہے کہ اس ایکٹ کے پاس کر دینے کے بعد ابھی تک ہماری حکومت اس کا نفاذ نہیں کرسکتی - اور اس طرح ہماری حکومت اس ذمہ داری سے عہدہ برا ہونے سے قاصر رہی ہے جو اسکے ذمہ اس معزز ایوان کے ڈالی تھی -

حضوروالا - اب جبکہ ہم مخصوص حالات سے دوچار ہیں - ہم دیکھتے ہیں کہ یہاں کوئی باقاعدہ یتیم خانے نہیں - انجمن حمایت اسلام کے یتیم خانوں یا دوچار اور یتیم خانوں کے سوا صوبہ بھر میں کوئی قابل ذکر یتیم خانہ موجود نہیں - جہاں بچوں کی مناسب نگہداشت اور غور و پرداخت ہوسکے - اس لئے ضروری تھا کہ اب تک اس ایکٹ کو نافذ کردیا ہوتا - وہ ذمہ داری جو اس ایوان نے اپنے کندھوں پر اٹھائی تھی پوری کی جاتی - افسوس ہے کہ دو سال کے طویل عرصہ کے گذر جانے کے بعد حکومت نے ابھی تک وہ ایکٹ نافذ نہیں کیا - نہ کسی ضلع میں کوئی Probation Officer مقرر کیا ہے - نہ کوئی سارٹیفائیڈ سکول بنایا ہے اور نہ ہی کہیں کوئی یتیم خانہ یا محتاج خانہ بنایا ہے - جہاں ایسے بچے پناہ لے سکیں جو بے سہارا ہیں یا آوارہ ہیں - اور اس طرح ہماری حکومت بے سہارا بچوں کے تحفظ اور نگہداشت کا بندوبست کرنے میں شدید کوتاہی کی مرتکب ہوئی ہے -

ان الفاظ کے ساتھ میں یہ تحریک تخفیف پیش کرتا ہوں -

Mr. Speaker: Demand under consideration motion move is:—

That the item of Rs. 4,500 on account of grant-in-aid to Children's Aid Society, Lahore be omitted in order to discop the grant omission of Government to give paper protection and aid to children.

چودھری محمد افضل چیمہ :- (لائلپور - ۹ مسلم)

حضورِوالا - اس تخفیف زر کے محرک نے جس دردناک طریقہ سے اپنے خیالات کا اظہار فرمایا ہے اس سے میں متاثر ہوا اور مجھے معاً خیال آیا کہ میں بھی اپنی گزارشات پیش کروں - انہوں نے قوم کے بچوں کی طرف حکومت کی توجہ منعطف کرانے کی کوشش کی ہے - بلا شبہ کسی قوم کا سب سے قیمتی سرمایہ اس کے بچے ہوتے ہیں - اور ان کی مناسب تربیت تعمیر ملی کے نقطۂ نگاہ سے حکومت کے فرائض میں سب سے اہم فریضہ ہے ان کے خیالات سے متاثر ہوکر میں ان بچوں کے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں جو ایک طرح سے حکومت کے مجازی بچے ہیں -

حضورِوالا - گورنمنٹ نے قواعد کی رو سے یہ فیصلہ کیا ہے کہ کوئی ملازم جو کسی وجہ سے جرم کے سلسلہ میں یا کسی شکایت کی بنا پر معطل کردیا جائے تو اس کے تعطیل کی معیاد ۶ ماہ ہے - اس سلسلہ میں میں حضور کی اجازت سے عزت مآب وزیر اعلیٰ کی توجہ ایک بڑے ہی اہم واقعہ کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں اور وہ یہ ہے - کہ آپ کے اس دور ہمایونی میں ایک سول سرونٹ کیپٹن کے - اے - سعید ۲۵ ماہ سے معطل ہیں -

Mr. Speaker: I will not allow this.

چودھری محمد افضل چیمہ :- حضورِوالا - یہ حکومت کے مجازی بچے ہیں ان کی انکوائری مکمل ہوچکی ہے اور یہ بڑا ظلم و ستم ہے کہ -

Mr. Speaker: Will you please resume your seat? I am not going to allow you to talk about that thing.

وزیر تعلیم :- (عزت مآب چودہری علی اکبر خان) -

حضورِوالا - میں صرف یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ حکومت نے لاہور کی Children Aid Society کو امداد کے طور پر مبلغ ۴۵۰۰ روپیہ دیا ہے تاکہ وہ بچوں کے لئے تفریح گاہوں کا انتظام کرسکے - اب اس میں کسی کو کلام نہیں کہ شہر کے مختلف حصوں کے inhabitants کے بچوں کے لئے تفریح گاہیں بہت ضروری ہیں - یہ تو صرف ۴۵۰۰ روپیہ کی رقم ہے اور اس میں بھی آپ تخفیف چاہتے ہیں - چہ جائیکہ آپ اس میں اضافہ کرتے -

حضورِوالا - میاں منظور حسن صاحب کی تجاویز نہایت اچھی اور معقول ہیں حکومت ان پر ضرور غور کرے گی -

Mian Manzoor Hassan: Sir, I withdraw my motion.

Mr. Speaker: Has the honourable member leave of the House withdraw his motion?

(Voice: Yes).

The motion was by leave withdrawn.

Saiyad Amir Hussain Shah: Sir, I do not want to move my motion.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: (Lyallpur IX., Muslim): That the item of Rs. 3,830 on account of D-I—Publicity Board—Information Officer be omitted and that the item of Rs. 3,000 on account of D-I—Publicity Board—Editor be omitted.

حضوروالا - میں چاہتا ہوں کہ اپنی تخفیف کی دونوں تحریکوں جو پبلسٹی بورڈ کے کے متعلق ہیں بہ یک وقت کچھ عرض کرسکوں -

حضوروالا - اس معزز ایوان میں بارہا یہ مسئلہ زیر بحث آچکا ہے کہ معاشرہ کی حالت روز بروز خراب‌تر ہوتی جارہی ہے اور خصوصیت سے ہم ایک اخلاقی بحران سے دوچار ہیں - اس کے متعلق کسی نہ کسی طریقہ سے اس ایوان میں ذکر آہی جاتا ہے حضور کو معلوم ہے کہ آنریبل وزیر اعلیٰ صاحب نے بھی اشارات و کنایات سے اس کا ذکر کیا تھا اور کہا تھا کہ اس وقت معاشرہ کی حالت بہت خراب ہے اس لئے ہم بے بس ہیں - حضور کو علم ہے کہ جب محکمہ اظہار کی کچھ بدعنوانیوں کا بعض معزز اراکین نے ذکر کیا تھا تو عزت مآب وزیر تعمیرات نے یہ فرمایا تھا کہ کوئی ایسی خاص بات جو محکمہ اظہار میں پائی جاتی ہے - بلکہ ہمارے معاشرہ کی کیفیت ہی ایسی ہے کہ ہم بے بس اور مجبور ہیں - بالفاظ دیگر ان کا مطلب تھا کہ -

این خانہ ہمہ آفتاب است

اگر آپ اس بات پر دیانتداری سے غور فرمائیں تو آپ دیکھیں گے کہ کوئی وزارت خواہ وہ کتنی ہی فرض شناس کیوں نہ ہو وہ فوراً عوام کے ذہن و قلب اور ان کی نظرو فکر کو بدلنے سے قاصر رہتی ہے اس کے پاس جیسا کہ میں نے پہلے بھی عرض کیا تھا کوئی جادو کی چھڑی یا الہ‌دین کے چراغ کی قسم کی کوئی چیز نہیں ہوتی جس کے استعمال سے فوراً لوگوں کے ذہنوں میں انقلاب برپا کردے لیکن ایک چیز جو میں محسوس کرتا ہوں حکومت اس سے عمداً یا سہواً غفلت کررہی ہے - اور وہ یہ ہے کہ پبلسٹی بورڈ کی خدمات کو جائز اور مناسب طریق پر استعمال کرے -

حضوروالا - حکومت کے ذرائع بہت زیادہ وسیع ہوتے ہیں اور لوگوں کے انداز فکر کو بدلنے کے لئے ان کے ذہنیت میں ایک تغیر پیدا کرنے کے لئے عوام کی تربیت کے لئے اور ان کی ذہنی نشوونما اور ارتقا کے لئے خصوصیت سے لوگوں کے اندر اخلاقی اقتدار کا صحیح احساس اور جذبہ پیدا کریں - اگر آپ نے اپنے وسیع ذرائع تعلیم و تربیت اور نشرو اشاعت کو ایک مناسب طریقہ سے استعمال کیا تو میں یقین سے کہہ سکتا ہوں کہ آپ تھوڑے ہی عرصہ میں عوام کے دلوں کو یکسر بدلنے میں کامیاب ہو سکتے ہیں -

حضوروالا - سب سے پہلے یہ نہایت ضروری ہے کہ حکومت کے اندر اس قسم کا تغیر اور انقلاب پیدا کرنے کے لئے وہ جذبہ اور "سپرٹ" موجود ہو اور اس جذبہ کو لے کر وہ حصول مقصد کے لئے اگر اپنے تمام ذرائع کو پوری یک سوئی کے ساتھ استعمال کرینگے تو میں یقین کے ساتھ عرض کرسکتا ہوں کہ وہ جس منزل کو بہت دور سمجھ رہے ہیں انشا اللہ بہت جلد طے ہوجائیگی - دوسرے یہ بورڈ جناب‌والا حکومت نے در حقیقت اپنے ذاتی پروپیگنڈے اور اپنی ذاتی شہرت کے لئے وقف کر رکھا ہے اگر حکومت سنجیدگی کی ان تمام تعلیمی اور تربیتی صلاحیتوں کا صحیح استعمال کرے اور محکمہ تعلقات عامہ کو تعلقات خصوصہ کے لئے وقف نہ کرے - پریس کی خدمات اس بات کے لئے وقف کردی جائیں کہ لوگوں کے ذہنوں میں اسلامی اقتدار کو اجاگر کرے اور اپنے نظام تعلیم میں ایسی تبدیلیاں پیدا کرے جن سے لوگوں کی ذہنی کیفیت بدل سکے تو میں سمجھتا ہوں کہ آپ کا یہ محکمہ واقعی

نہایت ضروری ہے اور اس صورت میں اگر آپ اس پر زیادہ سے زیادہ روپیہ صرف کریں تو مجھے کوئی اعتراض نہ ہوگا - لیکن جناب‌والا - ہوتا یہ ہے کہ اپنے ذاتی پروپیگنڈا اور شہرت کے لئے کوئی رسالہ جاری کردیا جاتا ہے - مثال کے طور پر ہماری اس موجودہ حکومت نے "پنجاب" کے نام سے ایک پندرہ روزہ رسالہ جاری کیا ہے - اس میں عزت مآب وزراء کرام کی تصاویر چھپتی ہیں اور پھر ان تصاویر کو پوری رنگینی اور آب و تاب سے عوام میں پیش کرنے کے لئے شائع کیا جاتا ہے - اور اس رسالہ میں وزراء کرام کے مضمون چھپتے ہیں خواہ انہوں نے وہ مضامین اپنے سیکریٹریوں سے لکھوائے ہوں یا براہ راست خود لکھے ہوں -

حضورِوالا - سردست میں پبلسٹی بورڈ کے اس رسالہ "پنجاب" کے ایک مضمون کی طرف حضور کی وساطت سے اس معزز ایوان کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں تاکہ یہ ظاہر ہو سکے کہ اس رسالہ میں کس قسم کے علمی اور ادبی مضامین شائع ہوتے ہیں اور عوام ان سے کس حد تک مستفید ہوتے ہیں - حضورِوالا - جس خاص شمارے کے متعلق میں عرض کرنا چاہتا ہوں وہ یکم اکتوبر ۱۹۵۴ء جلد اول کا شمارہ نمبر ۶ ہے - اس میں صفحہ سات پر "ضلع ڈیرہ غازی خان" کے عنوان کے تحت اس علمی اور ادبی قابلیت کا مظاہرہ کیا گیا ہے جس کا میں اقتباس پیش کرتا ہوں - "ضلع ڈیرہ غازی خان کے اعلیٰ قسم کے بلوچ اور سانگھڑی نسل کے گھوڑے اور داجلی نسل کے بیل خاص اہمیت کے حامل ہیں -" مضمون نگار نے ایک ہی فقرے میں سب کو اکٹھا کردیا ہے - اس کا یہ مطلب ہے کہ بلوچ حضرات بھی نعوذباللہ کوئی وحوش ہیں اور ان کا شمار جانوروں میں ہوتا ہے جو انہوں نے اس ایک فقرے میں ہی ان سب کو اکٹھا کردیا ہے (قہقہے اور شور) اور اس حقیقت کو بالکل نظر انداز کردیا کہ اس کابینہ کے دو معزز وزراء صاحبان بھی اس علاقے سے تعلق رکھتے ہیں - حضورِوالا - یہ تو ان کی بلند فکری اور قابلیت کی ایک مثال تھی جو میں نے حضور کی اجازت سے اس معزز ایوان کے سامنے پیش کی - اب میں حضور کی اجازت سے ایک بہت ہی رنگین اور دلکش قسم کا پمفلٹ جس کا نام ہے "Seven years of the Punjab" 1947-54 آپ کی خدمت میں پیش کرتا ہوں - یہ بھی حضور والا - محکمہ پبلسٹی بورڈ کا ایک شاہکار ہے - اس میں سب سے پیش پیش تاریخی مقامات کی تصاویر ہیں اور اس کے بعد ہمارے عزت مآب وزراء کرام کی تصاویر بڑی خوبصورتی اور دل آویزی کے ساتھ پیش کی گئی ہیں - ان کا جسمانی حسن تو واجبی قسم کا ہے لیکن تصاویر میں یہ حضرات کچھ ایسی خوبصورتی سے دکھائے گئے ہیں کہ خواہ مخواہ ان سے محبت کرنے کو دل چاہتا ہے - یہ (قہقہے اور قطع کلامیاں) اور اگر ان تصاویر کا ان کی اصل ہئیت کذائی سے مقابلہ کیا جائے تو کچھ مایوسی ہی ہوتی ہے - میں حضور کی اجازت سے اس جریدہ کے بعض خاص خاص عنوانات کا ذکر نہایت اختصار سے کرتا ہوں - مثلاً صفحہ ۵۶ پر عنوان نمبر ۱۳ کے تحت Labour Welfare کا ذکر کیا گیا ہے - عزت مآب وزیر اعلیٰ صاحب کی بجٹ سپیچ میں جو چیز سب سے زیادہ قابل اعتراض معلوم ہوتی تھی وہ یہ تھی کہ لیبر ویلفیئر کے لئے اس موجودہ بجٹ میں آپ نے ایک پائی بھی رقم نہیں رکھی - سارے بجٹ کو پڑھا جائے تو معلوم ہوگا کہ آپ نے لیبر ویلفیئر کے لئے کوئی رقم مخصوص نہیں کی سوائے اس معمولی رقم کے جو رسمی طور پر آپ کو نظر آئیگی - اس کے علاوہ حکومت نے اس اہم مسئلہ کو حل کرنے کی ضرورت محسوس نہیں کی اور اس کو بالکل نظرانداز کردیا ہے لیکن اس کے برعکس پروپیگنڈے کو آپ نے بڑی خوبصورتی اور شد و مد کے ساتھ جاری رکھا ہے - میں اس کی وضاحت نہیں کرتا کیونکہ میرے پاس اتنا وقت نہیں ہے - بہر حال اس جگہ انہوں نے بڑے خوبصورت الفاظ میں اور دلکش پیرائے میں ویلفیئر کا ذکر کیا ہے اور اگر ان کی بجٹ سپیچ کی روشنی میں ان کے ارشادات کا مطالعہ کیا جائے تو صاف طور پر معلوم ہوگا کہ یہ چیزیں محض پروپیگنڈے کے لئے ہیں اور سستی شہرت حاصل کرنے کے لئے ہیں اور وہ اصل مسائل سے

بالکل غافل اور بے نیاز ہیں - حضوروالا - دور سے اگر آپ اس کابینہ کی ایک جھلک دیکھنا چاہتے ہیں تو میں ان کی یہ تصاویر آپ کے سامنے پیش کرتا ہوں (اس مرحلہ پر آنریبل ممبر نے اپنی نشست سے ان تصاویر کو ایوان کے سامنے پیش کیا) حضوروالا - ان رنگین اور دلکش قسم کی تصاویر سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ یہ بوڑھے اور عمر رسیدہ وزراء بالکل نوجوان اور تازہ بتازہ ہیں - (قہقہے) حضوروالا - اس پمفلٹ میں Educational progress کا بھی ذکر کیا گیا ہے - اس سلسلہ میں میں یہ عرض کرونگا کہ جب اس معزز ایوان میں سوالات پوچھے جاتے ہیں تو کہا جاتا ہے کہ اتنے لاکھ بچے تعلیم کا مناسب انتظام نہ ہونے کی وجہ سے آوارہ پھر رہے ہیں -

مجھے آپکی مشکلات کا پورا پورا احساس ہے - حضوروالا - اتقا کی سب سے اولین شرط یہ ہے کہ انسان مبالغہ آرائی سے حتی‌الامکان گریز اور پرہیز کرے - یہاں صورت حال انتہائی حد تک افسوس ناک ہے - جب آپ اس صوبے کی روز افزوں تعلیمی ضروریات کو پورا کرنے سے قاصر ہیں تو پھر آپکو یہ زیب نہیں دیتا کہ آپ اپنی ان نام نہاد اصلاحات اور مساعی کا غلط پروپیگنڈا کرکے یہ بات دنیا کو ثابت کریں کہ آپ کا ملک تعلیمی اعتبار سے سب سے زیادہ ترقی یافتہ ممالک میں سے ہے - حضوروالا - میرا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ ہم اپنی خامیوں - کمزوریوں اور اپنے نقائص کی غیر ممالک کے سامنے تشہیر اور اشاعت کریں - میرا مطلب یہ ہے کہ ہماری کمزوریاں اور خامیاں ہمارا ایک پرائیویٹ اور بالکل خانگی معاملہ ہے لہذا ہمیں اس پر اندر ہی اندر اپنے طور پر نادم ہونا چاہئیے - لیکن حضوروالا ہم یہ بھی نہیں چاہتے کہ آپ ہمارے اس نظریہ سے ناجائز فائدہ اٹھاتے ہوئے ہمیں دنیا کی نظروں میں اور زیادہ ذلیل کریں - آپ اس سے کچھ فائدہ نہیں اٹھا رہے بلکہ آپ اپنے آپ کو فریب نفس میں مبتلا کرتے ہیں اور عوام کو اپنے ان نام نہاد ترقیاتی منصوبوں اور ترقیوں کا ڈھونگ رچا کر گمراہ کرنے کی ناکام کوشش کرتے ہیں - میرے خیال کے مطابق مناسب اور بہتر یہی ہے کہ آپ پوری ایمانداری اور پوری دیانتداری کے ساتھ اپنی خامیوں کا عوام کے سامنے اعتراف کریں اور عوام کو اندھیرے میں رکھنے کی بجائے ان کو صحیح صحیح پوزیشن سے آگاہ کر دیں -

حضوروالا - میں آپ کی اجازت سے یہ عرض کروں کہ عزت مآب وزیر اعلیٰ صاحب بات بات پر جمہوری حکومتوں کا حوالہ دیتے ہیں اور ان کی مثالیں ہمارے سامنے پیش کرتے ہیں - حضوروالا - آپ کو معلوم ہے کہ جنگ کے ایام میں انگلستان کے وزیر اعظم نے جب بھی اپنے جائز قانونی حقوق سے سرمو تجاوز کیا تو جنگ کے خاتمے پر وہاں ان مسائل پر بڑا طوفان برپا ہوا - وہاں کے عوام نے ہنگامی حالات کے ماتحت اپنی حکومت اور وزارت کو غیر معمولی اختیارات تفویض کئے - لیکن ان لوگوں کو جب ذرا بھی اس بات کا احساس ہوا یا شبہ ہوا کہ کسی وزیر نے یا حکومت نے اپنے جائز حقوق سے رتی بھر تجاوز کیا ہے تو جیسا کہ حضور کو معلوم ہے کہ ان لوگوں کے جذبات ایسے معاملات میں بڑے نازک ہوتے ہیں اور آپکو یہ بھی علم ہے کہ ان کو حقوق شہریت اور شہری آزادی اور جمہوری حقوق کا بڑا شدید تر احساس اور پاس ہوتا ہے انہوں نے اس احساس کی بنا پر حکومت سے ایسے مواقع پر ضرور باز پرس کی ہے - میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ہم اپنی وزارت سے جمہوری حکومتوں کی وزارتوں جیسا اتقا اور دیانت کی توقع رکھتے ہیں - جو باتیں ان رسالوں میں ہماری حکومت درج کرتی ان کا نہ سر ہوتا ہے نہ پاوں - ان بے سروپا باتوں کا اصل واقعات سے دور کا بھی کوئی واسطہ یا تعلق نہیں ہوتا - اس لئے ہم چاہتے ہیں کہ ہماری حکومت غیر ذمہدارانہ طریق پر حقیقت سے بعید اور خیالی باتوں کو ایسے رسالوں میں درج نہ کرے کیونکہ ایسا کرنا اس وزارت کو زیب نہیں دیتا -

اس کے بعد جناب‌والا - اس رسالے میں Co-operative movement کا ذکر کیا گیا ہے - حضور کی اجازت سے میں اس کے متعلق چند باتیں عرض کرنا چاہتا ہوں -

صاحب سپیکر :- آپ اس وقت Co-operative movement کو زیر بحث نہیں لاسکتے -

چودھری محمد افضل چیمہ :- جناب‌والا - میں اسے زیر بحث نہیں لانا چاہتا میں صرف اسقدر عرض کرنا چاہتا ہوں کہ انہوں نے اس سلسلہ میں بہت غلط فہمی پیدا کرنے کی کوشش کی ہے - جو باتیں اس میں درج کی گئی ہیں وہ میں سمجھتا ہوں کہ ذہنی طور پر بہت مضر ثابت ہوسکتی ہیں - میں یہ عرض کرونگا کہ حکومت نے Co-operative movement کو محض ایک ضمیمہ سا بنا کر رکھدیا ہے -

صاحب سپیکر :- میں نے پہلے بھی آپ سے کہا ہے کہ آپ Co-operative movement کو زیر بحث نہ لائیں -

چودھری محمد افضل چیمہ :- جناب‌والا - میں اسے زیر بحث نہیں لانا چاہتا میں میں اسے زیر بحث نہیں لاتا -

اس کے بعد جناب‌والا - میں reforming the delinquents کے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں - یہ شعبہ بھی وزیر تعلیم صاحب سے تعلق رکھتا ہے - وزیر تعلیم صاحب بہت ہی حساس واقع ہوئے ہیں وہ بہت جلد ناراض ہو جاتے ہیں - میں جناب‌والا عرض کرونگا کہ جہاں تک Jail Reforms کا تعلق ہے آپ نے -

صاحب سپیکر :- غیر متعلقہ باتیں نہ کیجئیے -

چودھری محمد افضل چیمہ :- جناب‌والا - میں اس رسالے سے چند اقتباسات پڑھکر آپ کو سنانا چاہتا تھا - بہرحال میں جو کچھ عرض کرچکا ہوں مجھے یقین ہے کہ حضور اس سے اس بارہ میں مطمئن ہونگے کہ یہ لوگ کہتے کچھ ہیں اور کرتے کچھ ہیں - لم تقولون مالا تفعلون - (آپ وہ باتیں کیوں کہتے ہیں جس پر خود عمل نہیں کرتے)

وزیر زراعت :- آپ سمجھے نہیں ہیں -

چودھری محمد افضل چیمہ :- خدا معلوم کچھ میری سمجھ میں گڑ بڑ ہے یا آپ بتقاضائے عمر و ضعف پیری کی وجہ سے کچھ نہیں سمجھ سکتے -
بارب وہ نہ سمجھے ہیں نہ سمجھیں گے میری بات -

***Mr. C. E. Gibbon:** (Pakistani Christian and Anglo-Pakistani III): Sir, I beg to move:

That the item of Rs. 5,81,720 on account of Total D-1—Publicity Board be omitted.

Sir, I may be permitted to drawn your attention to page 203.

Mr. Speaker: Of?

Mr. C. E. Gibbon: Of the memorandum and see the reasons which have been given in this increase of nearly forty lakhs of rupees under this particular head.

Mr. Speaker: Page 203?

Mr. C. E. Gibbon: Yes, Sir, I may point out, Sir, that the increase is nearly forty lakhs of rupees on a Department which is styled "the Publicity Board". Or, I think it would have been more correct if the Chief Minister called it "his Department of Practical Politics" because that is the term which he used the other day for describing.....

Mr. Speaker: Where is this increase of forty lakhs? I do not find it on page 203.

Mr. C. E. Gibbon: Open page 659 of the Budget, Item D-Publicity Board, the revised estimates for 1954-55 say that Rs. 5,51,300.....

Mr. Speaker: Your cut motion relates to the item of Rs. 5,81,720...

Mr. C. E. Gibbon: The reasons given for this increase will be found on page 203. The increase in D-Publicity Board is due to the following reasons:—

(1) Creation of additional posts in the course of the current financial year,

(2) Payment of arrears of pay and Deputation Allowance to the Director of Public Relations due to re-fixation of his pay,

(3) Starting of the publication of the fortnightly Urdu Journal "Punjab", and

(4) Increased provision under "contingencies" on account of increase in the activities of the department.

Now, Sir, if you would be so kind as to turn to page 665 of the Budget let us see whether this increase is justifiable or not, particularly in view of the fact that we have heard it time and again that our Province is facing financial crises and that we are very much in the soup. The first thing to be decided is that where this Department is serving any useful purpose and whether the funds that is nearly five lakhs and eighty one thousand rupees is being put to useful purpose. What I know and from what everybody knows this Department is nothing else but a drain on the Public Exchequer and as a matter of fact it is an appendage of the Ruling Party which happens to be the Muslim League. This Department might very well be styled "the Publicity Department of the Muslim League". Because all its activities and every penny that is being used on it is for either promoting or advertising the nefarious activities of this Government. And these nefarious activities can very easily be made known by their actions rather than spending nearly five lakhs eighty one thousand rupees

on informing the Public about it. Let us cast our eye down the Budget Provisions. We start with the Director. He is to be paid about Rs. 2,000/- a month to be the Chief Spokesman of this Political Organisation. In other words he is known to-day as the "Conscience Keeper of this Government". And as you go further down you will find what a tremendous waste there is of men, material, money and every thing else. You have Technical Officers, Assistant Directors, Administrative Officers and the like. And you come down to the Editor as well who is to be paid three thousand rupees for editing what every man in the street has described as "a bit of trite". This is the thing to which my Honourable Friend, Chaudhri Muhammad Afzal Cheema drew attention a short while ago. This fortnightly journal is called "Punjab" but the man in the street aptly refers to this bit of paper as "trite". Now, Sir, the Editor of this Paper is to be paid three thousand rupees in a year and then there is leave salary and all that sort of business. You will find Article Writers, Clerks, Daftries, Peons, so on and so forth. And lower down under the head Publication for the Fortnightly Urdu Journal" you will find "Paper Printing charges" thirty four thousand rupees and other contingencies Rs. 9,140.

Now, Sir, I put it to you apart from the colossal amount of money which the Public Exchequer is being asked to find for maintaining a Publicity Department we have to find another Rs. 41,000 in order to purchase paper and to meet other contingent expenditure attached to this bit of "trite". Now who on earth in this Province takes the trouble to read this thing except the Honourable Ministers and their Parliamentary Secretaries because this actually is their private newspaper. Every issue of this Paper depicts them in some form or the other: either they are standing up, sitting down and in most cases going to sleep. All this is entirely bogus. These pictures do not depict true facts and I think it is a colossal waste of money, time and funds which the Public can hardly bear to give these days to produce something like this. It is not worth two Kories and for that even a Kabari is not prepared to pay twelve annas per seer.

Sir, the Chief Minister gave us an assurance that he would do everything, humanly possible, to cut down wasteful expenditure. But the more I read this Budget and the more I read the Memorandum I feel that the Chief Minister, advised and aided by his other Ministers, has done everything possible this year to waste Public funds. And this is one of the Departments which has a reputation for wasting Public funds as much as the Public Works Department has a reputation of eating up the Public funds.

This is one of the Departments which has a reputation for wasting public funds as much as the P.W.D. has a reputation for eating up the public funds. The starting of a publication of a fortnightly Urdu Journal in the Punjab is quite unnecessary. This requires no advertisement and no publicity at all because even a man in the street knows all about its affairs and knowns how highly corrupt it is; he knows how in capable it is of doing anything constructive; he knows each and everyone of Honourable Ministers he knows their backgrounds, their capabilities, their educa-

tional qualifications, their faults and failings. Now, I can only find one excuse for spending so much money on an absolutely useless organisation like the Publicity Board. Since the Publicity Board is a mis-nomer, I think it would not be out of place if I were to say that this organisation be called as a Department of practical politics. As far as this Government is concerned, I think it is a commonly known fact that the politics of this Government when put into practice often means all for power party and nothing for the people; all for policy and nothing for principle; all for power and nothing for Province. Rs. 5,81,000/- just for that is a criminal waste of public funds and as soon as this Department is closed down, the better because it serves no useful purpose in any shape or form. As a matter of fact I have every reason to believe that in certain instances the officers of this Department acted as a sort of C.I.D. for this Government. They have been known to be present in certain social functions where people talk as we say, Sir, off the record, where people exchange views, and they convey to the Honourable Ministers what has been said off the record. The result is that some poor unfortunate persons, ever sometimes an honourable member of this House as in the case of Qazi Sahib, find themselves either confined to their villages or landed in jail because some-one from this Department over-heard and off the record conversation at a social function and because he is an officer of the Publicity Department, he has a right or it is his duty to carry a distored story to his Minister. Why should Rs. 5,81,000/- be spent on this sort of black-mailing. That is what this Department is kept for. It is not only the question of practical politics but it is nothing else but black-mailing or for suiting the personal convenience of Honourable Ministers.

Mr. Speaker: Any reply?

وزیر تعلیم :- (عزت مآب چودھری علی اکبر خان) - جناب والا آنریبل چودھری محمد افضل چیمہ نے اپنی تقریر کے شروع میں پبلیسٹی کی غرض و غائت تو خود بیان فرمادی تھی لیکن میں اس سلسلہ میں تھوڑی سی وضاحت کرنا چاہتا ہوں - انہوں نے تسلیم کیا ہے -

چودھری محمد افضل چیمہ :- پرائنٹ آف آرڈر - (ایک معزز رکن کی طرف اشارہ کر کے انہوں نے یہ ظاہر کیا کہ وہ کس مزے سے سو رہے ہیں -)

صاحب سپیکر :- لیکن وہ ہاوس کی کارروائی میں خلل انداز نہیں ہو رہے (اس اثنا میں معزز ممبر جاگ پڑے)-

وزیر تعلیم :- حضور والا - ہر حکومت کیلئے یہ ضروری ہے کہ وہ عوام کو اس بات سے آگاہ رکھے کہ انکی حکومت انکی بہتری کیلئے کیا کیا کام کر رہی ہے اور اس سلسلہ میں اسکے کیا عزائم ہیں اور کونسی سکیموں پر وہ عمل کرنا چاہتی ہے - اس غرض کیلئے نہ صرف پریس اور ریڈیو کا استعمال ضروری ہے بلکہ پمفلٹ شائع کرنا - تقریریں کرنا اور فلموں کے ذریعہ سے پروپیگنڈا کرنا بھی از بس ضروری ہے - چنانچہ ان اغراض کو پورا کرنے کیلئے پبلیسٹی بورڈ ضرور ہونا چاہئیے - جیسا کہ ہماری موجودہ حکومت نے قائم کیا ہوا ہے اور ابھی آپ کے سامنے چودھری محمد افضل صاحب چیمہ نے تقریر فرمائی ہے - انہوں نے آپ کے سامنے رسالہ پنجاب یا اس پمفلٹ میں حکومت کی سرگرمیوں کے متعلق جو کچھ شائع کیا گیا وہ پیش کیا لیکن انہوں نے نہ تو کوئی ایسے حقائق بیان کئے اور نہ کوئی ایسی

بات کہی جس سے ہمیں کوئی فائدہ پہنچتا اور نہ ہی کوئی ایسی مفید تجویز پیش کی جس پر عمل کرکے ہم پبلسٹی کو زیادہ بہتر بنا سکتے - انہوں نے اپنے آپ کو "مزاقیہ" بنانے کی کوشش کی اور اکثر وزراء کی شکلیں انہیں پسند آئیں اور کچھ کے متعلق ان کا یہ خیال تھا کہ وہ انہیں نہیں بھائیں - وہ خود نہایت حسین و جمیل آدمی ہیں (قہقہہ) اور میں بھی اسی ضلع سے تعلق رکھتا ہوں جہاں کے لوگوں کو یہ خوش نصیبی حاصل ہے کہ انہوں نے ایک حسین و جمیل آدمی کو اپنا نمائندہ منتخب کرکے بھیجا ہے تاکہ وہ اپنی مثال پیش کرکے دوسروں پر اعتراضات یا تنقید کرسکیں - (چودہری محمد افضل چیمہ - چوڑ کی داڑھی میں تنکا) آپ نے بجا فرمایا ہے چور کی داڑھی میں تنکا - کیا آپکو یہ خیال ہے کہ میں صحیح بات نہیں کہہ رہا - بہر حال یہ تو جملہ معترضہ تھا اور اس کی ضرورت اسلئے محسوس ہوئی تھی کہ اگر واقعی چودھری صاحب کوئی نقائص بیان فرماتے یا کوئی تجویز پیش کرتے تو ان کے بارے میں میں کچھ عرض کرتا لیکن انہوں نے باتیں ہی ایسی کہی ہیں لہذا ان کا جواب بھی ایسا ہی ہوسکتا ہے - اس کے علاوہ پنجاب کا رسالہ گزشتہ ایک سال سے کام کررہا ہے اور وہ حکومت کی تمام سکیموں اور کارہائے نمائیاں کی صحیح پبلسٹی کررہا ہے - انہوں نے یہ بھی کہا کہ ڈیرہ غازی خان کے گھوڑے اور بیل اچھے ہوتے ہیں لیکن ان کے ساتھ بلوچیوں کا ذکر کیوں کردیا ہے - بلوچ ہمارے صوبہ کی ایک قابل فخر قوم ہے - اگر اس رسالہ میں انکا ذکر کیا گیا ہے - کہ وہ اچھے ہوتے ہیں تو اس میں بری بات کیا ہے -؟ اگر چودھری صاحب چاہتے تھے کہ گھوڑوں کی بجائے انکا نام درج کردیا جائے تو وہ بھی کردیا جائیگا - ڈیرہ غازیخان کے لوگ واقعی شجاع اور خدمتگزار لوگ ہیں جو اچھے اچھے گھوڑے اور بیل پال کر سارے صوبے کی خدمت کررہے ہیں - مسٹر گبن نے اپنی تقریر میں بار بار یہ کہا ہے کہ پبلسٹی ڈیپارٹمنٹ مسلم لیگ کا پروپیگنڈا کرتا ہے - اور پریکٹیکل پالٹکس میں حصہ لیتا ہے - حالانکہ مسلم لیگ والوں کو اس محکمہ سے یہ شکایت ہے کہ یہ انکی اطاعت نہیں کرتا - مسلم لیگ وہ جماعت ہے جسکی کوششوں سے پاکستان معرض وجود میں آیا تھا - یہ وہ جماعت ہے جسکے سب سے بڑے بانی قائداعظم رحمتہ اللہ علیہ نے پاکستان بناکر مسلمانوں کو دیا - مسلم لیگ وہ جماعت ہے جو تمام مسلمانوں کی جماعت کہلانے کا حق رکھتی ہے - اسلئے اگر یہ محکمہ اسکا پروپیگنڈہ کرے تو جائز ہے - کیونکہ یہ مسلمانوں کا ملک ہے جو مسلم لیگ کی کوششوں سے ملا - اسلئے اگر اس حکومت کا روپیہ مسلم لیگ کے پروپیگنڈے پر صرف ہو تو وہ اسکا ناجائز مصرف نہیں ہوگا - (قطع کلامیاں) - لیکن ایسا نہیں ہورہا - میں پورے وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ پبلیسٹی ڈیپارٹمنٹ مسلم لیگ کا پروپیگنڈہ نہیں کرتا -

بیگم شاہنواز :- حضوروالا - کیا میں آنریبل وزیر سے ایک سوال دریافت کرسکتی ہوں ؟ کیا وہ مسلم لیگ جسکا وہ ذکر سن رہے ہیں کہیں موجود بھی ہے ؟

وزیر :-جی ہاں - اور میری محترم بہن اسکی ممبر ہیں اور مسلم لیگ اسمبلی پارٹی کی ممبر کی حیثیت ہی سے یہاں تشریف فرما ہیں - مسٹر گبن نے اپنی تقریر میں سوائے اسکے کوئی معقول بات نہیں کی - جہاں تک پندرہ روزہ "پنجاب" کے اخراجات کا تعلق ہے ہم پہلے ہی اس سلسلہ میں کفایت شعاری سے کام لے رہے ہیں - ہم نے ایڈیٹر کی اسامی پچھلے سال سے "سرنڈر" Surrender کردی ہوئی ہے - اب یہ کام ایک انفرمیشن آفیسر کے سپرد ہے جنہیں صرف ایک سو روپیہ ماہوار زائد الاونس ملتا ہے - آئندہ سال کیلئے بھی یہی انتظام رہیگا - پبلیسٹی بورڈ نے گزشتہ سال جو کام کیا ہے وہ ایسا ہے کہ اسکی بجا طور پر تعریف کی جاسکتی ہے - حکومتیں اس کام کیلئے بیشمار رقوم مخصوص کرنے کی ضرورت محسوس کرتی ہیں - لیکن ہم یہاں تھوڑے سے خرچ سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھا رہے ہیں - یہ محکمہ حکومت کی ان پالیسیوں کی وضاحت کرنے کے علاوہ جو عوام کے فائدہ کیلئے اختیار کی جاتی ہیں پریس کو صحیح خبریں مہیا کرنے کا فرض بھی انجام دیتا ہے تاکہ عوام تک صحیح خبریں پہنچ سکیں - چودھری صاحب نے ایک وعظ فرمایا تھا جسکے لئے میں انکا مشکور ہوں - انہوں نے یہ بھی کہا ہے کہ ہم پبلیسٹی میں مبالغے سے کام لیتے

ہیں لیکن انہوں نے یہ وضاحت نہیں فرمائی کہ وہ کونسی باتیں ہیں جن میں ہم مبالغے سے کام لیتے ہیں - ہم تو ہمیشہ جو کرتے ہیں وہی لوگوں کو بتانے کی کوشش کرتے ہیں - ہم یہ کوشش نہیں کرتے کہ جو کچھ ہم نہیں کرتے خواہ مخواہ اسکی نیکنامی لینے کی کوشش کریں - ہم تو خود یہ چاہتے ہیں کہ ہم جتنا کام کریں اتنا ہی لوگوں کو بتایا جائے - کیونکہ یہی پبلسٹی کا بہترین طریق ہے - ورنہ عوام کو محض سبز باغ دکھائے جائیں تو پھر بعد میں انکی دلشکنی ہوتی ہے - حکومت عوام کی بہتری کیلئے جو سکیمیں تیار کرتی ہے یہ محکمہ انکی فلمیں تیار کرکے لوگوں کو دکھاتا ہے - تاکہ وہ پوری طرح باخبر رہیں - یہ چند فرائض ہیں جو اس محکمہ کے لوگ پوری طرح ادا کر رہے ہیں - جیسا کہ میں پہلے عرض کرچکا ہوں اس کام کیلئے بہت زیادہ روپیہ درکار ہے لیکن ہم کفایت شعاری سے کام لے کر تھوڑے روپیے میں ہی کام چلا رہے ہیں -

چودھری محمد افضل چیمہ :- حضورِوالا میں نے عزت مآب وزیر تعلیم کے ارشادات کو پورے غور سے سنا ہے اور حضور کو علم ہے کہ جب وہ تقریر فرماتے ہیں تو ہم تن تقریر ہوتے ہیں - یعنی انکے ہاتھ انکا سر انکی ٹانگیں غرضیکہ انکے تمام اعضا و جوارح حرکت کرتے ہیں اور وہ مجسم تقریر ہو جاتے ہیں - انہوں نے بجا طور پر شکایت فرمائی ہے کہ میری بہت سی باتیں یا شاید ساری کی ساری باتیں انکی سمجھ سے بالاتر ہیں - انہوں بجا طور پر یہ شکایت ہے کہ میری باتوں سے انکا ذہن پست تر ہے -

حضور والا ! سب سے پہلے انہوں نے پندرہ روز "پنجاب" کے اس اقتباس کی تشریح میں جو میں نے یہاں پیش کیا تھا جن نزاکت آفرینوں سے کام لیا ہے میں انکے جواب میں حضور کی اجازت سے وہ اقتباس ایک دفعہ پھر کسی زیر زبر کے ردوبدل کے بغیر بعینہ یہاں پڑھتا ہوں -

"ضلع ڈیرہ غازیخان کے اعلیٰ قسم کے بلوچ اور سانگھڑی نسل کے گھوڑے اور داجل نسل کے بیل خاصی اہمیت کے حامی ہیں -"

(قہقہے)

میرا اعتراض یہ نہیں کہ بلوچ بحیثیت طبقہ یا قوم بہترین قسم کے لوگ نہیں ہوتے - میرا اعتراض یہ تھا کہ جہاں تک گھوڑوں کا تعلق ہے وہ سواری کے کام آتے ہیں - بیل ہل جوتنے کے کام آتے ہیں لیکن یہ بلوچ کس کام آتے ہیں - کیا وہ وزرات کی گاڑی کھینچنے کیلئے استعمال ہوتے ہیں ؟

صاحب سپیکر :- اگر آنریبل ممبر کا یہ خیال ہے کہ دوسرے معزز اراکین کے ذہن انکی باتوں سے پست تر ہیں تو میں کم از کم انہیں خوب سمجھتا ہوں - انہیں ایسی باتوں سے اجتناب کرنا چاہئیے -

چودھری محمد افضل چیمہ :- بہتر جناب - آنریبل وزیر کو دوسری شکایت یہ تھی کہ میں نے انکی خدمت میں کوئی عملی تجویز پیش نہیں کی - میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ جو پبلسٹی کا محکمہ ہے اسے انکی ایک پیشرو حکومت نے جاری کیا تھا -

اس کے بعد دولتانوی دور میں اس محکمہ کو ایک پولیٹیکل ریلیشنز یا سیاسی تعلقات کے محکمہ کے طور پر استعمال کیا گیا اور آپ تو اب اس کو بالکل تعلقات مخصوص یعنی پرسنل ریلیشنز کے طور پر استعمال کر رہے ہیں - میں نے یہ عرض کیا تھا کہ اگر آپ اسلامی معاشرہ کی تشکیل -

صاحب سپیکر :- آپ ان کی باتوں کا جواب دیجیئے اور آپ کا وقت بھی ختم ہو چکا ہے -

چودھری محمد افضل چیمہ :- حضورِوالا میں کچھ ٹھوس تجاویز پیش کرنا چاہتا تھا لیکن اب میں یہی باتیں خلوت میں ان کی خدمت میں عرض کرونگا -

***Mr. C. E. Gibbon:** (Pakistani Christian and Anglo-Pakistani).

It gives me a great deal of pleasure when I have to say a few words in reply to the points made by the Honourable Minister for Education. He gives me the impression of a person who represents two sides to a question. His is the wrong side. He made the statement that this Department is not being used for political purposes. He never took the trouble to look at the Budget and to see that provision is made in this Budget for public meetings. And these public meetings are held and conducted by whom Sir? Are they conducted by the Members on this side of the House? Are they conducted by persons outside this House? Sir, they are conducted by the Honourable Ministers themselves. And even in certain cases, Sir, as you have yourself observed, in places where Section 144 prevails even Section 144 has been removed in order to make it possible either for the Chief Minister or for the Honourable Minister of Education or for some other Minister to hold and address a public meeting.

Minister of Education: When?

Mr. C. E. Gibbon: And who makes arrangements for these meetings. Does the Minister make these arrangements? No. The whole machinery of Government, right from the Deputy Commissioner down to the Information Officer and Photographers run about to make these arrangements. They are all tied up in making arrangements for that public meeting. And where are they paid from? Are they paid from the Muslim League funds? Do they draw their salaries from private source? They draw their allowances and pay from the Public Exchequer. And in this particular case where they use the Publicity Officers, or Photographers or the "Film Walas" or the Carpenters or anybody else, there is a provision in this Budget. And my learned Friend, the Minister for Education, will say: "Arrangement for Public meetings—Rs. 9,020/-. Now, Sir, how can he face time and again.....

Minister of Education: Not for political purposes.

Mr. C. E. Gibbon: The Honourable Minister for Education has said that this Department is not being used for political purposes. There was another point which he made and that it this. He said that every Government requires some sort of Organisation whereby they could tell the people "What it has done" "What it is doing" and "What it intends to do". I agree with him but the trouble is that it is no Government. It is a rubble as far as we are concerned. According to them there may be a Government but according to the man in the street it is nothing else but a rubble—a monopoly organised on Democratic lines. So the sole purpose is to use funds from the Public Exchequer for the good of the people. It certainly requires an organisation and fund to do as much publicity as they can possibily do to tell the people what they are doing in the interest of the people. As I have said just now and it is no use saying again that whatever comes out of this Department is merely the poses of Ministers. The photograph of the Minister of Education or the photographs of the Minister of Agriculture touring the food-stricken areas.

Mr. Speaker: Do you want me to put this motion to the House?

Mr. C. E. Gibbon: Definitely.

Mr. Speaker: The question is—

That the item of Rs. 5,81,720 on account of Total D-1—Publicity Board be omitted.

The motion was lost.

Mr. Speaker: The question is—

That the item of Rs. 3,830 on account of D-1—Publicity Board—Information Officer be omitted.

The motion was lost.

Mr. Speaker: The question is—

That the item of Rs. 3,000 on account of D-1—Publicity Board—Editor be omitted.

The motion was lost.

Mr. Speaker: The question is—

That the item of Rs. 5,81,720 on account of Total D-1—Publicity Board be omitted.

The motion was lost.

چودھری محمد افضل چیمہ :- (لائلپور - نمبر ۹ - مسلم)

Sir, I beg to move:

That the item of Rs. 53,000 on account of Total E—Irrecoverable temporary loans and advances written off be omitted.

حضور والا ! یہ ایک بڑی عجیب و غریب قسم کی مد ہے - ۵۳ ہزار روپیہ کے جواز میں یہ ارشاد فرمایا گیا ہے کہ ناقابل وصولی عارضی قرضجات اور پیشگی رقوم جو خورد برد ہوگئی ہیں ان کے سلسلہ میں ۵۳ ہزار روپیہ کی رقم عطا کی جائے - اس سے پیشتر اس معزز ایوان میں جس قدر تجارت پیش ہوتی رہی ہیں ان میں بالعموم مسئلہ زیر بحث مصارف کی کمی بیشی کا ہوتا تھا - اگر اس طرف سے یہ استدعا کی گئی کہ فلاں مصرف کچھ ایسا ہے کہ اس میں اسراف و تبذیر سے کام لیا گیا ہے - تو جواباً یہ ارشاد ہوا کہ

یہ مصرف نہایت اہم ہے اور اس کے لئے کہیں زیادہ روپیہ درکار ہے لیکن حضورِوالا ! یہ مد بجائے خود بڑی عظیم المثال قسم کی مد ہے - حضور کو یاد ہوگا کہ جب لینڈ یورٹیلائیزیشن بل معزز ایوان میں زیر بحث تھا اور حکومت غیر مزروعہ اور افتادہ آراضیات کو زیر کاشت لانے کے لئے لوگوں کو روپیہ تقاوی قرضوں کی شکل میں دینا چاہتی تھی - ہم لوگوں نے اعتراض کیا کہ یہ قرضہ جات سودی قرضہ جات نہیں ہونے چاہئیں - حضورِوالا ! جب گورنمنٹ جو بجائے خود اس صوبہ کی سب سے بڑی ہیئت حاکمہ یا اتھارٹی ہے اور جس کی آغوش میں اس قسم کے سود خوار لوگ پائے جاتے ہیں جو بغیر کسی قانونی سہارے کے لوگوں سے ڈنڈے کے زور سے دس گنا اور بیس گنا سود وصول کرتے ہیں - میری مراد سود خوار پٹھانوں کے اس گروہ سے ہے جن کی تعداد اس حکومت کے دارالسلطنت میں کوئی معمولی تعداد نہیں ہے -

کیا حکومت کے بقایا ایسے بھی ہیں جو بغیر کسی ریکارڈ - بغیر کسی Promissory No یا قانونی سہارے کے ہوں ؟ کیا بعض لوگ ایسے بھی ہیں جو ڈنڈے کے زور سے حکومت کا خون چوسنے کی جرات کرتے ہیں ؟ میں حیران ہوں کہ آخر وہ کون سے باغی اور سرکش ہیں جن کی پناہ حکومت کی آغوش میں ہے - اور جو ایسے جابر اور وسیع الاختیار ہیں کہ بغاوت اور سرکشی کی تاب رکھتے ہیں - بہر صورت ہم یہ چاہتے ہیں کہ ۵۳ ہزار روپیے کی اس رقم کی تفصیلات بتائی جائیں - اور جوابی تقریر میں اس کی وضاحت فرمائی جائے - ہمیں تو آپ کی Memorendum میں کہیں اس کا ذکر نہیں مل سکا - اس ۵۳ ہزار روپیے کی رقم جسے آپ نے ناوہندہ اور ناقابل وصولی قرضہ جات کہہ کر خورد برد سمجھ لیا ہے اس سلسلے میں اس معزز ایوان میں ان مردان کار اور بہادران جری کا ذکر ہو جانا چاہئیے تاکہ ہمیں پتہ چل جائے کہ وہ کون سے حضرات ہیں جو اس حد تک بغاوت اور سرکشی کی جرائت رکھتے ہیں - کیا اس میں کوئی اور سیاسی مصالح - توجیہات اور شفقات کو تو دخل نہیں جن کی بنا پر ہماری حکومت تشدد اور سخت سلوک روا رکھنے کی بجائے نرمدلی کا سلوک روا رکھنا چاہتی ہے ؟ میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ وہ کون لوگ ہیں جن کے متعلق ان دلوں میں نرم گوشہ پایا جاتا ہے ؟

حضورِوالا - آپ کو معلوم ہے کہ جب حکومت کے کسی شعبے کی کوئی رقوم عوام کے ذمے کسی نہ کسی لحاظ سے واجب الادا ہوں تو ان کی وصولی کیلئے ہر قانون میں اس قسم کی ایک شق رکھ دی جاتی ہے جس کی رو سے وہ رقوم بطور Arrears of Land Revenue وصول ہوسکتی ہے - ڈسٹرک بورڈوں کے جواب مواجبات بھی تحصیلداروں اور دیگر سرکاری ملازمین کے ذریعے اسی طرح وصول کئے جاتے ہیں - اس معاملے میں قانون اس قدر سخت اور شدید نوعیت کا ہے کہ خود بخود ہی ایسے لوگوں کو پکڑ لیا جاتا ہے اور ان پر گرفت ہو جاتی ہے - یہ کارروائی بالواسطہ یا بلا واسطہ ایسے لوگوں کے ذریعے بھی کی جاتی ہے جن کا خود اس محکمے سے کوئی تعلق نہیں ہوتا - اور پھر لطف یہ ہے کہ ایک ایسا محکمہ جو مختلف حالات میں مختلف رقوم بطور Arrears of Land Revenue وصول کرتا ہے اور ان کی وصولی کے سلسلے میں نمبرداروں کو بلاوجہ گرفتار بھی کرلیا جاتا ہے اور اکثر ان کے وارنٹ گرفتاری بھی جاری کردئے جاتے ہیں - ہم اس وزارت سے دریافت کرنا چاہتے ہیں کہ آخر ان ۵۳ ہزار روپیے کی رقوم کی تفصیلات کیا ہیں ؟

حضورِوالا - عام طور پر ہم دیکھتے ہیں کہ کاروباری اداروں میں اسی قسم کا ایک خورد برد والا کھاتہ ہوتا ہے - چنانچہ کوآپریٹو ڈیپارٹمنٹ کے جو رجسٹر ہوتے ہیں ان میں بھی قرضہ جات کی ایک مد ہوتی ہے جس کا یہی مقصد ہوتا ہے - جو

Under Liquidation یعنی منسوخی کے سلسلے میں سوسائیٹوں کے مراجبات میں ڈال دی جاتی ہیں - بیوپاریوں کے کھاتوں میں بھی کھوٹ بٹہ کا ایک کھاتہ ہوتا ہے - مگر آج پہلی مرتبہ اس امر کا انکشاف ہوا ہے کہ ہماری حکومت نے بھی ایک کھوٹ کھاٹ کا کھاتہ کھول رکھا ہے جس میں خورد برد کی یہ ۵۳ ہزار روپیے کی رقم رکھی گئی ہے - یہ کس قدر جرأت کا مظاہرہ ہے ؟-

چہ دلاورست دزدے کہ بکف چراغ دارد

یہ ناقابل وصولی قرضہ جات اس طرح منسوخ کرنے کیلئے ۵۳ ہزار روپیے کی منظوری اس ایوان سے طلب کی گئی ہے - میں حضور کی وساطت سے حکومت سے استرعا کرونگا اگرچہ حضور بارہا یہ ارشاد فرما چکے ہیں کہ ہم وزرائے کرام کو جواب دینے پر مجبور نہیں کرسکتے تاہم میں حضور سے استرعا کرونگا کہ حضور اپنے تمام تر عموی اور خصوصی اختیارات استعمال کرتے ہوئے وزیر متعلقہ سے کہیں کہ وہ میری گزارشات کے پیش نظر اس ۵۳ ہزار روپیے کی رقم کی تفصیلات اس معزز ایوان کے سامنے پیش کریں -

Mr. Speaker : Demand under consideration, motion moved is :—

That the item of Rs. 53,000 on account of that E—Irrecoverable temporary loans and advances written off be omitted.

میاں عبدالباری :- (لائل پور- حلقہ نمبر ہفتم مسلم)- جناب صدر - چیف صاحب نے ۵۳ ہزار روپیے کی رقم کے متعلق جو ارشادات فرمائے ہیں میں ان کی پر زور تائید کرتا ہوں - یہ رقم واقعی ہم سب کیلئے معمہ بنی ہوئی ہے - بدقسمتی سے وزیر خزانہ موجود نہیں ہیں اس لئے میں جناب کی وساطت سے وزرائے کرام سے درخواست کرتا ہوں کہ ان میں سے کوئی رقم کی تفصیلات کی ضرور وضاحت فرمائیں -

وزیر مال :- (عزت مآب مسٹر مظفر علی خان قزلباش) - جناب صدر - یہ رقم دراصل تقاوی قرضہ جات پر خرچ ہوئی تھی - یہ رقم جس کے متعلق اتنا شور مچایا جارہا ہے اور کہا جاتا ہے کہ اسے کیوں strike off کیا جارہا ہے - یہ وہ رقم ہے جو -

Sir, the honourable member has spoken on Taqavi Loans which we usually give to tenants and other people for affecting improvements in agriculture, for sinking tube-wells and doing other things. Now, a certain sum was given in 1947 and 1948 and 1949 to refugees and these refugees are a floating population. Chaudhri Muhammad Afzal Cheema was quite right when he said that we have got the law of getting these things back as land revenue. Why is it that we cannot collect this amount and why we want to write off that amount. This money was given to these refugees when they came over and they were a floating population. Well they cannot be traced today. Therefore, instead of taking this on from year to year as arrears we want to write it off. And this sum it not a very big sum. I think it is about fifty three thousand and it is distributed under different heads. And I may assure the honourable member that as far as the Taqavi loans are concerned we are very strict about them. We take these loans back from all the people who have received such loans. But we cannot help in the case of such people who are no longer traceable either by the Police or anybody else. Government wants to help people by giving Taqavi loans to put more tubewells and to sink more wells so that it may help in the increase of food production. As far as that money asked by Mian Shafi is concerned I would say that these refugees are not traceable.

چودھری محمد افضل چیمہ - (لائل‌پور ۹ مسلم)

حضورِ والا - عزت‌مآب وزیر مال صاحب نے جواباً ارشاد فرمایا ہے کہ ۱۹۴۷ع سے لیکر تین سال کے عرصہ میں مختلف اوقات پر مہاجرین کو تقاوی قرضہ جات دئے گئے -

حضور والا - چاہئے تو یہ تھا کہ تین الگ مدات کا الگ الگ ذکر ہوتا - سب سے پہلے ریکلیمیشن آفیسر ہے - آپ غور فرمائیں کہ اس کا تعلق کسی مہاجر کے قرضہ سے نہیں ہوسکتا - پھر ڈائرکٹر انڈسٹریز ہے ظاہر بات ہے کہ حکومت نے کسی مہاجر کو تقاوی قرضہ ڈائرکٹر کی معرفت نہیں دیا - البتہ فینانشل کمشنر کے پاس ۵۰۰۰۰ روپیہ ہوتا ہے چاہئے تو یہ تھا کہ اس میں سے دیکھ کر سال وار اس کی تفصیل بیان فرماتے -

وزیر مال :- میں نے اس کو Sub Heads میں شمار کیا ہے -

چودھری محمد افضل چیمہ :- اگر آپ یہ فرماتے کہ وہ مقروض لوگ جن کو آپ نے اس قسم کی امدادی رقم عطا فرمائی ہیں - بے حد مفلس نادار اور دیوالیہ ہوچکے تھے اور آپ مناسب طریقہ پر اس بارگران کو کالعدم قرار دے دیتے یا اسے Write off کر دیتے تو اس طرف بیٹھنے والوں کو کوئی اعتراض نہ ہوتا - بلکہ آپ کے ان نیاز مندوں کو بے حد مسرت ہوتی لیکن آپ تو انہیں Trace کرنے سے قاصر رہے ہیں - اس سے زیادہ حکومت کی نا اہلی اور inefficiency تغافل اور تساہل کا اور کیا ثبوت ہوسکتا ہے؟ مجھے زیادہ تفصیل میں جانے کی ضرورت نہیں -

جس طرح مارشل‌لاء کے دوران میں ہر ناممکن بات بہ‌نوک شمشیر ممکن ہوگئی تھی اسی طرح آپ بھی کم از کم مفت کرم داشتن کے مصداق ان کی مالی حالت کا جائزہ لے کر معاف کردیتے - تو ہم بطیب خاطر منظور کرلیتے - اس طرح آپ ثواب‌دارین حاصل کرلیتے جب یہ ارشاد ہوا کہ آپ Trace کرنے سے قاصر ہیں - اس سے یہی پتہ چلتا ہے کہ آپ چپکے چپکے حیلوں اور بہانوں سے لوگوں پر Taxation بڑھانا چاہتے ہیں -

Mr. Speaker: The question is:—

That the item of Rs. 53,000/- on account of Total E-Irrecoverable temporary loans and advances written off be omitted.

The motion was lost.

The Assembly then adjourned for Asar Prayers.

The Assembly reassembled after Asar prayer. Mr. Speaker in the chair.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: (Lyallpur IX Muslim): Sir, I beg to move:—

That the item of Rs. 67,46,240 on account of J—Miscellaneous and Unforeseen Charges be reduced by Rs. 7,46,240.

حضورِوالا - اس عنوان کے ماتحت مختلف مدات کیلئے بڑی بڑی رقمیں وقف کی گئی ہیں جن کا میزان ۱۰ لاکھ ۴۶ ہزار اور ۲ سو اور ۴۰ روپیے بنتا ہے - اس کی وضاحت صفحہ ۶۶۹ پر مختصراً اور اجمالیوں کی گئی ہے -

Detailed Account No. 57-Miscellaneous—Miscellaneous and Unforeseen Charges.

Home Secretary for Board of Film Censors and other charges—Rent of Trunk Telephone Lines, and grant of scholarships to Navel Military Cadets.

Chief Secretary for other Charges—Rewards for Intelligence Service Allowance to

اس کے بعد بڑے مشکل اور ثقیل قسم کے الفاظ ہیں یعنی

Durkanis and Dudianis, cost of practice ammunition for the Bozdar and Qissrani tribesmen. Allowance to Tribes (Dera Ghazi Khan district), Rewards and Entertainments to Envoys and Chiefs (Tribal Areas Dera Ghazi Khan district) Demarkation of Boundaries between Pakistan and Pakistan State, State Guests Rewards to Sailors, Soldiers and Airmen for acts of gallantary in the War and Recovery of Abducted Women.

یہ میں صفحہ ۶۶۹ سے پڑھ رہا ہوں اور اس عنوان کے ماتحت مزید یہ لکھا ہے -

and Secretary to Government and Financial Commissioners.

وغیرہ وغیرہ - اس کے بعد "خلاصے" میں سولہ یا سترہ کے قریب مختلف مدات کیلئے مختلف رقمیں رکھی گئی ہیں - سب سے پہلے میں حضور کی اجازت سے بورڈ آف فلم سنسرز کے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں - ہماری حکومت اور اس کی پیش رو حکومت نے بھی بچوں کی مناسب تعلیم و تربیت کیلئے اور ان کو مخرب الاخلاق چیزوں سے محفوظ رکھنے کیلئے قانون کا سہارا لیا ہے - حضورِوالا میں یہ عرض کردینا چاہتا ہوں کہ اخلاق کی تعمیر اس قسم کے قانونی سہاروں سے کبھی نہیں ہوسکتی - بہر حال یہ بورڈ فلموں کا جائزہ لینے اور ان کے موزوں یا غیر موزوں ہونے کے متعلق فتوی دینے کے متعلق معرض وجود میں آیا ہے - ہم اس کارروائی سے مطمئن نہیں ہیں - مجھے خود ذاتی حیثیت سے فلمی دنیا کا کوئی تجربہ نہیں ہے - میری معلومات اس سلسلہ میں بالکل سماعی نوعیت کی ہیں - آج سے چار روز پیشتر کا ذکر ہے کہ عزت مآب قائد حزب اختلاف نے مجھے ایک فلم کا اشتہار دکھایا تھا -

صاحب سپیکر :- آنریبل ممبر کی موشن ساری رقوم کا احاطہ کرتی ہے - پہلے وہ کٹ موشن لینی چاہئیے جسکا تعلق جزئیات سے ہے - اسلئے آنریبل مسٹر گبن کی کٹ موشن پہلے آنی چاہئیے تھی -

*Mr. C. E. Gibbon (Pakistani Christian and Anglo-Pakistani III): Sir, I beg to move:—

That the item of Rs. 4,090/- on account of Total J-I—Board of Film Censors be omitted.

Sir, I wish to bring it to your notice that the public have a very serious complaint against the Board of Film Censors and the complaint is of such a nature that I believe it is not necessary to have this Board at all and the sum of Rs. 4,000/- may be well saved to the Provincial Exchequer. We understand that the functions of the Board of Film Censors which consists of a number of non-official members in addition to paid establishment is to see to it that the films which are exhibited in our Cinema-houses are instructive, healthy, clean and patriotic. But the general trend has been to produce and to exhibit pictures which are neither healthy, nor clean, nor instructize nor patriotic, and, therefore, actually the whole purpose for which the Board of Film Censors is constituted has been defected. Time and again there has been a public protest against the films which are being displayed in some of our Picture-houses and yet the pictures which are being shown in our Picture-houses are scandalous and quite unfit to be shown in a clean and healthy and, if I may say so, Islamic State.

(Voices: Hear, Hear)

We cry from the house-tops that we intend to make our State an example for the whole world as far justice, tolerance, morality, fairplay and all the other words we can find in the dictionary, are concerned. What we find is just the opposite. We find corruption, nepotisms, jobbery, snobbery, mal-administration, deceit and immorality. Now this screen or the pictures shown on the screen where a large number of people flock for recreation and entertainment are de-moralising the whole nation. Quite recently the Chief Minister banned the showing of a Pakistani produced picture 'Roohi' and he gave his reasons for doing so. Whether those reasons are good or proper, I am not going into that now. But the fact remains that picture was banned, and the producers were required to remove the objectionable portions before it was publicly displayed. I fail to understand why the same strictness is not being observed by the Board in censoring the foreign films which are brought into our country and which are being used for de-moralising the whole nation. I am going to refer to a picture which is showing at present in a Cinema-house by the name of "Bob and Sally". Now believe me, Sir, I speak as a Pakistani citizen (Hear, Hear). I feel disgusted and nauseating to look at the posters which have been displayed in order to attract the young men, young women, old men, old women, fathers and mothers to see this film but this film seems to have received the assent of our Board of Film Censors. Sir, it is against all spiritual and enthical principles and it is against the very fundamentals of all religions whether it is Islam or Christianity or any other religion and that by producing and showing such pictures in our country they are simply perverting the minds of all decent people.

Chief Minister: Whether was it produced?

Mr. C. E. Gibbon: I am not concern where it was produced or where it is being shown to-day.

Chief Minister: Have you seen it?

Mr. C. E. Gibbon: I do not want to go near it much less seeing it. Now let us look at the advertisement. One need not go to see films; but when it is so clearly advertised, let us look at the advertisement which appears in our daily newspapers. On the 24th March, 1955 in the 'Pakistan Times' it reads:

> "Secrets of Marriage and Birth in Bob and Sally. Besides emotional story, shows you clearly process of conception development of the child in the Mother's Womb."

Is this not downright debauchery ? We should hang our heads in shame to allow such films to be shown in our country unless, of course, it is also one of the set policies of this Government not only to demoralise the people, not only to create frustration but also to reduce us to the level of swines.

I am shocked to think that people whose hair have grown grey, people who for all intents and purposes pretend to be of the old School and display the old School tie, allow such filth to be shown on the screen to demoralise the younger generation. And only the other day, Sir, the Leader of the Opposition sent a hand-bill to the Leader of the House.....

Mian Abdul Bari: I gave it to him personally.

Mr. C. E. Gibbon: Gave to him personally and requested him that if he has any sense of decency left he would immediately stop the showing of this horrible picture.

Now, Sir, I appreciate of course the difficulty of the Leader of the House because he would immediately say that this picture has received the assent of the Board of Film Censors. I can assure you, Sir, that my estimation of those Members of the Board of Film Censors, who allow such a picture to be shown in the fair city of Lahore, has sunk very low. I could not imagine that people from decent homes and decent families, whose duty and responsibility it is to educate and bring up our youth in morality, in clealiness, in healthiness and in everything that is good, should allow such a thing to be shown on public screen.

Why, Sir, let us take Islam itself. If a lady were to show more than she is required to show of her body in real life what does the Public say about her. They have some very cruel things to say. But here you allow our women to be completely exposed and stand naked before the gazing public. I think, it is a course to live under such a Government which allows such a thing to take place. Either that, Sir, or we must accept the fact that this Government is thoroughly demoralised and immorality forms part of its political creed. In no country where you say that you want to create an Islamic State, in no country where you say that morals must take the first place, could you allow such films to be displayed on silver screen.

Therefore, Sir, I think that the Board of Film Censors not only as far as the unofficial Members are concerned but even as far as the official Mem-

bers are concerned, they have committed a great crime. They have simply, I don't know that to say, I don't find words, how disgusted and nauseating I am to think that this Government has reduced us to such low morals.

Mr. Speaker: Demand under consideration, motion moved is:—

That the item of Rs. 4,090/- on account of total J-1—Board of Film Censors be omitted.

چودھری محمد افضل چیمہ :- (لائل پور - ۹ مسلم)

حضورِوالا ! بورڈ آف فلم سنسرز کی کارروائیوں کا جائزہ جن الفاظ میں آنریبل مسٹر قین نے لیا ہے اس کی مزید وضاحت کی چنداں ضرورت نہیں ہے- میں مختصراً یہ عرض کرونگا کہ ہماری حکومت کو یہ کچھ غلط فہمی سی ہے کہ شاید ترقی کا راز فحرمناک عریانی اور فحاشی میں ہے - اور ہماری نام نہاد مہذب سوسائٹی اور مہذب طبقے کے لوگ اس غلط فہمی میں مبتلا ہیں کہ اگر اس قسم کی اخلاق سوز عریانی اور فحاشی سے گریز کیا جائے تو شاید یہ قدامت پسندی کی دلیل ہوگا - جب ایک طرف آپ قانون کے ذریعہ سے اپنے بچوں کے اخلاق کی اصلاح کرنا چاہتے ہیں اور دوسری طرف اس کے برعکس اس قسم کی اخلاق سوز فلموں کی نمائش کی اجازت دیتے ہیں اور ان پر کوئی اعتراض نہیں کرتے تو میں سمجھتا ہوں کہ اس طریق کار سے - اس مذبی اور متضاد طریق کار سے آپ کوئی مفید نتائج برآمد نہیں کرسکتے - حضورِوالا ! مجھے تعجب ہے اور میری سمجھ میں نہیں آتا کہ آخر ہم لوگ اس بورڈ آف فلم سنسرز کی کارروائیوں پر اعتراض کرنے کا کیا حق رکھتے ہیں جبکہ ہماری سوسائٹی کے ترقی یافتہ اور مہذب طبقے کی خواتین کاک ٹیل یعنی مرغ کی دم پارٹیوں میں عریاں رقص میں حصہ لیتی ہیں اور ایسی مجالس و محافل میں اس قسم کے رقص و سرود کے مظاہرے آئے دن ہوتے رہتے ہیں میں سمجھتا ہوں کہ -

چون کفر از کعبہ بر خیزد کجا ماند مسلمانی

جو لوگ اپنے قول فعل اور عمل سے اس قسم کی کارروائیوں کی تائید کرتے ہیں ان سے یہ توقع بالکل عبث اور بیکار ہے وہ ایسی مخرب الاخلاق فلموں پر کوئی قیود و حدود عائد کرسکیں - میں حضورِوالا کی وساطت سے ایسے بزرگوں کی خدمت میں یہ عرض کردینا چاہتا ہوں کہ اگر وہ سمجھتے ہیں کہ ترقی کا راز اسی عریانی اور فحاشی میں منحصر ہے تو اس کی تردید حکیم الامت رح نے الفاظ میں کی ہے :-

قوت مغرب نہ از چنگ و رباب — نے ز رقص دختران بے حجاب
نے ز سحر ساحران لالہ روست — نے ز عریان ساق و نے از قطع موست
محکمی اورا نہ از لا دینی است — نے فروغش از خط لا طینی است
قوت افرنگ از علم و فن است — از ہمیں آتش چراغش روشن است

میں عرض کرونگا کہ آپ ایک انتہائی غلط فہمی میں مبتلا ہیں آپ ترقی کو عریانی اور فحاشی کے ہم معنی اور مترادف سمجھتے ہیں - حضور والا ! میں سمجھتا ہوں کہ فلمیں اگر ان کا جائز اور مناسب استعمال کیا جائے تو اخلاق کی اصلاح کا بہترین ذریعہ اور وسیلہ بن سکتی ہیں - لیکن یہی فلمیں غلط اور ناجائز استعمال سے مخرب الاخلاق ثابت ہوسکتی ہیں اور ہورہی ہیں - یہی وجہ ہے کہ اب ان مہذب اور متمدن ممالک میں بھی جہاں عریانی اور فحاشی ایک فیشن کی صورت اختیار کرچکی ہے ان ممالک کے گوشے گوشے سے اور اطراف و جوانب سے اس قسم کی فلموں کے خلاف صدائے احتجاج بلند ہورہی ہے - حضورِوالا میں محسوس کرتا ہوں کہ ایسی فلموں کی نمائش کی اجازت دے کر حکومت نہ صرف سوسائٹی کے خلاف ایک جرم کا ارتکاب کر رہی ہے بلکہ حقوق اللہ سے بھی تجاوز کر رہی ہے -

قاضی مرید احمد :- (شاہپور نمبر ۴ - مسلم)

حضور والا - فلم انڈسٹری کے وجود سے تو انکار نہیں کیا جاسکتا جب بھی کسی فلم کا نام لیا جاتا ہے تو فلم سنسر بورڈ لازماً سامنے آجاتا ہے - ایسے حالات میں جب کہ وہ مملکت کلمہ لاالہ الا اللہ محمد رسول اللہ - کی مرہون منت ہے دیکھتے ہیں کہ آئے دن حکومت جو قدم بھی اٹھاتی ہے اور جو پیسہ بھی خرچ کرتی ہے وہ اس امر سے بے نیاز ہوکر کرتی ہے کہ یہ ایک اسلامی سلطنت ہے اور جو کچھ خرچ کیا جارہا ہے وہ اسے اسلامی سلطنت سمجھ کر ہرگز نہیں کیا جاتا - چنانچہ اس قسم کے اخراجات کے جواز کے متعلق ہم اس حکومت سے کچھ پوچھنا چاہتے ہیں - قرآن شریف کا ارشاد ہے کہ تعاونوا علی البر والتقوی - ولا تعاونوا علی الاثم والعدوان -

آپ دیکھتے ہیں کہ ہر روز اسمبلی کے اجلاس کا آغاز قرآن کریم کی آیات سے ہوتا ہے لیکن جب ہم بجٹ کو دیکھتے ہیں تو زیادہ تر فنون لطیفہ ہی کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے مخرب اخلاق فلموں کی تعداد بڑھ رہی ہے - ننگے اور فحش قسم کے ناچ گانے اور کھیلوں کے سلسلے میں سب سے زیادہ روپیہ خرچ کیا جاتا ہے - لیکن جب قرآن فریف کا مسئلہ آتا ہے تو قوم کو یہ کہہ کر ٹال دیا جاتا ہے کہ ہم قرآن کریم کے تراجم کالج کے طلبا میں تقسیم کر رہے ہیں گویا جو کام قیام پاکستان سے پہلے عطر چند کپور اور گلاب سنگھ اینڈ سنز کیا کرتے تھے اب یہ اسلامی حکومت اسی قدر اسلامی کارنامہ سر انجام دے رہی ہے - آپ ہی اپنی اداؤں پر ذرا غور کریں ہم اگر بات کہیں گے تو شکایت ہوگی -

صاحب سپیکر :- مہربانی فرما کر فلم سنسر بورڈ کے متعلق بھی کچھ فرمائیے -

قاضی مرید احمد :- جناب والا - موجودہ حالات میں جو فلمیں چل رہی ہیں وہ ہماری آنے والی نسلوں کو تباہی اور بربادی کے گڑھے کی طرف دھکیل رہی ہیں اور قطعاً کوئی اصلاحی کام نہیں کر رہی ہیں - نوجوان طالبعلم جو گھروں سے بڑی بڑی رقوم کالجوں میں تعلیم حاصل کرنے کیلئے لاتے ہیں ان کا بیشتر حصہ فلموں کی نذر کر دیتے ہیں - اگر آپ کو اتفاق ہو تو آپ کو یہی طالبعلم سینما گھروں کے باہر قطار اندر قطار کھڑے نظر آئیں گے اور جب نتائج کا اعلان ہوتا ہے تو ساٹھ اور ستر فیصدی یہ نونہال فیل ہوتے ہیں جسکی ذمہ داری گورنمنٹ پر ہے - جناب والا - بیکاری کے باوجود غریب طبقے کے لوگ جو آٹھ آنے یا بارہ آنے یومیہ کماتے ہیں ان کے دماغوں میں حکومت نے فلموں کا نشہ اس قدر گھسیڑ دیا ہے - کہ ان کو روٹی ملے یا نہ ملے مگر وہ رات کا کھیل ضرور دیکھتے ہیں اور کیوں نہ ہو -

الناس علی دین ملوکہم

جدھر سلطنت چلے گی عوام کا الانعام بھی اس کے پیچھے چلنے کیلئے مجبور ہوتے ہیں - میں حکومت کو اس امر سے آگاہ کرنا اپنا فرض سمجھتا ہوں کہ یہ سلطنت لاالہ الا اللہ کے کلمے کے نام پر حاصل کی تھی مگر آج آپ اصل مقصد اور نصب العین کو پس پشت ڈال کر محض کھیل تماشا اور فنون لطیفہ میں کھو چکے ہیں اس قسم کی ننگی اور فحش فلمیں چلانا ایک اسلامی سلطنت کے لئے باعث صد نفرین ہیں - ہمارے عوام جو زراعت کے بہتر طریقوں - تعلیم اور صحت کے اصولوں سے ناآشنا ہیں - انہیں اصلاحی فلموں کی ضرورت تھی مگر یہاں الٹی گنگا چل رہی ہے اور خرد کا نام جنوں رکھ دیا جنوں کا خرد - جو چاہے آپ کا حسن کرشمہ ساز کرے -

جناب والا - جہانتک ہمارے عوام کی تعلیم اور صحت کا تعلق ہے دیہات میں انکی حالت ناگفتہ بہ ہے - اگر یہ فلمیں حفظان صحت کے اصول نفوں کے خلاف - تعلیم اور صفائی کے متعلق پراپیگنڈا کرتیں تو یہ قوم کیلئے بہت مفید ثابت ہوتیں - مگر مجھے نہایت افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ حکومت کو اپنی ذمہ داری کا قطعاً پاس نہیں - اور چند افراد کو خوش کرنے کے لئے قوم اور ملک کو تباہی کی طرف لے جارہی ہے اور لطف کی بات یہ ہے کہ اس تباہی کا نام ترقی ظاہر کرکے عوام کی آنکھوں میں دھول ڈالی جارہی ہے میری دعا ہے کہ خداوند کریم گمراہ وزیروں کو راہ راست پر لائے وما علینا الا البلاغ -

وزیر اعلیٰ - (عزت مآب ملک فیروز خان نون) :- جناب والا - میں ان تمام معزز ممبران کا بے حد مشکور ہوں جنہوں نے اس نہایت اہم معاملے پر اپنے خیالات کا اظہار فرمایا - یہ ایک واقعی اہم معاملہ ہے کیونکہ سینما کے ذریعے قوم کے اخلاق پر بہت زیادہ اثر ہوتا ہے - امریکہ میں جو بہت زیادہ جرائم بڑھ رہے ہیں ان کی وجہ بھی سینما یا وہ میگزین ہیں جو بچوں

Mr. C. E. Gibbon: Will the Honourable Minister of Health be pleased to inform this House whether he made a correct statement in the last Session that arrangements were being made in the Province for the manufacture of drugs.

Mr. Speaker: The honourable member must remember that supplementary questions do not mean cross-examination.

Mr. C. E. Gibbon: Is it correct, Sir, for me to say that you have not so far made adequate arrangements for the manufacture of these drugs in the Province?

Minister: We have asked the Central Government for open general license for the import of these drugs. About the manufacture of drugs, we have asked the Pakistan Industrial Development Corporation to open the proposed Pharmacy here in the Punjab. (Hear. Hear).

Mr. C. E. Gibbon: Would it be possible for the Honourable Minister of Health to inform this House what were the reasons which prevented

him and which prevent him now from making adequate arrangements for setting up factories and other installations for manufacturing drugs in this Province?

Minister: It requires notice.

Mr. C. E. Gibbon: Would it be possible for the Honourable Minister of Health to say why adequate provision for this very essential manufacture has not been made in the budget for the current year?

Minister: It requires one crore of Rupees and the Budget is unable to provide that.

DISTRICT BOARDS ELECTIONS.

***3758. Ch. Ghulam Rasul Tarar:** Will the Honourable Minister of Health be pleased to state:—

(a) the number and the names of the District Boards in the Punjab whose elections are still pending;

(b) the dates by which election to the said District Boards are proposed to be held?

پارلیمنٹری سیکریٹری (مہر محمد صادق):- (الف) اور (ب) ان نو عدد ڈسٹرکٹ بورڈوں کے الیکشن مکمل طور پر ہوچکے ہیں:- گوجرانوالہ - جھنگ - اٹک - میانوالی - ملتان - مظفر گڑھ - شیخوپورہ - سیالکوٹ اور راولپنڈی -

منٹگمری - جہلم اور ڈیرہ غازی خان کے انتخابات جاری ہیں اور ایک ماہ تک ختم ہو جائیں گے -

چار ڈسٹرکٹ بورڈوں یعنی لائل پور - سرگودھا اور لاہور کے انتخابات ہنوز باقی رہتے ہیں وہ ماہ رمضان کے بعد منعقد کئے جائیں گے -

Mian Muhammad Shafi: Does the Honourable Parliamentary Secretary know that elections to the District Board, Lyallpur have not taken place for the last 20 years. What are the special reasons for delaying the elections to the District Board?

وزیر صحت:- آپ کے لئے یہ خوشی کا مقام ہونا چاہئیے کہ جن ڈسٹرکٹ بورڈوں میں گزشتہ ۱۸ برسوں سے انتخابات نہیں ہوئے تھے ہم نے دو سال کے اندر ایسے دس ڈسٹرکٹ بورڈوں کے انتخابات کروا دئے ہیں - باقی جو رہ گئے ہیں وہ ہمارا انتظامی معاملہ ہے -

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: May I know as to what are the reasons for postponing the elections of District Board, Lyallpur more than once?

وزیر صحت :- یہ انتظامی معاملہ ہے -

Mr. C. E. Gibbon: Will the Honourable Minister of Health be pleased to inform this House what are the reasons which prevent them from holding District Board elections in Lahore at an early date, say with in the next 30 days.

Minister of Health: The elections will take place according to the programme.

Mr. C. E. Gibbon: I will repeat my question slowly, Sir, ...

Mr. Speaker: The honourable member must remember that the original answer was that the elections to the District Board will be held after Ramazan. Now, he has added 'according to programme'.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: May I know, Sir, whether it is a fact that the work of de-limitation constituencies in the Lyallpur District is still in-complete and the final gazette notification is still available?

Minister of Health: We have sent it to the gazette branch and it will be notified in a short time. (Hear, Hear).

Mian Muhammad Shafi: Is it correct, Sir, that the party factions in Lahore are mainly responsible for withholding the people's right to exercise their votes?

Mr. Speaker: Disallowed.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: May I know, Sir, now that the gazette notification is just the question of a few days, whether it is possible for the Honourable Minister to give us roughly the date by which the elections of the District Boards should be held.

(No answer).

ADULTRATION OF FOODSTUFFS.

*3780. **Mian Muhammad Shafi:** Will the Honourable Minister of Health be pleased to state the action, if any being taken to stop the growing adultration of foodstuffs at Sialkot town?

لائلپور

پارلیمنٹری سیکریٹری (مہر محمد صادق) :- یہ درست نہیں ہے کہ شہر سیالکوٹ میں خوراک میں آمیزش بڑھ رہی ہے - خوراک میں آمیزش کے خلاف حکومت کی اعلیٰ پیمانے پر مہم کی وجہ سے ۱۹۵۴ء میں ۱۹۵۳ء کی نسبت مقدمات کے چالانوں میں ۵۰ فیصدی سے زیادہ کا اضافہ ہوا یعنی ضلع بھوس خوراک میں آمیزش کے مقدمات کی تعداد بالترتیب ۳۰۲ اور ۴۵۸ رہی -

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: The Honourable Parliamentary Secretary has been pleased to say that food adultration is not increasing in Sialkot town. Is it possible for him to say as to in which particular district in the whole of the Province food adultration is on the increase?

Mr. Speaker: Disallowed.

Saiyad Amir Hussain Shah: Will the Honourable Parliamentary Secretary be pleased to state whether it is correct to base an answer to this question on the gures relating to the cases registered with the Government?

Mr. Speaker: It is a matter of opinion. Dis-allowed.

Mian Muhammad Shafi: May I put it to the Honourable Parliamentary Secretary if it is a fact that in January, 1955 from 10th January to 22nd January 20 cases of dysentry and 201 cases of diarhaus and other aliments took place in which 14 cases proved to be fatal and were all due to adultration of food?

Parliamentary Secretary: This requires fresh notice.

Mr. Speaker: Requires notice.

Mian Muhammad Shafi: Point of Order. Sir, can the Honourable Speaker anticipate the working of the mind?

Mr. Speaker: Order, please. I have already given the ruling to the effect that the Speaker is entitled to say as to whether a question requires notice or not.

THE ARTS AND CRAFTS DEPARTMENTS

*3779. **Mian Manzoor Hassan:** Will the Honourable Minister of Industries be pleased to lay on the table of the House the profit and loss accounts of the following undertakings during the year ending 31st March, 1954:—

(i) the Arts and Crafts Department, Lahore.

(ii) the Government Demonstration and Weaving Factory Shahdara,

(iii) the Punjab Government Cotton Mills, Lahore;

(iv) the Jallo Rosin and Turpentine Factory, Lahore;

(v) the Government Ice Factory, Barood Khana, Lahore;

(vi) the Government Ice Factory, Lahore Cantt;

(vii) the Government Ice Factory, Ichhra, Lahore.

Parliamentary Secretary (Ch. Muhammad Ahsan): The profit and loss accounts of the following undertaking are placed on the table of the House:—

(i) the Arts and Crafts Depot, Lahore;

(ii) the Government Demonstration Weaving Factory, Shahdara;

(iii) the Punjab Government Cotton Mills, Lahore;

(iv) the Jallo Rosin and Turpentine Factory, Lahore;

(v) the Government Ice Factory, Barood Khana, Lahore;

(vi) the Government Ice Factory, Lahore Cant.

The allotment of the Government Ice Factory, Ichhra Lahore in favour of the Punjab Government in the Rehabilitation Department was cancelled before the commencement of the financial year 1953-54 and as such the question of furnishing the required profit and loss account in respect of this Ice Factory does not arise.

PROFIT AND LOSS ACCOUNT FOR THE YEAR ENDING 31st MARCH 1954.

	Rs. a. p.	Rs. a. p.	Rs. a. p.				
To expenditure on education side	7,25,505 13 6	16,272 15 0	7,25,505 13 6	By Gross Profit C/o	9,05,605 11 11	9,05,605 11 11	
To Salaries account ..	26,612 0 0	511 11 6	10,339 1 0	By Expenditure on Education side ..	7,75,885 13 0	..	7,75,885 13 0
To lighting and sanitation	804 2 0	1,126 3 11	292 6 0				
To telephone charges ..	1,769 13 0		643 9 0				
To printing and Stationery	1,697- 15- 11	1080- 4 10	6171 1- 1				
To Postage	2,001 6 0	1,273 9 8	727 12 4				
To Office and General Expenses	2,686 9 0	1,705 12 0	980 13 0				
To Medicine Charges ..	84 5 0	53 10 4	30 10 8				
To Insurance Charges ..	4,797 1 0	3,052 11 0	1,744 6 0	By amount received in donation ..	3,500 0 0	3,500 0 0	3,500 0 0
To hot and cold weather charges	663 0 6	421 14 10	241 1 8				
To pay of menials ..	3,594 2 0	..	3,594 2 0				
To scholarships	4,376 1 0	..	4,376 1 0				
To Garden expenses ..	84 10 0	53 1 10	30 12 8				
To Bank Commission ..	2,053 10 0	1,306 13 0	746 12 4				
To Liveries Account ..	146 2 0	53 1 10	93 0 2				
To Travelling Allowance Industrial	1,127 15 0	410 2 6	717 12 6				
To Octroi Charges ..	7,030 14 0	4,474 3 0	2,556 11 0				
To cloth produced by Apprentices	20,000 0 0	20,000 0 0	..				
To Repairs buildings ..	2,321 0 0	1,477 0 0	844 0 0				
To leave and pension charges	6,504 2 0	4,231 4 0	2,272 14 0				
To Audits fee	1,940 0 0	1,234 9 0	705 7 0				
To depreciation charged furnitures and fitting ..	525 13 3	334 9 11	191 3 4				
To depreciation charges water supply	244 4 9	69 12 9	174 8 0				
To depreciation charges on tools and Implements	69 11 8	44 6 3	25 5 5				
To depreciation charges on roads	79 13 0	36 9 0	43 4 0				
To dearness allowance Industrial	3,873 4 0	3,272 7 0	600 13 0				
To dearness allowance education	3,890 5 0	..	3,890 5 0				

PROFIT AND LOSS ACCOUNT FOR THE YEAR ENDING 31st MARCH 1954.

	Rs. a. p.	Rs. a. p.	Rs. a. p.
To corporation allowance Industrial	760 11 0	660 11 0	100 0 0
To corporation allowance education	761 2 0	..	761 2 0
To cost of living allowance Industrial	1,702 0 0	1,396 0 0	306 0 0
To cost of living allowance education .. —	528 0 0	—	528 0 0
To house rent allowance Industrial	38 8 0	38 8 0	..
To house rent allowance education	84 0 0	..	84 0 0
To bonus account ..	12,815 14 0	11,493 6 0	1,322 8 0
To property tax	360 13 0	229 10 0	131 3 0
To expenditure education side	17 8 0	..	17 8 0
To hostel expenses ..	640 11 0	..	640 11 0
To Advertisement charges..	253 8 0	161 5 10	92 2 0
To exhibition charges ..	72 7 0	46 2 0	26 5 0
To purchase of machinery ..	10,947 1 0	6,966 5 0	3,980 12 0
To Honorarium	435 0 0	263 8 0	171 8 0
To books and periodicals ..	140 13 0	..	140 13 0
To Interpest ..	14,986 1 0	9,88 15 5	5,597 1 7
To Net profit	8,15,963 10 4	8,15,963 10 4	
	16,84,991 8 11	9,09,105 11 11	7,75,885 13 0

16,84,991 8,11	9,09,105 11 11	7,75,885 13 0

(Sd.)
Weaving Superintendent,
Government Demonstration Weaving Factory,
Shahdara.

BALANCE SHEET FOR THE YEAR 1953-54, PUNJAB ARTS AND CRAFTS DEPOT COTTAGE INDUSTRIES EMPORIUM, LAHORE.

	Rs.	a.	p.					Rs.	a.	p.
To commencing stock on 1st April 1953	82,746	6	6	60% of the total Expenditure, debitable to commercial side.		40% of the total Expenditure, debitable to dovelopment side.	By stock closing on 31st March 1954	83,334	4	0
To commencing misc. store 1st April 1953	179	5	6				By misc. stores closing on 31st March 1954.	569	5	3
To purchase less returns	98,875	2	9							
Carriage and freight	713	4	6							
Terminal tax and Octrio	367	4	6				By sales less returns	1,19,466	0	0
Gross profit ..	20,488	1	6							
	2,03,369	9	3							
To establishment	25,224	13	0							
To rent of building	2,736	4	0				By gross profit carried down.	20,488	1	6
To trading allowance	904	1	0							
To postage	157	1	6							
To telephone account	786	7	0				40% of the total expenditure.	13,583	1	0
To sundries	1,210	15	0							
To stationery and printing	597	5	9							
To advertisement	208	0	0							
To repairing and finishing	194	0	0							
To depreciation	256	7	0							
To audit fee	740	0	0							
To interest on capital	942	4	0							
	33,957	10	3	20,374	9	3	13,583	1	0	
Net Profit ..	113	8	3							
	34,071	2	6					34,071	2	6

(Sd.) Superintendent,

Arts and Crafts Depot, Lahore.

THE PUNJAB GOVERNMENT COTTON MILLS, LAHORE.

Profit and Loss Account for the year.....1953-54.

	Rs.	a.	p.	Rs.	a.	p.		Rs.	a.	p.
To Purchase of Medicines	2,117	14	0	2,117	14	0	By Transfer of gross profit from trading and Manufacturing account ..	62,500	9	9
To Establishment charges Outstanding ..	76,246	12	3	82,014	13	3	Fine Account	229	6	0
	5,768	1	0							
To Overtime to Staff	920	12	0	920	12	0	Insurance of Labourers	100	0	0
To Allowances Outstanding	32,139	2	3	35,145	2	3	Rifle Club	4	0	0
	3,006	0	0							
To Postage and Telegram	564	12	6	564	12	6	By Net loss transferred to Balance Sheet	1,47,641	14	0
To T. A.	720	7	3							
To Advertisement	858	9	0	858	9	0				
To Books and Periodicals	321	10	0	321	10	0				
To Bank Commission	95	4	0	95	4	0				
To Potrol for Mill Car	691	7	0	691	7	0				
To Calendering Agency Expenses ..	591	1	9	591	1	9				
To ,, Outstanding	..			..						
To Stationery and Printing	3,891	11	0	3,891	11	0				
To Entertainment	4	5	6	4	5	6				
To Telephone Rent	1,898	2	0	1,898	2	0				
To Outstanding	..			..						
To Labour Welfare Fund	..			14,745	11	0				
To Boiler Inspection fee	..			655	0	0				
To Provision for Audit fee	..			..						
To Rent of Building and necessary rent ..	..			..						
Outstanding	..			..						
Audit fee for 1953-54	..			36,000	0	0				
				13,40	0	0				
To Depreciation at 10%.										
Mill Car	315	6	6							
Furniture	567	0	0							
Assets	4,083	15	6							
	4,966	6	0							
				466,906						

THE PUNJAB GOVERNMENT COTTON MILLS, LAHORE.

Profit and Loss Account for the year .....1953-54.—*concld.*

	Rs. a. p.	
To Pay and Allowance to Administrator ..	12,178 12 0	
,, Outstanding	1,000 0 0	13,178 12 0
To Other contingencies..	9,515 2 0	
To Outstanding	238 15 0	9,754 1 3
Total ..		2,10,475 13 9

Total .. 2,10,475 13 9

(Sd.) MUHAMMAD AMIN NAWAZ,
Accountant.

(Sd.) Q. U. SHAHAB,
Administrator,
Punjab Government Cotton Mills, Lahore.

Attested.

(Sd.)

Administrator,

Punjab Cotton Mills,

Outside Bhati Gate,Lahore.

THE GOVERNMENT JALLO ROSIN AND TURPENTINE FACTORY, LAHORE.—*contd.*

Manufaturing and Profit and Loss Account for the—
To stock in 1st April 1953—Contd

Year ending 31st March 1954.

	Rs.	a.	p.	Rs.	a.	p.
To Telephone	2,603	1	9			
To Travelling Expenses	1,081	13	0			
To Turpentine Carriage	9,640	13	0			
To Interest and Maintenance (Siding)	32,361	3	6			
To Discount	1,524	6	0			
To Rosin repacking	22,516	12	7			
To Building repair	4,696	1	11			
	1,138	5	0			
To Depreciation—						
Braud gauge siding 64 12 0						
Building .. 5.434 7 0						
Plant and Machinery 2,117 12 0						
Cycle .. 16 0 8						
Library .. 12 2 6						
Shed .. 1,251 9 7	8,915	12	6			
To Interest on Capital	32,136	3	0			
To Net Profit carried to Balance Sheet ..	5,362	3	3			
	4,60,837	14	4	4,60,837	14	4

GOVERNMENT ICE FACTORY, BAROOD KHANA, LAHORE.

Profit and Loss Account for the year ended 31st March 1954.

	Rs.	a.	p.		Rs.	a.	p.
To Rent	8,540	7	6	By lease money	42,500	0	0
To Rehabilitation Fee	1,143	15	0				
To Electricity Charges	242	0	0				
To Pay and Allowances of Chowkidar ..	267	13	0				
To Net Profit	32,305	12	6				
	42,500	0	0		42,500	0	0

GOVERNMENT ICE FACTORY, LAHORE CANTONMENT.

Profit and Loss Account for the year ended 31st March 1954.

	Rs. a. p.		Rs. a. p.
To Rent	7,652 10 0	By lease money	21,543 13 0
To Rehabilitation Fee	1,119 10 0		
To Pay and Allowances of Chowkidar ..	263 0 0		
To Net Profit	12,508 9 0		
	21,543 13 0		21,543 13 0

SUPPLY OF ELECTRICITY TO KAMALIA

*3572. **Rai Nasrullah Khan:** Will the Honourable Minister of Development be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that the Government has carried out the necessary survey and worked out the estimate for electrifying Kamalia town; if not, the reasons therefor;

(b) if answer to (a) above be in the affirmative, whether in view of Kamalia's large population and industrial importance the Government intend to supply electricity to the said town from Montgomery Project, if not, the reasons therefor;

(c) the distance of Kamalia from Chichawatni and the expenditure estimated to be incurred on the construction of electric supply lines between these two places?

PARLIAMENTARY SECRETARY (MR. SHAMIM AHMAD KHAN):

(a) Preliminary survey for supply of power to the town by an 11 K.V. line to be tapped from Chichawatni Grid Station of Montgomery Project has already been carried out, and a revised Project Estimate is being framed.

(b) It is proposed to supply power to Kamalia from the Montgomery Project.

(c) The length of the 11 K. V. line which involves the river crossing from Chichawatni to Kamalia according to the route survey is 15½ miles and will cost Rs. 3,50,000/-.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: Is it possible for the Honourable Parliamentary Secretary to say as to how long it is going to take the Government to complete all these preliminary arrangements?

Parliamentary Secretary: As early as possible.

AMOUNT DUE FROM THE GRAIN SYNDICATE, LAHORE.

*3777. **Mian Manzoor Hassan:** Will the Honourable Minister of Development be pleased to state the amount due to Government at present from the Grain Syndicate, Lahore, and the reasons for the failure of Government to recover the same?

PARLIAMENTARY SECRETARY (MR. SHAMIM AHMAD KHAN)

At present, the Lahore Grain Syndicate Limited, Lahore, owe a sum of Rs. 60,59,245/14/6 to the Food Department, Punjab. Some recoveries have already been made through adjustment against the counter-claims and by freezing their dues from other departments or Ministeries of the Provincial and Central Governments. The Syndicate have now been declared as an evacuee property under the Administration of Evacuee Property Ordinance, 1949. The outstanding recoveries have to be made from the Custodian of Evacuee Property, Punjab after the claims are confirmed by him.

Mian Muhammad Shafi: Can the Honourable Parliamentary Secretary kindly give some of the reasons that were responsible for not realising the amount due from the Syndicate to the Government?

Parliamentary Secretary: Litigations have been going on for the last 2 years and the matter is sub-judice.

Saiyad Amir Hussain Shah: Point of Order. Sir, how can the Honourable Parliamentary Secretary read an answer to a supplementary question? (Hear, Hear).

(No answer).

Mr. C. E. Gibbon: Would it be possible for the Honourable Parliamentary Secretary to inform this House whether this amount of Rs. 60 lakhs due to the Government has been shown on the assets side of the balance sheet of the Budget?

Parliamentary Secretary: It should be there.

LAHORE ELECTRIC SUPPLY COMPANY

***3802. Sardar Muhammad Zafrullah:** Will the Honourable Minister of Development be pleased to state:—

(a) whether it is a fact that the Punjab Government have agreed to pay to the former Lahore Electric Supply Company, now an evacuee concern, compensation for the acquisition of its properties;

(b) if so, the value assessed;

(c) whether any provision has been made for the re-payment of security deposits of the Muslim consumers, taken away by the Company?

Parliamentary Secretary (Mr. Shamim Ahmad): (a) Yes; but the Punjab Government will only make payment when this Company gets its non-evacuee status declared by the Custodian Evacuee Property, Punjab.

(b) The value assessed is Rupees two crore, thirty-four lacs, sixty-six thousand seven hundred and sixty-two, (Rs. 2,34,66,762/-) out of which a part payment of rupees one crore was made in September, 1946, *i.e.*, prepartition.

Mian Muhammad Shafi: Will the Parliamentary Secretary kindly state as to what was the percentage of Muslim share-holders in the Lahore Electric Supply Company?

Parliamentary Secretary: I cannot say of hand.

Mian Muhammad Shafi: What measures, if any, Government are adopting to file an appeal against the Award given in favour of the Lahore Electric Supply Company?

Parliamentary Secretary: Award is not mentioned in the reply.

Mr. C. E. Gibbon: Would it be possible for the Parliamentary Secretary to inform this House what Authority, past or present, assessed this value of Rs. 2,34,66,762/-?

Chief Minister: It was an agreement made between the Lahore Electric Supply Company and our predecessor Ministry that they paid a crore of rupees cash to the Electric Supply Company. The assets of the Company were to be assessed by a firm, it was either a European or a British firm I have forgotten. Now, this firm assessed the value at a certain figure. In the agreement it was written that any Party which is not satisfied with that Award can go to the High Court within three months. With the result that our predecessor Ministry did not go to the High Court.

Opposition Benches: Shame.

Chief Minister: There is no question of shame. They did not go to the Court in any case. With the result that Award legally become binding and then these people started to claim their money. And on this Award interest was payable. They said that for so many years interest had not been paid so that the interest charges came to sixty lakhs of rupees. Then the Ministry had to negotiate terms with the Company. And under a certain amount of pressure we made them reduce thirty lakhs of rupees. We could not make them reduce any more. The agreement at which we arrived, the amount due to them from this Government was a crore and thirty-eight lakhs. That case is now at the moment pending with the Custodian and is sub-judice. The question before the Custodian is whether this firm is an evacuee property or not. If they are declared as an evacuee firm then the money will go to the Custodian. If the Custodian finds that they are not an evacuee firm then the firm will be entitled to claim that money.

MURDER OF DR. EDITH W. PAUL.

***3563. Mr. C. E. Gibbon:** Arising out of the answer given to my starred question No. 2971, on 26th November, 1954, will the Honourable Chief Minister be pleased to state the results of the investigation that was re-opened on 26th May, 1954, into the murder of late Dr. Edith W. Paul.

Parliamentary Secretary (Ch. Sultan Ali):—Investigation in this case was re-opened on 26th May, 1954 and a thorough and sifting inquiry was made by the Homicide Squad of the Criminal Investigation Agency in the course of which a large number of persons believed to be connected with the

case were examined. It is, however, regretted that no clue of the murderers was found upto 15th September, 1954 when the investigation was closed. The case remains untraced.

SMOKING IN CINEMA HALLS.

***3799. Sardar Muhammad Zafrullah:** Will the Honourable Chief Minister be please to state whether it is a fact that the District Magistrate, Lahore, has promulgated an order prohibiting smoking in cinema halls; if so, the number of prosecutions instituted against the persons who violated the said order since its promulgation?

Parliamentary Secretary (Khudeja Begum G. A. Khan): (a) No formal order has been issued by the District Magistrate. The Cinema managements have, however, taken steps to restrict admission to only those person who undertake not to smoke in the halls.

(b) No prosecutions have been made.

CASES RECOMMENDED FOR PROSECUTION BY THE ANTI-CORRUPTION POLICE STAFF.

***3811. Major Saiyed Mubarik Ali Shah:** Will the Honourable Chief Minister be pleased to state the number of cases recommended for prosecution by the Anti-Corruption Police Staff:—

(i) (a) during the Mumdot Ministry;

(b) during 92-A Section regime;

(c) during the Daultana Ministry;

(d) during the Noon Ministry, respectively;

(ii) the number of cases actually put in court against Government servants on the recommendation of the Special Anti-Corruption Police Staff during the above mentioned four regimes respectively;

(iii) the total number of cases brought against Government servants drawing more than Rs. 500 a month with names of the officials and their results during the four above mentioned regimes?

Parliamentary Secretary (Ch. Sultan Ali): It is regretted that the reply to this question is not yet ready.

PROSECUTIONS OF FACTORY OWNERS UNDER COTTON CONTROL ACT.

*3687. **Rana Gul Muhammad Noon** *alias* **Rana Abdul Aziz Noon:** Will the Honourable Minister of Agriculture be pleased to state:—

(a) the number of prosecutions of factory owners district wise, under the Cotton Control Act;

(b) the number of convictions out of the prosecutions in part (a) above?

پارلیمنٹری سکرٹری (راجہ احمد علی):۔ ایک گوشوارہ ایوان کی میز پر رکھ دیا گیا ہے۔

Serial No.	Name of district.	Total No. of prosecutions.	Total number of convictions
1.	Lyallpur	276	54
2.	Jhang	67	5
3.	Sheikhupura	126	23
4.	Shahpur	97	7
5.	Gujrat	87	20
6.	Gujranwala	6	..
7.	Silakot	8	..
8.	Lahore	430	143
9	Montgomery	159	15
10	Multan	446	180
11.	Muzaffargarh	63	38
12.	D. G. Khan	17	7
	Total ..	1,782	492

COTTON SEED.

*3688. **Rana Gul Muhammad Noon** *alias* **Rana Abdul Aziz Noon:** Will the Honourable Minister of Agriculture be pleased to state:—

(a) the total amount of cotton seed purchased in 1954;

(b) the amount of cotton seed in 1954;

(c) the total requirements of the Province in cotton seed?

پارلیمنٹری سکرٹری (راجہ احمد علی):۔

(الف) ۲۳۳۹۸ من

(ب) ۲۱۹۴۸۵ من

(ج) ۲۳۹۷۸۰ من

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: If the Honourable Parliamentary compares his answers given to parts 'a' and 'b' (he will notice a difference of about eighteen lakhs of maunds? May I know, Sir, if it is possible for him to give reasons as to why eighteen lakhs.....

Mr. Speaker: It is less than fourteen lakhs.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: About fourteen lakhs, Sir. Why this amount of cotton seed was not disposed off by the Agriculture Department. Why did they fail to dispose it off? Was there no demand in the Province?

وزیر زراعت :- ہمارے صوبے کی ضرورت ہے دو لاکھ انتالیس ہزار اور سات سو اسی من - اس لئے احتیاطاً جو بیج خرید کیا گیا وہ ہے دو لاکھ تینتیس ہزار اور نو سو اٹھارہ من- اور جو فروخت کیا گیا وہ ہے دو لاکھ انیس ہزار اور چار سو پچاسی من- ہم نے تو بیج فروخت کیلئے عوام کے سامنے پیش کردیا ہے - ان کو ہم مجبور نہیں کرسکتے کہ وہ اسے ضرور خریدیں - ایسا معلوم ہوتا ہے کہ انہوں نے کسی اور ذریعہ سے اپنی ضرورت پوری کرلی اور اس لئے انہوں نے یہ بیج نہیں خریدا اس سے ہوسکتا ہے کہ کاشت میں کمی واقع ہو - بہر حال ہمارا فرض ہے کہ ہم صوبہ کی ضروریات کے مطابق اپنے پاس اتنا بیج مہیا رکھیں جس سے ہم صوبہ کی ضرورت کو پورا کرسکیں اور ایسا نہ ہو کہ ہم اس کی ضروریات پورا نہ کرسکیں - بعض اوقات ایسا ہوجاتا ہے کہ کسان کہیں اور سے بیج خرید لیتے ہیں اور پھر یہ بیج ہمیں بعد میں نیلام کرنا پڑتا ہے اور اس طرح سے فروخت کرنا پڑتا ہے -

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: Is it a fact, Sir, that one of the reasons for not attracting more customers is that you are not supplying first-class cotton seed?

Minister: It is incorrect.

SALE OF COTTON SEED IN MONTGOMERY AND MULTAN DISTRICTS.

***3689. Rana Gul Muhammad Noon** *alias* **Rana Abdul Aziz Noon:** Will the Honourable Minister of Agriculture be pleased to state:—

(a) the amount of cotton seed made available for sale in the Montgonmery and Multan districts in 1954;

(b) the cotton seed sold;

(c) the quantity of the unsold cotton seed;

(d) the total requirements of the above mentioned two districts in cotton seed in 1954 according to the latest figures available of the area under cotton in the two districts?

پارلیمنٹری سکرٹری (راجہ احمد علی) :-

(الف) ۱۳۷۹۰۸ من

(ب) ۱۳۱۷۴۲ من

(ج) ۶۱۶۴ من

(د) ۱۲۷۲۰۰ من

INUNDATION OF KOT MAUJ DIN, KOT QUTAB-UD-DIN, JASSUKI, CHUHA MAL, ETC., OF THE GUJRAT DISTRICT DUE TO THE ABSENCE OF WATER OUTLETS IN THE KHANKI HEAD BUND.

*3760. **Chaudhri Ghulam Rasul Tarat:** Will the Honourable Minister of Public Works be pleased to state:—

(a) whether a considerable area of villages Kot Mauj Din, Kot Qutab-ud-Din, Jassuki, Chaha Mal, etc; of the Gujrat district remains under water accumulated there due to the absence of water outlets in the Khanki Head Bund.

(b) whether the Flood Commissioner, Punjab and other high officers paid a visit to the said inundated area and proposals including the construction of water outlets were considered by them;

(c) whether it is a fact that drains and water outlets have been constructed in the area lying adjucent to the Bund which is owned by Government; if so, the reasons for not providing similar drains and water outlets for the land owned by the private landowners to render it cultivable?

وزیر آب سردار محمد خان لغاری :-

(الف) جی ہاں - دریائے چناب میں طغیانی آتی ہے اور اسکا ڈسچارج ڈیڑھ لاکھ کیوسک سے زیادہ ہوجاتا ہے تو ان دیہات کا وہ حصہ جو کہ خانکے ہیڈ کے بند سے گھرا ہوا ہے سیلاب کی زد میں آجاتا ہے - دریا کی طغیانی کے بعد سیلاب کا بہت سا پانی تو واپس دریا میں چلا جاتا ہے لیکن اس پانی کا کچھ حصہ نشیبی حصوں میں بالخصوص اس حصہ زمین میں جو بند سے ملحقہ ہے جمع رہتا ہے - پانی کے نکاس کیلئے مذکورہ بند میں کوئی موگہ موجود نہیں -

(ب) جی ہاں - چیف انجنیر صاحب محکمہ انہار شمالی نے بھی ۱۸-۱۲-۵۴ کو موقع ملاحظہ کیا تھا - انہوں نے یہ رائے ظاہر کی تھی کہ بظاہر ہر بند میں موگوں کی تعمیر نہ صرف نامناسب بلکہ غیر مفید ہوگی - تاہم مزید تحقیقات ہورہی ہے -

(ج) خانکے ہیڈ سے ملحقہ سرکاری زمین میں کوئی ڈرین تعمیر نہیں کی گئی البتہ خانکے ہیڈ کی تعمیر کے وقت تین موگے یعنی بیل بند Ball Bond اور ایک آر - آر - بند R. R. Bund میں طغیانی سے بیشتر اور اسکے بعد اچھال کے پانی کے دباو کو کم رکھنے کیلئے تعمیر کئے گئے تھے - یہ موگے مذکور بندوں کی حفاظت کیلئے ضروری ہیں جو ہیڈ کے متصل ہیں - انکا مقصد دونوں کے درمیانی واقعہ رقبہ کیلئے کوئی سہولت مہیا کرنا نہیں ہے - مذکورہ دیہات کی اراضی کو متذکرہ بالا سرکاری زمین سے کوئی مشابہت نہیں - تاہم اراضی کے مالکوں کی خواہش کے مطابق موگہ جات زیر سپر بنانے کی سکیم پر مزید غور کیا جائے گا -

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: May I know if Government did not consider it to be advisable to construct drains and outlets from underneath and protection bunds what alternative methods were adopted by Government to give relief to these flood-stricken areas.

وزیر پبلک ورکس :- میں نے اس کے متعلق تفصیل سے عرض کیا ہے کہ مارجینل بند پر موگہ نہیں لگ سکتا - اچھال کے پانی کے نکاس کیلئے سپر کے نیچے موگہ تعمیر کرنے کی تجویز زیر غور ہے -

Mr. Speaker: The question hour is over.

AUTHENTICATED SUPPLEMENTARY STATEMENT OF EXPENDITURE.

Chief Minister: I lay on the Table the Supplementary Statement of Expenditure for the year 1954-55 duly authenticated by His Excellency the Governor under section 81 of the Government of India Act, 1935 (as adapted).

DEMANDS FOR GRANTS.

MISCELLANEOUS.—*contd.*

Mr. Speaker: We now resume discussion on Demand No. 33. Mr. Cheema to move his cut motion No. 10.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: I withdrawn No. 12 and I will move No. 10 when the turn comes.

Mr. Speaker: What about No. 13.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: I don't want to move it.

Mr. Speaker: Mian Manzoor Hassan do you want to move No. 14.

Mian Manzoor Hassan: Yes, Sir.

میاں منظور حسن:- (گوجرانوالہ مسلم) جناب والا - میں یہ تحریک تخفیف پیش کرتا ہوں :-

کہ ۷۷۵۳۹۰ روپیے کی رقم بسلسلہ مد میزان - جے - ۳ محکمہ دیہاتی زرعی و صنعتی ترقیات حذف کردی جائے تاکہ محکمہ دیہاتی زرعی و صنعتی ترقیات اور اس کی منصوبہ کی ناکامی اور ناموزونیت کو زیر بحث لایا جائے -

جناب والا - ہمارا صوبہ نہایت ہی خطرناک حالات سے گزر رہا ہے - ہماری زراعتی بد حالی اور معاشی زبون حالی کا یہ عالم ہے کہ لاکھوں آدمی بے روزگار ہیں اور ہزاروں دان جوین کے محتاج ہیں - عوام کی قوت خرید کم سے کم تر ہوتی جارہی ہے اور انکا معیار زندگی از حد گرچکا ہے - زراعت ہماری بڑھتی ہوئی آبادی کا بوجھ اٹھانے سے قاصر ہے - خصوصاً جبکہ کاشتکار سال میں قریباً ۱۰۰ دن بیکار رہتا ہے - صوبہ میں عوام کی قوت خرید کو بڑھانے اور زیادہ سے زیادہ افراد کو روزگار مہیا کرنے کی غرض سے ضروری ہے کہ لوگوں کیلئے اضافی کاروبار مہیا کئے جائیں اور صوبہ سے بیکاری کو رفع کرنے کیلئے حکومت کو چاہئیے کہ کسی انقلابی پالیسی کو اختیار کرے بالخصوص گھریلو قسم کی چھوٹی چھوٹی دستکاریوں کو بڑے پیمانہ پر منظم کرکے جگہ بہ جگہ رائج کردے کیونکہ ہماری بڑی بڑی صنعتیں بڑھتی ہوئی بیکاری کو روکنے سے قاصر رہی ہیں - اس سلسلہ میں حکومت نے کئی ایک اقدامات کئے ہیں لیکن وہ کسی طے شدہ پالیسی کی عدم موجودگی کی وجہ سے بے نتیجہ اور نیم دلانہ سے ہیں -

حضور والا - جب تک انگریز کے ہاتھ میں حکومت کی زمام تھی اس نے اپنے مفاد کی غرض سے ہماری معیشت کو One way traffic کے اصول پر ڈال لیا تھا - دیہات سے دولت بندرگاہوں کو جاتی تھی اور وہاں سے سیدھی ولایت پہنچ جاتی تھی ہمارے دیہات کے لوگ محض صارفین بن کے رہ گئے تھے - اب بدلے ہوئے حالات کا یہ تقاضا ہے کہ دیہات میں چھوٹی چھوٹی صنعتوں کی داغ بیل ڈالی جائے تاکہ ہماری دیہی زندگی ضروریات زندگی کے لحاظ سے خود مکتفی ہو جائے - مثلاً اگر ہم چاہیں تو چند چھوٹے چھوٹے دیہات کا ایک یونٹ تجویز کرکے ان میں روزانہ ضروریات زندگی کی چھوٹی چھوٹی دستکاریاں اور صنعتی پلانٹ لگائے جاسکتے ہیں - مثلاً ظروف سازی صابن سازی کھانڈ سازی گڑ بنانا چمڑے کی دباغت کمبل بننا دستی کھڈیوں سے کپڑا بننا ابریشم کے کیڑے پالنا اور کاغذ سازی تیل نکالنا وغیرہ - ان مصنوعات کی بدولت کئی اضافی کام بھی مہیا ہوسکتے ہیں - اگر حکومت چاہے تو ان مراکز میں اعلیٰ برتن سازی کے مراکز بھی قائم کرسکتی

ہے - وہاں ولائتی بھٹیاں نصب کرکے کرایہ پر چلائے اور پھولدان Pestle& mortar نام‌دار برتن clay pipe triangles قسم قسم کے utility articles اور روزمرہ ضرورت کی اور کئی چھوٹی چھوٹی اشیاء تیار کی جاسکتی ہیں - چمڑے کی دباغت کے پلانٹ کے ساتھ ساتھ جانوروں کی ہڈیوں اور سموں سے ہی بٹن اور چاقوں اور چھریوں کے دستے تیار ہوسکتے ہیں Flesh manure اور سریش بن سکتی ہے -

(ایک آواز - یہ چیزیں پہلے ہی یہاں تیار کی جارہی ہیں -)

حضوروالا میں چاہتا ہوں کہ یہ سب کام کسی منصوبہ بندی کے ماتحت ہوں - ویسے تو یہاں وہاں کسی منصوبہ بندی کے بغیر یہ سب کام ہورہے ہیں - اس سلسلہ میں میں حکومت سے یہ گزارش بھی کرونگا کہ وہ خام مال کی بہم‌رسانی کو بھی کسی منصوبہ بندی کے ماتحت لانے کیلئے کوئی اقدام کرے - متذکرہ مصنوعات کے قیام کے لئے ضروری سازوسامان اور متعلقہ آلات وسامان کی تیاری وبہم رسانی کا بندوبست کسی منصوبہ کے مطابق کرے - تیار شدہ مال کی کھپت کا انتظام کرے -

Minister of Education: Sir, is he relevant?

میاں منظور حسن :- حضور والا - میں صنعتی ترقی کی بات کر رہا ہوں - میں یہ کہہ رہا تھا کہ حکومت کو نہ صرف ان مصنوعات کا انتظام کرنا چاہئیے بلکہ انکے ماتحت تعلیمی اور فنی تربیت کے مراکز بھی قائم کرنے چاہئیں جہاں خواہشمند تربیت و مہارت حاصل کر سکیں - علاوہ ازیں جسطرح مرکزی حکومت نے ایک صنعتی ترقیاتی کارپوریشن قائم کی ہوئی ہے اسی طرح ہمیں یہاں پنجاب میں بھی چھوٹی صنعتوں کی امداد کیلئے سرمایہ بہم پہنچانا چاہئیے - حکومت صوبہ میں کام کرنے والے بنکوں اور بیمہ کمپنیوں سے سستی شرح سود پر حکماً سرمایہ حاصل کرسکتی ہے - اس کے علاوہ حکومت کو گھریلو صنعتوں اور بڑی بڑی صنعتوں کے درمیان رابطہ قائم کرنے کیلئے بھی کوئی منصوبہ بندی کا سلسلہ جاری کرنا چاہئیے - اور انہیں ایک دوسری کے متقابل اور متحارب ہونے کی بجائے ایک دوسری کا مدد و معاون بنا دینا چاہئیے - جناب‌والا اگر ہماری حکومت دستی مصنوعات کی سرپرستی شروع کردے - انکی نمائش کا بندوبست کرے - انکی درجہ بندی کا انتظام کرے - quality control نافذ کرے انکی کھپت کیلئے منڈیاں قائم کرے تو وہ دن دور نہیں ہوگا جب ہماری دیہاتی آبادی نہ صرف خود مکتفی ہو جائیگی بلکہ باہر سے درآمد ہونے والے مال کا مقابلہ کرنا بھی شروع کردیگی - بالخصوص کھڈیوں کی صنعت خاص طور پر حکومت کی توجہ کی مستحق ہے - پہلے ان لوگوں کیلئے خاص طور پر لائسنسوں کا انتظام کیا گیا تھا لیکن اب انہیں یہ لائسنس نہیں مل رہے - اب انکے بجائے بڑے بڑے کارخانہ داروں کو ترجیح دیجارہی ہے - امپورٹ لائسنس ملنے سے پارچہ بافوں کو کافی تقویت حاصل ہوگئی تھی - اور اس آمدنی سے اپنا اور اپنے بال بچوں کا گزارہ کرنے لگے تھے - لیکن حکومت کی موجودہ پالیسی سے انہیں سخت نقصان پہنچ رہا ہے - اور وہ محض بڑے بڑے کارخانہ‌داروں کی پرورش کے پیش نظر اس رعایت سے محروم کردئے گئے ہیں - میں حکومت سے کہونگا کہ وہ اس طرف بالخصوص توجہ کرے -

ان الفاظ کے ساتھ جناب‌والا میں اس تحریک کو پیش کرتا ہوں -

وزیر تعلیم :- (آنریبل چودھری علی اکبر خان) - (لائلپور - ۳ - مسلم مخصوص نشست) -

Point out حضوروالا جیسا کہ میں نے آنریبل ممبر کی تقریر کے دوران میں کیا تھا یہ اخراجات دیہی امداد کی سکیم کے سلسلہ میں ہیں - چونکہ آنریبل ممبر کو ان اخراجات کی تفاصیل کا پورا پتہ نہیں تھا اسلئے وہ کھڈیوں کی صنعتوں اور ان چیزوں پر بحث فرماتے رہے ہیں - حالانکہ یہ وہ سکیم ہے جسکے سلسلہ میں لائلپور اور لائم موسی میں دو ٹریننگ سنٹر کھولے جا چکے ہیں - پاکستان میں اور بھی کئی ایسے مراکز قائم ہوچکے ہیں - یہ سب کچھ ایک باضابطہ منصوبہ کے ماتحت ہورہا ہے جسکے متعلق گزشتہ دو سال میں کافی پبلسٹی کی جاچکی ہے - اور میرے خیال میں اسکے متعلق سب کو معلوم ہے کہ وہ سکیم کیا ہے - چونکہ یہاں شروع میں انڈسٹریل ڈولپمنٹ لکھا تھا اسلئے انہوں نے صنعتوں پر بحث

شروع کردی - اگر وہ غور فرماتے تو انہیں معلوم ہو جاتا کہ دیہات کی سب سے بڑی صنعت تو زراعت ہے - اور حکومت یہ کوشش کررہی ہے کہ دیہات کے معیار زندگی کو بلند کرنے کیلئے - انکے ذرائع آمدنی بڑہانے کیلئے انکو زراعت کے متعلق نئی نئی معلومات بہم پہنچائے لائل پور اور لائلپور کے مراکز سے تربیت پائے ہوئے کارکنوں کو دیہات میں باقاعدہ طور پر تعینات کیا جائیگا - تاکہ وہ ہر وقت دیہات کے لوگوں کو مدد دیں اور انکی ترقی کیلئے کوشش کریں - یہ سکیم صرف یہاں ہی شروع نہیں ہوئی بلکہ اس سے پہلے اس پر ہندوستان میں بھی عملدرآمد ہورہا ہے اور وہاں اسکے نتائج نہایت شاندار رہے ہیں - گزشتہ ایک برس میں میں خود دو تین دفعہ ان مراکز کو دیکھنے کیلئے گیا ہوں - آنریبل چودھری محمد علی وزیر حکومت پاکستان بھی وہاں تشریف لے جاچکے ہیں - اور بھی کئی ماہرین فن وہاں جاتے رہے ہیں - میرے علاوہ دیگر حضرات کو بھی یہ تسلی ہے کہ وہاں کام نہایت خوش اسلوبی سے ہورہا ہے - اور امید ہے کہ ہم بہت جلد اپنے مقصد میں کامیاب ہونگے - اس سے پہلے انگریزوں کے وقت میں بھی دیہات کی بہتری کیلئے کئی کام کئے جاتے رہے ہیں - لیکن ان دنوں طریقہ یہ تھا کہ یہاں لاہور میں بیٹھکر ہی احکام جاری کردئے جاتے تھے - بلکہ یہ احکام وہ لوگ صادر کرتے تھے جنہیں شاید دیہات سے پوری واقفیت بھی نہیں ہوتی تھی - مثلاً یہ حکم دے دیا جاتا تھا کہ ہر دیہاتی کے مکان میں ایک موری سی بنادی جائے اور اسکا نام روشندان رکھدیا جاتا تھا اور سمجھا یہ جاتا تھا کہ ایسا کرنے سے دیہاتیوں کی بہتری ہوجائیگی - برین صاحب نے بھی ضلع گوڑگاوں میں یہ کام کرنے کی کوشش کی تھی مگر انہیں اس میں خاطر خواہ کامیابی نہ ہوئی - اب ہم نے یہ کام بڑے باضابطہ منصوبہ کے ساتھ شروع کیا ہے - اور اسکی بنیاد "اپنی مدد آپ" کے اصول پر رکھی ہے - دیہاتی خود سوچیں کہ انہیں اپنی بہتری کیلئے کیا کچھ کرنا چاہیئے - حکومت کی طرف سے صرف انہیں آگے بڑہنے میں مدد دی جائے اور سہولتیں مہیا کی جائیں - ہمارے تربیت یافتہ کارکن ہر وقت دیہات میں موجود ہونگے تاکہ لوگوں کو مشورے دیں - وہ نہ صرف انکو زراعت کی بہتری کے طریقوں سے آگاہ کرینگے بلکہ انہیں یہ بھی بتائینگے کہ وہ کسطرح اپنی زراعت کی آمدنی میں اضافہ کرسکتے ہیں - ساتھ ہی وہ انکی صحت اور اخلاق بہتر بنانے کی کوشش کرینگے - یہ خرچ ایوان سے اس سلسلہ میں طلب کیا گیا ہے اور مجھے امید ہے کہ اسے منظور کرلیا جائیگا -

میاں منظور حسن (گوجرانوالہ ا - مسلم) :- جناب‌والا میں صرف اتنا عرض کرنا چاہتا ہوں کہ عزت مآب وزیر تعلیم کے ذہن میں سوشل ریفارمز اور زرعی اور صنعتی ترقی کے متعلق کچھ خلجان سا معلوم ہوتا ہے - یہ گرانٹ جو ایوان سے طلب کی گئی ہے زرعی و صنعتی ترقی کے ضمن میں طلب کی گئی ہے - جو کچھ میں نے کہا ہے وہ یہ ہے کہ جب تک دیہاتیوں کو اضافی آمدنی کی صورت مہیا نہیں ہوگی جب تک وہاں وہ چھوٹی صنعتیں قائم نہیں کی جائینگی جو پہلے وہاں موجود تھیں - اس وقت تک کسی قسم کی بہتری نہیں ہوسکے گی - ان کے ذہن میں زرعی و صنعتی ترقی کا تصور شاید یہ تھا کہ دیہاتیوں کو ورزش کرائی جائیگی یا کچھ اور اس قسم کی چیز کرائی جائیگی تو اس سے ڈولپمنٹ ہو جائیگی - لیکن حضورِوالا ! اب چونکہ میرا مدعا وزارت کے ذہن میں آگیا ہے اور مجھے اطمینان دلایا گیا ہے کہ میری تجاویز پر عمل کیا جائیگا اس لئے میں اپنی تحریک تخفیف واپس لیتا ہوں -

Mr. Speaker: Has the honourable member the leave of the House to withdrawn his motive?

(Voice: Yes).

(ایوان کی اجازت سے تحریک تخفیف واپس لے لی گئی)

چودہری محمد افضل چیمہ :- (لائلپور - نمبر ۹ - مسلم)

Sir, I beg to move:

That the item of Rs, 67,46,240 on account of J—Miscellaneous and Unforeseen Charges be reduced by Rs. 7,46,240.

حضورِوالا ! تین چار سال سے بجٹ کا مطالعہ کرنے کے بعد میں اس نتیجہ پر پہنچا ہوں کہ جہاں کہیں حکومت "دیگر مصارف" "متفرق مصارف" "غیر متوقع اخراجات"

"فوری اور ہنگامی اخراجات" یا اس قسم کی اصطلاحات استعمال کرے تو فوراً اور آنکھیں بند کرکے یہ فرض کرلینا چاہیئے کہ یہاں کوئی گڑ بڑ ضرور ہے - چنانچہ اگر اسی عنوان کے ماتحت آپ مختلف اخراجات کا تفصیلی جائزہ لیں تو میری اس گزارش کی تائید فرمائیں گے -

حضورِوالا ! سب سے پہلے ایک وضاحتی نوٹ کی طرف میں آپ کی توجہ منعطف کراؤں گا جو بجٹ کے صفحہ ۶۶۹ پر درج ہے اس سے پتہ چلتا ہے کہ یہ اخراجات کس نوعیت کے ہیں اور آیا یہ بوجھ صوبہ کے میزانیہ پر اور غریب عوام پر جائز طریق سے ڈالا گیا ہے یا قابلِ گزیر اور غیر ضروری نوعیت کا ہے - میں بتدریج summary کی مختلف مدات کا ذکر کرنا چاہتا ہوں - بورڈ آف فلم سنسرز کے متعلق اس سے پیشتر تفصیلی بحث ہوچکی ہے - اس کے بعد جے - ۲ - پنچائت آفیسر کی مد کے سامنے ایک لاکھ اکتیس ہزار آٹھ سو تیس روپیہ کی رقم کا ذکر کیا گیا ہے - حضورِوالا ! میں یہ محسوس کرتا ہوں کہ جہاں تک دیہات کی اصلاح اور رفاہ اور بہبود کا تعلق ہے ہماری حکومت اس اہم مسئلہ سے اکثر غافل اور بے نیاز رہی ہے ہمارے ہاں پنچائت کا محکمہ ایک ایسے افسر کے سپرد کیا گیا ہے جو اپنی صلاحیتوں کے اعتبار سے بے شک اس کو بطریق احسن چلانے کا اہل اور مستحق ہے مگر جسے اس اہم منصب کے علاوہ دیگرقسم کے اور مساوی اہمیت رکھنے والے فرائض بھی سپرد کئے گئے ہیں اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ پنچائت کے محکمہ کو ایک ثانوی قسم کا محکمہ تصور کرکے بطور ضمیمہ کے انسپکٹر لوکل باڈیز کے سپرد کردیا گیا ہے اس وقت ہمارے صوبہ میں پنچائتوں کی جو کیفیت ہے اس کے متعلق میں ذاتی مشاہدے اور تجربے کی بنا پر عرض کرسکتا ہوں کہ اس محکمہ نے اب تک کوئی مفید کام نہیں کیا اس نے محض ایک نمائشی اور سطحی نوعیت کا کام کیا ہے بلکہ میں تو یہ کہوں گا کہ اس محکمہ کے آجانے سے اور پنچائتوں کے قائم ہو جانے سے حالات بد سے بدتر ہوگئے ہیں - میں یہ عرض کرونگا کہ اس کی صورت بالکل وہی ہے جیسے کسی نے کہا ہے -

عجب آن نیست کہ اعجاز مسیحا داری
عجب ایں است کہ بیمار تو بیمار است

ان موجودہ نام نہاد پنچائتوں نے دیہات میں پارٹی بازی اور لوگوں کے ذاتی مناقشات کو فریب سے شدید تر بنا دیا ہے - میں یہ محسوس کرتا ہوں کہ اس وقت حکومت نے نہایت مستحسن اقدام کیا جب اس نے مشرقی پنجاب کی حکومت کے بلکہ ہندوستان میں ہر جگہ حکومت کے نظام پنچائیت کا مطالعہ کرنے کیلئے یہاں سے کچھ افسروں کو بھیجا - وہ حضرات وہاں گئے اور انہوں نے مختلف صوبائی حکومتوں کے پنچائیت سسٹم کا تفصیلی جائزہ لیا اور ان کی ورکنگ اور کارکردگی سے متعلق حالات نہایت تفصیل کے ساتھ دیکھے اس کے بعد انسپکٹر لوکل باڈیز نے جو اس فریضہ پر مامور ہوئے تھے اپنے دورے سے واپسی پر ایک مکمل اور مفصل رپورٹ مرتب کی اور اسے حکومت کے سپرد کردیا - میں نہایت افسوس سے یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ان مفید تجاویز پر ہماری حکومت نے ذرا بھی توجہ نہیں کی اور نہ ان تجاویز کو عملی جامہ پہنانے کی کوشش کی ہے - حضورِوالا ! ہمارے نظام پنچائیت میں سب سے بڑا نقص اور عیب یہ ہے کہ مقامی پنچائیتوں میں ایسے لوگ ہیں جو اپنے علم - اپنے اخلاق اور اپنی استطاعت کے اعتبار سے چھوٹے چھوٹے اور ادنیٰ مقدمات کی سماعت کرنے کی بھی صلاحیت نہیں رکھتے - مگر ان کے ذریعہ مقدمات کے فیصلے کرائے جاتے ہیں - نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ وہ اپنی پارٹی بازی کے مفادات کے پیش نظر غلط قسم کے فیصلے کرتے ہیں - اسکے علاوہ یہ چیز بھی مشاہدے میں آئی ہے کہ وہ لوگ جن کا کسی پنچائیت کے حلقہ عمل سے کوئی تعلق نہیں ہوتا اپنے دوستوں کی وساطت سے ذاتی انتقام لینے کیلئے معصوم اور بے گناہ لوگوں کو پریشان کرنے کی کوشش کرتے ہیں - اس کا متبادل انتظام جو انسپکٹر لوکل باڈیز نے پیش کیا وہ یہ ہے کہ جس طرح آپ نے عدلیہ اور انتظامیہ کو علیحدہ علیحدہ حصوں میں تقسیم کرنے کی کوشش کی ہے اسی طرح سے ایگزیکٹیو اور جوڈیشل پنچائتیں علیحدہ علیحدہ قائم کریں اور پانچ پانچ دیہات کا ایک گروپ تیار کرکے ان میں علیحدہ علیحدہ جوڈیشل پنچائیتیں قائم کریں - پنچائیتوں کے سلسلہ میں تو صرف یہی عرض کرنا چاہتا ہوں کیونکہ میرے پاس وقت تھوڑا ہے اور میں نے ابھی بہت کچھ کہنا ہے -

حضوروالا ! اس کے بعد ولیج ایگریکلچرل اینڈ انڈسٹریل ڈولپمنٹ ڈیپارٹمنٹ کے متعلق عزت مآب وزیر متعلقہ کی خدمت میں یہ گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ شہر ہوں یا دیہات کسی جگہ بھی آپ صرف قانون ہی کا سہارا لے کر اصلاحی یا رفاہی امور کو سر انجام نہیں دے سکتے - آپ کا فرض ہے کہ فوری نتائج برآمد کرنے کیلئے آپ وہاں مناسب فضا اور ماحول پیدا کرنے کی کوشش کریں - لوگوں میں اپنی اصلاح کا احساس پیدا کریں - اس وقت کیفیت یہ ہے کہ لوگ اپنی موجودہ زندگی سے - اس غربت - افلاس - جہالت اور علالت کی زندگی سے اس قدر مانوس ہوچکے ہیں کہ وہ بالکل بے حس ہوگئے ہیں -

سب سے پہلی بات یہ ہے کہ -

وائے ناکامی متاع کارواں جاتا رہا
کارواں کے دل سے احساس زیاں جاتا رہا

سب سے ضروری بات یہ ہے کہ آپ وہاں لوگوں کے اختلافات - ان کی پارٹی بازی اور مقدمات کا سدباب کریں - اس کے لئے سب سے اہم اور بنیادی اقدام یہ ہوسکتا ہے کہ آپ اپنی حکومت کے نظم و نسق کے تمام کل پرزوں - اپنے نظم و نسق کی ساری مشینری - اپنے مختلف شعبہ جات کے تمام افسروں سے تعلق رکھتے ہیں - آپ کا پولیس - سول اور نہر کے محکموں اور دیگر شعبہ جات سے تعلق ہے - آپ کو چاہئیے کہ آپ ان کے اندر یہ جذبہ پیدا کرنے کی کوشش کریں کہ وہ اپنے محکمانہ فرائض کی انجام دہی کے ساتھ ساتھ مشنری سپرٹ سے لوگوں میں صلح آشتی - امن - اتفاق اور اتحاد کی فضا پیدا کرنے کی کوشش کریں - حضوروالا - ہمارے لوگوں میں اور بالخصوص دیہاتی لوگوں میں جو سالہاسال پرانی عربوں کی سی جاہلیت کا شکار ہیں اور بیسیوں سال سے مقدمے بازی میں مبتلا ہیں اور اپنی گاڑھے پسینے کی کمائی اسراف اور تبذیر کی نذر کر دیتے ہیں - جہاں چھوٹی چھوٹی اور ادنی سی باتوں پر کہیں پانی لگانے کی باری پر - کہیں کسی "نکے" کے بارے میں - کہیں "وٹ ہٹری" کے متعلق اور کہیں کھاد کی تقسیم جیسے معمولی معاملات پر بہت سی پیچیدگیاں پیدا ہو جاتی ہیں - اس حد میں دیہاتی معاشرے کی اصلاح کیلئے کوئی گنجائش نہیں رکھی گئی - میں پورے وثوق سے کہتا ہوں کہ آپ کی کوئی تنظیم اور کوئی قانون اس قسم کی اصلاح نہیں کرسکتا جب تک آپ وہاں سازگار فضا اور ماحول پیدا نہ کردیں - اگر آپ اس سلسلے میں کوئی اقدام کریں تو لوگ آپ کی مساعی جمیلہ کا خیر مقدم کرنے کو تیار ہیں - وہ آپ کی ان خدمات کا نہ صرف خندہ پیشانی سے استعمال کرینگے بلکہ ان پر عمل کرکے ان سے فائدہ اٹھانے کی کوشش کرینگے -

حضوروالا - اس کے بعد میں other charges کے متعلق بھی کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں - اس مرتبہ یہ دیگر اخراجات تین لاکھ گیارہ ہزار اور ایک سو نوے روپئے کی رقم خطیر پر مشتمل ہیں - میں آپ کو اس کی تفصیلات دکھانا چاہتا ہوں جو صفحہ ۶۷۴ پر دی گئی ہیں - حضوروالا - اس میں سے ۵۱ ہزار کی ایک بڑی رقم کی وضاحت یوں فرمائی گئی ہے کہ یہ Rewards and Entertainments of envoys کیلئے مخصوص کی گئی ہے - آج میں نے اخبار میں دیکھا کہ مرکزی حکومت ایک بہت اچھی مثال قائم کررہی ہے یعنی اس نے اس قسم کی ہدایات جاری کی ہیں کہ ہمارے ملک میں تشریف لانے والے غیر ملکی مہمانوں کی خاطر و مدارات کے سلسلے میں حتی الامکان کفایت شعاری سے کام لیا جائے - میں اپنی صوبائی حکومت کی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ آپ اپنی مالی حالت کا ہمیشہ رونا روتے رہتے ہیں لیکن جب اس قسم کے مواقع پیش آتے ہیں تو بڑی دریا دلی سے بے دریغ روپیہ پانی کی طرح بہا دیتے ہیں جس کے جواز کیلئے آپ کے پاس کوئی دلیل نہیں ہوتی - میری عرض صرف یہ ہے کہ آپ بھی مرکزی حکومت کی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے اس سلسلے میں حتی الامکان کفایت شعاری سے کام لینے کی کوشش کریں -

حضوروالا - اس کے بعد میں آپ کی توجہ ایک اور اہم مد کی طرف منعطف کراتا ہوں اور وہ ہے Scholorship Fund for Training Abroad

اسکے لئے ایک لاکھ پچیس ہزار روپیے کی رقم وقف کی گئی ہے - میں آپ کی وساطت سے حکومت کی خدمت میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ مجھے اس رقم پر کوئی اعتراض نہیں - آپ بیشک اس سے بھی زیادہ رقم مقرر کردیں - لیکن ہم آپ سے اس امر کی کفالت اور ضمانت چاہتے ہیں کہ جو رقم جس غرض کیلئے رکھی جائے اسے اسی غرض کیلئے ہی استعمال کیا جائیگا - آپ بیشک غیر ملکی درسگاہوں میں تعلیم کیلئے اپنے طلبا کو بھیجیں لیکن اس امر کا خیال رہے کہ ان وظائف کی رعایت اور سہولت سے غریب - مفلس اور نادار طلبا محروم نہ کردئے جائیں - آپ ہمیں اس کے متعلق مطمئن کریں -

جناب والا - جہانتک Rehabilitation کیمپوں کا تعلق ہے ان کیلئے ۴۱ لاکھ ۵۶ ہزار روپیے کی رقم خطیر رکھی گئی ہے - لیکن اس سلسلے میں میں صرف یہ عرض کرونگا کہ بحالی کا کام جسے آپ ایک سنہری کارنامہ تصور کرتے ہیں آج تک تشنہ تکمیل ہے اور ابھی ہمارے ہاں پانچ لاکھ مہاجرین ایسے ہیں جو دربدر اور خاک بسر پھرتے نظر آتے ہیں - جو اکتساب زرق کے لئے ٹھوکریں کھاتے پھرتے ہیں اور خانہ بدوشوں کی طرح زندگی بسر کررہے ہیں - میں سمجھتا ہوں کہ اس حکومت کے نام پر یہ ایک نہایت برتما دھبہ ہے جو انتہائی افسوس کا باعث ہے - اس لئے آپ کو ان مہاجرین کی بحالی کا جلد از جلد انتظام کرنا چاہئیے -

میں ان الفاظ کے ساتھ اپنی تحریک تخفیف ایوان کی منظوری کے لئے پیش کرتا ہوں -

Mr. Speaker: Demand under consideration, motion moved is:

That the item of Rs. 67,46,240 on account of J—Miscellaneous and Unforeseen Charges be reduced by Rs. 7,46,240.

میاں عبدالباری :- (لائلپور نمبر ۷ - مسلم) -

جناب صدر - میں بھی اس ضمن میں یعنی اس تخفیف زر کے متعلق چند معروضات پیش کرنا چاہتا ہوں - جناب والا - باوجود ان تقاریر کے جو بدستور اس معزز ایوان میں حزب مخالف کی طرف سے کی گئی ہیں مجھے اس میں چند شائبے نظر آئے ہیں جن کے متعلق میں سمجھتا ہوں کہ اگر میں کچھ نہ کہوں تو میں اپنے فرض سے کوتاہی کا مرتکب ہونگا - فلم سنسر بورڈ کے متعلق بہت کچھ کہا جاچکا ہے - چنانچہ قائد حزب اقتدار نے بھی اپنے خیالات کا اظہار فرماتے ہوئے ان تمام معزز سمبران کے نظریے سے اتفاق تو کیا ہے مگر ان کو عملی جامہ پہنانا ضروری نہیں سمجھا - اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ تو ان کی عادت ہو چکی ہے کہ جب کسی چیز پر تعمیری نقطہ نظر سے تنقید کی جاتی تو وہ اس سے اتفاق کرتے ہوئے فرمایا کرتے ہیں کہ اس میں اصلاح ضرور ہونی چاہئیے - مگر اس کے متعلق عملی قدم اٹھانے سے گریز کرتے ہیں -

وزیر اعلیٰ :- فلم سنسر بورڈ کے متعلق تو کافی بحث ہو چکی ہے -

میاں عبدالباری :- جناب والا - اسکے متعلق صرف چند الفاظ عرض کرنا چاہتا ہوں اب جب کہ یہ اسمبلی ختم ہورہی ہے اور معلوم نہیں آئندہ کیا ہونے والا ہے - آپ ہماری تعمیری تجاویز ہمیشہ پس پشت ڈالتے رہے ہیں اور ہم یہ بھی سمجھتے ہیں کہ جیسے گزشتہ چار سالوں میں ہماری تقاریر صدا بصحرا ثابت ہوتی رہی ہیں اسی طرح اب بھی صدا بصحرا ثابت ہونگی - تاہم آپ کو چاہئیے کہ یہ فلمیں جو - - - - - -

صاحب سپیکر :- میں آپ کی خدمت میں یہ عرض کردوں کہ فلم سنسر بورڈ کا معاملہ ختم ہو چکا ہے کیونکہ اس کے متعلق تحریک تخفیف مسترد ہوچکی ہے - اب اس مرحلے پر اس حصے پر بحث نہیں ہوسکتی - جن حصوں پر بحث ہوچکی ہے میں قواعد کے مطابق ان پر دوبارہ بحث کرنے کی اجازت نہیں دے سکتا -

میاں عبدالباری :- میری گزارش یہ ہے کہ اس مد میں چار ہزار نوے روپیے کی رقم بھی شامل ہے -

صاحب سپیکر :- مجھے معلوم ہے -

میاں عبدالباری :- جناب آپ میری گزارش تو سن لیں - عرض صرف یہ ہے کہ آپ اس سب سے ضروری اور اہم چیز کو بہتر بنائیے - اگر آپ نے اسے پہلے کی طرح ہی رہنے دیا تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک بڑا غلط اقدام ہوگا - دونوں چیزوں میں غلط اقدام ہوا ہے -

جناب صدر - اسلامیات کی ابتدا ۱۹۵۰ میں ہوئی تھی جب کہ جناب نفٹر صاحب کے وقت میں اس کی ضرورت کو محسوس کیا گیا اور یہ سمجھا گیا تھا کہ اس کو ترقی دی جائے - چنانچہ اس بڑے مقصد کو حل کرنے کے لئے ۵۰ ہزار روپیہ کی ایک رقم مقرر کی گئی تھی - پاکستان بن جانے کے بعد نظریات کا وہ فرق آج بھی ہے جسکی ابتدا آج سے ۲۰۰ سال پہلے یورپ میں ہوئی تھی جب کہ ایک طرف تو Secular Temperament تھی اور دوسری طرف Rationalism تھی - مختلف Sciences تھے - پادریوں کے مذہبی نظریات تھے - یہی مرحلہ اس وقت یورپ کو درپیش تھا جو آج قیام پاکستان کے بعد اس ملک کو درپیش ہے - اس چیز پر غور کرتے ہوئے یہ سمجھا گیا کہ جب دونوں چیزوں کے متعلق تعلیم و تربیت حاصل کرنے کی کوشش نہیں کی جائیگی - ہمارے دماغ صحیح طور پر نشو و نما نہیں پا سکیں گے - چنانچہ اس غرض کے لئے جناب نفٹر صاحب کے زمانہ میں ۵۰ ہزار روپیہ کی رقم منظور کی گئی تھی لیکن بدقسمتی یہ ہے کہ مقتدر اصحاب اور برسر اقتدار حضرات کے دماغوں میں اس کا قطعی کوئی تصور موجود نہیں - اس میں کوئی شک نہیں - اور میں اس بات کو مانتا ہوں کہ گزشتہ دو تین سال میں اسلامیات کا نام غلط طریقہ سے محض پولیٹیکل اغراض حاصل کرنے کے لئے استعمال ہوتا رہا ہے - گزشتہ انکوائری رپورٹ کے مطابق سابقہ وزارت نے اس روپیہ کا غلط استعمال کیا اور اصل کام کے بجائے روپیہ کسی اور مصرف میں لگایا - ایک چیز کی ضرورت ہے کہ اس کام کو محکمہ تعلیم اپنے ذمہ لے اور دیکھے کہ دین الہی پڑھنے والے مسجدوں میں عبادت کرتے ہیں یا پولیٹیکل قیادت کرتے ہیں ان سب کی تعلیم کا ایک معیار ہو - خواہ وہ انٹرنس تک ہو یا ایم اے تک ہو - تمام کی تعلیم میں ایک ایسا توازن قائم کریں تاکہ اگر کوئی شخص چاہے تو اس میں specialize بھی کرسکے - اب چاہیے اس کام کو صوبائی حکومت کرے یا مرکز اپنے ہاتھ میں لے - اور جس طرح ۵۰ ہزار کی ایک رقم اس قسم کے کاموں کے لئے منظور کی گئی تھی - اسی طرح وہ بھی دینیات کی ترویج کرے -

موجودہ وزارت تو اس چیز کی ضرورت نہیں سمجھتی بلکہ یہاں تو ایک سلیڑیم کی پختہ عمارت بنانے کیلئے ۶ لاکھ روپیہ کی منظوری دی گئی ہے - حالانکہ ضرورت اس بات کی تھی - کہ انسانوں کی تعمیر کی جاتی اور ان کی ذہنی ترقی ہوتی - میں اپنی تقریر میں پہلے بھی عرض کرچکا ہوں کہ اس قسم کی پختہ عمارتیں تباہی کا باعث ہو رہی ہیں -

اس کے بعد میں یہ عرض کرونگا کہ ان ساری چیزوں کی تباہی کا باعث یہ امور بھی ہیں جن کا ذکر آپ نے ان دو Headings میں کیا ہے -

1. Expenditure in connection with Camp for movement of Refugees and Evacuees.

2. Expenditure in connection with the Rehabilitation of refugees.

کیا میں امید کرسکتا ہوں کہ آپ ان کے متعلق تفصیلات بتائیں گے - ان کے عرض کرنے سے میرا مقصد یہ بھی ہے کہ اگر آپ ان پر غور نہیں کریں گے تو ممکن ہے میری آواز آپ کے بعد کسی اور تک پہنچ سکے -

مہاجرین کے مسئلہ کو حل کرنے کے متعلق آپ نے ڈنکا پیٹا اور اب بھی پیٹ رہے ہیں مگر حقیقت یہ ہے کہ آپ نے اس کے حل کرنے میں اس نظریہ کو قطعی نظرانداز کردیا ہے جو ہمارے پاس موجود ہے - جو قرآن پاک کا نظریہ ہے اور جس کے مطابق لوگوں کو چوتھی بار مہاجرین کہا گیا ہے - سب سے پہلے حضرت ابراہیم علیہ‌السلام مہاجر ہوئے - دوسری مرتبہ حضرت موسیٰ علیہ‌السلام - تیسری مرتبہ حضرت نبی کریم صلے‌اللہ علیہ وسلم اور چوتھی بار اب جبکہ قیام پاکستان کے موقع پر لوگ مہاجر بن کر اس ملک میں آئے - آپ نے سب سے پہلے جو تباہ کن کام کیا ہے وہ یہ ہے کہ آپ نے ان کا نام پناہ گزین رکھ دیا ہے - نام رکھنے میں بھی بڑے اثرات ہوتے ہیں اور ہمیں معلوم ہے کہ یہ محض آپ کے دماغ کی اختراعات تھیں - جب بھی کبھی کسی ملک میں جہاں اسلامی حکومت ہوگئی لوگ مہاجرین بن کر آئے تو وہ لوگ اس ملک میں پورا حق رکھتے تھے اور ہر چیز کے مالک ہوتے تھے لیکن اس وقت آپ نے ان کا نام پناہ گزین رکھ کر اسلامی نظریات کو قطعی طور پر نظرانداز کردیا ہے اور پھر ہر بات میں اگرچہ آپ "اسلامی" کا ڈنکا پیٹتے ہیں لیکن عملاً جو کچھ ہوتا ہے قرآن پاک کے احکام کے خلاف ہوتا ہے - یہ صرف آج ہی نہیں یا ایک سال سے نہیں بلکہ پچھلے ۴ سالوں سے ہم اس ایوان میں یہ قصہ سناتے آرہے ہیں لیکن بے سود - اب معلوم نہیں کہ یہ اسمبلی ختم ہو جائے اور ایوان کے معزز اراکین گھروں میں جابیٹھیں - اگر ایسا ہوا تو اس کی حقیقت ایک ڈرامہ سے زیادہ نہ ہوگی - اس کے بعد ممکن ہے کوئی ایسا نیک بندہ آجائے جو قرآن کے احکام کے مطابق اس مسئلہ کو حل کرنے کی کوشش کرے - آپ سے تو حل نہیں ہوسکا -

وزیر اعلیٰ :- (عزت مآب ملک محمد فیروز خان نون -)

میرے معزز دوست نے اسلامیات کے متعلق اپنے خیالات کا اظہار فرمایا ہے اور میں ان سے اتفاق کرتا ہوں کہ پاکستان میں اپنے مسلمان بچوں کو اسلامیات کی تعلیم دینا چاہئیے لیکن یہ طریقہ غلط ہے کہ چند ایک علماء حکومت کے دفاتر میں کام کریں اس لئے میں حکومت کی اس بات کو صحیح سمجھتا ہوں کہ اس نے یہ طریقہ ختم کردیا ہے -

میرے خیال میں بہتر طریقہ یہ ہے کہ آپ کے بچے سکولوں میں اسلامی تعلیم حاصل کریں ان کی ٹیکسٹ بکس میں اسلامی تعلیم ہو اور محکمہ تعلیم ایسی کتابوں کو ترجیح دے - جن میں اسلامی تعلیم زیادہ ہو - سکولوں میں مسلمان بچے نہ صرف اسلامی تعلیم حاصل کریں گے بلکہ پکے مسلمان بن جائیں گے محکمہ تعلیم نے بچوں کو صحیح تعلیم دینے کے لئے قرآن مجید کی تعلیم کو لازمی کردیا ہے بلکہ اب تو اس کا ترجمہ پڑھنا بھی لازمی ہوگیا ہے - اس سے قرآن مجید کے احکام سے واقفیت ہوگی اور جوں جوں آپ کے بچے بڑے ہوتے جائیں گے وہ پکے مسلمان بنتے جائیں گے -

آپ کو معلوم ہے کہ پچھلے سال ہم نے پہلی دفعہ قرآن پاک کی ایک جلد بی - اے کے طلباء کو مفت تقسیم کی تھی - معلوم نہیں اس سال محکمہ تعلیم نے ایسا کیا ہے یا نہیں - اگر نہ کیا ہو تو جو خرچ اس پر آئے ہم اسے ادا کردینگے - صرف ایک بات میں اور عرض کرنا چاہتا ہوں - مولانا صاحب نے اس بات پر زور دیا ہے کہ مہاجرین کے ساتھ وہ سلوک کیا جائے جو قرآن پاک میں لکھا ہے - قرآن پاک کے احکام ہم پر فرض اور لازم ہیں - اور مولانا صاحب کو یہ بھی یاد رکھنا چاہئیے کہ قرآن مجید اور حدیث رسول صلعم کے مطابق ہم اگر کسی سے کوئی معاہدہ کریں خواہ وہ معاہدہ کفار کے ساتھ ہو - تو اس معاہدہ کی پابندی ہم پر لازمی ہوگی - ہم متروکہ جائدادوں کے متعلق ہندوستان سے معاہدہ کرچکے ہیں - (ایک آواز - وہ بھی آپ نے ہی کیا ہے) میں یہ تو نہیں کہتا کہ روس والوں نے کیا ہے - میں تو یہ عرض کررہا ہوں کہ قرآن مجید کے احکام کے مطابق ہم پر معاہدہ

کی پابندی لازم ہے - آپ کی بھی وہی بات ہے "لاتقربوالصلوٰۃ" (تالیاں) تو آپ اس طرح نہ کریں کہ ایک حصہ کو حذف کردیں اور دوسرے پر زور دیں - میں یہ کہتا ہوں کہ اگر ہم اس معاہدہ کی پابندی نہ کرینگے تو جو مہاجرین وہاں جائداد چھوڑ کر آئے ہیں ان کے ساتھ بے انصافی ہوگی - اس لئے میں یہ عرض کرونگا کہ ہم نے جب ایک معاہدہ کیا ہے خواہ وہ غیر مسلموں سے ہی کیوں نہ ہو - قرآن پاک کی تعلیم کے مطابق اس کی پابندی ہم پر لازم اور فرض ہے -

Mr. Speaker: The question is:

That the item of Rs: 67,46,240/- on account if J-Miscellaneous and Unforeseen Charges be reduced by Rs. 7,46,240/-.

THE MOTION WAS LOST.

Mr. C. E. Gibbon: Sir, I am not moving my motion.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: Sir, I am not moving my motion.

Mian Muhammad Shafi: Montgomery VII Muslim, Reserved Seat) Sir. I beg to move.

That the item of Rs. 2,96,590/- on account of net total Refugees and Evacuee Department be reduced by Re. 1/- only.

حضوروالا - میں اپنی تقریر کا آغاز ان اشعار سے کرنا چاہتا ہوں -

بے بجا شیوہء تسلیم میں مشہور ہیں ہم — تم جو درد سناتے ہیں کہ مجبور ہیں ہم
ساز خاموش ہیں فریاد سے معمور ہیں ہم — نالہ آتا ہے اگر لب پہ تو معذور ہیں ہم

جناب‌والا - آج میں اس معزز ایوان میں کچھ معروضات پیش کرنا چاہتا ہوں اور میں قائد ایوان سے استدعا کرونگا کہ وہ دل کے کان کھول کر میری ان معروضات کو سنیں - میں اپنی انتہائی کوشش کرونگا کہ ذاتیات سے قطع نظر کرکے اس اہم مسئلہ کے متعلق جو کچھ میں اپنے خیال کے مطابق صحیح سمجھتا ہوں وہ آپ کی خدمت میں عرض کروں -

حضوروالا - آپ نے اپنے بجٹ میں دولاکھ چھیانوے ہزار پانچ سو نوے روپیہ کی رقم مہاجرین کے کیمپوں کے لئے مختص کی ہے - حضور والا - گذشتہ سات سال سے آپ پناہ گیروں کے اہم مسئلہ کو (جسے کوئی فنا گیر بھی کہتا ہے) حل کرنے کی کوشش کررہے ہیں لیکن گورنمنٹ نے آج تک کوئی ایسی پالیسی مرتب نہیں کی جس کی بنا پر یہ عظیم‌الشان مسئلہ حل ہوسکے - آپ کی حیثیت ایک مونسپل کمیٹی کی سی ہے - دراصل آپ کے اپنے اختیار میں کچھ نہیں - جو پالیسی مرکزی حکومت مرتب کر دیتی ہے - آپ اس پر انگوٹھا لگا دیتے ہیں - آپ کے افسران کے ہاتھ میں بھی کچھ نہیں ہے - یہ سارے کا سارا عملہ کمشنر ریسیٹلمنٹ تک ایک سینٹرل آرڈری‌نینس کے ذریعے معرض وجود میں آیا ہے - آپکی حکومت موائے ایڈوائزری کمیٹیاں قائم کرنے کے (اور وہ بھی ریفوجی ایم - ایل - ایز حضرات پر مشتمل ہوتی ہیں) اور کچھ نہیں کرسکتی - آپ صرف مرکزی احکامات کی تعمیل کرتے ہیں - حضوروالا - ۷۵ لاکھ انسان مجبور - معذور اور سخت بے بسی کے عالم میں یہاں آئے - مجھے اس چیز کا اعتراف ہے کہ یہ ایک پس ماندہ ملک ہے اور اس وقت بھی ہمارے ذرائع اتنے وسیع نہ تھے کہ ہم ان کے تمام مسائل کو حل کرسکتے لیکن میں یہ ضرور کہونگا کہ اسکو اہم مسئلہ تصور کرتے اور اگر آپ میں اسلامی جذبہ ہوتا اور آپ اس مسئلہ کو آپ کے دل میں ان مہاجرین کے لئے ہمدردی کا جذبہ ہوتا تو پھر کوئی وجہ نہ تھی کہ وہ آج تک ٹھوکریں کھاتے - حضوروالا - میں قائد ایوان سے پوچھتا ہوں - وہ نہ صرف صوبہ پنجاب کے بلکہ سارے مغربی پاکستان کے ایک بہت بڑے سیٹسمین سمجھے جاتے ہیں -

(وزیر اعلیٰ - شکریہ) اگر وہ یہ فیصلہ کرتے ہیں کہ جو لوگ ایک مربہ زمین چھوڑ کر آئے ہیں انہیں ایک مربہ دی جائے اور جو ایک ایکڑ چھوڑ کر آئے ہیں انہیں ایک ایکڑ دیا جائے تو میں انہیں پوچھتا ہوں کہ یہ کونسی اسلامک ipeology ہے جس کے ماتحت وہ ایسا کررہے ہیں ؟ ان لوگوں نے اپنی جائیں قربان کیں وہ اور گ‌پاکستان کی خاطر اپنی

عزیز ترین چیزیں قربان کرکے یہاں آئے - آپ تھوڑی دیر کے لئے ۱۹۴۷ع کے واقعات کو اپنے سامنے لائیں - وہ لوگ کس خستہ اور کس بیرسی کی حالت میں پاکستان پہنچے - اب اس بات کو سات سال کا عرصہ ہو چلا ہے آپ کے پاس نہ کوئی منصوبہ ہے اور نہ کوئی پالیسی جس سے یہ اہم مسئلہ حل ہوسکے - آپ نے ۲۹۶۵۹۰ روپیہ کی رقم اس بجٹ میں کیمپوں کو قائم رکھنے کے لئے مخصوص کی ہے - کیا ہمارے قائد ایوان کو اس چیز کا علم نہیں کہ جہانتک ہمارے صوبہ کا تعلق ہے ہمارا صوبہ اس لحاظ سے انتہا کو پہنچ چکا ہے -؟ ہماری زمینوں پر جس قدر آبادکاری ہو سکتی تھی وہ ہوچکی ہے اور ہمارے پاس کوئی ایسی زمین نہیں جس پر مزید مہاجرین کو آباد کیا جاسکے -؟

جہاں تک مکانوں کا تعلق ہے میں قائد ایوان کو بتا تا ہوں کہ لوگوں کی secrecy of life اور privacy of life بالکل ختم ہوچکی ہے - چھوٹے چھوٹے مکانوں میں چار چار پانچ پانچ کنبے گھسے ہوئے ہیں - نتیجہ اس کا یہ ہوا ہے کہ آج لوگوں کی پرائیویٹ لائف نیست و نابود ہوچکی ہے - آپ حکومت پاکستان سے علی الاعلان کیوں نہیں کہہ دیتے کہ خواہ کچھ بھی ہو جائے جہاں تک پنجاب کا تعلق ہے ہم اور کسی مہاجر کو پنجاب میں آباد کرنے کے لئے قطعاً تیار نہیں ہیں ؟ موجودہ مد کا تعلق مہاجرین کے کیمپوں سے ہے - حکومت یہ کہتی ہے کہ ہم ان کیمپوں کو بدستور جاری رکھیں گے تاکہ اگر خدا ناخواستہ اور مہاجرین آجائیں تو ان کو وہاں رکھا جاسکے - اس سلسلہ میں میں یہ بتا دینا چاہتا ہوں کہ agreed area سے تو مزید مہاجرین کے آنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا - اس area میں کوئی مسلمان باقی نہیں چھوڑا گیا جو اب یہاں آسکے - اب رہا سوال non-agreed area کا - اس کے متعلق میں آپ سے کہتا ہوں کہ آپ ذرا اس بات کو سوچیں اگر نواب مظفر علی خان قزلباش بھی سوچنا چاہیں تو وہ بھی سوچیں) کہ کیا آپ کے اس ہاؤس نے آپکو یہ mandate نہیں دیا تھا کہ جہاں تک پنجاب کا تعلق ہے non-agreed area سے کسی آدمی کو اب یہاں نہ لایا جائے کیونکہ پنجاب میں مزید مہاجرین کو بسانے کی گنجائش نہیں ہے ؟ آپ یہ بھی سوچیں کہ کیا اس معزز ایوان نے ایک قرارداد پاس کرکے مرکزی حکومت سے اس امر کا مطالبہ نہیں کیا تھا کہ جہاں تک پنجاب میں مہاجرین کو دوبارہ بسانے کا تعلق ہے non-agreed area اور agreed area کا امتیاز ختم نہ کیا جائے ! ہم پنجابی عوام کے منتخب نمائندے ہونے کی حیثیت سے آپ سے پوچھتے ہیں کہ ہمارے اس متفقہ فیصلے کا کیا حشر ہوا ؟ مرکزی حکومت نے اس معزز ایوان کے متفقہ فیصلے کو پائے حقارت سے ٹھکراتے ہوئے اس کی دھجیاں اڑا دیں - لیکن افسوس کہ آپکی زبان سے مرکزی حکومت کے خلاف ایک لفظ تک نہ نکلا - کیا آپ نے اس کے خلاف پروٹسٹ نہ کر کے اس معزز ایوان کی ہتک نہیں کی ؟

وزیر اعلیٰ :- ہم نے پروٹیسٹ کیا تھا -

میاں محمد شفیع :- آپ نے قطعاً پروٹسٹ نہیں کیا - اگر آپ نے پروٹسٹ کیا ہوتا تو میں پہلا شخص ہوتا جو "ملک فیروز خان نون زندہ باد" کا نعرہ لگاتا - اگر آپ کی مرکزی حکومت کے فیصلے کے خلاف آواز بلند کرنے کی نیت ہوتی تو آپ کہتے کہ اگر اس معزز ایوان کی خواہشات کا احترام نہ کیا گیا تو ہماری وزارت مستعفی ہو جائے گی - اس معزز ایوان کے کسٹوڈین ہونے کی حیثیت سے آپکا اخلاقی فرض تھا کہ نتائج کا خیال نہ کرتے ہوئے آپ اس ایوان کے متفقہ فیصلے کو ڈٹ کر سنٹر سے منظور کرواتے - مگر حضورِوالا ایسے جرات مندانہ اقدام وہی لوگ کرسکتے ہیں جنکی پشت پر کوئی مضبوط عوامی جماعت ہو یا جن میں کچھ سیاسی جان باقی ہو - لیکن جن لوگوں کا کردار ہی سیاسی ابن الوقتی پر مبنی ہو وہ ایسا قدم نہیں اٹھا سکتے -

حضورِوالا - میں ان لوگوں میں سے نہیں ہوں جو صوبہ پرستی کے حامی ہیں اور پنجاب اور یوپی کے لوگوں کے درمیان نفرت پھیلانا چاہتے ہیں - بلکہ میں یہ باتیں اس

لئے کہہ رہا ہوں کہ صوبہ پنجاب کے اقتصادی وسائل اور ذرائع اب بالکل ختم ہوچکے ہیں اور اس میں اب کسی مہاجر کو آباد کرنے کی سکت باقی نہیں رہی - اگر اس صوبہ پر اور بوجھ ڈالا گیا جیسا کہ مرکزی حکومت کا خیال ہے تو اس کا اقتصادی نظام درہم برہم ہو جائے گا - ان حالات کی روشنی میں میں آپ سے درخواست کرتا ہوں کہ آپ صاف صاف الفاظ میں مرکزی حکومت سے کہہ دیں کہ پنجاب میں اب کسی مہاجر کو آباد کرنے کی گنجائش باقی نہیں رہی -

حضوروالا - آپ جانتے ہیں کہ میں نے اگلے روز وزیر بحالیات سے پوچھا تھا کہ ہندو اور سکھ مغربی پنجاب میں کتنی زمین چھوڑ گئے ہیں اور اس کے مقابلے میں مسلمان تارکین وطن مشرقی پنجاب میں کتنی زمین چھوڑ آئے ہیں - وزیر موصوف نے جو اعداد و شمار اس کے جواب میں پیش کئے ان کے مطابق ۳۲ لاکھ ایکڑ زمین کا کچھ پتہ نہیں چلتا کہ وہ کہاں گئی ہے - آج میں وزیر بحالیات سے دریافت کرتا ہوں کہ وہ اس ایوان کے سامنے بتائیں کہ وہ ۳۲ لاکھ ایکڑ فاضلہ زمین جو ہندو اور سکھ یہاں چھوڑ گئے تھے وہ کہاں ہے ؟

حضوروالا - جہاں تک زمین پر آبادکاری کا تعلق ہے آپ نے جسکو دس ایکڑ اراضی الاٹ کی تھی اور وہ کسی دوسرے کی .....

صاحب سپیکر :- آپ کا وقت ختم ہوگیا ہے -

میاں محمد شفیع :- حضوروالا مجھے تو ابھی بہت کچھ کہنا ہے -

صاحب سپیکر :- بہت اچھا - میں آپکو دو منٹ اور دیتا ہوں -

میاں محمد شفیع :- شکریہ جناب - جناب‌والا - وزارت کی ناقص پالیسی کی وجہ سے آج ہماری دیہاتی فضا میں ایک خلفشار پایا جاتا ہے اور وہاں حالت نہایت ہی ابتر ہے -

حضوروالا - اب میں محکمہ بحالیات کے افسران پر کچھ روشنی ڈالونگا - اس سلسلہ میں میں سب سے پہلے مسٹر اختر حسین کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں جو اس وقت پنجاب میں موجود نہیں ہیں - اس افسر نے انتہائی دلسوزی اور جانفشانی سے دن رات کام کرکے تباہ حال مہاجرین کو پھر سے بسانے کی کوشش کی - اس کے بعد میں یہ عرض کرونگا کہ محکمہ بحالیات کے عملہ میں اکثریت ان لوگوں کی ہے جو اپنے سینوں میں پتھر کا دل رکھتے ہیں - میں کہونگا کہ وہ بوچڑ ہیں - وہ سمجھتے ہیں کہ مہاجرین کی کھال اتارنے کا یہی وقت ہے - ان سے بدلہ لینے کا یہی سنہری موقع ہے - حضوروالا - یہ allotment اور re-allotment اور اس کے بعد پھر re-allotment کا چکر ابھی تک ختم نہیں ہوا - اس الاٹمنٹ کی پالیسی نے پنجاب کے عوام کا morals تباہ کردیا ہے - آج پنجاب کا کوئی ایم - ایل - اے - یا کوئی سیاسی کارکن ایسا نظر نہیں آتا جسے الاٹمنٹوں کی وبا نے تباہ و برباد نہ کردیا ہو - میں تو کہتا ہوں کہ اس لعنت نے ہم سب کا ایمان اور کریکٹر تباہ کرکے رکھ دیا ہے - اس محکمہ کا چھوٹے سے چھوٹا افسر بھی جس کو چاہے بلا کر دبا لیتا ہے - اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ہمیں بے بس ہوکر ان کے دروازوں پر چکر لگانے پڑتے ہیں - ان واقعات کی روشنی میں میں بڑے ادب سے درخواست کرتا ہوں کہ خدا کے لئے پنجاب کی عزت بحال کرو اور پنجاب کو پھر وہی اعلیٰ مقام دو جس پر وہ اس الاٹمنٹ کی وبا میں مبتلا ہونے سے قبل فائز تھا - میری سمجھ میں ایسا کرنے کا واحد طریقہ یہ ہے کہ مہاجرین کے حقوق کا جلد از جلد تصفیہ کردیا جائے تاکہ لوگ اس لعنت سے نجات پاکر اطمینان کی زندگی بسر کر سکیں -

اس کے بعد جناب میں متروکہ صنعتی اداروں کا ذکر کرنا چاہتا ہوں - شروع شروع میں تو ان اداروں کو لوکل آبادی کی لوٹ کھسوٹ سے دوچار ہونا پڑا - جب انکی allotments کی گئیں تو allottees نے جو تھوڑے بہت پرزے باقی رہ گئے تھے نکال کر فروخت کردئے - آج یہ حالت ہے کہ کوئی الاٹی اپنے الاٹ شدہ صنعتی ادارے میں دلجمعی سے کام نہیں کرتا اور اس طرح ہماری صنعتی زندگی بھی تباہ ہوکر رہ گئی ہے -

حضورِوالا - سات سال کا عرصہ قوموں کی زندگی میں بہت عرصہ ہوتا ہے مگر ابھی تک اس عرصے میں ہماری حکومت مہاجرین کا مسئلہ ہی حل نہیں کرسکی - خدا جانے ابھی کتنے سال ان کو اس کام کے لئے درکار ہیں -

صاحب سپیکر :- آپ کا وقت اب ختم ہوچکا ہے -

میاں محمد شفیع :- بس جناب میں بھی ختم کرنے لگا ہوں - حضورِوالا - میں اس وزارت سے انتہائی درد کے ساتھ درخواست کرتا ہوں کہ وہ خدا کے لئے اپنے feudal interests سے اپنی ناپاک سازشوں سے اور اپنے سیاسی مقاصد سے ابھر کر اہم مسئلہ کو حل کرنے کی کوشش کرے - ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں -

وزیر مال :- (عزت مآب مسٹر مظفر علی خان قزلباش) -

جناب‌والا - میں بنگلادوں کہ ہم نے Refugees Camps کس مقصد سے رکھے ہوئے ہیں - اور وہ کیا کام کرتے ہیں -

اس وقت ہمارے پاس دو قسم کے کیمپ ہیں - ایک تو Refugee Women's Home اور دوسرے ملی دارلاطفال -

پہلی قسم کے کیمپ میں ۱۰۰ کے قریب عورتیں ہیں اور دوسری قسم کے کیمپ میں ۲۰۰ کے قریب بچے اور مرد اس وقت موجود ہیں - ان میں ایسی مہاجر عورتیں شامل ہیں جن کو کوئی لینے کے لئے تیار نہیں - ان بیچاریوں کا کوئی گھر نہیں - انہیں کوئی مانگتا بھی نہیں - آپ کہتے ہیں کہ مہاجر کیمپ کو ختم کردیا جائے مگر میں پوچھتا ہوں کہ یہ لاوارث عورتیں کہاں جائیں جن کو ہم ہندوستان سے نکال کر لائے ہیں اور جن کا کوئی وارث نہیں بنتا ؟ ان کا اب یہاں کوئی گھر نہیں ہے - ایسی مہاجر عورتیں کم و بیش ہر ماہ تین سو کے قریب آرہی ہیں اور آپ کہتے ہیں کہ کیمپ کو بند کردیا جائے - پھر ان عورتوں کے بچے بھی ہیں - یہ بچے تو ہمیں رکھنے ہی پڑینگے - ان کے لئے کیمپ کو کھلا رکھنا پڑیگا -

اب میں آپ کو یہ بھی بتا دوں کہ ان کیمپوں میں کیا کام کرتے ہیں - ہم ان مہاجرین کو تعلیم ہی نہیں دیتے بلکہ Vocational Training and Technical Education دے رہے ہیں - ان کو دستکاری سکھا رہے ہیں - پھر ہم ان لڑکیوں اور عورتوں کی شادیاں بھی کرتے ہیں - اس مقصد کے لئے ایک بورڈ مقرر کیا ہوا ہے جس میں پبلک کے ممتاز لوگ شامل ہیں مثلاً بیگم شاہ نواز اور دیگر خواتین و حضرات اس بورڈ کے ممبر ہیں - یہ بورڈ ان مہاجر عورتوں کے لئے خاوند تلاش کرتا ہے اور امیدواروں کے انٹرویو کرتا ہے اور شادی کے موقعہ پر باقاعدہ Dowery دیکر ان عورتوں کو عزت کے ساتھ الوداع کہی جاتی ہے اور ان کو آباد کیا جاتا ہے - اور میں اس سلسلے میں یہ بھی واضح کردوں کہ ابھی ہزاروں کی تعداد میں بلکہ ہزار در ہزار Abducted Women ہندوستان سے اور آنے والی ہیں - ہزاروں ہزاروں کی تعداد Abducted Women انڈیا اور پاکستان کے مابین طے شدہ Agreement

کے ماتحت پاکستان میں آرہی ہیں اور آئیں گی - ہم ان کی صحیح تعداد Agreement کے تحت پبلک پر ظاہر نہیں کرسکتے - شادی کے موقع پر ۳۰۰ روپیے کے قریب Dowery دینے پر خرچ کئے جاتے ہیں اور ابھی ہزاروں کی تعداد میں اور عورتیں آئیں گی کیونکہ انڈیا سے سمجھوتہ ہوچکا ہے اس Agreement کے ماتحت ہم پوری تعداد ظاہر نہیں کرسکتے - جتنی عورتیں اب ہمارے پاس موجود ہیں اور جتنی بعد میں آئیں گی میں ان سب کی تعداد آپ کی خدمت میں فی‌الحال عرض نہیں کرسکتا -

جناب‌والا - پھر معزز رکن نے یہ بھی کہا کہ ہمیں جلدی جلدی اس محکمہ کو بند کردینا چاہئیے - میں اس سے Agree کرتا ہوں - جیسا کہ معزز رکن نے کہا کہ ان کی Permanent Settlement کردینی چاہئیے -

Mr. Muhammad Amin: What has this point got to do with the item under discussion?

وزیر مال :- میں ابھی عرض کرتا ہوں -

Mr. Muhammad Amin: It is clearly concerned with the Refugees Camps.

وزیر مال :- پوزیشن یہ ہے کہ اگر ریفوجی ڈیپارٹمنٹ کو جلدی ختم کر بھی دیا جائے تو پھر بھی Abducted Women's Homes کو بند نہیں کیا جاسکتا اور میں اس سلسلے میں مکمل وجوہات عرض کرچکا ہوں -

پھر جناب‌والا - معزز رکن نے Agreed اور Non-Agreed areas کا ذکر بھی کیا اور میں نے اس سلسلے میں سنٹرل گورنمنٹ کا وہ آرڈیننس بھی منگوالیا ہے تاکہ اسکی روشنی میں اصل واقعات آپ کی خدمت میں عرض کردوں - ہم نے واقعی بڑی کوشش کی اور میں اس سلسلے میں کئی مرتبہ کراچی بھی گیا - اس اسمبلی نے بھی ریزولیشن منظور کیا - مگر معزز رکن نے خیال کیا کہ شاید آنریبل چیف منسٹر نے اسپر زور نہیں دیا - مگر میں عرض کردوں کہ ہم نے بڑی کوشش کی یہ سنٹرل گورنمنٹ اس Agreed اور Non-Agreed کی تفریق قائم رکھے اور اس امتیاز کو نہ مٹائے اس لئے نہیں کہ ہم پنجابی اور یو پی - کا question پیدا کرنا چاہتے تھے - بلکہ محض معاشی اور اقتصادی لحاظ سے اس کے بغیر چارہ کار ہی نہیں تھا - مگر سنٹرل گورنمنٹ ہماری بات نہیں مانی - یہ اس کے اختیار کی بات تھی - اسمبلی نے ریزولیشن پاس کیا تھا - ہم نے مرکزی حکومت سے خط و کتابت بھی کی - میں خود بھی کراچی میں پانچ سات مرتبہ گیا مگر وہ نہیں مانے -

Mian Muhammad Shafi: Why could'nt you resign?

وزیر مال :- آخری پارٹی کے میڈیٹ کا احترام کرنا پڑتا ہے - اس میڈیٹ کے ماتحت ہم نے بڑی کوشش کی - مگر یہ معاملہ سنٹرل گورنمنٹ کے ہاتھ میں تھا - مگر Main Point تو یہی تھا کہ تمام Refugees کو settle کردیا جائے - خواہ وہ یو - پی کے ہوں یا پنجاب کے - اس لئے ہم نے کوئی ناواجب امتیاز پیدا کرنا نہیں چاہا تھا - ہمارا مقصد بھی صرف یہ تھا کہ اگر Agreed Areas کے مہاجروں کو آباد کرنے کے بعد جتنی زمین بچ جائے گی اس پر دیگر علاقوں کے مہاجروں کو بھی آباد کردیا جائے گا - ورنہ بہت سے مستحق لوگ پیچھے رہ جائیں گے - ہم نے بہت زور دیا مگر سنٹرل گورنمنٹ نے ہماری بات نہ مانتے ہوئے یہ گارنٹی دے دی کہ جہاں Disturbances

ہوگی تھیں ان کو پہلی Priority دی جائے یعنی
Agreed Areas کی بجائے Disturbed Areas کا
دام رکھدیا - اور ان کو Priority دینا مان لیا - اب سنٹرل گورنمنٹ نے بزریعہ
آرڈیننس شہری مہاجرین کو Quasi Permanent طور پر settle کرنے کے
احکام جاری کردئے ہیں - اس سلسلے میں ایک مہینہ یا ۲۸ دن کی بات ہے کہ میں کراچی
گیا تھا تاکہ سٹاف مقرر کرنے کی اجازت حاصل کی جائے - مگر فی‌الحال اجازت نہیں
ملی - یہ ٹھیک ہے کہ Corruption بھی اس محکمے میں پائی جاتی ہے -
یہ ضرور ہے - مگر اس کی وجوہات بھی ہیں - جب تک یہ ڈیپارٹمنٹ موجود ہے ہر
شخص جسکو الاٹمنٹ ہوچکی ہے یا ہوسکتی ہے وہ اس کوشش میں سرگرم رہے گا اپنی
پوزیشن بہتر بنالے - اگر اس کا موجودہ مکان خراب ہے تو بہتر مکان کی خواہش اسکو
قدرتاً ہوگی اور اسکے حصول کے لئے تدبیریں کرے گا اور اپنے پاس سے خرچ کرکے بہتر
چیز حاصل کرنے کی کوشش کرے گا - یہ ایک Vicious circle بن چکا
ہے اور جب تک Permanent Settlement نہیں ہو جاتی یہ سلسلہ
جاری رہے گا متروکہ جائیداد خراب سے خراب تر ہوکر Deteriorate ہوتی
جارہی ہے - لیکن مجھے یہ سن کر اور جملہ اصحاب کو یہ سنکر خوشی ہوگی کہ
Claims Commissioner اس صوبے کے لئے بھی مقرر ہو چکا ہے اور ہم
First May (یکم مئی) تک Applications طلب کریں گے اور پھر
Permanent Settlement ہو جائیگی - تو خیر میں یہ عرض کردوں کہ
جہاں تک Abducted Women's Homes کا تعلق ہے ان کو تو ابھی اور
مدت تک چلانا پڑیگا - ایک کافی عرصے تک انہیں چلانا پڑیگا - چونکہ معزز رکن کو
Rural Resettlement کے متعلق Facts and Figures معلوم نہیں
تھے اس لئے انہوں نے اس کیمپ کو بند کرنے پر زور دیا ہے اب میں آپ کو
Facts and Figures پیش کرتا ہوں جن سے ثابت ہو جائے گا کہ اصل حالات
کیا ہیں -

آپ کو یہ تو معلوم ہی ہے - بالخصوص معزز ممبر کو جنہوں نے اعتراض کیا تھا -
یہ معلوم ہے کیونکہ وہ خود مہاجر ہیں ان کو معلوم ہے کہ انہوں نے بھی Allotment
کرائی ہے اور اس سلسلے میں زمین کے Units مقرر کئے گئے تھے - ایک بورڈ نے
مختلف زمینوں کی حیثیت اور آمدنی اور زرخیزی کے لحاظ سے ۱۹۴۸-۴۹ء میں
"یونٹوں" کی تعداد مقرر کی تھی جو کہ مشرقی پنجاب کی جمع بندیوں اور دیگر
Documentary Evidences کی بنا پر مقرر کئے گئے تھے - اس لئے
بورڈ نے Announce کردیا کہ اراضی کو
Different Standards میں Divide کردیا گیا تھا -

مثلاً جہاں تک لائلپور کا تعلق تھا وہاں غالباً ۴۰ یا ۵۰ یونٹ کے ساتھ ایک ایکڑ
بنا - جہاں تک منٹگمری کا تعلق تھا وہاں اس سے کم یونٹوں سے ایکڑ بنا اور ڈیرہ‌غازی
خان میں پانی نہیں تھا بلکہ بنجر ہے وہاں ۲ یونٹوں سے ایک ایکڑ بنایا گیا - اس
طریق سے یہ تمام یونٹ اور ایکڑ بنائے گئے - اس کے بعد یہاں ریسیٹلمنٹ شروع ہوئی
اور جیسے جیسے ادہر سے جمع بندیاں آتی گئیں لوگوں نے اپنے کلیمز داخل کئے اور الاٹمنٹس
شروع کی گئیں - جوں جوں یہ درخواستیں آنی شروع ہوئیں ہر کسی نے یہی کوشش کی کہ
کسی نہ کسی طرح وہ اپنے یونٹ بڑھالے - مثلاً اگر میں انبالہ کا ہوں اور میرے وہاں کے ایک
ایکڑ کے ۱۰ یونٹ ہیں تو میں نے کوشش کی کہ میرے ایک ایکڑ کے ۲۰ یونٹ ہو جائیں

اور اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ جن لوگوں کو ۱۴ ایکڑ اراضی ملنی تھی ان کو ۸ ایکڑ اراضی ملی - تو یہ ہوتا رہا ہے اور اس کے بعد یہ ہوا کہ ان کو زمین دیدی گئی - پھر آپ صاحبان کو معلوم ہے کہ اگر کسی شخص کو کسی جگہ آباد کیا گیا اور اس کو زمین دینے کے بعد وہاں کوئی ایک آدھ ایکڑ زمین ایسی فالتو نکلی تو وہ بھی اس کو ساتھ ہی دے دی گئی - اس طرح سے ایک ایک دو دو یا تین تین ایکڑ تک اراضی جو ایسی جگہوں پر فالتو بچی ان میں بجائے اس کے کہ علیحدہ علیحدہ لوگوں کو بسایا جاتا وہ بھی ایسے لوگوں کو ساتھ ملا کر دیدی گئی - درین طریق ہم نے کوشش کرکے ان تمام لوگوں کو سیٹل کیا ہے - جہاں تک ان کے کلیمز کا تعلق ہے آپ کو معلوم ہے کہ ٹوٹل کلیمز جو آئے وہ ۹ء۱۱ لاکھ تھے - ان میں سے ہم نے ۱۰۰۶ لاکھ کا فیصلہ کردیا ہے یہ وہ تعداد ہے جن کی میں کہوں گا کہ مکمل طور پر آبادکاری ہوگئی ہے - اس کے بعد جو بقایا رہ گیا وہ تھا ۴ء۱ لاکھ جو کہ ابھی تصفیہ طلب ہیں - ان میں سے ایک لاکھ وہ لوگ ہیں جو کہ نان الاٹی ہیں اور وہ ۶ جان اضلاع میں بیٹھے ہیں - ان کے متعلق ہم جتنی کوشش کرتے ہیں کہ وہ وہاں سے اٹھیں اور کسی اور جگہ پر جاکر اپنے لئے زمین الاٹ کرائیں وہ نہیں اٹھتے اور وہ وہیں بیٹھے ہیں - ایک دفعہ میرے معزز دوست نے ایک سوال کیا تھا اور اس ضمن میں انہوں نے یہ کہا تھا کہ اتنے دعوی جات کا فیصلہ ہوگیا ہے اور ابھی بہت سے دعوے ایسے ہیں جن کے فیصلہ نہیں ہوئے - میں نے اس کے متعلق بھی اعداد و شمار منگوائے ہیں اور ابھی میں انہیں آپ کی خدمت میں پیش کروں گا تاکہ آپ دیکھیں کہ وہ کلیمز کتنے ہیں - میں یہ گذارش کرتا ہوں کہ ۴ء۱ لاکھ وہ کلیمز ہیں جن کا ابھی فیصلہ نہیں ہوا - میں نے ابھی کہا تھا کہ بہت بڑی تعداد ہے اور کیا وجہ ہے کہ ابھی تک یہ لوگ آباد نہیں ہوئے - اس کے متعلق جو اعداد و شمار میں نے منگوائے ہیں وہ یہ ہیں - ان میں سے ایک لاکھ تو وہ نان الاٹی ہیں جن کو لائلپور ایسی جگہ پر الاٹمنٹیں نہیں ہو سکیں مگر وہ پھر بھی وہاں بیٹھے ہیں - انہیں امید ہے کہ جب کبھی وہاں زمین نکلے گی ان کو مل جائیگی اس لئے میں ان لوگوں سے بھی اپیل کرونگا اور آپ صاحبان کی خدمت میں بھی عرض کرونگا کہ آپ انہیں کہیں کہ وہ کسی دوسرے ڈسٹرک میں چلے جائیں اور وہاں پر اپنی الاٹمنٹیں کرالیں - مجھے امید نہیں کہ جس امید سے وہ وہاں بیٹھے ہیں کہ انہیں لائلپور میں زمین مل سکے گی وہاں انہیں کوئی زمین میسر آئے کیونکہ جو الاٹی ہیں ان کو تمام زرعی زمین مل چکی ہے اور مزید کوئی زمین نہیں ہے جو ان کو دی جا سکے - تو ایک لاکھ تو وہ لوگ ہیں اور باقی رہ گئے ۴۰ ہزار - آپ پوچھیں گے کہ ان کا کیا ہوا ؟ خالص بقایا ۴۱ ہزار کا باقی رہتا ہے - یہ وہ لوگ ہیں جن کے کاغذات یا جمع بندیاں ابھی تک وہاں یعنی مشرقی پنجاب سے نہیں آئیں یا اگر ان کی جمع بندیاں آگئی ہیں تو ان میں سے کچھ غلط ہیں اور کچھ وہ ہیں کہ جن بیچاروں کی درست بھی تھیں مگر کہیں گم ہو گئی ہیں - بہر حال یہ تین قسم کے کیس ہیں - ایک تو وہ ہیں جن کی جمع بندیاں ابھی تک نہیں آئیں - دوسرے وہ ہیں جن کی آئیں تو ہیں مگر غلط ہیں اور تیسرے وہ ہیں جن کا اپنا قصور تو کوئی نہیں ہے لیکن پٹواریوں کی وجہ سے یا کسی نہ کسی وجہ سے وہ گم ہوگئی ہیں - ان کے لئے ہم کیا کوشش کررہے ہیں ؟ ہم ان کے لئے یہ کوشش کررہے ہیں کہ ان کی جمع بندیاں یہاں منگائی جائیں اور جیسے آپ صاحبان کو معلوم ہے کہ بارڈر پر ہندوستانی ملازمین کو بلایا جاتا ہے - ہمارے افسران بھی جاتے ہیں اور وہ بھی آتے ہیں اور وہاں آکر آپس میں جمع بندیاں ملاتے ہیں اور دیکھتے ہیں کہ کونسی درست ہیں اور کونسی غلط - مگر یہ چیز ہمارے ہاتھ میں نہیں اور ہم انکے لئے کچھ نہیں کرسکتے جب تک کہ ان کے افسر بھی نہ آئیں اور جمع بندیاں نہ لائیں - جب تک ایسا نہ ہو ہم ان کا مقابلہ نہیں کرسکتے - اس لئے آپ یقین رکھیں کہ ہم سے جو کچھ ہو سکتا ہے ہم اس میں پوری پوری کوشش کررہے ہیں اور انشاء اللہ تعالے ہم جلد از جلد ان ۴۱ ہزار کو جن کی ابھی تک آبادکاری نہیں ہوئی ان کو بھی آباد کردیں - مگر جہاں تک ان نان الاٹیوں کا تعلق ہے جو گنجان آباد علاقوں میں بیٹھے ہیں اور زیادہ تر لائلپور میں ہیں جب تک وہ وہاں سے نہیں ہلیں گے اور دوسرے اضلاع میں نہ جائیں گے ان کا علاج ہمارے پاس نہیں ہے - اب اگر وہ اس امید میں وہاں بیٹھے ہیں کہ ان کو

وہاں کچھ زمین ملے گی تو میں صاف بتادوں کہ ان کو وہاں کچھ نہیں ملے گا اور ان کو چاہئیے کہ وہ وہاں سے چلے جائیں اور دوسرے اضلاع میں اپنی الاٹمنٹ مجھ سے کروالیں - جہاں تک ان لوگوں کا تعلق ہے جن کی جمع بندیاں گم ہوگئی ہیں ان کے متعلق ہم کوشش کررہے ہیں کہ ان کی مشتنے نقلیں تیار کی جائیں اور ہم نے وقت مقرر کردیا ہے کہ پندرہ دنوں کے اندر ان کو وہ واپس کردی جائیں - اب جہاں تک اعتراضات کا تعلق ہے اس کے متعلق بھی یہ کہا گیا تھا کہ بحالیات کے محکمہ میں اتنی اپیلیں زیر سماعت ہیں کہ ان کا فیصلہ ہوتے ہوتے بھی ہزاروں سال لگیں گے لیکن وہ اپیلیں ختم نہیں ہونگی - آپ کو یہ معلوم ہونا چاہئے کہ اگر اتنے کلیمز آئے اور اتنے لاکھ لوگ آباد کئے گئے تو ان کے اعتراضات بھی بے انتہا ہوں گے - عام طور پر یہ ہوا کہ ہر کسی شخص نے یہ کوشش کی کہ جو اچھی زمین ہے وہی اس کو ملے - اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ مقدمہ بازی ہوئی اور اعتراضات ہوئے اور نظرثانیاں ہوئیں - اور یہ چلتی رہی ہیں - اب میں آپ کو بتلانا چاہتا ہوں کہ آج ان اعتراضات اور نظرثانیوں کی کیا صورت ہے - کتنی نظرثانیاں ہوئیں ہیں کتنے اعتراضات ہوتے ہیں اور ان کا فیصلہ کرنے کیلئے کتنی مدت درکار ہے - تو اس وقت پوزیشن یہ ہے کہ کل اعتراضات جو اب تک دائر ہوئے ہیں وہ ۵،۳۵ لاکھ ہیں جن میں سے ۵،۱۳ لاکھ have been verified and disposed of اب بقایا جو رہگیا ہے وہ ۲۲ ہزار کا ہے -

اب جو باقی رہ گئے ہیں ۲۲ ہزار - یہ وہ اعتراضات ہیں جن کی ابھی تک تصدیق نہیں ہوئی اور اسلئے وہ زیر غور ہیں - انکا فیصلہ نہ ہونے کا سبب وہ نامکمل ریکارڈز ہیں جن کا ابھی سرحد پر مقابلہ ہونا ہے - مجھے امید ہے کہ یہ بھی بہت جلد ختم ہو جائینگے - اب جن کی تصدیق ہونے کے بعد اپیلیں ہو جاتی ہیں انکے متعلق میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ انکی تعداد بھی کم نہیں - مگر اس وقت ہمارے پاس صرف ۲ ہزار ایسی اپیلیں ہیں جن کے فیصلے نہیں ہوئے - اس سلسلہ میں میں یہ بھی عرض کردوں کہ اب تک ہمارے پاس تین ایڈیشنل ریہیبلیٹیشن کمشنر تھے جو فروری کے آخر تک کام کرتے رہے ہیں - مگر اب ہم نے ان میں سے دو کی چھانٹی کردی ہے - میں چلتے چلتے یہ بھی عرض کردوں کہ میرے محکمے نے کفایت شعاری کی پوری کوشش کی ہے اور ہم جتنے اخراجات بچا سکتے تھے وہ ہم نے بچائے ہیں - میں اعداد و شمار سے ثابت کرونگا کہ ہم نے گزشتہ دو برس میں کم از کم ۳۰-۲۵ لاکھ کا بجٹ کم کیا ہے - میں یہ کہہ رہا تھا کہ اب ہمارے پاس تین کی بجائے صرف ایک ریہیبلیٹیشن کمشنر رہ گیا ہے جو اپیلیں سنتا ہے - لیکن ہم نے اسکے ساتھ اپیلیں سننے کے اختیارات بعض ڈپٹی کمشنروں اور کمشنروں کو بھی تفویض کردئے ہیں - پانچ ڈپٹی کمشنروں کو ہم نے یہ اختیارات سپرد کئے ہیں - اور وہ ہیں لاہور منٹگمری ملتان لائلپور اور شیخوپورہ کے ڈپٹی کمشنر - یہ وہ اضلاع ہیں جو گنجان آباد ہیں - اب وہاں کے لوگوں کو یہ سہولت ہوگئی ہے کہ وہ اپنی اپیلیں وہیں کرسکتے ہیں اور انہیں اس کام کیلئے لاہور نہیں آنا پڑتا - اب رہا یہ سوال کہ لوگ نگرانیاں کر دیتے ہیں - ہمارے پاس اس وقت نگرانیوں کی کل تعداد ۱۸ صد ہے - انکی سماعت ہمارے فنانشل کمشنر ریسٹلمنٹ کرتے ہیں - کہا گیا ہے کہ جس رفتار سے یہ کام ہورہا ہے اسے اور بیس سال لگ جائینگے - اور اس وقت تک یہ محکمہ ختم ہوچکا ہوگا - لیکن یہ درست نہیں کیونکہ انکی تعداد یکدم زیادہ ہوجانے کا باعث یہ ہے کہ پچھلے ایک برس میں بہت سے کلیمز کا فیصلہ کردیا گیا ہے - چونکہ ایک سال میں فیصلے غیر معمولی طور پر زیادہ ہوئے اسلئے نگرانیوں کی درخواستوں میں بھی اضافہ ہوگیا - اور یہ جمع ہوگئیں - ہم نے ایڈیشنل انسر لگاکر بہت سی ایسی درخواستوں کا فیصلہ کردیا ہے اور اب یہ صرف ۱۸ سو رہ گئی ہیں - ہر ماہ تین سو کے حساب سے ہم انہیں نکال رہے ہیں - آپ کہینگے مگر نگرانی کی اور درخواستیں بھی تو ساتھ ساتھ آتی رہینگی - یہ درست ہے کہ ہر مہینے دو تین سو نئی درخواستیں بھی آ جاتی ہیں - مگر یہ زیادہ دیر تک نہیں چل سکتیں -

مسٹر محمد امین :- (کارپوریشن شہر لاہور - مسلم مخصوص نشست -۲-) پوائنٹ آف آرڈر جناب - میرا پوائنٹ آف آرڈر یہ ہے کہ آنریبل وزیر اس کٹ موشن کے متعلق تقریر نہیں فرمارہے جو اس وقت ایوان کے سامنے پیش ہے - جو کچھ وہ فرما رہے ہیں اسکا تعلق اس کٹ موشن سے ہے جو ابھی پیش ہوگی -

صاحب سپیکر :- کٹ موشن میں سب کچھ شامل ہے -

وزیر مال - حضورِوالا - میں تو صرف انہی باتوں کا جواب عرض کررہا ہوں جو مختلف آنریبل ممبران فرماچکے ہیں میں یہ عرض کررہا تھا کہ نگرانی کی درخواستیں اس وقت زیر سماعت ہیں انکا فیصلہ جلدی ہو جائیگا -

پھر یہ بھی کہا گیا ہے کہ ہم نے کفایت شعاری نہیں دکھائی - اور یہ کہ ہمیں ایکانومی کمیٹی کی سفارشات پوری کرنی چاہئیے تھیں - اسکے متعلق میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جہاں تک اس محکمے کا تعلق ہے ہم نے فنانس ڈیپارٹمنٹ کے مشورے کے بعد وہ تمام تدابیر اختیار کی ہیں جن سے خرچ میں بچت کی جاسکتی تھی - یہی وجہ ہے کہ اس سال ہمارا بجٹ ۲۱ لاکھ تک کم ہوگیا ہے - حالانکہ پچھلے سال یہی بجٹ ۲۹ لاکھ تھا - اور اس سے پچھلے سال ۳۸ لاکھ تھا - میں یہ دکھانا چاہتا ہوں کہ ہم نے پچھلے دو سال میں کتنی بچت دکھائی ہے - (قطع کلامیاں) بجٹ کے صفحے ۸۵-۶۸۴ ملاحظہ فرمائیے - زیر عنوان "بحالیات کمشنر - لینڈ" -

Mr. C. E. Gibbon: Point of Order. Sir, under Rule 131 sub-rule (3) the Speaker may prescribe a time-limit for speeches. I think the time limit that you prescribe under that Rule in some cases is ten minutes while in other cases it is fifteen minutes,. What time you prescribed for the Honourable Minister of Revenue?

Mr. Speaker: ¾ hour.

وزیر مال :- جہاں تک اراضیات کا تعلق ہے میں نے ان سے متعلقہ اعداد و شمار آپ کی خدمت میں پیش کردئے ہیں - اب میں اس مسئلہ کے شہری پہلو سے متعلقہ اعداد و شمار پیش کرتا ہوں اس کا کل بجٹ اکیس لاکھ پنتالیس ہزار ہے اس میں سے سترہ لاکھ کی رقم کرایہ جمع کرنے والی ایجنسی اور جائداد متروکہ کی مرمت اور بحالی کرنے والی شاخ سے متعلق ہے - اس سے ہمارا کوئی تعلق نہیں ہے - کمشنرز کی طرف سے جو کلکٹنگ ایجنسی ہے اور جائیداد کی جو دیکھ بھال کی جاتی ہے یہ رقم اس کے سلسلہ میں صرف ہوتی ہے اور یہ ہمیں سنٹر سے آتی ہے -

Out of 22 lakhs only 4 lakhs is borne by the Provincial Government.

ان اعداد و شمار سے ایوان پر واضح ہوگیا ہوگا کہ ہم نے کس طرح پندرہ بیس لاکھ کا خرچ کم کیا ہے - اور پھر آپ خود خیال فرمائیں کہ مکانات جس حالت میں ہیں اگر انہیں اسی حالت میں رہنے دیا جائے تو وہ سارے کے سارے گر جائیں گے اور کچھ باقی نہیں رہے گا -

Chaudhri Muhammad Cheema: Point of Order. The Honourable Minister has been seeking the assistance of his Secretaries and has been consulting them who came to his rescue. The Secretaries are not members of this House and by giving help to the Honourable Ministers, they are taking part in the discussions.

Mr. Speaker: I am afraid I have to over-rule this point of order.

وزیر مال :- تو حضور جائداد متروکہ کی سکیم کے متعلق میں نے کافی عرض کردیا وقت ضائع ہورہا ہے اتنا وقت مجھے اور دیا جائے -

میاں محمد شفیع :- حضورِوالا ! میں ایک پوائنٹ آف آرڈر پیش کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ عزت مآب وزیر مال نے اپنی تقریر کے دوران میں چار دفعہ پانی پیا ہے اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ ہمیں پانی پی پی کر کوس رہے ہیں (قہقہہ)

Mr. Speaker: Do not waste time of the House.

وزیر مال :- حضورِوالا ! میں یہ عرض کررہا تھا کہ باقی کا چار لاکھ صوبائی حکومت دیتی ہے - اب اگر یہ اعتراض کیا جائے کہ خرچ زیادہ ہوگیا ہے تو اس کے ساتھ ہی آپ کو یہ بھی ملحوظ رکھنا چاہئیے کہ آمدن میں کتنا اضافہ ہوا ہے - پہلے جو وصولی ہوتی تھی اب اس سے بہت زیادہ ہوتی ہے - اگر معزز ممبر چاہیں تو میں اس سے متعلق اعداد و شمار بھی انکی خدمت میں پیش کرسکتا ہوں - جو خرچ دکھایا گیا ہے یہ نہایت ضروری خرچ ہے اس سے گریز ممکن نہیں - جیسا کہ میں نے پہلے عرض کیا ہے مکانات کو درست حالت میں رکھنا نہایت ضروری ہے جب سیلاب آیا تو پچاس ہزار روپیہ ہمیں یکدم خرچ کرنا پڑا کیونکہ اس کے لئے ہمیں ایک نیا ڈویژن قائم کرنا پڑا -

اس کے بعد حضورِوالا ! جہاں تک ان مہاجرین کے بارے میں جو کرایہ دیتے ہیں یا نہیں دیتے یا مقامی لوگوں کے بارے میں گورنمنٹ کی پالیسی کا تعلق ہے میں عرض کرونگا کہ مقامی لوگوں کی طرف سے یہ شور مچایا جاتا ہے کہ ہمیں کچھ نہیں دیا جاتا کیونکہ جو جائیداد متروکہ قرار دیدی گئی ہے ہم اس میں کرایہ دار تھے اور وہ جائیداد لے لی گئی ہے - ہمیں نہیں دی گئی - دوسری طرف مہاجر یہ کہتے ہیں کہ آپ مقامی لوگوں کو جائداد دیئے جاتے ہیں اور ہمیں نہیں دیتے - مگر میں یہ عرض کرونگا کہ یہ شکایت غلط ہے میں نے اس مسئلہ سے متعلقہ تمام اعداد و شمار اکٹھے کئے ہیں - حکومت نے صرف دس فیصدی حصہ مقامی لوگوں کے لئے رکھا ہے - یہ ہوسکتا ہے کہ کسی شہر میں دو - چار یا پانچ فیصدی زیادہ دیدیا گیا ہو مگر تمام صوبہ میں مجموعی طور پر مقامی لوگوں کے پاس دس فیصدی سے کم ہے - ان شہروں میں جہاں منڈیاں ہیں وہاں ہوسکتا ہے کہ مقامی لوگوں کو بیس فیصدی دیا گیا ہو کیونکہ وہاں کاروبار ان کے ہاتھ میں ہے مگر مجموعی طور پر دس فیصدی سے کم ہے -

Mr. C. E. Gibbon: May I under Rule 74 request your permission to put a question to the Honourable Minister?

Mr. Speaker: What is the question?

Mr. C. E. Gibbon: The question is that the Honourable Minister of Revenue has given all thes long figures and statistics.....

Mr. Speaker: I do not allow that question. Please do not interrupt the proceedings of the House with these frivolous questions.

وزیر مال :- تو حضور جائیداد متروکہ کی سکیم کے متعلق میں نے کافی عرض کردیا اب میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ہم نے اب تک یہاں امدادی قصبے بنائے ہیں ان میں ہم نے کتنے مہاجرین کو آباد کیا ہے گیارہ قصبات ایسے ہیں جو مکمل ہوچکے ہیں اس کے

علاوہ جو سکیم ہے اس کے تحت چھ قصبے اور بنائے جا رہے ہیں - ان میں "سی" ٹائپ اور "ڈی" ٹائپ کوارٹر ہم غریب لوگوں کو مفت دیتے ہیں اور ان سے صرف انتظامی اخراجات وصول کرتے ہیں اور یہی کوارٹر ہم زیادہ تر بنا رہے ہیں - ہم نے اب تک "سی" ٹائپ میں دو ہزار دو سو چالیس کوارٹر بنائے ہیں جن میں سے دو ہزار الاٹ کئے جاچکے ہیں اس سلسلہ میں ہماری صرف دو سکیمیں ناکام ہوئی ہیں ایک جھنگ کی اور دوسری منٹگمری کی - (ایک آواز :- تیسری سرگودھا کی) سرگودھا میں تو مانگ اس قدر ہے کہ ہم اس سکیم کو اور بڑھا رہے ہیں -

Mr. Speaker: The question is:—

That the item of Rs. 2,96,590/- on account of Net Total—Refugees and Evacuee Department be reduced by Re. 1/- only.

The motion was lost.

The following demands were then put from the Chair and carried:—

LAND REVENUE.

That a sum not exceeding Rs. 75,82,400 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1956, in respect of Land Revenue.

PROVINCIAL EXCISE.

That a sum not exceeding Rs. 13,07,500 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1956, in respect of Provincial Excise.

STAMPS.

That a sum not exceeding Rs. 1,50,800 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1956, in respect of Stamps.

FORESTS.

That a sum not exceeding Rs. 85,46,800 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1956, in respect of Forests.

REGISTRATION.

That a sum not exceeding Rs. 5,300 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1956, in respect of Registration.

MOTOR VEHICLES ACTS AND OTHER TAXES AND DUTIES.

That a sum not exceeding Rs. 14,52,700 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1956, in respect of Motor Vehicles Acts and other Taxes and Duties.

IRRIGATION (WORKS).

That a sum not exceeding Rs. 1,84,50,800 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1956, in respect of Irrigation (Works).

IRRIGATION (CAPITAL).

That a sum not exceeding Rs. 7,35,40,300 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1956, in respect of Irrigation (Capital).

ADMINISTRATION OF JUSTICE.

That a sum not exceeding Rs. 31,84,900 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1956, in respect of Administration of Justice.

JAILS AND CONVICT SETTLEMENTS.

That a sum not exceeding Rs. 51,91,200 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1956, in respect of Jails and Convict Settlements.

POLICE

That a sum not exceeding Rs. 3,26,29,300 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1956, in respect of Police.

SCIENTIFIC AND MISCELLANEOUS DEPARTMENTS

That a sum not exceeding Rs. 8,24,000 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1956, in respect of Scientific and Miscellaneous Departments.

EDUCATION

That a sum not exceeding Rs. 5,05,88,500 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1956, in respect of Education.

HEALTH SERVICES

That a sum not exceeding Rs. 1,64,07,700 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1956, in respect of Health Services.

PUBLIC HEALTH

That a sum not exceeding Rs. 4,42,600 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1956, in respect of Public Health.

AGRICULTURE

That a sum not exceeding Rs. 55,81,300 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1956, in respect of Agriculture.

CAPITAL OUTLAY ON SCHEME OF AGRICULTURAL IMPROVEMENT AND RESEARCH

That a sum not exceeding Rs. 1,000 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1956, in respect of Capital Outlay on Scheme of Agricultural Improvement and Research.

VETERINARY

That a sum not exceeding Rs. 75,98,700 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1956, in respect of Veterinary.

CO-OPERATION

That a sum not exceeding Rs. 19,15,100 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1956, in respect of Co-operation.

INDUSTRIES

That a sum not exceeding Rs. 73,12,300 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1956, in respect of Industries.

CIVIL WORKS

That a sum not exceeding Rs. 1,58,55,200 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1956, in respect of Civil Works.

BUILDINGS AND ROADS-ESTABLISHMENT CHARGES

That a sum not exceeding Rs. 42,89,400 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1956, in respect of Buildings and Roads-Establishment Charges.

ELECTRICITY SCHEME—WORKING EXPENSES

That a sum not exceeding Rs. 2,21,98,700 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1956, in respect of Electricity Schemes—Working Expenses.

CHARGES ON ELECTRICITY ESTABLISHMENT AND MISCELLANEOUS EXPENDITURE

That a sum not exceeding Rs. 64,66,800 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1956, in respect of Charges on Electricity Establishment and Miscellaneous Expenditure.

CIVIL WORKS (CAPITAL) AND TOWN DEVELOPMENT SCHEMES

That a sum not exceeding Rs. 1,14,14,400 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1956, in respect of Civil Works (Capital) and Town Development Schemes.

ELECTRICITY SCHEMES (CAPITAL)

That a sum not exceeding Rs. 5,15,29,900 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1956, in respect of Electricity Schemes (Capital).

FAMINE

That a sum not exceeding Rs. 20,84,100 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1956, in respect of Famine.

SUPERANNUATION ALLOWANCES AND PENSIONS

That a sum not exceeding Rs. 69,20,700 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1956, in respect of Superannuation Allowances and Pensions.

COMMUTED VALUE OF PENSIONS (CAPITAL)

That a sum not exceeding Rs. 1,48,100 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1956, in respect of Commuted Value of Pensions (Capital).

STATIONERY AND PRINTING

That a sum not exceeding Rs. 71,68,800 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1956, in respect of Stationery and Printing.

EXTRAORDINARY CHARGES

That a sum not exceeding Rs. 1,000 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1956, in respect of Extraordinary Charges.

KARACHI: PRINTED AT THE WEST PAKISTAN GOVERNMENT PRESS.

CAPITAL OUTLAY ON PROVINCIAL SCHEMES OF STATE TRADING

That a sum not exceeding Rs. 1,000 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1956, in respect of Capital Outlay on Provincial Schemes of State Trading.

PROVINCIAL MISCELLANEOUS INVESTMENTS

That a sum not exceeding Rs. 48,60,700 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1956, in respect of Provincial Miscellaneous Investments.

ADVANCES NOT BEARING INTEREST-ADVANCES REPAYABLE

That a sum not exceeding Rs. 65,72,000 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1956, in respect of Advances not Bearing Interest-Advances Repayable.

LOANS AND ADVANCES, BEARING INTEREST

That a sum not exceeding Rs. 32,13,200 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1956, in respect of Loans and Advances, Bearing Interests.

The Assembly then adjourned till 1-00 p.m., Thursday, the 31st March, 1955.

KARACHI: PRINTED AT THE WEST PAKISTAN GOVERNMENT PRESS.

L (iv) 1277—10—(450)-2-57—IV.



PUNJAB LEGISLATIVE ASSEMLY

TENTH SESSION OF THE FIRST PUNJAB LEGISLATIVE ASSEMBLY.

Thursday, the 31st March, 1955.

The Assembly met in the Assembly Chamber, Lahore at 1-00 p.m. of the Clock. Mr. Speaker (The Honourable Dr. Khalifa Shuja-ud-din) in the Chair.

Recitation from the Holy Quran.

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

WATER-RATE CHARGED FOR 'WADH WATTAR' CROPS

***3766. Chaudhri Ghulam Rasul Tarar:** Will the Honourable Minister of Public Works be pleased to state :—

(a) whether water-rate is being charged by the Irrigation authorities for the 'wadh wattar' crops (i.e., crops raised in the fields watered prior to 'Kharif' harvesting) ;

(b) if answer to (a) above be in the affirmative, the reasons for levying additional water-rate on the said crops when the water-rate for the 'Kharif' crops has already been assesed and charged?

آنریبل سردار محمد خان لغاری - (ا) جی ہاں - وڈ سوائے طغیانی نہروں کے اور کہیں نہیں لیا جاتا -

(ب) وڈ وتر ۱۹۲۴ ویئر کنٹرول نہروں سے منسوخ کر دیا گیا ہے اور اب صرف ڈیرہ غازی خان میں باقی ہے - دو سال کے اندر وہاں بھی ختم ہوجائے گا -

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: Is it a fact Sir, that by charging 'Wadh-wattar' you charge double the water rate for the same supply of water?

عزت مآب وزیر تعمیرات عامہ :- میں نے عرض کیا ہے کہ وڈھ وتر سوائے طغیانی نہروں کے اور کہیں نہیں لیا جاتا - ۱۹۲۴ سے ویئر کنٹرول نہروں پر سے منسوخ کردیا گیا ہے اور ڈیرہ غازیخان میں اس کا ریٹ بارہ آنے گندم کے لئے اور آٹھ آنے باقی اجناس کے لئے ہے - وہاں چونکہ آبیاشی کا ریٹ کم ہے اس لئے یہی ریٹ شروع سے چلا آتا ہے اور جہاں ویئر کنٹرول کا اجرا ہوا ہے وہاں وڈھ وتر ختم کردیا گیا ہے -

Mian Muhammad Shafi: Do the Government intend to reduce this assessment in future?

Minister: If you refer to part (b) of my answer, it is very clear.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: The Honourable Minister has been pleased to say that on weir-controlled it has been abolished. But I understand from his answer that it still exists on certain canals.

Minister: In-undation canals of Dera Ghazi Khan and Muzaffargarh only.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: May I know, Sir, that when you actually charge for the supply of water for 'kharif' harvest even on these in-undation canals, what is the justification for charging the same supply of water?

(No answer).

چودھری غلام رسول تارڑ :- کیا آنریبل وزیر بیان فرمائیں گے کہ فصل کٹ جانے کے بعد اگر چاہی پانی سے کاشت کی جائے تو پھر بھی وڑھ وتر کیوں لیا جاتا ہے ؟

وزیر تعمیرات عامہ :- چاول کی فصل جب کٹ جاتی ہے تو اس کے بعد جو وتر ہوتا ہے اس پر جو کاشت کی جاتی ہے اس کے اوپر آبیانہ لگایا جاتا ہے -

حافظ خواجہ غلام سدیدالدین :- میں یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ ایک فصل کٹ جانے کے بعد جو وتر رہ جاتا ہے وہ دوسری فصل کیلئے مکتفی ہوتا ہے ؟

وزیر تعمیرات عامہ :- اگر دوسری فصل اسی وتر پر ہوجاتی ہے تو ظاہر ہے کہ مکتفی ہوتا ہوگا اور اگر فصل ہی نہ ہوگی تو اس پر آبیانہ بھی نہیں ہوگا -

چودھری غلام رسول تارڑ :- میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ چاہ سے جو وڑھ وتر بنایا جاتا ہے اس پر کیوں معاملہ لیا جاتا ہے ؟

وزیر تعمیرات عامہ :- چاہ سے وڑھ وتر نہیں بنایا جاتا وڑھ کے معنی ہیں کاٹنے کے اور وتر کے معنی ہیں نمی کے - یعنی فصل کاٹنے کے بعد جو نمی رہ جاتی ہے اسے وڑھ وتر کہتے ہیں -

چودھری غلام رسول تارڑ :- میرا مطلب یہ ہے کہ جب ۲۵ ستمبر کو نہر ٹوٹ گئی تو آپ کو معلوم ہوگا کہ اس وقت - - - - - - - - - -

Minister of Public Works: That is quite a different question which he is referring.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: The only justification stated by the Honourable Minister.....

Mr. Speaker: Question please?

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: That is very important, Sir. You do not allow me to put a question.

Mr. Speaker: Put your question.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: May I know whether the only justification for imposing the levy of this 'wadh-watter' is just as you explained that it was enforced very long ago and that it is not very heavy? Is that the only justification or you have other reasons?

وزیر تعمیرات عامہ :- میں نے پہلے بھی عرض کیا ہے کہ یہ طغیانی کی نہروں پر لگا کرتا تھا - ۱۹۲۳ء سے منسوخ کردیا گیا ہے - اب صرف ڈیرہ غازیخان میں لگتا ہے - وہاں آبیانہ کی شرح اتنی کم ہے کہ اس کا جواز ہوسکتا ہے - بہرحال جو پانی چاول کی فصل کے لئے دیا جاتا ہے اسکی جو نمی فصل کٹ جانے کے بعد رہ جاتی ہے اس پر اگر دوسری فصل کاشت کی جائے تو اس پر یہ لگایا جاتا ہے - دو سال کے اندر وہاں بھی ختم ہوجائے گا -

PRIVATE CANALS ACQUIRED BY THE GOVERNMENT IN SHAHPUR DISTRICT.

***3787. Mian Manzoor Hassan:** Will the Honourable Minister of Public Works be pleased to state:—

(a) whether the Collector of District Shahpur (Sargodha) has recently given an award in respect of certain private canals acquired by the Government in that district, if so, the amount of the award, the canals in respect of which it is given and the names of the owners of such canals;

(b) whether Government is aware of the fact that the said officer, is a recipient of a gift of land by way of will, from the late Nawab Sir Allah Bux Tiwana, uncle of one of the parties owing the said private canals;

(c) if answer to (b) above be in the affirmative the reasons for assigning the duties of assessment to the said officer;

(d) whether the Government have taken any measures to get the said award up set?

The Honourable Sardar Muhammad Khan Leghari: (a) Yes. The award announced by the Collector is as under:—

(i)	Sahib Khanwala or Kalra Great Canal ...	2,01,18,035
(ii)	Peeranwala Canal	37,37,470
(iii)	Chaharuniwala Canal	11,28,432

The above canals belong to Malik Khizar Hayat Khan Tiwana.

(b) It is remoured that the late Sir Allah Bux Tiwana gifted 5 squares of land to this officer but Government have no information. The late Sir Allah Bux was not related to Sir Khizar Hayat Khan Tiwana.

(c) The cases were determined by the said officer in the normal course of his duties as the Collector of the District.

(ب) جی ہاں - گورنمنٹ غیر گنجان آباد علاقوں میں غیر الاٹیوں کو زمین الاٹ کر رہی ہے -

(ج) کل رقبہ زمین جو کہ غیر الاٹیوں کو الاٹ ہوا -

(۱) ضلع لائلپور	صفر
(۲) ضلع منٹگمری	۵۴۲۷
(۳) حلقہ پیر محل	صفر
(۴) کمالیہ	صفر

(۵) حویلی پراجیکٹ ملتان - (ابھی تک مطلوبہ اطلاع حکام ضلع سے موصول نہیں ہوئی) -

(د) گورنمنٹ کی ہدایت کے مطابق غیر الاٹیوں کو گنجان آباد علاقوں میں زمین الاٹ نہیں کی جاتی -

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: May I know whether it is possible for the Honourable Parliamentary Secretary to say as to which are the other non-congested areas in the province where non-allottees can acquire or obtain land?

Mr. Speaker: That is no question.

رائے نصراللہ خان :- کیا یہ درست ہے کہ حکومت کی پالیسی سے بھائی بھائی سے اور باپ بیٹے سے علحدہ علحدہ ہوگئے ہیں ؟

EVACUEE SHOPS AND HOUSES AT NANKANA SAHIB.

***3850. Chaudhri Khadim Hussain:** Will the Honourable Minister of Revenue be pleased to state:—

(a) whether it is a fact that a large number of evacuee shops and houses at Nankana Sahib, District Sheikhupura are in the possession of underserving local inhabitants;

(b) whether it is a fact that notices of ejectment issued by Deputy Rehabilitation Commissioner, Sheikhupura, have been served upon the above mentioned persons;

(c) whether it is also a fact that inspite of the issue of aforesaid notices the above mentioned houses and shops have not been vacated so far;

(d) if the answer to (c) above be in the affirmative, the action Government intend to take in the matter?

پارلیمنٹری سیکریٹری (سردار محمد حسین) :-

عزت مآب مسٹر مظفر علی قزلباش وزیر مال پنجاب -

(الف) ننکانہ میں ۱۳۸۷ مکانوں اور ۸۱۸ دوکانوں میں سے ۸۱ مکان اور ۵۰ دوکانیں مقامی اشخاص کے قبضہ میں ہیں اور یہ اعداد مقامی اشخاص کے واسطے طے شدہ تعداد سے تجاوز نہیں کرتے -

(ب) ڈوئس بیدخلی صرف غیر مستحق مقامی لوگوں کو دیئے گئے ہیں -

(ج) ڈوئس بیدخلی صرف غیر مستحق مقامیوں کو دئے گئے تھے - لیکن پولیس کی امداد نہ ملنے کیوجہ سے چند ایک پر عمل درآمد نہ ہوسکا -

(د) حکومت پنجاب کی پولیس کو جدید ہدایت کے پیش نظر باقی ماندہ بے دخلیوں کو جلد از جلد عملی جامہ پہنایا جارہا ہے -

حافظ خواجہ غلام سریدالدین :- بے دخلی کے لئے پولیس کی امداد نہیں لینی چاہئیے - بلکہ حکومت کو لوگوں کے جذبہ حب الوطنی سے کام لینا چاہئیے - میں نے یہ سوال کیا ہے - (قہقہے اور شور) -

صاحب سپیکر :- آرڈر - آرڈر -

حافظ خواجہ غلام سریدالدین :- ان کے پاس میرے سوال کا جواب ہی نہیں ہے -

Saiyed Amir Hussain Shah: The Honourable Parliamentary Secretary in answer to part (a) has stated that the number of allottees does not exceed the percentage prescribed for locals and that all the allottees are deserving but in parts (b) and (c) he says that.

Mr. Speaker: What is the question? Do not make a speech.

Saiyed Amir Hussain Shah: My question is which of the two is correct? In answer to part (a) he said that the number of local allottees does not exceed the prescribed percentage and in parts (b) and (c) he says that there are certain undesirable locals and that steps for their ejectment could not be taken against them.

Mr. Speaker: There is no discrepancy.

ADJOURNMENT.

Chief Minister: I beg to move:

That under Rule 12 (3) Punjab Legislative Assembly Rules of Procedure that on Thursday, the 31st March, 1955, that is today, the Speaker shall adjourn the Assembly without question put at 4 p.m. or earlier if the business for the day is completed earlier.

Mr. Speaker: The question is:

That on Thursday, the 31st March 1955 the Assembly be adjourned without question put at 4 p.m. or earlier if the business set down is completed earlier.

The motion was carried.

NEWS ITEM.

Mr. Speaker: My attention has been invited to a news item which appears in the Pakistan Times dated the 31st March, 1955 under the caption, "Punjab Budget passed". The news item reads. "this Assembly passed the Budget one day ahead of schedule and according to a Minister that was done to provide one day to the House for un-official business. I am very reluctant to believe any Minister could have made this statement.

Chief Minister: No.

Mr. Speaker: Any how the statement is wrong because the Budget was passed just according to the schedule fixed and I hope that the Pakistan Times will correct this misleading news that appeared in the paper of today.

Chief Minister: Hear, Hear.

ADJOURNMENT MOTIONS.

Mr. Speaker: I have received this morning about eight adjournment motions which, according to the Rules, I discussed with the Mover. And in order to refresh the memory of Members present here I would just remind them of what happened in the last session. Mr. Gibbon invited my attention to this Rule and suggested that instead of discussing the question of whether the motion for adjournment is in order or not, in the House, the Member proposing it should discuss it with me in my Chamber.

The Rule is:

"If the Speaker is of the opinion that the matter propose to be which I discussed with the Hon'ble Members concerned, I came to the conclusion that two were in order, I will read them and ask those in favour of giving leave to stand in their places.

Therefore, out of the eight motions which were brought before me which I discussed with the Movers, I came to the conclusion that two were in order, I will read them and ask those in favour of giving leave to stand in their places.

Banning Betting on Horse Racing.

Mr. Speaker: Leave is sought to make a motion for the adjournment of the business of the House to discuss a definite matter of urgent public importance, namely, the failure of the Punjab Government to ban betting on horse-racing in the Province. Is there any objection? (Voices: Yes).

Those who are in favour of leave being granted will please rise in their places.

As less than 40 members stood up, leave was refused.

Nationalization of all Transport Companies.

Mr. Speaker: Leave is sought to make a motion for the adjournment of the business of the House to discuss a definite matter of urgent public importance, namely, the failure of the Punjab Government to nationalise all transport companies in the Province. Is there any objection? (Voices: Yes).

Those who are in favour of leave being granted will please rise in their places.

As less than 40 members stood up, leave was refused.

THE CITY OF LAHORE CORPORATION (AMENDMENT) BILL

Shaikh Muhammad Amin: Sir, I beg to move:

That leave be granted to introduce the City of Lahore Corporation (Amendment) Bill.

The motion was carried.

Shaikh Muhammad Amin: Sir, I beg to introduce:

The City of Lahore Corporation (Amendment) Bill.

The motion was carried.

THE STAGE CARRIAGES (PUNJAB AMENDMENT) BILL.

Shaikh Muhammad Amin: Sir, I beg to move:

That leave be granted to introduce the Stage Carriages (Punjab Amendment) Bill.

The motion was carried.

Sheikh Muhammad Amin: Sir. I beg to introduce:

The Stage Carriages (Punjab Amendment) Bill.

The motion was carried.

THE MUSLIM MARRIAGE LAWS (CONSOLIDATION AND CLARIFICATION) BILL.

سلمہ بیگم تصدق حسین:- (مسلم خاتون اندرون شہر لاہور) جناب والا - میں آپ کی وساطت سے اس معزز ایوان کو The Muslim marriage laws (consolidation and clarification) Bill. سے متعارف کرانا چاہتی ہوں اور آپ سے اجازت چاہتی ہوں کہ میں اس معزز ایوان کے سامنے اسے پیش کروں - یہ جانتے ہوئے کہ اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کیلئے قرآن کریم ایسا ایک مکمل ضابطہ حیات نازل فرمایا ہے کہ اس کے بعد ہمیں کسی اور نئے قانون کی ضرورت نہیں - اور اگر ہم قرآن مجید کا بغور مطالعہ کریں تو ہمیں زندگی کے ہر شعبہ کے متعلق اس میں مکمل ہدائت موجود نظر آتی ہے - ازدواجی زندگی جو معاشرے کی بنیاد اور عائلہ زندگی کی ریڑھ کی ہڈی ہوتی ہے اسکے متعلق قرآن کریم میں واضح قوانین موجود ہیں لیکن افسوس ہے کہ امتداد وقت اور مختلف اثرات

کی وجہ سے قرآن شریف کی صریح نصوص کو نظر انداز کردیا گیا ہے اور ان کے اس قسم کی تاویلیں کی گئی ہیں کہ صریح نصوص کے معانی بالکل مسخ ہوکر رہ گئے ہیں اور اصل مقصد قطعاً فوت ہوگیا ہے - جناب‌والا - اس کا نتیجہ یہ ہوا ہے کہ آہستہ آہستہ ہم قرآن کریم کی تعلیم سے بہت دور چلے گئے اور بلا وجہ تعدد ازدواج کے مسئلہ پر عامل ہوگئے جسکا نتیجہ یہ ہوا ہے کہ عورتوں کو ان کے حق مہر سے بھی محروم کردیا گیا ہے اور حق مہر صرف برائے نام رہ گیا ہے بلکہ آہستہ آہستہ بیچاری عورتیں اپنے اس حق سے کلیتا محروم ہوگئی ہیں - ان پر اس قدر ذہنی اور جسمانی مظالم ڈھائے گئے ہیں جن کا کوئی حساب نہیں بعض عورتوں کو مدت تک معلق رکھا گیا ہے اور وجود قرآن کریم کی صریح نص کے کہ مردوں پر عورتوں کی کفالت اور نگہداشت لازم ہے اسے قطعاً نظر انداز کردیا گیا ہے - قرآن کریم میں نکاح کے متعلق جو آیات پائی جاتی ہیں اگر ہم بغور ان کا مطالعہ کریں تو ہمیں معلوم ہوگا کہ قرآن کریم میں واضح طور پر واحد زوجہ کو پسند کیا گیا ہے اور صرف مخصوص حالات میں مرد کو ایک سے زیادہ شادیاں کرنے کی اجازت دی گئی ہے - قرآن کریم میں ایک سے زیادہ شادیوں کے متعلق آیت پارہ چہارم میں درج ہے - میں اپنے آپ کو یہ سمجھتے ہوئے کہ میں قرآن پاک پر کوئی اتھارٹی نہیں رکھتی ہم میں آپ کے سامنے قرآن پاک سے ایک آیت پیش کرنے کیلئے قرآن پاک کا ایک نسخہ آپ کے سامنے پیش کرتی ہوں کہ اس کے علاوہ آپ مجھے کوئی اور جگہ بتلائیں جہاں پر مردوں کو یہ حکم دیا گیا ہو کہ وہ دو دو تین تین اور چار چار شادیاں کریں - مجھے یہ معلوم ہے بلکہ یقین ہے کہ جب کبھی ایک سے زیادہ شادیوں کی نسبت ذکر ہوتا ہے تو یہ آیت پیش کی جاتی ہے - و ان خفتم لاتقسطو فی‌الیتمیٰ فانکحوا ما طاب لکم من‌النساء مثنی و ثلث وربع یعنی اللہ تعالے فرماتے ہیں کہ اگر تمہیں یہ ڈر ہو کہ تم یتیموں سے انصاف قائم نہیں رکھ سکو گے تو ان یتیم عورتوں میں سے جو تمہارے حوالے ہوں دو دو تین تین چار چار شادیاں کرسکتے ہو اور ساتھ ہی اللہ تعالے یہ فرماتے ہیں - فان خفتم الاتعدلو افواحدۃ اوما ملکت ایمانکم ذالک ادنیٰ الاتعولوا - یعنی اگر تم کو ڈر ہو کہ تم انصاف نہیں کرسکتے (اور مجھے خوف ہے کہ تم ایسا نہیں کرسکتے -) اگر یہ بات ہو تو پھر ایک ہی شادی کی جائے - جناب‌والا میرا مقصد ہرگز یہ نہیں ہے کہ قرآن کریم میں جو حکم دیا گیا ہے اس سے پہلوتہی کی جائے یا جو حق کسی کو دیا گیا ہے اس سے اس کو محروم کیا جائے - اس وقت میرا مقصد صرف یہ ہے کہ وہ اصحاب جو متعدد ازدواج رکھتے ہیں ان کو مجبور کیا جائے کہ وہ اپنی پہلی بیوی اور بچوں کی کفالت اور پوری پوری نگہداشت کریں - درحقیقت یہی وجہ ہے جس کے پیش نظر میں نے یہ بل پیش کرنے کی اجازت چاہی ہے - جناب والا میں نے معاشرے میں ایسی ایسی مظلوم ہستیاں دیکھی ہیں جو ظلم و ستم کی زنجیروں میں جکڑی ہوئی ہیں اور کئی تو دماغی ہسپتال میں پڑی ہیں اور ان کی زندگیاں جہنم سے بھی بدتر ہیں - آپ لوگ یہ تصور میں بھی نہیں لاسکتے کہ ایک عورت کی زندگی اور گھر ایک منٹ میں اجڑ جائے تو اسکی کیا کیفیت ہو جاتی ہے - اللہ تعالے نے اس مظلوم طبقہ کو بہت سے رعایات اور حقوق عطا کئے ہیں جن سے اب انہیں محروم کردیا گیا ہے -

حضورِوالا ایک اور چیز جو میں عرض کرنا چاہتی ہوں وہ یہ ہے کہ اسکے ساتھ ہی خداوند تعالیٰ نے ایک اگلی آیت میں - سیپارہ ۵ کی آیت ۱۲۸ میں یہ بھی فرما دیا ہے کہ -

"خواہ تم کتنا ہی چاہو تم عورتوں میں ہرگز برابر کا سلوک نہیں کرسکوگے -"

(ایک آواز :- عربی بھی پڑھئیے) -

ولن تستطیعوا ان تعدلوبین النساء ولو حرصتم فلا تمیلوا کل المیل فتذروہا کالمعلقہ اللہ کے فضل سے قرآن مجید پڑھی ہوئی ہوں - (نعرہ ہائے تحسین) - یہ یورپ یا امریکہ کا اثر نہیں ہے بلکہ اسلامی تعلیم ہی کا اثر ہے کہ آج ہم اپنے حقوق کیلئے آواز اٹھا رہی ہیں - تو اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے فرمادیا ہے کہ خواہ تم کتنا ہی چاہو تم عورتوں میں ہرگز برابر کا سلوک نہیں کرسکوگے - پس اپنا سارا میلان ایک عورت کی طرف ہی نہ ڈال دو کہ دوسری کو معلق چھوڑ دو - اللہ تعالیٰ جانتے تھے کہ یہ ناممکن ہے - اسلئے انہوں نے ایک سے زیادہ شادیوں کی اجازت تو دی لیکن اضطراری حالات میں - جب کوئی ایسا موقع پیدا ہو جائے تو مسلم قوم کو پورا پورا اختیار دیا کہ وہ اس اجازت سے فائدہ اٹھائے - مگر آجکل یہ حالت ہے کہ ان شرائط و قیود کو نظر انداز کرکے صرف اس اجازت کو پیش نظر رکھا گیا ہے - اور لوگ پہلی بیوی کے معاملہ میں عملاً ان حدود و قیود اور شرائط کو منسوخ کردیتے ہیں - اور قرآن کریم کے احکام کی صریحاً خلاف ورزی کرتے ہیں - ہم یہ چاہتے ہیں کہ ملک میں اسلامی قانون نافذ کیا جائے - اس بل میں تعداد ازدواج کی اجازت موجود ہے - اس سے کسی کو محروم نہیں کیا گیا - اسلئے انہیں بے فکر رہنا چاہئیے - (قہقہہ) - میرا مقصد صرف اتنا ہے کہ ہماری وہ مظلوم بہنیں جن کے خاوند دوسری شادی کے بعد انہیں بالکل بھلا دیتے ہیں اپنے ان حقوق سے محروم نہ رہیں جو انہیں اللہ تعالیٰ کی طرف سے حاصل ہیں - مرد کم از کم دوسری شادی سے پہلے اتنی ضمانت دے دیں کہ وہ پہلی بیوی اور اسکے بچوں کی گزر اوقات کیلئے خرچ دیتے رہینگے - کیونکہ جو لوگ ایسا نہیں کرتے وہ اللہ تعالیٰ کے احکام سے صریحاً انحراف کرتے ہیں - اور اسکا اثر صرف چند افراد پر نہیں ہوتا بلکہ پورے معاشرہ پر ہوتا ہے - صرف ایک خاندان ہی کو اس سے نقصان نہیں پہنچتا بلکہ کئی نسلوں پر صدیوں تک یہ نقصان جاری رہتا ہے - اسلئے لازمی ہے کہ اسلامی روش کے مطابق اس قانون میں ترمیم کی جائے - اور قرآن پاک کے احکام پر پوری طرح عمل کیا جائے - اس بل میں دوسری چیز جو رکھی گئی ہے وہ طلاق کے متعلق ہے - رسول کریم صلعم نے واضح الفاظ میں ارشاد فرمایا ہے کہ

ابغض الاشیاء عندی الطلاق

"میرے نزدیک جائز چیزوں میں سب سے نا پسندیدہ طلاق ہے -"

آج ہمارے ملک میں یہ حالت ہے کہ یہاں طلاق بدعت یعنی فوری طلاق کو اس قدر عام کردیا گیا ہے کہ کسی خاندان کی زندگی اس سے محفوظ نہیں - قرآن پاک میں جو الفاظ ہیں ان سے دیدہ ودانستہ انحراف کیا گیا ہے اور وقتی اثرات کے ماتحت طلاق احسن کی تاویل اسطرح کی گئی ہے کہ وہ طلاق بدعت کی صورت اختیار کر گیا ہے - (قطع کلامی) طلاق احسن

وہ ہے جو طلاق کی بالکل تیسری صورت ہے - فہیم حضرات طلاق احسن کو اپنے اندر رائج کئے ہوئے ہیں - مگر اہل سنت اسے بالکل ترک کرچکے ہیں - میں نے اس بل میں یہ تجویز پیش کی ہے کہ طلاق احسن کو دوبارہ رائج کیا جائے -

تیسری چیز جو اس بل میں میں نے پیش کی ہے وہ حق مہر کے متعلق ہے - آجکل عورتوں کو دکھاوے کے لئے حق مہر لکھ دیا جاتا ہے لیکن عملا وہ غریب اس سے محروم ہی رہتی ہیں - حالانکہ اللہ تعالے کا یہ حکم تھا کہ انہیں حق مہر فوراً ادا کیا جائے - یہاں فوراً ادا کرنے کی بجائے طلاق کے وقت بھی اسے ہضم کرلیا جاتا ہے - اسلئے یہ لازمی ہے کہ عورت کو علیحدہ کرتے وقت اسکے تمام حقوق ادا کردئے جائیں - عدت کا خرچ - گزارے کا خرچ اور حق مہر کی رقوم اسے دلائی جائیں اور ایسی عدالتیں قائم کی جائیں جہاں تمام ایسے مقدمات کا فیصلہ تعجیل کے ساتھ ہوسکے - کیونکہ اگر ایسے مقدمات میں بہت زیادہ وقت لگادیا جائے تو بہت زیادہ خرابیاں پیدا ہونے کا اندیشہ ہوتا ہے اور انصاف یا عدل کے امکانات بعید ہوجاتے ہیں -

چوتھی چیز اس بل میں یہ رکھی گئی ہے کہ وہ لوگ جو پاکستان سے باہر جاتے ہیں وہ وہاں جاکر اپنے خاندان کے حالات کو بھول جاتے ہیں - اور یہاں انکی بیویاں اور بچے بالکل لاوارثوں کی طرح زندگیاں بسر کرتے ہیں - اس قسم کی ایک نہیں سینکڑوں مثالیں موجود ہیں - میں یہ چاہتی ہوں کہ ہمارے ملک میں یہ قانون ہو کہ جو کوئی پاکستانی باہر کے کسی ملک میں کسی کاروباری ادارہ یا دفتر میں کام کرے اور اسکے بیوی بچے یہاں ہوں تو اسکی نصف تنخواہ وہاں سے سیدھی اسکے بیوی بچوں کو پہنچ جایا کرے - (قطع کلامیاں) - بعض دفعہ ساتھ لے جانا مشکل ہوتا ہے - پانچویں چیز اس بل میں میں نے یہ پیش کی ہے کہ اموات و پیدائش کی طرح شادیوں کے بھی رجسٹر رکھے جائیں اور سرکاری طور پر نکاح خواں مقرر کئے جائیں کیونکہ اسکے بغیر کوئی علم نہیں ہوسکتا کہ یہ جو نکاح ہوا ہے وہ صحیح ہے یا نہیں - مثال کے طور پر میں عرض کرتی ہوں کہ چند روز ہوئے ایک لڑکی کی شادی ہوئی - دو روز بعد انکے ایک دشمن نے ان پر یہ دعوے کردیا کہ اس لڑکی کا نکاح اس سے پہلے ہو چکا تھا - سوسائٹی میں اسطرح کے ظلم ہورہے ہیں اور دشمن اسطرح ایک دوسرے کو ذلیل کرنے کی کوشش کرتے ہیں - اسلئے ضروری ہے رجسٹریشن آف میرج کو رائج کیا جائے -

یہ ہیں وہ چیزیں جو اس بل میں پیش کی گئی ہیں - جو حضرات اس بل کے نقائص سے مجھے مطلع فرمائینگے یا اس میں ترامیم پیش کرینگے ان کے مشوروں کو نہایت عزت اور قدر کی نگاہ سے دیکھا جائیگا - مجھے امید ہے کہ اس محترم ایوان کے تمام طبقات اس بل کی حمایت کرینگے اور اسے جلد از جلد قانون بنوانے کی کوشش کرینگے - (تالیاں) -

مولانا داود غزنوی :- (لاہور نمبر ۵ مسلم مخصوص نشست) -

جناب صدر ! معزز خاتون ممبر نے اس بل کو پیش کرنے کیلئے جو اجازت طلب کی ہے میں اس کی مخالفت کرنے کیلئے کھڑا ہوا ہوں اس لئے کہ اس کا تعلق بعض نہایت ہی اہم اسلامی قوانین سے ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ اس طرح بغیر سوچے سمجھے - بغیر علماء اور قانون دان حضرات کا مشورہ لئے اسے پیش کر دینا مناسب نہیں ہے - اس بل میں

بعض ایسی چیزیں ہیں جو قرآن کریم کے صریح احکام کے خلاف ہیں میں عرض کروں گا کہ در آنحالیکہ حضرت عمر رضہ جیسی عظیم شخصیت نے یہ فرمایا کہ اگر میں قرآن کریم میں کوئی بات اپنی رائے سے پیش کروں تو کونسی زمین مجھے اٹھائے گی اور کونسا آسمان میرے سر پر ٹھہرے گا ؟ تو جن لوگوں نے قرآن کریم کا مطالعہ نہیں کیا - باقاعدہ دینی تعلیم حاصل نہیں کی جن لوگوں نے فقہ اسلامی کا مطالعہ نہیں کیا ان لوگوں کی اس قسم کی جسارت قابل توجہ اور قابل افسوس ہے - خود محترم ممبر کی تقریر میں تضاد موجود ہے ایک طرف تو وہ یہ فرماتی ہیں کہ قرآن کریم میں اللہ کا ارشاد یہ ہے کہ تم اپنی بیویوں میں انصاف نہیں کرسکو گے - یہ تمہاری طاقت سے باہر ہے اور دوسری طرف فرماتی ہیں کہ قرآن کریم نے اجازت دی ہے کہ تم چار تک بیویاں کرسکتے ہو - اگر قرآن کریم کے نزدیک خاوند کے لئے عورتوں کے مابین انصاف کرنا ناممکن ہے تو یہ کیسے ہوسکتا ہے کہ وہ ساتھ ہی یہ اجازت بھی دیدے کہ دو تین یا چار شادیاں کرلو - یہ تضاد قرآن کریم میں نہیں ہوسکتا - اس لئے میں یہ عرض کرونگا کہ قرآن کریم نے جس چیز کے متعلق یہ فرمایا ہے کہ تمہاری طاقت سے باہر ہے وہ دل کا رجحان ہے - ایک چیز ہے دلی رجحان اور دوسری ہے عورت کے حقوق - پہلی چیز میں آدمی بیشک انصاف نہیں کرسکتا لیکن دوسری چیز میں مساوات کا برتنا ممکن ہے - یہ ہوسکتا ہے کہ بیویوں میں سے ایک کی طرف دلی رجحان زیادہ ہو - اس کی کسی قابلیت کی وجہ سے - اس کی خدمت اور تواضع کے لحاظ سے - اس کی شرافت کے لحاظ سے اور یہ قلبی رجحان انسان کی طاقت سے باہر ہے اور اس پر کوئی بندش نہیں ہوسکتی - لیکن جہاں تک ان کے حقوق کا تعلق ہے ان میں مساوی سلوک ممکن ہے - صحیح چیز یہ ہے کہ قرآن کریم نے اس چیز کی اجازت دی ہے کہ ایک سے زائد شادیاں چاہتے ہو تو کرلو اور اب تو یورپ نے بھی تسلیم کیا ہے کہ ایک سے زیادہ بیویوں کی اجازت ہونی چاہئیے -

جناب صدر ! مجھے اپنی محترم بہن سے اس بات پر اتفاق ہے کہ عورت آج بڑی مظلوم ہے اس میں کوئی شک نہیں کہ ہمارا معاشرہ اس حد تک خراب ہوگیا ہے کہ خاوند عورتوں پر ظلم کرتے ہیں - سچ عرض کرتا ہوں کہ اس قسم کے فتوے میرے پاس آئے ہیں کہ میرے آنکھوں سے آنسو نکل آئے ہیں کہ انسان اپنی بیویوں کے ساتھ اس قسم کا سلوک کرتے ہیں - وہ اتنے ظالم اور وحشی ہیں - ہمارا معاشرہ بگڑا ہوا ہے - جس قدر ہماری گھریلو زندگی خراب ہے اور جتنا نقصان ہماری سوسائیٹی کو پہنچا ہے اسے بیان نہیں کیا جاسکتا - اس لئے میں اپنی بہن سے متفق ہوں کہ عورت کے حقوق کے تحفظ کیلئے قانون ہونا چاہئیے - اور جب میں یہ کہتا ہوں کہ مجھے ان کی بہت سے چیزوں سے اتفاق ہے تو آپ یقین کیجئے کہ جہاں میں ان سے اختلاف کرتا ہوں تو وہ اختلاف نیک نیتی پر مبنی ہے جو صحیح چیز ہے میں اس کی تائید کرونگا لیکن جو چیزیں قرآن کریم کی نص کے خلاف ہیں ان کی تائید نہیں کرسکتا - لہذا میں عرض کرونگا کہ اس بل کو پیش کرنے کی اجازت نہیں دی جانی چاہئیے - اس میں بہت سی چیزیں ہیں جو نصوص قرآن کے خلاف ہیں یہ قانون ایسا ہے کہ اس کا فرقہ سنی پر اثر پڑیگا اور اس کا فرقہ شیعہ پر اثر پڑیگا اس ایوان کو ایک اتنا بڑا اقدام کرنے سے پیشتر سوچنا چاہئیے کہ اسمبلی ایسا بل پاس نہ کردے جس کا اثر سنی فرقہ پر اور شیعہ فرقہ پر پڑتا ہو اور جس کا اثر صریح

نصوص قرآن پر پڑتا ہو - اسلئے میں نہایت ادب کے ساتھ گذارش کرونگا کہ اس بل کو موجودہ شکل میں پیش ہونے کی اجازت نہ دی جائے -

حافظ خواجہ غلام سیدالدین :- (ڈیرہ غازیخان نمبر ۵ مسلم)

جنابوالا ! میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ میری محترم بہن نے جو بل پیش کرنے کی اجازت طلب کی ہے اس کے سلسلہ میں انہوں نے صرف ایک آیت پیش کی ہے اور دوسری آیت جو اس کی تشریح کرتی ہے اسکو پیش نہیں کیا اور نہ شاید اس سے استفادہ حاصل کیا ہے - لہذا میں یہ عرض کرونگا کہ ایک چیز کا صرف ایک ہی جزو پیش کرنا اور دوسرا نہ کرنا یہ نہایت غلط بات ہے - کیونکہ قرآن کریم کی بہت سی ایسی آیات ہیں جو مجمل ہیں اور ان کی تشریح بعض دوسری آیات کرتی ہیں باحدیث رب العزت کا ارشاد ہے کہ ماینطق عن الھوی ان ھوالاوحی یوحی -حدیث کا درجہ بھی وہی ہے جو قرآن پاک کی آیات کا ہے اس لئے حدیث کو بھی آیات کے ساتھ ساتھ دیکھنا چاہئیے - لیکن میری محترم بہن نے حدیث کو بالکل نظر انداز کردیا ہے - میں یہ عرض کرونگا کہ اگر ان کی یہ خواہش ہے کہ اس بل کو یہاں پیش کیا جائے تو اس اسمبلی میں علماء بھی موجود ہیں ان پر مشتمل ایک بورڈ بنا کر اس کے سامنے پہلے اسے پیش کریں تاکہ وہ اس کے متعلق صحیح طور پر سوچیں اور ایک رپورٹ پیش کریں اس کے بعد ان کو جسارت ہونی چاہئیے کہ وہ اس بل کو یہاں پیش کریں - یہ ایسی چیز نہیں ہے کہ اس کو بغیر سوچے سمجھے یہاں پیش کردیا جائے اس کا تعلق عورت کے حقوق سے ہے - طلاق کے امور سے ہے اور طلاق کے مسئلہ کے متعلق آنحضرت نے فرمایا ہے - ہزل ہن جداً وجدہن ہزلا یہ ایک ایسا مسئلہ ہے کہ جس پر پوری توجہ دئے بغیر کوئی قدم نہیں اٹھانا چاہئیے بعض اوقات ایسی غلطیاں ہو جاتی ہیں کہ ہنسی ہنسی میں طلاق ہو جاتی ہے - اس مسئلہ میں بڑی باریکیاں ہیں اور ایسی چیزیں ہیں جو بڑی دقیق ہیں اور علم سے تعلق رکھتی ہیں - جہاں تک میں سمجھتا ہوں خداوند کریم کا کوئی حکم ایسا نہیں ہے جو حکمت سے خالی ہو - کیونکہ فعل الحکیم لایخلو عن الحکمتہ - اور ارشاد ہے - کہ الرجال قوامون علی النساء بما فضل اللہ بعضھم علی بعض مردوں کا دماغ تمام معاملات میں جزو "وکلا" قوامون کے مطابق یعنی افضلت ہے اس لئے میں درخواست کرونگا کہ اس بل کو بشکل موجودہ پیش کرنے کی اجازت نہ دی جائے - بلکہ اسے علماء کے ایک بورڈ کے سامنے پیش کیا جائے تاکہ وہ اس کے ہر پہلو پر غور و فکر کرے ورنہ یہ قانون مداخلت فی الدین کی شکل اختیار کرجائیگا -

قاضی مرید احمد :- (شاہپور نمبر ۴ مسلم) :-

حضوروالا - محترمہ بیگم سلمے تصدق حسین صاحبہ نے جو مسودہ قانون پیش کیا ہے اس میں جہانتک عورتوں کے حقوق کے تحفظ کا سوال ہے میں سمجھتا ہوں کہ اس سے کوئی شریف انسان انکار نہیں کرسکتا اس امر سے بھی انکار کی گنجائش اسلئے نہیں کہ یہ عورتیں ہماری مائیں بہنیں بچیاں یا بیویاں ہوسکتی ہیں - یہ وہ طبقہ ہے جس کا ہماری زندگی سے گہرا تعلق ہے - اس سلسلے میں میں سمجھتا ہوں کہ جس انسان میں تھوڑی بہت انسانیت بھی ہو وہ قطعاً یہ پسند نہیں کرسکتا کہ عورتوں کے جائز حقوق کو تباہ و برباد کیا جائے - لیکن جہاں تک تعدد ازدواج کے مسئلہ کا تعلق ہے مجھے اپنی محترم بہن سے شدید اختلاف ہے -

جناب‌والا - آپ جانتے ہیں اور یہ کوئی نئی بات نہیں کہ جہاں کہیں انجنئرنگ کا کوئی مسئلہ درپیش ہو تو اسے حل کرنے کیلئے انجنئروں کی ضرورت ہوتی ہے کسی جج قانون‌دان یا ڈاکٹر سے مشورہ نہیں لیا جاتا - اسی طرح اگر صحت یا ڈاکٹری کا کوئی مسئلہ درپیش ہو تو اس صورت میں ماہرین فن یعنی ڈاکٹروں سے ہی مشورہ لیا جائیگا - آج اس ترقی یافتہ دور میں کوئی شخص اتنا بیوقوف نہیں ہوگا کہ ایسے مسئلے کو حل کرنے کیلئے کسی پوسٹ ماسٹر جنرل چیف جج یا کسی فلسفہ دان سے مشورہ کرے - مگر علمائے سے مشورہ نہ کرے - اسلام اور اسلامی ضابطہ حیات کو مجھے معاف فرمائیے گا - ایسا یتیم سمجھا جاتا ہے - جسکے لئے کسی معیاری ماہر کی ضرورت محسوس نہیں کی جاتی بلکہ ہر ایرا غیرا نتھو خیرا جس طرح چاہئے اسکے متعلق فتویٰ صادر کر سکتا ہے - حضور والا - میں نے ایسا اندھیر آجتک کبھی نہیں دیکھا - حیف ہے ان لوگوں پر جنکی اپنی تو آنکھیں نہ ہوں اور وہ دوسروں کی رہنمائی کا دعوے کرتے پھریں - علوم دینیہ میں قابلیت کا یہ حال کہ قرآن شریف کی تلاوت نہ کر سکیں ایک آیت کا ترجمہ سمجھنے کی استعداد نہ ہو اور جسارت اتنی کہ لوگوں کے سامنے رابعہ بصری بن کر آنے کی کوشش کریں - یہ حالت دیکھ کر مجھے انتہائی طور پر دکھ ہوتا ہے - محترمہ نے اس ایوان میں اس قسم کی جسارت سے کیوں کر کام لیا - ایوان ہذا میں جہاں قرآن کریم اور تفسیر سمجھنے والے حضرات موجود ہیں - جہاں احادیث نبی صلعم کے ماہر علماء نظر آتے ہیں - اور ایوان سے باہر بھی جید علماء کرام کی کمی نہیں کیا یہ بہتر نہ ہوتا کہ بیگم صاحبہ یہ بل پیش کرنے سے علماء اسلام کی خدمت میں حاضر ہوکر اسلامی نقطہ نگاہ معلوم کر لیتیں - محترمہ حضرات کی موجودگی میں ایک ایسا بل پیش کررہی ہیں جو قرآن کریم کی صریح احکام کی خلاف ورزی کا آئینہ دار ہے عورتوں کی تنظیم اور انکے حقوق کا تحفظ جو اسلامی حدود و قیود کو توڑ پھوڑ کرے - ایک مسلمان خاتون کے شان شایاں نہیں - محترمہ فرماتی ہیں - کہ کوئی شخص عدالت کی منظوری کے بغیر اپنی پہلی بیوی کی زندگی میں دوسری شادی نہیں کرسکتا - اگر کوئی شخص دوسری شادی کرنا چاہے - تو پہلے دس سال تک اپنی پہلی بیوی کا انتظار کرے - اگر اس عرصہ میں اسکی شکم سے کوئی اولاد پیدا نہ ہو اور عدالت اسے باضابطہ نکاح ثانی کا سرٹیفکٹ دے تو شخص مذکور دوسری عورت نکاح میں لاسکتا ہے ورنہ بالکل نہیں گویا عدالت کا سرٹیفکٹ قرآن کریم کے سرٹیفکٹ سے اعلیٰ و ارفع سمجھا جائیگا - محترمہ کو معلوم ہونا چاہئیے کہ ایک مسلمان کی نگاہ میں قرآن کریم کے فیصلہ کے مقابلے میں کسی بڑی عدالت کا حکم پر کاہ کی حیثیت بھی نہیں رکھتا - میں اپنی واجب‌الاحترام بہن کی خدمت میں عرض کردوں کہ قرآن کریم نے جو بنی نوع‌انسان کے حقوق کی اچھی طرح وضاحت کردی ہے مزید کسی تکلیف کی ضرورت نہیں - قرآن کریم بھیجنے والا مردوں کے حقوق بھی اچھی طرح جانتا ہے اور عورتوں کے حقوق سے بھی ناآشنائی نہیں - میں اپنی ان بہنوں سے جو مساوات کی علمبردار بنتی ہیں پوچھتا ہوں کہ آپ کس خیال سے مردوں کی برابری کا دعوے کرتی ہیں - تمہیں تو حج جیسے مقدس فریضہ کی ادائیگی کی اجازت بھی نہیں جبتک کہ تمہارے ہمراہ کوئی حقیقی محرم مرد نہ ہو - تمہیں بسااوقات نماز اور روزہ کے فریضہ سے روک دیا جاتا ہے اور کیا یہ ایک حقیقت نہیں کہ جتنے نبی بھیجے گئے -

وہ سبکے سب مرد تھے - کیا آجتک دنیا میں کوئی نبیم بھی بھیجی گئی ؟ ممکن ہے کہ آپ اس سلسلے میں نعوذباللہ خداوند تعالے کو جانبدار سمجھیں - لیکن حقیقت یہ ہے کہ بار نبوت اٹھانے کیلئے اس نے آپ کو unfit بنایا اسی لئے آپ میں سے آجتک کسی کو نبیم بنا کر اس دنیا میں نہیں بھیجا - (تالیاں -قہقہے اور شور) ہاں اتنا عرض کردوں کہ عورت کو نبی کی ماں ہونے کا فخر ضرور بخشا گیا - جہاں حضرت اسمعیل علیہ‌السلام اور نبی آخرالزمان محمد عربی صلی‌اللہ علیہ و سلم کو خداوند تعالے نے نبوت کا تاج پہنایا وہاں انکی امہات محترمات کو یہ فخر بخشا کہ ان کی پاکیزہ گود کو نبیوں کا گہوارہ بنادیا - مجھے حیرانگی اس بات کی ہے کہ میری بہن نے قرآن شریف کے اس حکم کو بالکل نظرانداز کرتے ہوئے یہ بل پیش کیا ہے -

فانکحو اماطاب لکم من‌النساء مثنی و ثلث و ربع

یعنی تم اپنی پسند کی عورتوں کو نکاح میں لاسکتے ہو - چاہے دو چاہے تین اور چاہے چار - اپنے بل کی حمایت بھی محترمہ بیگم صاحبہ نے جو ترجمہ پیش کیا ہے - شائد اس کو بھی خود نہیں سمجھ سکیں - کیونکہ وہی ترجمہ ان کے بل کی مخالفت کرتا ہے یعنی اللہ تعالی جانتا ہے کہ تم پورا پورا انصاف نہیں کر سکو گے - اور ایک واضح حقیقت ہے کہ مرد اپنی عورتوں کے درمیان خورد و نوش کی منصفانہ تقسیم کے باوجود دلی محبت کی مساویانہ تقسیم پر قادر نہیں ہو سکتا - آخر یہ اصول صانع کائنات نے ہماری فطرت کے تقاضوں کے مطابق ہی تو وضع کیا ہے - اور یہی وجہ ہے کہ آج کی ترقی یافتہ دنیا جو آجتک تعدد ازدواج کے خلاف ایڑی چوٹی کا زور لگاتی رہی ہے - اپنے وضع کردہ آئین سے مکمل طور پر مایوس ہوکر اسلام کے دروازے پر دستک دے رہی ہے - ع

"ہم ہوئے کافر تو وہ کافر مسلمان ہوگیا" بات دراصل یہ ہے کہ لپسٹک - ساڑی - سینڈل - اور سرخی پاوڈر کی دلدادہ عورتیں یہ چاہتی ہیں - کہ ان میں سے ایک عورت ایک ہی مرد کے عقد میں ہو - (تالیاں - قہقہے - اور شور) میری بہنوں ! سنیماوں کی دلدادگی اور زیبائیش و آرائیش کی فریفتگی کا نتیجہ ہے - کہ تم نے اپنے حقوق کا شور مچا رکھا ہے - تمہاری غرض واضع ہے یعنی سیر - سنیما - سوٹ اور سرخی کی حفاظت یہی وجہ ہے کہ اب تم نے "آنا ولا غیری لاشریک لی" کا غلغلہ بلند کرنا شروع کردیا - یعنی میری اور کوئی شریک نہ ہو -

حضورِوالا - میں اس مختصر سے وقت میں صرف اسقدر عرض کرنا چاہتا ہوں - کہ میری واجب‌الاحترام بہن اگر قرآن کی آڑ لیتی ہیں تو ان کی خدمت میں میری عرض صرف اتنی ہے کہ یہ قرآن کا مسئلہ ہے - اسے قرآن دانوں کے سپرد کردیا جائے جو بھی وہ فیصلہ کریں -

سر تسلیم خم ہے جو مزاج یار میں آئے -

لیکن اگر ان کا ارادہ یہ ہو کہ قرآن کی ترجمانی کے فرائض سنیما کی رونق بڑھانے والی - مال روڈ کی پٹریوں پر ننگے سر پھرنے والی اور رقص و سرور کی محفلوں میں راتیں گذارنے والی - مہذب رندایاں ادا کریں تو قرآن کے ساتھ یہ ایک مذاق ہے - جسے

ہرگز ہرگز برداشت نہیں کیا جاسکتا - ایسے حالات میں جبکہ ہماری بہنیں مغربی تہذیب کے مطابق زندگی بسر کرتی ہیں - اور مذہبی احکام کی اعلانیہ مخالفت کرتی ہیں - اسلامی شعائر کے احترام کرنے کی بجائے بناو سنگار کا زیادہ خیال رکھتی ہیں - کیا ان کو قرآن کا یہ حکم یاد نہیں کہ - ولا تبرجن تبر جالجاہلیتہ یعنی اے نبی اپنی مطیع عورتوں کو آگاہ کردے - کہ جاہلیت کا بناو سنگار چھوڑدیں - میں اپنی واجب الاحترام بہنوں کو بتا دینا چاہتا ہوں کہ پاکستان کے اعداد و شمار سے پتہ چلتا ہے کہ ہماری قوم کی مالی کمزوری کی بہت بڑی وجہ یہ ہے - کہ کروڑہا روپیہ بناو سنگار کی خاطر ملک سے باہر جارہا ہے یہ بناو سنگار نہ صرف ہمیں مالی طور پر تباہ کررہا ہے بلکہ قوم کو اخلاقی طور پر بھی اس نے ختم کردیا ہے - وما علینا الا البلاغ المبین -

وزیر اعلیٰ :- (عزت مآب ملک محمد فیروز خان نون) -

جناب والا - مجھے اجازت دی جائے - کہ میں اس بل کے متعلق اپنے خیالات کا اظہار کروں - میرے خیال میں اس بل کو پیش کرنے کی اجازت دے دینا چاہئیے - اگرچہ یہ ضروری نہیں کہ میں اس بل کے اصولوں سے اتفاق کرتا ہوں -

قاضی مزید احمد :- کیونکہ اس بل سے آپ کو زیادہ خطرہ ہے -

وزیر اعلیٰ :- میں آپ کی مہربانی کا مشکور ہوں کیونکہ آپ کے نزدیک مجھ میں ابھی زندگی کی حرارت موجود ہے - (مسلسل قہقہے) آپ کو شاید اس سے کوئی خطرہ نہیں - میرے خیال میں تو ع اگر خواہی حیات اندر خطر زی -

جناب والا - اس وقت اس بل کو introduce کرنے کا یہ مطلب ہوگا کہ پبلک کو - علماء کو اور قانون دان اصحاب کو اس پر اپنے خیالات کے اظہار کا موقع مل سکے گا - اس میں دو باتیں بڑی قابل غور ہیں - اور ہاوس کو زیادہ تر ان دونوں باتوں ہی پر غور کرنا ہے - یعنی شریعت کے مطابق -

۱ - ایک سے زیادہ عورتوں سے شادی - اور

۲- طلاق -

ایک سے زیادہ عورتوں سے شادی کرنے کے متعلق میں یہ عرض کروں گا کہ مسٹر اینی بسنٹ نے ایک دفعہ مدراس میں تقریر کرتے ہوئے کہا تھا کہ یہ بہتر ہے کہ ایک طرف میرے پاس ایک بیٹا ہو اور دوسری طرف اس کا باپ - خواہ اس کی دو بیویاں ہوں - بجائے اس کے کہ میرے پہلو میں ایک لڑکا مگر اس کا باپ نہ ہو - اس کے برعکس اس وقت جن قوموں میں صرف ایک بیوی رکھنے کا رواج ہے وہاں عیش پرستی کا دور دورہ ہے - لیکن اسلامی ممالک میں یہ بات نہیں بھی نہیں - آپ یاد رکھئے کہ اس ملک میں عورتیں نہیں ملتی ہیں - ایک غریب شخص جو تیس روپیہ ماہوار تنخواہ پاتا ہے مشکل سے ایک بیوی سے شادی کرسکتا ہے - اس لئے یہاں تو اس بات کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا -

شیخ محبوب الٰہی :- شاید اسی لئے قزلباش صاحب کو ابھی تک بیوی نہیں ملی (قہقہے) -

وزیر اعلیٰ :- میں یہ عرض کررہا تھا کہ اس ملک میں عورتوں کی کمی ہے - ہمارے ملک میں ابھی وہ stage نہیں آگئی جب ہمارے دل میں یہ خطرہ پیدا ہو کہ یہاں ایک سے زیادہ بیویوں کا رواج ہوجائے گا - یہاں پر تو یہ بات بے حد مشکل ہے کہ کوئی شخص ایک سے زیادہ عورتوں سے شادی کرے -

میں نے ایک بار ایک معزز خاتون سے کہا کہ ہمارا تو یہ دعوے ہے کہ ہماری تیرہ سو سال کی پرانی تہذیب آپ کی تہذیب سے بدرجہا بہتر ہے تو وہ کہنے لگیں کہ دو شادیاں کرنے کی بجائے میں اسے بہتر سمجھتی ہوں کہ میرا شوہر ایک خاتون سیکریٹری رکھ لے -

ایک آنریبل ممبر :- آپ کے بھی تو پارلیمنٹری پرائیویٹ سیکریٹری ہیں - (قہقہہ)

وزیر اعلیٰ :- میں نے اس معزز خاتون کی خدمت میں مودبانہ عرض کیا کہ ۱۳۰۰ سال سے جو قانون اسلام نے پیش کیا ہے اب تمام دنیا اسی کی طرف آرہی ہے -

انگلستان میں ۱۸۸۵ء میں کسی عورت کو انچ بھر زمین یا انہیں موٹرکار رکھنے کی اجازت نہیں تھی - آج بھی فرانس میں جب کوئی بیوی اپنے جہیز میں کسی قسم کا مال و زر لاتی ہے تو اسے خاوند کی ملکیت سمجھا جاتا ہے - بلکہ وہاں تو یہ نظریہ ہے - کہ She herself is like goods and chatte

جناب والا - عورتوں کے متعلق قرآن مجید میں آج سے تیرہ سو سال پہلے جو قانون بنادئے گئے ہیں آج تک ویسے قوانین کسی مذہب نے نہیں بنائے - اس کے علاوہ میں بلا خوف تردید یہ کہہ سکتا ہوں کہ عورتوں کو جتنے حقوق جائیداد کی ملکیت کے متعلق اسلام نے دئے ہیں کسی اور مذہب نے نہیں دئے - اس وقت میں اس بل کے تمام پہلوؤں کے متعلق کچھ عرض نہیں کرنا چاہتا صرف ایک امر ہی کے متعلق عرض کروں گا اور وہ طلاق کے متعلق ہے - آپ جانتے ہیں کہ کوئی شخص جو معمولی سی تنخواہ پاتا ہے طلاق کے سلسلہ میں وکیل کا خرچ برداشت نہیں کرسکتا - اس لئے ضروری ہے کہ آپ ٹھنڈے دل سے غور کریں اور دیکھیں کہ وہ قانون جو تیرہ سو سال سے ہمارے لئے بنا ہوا ہے اس میں کونسی کمی ہے جس کو ہم پورا کرنا چاہتے ہیں -

جناب والا - قوانین دو قسم کے ہوتے ہیں - ایک Statute Law اور دوسرا Common Law - ہمارا قانون یعنی اسلامی شریعت Common Law ہے جس کی مکمل تشریح قرآن مجید میں ہے اگر کسی عورت کو اپنے حقوق کے بارے میں کوئی شکایت ہو تو وہ عدالت میں جاکر دعوے کرسکتی ہے تاکہ اسلامی شریعت کے مطابق اگر اس سے کوئی ناانصافی ہوئی ہو تو اس کی حق رسی کردی جائے -

جناب والا - اس بل سے تو یہ ظاہر ہوتا ہے کہ تمام مرد ظالم ہیں اور بیویاں فرشتہ ہیں -

Mr. Speaker: Only one minute is left. I give you five minutes more.

وزیر اعلیٰ :- چونکہ وقت کم ہے میں دوسرے سوال کی طرف آتا ہوں اور یہ مسئلہ طلاق کا ہے - میں نے تھوڑی بہت وکالت بھی کی ہے - دوسرے ممالک میں بھی گیا ہوں اور اس مسئلہ پر چند کتب کا بھی مطالعہ کیا ہے -

شیخ محبوب الہی :- اور کسی خاتون کو بطور سکریٹری بھی رکھا ہے -

وزیر اعلیٰ :- ہاں یہ ٹھیک ہے لیکن اس نیت سے نہیں جو آپ کے دل میں ہے - ہاں تو میں طلاق کے مسئلہ کے متعلق کچھ عرض کررہا تھا -

(قطع کلامیاں) حضور والا - مجھے مولانا عبدالباری صاحب کی توجہ کی ضرورت ہے -

Mr. C.E. Gibbon: A point of order, Sir. Would you kindly see the time. It is ten minutes past three.

Mr. Speaker: I have given five minutes more to the leader of the House.

Mr. C. E. Gibbon: Would you kindly see Rule .....

Mr. Speaker: What is the point of order?

Mr. C. E. Gibbon: We have to allow certain amount of time for Bills to be introduced and for resolutions on matters of general public interest. It has been custom so far that you have only allowed a certain amount of time for Bills to be introduced. Today you are adjourning the House at 4 O'clock. It is now twelve past three. If the Leader of the House is to be given the extraordinary privilege of going on.....

Mr. Speaker: It is no extraordinary privilege. It is the Convention of the House.

Mr. C. E. Gibbon: No, Sir. May I invite your attention to Rule 82. It says the Leader of the House does not enjoy any special privilege. He enjoys exactly the same privilege as any other Member of the House.

Mr. Speaker: The rule says, if a motion for leave to introduce a Bill is opposed, the Speaker after permitting, if he thinks fit, a brief explanatory statement from the member who moves and from the member who opposes the motion may put the question without further debates.

وزیر اعلیٰ :- حضوروالا - طلاق کے مسئلہ کے متعلق میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس باب میں دنیا کی تمام مہذب قومیں اسلام کے اصول کے قریب تر آرہی ہیں لیکن یہ کس قدر افسوس کا مقام ہے کہ اسلامی اصولوں کو چھوڑ کر اغیار کے ان فرسودہ قوانین پر عمل کرنا چاہتے ہیں جنہیں ان قوانین کے پیرو خود ترک کررہے ہیں - یورپ کے لوگ طلاق کے پرانے قوانین سے تنگ آچکے ہیں - وہ اپنی گھریلو زندگیوں سے سخت پریشان ہیں - اسی وجہ سے وہ لوگ روز بروز اسلام کے نزدیک آرہے ہیں اور طلاق کو آسان تر بنا رہے ہیں - ذرا غور کیجئے کہ یہ کتنا ظلم ہوگا اگر کوئی شخص اپنی بیوی کو طلاق دینا چاہے تو وہ عدالت سے طلاق کی اجازت لے - ظاہر ہے کہ اس صورت میں اسے وکیل بھی کرنا ہوگا اور اس کے لئے روپیہ کی ضرورت ہوگی - اگر کسی بیچارے کے پاس پیسے نہ ہوں تو اس کے لئے طلاق کی اجازت ایک مشکل بات ہوجائیگی - میں سمجھتا ہوں کہ اگر میاں بیوی میں اتفاق نہیں تو ان کا علیحدہ ہوجانا ہی بہتر ہے ہمارے رسول اکرم صلعم نے فرمایا ہے کہ اگر میاں بیوی میں اتفاق نہ ہوسکے تو ان کے لئے یہ بہتر ہے کہ وہ الگ ہوجائیں - اس لئے طلاق کے مسئلہ کو مشکل نہیں بنانا چاہئیے - اس سے گھریلو زندگی آرام دہ ہونے کی بجائے اور زیادہ پریشان کن ہوجائیگی -

Mr. Speaker: The question is:

That leave be given to introduce the Muslim Marriage Laws (Consolidation and Clarification) Bill.

The Assembly divided: Ayes, 51, Noes 43.

AYES

Abas Khan Seth, Malik.

Abdul Hamid Khan Dasti, The Hon'ble Sardar.

Abdul Hamid Nakai, Sardar.

Abdul Latif, Mian.

Abdul Qayyum, Mir.

Ahmed Masud Said, Mr.

Ali Akbar Khan, The Hon'ble Chaudhri.

Ali Hussain Shah Gardezi, Saiyad

Altaf Mohy-ud-Din Qadri, Saiyad.

Amir Ali Khan, Subedar Raja.

Amir-ud-Din, Mian.

Asghar Ali Khan, Lt.-Col. Nawabzada Chaudhri.

Bahadur Khan Drishak, Sardar.

Fateh Muhammad, Captain Mian.

Fazal Illahi Piracha, Sheikh.

Ghulam Mustafa Shah Khalid, Gilani Saidad.

Ghulam Rasul Tarar, Chaudhri.

Gulzar Begum Muhammad Ali Dr.

Hamid Ullah Beg, Mirza.

Karim Bakhsh, Hafiz.

Khudeja Begum G. A. Khan.

Meherban Ahmad, Haji.

Manzoor Hassan, Mian.

Masood Sadiq, The Hon'ble Sheikh.

Mahbub Illahi, Sheikh.

Moeen Azam Khan Mazari, Sardar.

Muhammad Abdullah Khan Lt.-Col. Raja.

Muhammad Alamdar Hussain Shah Gilani, The Hon'ble Makhdumzada Alhaj Pir Saiyad.

Muhammad Amin, Mr.

Muhammad Firoz Khan Noon The Hon'ble Malik.

Muhammad Ghulam Jilani Gurmani, Mian.

Muhammad Hussain, Sardar.

Muhammad Jamal Khan Leghari, Sardar Haji.

Muhammad Khan Gishkore Sardar.

Muhammad Khan Leghari, The Hon'ble Sardar.

Muhammad Munir, Chaudhri.

Muhammad Sadiq, Mahar.

Muhammad Saeed Qureshi.

Nawabzada Mian.

Muhammad Saeed, Sheikh.

Muhammad Safdar, Khawaja.

Muhammad Zafrullah, Sardar.

Mumtaz Muhammad Khan Daultana, Mian.

Nasrullah, Chaudhri.

Nasrullah Khan, Rai.

Nazar Hussain Shah, Saiyad.

Qadir Bakhsh, Malik.

Qutab Khan, Captain.

AYES.—*contd.*

Salma Begum Tassaduq Hussain.

Shamim Ahmad Khan, Mr.

Shamim Hussain Qadri, Syed.

Sultan Ali, Chaudhri.

Zeenat Jahan Begum.

NOES.

Abdul Bari, Mian.

Abdul Ghani Hari, Chaudhri.

Abdul Hamid Khan, Soofi.

Abdullah Khan, Amir.

Abdul Rahim, Chaudhri.

Abdur Rehman Khan, Rao

Abdul Wahid, Mian Alhaj.

Amir Hussain Shah, Saiyad.

Daud Ghaznavi, Maulana.

Faiz Hussain, Malik.

Fateh Sher Jhumat, Malik.

Ghulam Sadid-ud-Din, Khawaja; Hafiz.

Gibbon, C. E. Mr.

Gul Nawaz Khan, Chaudhri.

Inayat Ullah, Chaudhri.

Irshad Ullah, Chaudhri.

Khurshid Ahmed Qureshi, Alhaj Hakeem Mian.

Lal Khan, Raja.

Mohy-ud-Din, Maulvi.

Mohy-ud-Din Lal Badshah, Saiyad,

Mubarik Ali Shah, Major Saiyad.

Muhammad Afzal Cheema Chaudhri.

Muhammad Afzal Khan, Khan.

Muhammad Ahsan, Chaudhri.

Muhammad Arif Khan, Mahr.

Muhammad Bakhsh, Haji Mian

Muhammad Hassan, Chaudhri.

Muhammad Saeed Qureshi, Nawabzada Mian.

Muhammad Shafi, Mian.

Muhammad Yusaf, Chaudhri.

Murid Ahmed, Qazi.

Muzaffar Khan, Mr.

Muzaffar Khan, Captain Malik.

Nasrullah Khan, Nawabzada.

Naubahar Shah, Saiyad.

Nausher Khan, Rai.

Nazar Hussain Shah, Makhdum Saiyad.

Noor, M. Mr.

Rahim Bakhsh Khan, Saidar.

Salehon Muhammad, Mr.

Shamsher Ali Kalyar, Mian

Sher Jang Khan, Captain.

Wali Muhammad Bosa, Chaudhri.

Mr. Speaker : The question is :

That leave be granted to introduce the Muslim Marriage Laws (Consolidation and Clarification) Bill.

The motion was carried. (*By division :Ayes* 51 *and Noes* 43).

Salma Begum Tassadque Hussain : Sir, I beg to introduce the Muslim Marriage Laws (Consolidation and Clarification) Bill.

HACKNEY CARRIAGES (PUNJAB AMENDMENT) BILL.

SHAIKH MUHAMMAD AMIN : Sir, I beg to move that leave be granted to introduce the Hackney Carriages (Punjab Amendment) Bill.

Mr. Speaker : The question is.—

That leave be granted to introduce the Hackney Carriages (Punjab Amendment) Bill.

The motion was carried.

Shaikh Muhammad Amin : Sir, I beg to introduce the Hackney Carriages (Punjab Amendment) Bill.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : I am not moving.

Mr. C.E. Gibbon : Sir, I beg to move.—

That this Assembly recommends to the Government that the Punjab Public Safety Act, 1949 be repealed.

RESOLUTION.

RE-REPEAL OF THE PUBLIC SAFETY ACT 1949.

Mr. C. E. Gibbon: (Pakistan, Christian and Anglo-Pakistani III)

*Sir, on the 22nd and 26th of February, 1954 the Lahore Bar Association recommended to the Punjab Government to repeal the Public Safety Act or otherwise widen the scope of the recent amendment with a view to incorporating reason, justice and fair play in the interest of detenus. I shall read that resolution to the House. The resolution passed by the Lahore Bar Association reads as follows :—

(1) The detenu should be furnished with the grounds of his detention immediately within 48 hours of the arrest,

(2) That he should have the right to inspect the record and relevant files,

(3) That he should have right to obtain copies of the statements which disclose the nature of offence against him, and he should have the legal right to engage a counsel to conduct his case according to the ordinary law of the land,

*Uncorrected Speech.

(4) That the onus should be on the prosecution to prove the allegation against the detenu to the satisfaction of the Court,

(5) He should be personally allowed to appear in the Court,

(6) That the prosecution should disclose the reasons of the arrest of the detenu and should not withhold any information required by the Court in the interest of justice.

Now, Sir, I am bold to say that the greatest glory of a free born people is to be able to transmit that freedom to their children. As far as this is concerned we in Pakistan may have attained our freedom to such a limited extent that it will not be possible for us, either in this generation or in the next, to put into practice that which every free country and every free people value as having attained that measure of freedom which is a prerequisite for their being a sovereign State. And this restriction of liberty, restriction of freedom was not placed on us by those who gave us Pakistan, but this restriction of our civic rights and liberties has been placed by none other than the Government which is supposed to be, of the people, by the people, and for the people.

Now, the resolution passed by the Lahore Bar Association is, I must presume, a resolution passed by an extremely responsible and intelligent Organisation. That Association must have given a long and serious consideration to all the implications which go towards making such a Declaration and passing such an important resolution. That was in the month of February 1954 and here we are now, Sir, in the month of March 1955. And as far as this thick-skinned Government is concerned they have taken no steps, whatsoever, either to repeal the Safety Act even to amend the Safety Act in the light of the conditions and suggestions laid down in that resolution. No doubt, during a recent session of the House a Bill was introduced by the Government where it pretended, at any rate, that they were amending this Act and giving semblance of justice to the detenu. That Act after it was passed by this House received the assent of the Governor and was published in the Punjab Gazette. And later on the Chief Minister was pleased to inform us, here assembled, the other day, that the Governor-General had withheld his assent. Now we have good reasons to believe and to suspect that the whole of this legislation from the very time that it was drafted right through the stages that it went through in this House and even after it had received the assent of the Governor was nothing else but a hoax played on the public. And we suspect, unless evidence is forthcoming that our suspicions are not correct, that the Governor-General was advised by this Government.

OPPOSITION BENCHES: Shame. Shame.

Mr. C. E. Gibbon: Not to give assent to this Bill. Because, generally-speaking Sir, if we are living in a Democratic State unfortunately as each day closes and the sun rises, we are moving slowly and slowly towards an authoritative regime. But if we are living in a Democratic

State then I cannot possibly conceive the idea that the Governor-General would without consulting the Provincial Government or the Provincial Governor withhold his assent to a Bill passed by this Legislature and acclaimed throughout the length and breadth of this Province for giving a small concession to the detenu. Or, on the other hand, Sir, I may presume that this Government is playing tricks with us, is throwing all sorts of smoke-screen before the public. And behind all those they are getting on with their nefarious activities, the greatest of which is to subdue the people and completely shred them of all civil liberties. Let me remind them, Sir, of the fact that none, no people, in any part of the World are more hopelessly enslaved those who falsely believe that they are free. I repeat, "No people are more hopelessly enslaved than those who falsely believe that they are free". And you have tried to convince us, Sir, that we are free but we are not free. We are as much slaves today as we were serfs and slaves under a foreign regime. As a matter of fact you have taken a stage further. Under that foreign Government we are at least permitted to criticise the actions of that Government publicly. We were at least permitted to assemble in public, hold public meeting and tell the Government exactly what we thought of them. And last but not the least, Sir, those people knew how to treat their captives. If they knew how to treat a prisoner with honour, dignity and respect, you, Sir, have done just the opposite in each and everything. For the slightest provocation or for anything which does not suit your convenience you either impose Section 144 even if it is for a triflying election to a Municipal Committee or a District Board. And if somebody wants to get up and speak out his mind, you place restrictions on him under this Public Safety Act. You have gone a stage further than that : you have tried to gag the Press. For example, I read in today's Paper that you have extended the ban on the Daily AZAD under Section 5 of the Public Safety Act. This is a shameful thing for you to do. And then you have the audacity to come here and talk to us about having attained freedom. We have attained no freedom at all. We have been enslaved by you, Landlord Governments, and the sooner that you are removed from your high benches the better it would be for the whole nation. If that happens, we in Opposition, will go down on our bended knees and thank the Almighty God.

It was three years ago, that we were the people who first voiced the demand for a Single Unit in West Pakistan. And then you have the cheek and audacity to come here and say it was your cherished dream. The only dream that the Chief Minister ever has in mind is the dream to enslave the people of this Province and keep them bent down his chariot wheel under the provisions of the Public Safety Act. He has to go to such an extent because he is a popular Chief Minister. A special Police Guard is to be provided for his motor car and a special Police Guard is to be provided for him when he travels in a train. These Ministers are so popular, Sir, that the whole Police Force is placed at their disposal so that nobody will blow his nose in case that makes a nauseating smell and if the noise is too loud then the best thing to do is to place him in detention under the Public Safety Act.

Now, Sir, this Public Safety Act which has been, I will describe it as, "a lawless law" is being used for each and every excuse that this Ministry can find to use it and apply it in their own interest. For example, an Honourable Member of this very House was confined to the limits of his own village.

OPPOSITION BENCHES: Shame.

Mr. C. E. Gibbon : He belonged to this very, so-called, Party, the Muslim League. This Honourable Member of this House was made to stay within a certain area. And it was admitted on the floor of this House that the Officer who issued that order had reached as far as a certain time limit was concerned. And, if you remember Sir, the Chief Minister had the impertinence to get upon his feet when it was put to him that what action do you propose to take against this Officer for the mistake which he has committed and for the great inconvenience and harassment to which this Honourable Member has been put, the Chief Minister as the great son of freedom and of a Knight, and all sort of humbug, says, "Government does not propose to take any action against this Officer".

OPPOSITION BENCHES: Shame.

Mr. C. E. Gibbon : I, therefore, move with all the emphasis at my command that this Public Safety Act which is a hurried and most obnoxious bit of legislation that has ever been passed in this Province should be repealed. And if this Government cannot succeed in doing it, they stand condemned before the Public and they should resign one and all.

Mr. Speaker: Resolution moved is:

That this Assembly recommends to Government that the Punjab Public Safety Act, 1949 be replaced.

میاں محمد شفیع:- (منٹگمری سے مسلم مخصوص نشست) - حضور والا - گزشتہ آٹھ سالوں جب سے ہم نے سیاسی آزادی حاصل کی ہے جو نیا سال آیا ہے اس نے ہمیں سخت سے سخت تر زنجیروں میں جکڑا ہوا پایا ہے - یہ مسلم لیگ جس نے وطن کی آزادی حاصل کرنے کیلئے جدوجہد کی تھی آج ہمیں غلامی کی زنجیروں میں جکڑنے کیلئے آلہ کار بنی ہوئی ہے - انہیں غالباً اب یہ احساس نہیں رہا کہ انہوں نے یہ آزادی اپنے مخصوص طبقے کیلئے حاصل نہیں کی تھی بلکہ اس ملک کے ہر فرد بشر کیلئے حاصل کی تھی - اگر انہیں یہ احساس ہوتا تو وہ بلا تامل اور بغیر کسی احساس کے ایسے قوانین کو دائر نہ کرتے جن کا مقصد عوام کی شہری آزادی کو چھیننا ہے -

حضور والا - آج اس ملک میں افسردگی پژمردگی اور بے اطمینانی کا دورہ ہے - کیا کبھی انہوں نے اس بات پر غور کیا ہے کہ اسکی وجہ ہے ؟ حالانکہ جس وقت پاکستان بنا تھا اس وقت مصائب کے باوجود لوگوں کے دلوں میں عظیم الشان جوش و خروش تھا اور انکے سینے امیدوں کے نور سے منور تھے - وہ سمجھتے تھے کہ وہ اس جگہ پر پہنچ گئے ہیں جو انکی امیدوں اور آرزوؤں کا مرکز تھی - لیکن اس سات سال کے عرصہ میں ہم نے یہ دیکھا کہ وہ جوش و خروش اور امیدیں دن بدن بجھتی گئیں - اور آج یہ کیفیت ہو چکی ہے کہ جہاں تک عوام کا تعلق ہے وہ انتہائی افسردگی کے عالم میں ہیں -

